لُغاتُ النِّساء

یعنی

لی کی بیگموں، قلعۂ معلّی کی شہزادیوں، شریف مسلمان اور ہندو خاتونوں، زنانہ درسی کتابوں،
۱۷۰۴ لُغات، مُحاورات، اِصطلاحات و ضرب الامثال کا بے نظیر مجموعہ

مُؤلّفہ

خان صاحب، جنابِ مولوی سیّد احمد دہلوی مؤلّفِ فرہنگِ آصفیہ وغیرہ وغیرہ محققِ زبانِ اُردو

بہ دستگیری و امداد

لیٰ حضرت والا شوکت ہز ہائینس حضور نظام میر عثمان علیخان بہادر خلّد اللہ ملکہٗ و سلطنتہٗ تاجدارِ دکن

و

ر ہائینس جناب نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ دام اقبالہا فرمانروائے ریاستِ بھوپال

۱۹۱۷ء

کاشی رام پریس ... کاشی رام کے اہتمام سے چھپی
دفترِ فرہنگِ آصفیہ دہلی سے شائع

اِنکسارانہ شُکریہ

مَیں نہایت شُکر گُزار ہُوں۔ اپنے لائق فائق معزّز دوست مُولوی عبدُالرّحمٰن صاحب مُنشیٔ فاضِل اسسٹنٹ رپورٹر اِنکس ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کا جنھوں نے از اوّل تا آخر لُغاتُ النِّساء کے تمام دُوسری دفعہ کے پرُوف کمالِ احتیاط اور توجّہ سے مُقابلہ فرمائے اور میرا قیمتی وقت دوبارہ دیکھنے سے بچایا۔ اَیسے ہمدرد دُنیا میں کہاں پَیدا ہوتے ہَیں۔ ہر ایک شیفتۂ اُردُو پر بھی۔ اَیسے بُزرگوار کا شُکریہ لازِم و واجب ہے فقط۔ سیّد احمد دہلوی (خانصاحب) مُؤلّفِ لُغاتُ النِّساء و فرہنگِ آصفیہ وغیرہ وغیرہ +

تاریخِ طبع

از نتیجۂ طبعِ عالی۔ معدنِ صِدق و صَفا۔ منبعِ فہم و ذکا جناب مُعلّی القاب نوّاب محمّد نقی جان صاحب قمر۔ جامعِ قمرُاللُّغات و آفتابِ اُردُو وغیرہ۔ رئیسِ اعظم مخدُوم پُور ضلع گیا۔ صُوبۂ بہار

ادیب اَور محقّق جو سیّد احمد ہَیں — کہ جن کے فضل و ہُنر سے ہے اِک جہاں آگاہ

اُنھوں نے کی ہے مُرتّب وہ لاجواب کتاب — کہ جس کے وصف میں رطبُ اللّساں ہَیں اہلِ نگاہ

لُغات لکھّے ہَیں اِس میں زنانِ دہلی کے — مُحاورات بھی ہَیں مُندرج بُہت دِلخواہ

زبانِ قلعہ ہُوئی زِندہ اِس کتاب سے پھر — ہر اِک کے مُنہ سے نکلتی ہے اِسکو دیکھکے واہ

جنھیں ہے عِلمِ زباں دیکھکر وہ کہتے ہَیں — بُہت ہی کی ہے مُؤلّف نے محنتِ جانکاہ

یہ اُسکی طبع کا لکھّا ہے سال مَیں نے قمرؔ

زبانِ دہلی کا نادِر لُغت ہے یہ واللہ

۱۹ عیسوی ۱۷

ولہٗ

کیا اُس نے مُرتّب اِس لُغت کو — بڑا ماہر جو ہے عِلمِ بیاں کا

زباں کو اَوج اُس کی ذات سے ہے — محقّق ہے وہی ہِندوستاں کا

قمرؔ مَیں نے یہ لکھّا طبع کا سال

یہ۔ اِک مخزن ہے ٹکسالی زباں کا

۱۳ ہجری ۲۵

نوّاب صاحب ممدُوح بُہت بڑے فاضل شاعرِ کامل اور مخدُوم پُور ضلع گیا واقع صُوبۂ بہار کے معزّز رئیسوں فیّاضوں نیز عِلم پرستوں میں شمار کیے جاتے ہَیں

یہا

یاسین پڑھوانا۔ حالت نزع میں سورۂ یٰسین سنوانا تاکہ بیمار کی مشکل آسان ہو اور نزع کی تکلیف سے بچے +

یاسین کا وقت آنا۔ نزع کا وقت پہنچنا۔ آخیر وقت ہونا دم واپسیں ہونا +

یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے۔ یعنی یہاں کی جو بات ہے وہ زمانہ سے نئی اور انوکھی ہے۔ اِس جگہ کی رسم و آئین خدا کی خدائی سے جدا اور الگ ہے۔ یہاں کی ہر بات عجیب ہے +

یہاں کچھ نال تو نہیں گڑا۔ کہاوت، یعنی اسجگہ تمہاری موروثیت اور کسی قسم کا استحقاق نہیں ہے +

یہم

یہ بیل منڈھے چڑھتی نظر نہیں آتی (محاورہ) یعنی یہ کام پورا ہوتا ہوا دکھائی نہیں دیتا +

یہ پوت نہ بنجی جائیں / گیہوں دے بکرا کا جڑ کھائیں - یعنی۔ ایسی چٹوری اور بیوقوف اولاد کا بچ ہونا دشوار ہے۔ جسکا ابھی سے یہ حال ہے کہ گھر کا اناج بیچکر سودا کھاتی ہے (بچ سے مراد بیاہا جانا ہے) +

یہ کِسکا موت ہے؟ (بیگمات قلعہ) یعنی یہ کس کا نطفہ ہے + یہ کس کا تخم یا بیج ہے + یہ کسکا جایا ہے +

یہ منہ اور مسور کی دال۔ (محاورہ) یعنی یہ منہ اس کام اور منصب کے

تمت بالخیر

خدائے لایزال کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اُس نے ہماری ہمت اور استقلال برقرار رکھکر آج ۱۰ اپریل ۱۹۱۷ء کو اس آخیر کاپی کی صحت ہمارے ہاتھ اور ہمارے ہی قلم سے کرائی۔

اُمید ہے کہ اسیطرح اسکے پروف بھی ہمارے مطالعہ میں آکر ہمارا اطمینان ہی نہیں بڑھائینگے بلکہ خوشی و خرمی کا موقع دینگے فقط اُمیدوار رحمت صمد سید احمد دہلوی

المخاطب بہ خانصاحب مؤلف لغات النساء و فرہنگ آصفیہ وغیرہ وغیرہ دہلی

گلی شاہ تارا تصنیف کدہ

سید احمد

دہلوی

ہینگا۔ بیائے معروف۔ لڑکے کا فرضی نام جو عورتیں رات کو اِس خیال سے لیتی ہیں کہ کہیں اُلّو اِس کا اصلی نام نہ سُن لے۔ عورتوں کا اعتقاد ہے کہ اگر رات کو بچّہ کا نام لیں اور اُلّو سُن لے تو وہ اِس نام کو یاد کر لیتا اور ایک تنکا لیکر دریا پر جاتا لڑکے کا نام لیتا اور بار بار پانی میں غوطہ دیتا ہے جس سے لڑکا تنکا سا ہو کر مر جاتا ہے۔ چونکہ ہینگ کی خوشبو پر جادو اثر نہیں کرتا۔ اس وجہ سے اِسی مناسبت پر یہ نام تجویز کیا ✚

ہینگو۔ (۱) بلّی۔ گربہ۔ نکٹی۔ چونکہ رات کو زچّہ کی چلّے کی اندر اِس کا نام لینا منحوس خیال کرتے ہیں۔ اِس وجہ سے یہ نام رکھا گیا۔ (۲) لڑکی کا نام اُسی وہم سے جس کا بیان لفظ ہینگا بیائے معروف میں دیا گیا ہے ✚

ہیے ہیے۔ ہائے ہائے کا مخفف۔ کلمۂ تاسف۔ وندبہ۔ افسوس و دریغ۔ حیف صد حیف ✚

ہیے ہیے کرکے پیٹنا (بیگمات) نوحہ کرکے پیٹنا ✚ ماتم کی طرح پیٹنا۔ ماتم کرنا ✚ بُرا چاہنا۔ برا چیتنا ✚ کسی کا مرنا چاہنا کسی کے مرنے کی آرزو کرنا۔ جیسے اچھّی ہمارا حلوہ کھائے ہمیں کو ہیے ہیے کرکے پیٹے جو اسی وقت نہ آئے (سگھڑ سہیلی) تمہیں ہماری جان کی قسم ہمیں کو ہیے ہیے کرکے پیٹو۔ ہمارا ہی حلوہ کھاؤ جو ہمیں نہ بتاؤ ✚

ہیے ہیے کرنا۔ ماتم کرنا۔ رونا۔ پیٹنا۔ نوحہ کرنا ✚ کسی کو مرا ہوا

دیکھنا۔ مردہ دیکھنا جیسے ہمیں کو ہیے ہیے کرے جو یہاں سے جائے ✚

ہیے ہیے کھٹ کھٹ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ چھک چھک۔ نر کل کل۔ جیسے چار پیسے کا دھندا کیا چین سے پاؤں پسار کر پڑ رہی کسی کی ہیے ہیے نہ کھٹے گئے۔ روز روز کی ہیے ہیے کھٹ کھٹ بھی آدمی کو جینے سے بیزار کر دیتی ہے ✚

ہیے کی پھوٹنا۔ (۱) کور باطن ہونا۔ ناعاقبت اندیش ہونا (۲) مُورکھ ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ محض کودن ہونا ✚ قوّتِ ممیّزہ سے بے بہرہ ہونا۔ جیسے اِنکی تو ہیے کی پھوٹ گئی ہیں۔ یہ برا بھلا کیا جانے ✚

ی

یا پھنسا پھنسوں میں یا قصائی کے کھونٹے (کہاوت) یعنی معاملہ اِدھر یا اُدھر کچھ ہی ہو یہ کام کرنا ضرور ✚

یا تو ہنسا موتی چُگے یا لنگھن ہی کر جائے (کہاوت) یعنی شریف آدمی اگر کھائے گا تو عزّت ہی کی روٹی کھائے گا ورنہ بھوکا پڑ رہیگا۔ یا تو کھائے گھی سے نہیں جائے جی سے ✚

یا خُدا تو دے نہ میں دوں۔ محاورہ۔ جو شخص نہایت حاسد اور بخیل ہوتا ہے اُس کی نسبت بولتے ہیں یعنی یہ شخص ایسا حاسد ہے کہ نہ تو خود ہی کچھ دیتا ہے اور نہ خدا ہی کا دینا گوارا کرتا ہے ✚

یاسین۔ قرآن مجید کی ایک مشہور سُورت کا نام جو حالتِ نزع میں سُنائی جاتی ہے اور اُسکی برکت سے موت کی سکرات۔ شدّت و سختی آسان ہو جاتی ہے ✚

ہیر	ہوک

(۳) آواز۔ اُلّو کی آواز جیسے ہوا کا سنّاٹا۔ پانی کا شور اُلّو کی ہوک گیدڑوں کا بولنا اور کتّوں کا رونا یہ ایسی وحشت ہے کہ پہلے ڈر بھی بھول جاتے ہیں +

ہوکا یا ہوکھا۔ خواہش۔ ہُوس۔ ہُوس بیجا + حرص۔ طمع۔ لوبھ۔ لالچ۔ چٹ ساکھا یعنی ہوس زیادہ طلبی۔ غلبۂ اشتہا و فرطِ حرص و ہوا۔ اشتیاق۔ شوق۔ لپکا +

ہوکا لگنا۔ حرص لگنا۔ بہت سی ہوس ہونا۔ جیسے اسے تو دو بیٹوں کا ہوکا ہے +

ہوکا ہو جانا۔ لوبھ ہونا۔ لالچ پڑ جانا۔ حرص غالب ہو جانا +

ہُو کا عالم(۱)۔ عالم لاہوت۔ (۲) دشت و ویران۔ اُجاڑ۔ سنسان۔ ویرانہ۔ ایسی حالت جس میں سوائے ذاتِ خدا کے دوسرے کا تصوّر تک نہ ہو سکے + عالم وحشت۔ عالم تنہائی +

ہوکے ہائی۔ ہوس والی۔ بہت خواہش والی۔ نہایت حریص +

ہَوْل۔ (۱) خوف۔ ڈر۔ دہشت۔ ترس۔ بیم۔ ہیبت۔ بھے خطرہ۔ اندیشہ (۲) تلاطم۔ اضطراب۔ اضطرار۔ گھبراہٹ (بیگمات اس معنی میں ہَوْل جُول بولتی ہیں) +

ہَوْل جُول۔ گھبراہٹ۔ اضطرابی۔ تلاطم۔ جلدی۔ شتابی اضطراب و تردّد جیسے اتنی ہَول جول کیوں مچائی ہے۔ ذرا چھُری تلے دم لے" +

ہَوْل دِلا۔ ڈرپوک۔ بزدل۔ نامرد۔ گھبرا جانیوالا۔ سٹپٹا جانیوالا +

ہَوْل کھانا۔ کسی اندیشہ کے سبب آپ ہی آپ خوف کھانا۔ ڈرنا۔ دہشت میں رہنا۔ جیسے اسکی ماں دو گھڑی سے ہَول کھارہی ہے کہ میرے بچے کو کون لے گیا۔ یعنی نہایت گھبرا رہی ہے +

ہَوْلا جَوْلی۔ گھبراہٹ۔ اضطراب۔ تلاطم۔ بیتابی۔ تردّد۔ افرا تفری۔ بھاگڑ۔ جیسے ہَولا جَولی نہ کر چھُری تلے دم لے" +

ہُوکَڑ یا ہُوکُرَ۔ بچّہ انوزائیدہ۔ ترت کا جنا ہوا بچّہ۔ پیٹ کا بچّہ۔ ننھا بچّہ +

ہُونٹھوں کی مسّی پوچھو۔ سلیقہ سے بات کرو۔ بات کرنے کا سلیقہ سیکھو + زنانے مت بنو۔ عورتوں کی سی باتیں مت کرو (یہ محاورہ دہلی کے بانکوں سے متعلق ہے جو حریف نوجوان سے مقابلہ کرتے وقت کہتے ہیں) +

ہُونسنا۔ (۱) نظر لگانا۔ ٹوکنا (۲) جلنا۔ حسد کرنا۔ کسی کی کثرتِ اولاد یا جاہ و جلال کو دیکھکر حسد کرنا۔ رشک کرنا۔ برائی چاہنا۔ بداندیشی کرنا۔ بدخواہی کرنا۔ دوسرے کے مال و منال کا زوال چاہنا +

ہُونے کے دِن۔ معمول کے دن۔ ایام کے دن +

ہَئی۔ حیرت + دھوم + ہائے ہائے تہلکہ۔ دھاک۔ شور و غوغا ہنگامہ۔ (محلِ تعجب پر اس کا استعمال ہوتا ہے۔ جس کی اصل ہائے ہے) +

ہئی پڑنا۔ مقام حیرت اور محلِ تعجب کا واقع ہونا۔ شور و غلغلہ و ہنگامہ بلند ہونا۔ دھوم مچنا۔ تہلکہ پڑنا۔ دھاک ہونا۔ (۲) ہائے ہائے مچنا۔ واویلا ہونا +

ہئی مچنا۔ دیکھو (ہئی پڑنا) +

ہیا۔ ہردہ۔ دل۔ من + چت + جگر۔ قلب۔ جیسے کوئی آنکھوں کا اندھا کوئی ہیے کا اندھا۔ بچّہ جانے ہیا بڑا جانے گیا" (۲) جرأت۔ دلیری۔ چھاتی۔ حوصلہ۔ جیسے" شاباش تیرا ہیا۔ تُو نے مردوں کا سا کام کیا" +

ہیر واکرنا۔ بچے کا کسی کو یاد کرنا۔ ماں باپ یا جس سے ہلا ہوا اُسے یاد کرنا۔ ہُڑک کا کرنا +

ایک جگہ نہ ٹکے۔ ہر جگہ جلنے والی۔ وہ آنکھ جو ایک طرف نہ ٹھیرے جیسے "نوج ایسا ہوائی دیدہ کسی دشمن کا بھی نہ ہو کہ اِدھر اُدھر جائے بغیر رہا ہی نہیں جاتا +

ہُو بَہُو - (حرفِ تشبیہ) بعینہ۔ ہُو بہُو۔ ہین ہین۔ یکساں بن و عن + ہم شکل۔ ہم صُورت کہ ذرا فرق و تجاوز نہو۔ ایسا مشابہ کہ جس میں سرِ مُو فرق نہو۔ ٹھیک ٹھیک بجنسہٖ مطابق۔ ایسی چیزیں جو مُماثلت اور مُشابہتِ تامّہ رکھتی ہُوں۔ جیسے یہ تو ہُو بہُو وہی کھڑا ہے +

ہُوت جُوت والا - (بیگمات) صاحبِ ثروت۔ صاحبِ مقدور۔ امیر کبیر۔ جیسے مہر افروز اگلے وقتوں کے ایک بڑے گھرانے کی ہوت جوت والی دل کی نرم ہاتھ کی فیاض لکھ لُٹ۔ سادہ دل۔ ہنس مُکھ۔ ملنسار بیوی تھی۔ اللہ رکھّو ہوت جوت والی اور پھر ایسی مُحتاج +

ہُوتا سُوتا - مُوا جیتا۔ رشتہ ناتہ کا زندہ و مردہ یگانہ و بیگانہ زندہ و مُردہ۔ ولی خنگر۔ حمایتی۔ عزیز و اَقارب۔ خویش و اقربا۔ خویش و بیگانہ + (اِس جگہ لفظ سوتا تابع مہمل ہے۔ مگر بعض موقعوں سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ سوتا سے مراد مُردہ اور ہوتا سے زندہ ہے جیسے اپنے مُوے جیتوں ہوتے سوتوں کو گالیاں دو میرے منہ نہ لگو) +

ہُوش - فہم۔ سمجھ۔ عقل۔ فراست۔ تمیز۔ شعور + حواس

ہُوش اُڑنا - اوسان جاتے رہنا۔ حواس باختہ ہونا۔ سِٹّی گم ہونا

عقل ٹھکانے نہ رہنا۔ بے سُدھ ہونا۔ بے خبر رہنا +

ہُوش پکڑو - عقل سیکھو۔ ہوش میں ہو۔ ہوش میں آؤ۔ سنبھلو +

ہُوش کی بنواؤ - جب کوئی شخص بیوقوفی کی بات یا اپنے سے زیادہ بات کرتا ہے تو اُس سے کہتے ہیں یعنی ابھی تمیز سیکھو +

ہُوش کی خبر لو - شعور سیکھو۔ وقوف پکڑو۔ تمیز حاصل کرو۔ عقل بنواؤ۔ بے تمیزی اور بے عقلی نہ کرو۔ دیوانے اور از خود رفتہ نہ ہو جاؤ۔ جیسے میاں بیٹھو ہوش کی خبر لو۔ تمہارے جلنے نہ جلنے سے مجھے کیا علاقہ +

ہُوش کی دَوا کرو - شعور سیکھو۔ تمیز پکڑو۔ عقل کا علاج کرو +

ہُوش کی لو - دیکھو (ہوش کی بنواؤ) ہوش میں آؤ +

ہُوش کے ناخن لو - عقل کے ناخن لو۔ عقل بنواؤ۔ شعور سیکھو۔ وقوف حاصل کرو۔ تمیز پکڑو۔ عقل کو دُرست کرو +

ہُوش میں آؤ - عقل سے بات کرو۔ سمجھ کے بات کہو۔ شعور پکڑو۔ عقل سیکھو۔ تمیز حاصل کرو۔ وقوف پکڑو + آپا سنبھالو + بیخودی اور نشۂ غفلت سے باز آؤ + چیتو۔ جیسے چلو بی ہوش میں آؤ میں نے کب تمہارا نام لیا تھا + عقل سے کام لو +

ہُوک - چبک۔ درد۔ وہ درد جو دل یا سینہ میں ٹھہر ٹھہر کے یا ایکا ایکی ہو + ہُول + پیڑ۔ پیڑا۔ الم۔ تکلیف۔ صدمہ + ۲ ، ذاتُ الرّیہ + ذاتُ الجنب۔ پسلی کا درد + نمونیا۔ دردِ پہلو۔ دردِ دل و جگر۔ ایک قسم کا ہُمک درد جو سینہ میں اُٹھتا ہے۔

ہَنڈکُلیا۔ بچّوں کی ہانڈی جو کلیا یا چھوٹے سے برتن میں پکاتے ہیں: بچّوں کا کھانا پکانے کا کھیل +

ہَنسلی ۔(۱) ایک ہڈّی کا نام جو گلے کے گرداگرد ہے۔ ہنس (۲) ایک قسم کا زیور جو عورتیں گلے میں پہنتی ہیں +

ہنسلی اُترجانا یا جاتی رہنا۔(۱) شیرخوار بچّے کے گلے کے نیچے کی ہڈّی کا دھچکے کے سبب جگہ سے بے جگہ ہوجانا +

ہَنس ہَنس کھائیے پھوہڑ کا مال۔(کہاوت) یعنی بیوقوف کا مال کھانمیں کچھ شکرگزاری اور احسان ماننے کی ضرورت نہیں +

ہُنکارا۔(۱) ہُوں۔ ہاں۔ ہُنکارا۔ وہ آواز جو قصّہ یا افسانہ یا کہانی سُنتے وقت افسانہ گو یعنی داستان گو کی تسلّی کیواسطے مُنہ سے نکالتے جائیں جس سے وہ جانے کہ افسانہ سُن رہی ہیں۔ سوئے نہیں ہیں۔ جیسے جب تک وہ ہُنکارا بھرتے رہے میں کہانی سناتی رہی (۲) ہاں کرنے کی آواز+ اِقرار۔ اِقبال +

ہُنکارا بھرنا۔ ہامی بھرنا۔ ہاں کرنا۔ ہُوں ہُوں کرنا۔ مُنہ سے ہُوں کی آواز نکالنا۔ کہانی سُنتے وقت ہُوں ہُوں کہتے جانا +

ہُوحق ہوجانا۔ بالکل ویران ہوجانا نیست و نابُود ہوجانا۔ نام و نشان باقی نہ رہنا مِٹ جانا۔ اُف ہوجانا+ خدا کے سوا کچھ نہ رہنا فنا فی اللہ ہوجانا +

ہَوّا۔(۱) وہ مُہیب صورت جس سے بچّوں کو ڈراتے ہیں بیجا۔ لُولُو۔ عربی میں ضبضبطے۔ فارسی میں کخ کہتے ہیں (۲) فرضی جن۔ بھُوت۔ پریت + داصل میں یہ لفظ ہُو بمعنی آوازِ شغال سے

بصُورتِ تصغیر یا مبالغہ ہوّا بنا یا گیا ہے۔ کیونکہ زبانِ سنسکرت میں اِس لفظ کے ایک یہ معنی بھی ہوتے ہیں۔ چُونکہ بچّے گیدڑ کی آواز سے رات کو ڈرا کرتے ہیں۔ اِس وجہ سے اس کا بھی ماخذ قرار دیا گیا۔ اور اِس کے یہ معنی ہوئے۔ بکثرت ہُو ہُو کرنے والا۔ یا قابلِ وحشت ہُو کی آواز نکالنے والا۔ اوّل اوّل ہُو سے ہاؤ بنا پھر ہوّا ہوگیا۔ جو لوگ اسے ہائے حطّی سے لکھکر اس کا ماخذ حوّا بمعنی حضرتِ آدمؑ کی بیوی ٹھہراتے ہیں۔ وہ سخت غلطی کرتے ہیں۔ اوّل تو وہ اسم مؤنث ہے اور یہ اسمِ مذکّر دوسرے اس کے لُغوی معنی سے کوئی مناسبت ہے نہ اصطلاحی سے تیسرے جس عربی زبان کا وہ لفظ ہے وہاں اِس معنی میں کبھی پیشتر اور نہ حال میں مستعمل ہوا۔ غرض نہ تفاؤلاً جائز ہے نہ اصلاً۔ اس کی مُفصّل بحث ہم اخبار چودھویں صدی مطبوعۂ ۱۵ مئی ۱۸۹۹ء میں اِس غلطی کے رفع کرنے کو چھاپ چکے ہیں۔ مثالیں۔ جیسے حاکم ہے کوئی ہوّا تو نہیں ہے اپنے تئیں نہ تو ایسا ہوّا بناؤ کہ ڈر کے مارے کوئی پاس نہ پھٹکے۔ نہ اتنا کسی سے گھلو مِٹھو ہو کہ اپنا وقر جائے +)

ہِیاؤ پڑنا۔ صحیح ہیاؤ پڑنا ہمّت پڑنا۔ جُرأت ہونا۔ حوصلہ پڑنا +

ہَوائیاں مُنہ یا چہرے پر اُڑنا۔ اوّل معلُوم دوم رنگ زرد اور لب خشک ہونا۔ مُنہ فق ہونا۔ چہرے کا رنگ متغیّر ہونا۔ ایک رنگ آنا ایک جانا۔ مُنہ سفید پڑجانا۔ خوف وحشت یا ہراس چھا جانا + چوری پکڑتے ہی مُنہ پر ہوائیاں اُڑنے لگیں +

ہوائی دیدہ۔ شوخ چشم۔ بے مروّت۔ بید ید۔ شوخ دیدہ ہرجائی۔ جسے ایک جگہ پر آرام و قرار نہو۔ وہ جس کی طبیعت

ہلہ

ہلہلانا۔ کپکپانا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ بخار کے زور سے بدن کا تھرّانا۔ جیسے آج کئی دن سے پڑی بخار میں ہلہلا رہی ہوں +

ہم۔ ضمیر جمع متکلّم +

ہم کو پیٹے۔ ہم کو گاڑے۔ ہم کو ہے ہے کرے۔ قسمِ سخت یعنی ہمارا ماتم کرے ہمیں دفن کرے۔ ہمیں روئے ہمیں نہ دیکھے۔ وغیرہ +

ہم۔ (۱) نیز۔ بھی۔ بلکہ۔ (۲) برائے اشتراک و موافقت۔ ساتھی ساجھی۔ شریک جیسے ہمزاد و ہمدرد وغیرہ +

ہم جولی۔ اصل (ہمجھولی) (۱) ہمجولی۔ ہم عمر جو ساتھ کھیل کر بڑے ہوئے ہوں۔ ہم سن و سال۔ ہم سن۔ ساتھ کے کھیلے ہم چشم ہم رُتبہ۔ برابر والے۔ وہ کم سن لڑکی جو دُوسری خُرد سال ہم عمر لڑکی کے کھیلنے میں اکثر شریک رہے۔ ساتھ کی کھیلی۔ وہ ہم سن و ہم عمر لڑکی جو ساتھ کھیل کر جوان ہوئی ہو +

ہمارا۔ ہم سب کا۔ از ما۔ تعظیماً برائے خود۔ میرا۔ از من +

ہمارا لہو پیئے یا ہمارا حلوا کھائے۔ قسمِ سخت جو دُوسرے کو دلائی جاتی ہے۔ ہم کو کھائے۔ ہم کو پیٹے۔ ہمیں ہی کرے۔ ہماری بھنّی کھائے۔ ہمیں پیٹے۔ ہمارا مردہ دیکھے۔ (جس سے محبّت کا دعویٰ ہوتا ہے اُسکو یہ قسم دلاتے ہیں) +

ہماری بلّی ہمیں سے میاؤں (کہاوت) یعنی ہمارا ہی پروردہ اور ہمیں سے اترائے۔ ہمارا ہی کھائے اور ہمیں سے غرّائے +

ہماری بھُنّی کھائے۔ قسمِ سخت دیکھو (ہمارا حلوا کھائے) +

ہماہمی۔ انانیت۔ کبر۔ خود پسندی +

ہمند

ہمک ہمک کے چلنا۔ مٹک مٹک کے چلنا۔ پھُدک پھُدک کے چلنا۔ اُچک اُچک کر چلنا۔ اُچھل اُچھل کے چلنا +

ہمہ نعمت۔ تمام نعمت۔ تمام عمدہ چیزیں۔ تمام عمدہ کھانے۔ ہر قسم کی عمدہ چیز۔ مال و دولت۔ ہمہ شے۔ جیسے خدا نے دنیا کی ہمہ نعمت دے رکھی ہے۔ مگر کھانے والا نہیں۔ اچّھی صحبت کا پھل دیکھا کہ ایک دانا عورت نیک نیت پڑھی لکھّی نام کو لڑکی عقل و شعور میں بڑی بوڑھی نے کس طرح سے پھر اُس خاک کے گھر کو لاکھ بنایا کہ پھر وہی اگنت مال و دولت سب شے ات گت اور ہمہ نعمت ہو گئی +

ہمہ نعمت موجود ہے۔ خدا نے سب کچھ دے رکھّا ہے۔ کسی چیز اور کسی بات کی کمی نہیں ہے۔ نہایت فراغبالی ہے اُن کے گھر میں خدا کی دی ہمہ نعمت موجود ہے +

ہمیں ہی کرے یا ہمکو ہی کرے۔ قسمِ سخت جو کسی دوست یا عزیز کو دیجاتی ہے۔ ہمارا ماتم کرے۔ ہمیں روئے ہمارا مُردہ دیکھے +

ہندی (۱) ہند سے نسبت رکھنے والا۔ ہندوستانی (۲) ہندوستان کی وہ زبان جو سنسکرت سے نکلی ہے (۳) وہ خط جسمیں ہندو چھٹی چپاٹی یا اپنا حساب کتاب لکھتے ہیں +

ہندی کی چندی (۱) معنی کی معنی۔ تفسیر کی تفسیر۔ شرح کی شرح۔ (۲) مین میکھ۔ نکتہ چینی۔ چھان بین۔ بال کی کھال +

ہندی کی چندی نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ مین میکھ نکالنا۔ بال کی کھال کھینچنا۔ اصل حقیقت معلوم کرنیکی کوشش کرنا۔

ملاحظہ۔ ملّا جامی نے اسی کو اپنی ہندی دانیت کے سبب خاص الانشا میں ہمزولی لکھا ہے +

ہلڑ

ہلدی لگی نہ پھٹکری پٹاخ بہو آن پڑی (محاورہ) یعنی بے مشقت و بلا کوشش کسی مطلب کا حاصل ہو جانا۔ بن خرچ کام بن جانا +

ہلدی لگی نہ پھٹکری رنگ چوکھا آئے۔ (کہاوت) یعنی اپنی گرہ کا کچھ خرچ نہ ہو۔ اور کام بن جائے مفت میں کام نکل آئے +

ہلڑ۔ شور۔ غوغا۔ شور و شغب۔ دُہائی تہائی۔ غل غپاڑا۔ ہُوہا +

ہلڑ مچانا۔ شور و غل کرنا۔ غل غپاڑہ کرنا۔ شور مچانا +

ہلڑ مچنا۔ شور و غل ہونا۔ ہنگامہ ہونا۔ شور و شر ہونا +

ہلسانا۔ بہکانا۔ بھڑکانا۔ اشتعالک دینا جیسے خاوند کو ہلسا ہلسا کر ساس سے لڑواتی ہے +

ہلسائے میں آنا۔ بہکائے میں آنا۔ بھڑکانے میں آنا۔ اشتعالک میں آنا +

ہلکا لہو (۱) صاف شفاف اور لطیف خون۔ وہ لہو جس میں نظر بد جلد اثر کرے + اثر پذیر خون (۲) پتلا اور رقیق خون۔ جیسے اُس کا ہلکا لہو ہے کوئی ٹوک نہ بیٹھنا۔ ترت ہی بیمار پڑ جائیگی +

ہلکان۔ (از ہلاک) ہلاک۔ مضمحل۔ نیم جان۔ تھکا ماندہ۔ مقرب بہ ہلاکت + کسلمند + حیران +

ہلکان کرنا۔ مضمحل کرنا۔ تھکا مارنا۔ بیجان کر دینا۔ ہلاک کر دینا۔

ہلکان ہونا۔ (۱) تھکنا۔ مضمحل ہونا۔ قریب بہ ہلاکت ہونا + ہلاک ہونا۔ جیسے اِس کی جان ہلکان ہو گئی۔ (۲) سخت عاجز و حیران و درماندہ ہونا +

ہلہ

ہلکم۔ تہلکہ۔ ہل چل۔ اُودھم +

ہلکم ڈالنا۔ تہلکہ ڈالنا۔ اُودھم مچانا۔ ہلچل ڈالنا۔ شور مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ گھبرانا +

ہل کے پانی نہ پی سکنا۔ نہایت ناتواں اور کمزور ہو جانا۔ صاحب فراش ہو جانا + قیامت توڑنا۔ حشر برپا کرنا۔ آفت ڈھانا +

ہل کے پانی نہ پینا۔ نہایت اصدی۔ کاہل اور آلکس بھرا ہونا +

ہلکے ہلکے۔ ہَولے۔ ہَولے۔ آہستہ آہستہ۔ سہج سہج +

ہلکت۔ عادت۔ سبھاؤ۔ بان۔ خو۔ جیسے تجھے یہ کیا ہلکت پڑ گئی +

ہلہلا (۱) اُشغلا۔ کوئی عجیب یا انوکھی بات۔ حیرت انگیز یا فتنہ انگیز بات + شگوفہ۔ (۲) شوق۔ اُمنگ۔ (۳) بہتان جھوٹی بات۔ بے سر و پا بات +

ہلہلا اٹھانا۔ (۱) اُشغلا اٹھانا۔ شگوفہ چھوڑنا۔ کوئی انوکھی یا عجیب بات مشہور کرنا + بہتان اٹھانا۔ فتنہ اٹھانا۔ (۲) شوق دلانا۔ طبیعت کو اُبھارنا +

ہلہلا اُٹھنا (۱) اشغلا اُٹھنا۔ جھگڑا اُٹھنا۔ فتنہ برپا ہونا۔ شگوفہ پھولنا + بہتان کھڑا ہونا۔ (۲) شوق یا طبیعت کا کسی کام کے واسطے دفعۃً اُبھرنا۔ دل چاہنا۔ شوق چرّانا۔ جیسے آج سب کو یہ ہلہلا اٹھا کہ اپنے ہاتھ سے پکائیں دیکھیں کون اچھا پکاتا ہے۔ اچھا ہلہلا اُٹھا یا کہ برات آن پہنچی +

ہلہلا کر بخار چڑھنا۔ یک دفعہ ہی زور کر کے بخار چڑھنا۔ دفعۃً تپ لرزہ کا پیش آنا۔ زور سے بخار ہونا +

لکھی ہے۔ تو اس حساب سے ساڑھے تین لاکھ روپے ماہوار کا تنخواہ دار ہوا۔ جیسے گورنر جنرل کی برابر عہدے دار یا نائب السّلطنت سمجھنا چاہیئے۔ جیسے باہر میاں ہفت ہزاری گھر میں بیوی فاقوں کی ماری۔ باپ ہفت ہزاری کچھ نہیں ماں پسنہاری بھلی +

ہف نظر۔ صحیح (حف نظر) چشم بد دُور۔ اِس کا استعمال اکثر خُوبیوں کی جگہ کیا جاتا ہے۔ مگر طنزاً بُرائیوں پر بھی کرتے ہیں۔ (ہم نے اِس لفظ کی تحقیق سحائے حطّی میں لکھی ہے۔ لیکن اِس جگہ ہم کو زیادہ لکھنے کی ضرورت یوں پڑی کہ دو چار مستند مصنّفوں نے اس کا اِملا ہائے ہوّز سے استعمال کیا ہے۔ جسکے سبب ہم کو بہت سی عربی فارسی کی لُغات دیکھنے میں وقت صرف کرنا پڑا۔ اور آخر کو یہی ٹھیک معلُوم ہوا۔ کہ ہائے حطّی سے لکھنا چاہیئے۔ جن صاحبوں نے اِسے ہائے ہوّز سے لکھا ہے اُنھوں نے شاید یہ خیال فرمایا ہو کہ یہ ہندی لفظ ہے یا کسی اور زبان سے بگڑ کر یہ صُورت ہو گئی ہے۔ پس اسے ہائے ہوّز سے ہی لکھنا چاہیئے۔ لیکن میری رائے میں حائے حُطّی سے لکھنا زیادہ مناسب ہے بلکہ آج کل اس کا اِملا بھی اسی طرح دیکھنے میں آتا ہے کیونکہ اگر لفظ **ہف** کو فارسی قرار دیں تو جُلاہے کی کرگہ کے معنی ہیں جو کسی طرح یہاں چسپاں نہیں ہو سکتے۔ اور عربی بہائے ہوّز قرار دیں تو صاحبِ منتخب اسکے معنی نہ برسنے والا ابر یا کھیتی کاٹنے کے وقت سے گزر جانا لکھتے ہیں اور جونسن جو ایک بڑا محقّق ہے وہ اسکے معنی ذ فیل یعنی سیٹی کے لکھتا ہے بہرحال ہائے ہوّز سے کوئی صُورت قرار واقعی نہیں نکلتی۔ اب حائے

حطّی سے دیکھنا چاہیئے۔ اس کے معنی جونسن وغیرہ میں لوٹانا۔ اُلٹا پھیرنا لکھتے ہیں۔ یعنی باز گردانیدنِ چشمِ زخم گویا وہ لفظ جو چشمِ زخم سے محفوظ رہنے کے واسطے زبان پر لایا جاتا ہے۔ منتہی الارب سے بھی حفوف بمعنی چشمِ زخم رسیدن کا پتہ لگتا ہے۔ اِن وجوہ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ اِسکو حائے حطّی سے لکھنا چاہیئے۔ اِس کے علاوہ ایک اور دلیل سے بھی یہ لفظ ہندی نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اوّل تو لفظ نظر جو اُس کے ساتھ لکھا گیا ہے وہ خود دلالت کرتا ہے کہ یہ لفظ بھی ہندی کے ماسوا ہے دوسرے خاص مسلمانوں کی اور وہ بھی اعلےٰ گھرانے کی عورتیں اسے بولتی ہیں۔ اگر ہندی ہوتا تو اور قومیں بھی بولتیں۔ اور فے کی بجائے پھ یا پ کا استعمال ہوتا کیونکہ ف کا تلفّظ ہندی میں نہیں ہے۔ آگے واللہ اعلم بالصّواب) +

ہَک دَک رہ جانا۔ جھجک رہ جانا۔ متحیّر رہ جانا۔ متعجّب ہو جانا حیرت میں رہ جانا۔ سکتے کے عالم میں رہ جانا +

ہَلاہِل۔ (۱) زہرِ قاتل جس کا علاج ہی نہ ہو سکے۔ سُم۔ بِس۔ بکھ (۲) نہایت تلخ۔ نہایت کڑوا + (عام بولچال میں ہلاہل مستعمل ہے)

ہَلجاں۔ وہ کڑھائی جو بیاہ شادی کے کام سے فارغ ہو کر دن کے وقت فراغت پانے کے شکرانے میں کی جاتی ہے۔ جس میں قریب کے رشتہ دار جمع ہو کر ہلجاں کی نیاز دلواتے ہیں +

ہلچل پڑنا۔ بھاگڑ مچنا۔ افراتفری یا ہولاجلی ہونا۔ کھلبلی ہونا۔ تہلکہ ہونا۔ ہڑبڑی پڑنا۔ گھبراہٹ ہونا۔ ہنگامہ برپا ہونا۔ بلوہ ہونا۔ خلقت کا تہ و بالا و زیر و زبر ہونا۔ چل چلاؤ ہونا۔ پریشان اور تتر بتر ہونا۔ متردّد ہونا۔ اپنی اپنی پڑنا۔ اضطراب و اضطرار ہونا۔ بے چینی ہونا +

ہلدی۔ زرد چوب۔ ایک قسم کی زرد جڑ یا گرہ جو سالن میں رنگت کے واسطے ڈالتے ہیں۔ اور اِس سے زرد کپڑے بھی رنگتے ہیں +

ہڑدو

ہُڑدَنگی۔ (۱) مجازاً آوارہ۔ آوارہ گرد۔ ہرزہ گرد۔ بیہودہ باؤ ڈنڈی۔ وہ عورت جو گھڑی یہاں کھڑی ہو جائے گھڑی وہاں کھڑی ہو جائے (۲) پھوہڑ۔ بد سلیقہ۔ بیڈھنگی بدشعار۔ بلّی۔ کھلّو باؤلی + اِدھر اُدھر پھیرنے والی۔ جیسے موئی ہُڑدنگی چھوکری خدا جانے کہاں اپنی اوڑھنی پھینک آئی +

ہُڑ کا کرنا۔ بچّہ کا کسی کو یاد کر کے رنج کرنا۔ ہیرا کرنا +

ہُڑ کائی کُتیا۔ (۱) باؤلی کتیا۔ وہ کتیا جو ہر ایک کو کاٹتی پھرے جیسے ساس بیچاری نے ذرا سے کام کو کہا اور ہڑ کائی کتیا کی طرح ٹانگ لی + لڑاکا۔ جھگڑالو۔ ہر ایک کے سر ہونیوالی +

ہزاروں گھڑے پانی کے بھرنے ہیں (کہاوت) ابھی بہت سی دشواریاں باقی ہیں۔ یعنی ابھی بڑی بڑی امتحان باقی ہیں +

ہزاروں گھڑے پانی کے پڑ گئے۔ (کہاوت) یعنی نہایت شرمندگی حاصل ہوئی۔ بڑی خجالت اُٹھانی پڑی +

ہزار ہاتھ کا بنکر آئے۔ یعنی کیسا ہی اعلیٰ مرتبہ لیکر آئے کیسا ہی بھاری بھرکم ذی عزّت بنے اگر کیسا ہی ہر بابلی او بسیار کار کیوں نہو تو بھی محروم رہے +

ہزار ہاتھی گھٹے گا تو بھی سوا لاکھ ٹکے کا (کہاوت) یعنی دولت مند کتنا ہی غریب ہو۔ پھر بھی مفلس پر غالب رہیگا +

ہزاری بزاری۔ (۱) لغوی معنی ہزاروں قسم کے آدمیوں سے ملنے اور بازار میں بیٹھنے والا۔ یعنی ادنےٰ و اعلےٰ سے ملنے والا

ہفت

شریف و رذیل سے ربط رکھنے والا۔ بُرے بھلوں سے تعلق رکھنے والا (۲) سفلہ و کمینہ۔ لُچّا و شہدہ + غیر معتبر۔ ناقابلِ اعتبار۔ ناقابلِ وثُوق۔ بے اعتماد۔ عوام کالانعام۔ جیسے ہزاری بزاری کی بات کا کیا اعتبار (اس معنی میں لفظ ہزاری تابعِ مُہمل بھی ہو سکتا ہے) +

ہزاری رُوزَہ۔ ماہ رجب کی ستائیسویں تاریخ کا وہ نفلی روزہ جس کا ہزار روزوں کے برابر ثواب ملتا ہے +

ہزاری عمر ہو۔ یہ وہ کلمۂ دعائیہ ہے جو تسلیم یا بندگی یا آداب کے جواب میں بڑی بوڑھیاں بطور دعا زبان پر لاتی ہیں۔ یعنی ہزار سالہ عمر ہو۔ ہزاروں برس جیئو۔ جیسے دادی اماں آداب۔ بیٹی ہزاری عمر ہو +

ہُشت ہڈّو۔ یا۔ ہُشت گڈّو کرتا پھرنا (بیگماتِ قلعہ) ڈنگا کرتا پھرنا۔ واہی تباہی یا کبڈّی کھیلتے پھرنا۔ خاک اُڑاتے پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ جیسے بچّہ ہے کہ دن بھر خاک اُڑاتا۔ ہُشت ہڈّو کرتا پھرتا ہے +

ہَفت ہَزاری۔ سلاطینِ ماضیہ کی طرف سے چہار صدی ذات۔ پانصدی ذات۔ ہزاری ذات۔ پنجہزاری ذات۔ ہفت ہزاری ذات۔ منصب مقرّر تھے۔ ہفت ہزاری سے یہ مراد نہیں کہ سات ہزار اُس کی تنخواہ ہو یہ سب سے بڑا منصب تھا۔ اور اس سے امیر و کبیر مراد لی جاتی تھی۔ صاحب غیاث نے پنجہزاری ذات کی تنخواہ ڈھائی لاکھ روپے

+ ہستی۔ (۱) ذات۔ وجود ۔ آپ سے ہو گیا ہی کیوں باہر + آگ لگ جائے تیری ہستی پر (۲) حیثیت۔ حقیقت + اصلیت۔ (۳) طاقت۔ قدرت۔ مجال +

ہپّا کہتے ہیں۔ (۲۔ بیگمات قلعہ) بچّوں کا کھانا پکانیوالی عورت
جیسے بیٹی گھبراؤ نہیں۔ تمہاری ہپّا کو تمہارے پاس بھیجدونگی + اَنّا۔
دودا۔ مانی۔ پھوپھو۔ ہپّا لونڈی غلام سب دُلہن کے ساتھ ہوتے۔
(۳) لقمہ۔ نوالہ۔ گراس۔ گسّا (۴) رشوت۔ گھونس +

ہَپّو (۱) پوپلی عورت۔ نہایت بڑھیا اور پوپلی عورت (۲) نگل جانے والی عورت۔ ہڑپ کر جانے والی عورت +

ہَتھیلی پر سَرسُوں جمانا۔ بھانمتی کی طرح جھٹ ہتھیلی پر سرسوں یا درخت اُگا دینا + کارِ سخت و دشوار تر کو بہت شتاب اور نہایت جلد بکمال چابکدستی انصرام کو پہنچانا۔ طلسم سازی و شعبدہ بازی سے کوئی کام جھٹ پٹ کرکے دکھا دینا + ایسی جلدی کوئی کام کرنا کہ جس سے عقل حیران و ششدر رہجائے۔ کسی کام کو نہایت پھرتی سے کر دینا۔ کمال عیاری اور چالاکی دکھانا +

ہَتھیلی میں چور پڑنا۔ مہندی کے رنگ میں سفید دھبّا رہجانا۔ ہتھیلی میں سفیدی رہ جانا۔ اور مہندی یکساں نہ لگنا +

ہدیہ ۔ (۱) تحفہ پیشکش۔ نذرانہ (۲) قرآن شریف کے ختم کرنے کی تقریب نیز رسم[1] اور وہ پوشاک جو اُستاد کو بطریقِ نذر بروقت ختمِ قرآن شریف دیجائے +

ہچکیاں آنا۔ (۱) کسی عزیز و آشنا کا یاد کرنا (۲) نزع کا وقت ہونا۔ دم ٹوٹنا۔ سانس ٹوٹنا۔ سانس اُکھڑنا جیسے آج[2] کس نے یاد کیا۔ جو کھانا کھاتے ہی ہچکیاں آئیں +

ہڈّی ۔ (۱) استخواں (۲) اصل نسل جیسے ہم تو ہڈّی کو دیکھتے ہیں لت کو نہیں دیکھتے +

ہڈّی پسلی توڑنا۔ خُوب زدوکوب کرنا +

ہڈّی میں ہڈّی پیوند میں پیوند مِلنا۔ (کہاوت) یعنی نسل میں نسل اور قوم میں قوم مِلنا +

ہڈّی ہڈّی توڑنا۔ خُوب زدوکوب کرنا۔ خُوب مارنا +

ہڈّیاں ۔ ہڈّی کی جمع + (بحالتِ فاعل)

ہڈّیاں پیلنا۔ جسمانی محنت و مشقت کرنا۔ ہاتھ پاؤں کی تکلیف اُٹھاکر کوئی کام کرنا۔ محنت مزدوری کرنا۔ پاپڑ بیلنا۔ مصیبت بھرنا۔ سخت محنت و مشقت سے پیسہ کمانا۔ جیسے ماما عظمت نے تو ہڈّیاں پیل کر اپنے دونوں بیٹیوں کو پالا +

ہڈّیاں کُچلنا۔ اس طرح مارنا کہ بدن تک ضرب پہنچے۔ خُوب مارنا۔ ضربِ شدید لگانا +

ہڈّیوں ۔ ہڈّی کی جمع + (بحالتِ مفعول)

ہڈّیوں کی مالا۔ (۱) پنجر۔ ٹھٹھری (۲) دُبلا پتلا۔ تانتڑی سا۔ نہایت لاغر۔ لقات۔ فاق۔ جسکے بدن پر بوٹی نہ چڑھی ہو +

ہڈّیوں کی مالا ہوجانا۔ سُوکھ کر پنجر نکل آنا۔ مہرہائے پشت نظر آنے لگنا۔ سُوکھ کر لقات ہو جانا +

ہَرانی جتانی کرنا۔ از (ہرانا + جتانا) حیران کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ عاجز کرنا۔ ہر ایک بات پر آزمانا + امتحان لینا۔ امتحان کرنا +

ہرتی پھرتی چھاؤں۔ آتی جاتی چھاؤں + آتی جاتی چیز۔ وہ چیز جسے قیام و استقلال نہو۔ ایک جگہ یا ایک کے پاس نہ رہنے والی چیز جیسے دولت ہرتی پھرتی چھاؤں ہے آج میرے پاس کل تمہارے پاس +

[1] اِس رسم کی مفصّل کیفیت ہماری فرہنگ آصفیہ اور رسوم دہلی سے معلوم ہوسکتی ہے +
[2] یہ پہلے نمبر کے معنی کی مثال ہے۔ ۱۲

ہات

صدمے سے نجات پانا +

ہاتھ توڑ توڑ کھانا- مزیدار چیز کھا کر ہاتھوں کو چاٹنا۔ نہایت
مُلذّذ اور لذیذ چیز کی تعریف میں بولتے ہیں۔ جیسے " سبز چولائی
ایسی پکتی ہے کہ آدمی ہاتھ توڑ توڑ کر کھائے " +

ہاتھ دھو کر پیچھے پڑنا- ہر طرف سے قطع تعلّق کر کے مجبت ہونا۔
جیسے تم تو ہاتھ دھو کر اِس کے پیچھے پڑ گئے +

ہاتھ کشیدہ آسمان دیدہ- شوخ چشم کی نسبت بولتی
ہیں۔ جس کا ہاتھ کہیں اور خیال و نظر کہیں ہو +

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا (کہاوت) یعنی جو بات ظاہر ہو اسکے
ثبُوت کی کیا ضرُورت؟

ہاتھ کے دو بیر نہ کھانا- کسی سے نہایت نفرت کرنا گھن کھانا۔
متنفّر ہونا۔ بالکل خاطر میں نہ لانا۔ نہایت بدصُورت اور
گھناؤنا خیال کرنا۔ کسی بدرُو اور گھناؤنے کے ہاتھ کی چیز نہ
کھانا۔ جیسے میں تو اُس کے ہاتھ سے دو بیر بھی نہ کھاؤُں " +

ہاتھ میں دمڑی نہ سُوئی سر پر ماری جُوتی- (کہاوت) یعنی بد
خُلق کا اِحسان بھی بُرا +

ہاتھ نہ گلے ناک میں پیاز کے ڈلے- کم ظرف اور ذرا
سی چیز پر اِترانے والی کی نسبت بولتی ہیں۔ بے موزوں سنگار پر
طنز بھی ہے +

ہاتھ نہ مُٹھی ہلبلاتی اُٹھی- پاس کوڑی نہیں حوصلہ دکھانے
میں یہ گرم جوشی + پاس کچھ نہیں غصّہ ناحق کا +

ہپا

ہاتھ ہلاتے آنا- خالی ہاتھ آنا۔ کچھ کما کر یا سودا سلف لیکر
نہ آنا۔ پلّا جھلاتے آنا +

ہاتھوں چھاؤں رکھنا- نہایت حفاظت سے رکھنا۔
ہاتھوں کے سائے میں رکھنا۔ جیسے نہیں تو یہی اولاد جسکو
تم اللہ بسم اللہ کرتی ہاتھوں چھاؤں رکھتی ہو تمہاری دشمن ہو جائیگی +

ہاروُنی- (۱) پاسبانی۔ نگہبانی۔ محافظت۔ خدمت (۲) سرکش
نافرمان۔ ڈھیٹ۔ ہٹی۔ ہٹیلا۔ جیسے " مُوا ہاروُنی کسی کی
بھی تو نہیں سُنتا۔ اِسے خدا کی سنوار ہو +

ہانڈی پکنا- (۱) دال یا سالن پکنا۔ کھانا پکنا۔ ترکاری پکنا (۲)
کھچڑی پکنا۔ چرچا ہونا۔ چپکے چپکے صلاح و مشورہ ہونا (۳)
گپ شپ اُڑنا +

ہانگا- زور۔ طاقت۔ بل۔ توانائی۔ قوّتِ جسمانی۔ جیسے اب مجُھ میں
وہ ہانگا نہیں رہا۔ یہ تو سارے ہانگے کے کام ہیں +

ہائے اللہ۔ ہائے خدا- کلمۂ درد و بکا و اندوہ۔ اے خدایا
اللہ۔ اے میرے میاں۔ جیسے ہائے اللہ میں کہاں آ گئی۔
ہائے اللہ میرے دل کو کون لے گیا +

ہائے ہائے پڑنا- (۱) تراہ تراہ ہونا۔ بِلوں بِلوں (۲) واویلا
مچنا (۳) نہایت تاسّف اور غم ہونا + غم یا درد و صدمے سے
بیتاب ہونا۔ چیخم دھاڑ پڑنا +

ہپّا- (۱) پوپلوں کے کھانے کی چیز۔ نگلنے کی چیز۔ نرم چارہ۔ کھچڑی +
بچّوں کے کھلانے کی ملائم کھچڑی۔ بچّوں کا کھانا۔ بچے بھی کھچڑی کو

(جب کوئی بڑی بوڑھی۔ خواہ رشتہ دار خواہ کوئی غیر عورت محبّت اور پیار سے بات کرتی ہے تو کلمۂ خطاب کی بجائے یہ لفظ زبان پر لاتی ہے۔ جیسے واری بتاؤ تو سہی کہاں چوٹ لگی) +

وَاری جانا۔ قربان ہونا۔ نثار ہونا۔ صدقہ جانا۔ بلاگرداں ہونا +

وَاری جاؤُں (کلمۂ خطاب) صدقے جاؤُں۔ بلاگرداں ہو جاؤُں۔ قربان ہو جاؤُں + نیز خوشامد کا کلمہ جیسے میں تیرے واری جاؤُں۔ مجھکو بھی تو کچھ دے۔ واری جاؤُں دھوپ میں پھر +

وَاری ہوکر مر جاؤُں۔ نہایت خوشامد کا کلمہ ہے۔ تم پر سے قربان ہو جاؤُں۔ بلاگرداں ہو جاؤُں +

وَاری ہونا۔ دیکھو (واری جانا) +

واہ واہ ہونا۔ تعریف ہونا تحسین ہونا + نادم ہونا جیسے بُوامّ نے بہن کا چالا ایسا کیا کہ تمام کنبہ میں واہ واہ ہو گئی +

وَقت پڑنا (۱) ضرورت پیش آنا۔ ضرورت ہونا (۲) مصیبت پڑنا۔ بپتا پڑنا۔ سنکٹ پڑنا۔ جیسے وقت کس پر نہیں پڑتا۔ وقت پڑے جانیئے۔ کو بیری کو میت (۳) وقت پیش آنا۔ مُشکل پڑنا۔ اڑی پڑنا۔ دشواری پڑنا +

وَقت گزر گیا بات رہ گئی (کہاوت) یعنی کام نکل گیا۔ شکایت رہ گئی +

وُوئی (تعجّب کا کلمہ) جیسے وُوئی یہ کیا ہُوا۔ وُوئی ٹکّی پڑے کان دھنگو نیز +

ہ

ہاتھ۔ دست۔ ید۔ پنجہ (۲) بس۔ قابُو۔ اختیار جیسے اپنے ہاتھ کی بات

نہیں (۳) باعث۔ سبب۔ وجہ جیسے تیرے ہاتھوں سے ناک میں دم ہے (۴) قوّت۔ طاقت۔ قدرت جیسے "جب نقصان پہنچا تمھارے ہاتھ سے پہنچا (۵) دستکار۔ کاریگر نیاں جیسے آج کل ہاتھ کم ہو گئے ہیں +

ہاتھ اُٹھانا۔ سلام کے واسطے ہاتھ اُونچا کرنا جیسے "بوامّ بڑی بُوڑھیوں کو بھی دیکھ کر ہاتھ نہیں اُٹھاتیں (۲) دست بردار ہونا کنارہ کش ہونا (۳) مارنا۔ پیٹنا۔ جیسے عورت پر ہاتھ اٹھاتے اِنہیں کو دیکھا ہے +

ہاتھ آنا۔ ہاتھ لگنا۔ میّسر ہونا + قابُو میں آنا۔ بس میں آنا +

ہاتھ بٹانا۔ کسی کام میں شریک ہونا۔ امداد کرنا۔ جیسے ساس نندوں کو جب کوئی کام کرتے دیکھا جھٹ ان کا ہاتھ بٹا لیا +

ہاتھ بَند ہُونا۔ (۱) ہاتھ تنگ ہونا۔ تنگ دست ہونا۔ مُفلس ہونا۔ روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا۔ غریب ہونا +

ہاتھ بھر کی زبان یا لَلّو ہُونا۔ زبان دراز ہونا۔ جواب میں بے ادب اور گُستاخ ہونا۔ جیسے یہ امّاں باوا کی لاڈلی ہیں۔ اِن کی بھی ہاتھ بھر کی لَلّو نہ ہوگی تو کس کی ہوگی +

ہاتھ پاؤُں پھُول جانا۔ (۱) ہاتھ پاؤں کا سُوج جانا (۲) بدحواس ہو جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ سراسیمہ ہو جانا +

ہاتھ پاؤُں ٹوٹنا۔ اعضا شکنی ہونا۔ ہڑ پھوٹن ہونا +

ہاتھ پاؤُں سے چھُوٹنا۔ جننے سے فراغت پانا۔ جن کر فارغ ہونا۔ تندرستی کے ساتھ جن کر کھڑا ہونا۔ جننے کی تکلیف اور

وار	نیل

رکھتا ہے۔ کہ آپ کھائے نہ اَوروں کو کھانے دے +

نیلے ہاتھ پاؤں (دعائے بد وکلمۂ تنفّر) ورگور +

نینؔ مُتنی۔ مرکّب از (نین + مُوت) تحقیراً رونی۔ چڑچڑی۔ بات بات پر رو دینے والی۔ بِسُور کر بات کرنے والی۔ ہر بات پر بے سبب رونے آزُردہ اور خفا ہونے والی +

نِیندڑیاں۔ نیند کی تصغیر۔ خوابِ راحت۔ سُکھ نیند۔ جیسے نیندڑیاں جگائیں موری سلطان عالم (گیت) +

نیوا ناس۔ مُرکّب از (نیو + ا + ناس) [بنیاد + الفِ اتصال + بربادی] بُنیاد و در بُنیاد و بربادی و خرابی۔ بیخ و بنیاد کی تباہی یا بربادی۔ ستیاناس۔ انہدام۔ (اس لفظ کی اصل دو طرح پر خیال میں آتی ہے اوّل تو یہ کہ نیو بمعنی بنیاد۔ الفِ اتصال اور ناس بمعنی بربادی سے مرکب ہے دُوسرے نیواں بمعنی ناؤں یعنی نام اور ناس سے مُرکّب ہے یعنی نام تک باقی نہ رہنا۔ اس صُورت میں نیواں ناس لکھنا چاہئے اور اُس صورت میں نیوا ناس) +

نیوا ناس جانا (دعائے بد) ستیاناس ہو جانا۔ اُجڑنا۔ برباد ہونا۔ جیسے تیرا نیوا ناس جائے +

نیوا ناس کرنا۔ جڑ بُنیاد سے کھونا۔ ستیاناس کرنا۔ برباد کرنا۔ اجاڑنا۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا + کھوج کھونا +

نیوا ناس کھونا۔ برباد کرنا۔ ستیاناس کھونا۔ بیخ و بنیاد سے کھو کر پھینک دینا۔ نیو تک اُکھاڑ ڈالنا۔ کھوج کھونا۔ بیخ و بُن سے تباہ و برباد کرنا۔ بگاڑنا۔ خراب کرنا +

نیوا ناس گیا۔ خانہ خراب۔ اُجڑا۔ کھوجڑے پیٹا۔ کھوج گیا۔ کھوجڑے گیا +

نیوا ناس ہونا۔ جڑ بنیاد سے جانا۔ ستیاناس ہونا۔ برباد ہونا۔ اُجڑنا۔ کھوج نہ رہنا۔ خراب ہونا +

نہوڑانا یا نہوڑا کر دُھونا۔ خُوب ملنا۔ خوب مل کر دھونا۔ جیسے نیوڑا کر سر دھو ڈالا +

و

وادی پر آنا / **اپنی وادی پر آنا** } اپنی عادت پر آنا۔ اپنی بان پر آنا۔ اپنی ضد پر آنا۔ ہٹ پر آنا۔ سخن پروری پر آنا۔ جیسے اپنی وادی پر آؤں تو ابھی ناچ نچاؤں +

وار پھیر۔ صدقہ اور نچھاور۔ وہ نقدی جو دُولہا یا دُلہن کے سر سے وار کر ڈومنیوں کو دی جاتی ہے وہ تصدّق کے پیسے یا روپے جو ساچق یا برات کے روز دُلہن کے اُوپر سے نثار کر کے میراثنوں کو دئے جاتے ہیں +

واری (۱) تصدّق۔ نثار۔ صدقے قُربان جیسے تیرے واری کہا مان جا۔ (۲۔ تکیہ کلامِ زناں) بجائے دعا۔ میں صدقے ہو جاؤں۔ بلہاری۔ واری جاؤں وغیرہ (۳) ایک پیار کا کلمہ اپنے پیارے یا آقا سے خطاب نوعمر یا جوان جیسے واری میرا قصور نہیں قصائی کا قصور ہے۔ (۴) شوق یا چاؤ میں اس قدر غرق کہ بل بل کرتی صدقے ہو جاؤں۔ مثلاً جب تک بہُو کواری تب تک ساس واری (۵) اظہارِ محبت و جاں نثاری کا کلمہ ہے۔ خیر خواہانہ خطاب +

نہ باسی بچے نہ کتّا کھائے (محاورہ) زیادہ ہوگا نہ اکارت جائیگا۔ گنی بوٹی ناپا شوربا۔ نہ زیادہ نہ کم ٭

نہ بولی نہ بولی بولی تو ایک پتھّر کھینچ مارا (کہاوت) یعنی یا تو بولتی ہی نہ تھی۔ جو بولی تو سخت کلامی سے پیش آئی ٭

نہال کرنا۔ یا۔ کر دینا۔ (۱) مالامال کرنا یا کر دینا٭ امیر بنانا یا بنا دینا۔ غنی بنانا یا بنا دینا۔ فراغبال کرنا یا کر دینا۔ بے پروا بنانا یا بنا دینا۔ سرفرازی بخشنا یا بخشدینا۔ ممتاز فرمانا یا فرما دینا۔ نوازنا٭ لہر بہر کرنا (۲) سرسبز و شاداب کر دینا۔ طراوت بخشنا۔ سیراب کرنا۔ سرخیز بنانا (۳) خوش کر دینا۔ مسرور کر دینا٭ مراد پر پہنچانا۔ کامیاب کرنا٭ مراد بخشنا۔ فلاح کو پہنچانا ٭

نہال ہونا۔ یا۔ ہو جانا۔ (۱) مالامال ہونا۔ امیر بن جانا غنی ہو جانا۔ بے پروا ہو جانا۔ آسودہ حال ہو جانا۔ دولت میں کھیلنا (۲) خوش و خرّم ہونا۔ باغ باغ ہونا۔ مسرور ہونا۔ فلاح کو پہنچنا۔ مراد کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا٭ (طنزاً ناخوشی و نامرادی کے موقع پر بھی بولتے ہیں) (۳) سرسبز و شاداب ہونا۔ سیراب ہونا٭ طراوت پہنچنا۔ تازگی حاصل ہونا۔ شادابی حاصل ہونا٭

نیا پھل دانت تلے
دشمن پاؤں تلے } جب عورتیں کوئی نیا پھل کھاتی ہیں تو یہ فقرہ زبان پر لاتی ہیں ٭

نیک قدم۔ مبارک قدم لونڈی۔ وہ باندی جس کا آنا گھر میں مبارک ہو۔ (نیک شگون کے خیال سے اکثر لونڈی باندیوں کے یہ نام رکھے جایا کرتے ہیں) ٭

نیکی اُترے (لکھنؤ) خدا کی سنوار ہو۔ جیسے نیکی اُترے۔ تمہارے ڈھنگوں پر۔ یہ کیا کر دیا (تفاؤلاً دعائے بد کی بجائے یہ لفظ زبان پر لاتی ہیں) ٭

نیگ (۱) حصّہ بخرہ۔ بانٹا٭ نذر بھینٹ (۲) بیاہ میں رشتہ داروں کو حقِّ شادی یا اپنے خدمتیوں کو انعام جو بطورِ رسم دیا جاتا ہے۔ دولہا یا دُلہن کی بہنوں اور بھائیوں کا حق جیسے کچھ تمہارا ہی نیگ نہیں ہے ٭

نیگ جوگ۔ بیاہ شادی کے موقع کا حق جو رشتہ داروں وغیرہ کو حسبِ رسم دیا جاتا ہے ٭

نیگ دینا۔ حقِ شادی یعنی بدھائی یا بدھاوا دینا۔ حسبِ رسم بیاہ شادی کے موقع پر رشتہ داروں کو اپنی توفیق کے موافق کچھ نقدی دینا٭ مبارکباد کا انعام دینا ٭

نیگ لگانا۔ (۱) اچھے موقع پر صرف کرنا۔ خوشی کی جگہ صرف کرنا (۲) برباد کرنا۔ کھونا۔ ضائع کرنا۔ خالصہ لگانا۔ جیسے بیوی کا زیور تک اونے پونے بیچکر نیگ لگا دیا ٭

نیگ لگنا۔ سُوارت ہونا۔ بجا صرف ہونا۔ خوشی کے موقع پر کام میں آنا ٭

نیگی جوگی۔ نیگ جوگ کے مستحق۔ بیاہ شادی کا انعام پانے کے مستحق٭ حقدار ٭

نیل گھونٹنا۔ لڑائی ڈالنا۔ پھٹک پیا ڈالنا۔ کلیس مچانا۔ کلکل ڈالنا۔ کہرام مچانا۔ جیسے اُس نے دو روز سے وہ نیل گھونٹ

ننگ

یعنی مفلس کا کوئی کچھ نہیں کر سکتا +

ننگی شمشیر - (۱) شمشیر برہنہ - تیغ عریاں - ننگی تلوار (۲) نڈر - بیباک - بے خوف - بے محابا - صاف گو - وہ عورت جو گفتگو میں کچھ شرم و حجاب نہ رکھے - آزاد منش (۳) صاحب جلال - باجلال درویش - فقیر صاحب تاثیر - (۴) صاحب عصمت و بے عیب - ستونتی - سیتا ستی - (۵) بلائے معلّق +

ننگی کیا نہائیگی کیا نچوڑیگی - یعنی اگر مفلس تہید ست دل والا بھی ہو تو کیا صرف کرے بے مایہ کی کچھ حقیقت نہیں ہوتی -

ننگی لچّی - یا - ننگی بوچی - (۱) وہ عورت جس کے پاس کپڑا لتّا گہنا پاتا نہو - برہنہ و بے زیور جیسے ہاتھ میں تانبے کا چھلّا بدن ہیں گوٹہ کا "تار" تک نہیں - ننگی لچّی ہو گئی (۲) مفلس قلّاش (۳) بالکل برہنہ - سرتاپا عریاں - زیور سے عاری +

ننّی کا جنا - نہایت بھولا - ناتجربہ کار - مُورکھ نادان +

نوباتیں چُنوانا - صحیح (نبات چنوانا) مصری کی نوڈلیاں جو دُلہن کے ہر ایک اعضا یعنی دونوں مونڈھوں کہنیوں - گھٹنوں - پیٹھ اور ہاتھ پر رکھ کر عین ریت رسم کے وقت دُولہا کے مُنہ سے بغیر ہاتھ لگائے چنواتے یعنی کھلواتے ہیں اُسے نوباتیں چُنوانا عورتوں کی اصطلاح میں کہتے ہیں - چونکہ نبات عربی میں مصری کے معنی ہیں - اور مسلمانوں ہی میں یہ رسم ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نبات کا نوبات عوام نے کر لیا ہے یہ ایک فرمانبرداری کا امتحان اور ٹوٹکا خیال کیا جاتا ہے - اسمیں دُودھا کو عورتیں خُوب ڈھکاتی اور حیران کرتی ہیں +

نہ

نوج - کلمہ دُعا (نعوذ کا بگڑا ہوا) (۱) خدا نکرے - ایسا نہو مبادا - خدانخواستہ - دُور پار - دُور باد (۲) حالتِ تنفّر یا خفگی میں بجائے حرفِ نفی جیسے میں نوج آئی ہوتی - تمہارا کام تو ایسا ہی الا راسی ہے - نوج تم سے کوئی کام کو کہے - (۳) مطلق کلمۂ نفی) - نہ - نہیں - مت - جیسے بیٹا ایسی برسات میں تم تو نوج پردیس جانا - یہ کام تم نوج کرو +

نوشِ جان فرمانا یا کرنا - کھانا - تناول فرمانا (جب کوئی شخص کھانے کی صلاح کرتا ہے تو جواب میں کہتے ہیں کہ نوشِ جان فرمائیے یا کیجئے - اور اگر کوئی بزرگ یا آقا کھانا کھاتا ہو اور کوئی دریافت کرے کہ کیا کر رہے ہیں تو جواب دیتے ہیں کہ کھانا یا خاصہ نوشِ جان فرما رہے ہیں) +

نوشِ جان ہو - انگ لگے - گوارا ہو - راس آئے - موافق ہو - سازگار ہو - تناول فرمانا مبارک ہو +

نوش فرمانا یا کرنا - (شرفا) کھانا پینا (دُوسرے کی نسبت تعظیماً بولتے ہیں) +

نوماسہ - وہ رسم[۱] جو نویں مہینے کے حمل میں ادا کی جاتی ہے - اور اُس میں پنجیری وغیرہ بنکر تقسیم ہوتی ہے +

نوناچماری - بنگالے کی ایک مشہور جادوگرنی کا نام +

نہ - (حرفِ نفی) لا - مت - نہیں +

نہ ایک ہنستا بھلا نہ ایک روتا بھلا (کہاوت) (۱) اکیلا آدمی نہ روتا اچھا نہ ہنستا اچھا (۲) تنہائی حالت میں بُری ہے

[۱] مفصل کیفیت ہماری فرہنگِ آصفیہ اور رسومِ دہلی میں دیکھو

ننگ	نمک

نمک - نون - کھار - ملح +

نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا - یا پھوٹ کر نکلنا - سارا کھایا پیا پھوڑے اور پھنسیوں کے رستے نکلنا + نمک حرامی کی سزا ملنا +

نمک چکھنا - سالن میں نمک کی کمی و بیشی معلوم کرنا +

نمک چھڑکنا - ستانا - جلانا - زیادہ تکلیف دینا +

نمک حرام - ناشکرا - ناشکرگزار - آقا کا بدخواہ - کور نمک +

نمک کا سہارا - ذرا سا سہارا - تھوڑا سا آسرا جیسے نمک کا سہارا بھی بہت ہوتا ہے +

نمک کی کنکری حرام ہونا - بالکل فاقہ سے رہنا - نمک تک منہ میں نہ جانا +

نمک کی مار پڑنا - نمک حرامی کی سزا ملنا - نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا +

نمک مرچ لگانا - (۱) چٹخارے دار بنانا - چٹکیلا بنانا (۲) مبالغہ کرنا - بات بڑھا کر بیان کرنا - حاشیہ چڑھانا (۳) چھیڑنا - جلانا - بھڑکانا - جیسے جلے کو جلائینگے نمک مرچ لگائیں گے +

نموہی - چپ چپکی - کم گو - کم سخن - خاموش + کم زبان - غریب + مسکین طبع جیسے وہ لڑکی صورت شکل والی - نموہی دست قلم ہنس خلق - اٹھ نموہے +

ننا - (۱) چھوٹا - خرد - (۲) بچہ - بانا - ناسمجھ (۳) لاڈلا - پیارا +

ننا سا - چھوٹا اور موزوں - بوٹا سا جیسے ننا سا قد +

ننا سا کلیجا - بچے کا دل - نازک و ناتواں دل +

ننا کاتنا - (۱) مہین کاتنا - (۲) از حد کفایت شعار ہونا جیسے تم تو ایسا ہی ننا کاتتی ہو کہ پانچ سو میں تمہارا سارا کاج ہو جائیگا

ننا منا - بہت چھوٹا سا +

نناواں یا ننانواں (۱) جس کا نام لینا اچھا نہ ہو - وہ چیز جس کا نام نہ لینا چاہئے - نام نہ لینے کے قابل (۲) ہیضہ - تخمہ - (۳) وہ شخص جس کا نام اس کی خست اور بدی کے سبب نہ لیں - (۴) منہ کا چھالا - تبخالہ +

نناویں - (۱) وہ چیز جس کا نام لینا برا خیال کریں - (۲) (بیگمات قلعہ) سورۂ یٰسین جو مرنے کے وقت پڑھی جاتی ہے (۳) چڑیل پچھل پائی - بھتنی (۴) خسیس عورت - کنجوس و منحوس عورت +

نند - خواہر شوہر - خاوند کی بہن +

نند کا بھائی - خاوند - شوہر - گھر والا - خصم + (یا ہر والیاں چونکہ خاوند کا نام زبان پر لانا خلاف آداب و تعظیم شوہری کی سمجھتی ہیں اس وجہ سے نند کا بھائی کہتی ہیں) +

نندڑیاں (لکھنؤ) نیند کی تصغیر جیسے نندڑیاں جگائیں موری سلطان عالم +

نندیا - (تصغیر بالمحبت) میری پیاری نند جیسے نہ مانے ری نندیا ہمارو بیر - کے تو دکھاوؤں میں چیرا چیر +

نندیا - (نیند کی تصغیر بالمحبت) پیاری نیند - میٹھی نیند - خواب شیریں - خواب راحت جیسے پیا جھوم جھوم نندیا آئی رے +

ننگا کرنا یا کر دینا - (۱) زیور اتار لینا - گہنا اتار لینا (۲) لوٹ لینا - صفایا کر دینا - موس لینا +

ننگا کھڑا اجاڑ میں ہی کوئی کپڑے لے - (کہاوت)

سطر ۱۔ تیچ : ریچ

نکل

نَکْ کَٹی ہونا۔ رسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ فضیحتی ہونا۔ تحقیر و ذلّت ہونا +

نِکلی ہونٹوں چڑھی کوٹھوں۔ (کہاوت) یعنی مُنہ سے بات نکلی اور مشہور ہوئی۔ منہ سے بات نکلی اور پرائی ہوئی +

نکّو۔ (۱) ناک والی۔ عزّت والی۔ تمکنت والی۔ صاحبِ غیرت۔ (۲) رُسوا۔ بدنام۔ معیُوب۔ داغی۔ (۳) بڑی ناک والی۔ وہ عورت جس کی ناک لمبی ہو +

نکّو بنانا۔ بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔ انگشت نما کرنا +

نکّو بننا انگشت نما ہونا۔ رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ نام نکلنا +

نکّو کرنا۔ انگشت نما کرنا۔ بدنام کرنا۔ رُسوائے عام کرنا۔ نام نکالنا +

نِکھ سُکھ (مرکّب از نکھ بمعنی ناخن سکھ بمعنی سر) پاؤں سے سر تک۔ از اوّل تا آخر۔ سر سے پاؤں تک +

نِکھ سُکھ سے۔ لفظِ دوم سکھ شاید سیس سے بگڑا ہوا لفظ ہے۔ سر پیر سے۔ پاؤں کے ناخن سے سر کی چوٹی تک ایڑی سے چوٹی تک۔ اوّل سے آخر تک۔ ابتدا اور انتہا سے +

(مسلمان عورتیں نِک سُک سے بولتی ہیں۔ جیسے نِک سُک سے دُرست ہے) +

نکھ سُکھ سے دُرُست۔ سب طرح سے بے عیب اور بے نقص۔ اوّل سے آخر تک عمدہ۔ خوبصورت اور موزُوں +

نِکھ سے سُکھ تک۔ پاؤں سے سر تک۔ ایڑی سے چوٹی تک۔ از ابتدا تا انتہا۔ از اوّل تا آخر۔ از سر تا پا۔ جیسے نکھ سے سُکھ تک گہنا اُتار دیا۔ نکھ سے سُکھ تک دُکھ سنا دیا۔ نِک سے سُکھ تک گہنا پہنے ہوئے کھڑی ا +

نگو

نِکھٹّو۔ (۱) وہ شخص جو کچھ کما کر نہ لائے۔ کوڑی نہ کھٹنے والا۔ وہ شخص جو کماؤ نہ ہو + ناکارہ + ہیچکارہ جیسے نکھٹّو کی جورُو سدا ننگی نکھٹّو آئے لڑتا۔ کماؤ آئے ڈرتا۔ (۲) وہ شخص جس کے گھر میں کھاٹ یعنی چار پائی تک نہ ہو۔ نہایت مفلس۔ قلّاش۔ تنگدست + (یہ لفظ اگر کھٹنا بمعنی کمانا سے خیال کریں تو کھٹ کر نہ لانے والا اور جو کھاٹ اس کا مادّہ قرار دیں تو مفلسی میں کھاٹ تک نہ رکھنے والا ہوں گے) +

نِکھرنا۔ صاف ہونا۔ میل دُور ہونا۔ اُجلا ہونا۔ جیسے آنولوں سے بال خُوب نکھرتے ہیں +

نِگوڑا۔ دراصل نگوڑا جسکے گوڑے یعنی گھٹنے یا پیر نہوں۔ رفتار سے عاجز + لنگڑا۔ لُولا۔ اپاہج۔ پا بُریدہ۔ بن پاؤں کا + نکمّا۔ ناکارہ۔ دُشٹ۔ رچنڈال۔ کم بخت۔ کم نصیب۔ بدقسمت ابھاگی + مصیبت زدہ۔ منحُوس۔ ناشاد۔ نامراد۔ مُوا۔ اُجڑا + نالایق + بے وارث۔ بے وارثا۔ جسکے آگے پیچھے کوئی نہو + محتاج۔ دست نگر + اکیلا۔ تنہا + عورتوں کا تکیہ کلام بھی ہے۔ اور بعض اوقات نہایت بے تکلّفی اور اخلاص کے موقع پر بھی زبان پر آتی ہیں جیسے آے ہے خدا کرے یہ نگوڑا جیتا رہے۔ اس نگوڑے نے کسی کا کیا بگاڑا تھا۔ جو لوگ اس کے دشمن ہو گئے + سالن پکایا تو اس گت کا یا تو نگوڑا اجلا بھلسا۔ یا ڈھب ڈھب قلیہ +

نِگوڑی۔ نگوڑا کی تانیث (بواوِ مجہُول) +

نِگوڑی ناٹھی۔ وہ عورت جسکے کوئی آگے پیچھے نہو۔ وہ عورت جو بے وارث و بے شوہر ہو۔ لاوارثی + بے شوہر و فرزند بیکس و بے اولاد +

نصی

نصیب کھلنا۔ قسمت کھلنا۔ طالع کا یاور ہونا +
نصیبوں۔ نصیب کی جمع +
نصیبوں جلا۔ بدبخت۔ بدطالع +
نصیبوں جلی۔ بنجتی۔ کمبخت۔ بدنصیب +
نصیبوں کا لکھا۔ تقدیر کا لکھا۔ نوشتۂ ازلی۔ مشیتِ ایزدی۔
قسمت کا لکھا۔ بدنصیبی اور بدطالعی کے موقع پر بولتے ہیں +
نصیبوں کو رونا۔ قسمت کے لکھے کو پیٹنا۔ تقدیر پر افسوس کرنا +
نظر (۱) نگاہ (۲) بصارت۔ روشنیٔ چشم (۳) نظرِ بد۔ چشمِ زخم۔ چشمِ بد۔
(۴) سایۂ جن و پری۔ آسیب +
نظر اتارنا۔ عین الکمال کا دفعیہ کرنا۔ نظرِ بد کا دفعیہ کرنا۔
صدقہ دینا۔ صدقہ وغیرہ سے چشمِ زخم کا دفعیہ کرنا +
نظر پر چڑھنا۔ ٹوک میں آنا۔ ہونس میں آنا۔ جیسے نہ اُن کی
ہال بچہ جاتا نہ نظروں پر چڑھتا +
نظر گزر۔ اثرِ چشمِ بد۔ عین الکمال۔ چشمِ زخم۔ سایۂ جن و پری +
نظر گزر کا۔ وہ چیز جو نظر لگ جانے کے خوف سے تھوڑی سی
کسی کو دیدی جائے۔ یا زمین پر گرادی جائے جیسے ہم کیا ندیدے
ہیں جو نظر گزر کا لیں +
نظر گزر ہونا۔ نظرِ بد کا اثر ہونا۔ نظر لگنا (۲) جن و پری کا سایہ ہونا +
نظر ہو جانا۔ نظرِ بد کا اثر ہو جانا۔ جن و پری کا سایہ ہو جانا +
نظر ہائی۔ ندیدی۔ نظر لگانے والی۔ شور چشم۔ عیون +
عورت جس کی نظر لگ جائے۔ وہ عورت جس کی نظر نقصان

نلک

یا ضرر پہنچائے۔ کھانے کی عمدہ چیز کو دیکھ کر للچانے اور گھورنیوالی +
نفاختی۔ (صحیح نفاقتی) منافقہ۔ دوغلی۔ کپٹن۔ دورو +
نقار خانہ میں طوطی کی آواز کون سُنتا ہے (کہاوت)
یعنی بڑے کارخانوں میں چھوٹوں کی آواز کوئی نہیں سُنتا +
نکاح کی سی شرطیں کرنا۔ نہایت حجت کرنا کسی کام کی
بخوبی پختگی کرنا۔ بخوبی اطمینان چاہنا + حجتی کی نسبت بولتے ہیں
کہ تم تو نکاح کی سی شرطیں کرتی ہو +
نکاحی نہ بیاہی منڈو بہو کہاں سے آئی (کہاوت)
یعنی خواہ مخواہ رشتہ دار بن بیٹھی +
نک توڑا۔ مرکب از (ناک + توڑا) حرکتِ بیجا۔ ناز و نخرہ +
بمعنی حرکت
رنجشِ بیجا۔ یعنی آزادگی + کلامِ طنز آمیز جو ناک چڑھا کر کیا جائے
بولی ٹھولی۔ نظرِ تحقیر + نخوت تبختر۔ غرور۔ احسان و منت +
نک توڑے اُٹھانا۔ نازِ بیجا کی برداشت کرنا۔ ناز اُٹھانا +
نک توڑے توڑنا۔ نخرہ کرنا۔ اترانا + نک نک کرنا۔ طنز
مارنا + ناک بھوں چڑھانا۔ ناک مارنا۔ مزاج کرنا۔ احسان جتانا +
نکٹی۔ (۱) وہ عورت جس کی ناک کٹی ہوئی ہو۔ (۲) چپٹی ناک والی۔ ناک
بیٹھی۔ وہ عورت جسکی ناک کٹی ہوئی ہو۔ (۳) بلی گربہ (۴) بیغیرت۔
بےشرم اور بےحیا عورت +
نک چڑھی۔ بددماغ۔ دماغدار۔ بدمزاج۔ جیسے وہ ایک نک
چڑھی اور دماغ دار ہے +
نک کٹی۔ رُسوائی۔ بدنامی۔ سُبکی۔ خفت۔ ذلت + بیعزتی۔ بےحرمتی۔
فضیحت۔ تحقیر۔ مذلت۔ خواری۔ تفضیح +

نتھنوں میں دم ہونا۔ ناک میں دم ہونا۔ تنگ آنا۔ بتنگ ہونا۔ عاجز ہونا +

نَٹ کھَٹ۔ (۱) نکھٹو۔ جو کماؤ نہ ہو (۲) مجازاً عیّار۔ مکّار۔ دغاباز۔ بد۔ بدذات۔ شریر۔ ڈنگی۔ بیباک۔ کپٹی۔ چھلیا۔ پاکھنڈی۔ فریبی۔ غارت پیشہ۔ فتنہ انگیز۔ لڑاکا۔ فتنہ پرداز +

نِچلا۔ خاموش۔ چُپ چاپ۔ بے حرکت۔ ساکت +

نِچلا بیٹھنا۔ چُپ چاپ بیٹھنا۔ چُپکا بیٹھنا +

نِچلا نہ رہنا۔ چُپ نہ رہنا۔ ایک حالت پر نہ رہنا۔ چُپکا نہ رہنا +

نِچھاوَر۔ (۱) نثار۔ نُثار۔ بکھیر۔ اُتارا۔ وہ نقدی یا جنس جو بطورِ صدقہ کسی کے اُوپر سے اُتاری جائے (۲) وہ قیمت جو کسی چیز کے عوض دیجائے۔ ہدیہ +

نِچھاوَر کرنا۔ وارنا۔ تصدّق کرنا۔ نثار کرنا۔ سر کے اُوپر سے بکھیرنا۔ بکھیر کرنا +

نَخرے۔ (نخرہ کی جمع) ناز۔ لاڈ۔ چاؤ۔ چوچلے +

نَخرے بگھارنا۔ ناز اور لاڈ کرنا۔ چوچلے دکھانا۔ چاؤ چوچلے کرنا +

نَخرے پیٹی۔ نخرے باز۔ بات بات میں غمزہ کرنے والی۔ وہ عورت جو اپنے غرور میں آپ مری جائے +

نَدیدی۔ نظر ہائی وہ عورت جسے کبھی کچھ میسّر نہ ہوا ہو۔ لالچن۔ لوبھن +

نَرغا کرنا۔ گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ گھیرا ڈالنا۔ چاروں طرف سے گھیرنا۔ کائیں کائیں کرکے پیچھے پڑ جانا +

نَسا جال۔ (۱) رگوں کا جال۔ رگوں کا مجموعہ۔ پٹھوں کا گچھا۔ افراطِ عصبات (۲) بڑا جال جس سے نکلنا دشوار ہو۔ مکڑی کا سا جالا کہ اس میں ہر ایک پھنس جاتا ہے۔ توڑ جوڑ جیسے اِن کے پھندے سے نکلنا مشکل ہے۔ اِنہوں نے تو بڑا نسا جال پھیلا رکھّا ہے +

نِشان۔ (۱) آثار۔ علامت۔ کھوج۔ پتا۔ سُراغ۔ چِنہ۔ چِن۔ نقش۔ چھاپا۔ ٹھپّا۔ نام و نشان (۲) یادگاری۔ یادگار۔ نشان (۳) جھنڈا۔ باؤٹا۔ علم۔ توغ۔ سنجق۔ دھجا۔ پوا۔ رایت۔ پتاک (۴) وہ انگوٹھی چھلّا جو منگنی یا ساچق کے روز دُولھا والے دُلہن کو اور دُلہن والے دُولھا کو پہناتے ہیں (۵) داغ۔ دھبّا۔ رگڑ۔ کھرنچ +

نِشان چڑھانا۔ منگنی یا ساچق کے روز انگوٹھی۔ چھلّا وغیرہ دُلہن کو جاکر پہنانا +

نَصیب۔ قسمت۔ حصّہ۔ بہرہ۔ تقدیر۔ مقدّر +

نصیبِ اعدا۔ کلمۂ دعا۔ نصیبِ دشمناں یعنی دشمنوں اور بُرا چاہنے والوں کو نصیب ہو۔ جب کسی دوست یا عزیز کی بیماری کا ذکر کرتے ہیں تو اُسوقت یہ کلمہ اُن کے نام کی بجائے زبان پر لاتے ہیں +

نصیب پھوٹ جانا۔ قسمت بگڑنا۔ اِدبار آنا۔ بُرے گھر بیاہا جانا۔ جیسے میرے نصیب پھوٹ گئے جو تجھسے بیاہی گئی +

نصیبِ دُشمناں۔ دُعا۔ (دیکھو نصیبِ اعدا) +

نصیب کا لکھّا۔ قسمت کا لکھا۔ بدنصیبی کے موقع پر بولتی ہیں +

نصیب کو رونا۔ تقدیر کا شکوہ و محبّت کا گلہ کرنا +

نام

دبائی جاتی (۲) دعوےٰ ہونا۔ کسی جگہ پر استحقاق ہونا۔ تعلّق ہونا
موروثیت کا دعوےٰ ہونا۔ کسی جگہ سے دلی محبّت و اُنس ہونا
جیسے یہاں کیا تیرا نال گڑا ہوا ہے۔ (۳) مسقط الراس ہونا
زاد بُوم یا جنم بھوم ہونا۔ (مشہُور ہے کہ جس جگہ آدمی کا نال گڑتا ہے
اُس جگہ سے اُسے دلی محبّت ہوتی ہے) +

نام (۱) ناؤں۔ اسم۔ (۲) لقب۔ کنیّت۔ (۳) شہرہ۔ شہرت +

نام اُچھالنا۔ (۱) نام روشن کرنا (۲) نام بدنام کرنا۔ ڈھونڈی پٹیا
بدی کو شہرت دینا۔ شہرہ کرنا۔ تشہیر کرنا۔ گڈّا بنانا۔ رسوائی کرنا۔ شہرت دینا +

نام بدنام کرنا۔ کلنک لگانا۔ رسوا کرنا۔ داغ لگانا۔ عیب لگانا
تہمت لگانا۔ بٹہ لگانا +

نام پر بیزار مارنا۔ کسی کے نام سے نہایت متنفّر ہونا۔ نام تک سے بیزار ہونا +

نام چار کو۔ برائے نام۔ یُونہیں سا۔ ذرا سا۔ مقدارِ قلیل۔ بہت
ہی تھوڑا +

نام دھرنا۔ عیب نکالنا۔ عیب لگانا۔ خردہ بینی کرنا۔ نکتہ چینی کرنا +

نام دھروانا۔ برا کہلوانا۔ دوش لگوانا +

نام ڈُبونا۔ عزّت کھونا۔ رسوا ہونا +

نام رکھنا۔ عیب لگانا۔ عیب رکھنا۔ بدنام کرنا +

نام روشن ہونا۔ (۱) مشہُور ہونا۔ شہرت پانا (۲ طنزاً)
بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا +

نام کو۔ برائے نام۔ نام چار کو۔ کہنے کو +

نام لیوا۔ (۱) نام لینے والا۔ یادگار (۲) وارث۔ بیٹا۔ اولاد +

نتھ

نام مٹنا۔ نام جاتا رہنا۔ ناپید ہونا۔ نام کا نیست و نابُود ہونا +

نام میرا گانوں تیرا (کہاوت) (۱) خود مال مارنا دوسرے
کو دھوکے میں رکھنا (۲) کوئی کمائے کوئی کھائے +

نام نکالنا۔ بُرائی کے ساتھ مشہور کرنا۔ بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا +

نام نکلنا۔ بُرائی یا بھلائی کے ساتھ مشہُور ہونا +

نام نمُود۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ ٹھاٹ باٹ۔ عزت و نمایش جیسے
میں تو اگلوں کی نام و نمُود کو نباہ رہی ہوں +

نام و نشان باقی نہ رہنا۔ معدوم ہو جانا۔ نیست و
نابود ہو جانا۔ کوئی نہ رہنا +

نانُکر ط۔ انکار۔ نہیں۔ حیل حجّت۔ حیلہ حوالہ +

نانی کے آگے ننھیال کی باتیں۔ ایک عزیز کی شکایت
دُوسرے عزیز کے سامنے۔ کسی کے عزیز کی شکایت اُسی کے عزیز کے
رُوبرُو۔ فریب سے واقف کو فریب دینا۔ چاتر کو مورکھ سمجھنا +

نتھنوں (نتھنا کی جمع) سُوراخِ بینی۔ منخرے +

نتھنوں میں تیر دینا۔ ضیق میں کرنا۔ از حد تنگ کرنا۔ ناک چنے
چبونا۔ کچّے گھڑے پانی بھروانا۔ جیسے ارے اِن غلیا نیوں نے
اندر ہی اندر مُوس کے مجھے کھُک کر دیا۔ ایک ایک کے نتھنوں میں
تیر دُونگی۔ رتلوں میں سے تیل نکال لُونگی + (یہ ایک بیل زادہ کی سزا تھی)

نتھنوں میں دم کرنا۔ ناک میں دم کرنا۔ ستانا۔ خُوب دِق کرنا۔
ناک چنے چبوانا۔ جیسے بچے کے لیے پیسہ نہو تو سبر دیکھو سارا
گھر سر پر اُٹھائے۔ نتھنوں میں دم کر دے + (اب کم بولتے ہیں)

ہونے لگا۔ اپنی عزّت اور غیرت کے خیال میں مبتلا رہنا) +

ناک رگڑنا۔ زمین پر ناک گھسنا۔ نہایت منّت سماجت کرنا۔ بہت سا عجز و انکسار کرنا۔ خوشامد کرنا۔ خوشامد درآمد کرنا ہا ہا کھانا۔ الحاح وزاری کرنا + منّت وزاری کرنا جیسے سالی اور عجز و انکساری کرنا +

ناک رگڑے کا بچّہ۔ اللہ آمین کا بچّہ۔ بھڑکے کی اولاد۔ وہ بچّہ جو نہایت ہی منتوں اور دعاؤں سے پیدا ہوا ہو بھڑکن کا بچّہ +

ناک کا بال۔ نہایت عزیز مقرّب اور گہرا دوست مُنہ چڑھا مصاحب وہ شخص جس کی بات سرکار میں بہت مانی جائے۔ مصاحبِ خاص۔ معتمد علیہ جیسے دو چار لپچھنیاں خوشامد چوٹیاں ناک کا بال بنی ہوئی ہیں +

ناک کاٹنا (۱) ناک اُتارنا کسی چیز سے ناک کو تراش دینا۔ جیسے مُیاں ناک کاٹنے کو پھریں۔ بیوی کہے مجھے نتھ گھڑا دو (۲) آبروریزی کرنا۔ بے عزّتی کرنا (۳) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا +

ناک کان کاٹنا۔ (۱) نکٹا اور بُوچا بنانا۔ مُثلہ بنانا (۲) بے عزّت کرنا۔ رُسوا کرنا۔ تضحیک کرنا۔ فضیحت کرنا +

ناک کٹانا۔ رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ رُسوائے خلائق ہونا۔ عزیزوں میں رُسوا ہونا +

ناک کٹنا۔ (۱) ناک ترشنا۔ بینی کا بریدہ ہونا۔ نکٹا ہونا۔ (۲) بےعزتی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔ آبرو جانا۔ ذلیل و خوار ہونا۔ کسی کے سامنے خفیف و سُبک ہونا۔ جیسے جب نتھ

نک کی گرہوں پڑگئی تو کہو ناک کٹی یا رہ گئی +

ناک لگا کر بیٹھنا۔ عزّت لیکر بیٹھنا۔ عزّت و حرمت والی بنکر بیٹھنا۔ معزز بننا۔ صاحبِ غیرت ہونا +

ناک مارنا۔ اِکراہ کرنا۔ کراہیت کرنا۔ حقارت کی نظر سے دیکھنا ناپسند کرنا۔ ناک چڑھانا۔ جیسے بُرے کھانے کو دیکھکر ناک مت مارو +

ناک میں تیر دینا یا کرنا۔ تیر سے ناک چھیدنا۔ خُوب حیران کرنا ازحد دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ نتھنوں میں تیر کرنا +

ناک میں تیر ہونا۔ نتھنوں میں تیر ہونا۔ نہایت ستایا جانا۔ اذیّت پہنچنا +

ناک میں دَم کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ حیران کرنا جیسے "تمہارے لڑکوں نے میرا ناک میں دم کرر کھّا ہے" +

ناک میں دَم لانا۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ حیران کرنا +

ناک کٹی مُبارک کان کٹے سلامت (کہاوت) یعنی سخت بیحیائی برنا دم نہیں ہوتی۔ نہایت بے عزت +

ناک والی۔ غیرت والی۔ عزّت والی۔ تمکنت والی عورت +

ناگُنی۔ گن نہ ماننے والی۔ ناشکر۔ احسان فراموش محسن کُش۔ کور نمک

نال۔ آنول نال +

نال کٹائی۔ دائی کا وہ حق جو نال کاٹنے کی بابت دیا جاتا ہے۔ نال کاٹنے کی اُجرت یا نیگ +

نال گڑنا۔ (۱) آنول نال دفن ہونا۔ بچّے کی ناف کاٹ کر گھر میں

ناک	مین

میں میخ نکالنا - نکتہ چینی کرنا۔ عیب نکالنا۔ حجت نکالنا +

مینہدی - (دیکھو مہندی) +

ن

ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا (کہاوت) کام آتا نہیں ناحق کا حیلہ حوالہ +

ناخنوں سے گوشت جدا نہیں ہوتا (کہاوت) یگانوں کی دشمنی قایم نہیں رہا کرتی - اپنے نہیں چھوٹا کرتے۔ اپنے کسی حال میں غیر نہیں ہو سکتے +

ناریل توڑنا - مسلمانوں کی ایک رسم جو ایام حمل میں برتی جاتی اور اُس کے توڑنے سے لڑکا یا لڑکی کے پیدا ہونے کا شگون لیتے ہیں۔ مثلاً اگر اندر سے خالی یا خراب نکلا تو لڑکا اور بھرا ہوا اور عمدہ نکلا تو لڑکی ہوگی +

ناس - خرابی - بربادی - تباہی - ویرانی +

ناس کر دینا یا کھو دینا یا ملا دینا - بگاڑ دینا۔ خراب کر دینا۔ تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ غارت کر دینا۔ نقصان پہنچا دینا۔ اُجاڑ دینا۔ فنا کر دینا۔ نیست و نابود کر دینا +

ناس ہو جانا - خراب و تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ فنا ہو جانا۔ اُجڑ جانا۔ خاک میں مل جانا۔ ملیا میٹ ہو جانا خانہ خراب اور ویران ہو جانا +

ناسور ڈالنا - گھاؤ ڈالنا - زخم ڈالنا یعنی اُس نے جلاتے جلاتے میری چھاتی میں ناسور ڈال دئے (ڈالا میں بصاد ڈھلا بھی درست ہے) +

ناشاد نامراد جائے - (دعائے بد) دنیا سے پُر ارمان رخصت ہو - ارمان لیکر جائے - بے آس اولاد مر جائے +

ناک - بینی - ناسکا +

ناک پر پتیا پھر جانا - ناک کا چپٹا ہو جانا۔ ناک کا بیٹھ جانا۔ (چپٹی ناک والے کے حق میں پھبتی کے طور پر کہتے ہیں) +

ناک چڑھانا - تیوری چڑھانا۔ تیوری میں بل ڈالنا۔ بگڑنا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا + بیزار ہونا۔ ناپسند کرنا۔ خاطر میں نہ لانا +

ناک چڑھی رہنا - تیوری چڑھی رہنا۔ بد مزاج بنا رہنا۔ نخوت سے مزاج درست نہ رہنا۔ اپنی شیخی میں آپ ہی کھولتے رہنا +

ناک چنے چبوانا - از حد تنگ کرنا۔ از حد دق کرنا۔ نہایت سخت سزا دینا۔ نیز ناممکن کام لینے سے مراد ہے +

ناک چوٹی کاٹ کر ہاتھ دینا - نہایت رسوا کرنا۔ کار بد کا نتیجہ ہاتھ دینا۔ سزائے سخت دینا۔ بے عزت اور رسوا کرنا +

ناک چوٹی کاٹنا - رسوائی کی سزا دینا۔ سزائے سخت دینا۔ جیسے اگر اس میں میرا قصور ہو تو ناک چوٹی کاٹ لو +

ناک چوٹی گرفتار ہونا یا ناک چوٹی میں گرفتار ہونا - نہایت صاحب غیرت و باحمیت ہونا۔ از حد نازک مزاج و دماغدار ہونا۔ غیرت و حرمت کے خیال میں مرے جانا۔ متکبر و خودبیں ہونا (۲) اپنے ہی بکھیڑوں سے فرصت نہ ہونا۔ فکر معیشت میں گرفتار رہنا۔ اپنے ہی مخمصوں میں رہنا +

(چونکہ ناک اور چوٹی سے عورت کی عزت ہے لہٰذا معنی مذکورہ بالا اطلاق

عــه میخ دراصل میکھ سے کر لیا ہے - جس کے معنی برج حمل یعنی میکھ راس ہیں +

میٹ

ایک سے دس۔ ساس نند کو چھوڑ دو۔ ہمیں تمہیں بس (۳)
(کلمۂ محبت و شفقت برائے اطفال) صاحبزادے۔ ننھے۔
مُنا۔ پیارے۔ بیٹا۔ جانی۔ جیسے میاں آوے دُوروں سے
گھوڑے باندھوں کھجُوروں سے۔ دیگر فقرے۔ میاں!
جن کی گود میں تم بیٹھے ہو۔ یہ تمہاری کون ہیں؟ میاں!
بھلا بتاؤ تو کیوں مہمان جمع ہوئے ہیں +

میٹھا۔ (۱) شیریں۔ ترش و نمکین کا نقیض (۲) حلوا سوہن
بھوگ (۳) ایک شیریں پھل از قسمِ لیمو +

میٹھا برس۔ عمر کا اٹھارھواں برس +

میٹھا مُنہ کرنا۔ (۱) مٹھائی کھلانا۔ شیرینی کھلانا (۲) مٹھائی
کھانا۔ شیرینی نوش فرمانا۔ شیرینی سے مُنہ کا ذائقہ بدلنا
(۳) منگنی کرنا۔ نسبت کرنا۔ پان کھلانا۔ مصری کی ڈلی کھلانا۔
(۴) رشوت دینا۔ (مُنہ میٹھا کرنا زیادہ بولتے ہیں) +

میٹھا میٹھا درد۔ دردِ خفیف۔ کم کم درد +

میٹھا میٹھا ہپ ہپ کڑوا کڑوا تھو تھو (کہاوت)
یعنی مزے مزے کا ہپ کر جائیں اور بدمزا تھوک دیں +

میٹھی چھُری (کہاوت) دشمنِ دوست نما۔ خوشامدی دشمن۔
شہد کی چھُری۔ ظاہر میں گہرا دوست باطن میں جڑ کاٹنے والا +

میدہ کی لوئی۔ (تشبیہاً) نہایت ملائم پیٹ۔ لچی سا پیٹ +

میدہ و شہاب۔ سرخ و سفید۔ آدمی کے رنگ کی تعریف
میں یہ کلمہ بولتے ہیں۔ خوبصورت۔ گورا چِٹّا +

میراثن۔ ڈومنی۔ مُطربہ +

میرا حلوا کھائے۔ قسمِ سخت۔ مجھے پیٹے۔ مجھے ہے ہے

میں

کرے۔ میری ہتی کھائے۔ یعنی اگر میرا کہا نہ کرے تو مجھے مُردہ دیکھے +

میرا ماتھا جبھی ٹھنکا تھا۔ مجھے جبھی اندیشہ ہوا تھا میرے
دل پر یہ بات سُنتے ہی کھٹکا گزرا تھا +

میری آنکھوں سے دیکھو۔ یہ فقرہ طنزاً اُس وقت
زبان پر آتا ہے۔ جب ایک چیز بڑی ہو مگر جتانے پر بھی دُوسرا
شخص اُسکی برائی نہ دیکھ سکے تو کہتے ہیں کہ خدا نے تمہیں تو یہ
بینائی نہیں دی۔ ہماری بینائی سے کام لیکر اس کے عیب و
صَواب کو دیکھو۔ یا جب کوئی چیز سامنے موجود ہو۔ اور دُوسرا
اُسے نہ دیکھ سکے تو اُس وقت بھی یہ فقرہ زبان پر آتا ہے جیسے
میرے دوپٹے کا کھوجڑا کھو دیا۔ ذرا میری آنکھوں سے دیکھو اپنے
دل میں قائل ہو۔ ایسا ہی مصالح ٹانکا کرتے ہیں +

میری پیزار سے یا میری جُوتی سے۔ میری بلا سے۔
مجھے کچھ غرض نہیں۔ کیا پرواہ ہے +

میکا۔ عورت کی ماں کا یا باپ کا گھر۔ پیہر +

میکا بسانا۔ سُسرال کو چھوڑ کر ماں باپ کے گھر آ رہنا۔ ماں کے گھر
رہنا اختیار کر لینا +

میں تیرے صدقے۔ نہایت خوشی اور خوشامد کے موقع پر
اپنے پیارے کی نسبت یہ محاورہ بولتی ہیں۔ قربانت شوم کا ترجمہ میں تیرے
بلہاری۔ بل جاؤں۔ قربان ہوں۔ واری جاؤں۔ صدقے ہوں +

مینڈکی کو زکام۔ (کہاوت) ناممکن و خلافِ عقل بات یعنی جو چیز
خود پانی میں رہنے والی ہو۔ اُسے نقصان ہونا تعجب ہے +

مون

مُونڈی ۔ یا ۔ مُنڈیا ۔ مونڈ کی تصغیر بالتحقیر بحالت تنفر حقارتاً گھٹیل سر بیوقعت سر جیسے من چاہے مُنڈیا ہلائے ۔ مُونڈی کاٹا +

مُونڈی کاٹا ۔ سر بریدہ ۔ سرکٹا بن سرا ۔ مجازاً نگوڑا ۔ مرنے جوگا مُوا ۔ باہر کی عورتیں حالتِ تنفر میں مرد کو اِس لفظ سے خطاب کرتی ہیں ۔ جیسے مُونڈی کاٹے سقہ نے ناک میں دم کر رکھا ہے +

مُوئی مٹّی ۔ (۱) جسمِ مُردہ ۔ جسدِ مردہ ۔ میّت ۔ لاش ۔ نعش ۔ لوتھ (۲) شخصِ مردہ ۔ متوفّی ۔ فوت شدہ ۔ مرا ہوا (۳) مرحوم مغفور مبرور +

مُوئی مٹّی کی نشانی ۔ متوفّی کی اولاد ۔ مرے ہوئے آدمی کی نشانی ۔ ماں یا مرے ہوئے باپ کی اولاد +

مہامنڈل ۔ بڑا ڈولا جس میں مہارانیاں ۔ امیرزادیاں ۔ نوّاب زادیاں پالکی یا پینس کی بجائے سوار ہوا کرتی تھیں +

مہرِ شرعی ۔ وہ مہر جو شرع محمدی کے موافق باندھا جائے ۔ امامِ اعظم رح کے نزدیک اُسکی کم سے کم مقدار دس درہم ہے ۔ اور امامِ مالک کے نزدیک چوتھائی دینار امام شافعی و امام احمد و حنبل کے نزدیک جو چیز قیمت کی صلاحیت رکھتی ہو ۔ چونکہ دینار دس درہم کا ہوتا ہے پس امام مالک کے نزدیک کم سے کم ڈھائی درہم کا مہر ہوا ۔ زیادہ سے زیادہ مہر کی تعداد نہیں خاوند کے مقدور پر منحصر ہے +

مہرِ فاطمہ ۔ چونکہ حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا دخترِ نیک اختر رسولِ مقبول صلے اللہ علیہ وسلّم کا مہر چار سو مثقال چاندی کا تھا جس کی مقدار کل ڈیڑھ سو روپے کلدار ہوئے ۔ کیونکہ ایک مثقال ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے ۔ پس مہرِ قلیل پر اسکا اطلاق ہونے لگا ہے +

میا

مہندی یا مہندھی ۔ (۱) حنا ۔ ایک قسم کے درخت کا نام جس کے پتے پیس کر لگانے سے ہاتھ سُرخ ہو جاتے ہیں ۔ (۲) رسمِ حنا بندی جو ساچق کے دُوسرے روز برات سے ایک دِن پیشتر عمل میں آتی ہو ۔ اس تقریب میں دُولہا کی بہنیں اور رشتہ دار گندھی ہوئی مہندی خوان میں رکھ کر اور اُس میں شمعیں لگا کر مع سامانِ دیگر بڑی دُھوم دھام کے ساتھ دُلہن کے مکان پر جاتی ہیں ۔ (۳) کاغذ کا ڈھانچ مثلِ تعزیہ جو ساتویں محرّم کو بنایا جاتا اور اُس کے چاروں گوشوں پر شمع روشن کی جاتی ہے ۔ نیز وہ اشعار جو حضرتِ قاسم علیہ السلام کی رسمِ حنا بندی کی یادگار میں پڑھے جاتے ہیں (۴) اولیاء اللہ کے مزاروں پر بھی عرس سے ایک روز پیشتر مہندھی چڑھانے کا دستور ہو گیا ہے +

مہینا چڑھنا ۔ (۱) کسی کے ذمّہ مہینہ کی تنخواہ کا ہو جانا ۔ مشاہرہ نہ ملنا ۔ مشاہرہ باقی رہنا (۲) حیض کا دن ٹل جانا ۔ معمول کے دن گزر جانا +

مَیّا بندی ۔ (۱) بندۂ عاجز ۔ (بادرِ عاجز) اپنے بچّے کی طرف اشارہ ہے جیسے مَیّا بندی کے کہاں چوٹ لگی ۔ کل تو مَیّا بندی کا بُرا حال ہو گیا تھا (دہم کے سبب اولاد کی بجائے اپنا نام لیتی ہیں) +

میاں ۔ (۱) آقا ۔ والی ۔ وارث ۔ خداوند ۔ مالک ۔ سرکار ۔ سوامی ۔ حضور ۔ مخدوم ۔ حاکم ۔ سردار ۔ جیسے نوکر کا کیا مقدور جو میاں کے سامنے بات کر سکے کہاں میاں کہاں غلام (۲) خاوند ۔ شوہر ۔ خصم ۔ بھرتا ۔ پتی ۔ میّاں ۔ بالم ۔ پیا ۔ جیسے میاں کے سیاں گئے ۔ بڑے بڑے پھپنے آکے میاں ناک کاٹنے کو پھریں ۔ بیوی کہیں مجھے نتھ گھڑوا دو ۔ میاں کمائے کیا ہو ۔

ا؎ مفصل کیفیت ہماری فرہنگ آصفیہ اور رسوم دہلی میں دیکھو ۔

موا

مُوآ (۱) مُردہ۔ مرا ہُوا۔ بے جان۔ جیسے سویا اور مُوا برابر (۲) نگوڑا۔ کمبخت۔ کم نصیب۔ ناشاد۔ نامراد۔ خانہ خراب۔ (اکثر بحالتِ آزردگی۔ تنفّر و ناز یہ لفظ زبان پر آتا ہے) جیسے "موئے کی شامت آئی ہے مُوا مجھی کو روز ستاتا ہے" +

مَوپر آنا (۱) جوانی میں بھرنا۔ جوبن پر آنا۔ جوان ہونا۔ بالغ ہونا (۲) پکنا۔ پختہ ہونا۔ پکاؤ یا پختگی پر آنا +

مُوتیوں سے مانگ بھرنا۔ مانگ میں موتی پرونا +

مُوتیوں سے مُنہ بھرنا یا دَہن بھرنا۔ خوش گفتاری خوش بیانی یا خوش خبری و مدح سرائی کے انعام میں جواہرات سے مالامال کر دینا۔ نہال کر دینا۔ دولت مند بنا دینا۔ مستغنی عن المال کر دینا +

مُوٹا ساطُوفان۔ بڑا بھاری بہتان۔ الزامِ سخت +

مُوٹی گالی۔ سخت گالی۔ دشنامِ سخت۔ فحش گالی +

مُوچھوں کا کونڈا۔ سیل کا کونڈا۔ وہ نیاز[1] جو لڑکے کی مسیں بھیگنے پر عورتیں دلواتی ہیں + مسلمان عورتوں کا دستور ہے کہ جب ان کے لڑکے کی موچھیں نکلیں یعنی مسیں بھیگتی ہیں تو اُس کی سلامتی اور علاماتِ بلوغ کے شکریہ میں حضرت فاطمہؓ خاتُونِ جنّت کی نیاز سوتیوں پر دلواتی ہیں جس میں شادی کی طرح بہت سے کنبہ رشتہ کے آدمی جمع کئے جاتے ہیں +

مُوس کے کھا جانا۔ کسی کا مال دغا و فریب سے کھا لینا۔ ٹھگ کر کھا جانا۔ لوٹ کر کھا جانا۔ ہاتھ مارنا۔ جیسے "اُن کیطرح میں بھی بے سُدھ ہو جاؤں تو یہ خُطّامائیں مُوس کر کھا جائیں" +

موس

مُوس کے کھک کر دیا۔ لُوٹ لُوٹ کر فقیر کر دیا۔ بالکل نادار بنا دیا۔ کوڑی پاس نہ چھوڑی۔ خُوب لُوٹا۔ دغا و فریب سے خوب مال اڑا +

مُوسنا۔ چرانا۔ گھُوسنا۔ دغا فریب سے کھانا۔ لوٹنا۔ ہاتھ رنگنا۔ مال مارنا۔ مال اُڑانا۔ دھوکا دیکر لینا۔ چھل کر کھانا۔ جیسے "نانی دادی کو مُوسا خوب گلچھرّے اُڑائے" "تجھ مجھ کو مُوسا جب اپنے بچّوں کو پالا نہیں تو بیوی کے گھر میں دھرا تھا خاک" +

مُولی اپنے ہی پتّوں بھاری ہے۔ یعنی جب اپنا ہی بوجھ نہیں سنبھل سکتا تو دوسرے کا بوجھ ہم کیا اٹھائینگے۔ جب اپنا ہی مشکل سے گزر ہے تو دوسرے کی خبر گیری کس طرح کریں +

مُوم کی مَریم۔ نہایت نازک جو گرمیٔ نگاہ سے پگھل جائے۔ چھوئی موئی۔ وہ جو ہاتھ لگانے سے میلی ہو۔ مُونا چُومنا + (مریم سے مُراد اچھوتی ہے کیونکہ اُن کو مرد نے ہاتھ نہیں لگایا تھا۔ پس اسی وجہ سے ایسے نازک سے مراد ہوگی جسے ہاتھ لگانے کی بھی سہار نہ ہو) +

مُوم کی ناک۔ متلوّن مزاج۔ غیر مستقل مزاج۔ وہ شخص جسے چاہے جسطرف کر لو۔ ایسا شخص جسکی رائے کو وُثُوق نہو۔ وہ شخص جس کی بات میں بھدرک نہو۔ وہ شخص جو ہر ایک کے کہنے پر چلے۔ اور اپنے پہلے قول سے پھر جانے کی پروا نہ کرے۔ جیسے نوکروں نے سوچا کہ سرکار موم کی ناک غصّہ دُودھ کا ابال روٹیاں مزے سے چلتی ہیں۔ تنخواہیں مفت میں چڑھتی ہیں +

مُونڈ۔ سر۔ سیس۔ فرق۔ گنواریاں اور ہندنیاں بولتی ہیں +

مُونڈھے والی۔ رنڈی۔ کسبی۔ پاتر۔ ٹکھائی۔ کوٹھے والی +

[1] مفصل کیفیت ہماری فرہنگِ آصفیہ اور رسوم دہلی میں دیکھو

منہ

مُنہ ڈھانکنا یا ڈھنکنا (۱) مُنہ چھپانا۔ منہ پر پردہ ڈالنا۔ منہ پر کپڑا ڈالنا (۲) نوحہ کرنا۔ رونا۔ گریہ وزاری کرنا + ماتم کرنا۔ ماتم پُرسی کرنا۔ پلّا لینا۔ پُرسہ دینا۔ مُردے کو رونا +

مُنہ سے بُولے نہ سر سے کھیلے۔ گُم صُم۔ چُپ چاپ +

مُنہ سے پھُول جھڑنا۔ خوش کلامی و خوش گفتاری کی نسبت بولتے ہیں

مُنہ کا مُنہ میں ہاتھ کا ہاتھ میں نِوالہ رہ گیا۔ یعنی خبرِ بد کے سُنتے ہی اوسان نہ رہے۔ حیرت کا عالم چھا گیا۔ (جب کوئی شخص کھانا کھاتے ہیں کسی صدمہ کی خبر سُنتا اور کھانا چھوڑ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ تو اپنی اُسوقت کی حالت جتانے کو یہ فقرہ کہتا ہے +

مُنہ کو آگ لگانا۔ ملاقات ترک کرنا چھوڑنا (بحالتِ تنفر و کراہت) +

مُنہ کو کلیجہ آنا۔ غم و غصہ کا ضبط نہ ہو سکنا۔ دم گھبرانا۔ دم اُلٹنا۔ دم گُھٹنا۔ دم نکلنے کو ہونا۔ زندگی اچھّی معلوم نہ ہونا۔ بوکھلانا۔ اُکتانا۔ نہایت جی گھبرانا۔ دل کا نہایت بیزار ہونا۔ ناگوار ہونا (کلیجہ مُنہ کو آنا زیادہ بولتے ہیں) +

مُنہ لگانا۔ (۱) منہ سے چھونا۔ منہ سے مس کرنا۔ مُنہ سے بھڑانا جیسے لوٹے کو منہ لگا کر پانی پینا۔ کتّے نے ہانڈی کو منہ لگا دیا (۲) مُنہ سے جھوٹا کرنا۔ جُھٹالنا۔ اُلش کرنا (۳) چکھنا۔ کھانا۔ زبان پر رکھنا (۴) سر چڑھانا۔ گستاخ بنانا۔ بے تکلف بنانا۔ بے ادب بنانا۔ جیسے لڑکے کو مُنہ لگاؤ تو ڈاڑھی کھسوٹے۔ کتّے کو مُنہ لگاؤ تو منہ چاٹے (۵) مصاحب بنانا۔ مقرّب بنانا۔ یار بنانا۔ مقرّبوں میں داخل کرنا۔ ہمراز بنانا۔ ہم صحبت بنانا۔ ندیم بنانا۔ ہمنشیں اور ہم جلیس قرار دینا۔ دوست بنانا۔ ربط و اخلاص بڑھانا۔ نہایت بے تکلّف اور خلا ملا کرنا۔ (۶) توجّہ کرنا۔ التفات کرنا۔ عزّت دینا۔ عنایت و مہربانی سے پیش آنا۔ رخ دیکر بات کرنا۔ دل دیکر بولنا۔ متوجّہ ہونا۔ مخاطب ہونا۔ نظرِ لُطف و عنایت کرنا جیسے مُنہ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال۔ مُنہ لگائی ڈومنی بال بچّوں سمیت آئی (۷) حمایت کرنا۔ پُرچک لینا۔ مائی پینا۔ جیسے بچّوں کو منہ لگانا ہی تو بگاڑتا ہے (۸) خاطر میں لانا۔ یار بنانا۔ خیال میں لانا +

مُنہ لگنا (۱) مُنہ سے مَس ہونا۔ منہ سے بھڑنا۔ مُنہ سے چھوا جانا (۲) سر چڑھنا۔ گستاخ بننا۔ بے ادب ہونا (۳) یار بننا۔ مُصاحب بننا۔ قُرب حاصل کرنا۔ مقرّبوں میں داخل ہونا۔ ہم صحبت۔ ہم جلیس و ہم نشین بننا۔ دوست بننا۔ ہمراز ہونا (۴) ملتفت ہونا۔ متوجّہ ہونا۔ عزت سے پیش آنا۔ عنایت و مہربانی سے پیش آنا۔ مخاطب ہونا۔ اخلاص سے پیش آنا۔ توجّہ فرمانا (۵) برابری کرنا۔ مقابل ہونا۔ مقابلہ کرنا۔ ہمسری کرنا (۶) ہم کلام ہونا۔ ہم سخن ہونا۔ باہم باتیں کرنا (۷) مزہ پڑنا۔ چاٹ لگنا۔ چسکا پڑنا +

مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت (کہاوت) ایسا نہایت بُوڑھا جو نہ کھانا چبا سکے اور نہ اُس کا معدہ ہضم کر سکے +

مُنہ میں روٹی سر پہ جُوتی۔ نہایت بے عزّتی سے کھانا کھلانا۔ بے عزّتی سے روٹی دینا۔ ذلیل و خوار رکھنا +

غلط صحیح گنگ سم

مُنہ پھوڑ کر کہنا۔ بیحیائی یا بے غیرتی سے کہنا۔ بے محابا اور بے تحاشا کہنا۔ بے شرم ہو کر کہنا۔ شرم اٹھا کر کہنا۔ بے حجابانہ کہنا۔ رازِ پوشیدہ کو ظاہر کرنا اور زمانہ کی کچھ شرم وحیا نہ کرنا۔ آزادانہ اور بیباکانہ کہنا +

مُنہ پھوڑ کر مانگنا۔ بے شرم بنکر مانگنا۔ بے غیرت بنکر طلب کرنا۔ بے حیائی سے طلب کرنا +

مُنّہ پیٹ پیٹ لینا۔ نہایت غصّے یا افسوس کی حالت میں اپنے منہ کو طمانچوں سے لال کرلینا۔ سر پیٹ پیٹ لینا +

مُنّہ جوڑنا۔ (۱) کُھسر پُھسر کرنا۔ کانا پُھوسی کرنا۔ چپکے چپکے چرچا کرنا۔ ذکراذکار کرنا جیسے بیاہ مانگتے تو مانگ آئیں مگراب سٹ پٹائیں کہ رُوپیہ کہاں سے آئے جو تیّاری کیجائے۔ داروغہ کانوں پر ہاتھ دھرتا ہے۔ ایک ایک آپس میں منہ جوڑتا ہے۔ کوئی کہتا ہے اچّھی پہلے روپے کا تو فکر کرلیا ہوتا (۲) گلہ شکوہ کرنا۔ طعنہ مہنا دینا۔ جیسے اِنہیں کو تکوں سے تو لوگ مُنہ جوڑتے ہیں (۳) غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا +

مُنّہ جُھٹالنا۔ برائے نام کھانا۔ بطورِ ناشتا ذرا سا چکھنا نام گنانے کو کھانا۔ کھانا کھانے کا نام کرنا۔ صرف منہ جُھوٹا کرلینا جیسے کچھ کھایا نہ پیا منہ جُھٹال کر کھڑی ہو گئیں +

مُنّہ جُھلسنا (۱) مُنہ کو لُوکا لگانا۔ مُنہ کو جُھلسا دینا۔ مُنہ کو آگ لگانا۔ منہ کو جلانا۔ منہ کو بھلسنا۔ منہ کو جلا کر سیاہ کرنا (۲) لعنت بھیجنا۔ تبرّا بھیجنا۔ خاک نہ دینا۔ سُکھاڑ کھا دینا۔ جیسے "میں اور میرا انس تیسرے کا مُنہ جھلس" (۳) رشوت دینا گھُونس دینا۔ منہ بھرائی دینا۔ جیسے دو چار روپے سے بابُو کا بھی منہ جھلسو جو کام بنجائے۔ (۴) پاپ کاٹنا۔ دے دلا کر فارغ ہونا۔ قرضہ ادا کرنا۔ چکانا۔ بیباق کرنا۔ نمٹانا جیسے اس مہاجن کا بھی مُنّہ دے دلا کر جُھلسا +

مُنّہ خُشک ہونا یا سُوکھنا۔ پیاس یا گرمی کی شدّت سے زبان کا تر نہ رہنا (۲) خوف یا دہشت سے منہ سفید پڑجانا۔

مُنّہ دَر مُنّہ۔ رُو برُو۔ سامنے۔ بُرُرُو۔ دوبدو۔ بالمواجہ +

مُنّہ دِکھائی یا مُنّہ دکھلائی۔ رُو نمائی۔ وہ نقدی یا زیور وغیرہ جو کسی کا مُنہ دیکھکر اُسے بطور نذر دیا جائے۔ وہ نقدی جو دُلہن کا مُنہ اوّل ہی اوّل دیکھکر اسکی سسرال کے رِشتہ دار اُسے دیتے ہیں +

مُنّہ دیکر بات کرنا۔ رُخ دے کر بولنا۔ متوجّہ ہو کر بات چیت کرنا۔ التفات سے بولنا +

مُنّہ دیکھی سب کہتی ہیں خدا لگتی کوئی نہیں کہتا (کہاوت) یعنی شرم حضُوری کے آگے انصاف بالائے طاق رکھدیا جاتا ہے +

منہ ڈھانک ڈھانک رُونا۔ مُنہ پر کپڑا ڈال ڈال کر رونا۔ آنکھوں پر کپڑا رکھ رکھ کر رونا۔ نوحہ کرنا۔ ماتم کرنا۔ مُردے کیواسطے عورتوں کا نہایت گریہ وزاری کرنا +

مُنّہ ڈھانک کر رُونا۔ مُنہ پر رومال یا کپڑا رکھ رکھ کر زار و قطار رونا + (اہلِ لکھنؤ منہ ڈھانپ کر رُونا بولتے ہیں) +

مُنّہ

مُنّہ - (۱) دہن۔ (۲) دہانہ۔ دہانہ۔ (۳) رُخ۔ رُو۔ چہرہ +

مُنّہ اُجالے - سویرے۔ دن نکلے۔ منہ اندھیرے کا نقیض علی الصباح +

مُنّہ آنا (۱) طعنہ مارنا۔ طنز کرنا۔ عیب نکالنا۔ (۲) منہ میں چھالے پڑجانا +

مُنّہ اَندھیرے - راجہ کرن کے پہرے۔ پَو پھٹے۔ علی الصبح۔ بڑے سویرے۔ تڑکے ہی۔ صبح کا وہ وقت جس میں اچھی طرح منہ نہ دکھائی دے۔ صبحِ صادق کے وقت +

مُنّہ اَوندھا کر لیٹنا - رنج یا فکر میں منہ لپیٹ کر پڑ رہنا۔ اٹواٹی کھٹواٹی لیکر پڑ رہنا۔ ناخوش ہوکر الگ جا پڑنا۔ جیسے وہ ان طعنوں سے منہ اوندھا کر لیٹ رہیں +

مُنّہ بولی بہن - خواہرِ خواندہ۔ وہ عورت جسے اپنی زبان سے بہن کہہ لیا ہو + (اہلِ دہلی بہن بنائی نہیں بولتے۔ بہن بنایا بولتے ہیں) +

مُنّہ بھرائی - دہاں بندی۔ منہ بندی۔ بُرائی یا بدی یا عیب سے سی دینے والی چیز۔ منہ توپا۔ رشوت۔ گھونس۔ گھونس پھیر۔ منہ کیلی۔ وہ چیز جو مخالف کا منہ کیل دے +

مُنّہ بھرائی دینا - رشوت دینا۔ گھونس دینا۔ لقمہ دینا +

مُنّہ بھر کے (۱) لبالب۔ لبریز۔ (۲) حسبِ دلخواہ۔ خاطر خواہ۔ بخوبی۔ من مانتا۔ جیسے منہ بھر کے مانگ لو۔ (۳) بھرپور۔ سمپورن۔ بتمام وکمال (۴) نہایت از حد۔ اَت گت +

مُنّہ بھر کے کوسنا - خاطر خواہ بددعا دینا۔ دعائے بد میں کسر نہ رکھنا۔ بیدردی سے کوسنا۔ بیدھڑک کوسنا جیسے بین برس کے برہن ان میری بچی کو کیسا منہ بھر کے کوس لیا +

مُنّہ بھر کے گالی دینا - سخت اور مغلظ گالی دینا۔ فحش بکنا۔ سخت دشنام زبان پر لانا۔ قابلِ شرم دشنام دینا +

مُنّہ پانا - توجہ پانا۔ رُخ پانا۔ التفات پانا۔ رضا پانا۔ خواہمند پانا۔ خوش پانا +

مُنّہ پر ناک نہ ہونا - لاج نہ ہونا۔ شرم نہ ہونا۔ حیا نہ ہونا غیرت نہ ہونا۔ ننگ وناموس کا پاس نہ ہونا۔ زرنج ہونا۔ بے غیرت وبے شرم ہونا۔ بے حیثیت وبے وقر ہونا جیسے منہ پہ ناک نہ ہوتی۔ تو عورت گوہ کھاتی +

مُنّہ پر ہوائیاں اُڑنا یا چھوٹنا - منہ فق ہونا۔ دہشت۔ صدمے۔ خوف یا نقاہت کے باعث چہرہ کے رنگ کا متغیر ہوجانا۔ منہ سفید پڑجانا۔ منہ زرد ہوجانا۔ سٹی بھولنا۔ چوکڑی بھولنا۔ حواس باختہ ہونا۔ گھبراجانا۔ بھچک رہ جانا۔ بھوچکا رہجانا۔ پریشانی برسنے لگنا +

مُنّہ پر ہوائیاں بکھر جانا - کسی صدمہ سے خواہ نقاہت یا خوف کے باعث رنگ کا متغیر ہوجانا +

مُنّہ پر ہوائیاں چھوٹنا - (دیکھو منہ پہ ہوائیاں یا ہوائیاں بکھر جانا) +

مُنّہ پھوڑ کر - بے شرم ہوکر۔ بے غیرت بنکر۔ بے حجابانہ۔ بے حیائی سے۔ بیباکانہ۔ آزادانہ +

منت

کھانا کھانا۔ اور عام لپسند کپڑا پہننا بہتر ہے +

مِنّت - خوشامد۔ درآمد۔ عاجزی جیسے منّتوں سے منا کر بٹھایا +

مِنّت وار کرنا - احسان لسند کرنا۔ ممنون بنانا +

مَنّت - نیت۔ نذر نیاز۔ وہ وعدہ جو کسی بزرگ یا خدا تعالیٰ سے کیا جائے +

مَنّت بڑھانا - بھینٹ دینا۔ جات دینا۔ عہد پورا کرنا۔ ماننا کو ادا کرنا۔ کسی بزرگ کے نام پر جو کچھ دینے یا کسی کام کے کرنے کا وعدہ کیا ہو اُسے پورا کرنا۔ مُراد یا میعاد کے پورا ہونے پر کوئی کام کرنا۔ گنڈا تعویذ طوق بیڑی اتارنا۔ ماننا کے بال اُتروانا +

مَنّت کا طوق - وہ گنڈا جو بچّے کے گلے میں کسی پیر یا دیوتا وغیرہ کے نام کا کسی میعادِ مقرّرہ تک ڈالا جاتا ہے +

مَنّت کے بال یا چوٹی - وہ بال یا چوٹی جو کسی بزرگ کے نام پر کچھ عرصہ کیواسطے چھوڑ دی جاتی ہے +

مَنّت کی بیڑی - وہ حلقہ جو بچّے کے پاؤں میں کسی بزرگ کے نام کا میعادِ مقرّرہ کے واسطے ڈال دیتے ہیں +

مَنّت ماننا - عہد کرنا۔ نیت کرنا۔ کسی بزرگ کے نام کی کوئی بات ماننا۔ نذر ماننا۔ نیاز ماننا۔ بھینٹ ماننا۔ ماننا کرنا۔ چڑھاوا ماننا۔ کسی کی درگاہ میں روشنی کرنے یا چڑھاوا چڑھانے کا عہد کرنا +

مَنڈھا - (۱) منڈپ۔ وہ چھپر یا سائبان یا شامیانہ جو ہندؤں میں شادی کے روز بطورِ رسم تانا جاتا ہے۔ اور اُس کے نیچے خالی مٹھلیاں رکھی جاتی ہیں۔ جن کو وداع کے روز برادری کے آدمی آکر پانی سے بھرتے اور رہنوتا دیتے ہیں۔ پھیرے اسی کے نیچے ہوتے ہیں۔ اِسکو ہرے پتّوں اور بانوں وغیرہ سے آراستہ بھی کرتے ہیں۔ (۲) ایک قسم کے گیت جو دلہن کے وداع ہونے کے وقت گائے جاتے ہیں۔ مگر چونکہ پہلے وہ منڈھے کے نیچے گائے جاتے تھے۔ اِسوجہ سے یہ نام پڑ گیا جیسے

ہرے ہرے بانس کٹا مورے بابل (باپ) نیکا (اچھا) منڈھا چھواؤ رے
پربت (پہاڑ) بانس منگا مورے بابل پاتون منڈھا چھواؤ رے
بھائی کو دینی بابل اونچی اٹریا ہمکو دینا بدیس (پردیس)
نو مہینے گر بیدمیں راکھی آج نہ راکھی جائے رے
دہلیاں پربت بھئیں بابل انگنا بھیو ہے بدیس لی بابل گھر آپنا ہم چلے پیا کے دیس
طاق بھری گڑیاں چھوڑیں اور چھوڑا (جتنیز) سہیلیوں کا ساتھ رے
سونا بھی دینا بابل رُوپا بھی دینا دینا جڑت جڑاؤ
ایک نہ دینی سر گودنے کنگھی ساس نند بولے بول رے
ہرے ہرے بانس کٹا مورے بابل نیکا منڈھا چھواؤ رے +

مُنکا ڈھل جانا - گردن کا ایکطرف لڑھ جانا۔ گردن کا عین وقت خم کھا جانا۔ گردن کا گر پڑنا۔ گردن کا قابو میں نہ رہنا۔ گردن میں سکت نہ رہنا۔ گردن مُڑ جانا۔ مرنے کے قریب ہو جانا۔ مرنے میں کچھ باقی نہ رہنا۔ دم توڑ دینا۔ گردن کا بیدم اور بے سکت ہو جانا +

مَنگنی[بیاہ] (۱) طلب[۵۵] عقد۔ (۲) نسبت لگائی ایک تقریب و رسم[۵۶] کا نام جس میں شادی سے پیشتر عورت کو مرد کے اور مرد کو عورت کے نام نہاد کر دیتے ہیں۔ قرار دادِ نکاح جیسے چٹ منگنی پٹ بیاہ +

---

۵۵ بیٹے یا بیٹی کے عقد کر دینے کے واسطے مانگ لینے کو منگنی کہتے ہیں۔
۵۶ مفصل کیفیت ہماری فرہنگ آصفیہ و رسوم دہلی میں دیکھو +

ملب

ناگرموتھا صندل کپور کچری وغیرہ اشیائے خوشبودار سے تیّار
کیا جاتا ہے (اِس کی اصل ملاگری ہے یعنی منسوب بہ ملاگر۔ جو دکن کا
ایک مشہور پہاڑ ہے۔ جہاں کا صندل قابلِ تعریف ہے) +

مِل بیٹھنا۔ سلوک سے بیٹھنا۔ محبّت سے سر جوڑ کر بیٹھنا +

ٹُلر ٹُلر۔ غریبی اور مسکینی سے۔ ٹُٹر مُٹر۔ بھولے پن سے۔ جیسے برس کے
برس دن ننھے ننھے بھائی آپ کی سلامتی میں ننگے بچّے رہیں۔ ایک
ایک کا ٹُلر ٹُلر بیٹھے مُنہ تکیں +

ٹلکانا۔ بنا بنا کر بولنا۔ تکلّفانہ باتیں کرنا۔ جیسے وہ تو میٹھی باتیں
ملکا رہی ہے۔ (باتوں کے ساتھ آتا ہے) +

ٹُلکٹ۔ انگیا کی کٹوری۔ انگیا کی وہ تھیلی جسمیں چھاتی رہتی ہے +

مَلک مَلک کر یا مَلک مَلک۔ خراماں خراماں۔ مٹک مٹک کر
اِترا اِترا کر۔ مستانہ چال سے۔ جھوم جھوم کر۔ جیسے مُلک مُلک کر چلنا۔
سمدھنوں کا مٹک مٹک کر اترانا عجب کیفیت دکھا رہا تھا۔
جب دیکھو جب مُلک مُلک چلی آتی ہے۔ ملک ملک کر باتیں کرنا۔
براتیوں کا ٹمک ٹمک کر چلنا +

مُلکنا۔ اترانا۔ مٹکنا۔ اٹھلانا +

مُلمّان[علٰہ] **یا مُلمّہ**۔ دیگیاتِ قلعہ، اقسامِ اجناس غلّہ وغیرہ جیسے گھی گیہوں
نمک آٹا دال چاول۔ کھانڈ مصالح وغیرہ جو ایک مہینے کیواسطے
اکٹھا مول لیکر مودی خانہ میں رکھدیا جائے۔ سامانِ باورچی خانہ۔
جیسے اب کے مُلمّان آئے تو گھی زیادہ منگوانا۔ لالہ لینے کو تو خاصے
محصّل بنکر آبیٹھے ہو اور مُلمّاں دیتے وقت یہ وائے وائے +

منب

مَلملانا۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا +

مَلملاہٹ آنا۔ افسوس آنا۔ پچھتانا۔ دریغ آنا +

مُلولا آنا۔ ارمان آنا۔ افسوس آنا۔ رنج ہونا۔ ملاہٹ آنا +

مَلیامیٹ کرنا۔ خاک میں ملانا۔ مسمار کرنا۔ برباد کرنا تلپٹ
کرنا۔ ستیاناس کرنا۔ منہدم کرنا۔ پامال کرنا۔ ڈھانا۔ ناپید
کرنا۔ اینٹ سے اینٹ بجانا۔ معدوم کرنا۔ ویران کرنا۔
اُجاڑنا۔ نام ونشان نہ رکھنا۔ زمین کا پیوند کرنا۔ غارت کرنا +

مَلیامیٹ ہونا۔ تباہ ہونا۔ خاک میں ملنا۔ زمین کا پیوند ہونا
تلپٹ ہونا۔ برباد ہونا۔ اُجڑنا۔ منہدم ہونا۔ مسمار ہونا۔ نیست
ونابود ہونا۔ ناپید ہونا۔ معدوم ہونا۔ خراب خستہ ہونا۔ پُرگردان
وپریشان ہونا +

مِلی بھگت۔ سازش۔ اٹ سٹ۔ گٹھ۔ گٹھت۔ ہمرازی۔
ایکا جیسے نوکروں کا یہ حال کہ آپس میں سب کی گٹھوتی اور سب
کی ملی بھگت۔ چاہیں سیاہ کریں چاہیں سفید" +

مُنّا (پیار سے کہتے ہیں) (۱) چھوٹا سا بچہ۔ پیارا اور چھوٹا لڑکا۔ لاڈلا۔
دُلارا۔ پیارا۔ چاہیتا۔ عزیز۔ چشم چراغ۔ بیوا۔ للّا۔ مُنّا۔ جیسے مان
جا مُنّا! نا مُنّا ایسا کام نہیں کرتے! آ مُنّا بیٹھ جا! (۲) اس قسم کر
نام بھی ہوتے ہیں۔ جیسے مرزا مُنّا۔ مُنّا جان۔ مُنّالال وغیرہ
(اِس لفظ کو گنوار ہندو عورتیں زیادہ مگر مسلمان عورتیں کم بولتی ہیں۔ مومنؔ کے
چھوٹے بھائی جو انگریک سیّد حسین کو بھی اسی نام سے پُکارا کرتے تھے +

مَن بھاتا کھائیے جگ بھاتا پہنئیے (کہاوت) یعنی مرغوبِ طبع

[علٰہ] اصل میں یہ لفظ ملمّع بمعنی جھول یعنی بالائی چڑھا ہوا سونا یا چاندی سے بگڑا ہے۔ مجازاً باورچی خانے کا بالائی سامان ۱۲

مغل

مُصیبت جھیلنا۔ سختی برداشت کرنا۔ کشٹ اُٹھانا۔ دُکھ بھوگنا۔ دکھ سہنا۔ آفت و صدمہ برداشت کرنا +

مُصیبت زدہ۔ آفت زدہ۔ آفت کا مارا۔ بدبخت۔ بدنصیب تباہ۔ خستہ حال۔ مُفلس۔ مفلوک +

مُصیبت کا مارا۔ آفت زدہ (دیکھو مُصیبت زدہ) +

مُصیبت کے دِن کاٹنا۔ ایّامِ غم و اندوہ کو بسر کرنا۔ زمانۂ فلاکت کو بسر کرنا۔ سختی کے دن گزارنا +

مُغلانی۔ (۱) قوم مغل کی عورت (۲) درزن۔ کپڑے سینے والی عورت۔ خیّاطہ۔ (۳) ماما۔ مُلازمہ۔ خادمہ۔ حرم سرائے میں رہنے والی ملازمہ + (اصل میں اُس عورت کو کہا کرتے تھے جو خاندانِ مُغلیہ میں اُن کی خاص وضع و تراش کے حسب نمونۂ ولایت یعنی ترکستانی کپڑے سیا کرتی تھیں۔ رفتہ رفتہ اُن عورتوں کو کہنے لگے جو اُمرا کے گھروں میں صرف کپڑے سینے پر نوکر رہتی ہیں) +

مُفلسی میں آٹا گیلا (کہاوت) یعنی مُصیبت پر مُصیبت +

مقدُور۔ (۱) قدرت دیا گیا۔ وہ چیز جس پر قدرت اور زور ہو۔ سامرتھ + تاب۔ طاقت۔ مجال۔ شکتی۔ بل۔ زور۔ قوت۔ حوصلہ۔ بُوتا۔ جیسے میرا کیا مقدُور تھا (۲) بس۔ قابو۔ دسترس۔ زور۔ پہنچ۔ رسائی۔ دستیاری۔ (۳) ظرف۔ سمائی۔ گنجایش بساط۔ قابلیت۔ حیثیت۔ جیسے خرچ مقدُور پر موقُوف ہے۔ جتنا مقدُور دیکھو اُتنا اٹھاؤ (۴) دولت۔ مایا۔ ثروت۔ پُونجی۔ ہوت۔ جیسے وہ بڑا مقدُور والا ہے +

ملا

مقدُور بھر۔ تا بمقدور۔ حتّی الوسع۔ تا بہ امکان۔ جہاں تک بس چلے +

مقسُوم چمکنا۔ اقبال یاور ہونا۔ نصیبا جاگنا۔ دن پھرنا۔ بخت کا بیدار ہونا۔ بَن آنا۔ دَور دورا ہونا +

مقسُوم کا لکھّا۔ سرنوشت۔ نوشتۂ تقدیر۔ کرم لیکھ۔ کرم ریکھا +

مکھی ناک پر نہیں بیٹھنے دیتے۔ بڑے صاحب غیرت ہیں + نہایت بے دماغ اور نازک مزاج ہیں کسی کا احسان نہیں اُٹھاتے +

مُگھم۔ مُبہم۔ چھپی یا ذُومعنی بات۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ مُغبہ۔ در پردہ۔ گپت + (اس لفظ کو مُبہم سے مُگھم کر لیا ہے) +

مُگھم میں۔ پیرائے میں۔ رمز میں۔ اشارۃً۔ کنایۃً۔ جیسے اُسے مُگھم میں سمجھا دینا +

مِلاپ۔ اختلاط۔ میل جول۔ اِتّفاق + ساز باز +

مِلاپ دار۔ ملاقاتی۔ واقف کار۔ جان پہچان۔ دوست بہنیلی سہیلی +

مِلاپ رکھنا۔ صلح رکھنا۔ آشتی رکھنا۔ سلوک رکھنا +

مِلاپ کرنا۔ صلح کرنا۔ آشتی کرنا۔ ملنا۔ صفائی کرنا +

مِلاپ کروانا۔ صلح کروانا۔ دو کو باہم ملانا۔ آشتی کرانا۔ صفائی کروانا۔ تصفیہ کرانا۔ گلے ملوانا +

مِلاپ ہونا۔ صلح ہونا۔ آشتی ہونا۔ صفائی ہونا۔ دشمنی دُور ہونا۔ کلفت یا رنج دُور ہونا۔ کدُورت دُور ہونا +

مَلاگیری۔ (۱) ملاگیر کا۔ صندلی۔ صندل کے رنگ کا (۲) اگرئی ایک خوشبودار رنگ کا رنگا ہوا۔ جو بالچھڑ چھبیل چھبیلا۔

مری

مُڑکا - مروڑ۔ اینٹھہ۔ بل جیسے بھیگ کی نوبت پہنچ گئی مگر مُڑک نہ نکلی +

مِزاج (۱) طبیعت۔ طینت (۲) غرور۔ نخوت۔ دماغ (۳) ناز۔ نخرہ۔ چونچلا +

مِزاج پانا - رُخ پانا۔ توجّہ پانا جیسے مزاج پاتے ہیں تو کچھ کہتے ہیں +

مِزاج پیٹی - دماغدار۔ مُتدمّغ۔ نک چڑھی +

مِزاج سامان میں نہ ہونا - مزاج درست نہ ہونا۔ مزاج بگڑنا۔ مزاج ٹھیک نہ ہونا۔ قابو میں نہ ہونا +

مَساگِرے - (۱) حد کے درجہ۔ انتہا کے درجہ۔ نہایت۔ لغایت بُہت سے بُہت۔ زیادہ سے زیادہ۔ یعنی بہت تھوڑا سا۔ بمقدارِ قلیل (۲) کھینچ تان کے۔ مُشکل تمام۔ تخمیناً جیسے ساگ کے پاؤ سیر ہوگا +

مَسان - (۱) مرگھٹ۔ وہ جگہ جہاں ہندوؤں کے مُردے جلائے جاتے ہیں (۲) ایک بیماری کا نام جو مثلِ صرع بچّوں کو ہو جاتی ہے۔ اور اُس میں ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں۔ سُوکھی آزار۔ پسلی کا خلل۔ اُمُّ الصِّبیان +

مَسکوڑا - کروٹ کا دھچکا۔ جیسے ایک ہی مسکوڑے میں شلوکا نکل گیا۔ جاگتی کیسے ابھی تو مسکوڑے ہی لے رہی ہے +

مُسلمانی - (۱) اسلامی عقاید (۲) ختنہ +

مِسّی یا مِسی - (۱) ایک قسم کا منجن جو ماژو پھل۔ لوہ چون۔ ٹوطیا وغیرہ سے طیّار کیا جاتا ہے۔ ہندوستان کی عورتیں شادی ہو جانے پر سہاگن رہنے کے زمانے تک لگاتی ہیں۔ اگرچہ اِس سے دانتوں پر سیاہ ریخیں جم جاتی ہیں۔ مگر یہ ایک سنگار خیال کیا جاتا ہے۔ جیسے مِسّی

مسی

کا جل کِس کو۔ میاں چلے جُس کو"۔ (چونکہ اُس کا جزوِ اعظم تانبا ہے۔ اسلیئے اس کا نام مِسّی رکھا گیا) +

مِسّی کاجل کرنا - سُرمہ مِسّی لگانا۔ سنگار کرنا۔ کنگھی چوٹی کرنا +

مِسّی کی دھڑی - مِسّی کی تہ جو عورتیں خوبصورتی کے لیئے ہونٹوں پر جماتی ہیں +

مَشّاطہ - (۱) وہ عورت جو دولھن کے سر میں کنگھی چوٹی کرے۔ سُرمہ لگائے۔ اُبٹنہ مَلے۔ اور بنا سنوار کر بٹھائے۔ وہ عورت جس کا پیشہ لوگوں کے گھروں میں جا کر کنگھی چوٹی کرنے کا ہو۔ (۲) وہ عورت جو بیاہ شادی کرانے کا پیشہ رکھے۔ نائن۔ عورتوں اور مردوں کی باہم نسبت کرانے والی عورت۔ بیچ والی +

(یہ لفظ مُشط بمعنی کنگھی سے مشتق ہے۔ اُردو والے عوام اُلنّاس بفتحِ میم و بہ تخفیفِ تشدید بولتے ہیں) +

مُصیبت - رنج۔ درد۔ دکھ۔ اندوہ۔ تکلیف +

مُصیبت بھرنا - تکلیف اٹھانا۔ کشٹ اُٹھانا۔ بپتا بھوگنا۔ دُکھ برداشت کرنا۔ سختی جھیلنا +

مُصیبت بھگتنا - مُصیبت بھرنا۔ بپتا بھوگنا +

مُصیبت پڑنا - بپت پڑنا۔ آفت آنا۔ سختی میں مبتلا ہونا۔ کوئی صدمہ یا حادثہ پیش آنا +

مُصیبت پیٹنا - پاپڑ بیلنا۔ سختی اُٹھانا۔ تنگی سے گزر اوقات کرنا۔ عُسرت سے گزارنا۔ بپتا میں رہنا۔ بمشکل بسر کرنا۔ دُکھڑا پیٹنا۔ دُکھ بھوگنا۔ سخت محنت کرنا +

مروّج

محل۔ دولت خانہ۔ محل دار۔ ناظرِ محل۔ نگرانِ محل۔ محافظِ محل۔ پاسبانِ محل +

مرچیں لگنا ۔ غصہ آنا۔ زہر بھرا ہونا۔ دل جلنا۔ آگ لگنا۔ چنچنے لگنا +

مُردوں سے شرط باندھ کر سونا ۔ نہایت بے خبر ہو کر سونا۔ نہایت غفلت کی نیند سونا +

مُردوں کو اوندھا ڈال رکھنا ۔ مردوں کی فاتحہ دُرُود نہ کرنا۔ شب برات کا تہوار نہ منانا۔ جیسے شب برات کو فاتحہ دُرُود کہاں سے کریں۔ کیا مُردوں کو اوندھا ڈال رکھیں؟

مُردُوے ۔ (۱) مردوا کی جمع بہت سے مرد جیسے ڈھیر سارے مردُوے بیٹھے ہیں۔ (۲) حرُوفِ مغیّرہ کے آجانے سے الف کی یائے مجہول سے بدلی ہوئی صُورت جیسے اس مردوے نے تو ستا مارا۔ اِس مرُدوے سے خدا بچائے (۳) خاوند جیسے مردوا تو کہیں جانے نہیں دیتا۔ (۴) مرد کی تصغیر بالتّحقیر۔ جیسے مرُدوے ہوش کی لے +

مُردہ دیکھنا ۔ قسم سخت مرا ہوا دیکھنا۔ جنازہ دیکھنا جیسے ہمارا مُردہ دیکھے جو وہاں جائے۔ ہمارا مُردہ دیکھو جو اُس سے ملو۔ (ہمارے کے ساتھ بولتے ہیں) +

مُردہ شُو کے حوالے }
مُردہ شُو لے جائے } (دعائے بد) موت کے حوالے۔ مرجائے۔ غسّال کے سپرد ہو۔ دنیا سے جاتا رہے۔ غارت ہو۔ اُڑ جائے۔ ناپید ہو جائے۔ درگور ہو +

مُردے کو بیٹھ کر روتے ہیں }
اور روزی کو کھڑے ہو کر } (کہاوت) یعنی روزی کا رنج زیادہ مُردے کا رنج اِس نہیں ہوتا +

مُرغی کو تکلے کا گھاؤ بہت ہے (کہاوت) یعنی غریب کو تکلے کا گھاؤ بھی بہت ہے +

مر مر کر }
مر مر کے } بمشکل تمام۔ بڑی محنت اور جانکاہی سے۔ جان جوکھوں اُٹھا کر۔ جان جوکھوں سے۔ ہلاک ہو ہو کر۔ جان توڑ توڑ کر۔

مرّی

جیسے مر مر کر شام پکڑتا ہے۔ مر مر کے صبح کی ہے۔ مر مر کر گھر لیا ہے یعنی مشکل سے گھر تک پہنچے ہیں +

مر مر کے بچنا ۔ مرضِ مُہلک یا بیماری سخت سے نجات پانا۔ نئے جنم سے پیدا ہونا۔ قبر کا منہ جھانک کر آنا۔ مشکل سے جانبر ہونا +

مر مر کے جینا ۔ بمشکل جانبر ہونا۔ نئے جنم سے پیدا ہونا۔ مہلک مرض یا بیماری سخت سے نجات پانا +

مُرُنڈے ۔ بھُنے ہوئے گرم گرم گیہوں میں گڑ ملا کر جو لڈو بنا لیتے ہیں اُنہیں مُرُنڈے کہتے ہیں +

مُرُنڈے باندھنا ۔ صغر سن بچے کا مٹھیاں باندھنا (اسکے متعلق مفصّل رسم ہماری فرہنگِ آصفیہ یا رسُومِ دہلی میں دیکھو) +

مرنے ۔ مرنا کی حرفِ مغیّرہ کے سبب بدلی ہوئی صُورت +

مرنے تک کی فرصت نہیں }
یا مرنے کی بھی فرصت نہیں } یعنی بہت کم فرصت ہے۔ عدیم الفرصت ہوں۔ بالکل چھُوٹ نہیں۔ ذرا چھُٹکارا نہیں۔ دم بھر کی مُہلت نہیں کثرتِ کار و مصروفیت کے مبالغہ میں بولتے ہیں +

مرنے جوگا ۔ مرن ہار۔ مرنے کے قابل۔ جان ہار (مسلمان عورتیں حالتِ خفگی میں مرنے جوگا بولتی ہیں)

مرنے کی فُرصت نہ مِلنا یا نہ ہونا ۔ بالکل فرصت نہ ہونا۔ بالکل چھُوٹ نہ ہونا۔ کثرتِ کار اور کمالِ مصروفیت کے موقع پر بولتے ہیں +

مرنے والا (۱) وہ شخص جو مر گیا ہو۔ متوفّی۔ مغفُور۔ مرحُوم جیسے مرنیوالے نے تو بہتیری کوشش کی تھی۔ مگر لڑکے نے پھر بھی کچھ نہ پڑھا (۲) جانباز۔ جان پر کھیلنے والا۔ بہادر۔ سُورما (۳) آمادۂ مرگ۔ مرنے پر مُستعد۔ موت پر آمادہ +

مری جون ۔ نہایت سُست رفتار۔ ازحد کاہل مُسیل۔ مُردہ صفت

مری لیا ۔ (عوام) مرنے جوگا۔ موت لیا۔ قابلِ مرگ +

مٹک

مٹکنا (۱) سر یا دیگر اعضا کو غضب خواہ تعجب یا تمسخر کی حالت میں جنبش دینا یا ہاتھوں کو نچانا (۲) غمزہ دکھانا۔ نخرہ کرنا۔ نازنخرہ کرنا۔ چتکیں کرنا۔ معشوقانہ ادا دکھانا +

مُٹکنا۔ (بیگمات قلعہ) ٹُھٹا سا میانہ۔ چھوٹا پستہ۔ قامتوسط چھوٹا اور بہت خوبصورت +

مٹکنا سا باغ۔ چھوٹا سا نہایت خوشنما اور گنجان باغ۔ باغیچہ۔ چمن +

مُٹکنا سا قد۔ ٹُھٹا سا قد۔ چھوٹا سا قد۔ میانہ اور موزون قد۔ قدِ موزُون۔ پستہ سا قد +

مٹکو۔ مٹکنے والی عورت۔ وہ عورت جو ہمیشہ ناز سے اترا کر چلے۔ وہ عورت جو ہاتھ نچا نچا کر اور آنکھیں مٹکا مٹکا کر باتیں کرے جیسے وہ تو بڑی مٹکو ہے۔ کانی مٹکو +

مِٹ گیا۔ بجائے دعائے بد۔ اُجڑا۔ خانہ خراب۔ نیوں ناس گیا۔ مرنے جوگ۔ مرنے جوگا۔ مُوا جیسے مِٹ گیا روز آآ کر ستاتا ہے۔ مٹ گئے مان جا۔ وغیرہ +

مِٹھڑیاں۔ وہ ہچکیاں جو دودھ پیتے بچوں کو فطرتی طور پر انتڑیوں میں دودھ کی گنجایش پیدا ہونے کے واسطے آتی ہیں +

مِٹھڑیاں آنا۔ دودھ پیتے بچے کو ہچکیاں آنا۔ چونکہ ان ہچکیوں سے انتڑیوں میں دودھ کی گنجایش پیدا ہوتی ہے۔ بدینوجہ تفاؤلاً نیز پیار سے خوشگوار یعنی میٹھی ہچکیاں کہتے ہیں +

مِٹھلُونا۔ کم نمک کا۔ پھیکے نمک کا۔ میٹھا جس میں سلون پن کی بجائے کچھ میٹھا پن ہو +

مٹّی خوار کرنا۔ (۱) تجہیز تکفین نہ کرنا۔ گور گڑھا نہ کرنا۔ میت کو اچھی طرح نہ اُٹھانا (۲۔ ہندو) کریا کرم نہ کرنا۔ کریا خراب کرنا (۳) ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ درگت کرنا۔ خوار کرنا۔ بُرا درجہ یا بُرا لکھا کرنا + بدنام کرنا۔ کیچڑ میں گھسیٹنا۔ جیسے کیوں اُس غریب کی مٹّی خوار کر رکھی ہے (۴) ستانا۔ دق کرنا۔ حیران کرنا۔ تکلیف دینا۔ ناک میں دم کرنا (۵) ہنسی اُڑانا۔ خاکہ اُڑانا۔ احمق بنانا۔ مسخرہ بنانا۔ بو بنانا (۶) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ خانماں خراب۔ آوارہ و پریشان کرنا۔ خانہ خراب پھرانا۔ (۷) کسی چیز کو خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ روپ کھونا۔ سینیا ناس کرنا +

مچھلی۔ مچھی۔ ماہی۔ حُوت +

مچھلی تُو نہیں کہ سڑ جائیگی۔ یعنی ایسی کیا جلدی ہے۔ کہ تمہارا کام بگڑا جاتا ہے۔ اکثر اوقات بیٹی کی شادی کی نسبت بولتے ہیں جس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ جب تک اچھا گھر اور اچھا بر نہیں ملیگا ہم شادی نہیں کرینگے بیٹی کچھ مچھلی نہیں ہے کہ سڑ کر بگڑ جائیگی +

مچھلی کے جائے کُو تیرنا کون سکھائے۔ (کہاوت) یعنی اپنے خاندانی کام سے ہر شخص واقف ہوتا ہے +

مچھلی کیطرح تڑپنا۔ نہایت بے قرار و مضطرب ہونا۔ بے چین ہونا۔ لوٹا لوٹا ہونا۔ سیماب وار لوٹنا +

مَحَلّ۔ (۱) (بول چال میں بالتخفیف) اترنے کی جگہ۔ فرودگاہ۔ فروکش ہونے کا مقام (۲) رنواس۔ ایوان +

محلِ خاص۔ پٹ رانی بلکہ خاص محل۔ سب بیگموں میں افضل اور سردار +

مَحَل دارنی۔ (۱) وہ لازمہ یا خادمہ جو محل کا کام کاج کرتی ہے۔ محافظِ محل۔ چوکیدارنی۔ باری دارنی +

مَحَل سَرا۔ دولت سرا۔ وہ قصر یا ایوان جو امراء سلاطین کی بیگمات کے واسطے مختص ہو۔ امراء کا زنانخانہ۔ حرم سرا۔ زنانہ۔ رنواس -

مان

مان گھٹنا۔ غرور ڈھینا۔ دماغ جھڑنا۔ تمکنت دُور ہونا +

مان مر جانا۔ (۱) غرور ڈھینا۔ غرّہ ڈھینا۔ تکبّر نہ رہنا۔ ترکی تمام ہونا۔ گھمنڈ جاتا رہنا۔ شیخی جھڑنا۔ (۲) دل ٹوٹ جانا۔ دل مر جانا۔ وہ دل نہ رہنا۔ اُمنگ نہ رہنا (۳) عاجز ہو جانا۔ ہماہمی نہ رہنا۔ انانیت نہ رہنا۔ جو امر باعث فخر ہو وہ جاتا رہنا +

مان مہت۔ (۱) ہر دو مترادف بمعنی مان گمان۔ ناز و نخرہ۔ ناز و غمزہ + غرور تمکنت۔ (۲) آن تان (۳) راؤ چاؤ۔ چاؤ چوچلا۔ (۴) ناز بیجا۔ غمزہ ناز یبا۔ جیسے مجھ سے کسی کا مان مہت نہیں اُٹھتا (۵) قدر و منزلت تعظیم و تکریم +

مان مہت والی۔ مان گون والی۔ لاڈ و پیار والی۔ غرور و تمکنت والی۔ ناک والی۔ آن تان والی۔ قدر و منزلت والی۔ راؤ چاؤ والی۔ چاؤ چوچلے والی +

ماتمش۔ قیامت شور و شر۔ واویلا۔ توبہ دھاڑ۔ داد فریاد چیخم دھاڑ۔ چیخم چاخ۔ غل غپاڑہ۔ غل شور۔ دُھوم ہنگامہ +

ماتمش مچانا۔ غل شور کرنا۔ واویلا کرنا۔ قیامت برپا کرنا حشر برپا کرنا۔ دُھوم مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ دُھوم دھڑیا مچانا۔ رپیٹ پیا ڈالنا + فضیحتی کرنا +

مان نہ مان میں تیرا مہمان (کہاوت) بیحیائی و ڈھٹائی سے کسی بات میں دخل دینا +

مانیؤں بٹھانا۔ مانجھے بٹھانا۔ شادی کی ایک رسم[1] کا نام جس میں دُولہا کو زرد کپڑے پہنا کر چوکی یا چارپائی پر بٹھاتی اور پینڈیاں اُسکے ہاتھ میں دیتی ہیں۔ مگر دُلہن کو ایک کوٹھڑی میں تنہا رکھتی ہیں۔ تاکہ کوئی مرد اُس کے پاس تک آجا نہ سکے۔ اور اُس کا تصوّر دُولہا کی طرف بندھے +

مٹر

مانیؤں بیٹھنا۔ (۱) مانجھے بیٹھنا۔ ایک رسم جو شادی سے چند روز پیشتر برتی جاتی ہے (۲) مجازاً و ظرافتاً خلوت نشیں ہونا۔ گوشہ گزیں ہونا۔ چلے بیٹھنا۔ اعتکاف میں ہونا۔ جیسے تم کیا مانیؤں بیٹھے ہو۔ جو گھر سے نہیں نکلتے + (اصل میں یہ لفظ مانجھے بمعنی پلنگ سے بنایا گیا) +

مائی۔ (پنجاب) ماں۔ والدہ۔ مادر + بڑھیا۔ بڑی بی +

مائی کا لال (۱) اپنی ماں کا پیارا بیٹا۔ ماں کا لاڈلا بیٹا۔ (۲) بہادر۔ سُورما۔ سُور بیر +

مائیاں۔ (۱) مائی کی جمع۔ (۲) غریب عورتیں مسکین عورتیں + بڑھیا عورتیں۔ سیدھی سادی عورتیں جیسے مائیاں تو بہتیری ملی ہیں باؤ کوئی نہیں ملا۔ (۳) از مانجھا، شادی کی ایک رسم جسمیں بیاہ سے کچھ دن پیشتر دُولہا اور دلہن کو زرد کپڑے پہنا کر گھر میں چوکی یا چارپائی پر بٹھا دیتی ہیں +

مُبارکباد دینا۔ بدھائی دینا۔ شادی کی تہنیت کرنا +

مُبارکبادی گانا۔ شادیانہ گانا۔ شادی کے گیت گانا۔ بدھائی گانا +

مت کر ساس برائی تیرے آگے بھی جائی۔ (کہاوت) یعنی جو اوروں کے ساتھ برائی کرتا ہے اور اُسکے ساتھ کرو نیز[2] +

مٹر مٹر کام کرنا۔ چھوٹی لڑکی یا بچے کا اپنی بساط کے موافق جلد جلد کام کرنا +

[2] اے ساس جیسا تُو بہو کے ساتھ سلوک کریگی ایسا ہی تیری بیٹی کے ساتھ اُسکی ساس بھی برتاؤ کریگی +
[1] اس رسم کی مفصّل کیفیت ہماری فرہنگ آصفیہ اور

سخت گالی۔ (۳) کُٹنی۔ دلّالہ۔ نائیکہ +

مام۔ مَقدُور۔ مقدرت۔ استطاعت۔ قدرت۔ بساط۔ مایہ۔ جیسے مجھ میں اتنا مام نہیں کہ بیٹی کی شادی کر دوں + اب خلقت میں مام نہیں رہا۔ (۲) بوُتا۔ طاقت۔ حوصلہ +

ماما (۱) مادر۔ والدہ۔ ماتا۔ (۲) بُڑھیا۔ بڑھیا عورت کھانا پکانے والی۔ (۳) نان پُز۔ وہ عورت جو باورچی گری کا پیشہ کرے (۴) خادمہ۔ ملازمہ۔ دائی۔ مہری۔ مسلمانوں کے ہاں جو عورت خدمت کے واسطے نوکر ہو ماما کہلاتی ہے +

ماما اصیل۔ لونڈی۔ باندی۔ کنیز و پرستار۔ چیلی۔ چھوکری +

ماما پہ تھتھڑیاں کھانا۔ ماما کی پکائی ہوئی روٹیاں کھانا۔ ناز و نعمت میں ملنا۔ پکی پکائی روٹیاں توڑنا۔ بے محنت و مشقت مال ہڑپ کرنا۔ مفت کا مال اُڑانا۔

ماماگیری۔ روٹی پکانے کی خدمت۔ کھانا پکانے کی ملازمت۔ باورچی گری۔ پیشۂ ملازمت جیسے ماں اپنے بچّے کو چرخہ کات کر ماماگیری کرکے جس طرح ہو پال لیتی ہے +

(جاہل عورتیں ماماگِیری بولتی ہیں) +

ماماگیری کرنا۔ کھانا پکانے کی نوکری کرنا۔ باورچی گری کرنا +

ماموں کی کانوں میں اینٹھان بھانجا اینڈا اینڈا پھرے (کہاوت) پرائے مال پر جھینگر ناچے یعنی دُوسرے کی دولت پر اترانا +

مانْ۔ (۱) آدر۔ عزّت۔ قدر و منزلت۔ پت۔ سنمان (۲) خاطر۔ تواضع۔ مُدارات۔ آؤ بھگت جیسے "مان کا بیڑا ہیرا سمان" مان کا پان بہت ہے (۳) گھمنڈ۔ ابھمان۔ غرور۔ تکبّر۔ نخوت۔ کبر۔ غرّہ۔ دماغ۔ مزاج۔ مرادف گُمان (۴) ناز۔ نخرہ۔ نابیجا۔ فخر نازیبا۔ تمکنت۔ (۵) غمزہ۔ چوچلا (۶) ارمان۔ چاؤ۔ آرزُو۔ تمنّا۔ شوق۔ چاہنا +

مانْ بھری۔ (۱) پُر ارماں۔ پُر امید۔ آرزُومند۔ مُشتاق۔ اشتیاق مند۔ (۲) متکبّر۔ مغرُور۔ دماغدار۔ مزاج دار۔ طُرّے باز +

مانْ ڈھینا۔ غرّہ ڈھینا۔ غرُور ڈھینا۔ گھمنڈ نکلنا۔ نخوت یا تکبّر رہنا +

مانْ رکھنا۔ (۱) بات رکھنا۔ پت رکھنا۔ عزّت رکھنا۔ توقیر کرنا۔ آدر کرنا۔ ستکار کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔ خاطر مدارات کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا (۲) آرزُو برلانا۔ تمنّا پُوری کرنا۔ مُراد برلانا (۳) حکم بجالانا۔ بات ماننا۔ کہا ماننا۔ کہنا کرنا۔ ارشاد کی تعمیل کرنا۔ جیسے "خدا آباجان کو سلامت رکھّو وہی میرا مان رکھتے ہیں" +

مانْ کا پانْ بہت۔ محبّت کی ذرا سی چیز بھی قابلِ قدر ہے +

مانْ گُمان۔ کبر و ناز۔ غرور و نخوت۔ ابھمان۔ گھمنڈ۔ گرب۔ تمکنت +

مانْ گون (اصل مان گمان) (۱) چاؤ چوچلا۔ ناز و نیاز۔ لاڈ۔ چاؤ۔ ارمان۔ ناز برداری (۲) عزت۔ آدر۔ مان مہت +

مانْ گون رکھنا۔ حسبِ خواہش مُراد برلانا۔ ارمان پُورا کرنا۔ دل رکھنا۔ جی رکھنا۔ ناز اُٹھانا۔ ناز برداری کرنا۔ حکم بجالانا۔ عزّت رکھنا۔ جیسے "ماں باپ ہر طرح سے اپنی بیٹی کا مان گون رکھتے ہیں" +

مان گون والی۔ آن تان والی۔ ناز نخرہ والی۔ عزّت آدر والی۔ چاؤ چوچلے والی +

لیہ

لے دے کے۔ (۱) کمال کوشش سے۔ نہایت سعی اور جدّ و جہد سے۔ (۲) بمشکل تمام۔ نہایت مشکل سے۔ بہزار دقت (۳) دے دلا کر۔ کاٹ کوٹ کر۔ چُکا چکا کر۔ بانٹ بونٹ کر۔ بیباق کر کے تمام وضعات کے بعد جیسے "لے دے کے دس رُوپے بچے ہیں" (۴) کُل ہم۔ صرف۔ فقط۔ اکیلا۔ تنہا۔ جیسے "اُن کا لے دے کے یہی بچہ ہے اور آگے خدا کا نام (۵) سب ہیں سے۔ منجملہ (۶) ہمگی۔ تمام۔ سارا (۷) کلمۂ حصر۔ بچا کچھا۔ باقی ساقی +

لے دے ہونا۔ کوشش ہونا۔ بار بار ہونا۔ تقاضہ پر تقاضہ ہونا +

لینے کو چھلی دینے کو کانٹے (کہاوت) یعنی لیتے وقت نرم دینے کے وقت سخت گرم +

م

ما۔ یا۔ ماں (۱) امّ۔ والدہ۔ میّا۔ ماتا (۲) ایک کلمۂ محبت جو ماں اپنے بچے سے خطاب کرتے وقت گویا اُسی کی زبان ہو ادا کرتی ہے جیسے "نہیں ما تجھے کون مار سکتا ہے" +

ما بیٹیوں میں لڑائی ہوئی لوگوں نے جانا بیر پڑا۔ (کہاوت) یعنی اپنوں کی لڑائی لڑائی میں داخل نہیں +

ما پسنہاری بھلی باپ ہفت ہزاری برا۔ ماں کی محبت باپ سے زیادہ ہونے کی نسبت بولتے ہیں +

ما جائی۔ سگی بہن۔ ہمشیرہ۔ خواہر +

ما جایا۔ سگا بھائی۔ برادر حقیقی +

ماسے سوا چاہے سو پھاپھا کُٹنی کہلائے (کہاوت) یعنی ماں سے

مال

زیادہ محبت جتانا خالی از علّت نہیں ہوتا +

ما کا پیٹ کمہار کا آوا کوئی گورا کوئی کالا (کہاوت) یعنی ایک پیٹ کی اولاد ایک ہی رنگ و رُوپ کی نہیں ہوتی +

ما مارے اور ماں ہی ماں پکارے (کہاوت) یعنی اپنوں کی سختی بھی بُری نہیں معلوم ہوتی۔ عزیزوں کی مار دھاڑ عزیز داری نہیں چھڑاتی +

ما مرے موسی جئے۔ یعنی ما مر جائیگی تو خالہ پال لیگی۔ یعنی ما اور خالہ میں کچھ فرق نہیں ہے +

مانہ ماں کا جایا سب ہی لوگ پرایا (کہاوت) اجنبی مقام کی نسبت بولتی ہیں۔ جہاں کوئی بھی اپنا واقف کار نہو +

ماتھا پھٹی۔ وہ عورت جس کا ماتھا چپٹا اور بدنما ہو۔ ماتھا کُھلی +

ماتھے چاند ٹھوڑی تارا۔ (کہانیوں میں) خوبصورتی کی تعریف میں یہ فقرہ آتا ہے۔ یعنی ماتھے کا یہ عالم تھا کہ گویا چاند اتر آیا ہے۔ اور ٹھوڑی کی یہ کیفیت تھی کہ جیسے ستارہ چمک رہا ہے +

مار دھاڑ۔ زد و کوب۔ مار پیٹ۔ مار کُٹائی۔ ضرب و شلاق۔ جنگ و جدل +

مار کُٹائی۔ زد و کوب۔ مار پیٹ۔ مار دھاڑ۔ جُوتم جاتا۔ ہانڈی ہنڈولا +

مار موئے مار تیری ہتری پر آئے میری عادت نہ جائے (پڑو کھے) (کہاوت) تو کیسی ہی سزا دے میری عادت تو گئی ہے نہ جائیگی تیرے ہی ہاتھوں میں درد ہوگا +

مال زادی (۱) کسبی۔ بیسوا۔ قحبہ۔ رنڈی۔ پتریا۔ پاتر۔ زنِ بازاری۔ (۲) چھنال۔ فاحشہ۔ بدکارہ۔ قطامہ۔ حرامزادی۔ ایک قسم کی

ٹ پھاپھا۔ بکھیڑا ڈالنے کرنے والی۔ مکّارہ۔ فتانہ +

لہل

جیسے حمیدہ! وہ پیپل والے گھر کا جھولا یاد ہے ہم تم کیسے لہک لہک کر ملار گایا کرتے تھے +

لہلہاتا (۱) لچکتا۔ جنبش کرتا ہوا۔ جھومتا ہوا۔ جنبان۔ لہراتا ہوا۔ لچکتا ہوا۔ جیسے "تیرا لہلہاتا جنازہ نکلے" (۲) سرسبز۔ شاداب۔ ہرا بھرا تروتازہ + شگفتہ + پھلا پھولا (۳) جان جوان۔ جوانی میں بھرا ہوا نوعمر۔ نوخیز جیسے "تو لہلہاتا جائے یعنی جوان مرے" +

لہنا۔ (۱) نصیبا۔ قسمت۔ بھاگ۔ بہرہ۔ بخت۔ جیسے بوا تمہارا لہنا اچھا ہے گھر بیٹھے خدا من سلونے بھیج رہا ہے (۲) تمتع۔ نفع۔ فائدہ حاصل۔ حصول (۳) ساجھا۔ شراکت۔ حصہ۔ قسمت کا ساجھا +

لہو یا لہُو۔ (۱) خون۔ دم۔ رکت (۲) مجازاً اپنا۔ یگانہ۔ یک ماں باپ یا دادا کی اولاد +

لہو اوٹنا۔ لہو کھولنا۔ خون میں آٹھ پہر کے غم یا غصے کے سبب جوش آنا۔ نہایت جلنا۔ خون جوش کھانا +

لہو پانی ایک کرنا۔ (۱) خون اور پانی ملانا۔ خون تنا یہ بنانا (۲) اتنی محنت و مشقت کرنا کہ اس کی گرمی سے خون نہایت رقیق ہو جانا۔ محنت شاقہ سے جسم کے لہو پانی کو ملا کر ایک کر دینا سخت محنت اٹھانا۔ چوٹی کا پسینا ایڑی تک لانا۔ پسینا بہانا۔ پسینوں میں نہانا + کسی کام میں نہایت سرگرمی دکھانا۔ کمال جدوجہد فرمانا۔ ازحد جستجو کرنا۔ (۳) جان ہلکان کرنا۔ اپنے کو ہلاکت میں ڈالنا۔ اپنا حال قریب بمرگ پہنچانا۔ اپنی جان کو نہایت تکلیف دینا۔ ازحد رنج اٹھانا (۴) نہایت طیش کھانا۔ نہایت غصہ ہونا۔ ازحد غصہ کرنا۔ نہایت بگڑنا۔ خفا ہونا۔

لید

ناراض ہونا۔ (۵) کسی کو نہایت غصہ دلانا۔ جلانا۔ جلا کر کباب کرنا۔ غضبناک کرنا۔ نہایت رنج دینا۔ تکلیف دینا۔ ستانا +

لہو سفید ہو جانا یا ہونا۔ خون کی حرارت کا زائل ہو کر سفیدی لے آنا۔ محبت کا زوال ہو جانا۔ محبت نہ رہنا۔ سرد مہری و بے مہری کا ظہور پکڑنا۔ اپنایت اور محبت کا اٹھ جانا۔ رحم نہ رہنا۔ دیا نہ رہنا۔ مروت نہ رہنا +

لہو کا ہلکا۔ وہ شخص جو کسی کا صدمہ یا خون دیکھ کر غش کھا جائے۔ نہایت نرم دل۔ لطیف الدم۔ لطیف اور صاف خون والا۔ وہ شخص جس کا خون جلد اثر قبول کرے + نہایت نازک +

لہو لہان۔ خون آلودہ۔ لت پت۔ خون میں لتھڑا ہوا۔ خوم خون۔ وہ شخص جس کا تمام بدن مجروح ہونے کے سبب خون سے آلودہ ہو گیا ہو +

لہو لہان کرنا۔ ایسا زخمی یا گھایل کرنا کہ سر سے پاؤں تک خون آلودہ ہو جائے۔ خوم خون کرنا۔ خون کی ندیاں بہانا +

لہو لینا۔ (۱) خون لینا۔ نشتر مارنا۔ فصد کھولنا۔ رگ زدن کا ترجمہ لہو نکالنا۔ خون کم کرنا۔ صفرائے جوشیدہ کو نکالنا (۲) فصد کھلوانا گندہ خون نکلوانا۔ خون کم کرانا +

لے پالک۔ وہ بچہ جسے لیکر پال لیا ہو۔ گود لیا ہوا۔ متبنیٰ۔ متبنیہ فرزندی میں لیا ہوا۔ پسر خواندہ۔ دھرم کا بیٹا۔ دھرم کی بیٹی گود لی ہوئی لڑکی یا لڑکا +

لے دے کرنا۔ نہایت کوشش کرنا۔ تقاضے پر تقاضے کرنا جیسے چار روز تک برابر لے دے کی جب ٹوپی تیار ہوئی +

لگب

اُس کا بُرا لکھّا کیا۔ گھر کا کیا لکھّا ہو رہا ہے (۴) خط۔ دستخط۔ حرفوں کی صفائی۔ جیسے اُس کا لکھّا اِس کے لکھّے کو نہیں پہونچتا +

لِکھّا پُورا کرنا - کرم بھوگنا۔ قسمت پیٹنا۔ بپتا بھوگنا۔ مُعیشت بھرنا۔ بُرے دن کاٹنا۔ تقدیر کے لکھّے کو پُورا کرنا۔ مُصیبت کے دن پُورے کرنا +

لِکھّا پُورا ہُونا (۱) قسمت کا لکھّا سامنے آنا۔ تقدیری امر کا ظاہر ہونا (۲) بُرا خاوند مِلنا + آسمانی نکاح ہونا۔ پلّے بندھنا جیسے جس مردُوے کے ساتھ میرا لکھّا پُورا ہُوا ہے وہ بھی سلامتی سے دنیا کے مردُوؤں کی طرح چالاک نہیں (۳) دُرگت ہونا۔ بُرا درجہ ہونا +

لگ بھگ - (۱) قریب نزد۔ قریب قریب۔ عنقریب پاس۔ نزدیک جیسے عید کی سواری لگ بھگ ہے۔ گھر میں کھانے تک کو نہیں (۲) ملتا جُلتا۔ انوہاں۔ مشابہ۔ متشکّل۔ مُماثل + اندازہ سے۔ تخمیناً۔ اٹکل سے غیر تحقیق کی نسبت بھی بولتے ہیں +

لگ نہ لگنا - پاس نہ پھٹکنا۔ قریب نہ آنا۔ مانوس نہ ہونا۔ الگ الگ رہنا۔ ہلکر نہ چلنا۔ متنفّر رہنا۔ یار نہ بننا۔ اخلاص نہ رکھنا۔ مل کر نہ بیٹھنا +

لگ نہ لگنے دینا - پاس نہ پھٹکنے دینا۔ قریب نہ آنے دینا الگ تھلگ رکھنا۔ مختلط نہ ہونے دینا۔ اخلاص نہ ہونے دینا +

لگُّو حقارتاً (۱) جیب۔ زبان۔ رسنا۔ لِسان۔ تُوتُو جیسے ہاتھ بھر کی لگّو ہے (۲) بولی۔ بول چال۔ زبان۔ گفتگو +

لہک

لگّو پتّو - زبانی بڑھاوا چڑھاوا۔ زبانی عزّت۔ خوشامد درآمد۔ تملّق۔ چاپلُوسی۔ لبّہ شبّو۔ چرب زبانی۔ چکنی چُپڑی اور میٹھی باتیں۔ سخن سازی جیسے چونکہ آدمی نے کچّا شیر پیا ہے میں اُس کی لگّو پتّو میں آگئی +

لنڈوری فاختہ (۱) وہ عورت جس کا کوئی شریک و ہوا خواہ نہو۔ زنِ بیکس۔ نگوڑی ناٹھی (۲) گنجی +

لنکا میں چھوٹے سے چھوٹا وہ بھی باون گز کا - (کہاوت) یعنی لنکا میں غریب سے غریب بھی فتنہ انگیز و شریر ہوتا ہے +

لُوتھ ہُونا۔ لوتھ پوتھ ہُونا - گدا گُون ہونا۔ بیہوش و حواس ہونا۔ ڈھیر ہونا۔ مُضغہ گوشت بنجانا +

لوتھڑا - موٹا مُسٹنڈا سنڈ مُسنڈ۔ ہٹّا کٹّا۔ مرد جوان فربہ جیسے بیس مُوئی پکا پکا موئی آئے لوتھے کھا گئے +

لُوری - (زنانہ لوارا) وہ پیارے اور سُریلے الفاظ جو بچّہ کے سُلانے کے واسطے گیت کے طور پر دھیمے دھیمے سروں میں عورتیں گاتی ہیں جیسے اللہ اللہ لوریاں دُودھ بھری کٹوریاں +

لُوری دینا - بچّے کو لوری گا کر سُلانا۔ سُلانے کا گیت گانا +

لُونڈی - کنیز۔ خدمتگار۔ پرستار۔ باندی۔ چیری +

لُونڈی کا جنا - پرستار زادہ۔ خانہ زاد غلام۔ داسی پُتر۔ وہ شخص جو لونڈی کے پیٹ سے ہو۔ باندی کا جام۔ کنیز زادہ۔ لونڈی بچّہ +

لُونڈی ہوکر کمانا بیوی بنکر کھانا (کہاوت) جو عورت محنت میں شرم نہیں کرتی وہ اپنی گزران امیرانہ کرتی ہے +

لہک لہک کر - خوش ہو ہو کر۔ موج میں آ آکر شوق میں بھر بھر کر -

لگا پاترا - (۱) ہندی زبان کی علامتِ اِعراب جیسے اُردو میں زبر زیر پیش (۲) ساتھ لگا رہنے والا۔ دم کا ساتھی۔ مجازاً آشنا۔ یار +

لٹو

اور جنے کی ایک رسم جب بہو وہ سے لٹ دھوئی جاتی اور

اُس کا حق داروں کو نیگ ملتا ہے +

لٹورا۔ اُلجھے ہوئے بالوں کی لَٹ + جھنڈولا + چُٹا۔ جونڈا۔ سر +

لَٹُورُوں والی یا لٹوریُوں والی۔ ڈاین چڑیل۔ پچھل پائی۔ جناتنی۔ بھُوتنی۔ ساحرہ۔ جادُوگرنی۔ ٹونہائی +

لٹورے اُتروانا۔ بچّے کے بال اتروانا۔ مونڈن کرانا۔ بچّے کے پیٹ کے بال منڈوانا +

لٹوریے ڈالنا۔ سَر مونڈ ڈالنا۔ بال نوچ لینا۔ جونڈا مونڈنا +

لجونتی (۱) لاج والی۔ صاحبِ غیرت۔ شرم والی۔ حیامند (۲) چھُوئی مُوئی۔ لجالُو +

لچک (۱) جھٹکا۔ چک۔ ضرب۔ ہچکولا (۲) جُنبش۔ لرزش +

لچک آجانا۔ جھٹکا آجانا۔ ضرب آجانا۔ چک آجانا +

لَچھَن (۱) نشانی۔ علامت۔ آثار (۲) رُوپ۔ رَنگ۔ رونق +

لچھن جھڑنا۔ رونق کا جاتا رہنا۔ رُوپ نہ رہنا۔ بدرُوپ ہوجانا۔ چہرے پر رونق نہ رہنا۔ اِدبار آنا +

لَخلَخ کرنا۔ بھُوک یا پیاس سے نڈھال ہونا۔ بھُوک میں پھڑکنا۔ حلق خشک ہونا۔ جیسے "بچّہ بھُوک سے لخلخ کر رہا ہے" +

لڑکوری۔ بچّے والی۔ بچّہ وار۔ مُصیبتہ۔ بچّے کی ماں۔ اولاد والی +

لڑکی والا۔ لڑکی کا باپ۔ پدرِ عروس +

لَسَتَم پَشتَم۔ جوں توں۔ کبھی اچھی طرح کبھی بری طرح بسر اوقات ہونا۔ بُری بھلی طرح۔ بہر طور۔ بہر حال۔ جس طرح بنا جس طرح

لکھ

ہو سکا۔ جیسے "میاں لستم پشتم گذر ہی جائے گی" + (تلکے ہندی کے ساتھ بھی مستعمل ہے بلکہ عورتیں تو اکثر لشتم پشتم ہی بولتی ہیں) +

لشکروالا۔ بادشاہ۔ صاحبِ احتشام۔ راجہ۔ نواب۔ حاکم۔ سلطان (بیگمات) +

لَعنَت (۱) پھٹکار۔ نفرین۔ ملامت (۲) سرزنش۔ زجر۔ توبیخ +

لعنت بھیجنا (۱) نفرین کرنا۔ بُرا بھلا کہنا (۲) کنارہ کرنا۔ اجتناب کرنا (۳) کوسنا۔ بددعا دینا +

لَعنَت کا شوروا پھٹ پھٹ کی روٹی۔ نہایت بے وقری اور بے غیرتی کی روٹی +

لعنت کی روٹی پھٹ کا شوروا۔ نہایت بے غیرتی اور بے وقری کی روٹی۔ وہ روٹی جو سینکڑوں باتیں سُنا کر اور طعنے مہنے دے کر کھلائی جائے۔ جیسے "ہمارا کہنا تمہاری سمجھ میں نہ آیا۔ اب یہ لعنت کی روٹی پھٹ کا شوروا اچھا" +

لَقلَقَہ (۱) چبھا۔ حوصلہ۔ ظرف۔ ہمّت۔ رعب۔ رعب داب۔ رعب دار۔ جیسے "خیرو افروز ایک بڑے لقلقے حوصلے سلیقے کی بیوی تھی" (۲) لہجہ۔ خوش الحانی۔ لب و لہجہ۔ قوتِ بیانی و طاقتِ لسانی۔ جیسے "کس لقلقے سے پڑھتا ہے کہ جی تڑپ جاتا ہے" + (لقلقہ عربی میں لگلگ پرند کے زور کے ساتھ بولنے کو کہتے ہیں) +

لِکھّا۔ (۱) نوشتہ۔ تحریر شدہ۔ لکھا ہوا۔ لکھتم۔ رقم زدہ۔ مرقوم۔ (۲) حکمِ ازلی۔ قضا۔ سرنوشت۔ کتابُ اللہ۔ للاٹ۔ بھاگ تقدیر۔ پراللہ۔ قسمت۔ مقدر۔ تقدیری اور شدنی امر۔ جیسے "ہائے میری قسمت کا لکھا" (۳) درجہ۔ حالت۔ حال گت۔ جیسے "کیا بُرا لکھا کر رکھا ہے"۔

لال

دستگیر۔ حامی۔ مددگار۔ جیسے بڑے کا کوئی لاگو نہیں (۳) درپے پیچھا لگو۔ جیسے جان کا لاگو (۴) دوست۔ یار۔ آشنا جیسے چار پیسے کے سب لاگو ہیں (۵) طرفدار۔ جانب دار (۶) خریدار۔ مشتری۔ گاہک +

لاگو ہونا (۱) ہواخواہ ہونا۔ خواہشمند ہونا۔ چاہنا۔ خواہاں ہونا۔ خواہش رکھنا۔ (۲) خریدار ہونا۔ گاہک ہونا۔ (۳) سر ہونا۔ درپے ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ آمادہ ہونا (۴) ساتھی ہونا۔ شریکِ حال ہونا۔ (۵) معاون و مددگار ہونا۔ حامی ہونا۔ طرفدار ہونا۔ جانبدار ہونا (۶) پرسانِ حال ہونا۔ خبرگیر ہونا۔ (۷) تعلّق رکھنا۔ واسطہ رکھنا۔ غرض رکھنا۔ مطلب رکھنا (۸) دوست یا آشنا بننا۔ یار بننا۔ (۹) مُشتاق ہونا۔ آرزومند ہونا +

لال۔ (۱) اولاد۔ فرزند دلبند۔ پیارا۔ عزیز۔ (۲) سُرخ + لعل + ایک قسم کی چڑیا جسکا رنگ سرخ اور اُوپر چِتیاں ہوتی ہیں +

لالے (۱) تمنا۔ آرزو۔ اشتیاق۔ ابلاکھا۔ اِچھا۔ ارمان۔ جیسے آج کے دن کے تو لالے تھے۔ خدا نے یہ دن کیا کہ میری بچّی کو کھانے پکانے کا شعُور ہوا ! "ہمیں تو اُس کے جینے ہی کے لالے ہیں" (۲) کمال مایُوسی۔ نہایت نااُمیدی۔ ہراس +

لپ جھپ۔ (۱) تیزی۔ پھُرتی۔ چابک دستی۔ تیز دستی۔ جلدی۔ شتابکاری۔ جلدکاری۔ جلدی کا کام (۲) ہاتھ چالاکی۔ چوری۔ دزدی۔ جیسے مُغلانیاں اپنی لپ جھپ سے باز نہیں آتیں مال کے کفن میں سے بھی کپڑا چرا لیتی ہیں۔ (۳) چالاکی۔ عیّاری۔ شوخی۔ طرّاری۔ فریب۔ مکّاری۔ دھوکا بازی (۴) زُود رفتاری۔ تیز رفتاری۔ جیسے کیسی لپ جھپ کرکے وہاں پہنچا کہ سب حیران رہگئے۔ (۵) تیز۔ چالاک۔ ہوشیار۔ پھُرتی باز۔ پھُرتیلا جیسے "باپ چُپ چُپ پُوت لپ جھپ" +

لٹ

لپنجنی۔ (صحیح لب جنی) زٹلو۔ بیہُودہ۔ خوشامدگو۔ خوشامد کرنے والی۔ جیسے "دو چار لپجنیاں خوشامد چوٹیاں ناک کا بال بنی ہوئی ہیں" +

لپکا۔ عادت۔ خُوئے بد۔ عادتِ بد۔ لت۔ وصت۔ بان +

لتری۔ وہ عورت جو اِدھر کی اُدھر اور اُدھر کی اِدھر لگائے۔ پتنگ چھُتری۔ چغلخور۔ جیسے کسی کی بات کو دہراؤگی۔ تو کہیں گے کہ کیا لُتری ہے کیا پیٹ کی ہلکی ہے۔ ذرا سی بات پیٹ میں نہیں ٹکی۔

لتّہ۔ (۱) چیتھڑا۔ گودڑ (۲) کپڑا۔ بستر۔ جامۂ پوشیدنی۔ پارچہ جیسے تن پر نہیں لتّہ پان کھائیں البتہ +

لتھ پت یا لتھ پت۔ آلودہ۔ ملوّث۔ بھرا ہوا۔ بنا ہوا +

لتھڑ پتھڑ (دیکھو لتھ پت) +

لتّے۔ لتّہ کی جمع +

لتّے لینا۔ ملامت و سرزنش کرنا۔ خبر لینا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ جھاڑنا۔ لتاڑنا +

لَٹ (۱) بالوں کی جُٹ (۲) وہ بال جو مدّت تک کنگھی نہونے یا چکٹ جانے سے باہم پیوستہ ہو جائیں +

لَٹ دھلائی۔ وہ نیگ جو دولھا کی بہن کو لٹ دھلانے کی بابت شادی تو لیہ یعنی چھچھی میں دیا جاتا ہے +

لَٹ دھونا۔ (۱) بالوں کی لَٹ کو پانی سے صاف کرنا (۲) شادی

گھی

حسب دلخواہ مراد بر آنا۔ نہایت خوشی حاصل ہونا۔ بن آنا۔
جشن اُڑنا۔ خوشیاں منانا۔ رنگ رلیاں ہونا (۲) رنگ میں
ہونا (۲) اس قدر دولت مندی اور ثروت ہونا کہ تیل کی
بجائے گھی کے چراغ جلنا۔ نہایت امیری اور فارغبالی ہونا+

گیت گانا۔ تعریف کرنا۔ گُن گانا۔ جیسے بُوا معلوم تم نے کیا
جادو کر دیا ہے کہ ہر ایک کے آگے وہ تمہارے ہی گیت گا
رہی ہے +

گئی کرنا۔ درگزر کرنا۔ ٹالنا جیسے بُوا بہتیری گئی کی مگر چوٹّی ماما
اپنی کرتُوتوں سے باز نہ آئی +

گیگلی۔ پھوہڑ عورت۔ ریلی۔ بوولی۔ بھٹّل۔ احمق۔ سٹلو۔
سٹریلی۔ ٹرغل +

ل

لات مار کر کھڑا ہونا۔ جی کر تندرستی کے ساتھ اٹھنا۔ جننے
سے بخیریت فراغت پانا۔ (اصل میں پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہونا تھا)
خدا نے یہ طاقت گنواریوں ہی کو دی ہے کہ ادھر جنا اُدھر پلنگ کو لات ماری

لاج۔ لحاظ۔ شرم۔ حیا۔ حجاب۔ ننگ۔ عار +

لاج رکھنا۔ عزّت بنی رکھنا۔ آبرو نہ بگڑنے دینا۔ عزّت بچانا+

لاج کی آنکھ جہاز سے بھاری (کہاوت) (۱) حجاب کی
آنکھ جہاز سے بھی بھاری ہوتی ہے (۲) شرم و حیا کی آنکھ
اُونچی نہیں ہوسکتی +

لاج ونتی۔ شرم والی۔ غیرت مند۔ صاحبِ غیرت+ عصمت
والی۔ پاکدامن۔ ناک والی۔ نیکبخت +

لاگ

لاڈلی۔ پیاری۔ دُلاری۔ نازپروردہ۔ ناز و نعمت کی پلی ہوئی وہ
لڑکی جو زیادہ محبّت کے سبب کاہل سُست۔ سرکش
غیر مہذّب۔ اور بدتمیز ہوگئی ہو محبّت کے سبب آزاد طبیعت
نیز اکثر مسلمان عورتوں کے نام جیسے لاڈلی بیگم۔ لاڈلی خانم وغیرہ+

لاکھ[1]۔ (۱) سو ہزار کی تعداد (۲) برائے اظہار کثرت جیسے ہزار بیت سا۔
(۳) ہرچند بہتیرا ہی کتنا ہی جیسے کوئی لاکھ سمجھاؤ وہ اپنی ہی کرکے رہتی ہے+

لاکھ بِسوے۔ بالضرور۔ یقیناً۔ بلاشبہ۔ بالتحقیق۔ شرطیہ +

لاکھ پر بھاری۔ (محاورہ) بہت سوں پر ور۔ سب پر غالب +

لاکھ کا گھر خاک کرنا۔ بنا بنایا کارخانہ تباہ کرنا۔ ساری جمع
پونجی برباد و خراب کرنا +

لاکھ کا گھر خاک ہونا یا ہو جانا۔ بالکل تباہ و برباد ہو جانا۔
کی کرائی محنت و مشقت کا ضائع ہو جانا +

لاکھ لاکھ بناؤ دینا۔ نہایت زیب دینا۔ نہایت بھلا لگنا+

لاکھوں میں ایک۔ چھٹا ہوا۔ منتخب۔ چوٹی کا +

لاکھا۔ لاکھ کا سُرخ رنگ جسے عورتیں اپنے ہونٹوں پر خوبصورتی
کے واسطے لگالیتی ہیں۔ بلکہ اب تو شہاب پان یا اخروٹ کی
چھال سے ہی لاکھا جانے لگی ہیں +

لاکھا جمانا یا لگانا۔ مسّی کی دھڑی لگا کر اُس کے اُوپر پان
کی سُرخی جمانا۔ ہونٹوں پر شہاب یا پان کی لالی کا جمانا+

لاگو۔ (۱) ہواخواہ۔ خواہشمند۔ خواہاں۔ چاہنے والا۔ (۲) ساتھی
ساتھ دینے والا۔ پرسان حال۔ خبر گیر۔ شریک حال۔ معاون۔

[1] (بحالت تانیث) ایک قسم کا سُرخ رنگ نیز کیڑا اور وہ دانہ دار صمغی مادہ جو اکثر بیریوں اور پیپل کے درختوں پر پایا جاتا ہے۔ اور اس سے چوڑیاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں+

گھی	گہک

یہ فقرہ زبان پر لاتی ہیں +

گہک گہک کر - لہک لہک کر - لہرا لہرا کر - موج میں آ آ کر - ہہک ہہک کر خوشی میں زور زور سے باتیں کرنا +

گھگّی بندھ جانا - (۱) ڈر کے مارے منہ سے صاف آواز نہ نکلنا - (۲) روتے روتے آواز کا رُک رُک کر نکلنا +

گھُل گھُل کر آخر یا تمام ہُونا - تحلیل ہو ہو کر مرنا - غم یا بیماری یا عشق سے ریچھ ریچھ کر دم دینا - دبلا اور لاغر ہو ہو کر مر جانا - سُوکھ سُوکھ کر مر جانا +

گھُل گھُل کر یا گھُل گھُل کے مرنا - غم یا بیماری میں ریچھ ریچھ کر دم دینا - تحلیل ہو ہو کر جان دینا - نہایت دُبلا اور لاغر ہو کر مرنا - سُوکھ سُوکھ کر مرنا +

گھُل مل کے بیٹھنا - مل جُل کر بیٹھنا - پیار اخلاص سے بیٹھ کر بات چیت کرنا - محبّت سے پاس جا کر بیٹھنا - جیسے بہت سا کسی پر گھُل مل کے بیٹھو گی تو کہیں گے کہ کیا چھچھوری ہے - ہر کسی سے گھُلو مِٹھو ہو جاتی ہے +

گھُلو مِٹھو ہو جانا - (بیگمات) جلد مل جُل جانا - جلد اخلاص جوڑ لینا - مل جُل جانا - ارتباط پیدا کر لینا - آمیزگار ہو جانا جیسے وہ تو ہر کسی سے گھُلّو مِٹّھو ہو جاتی ہے - نہ اتنا کسی سے گھُلّو مِٹّھو ہو کہ اپنا وقر جائے - نہ ایسی لکھ لُٹ بنو کہ جس میں تباہی اور قرضداری ہو + (اس لفظ کے لغوی معنی مٹھاس کی طرح گھُل مل جانے کے ہیں) +

گھما گھم - چہل پہل - رَول چَول - آبادی - گرم بازاری - رونق - دُھوم دھام - جیسے جب بُہو آتی ہے تو اِس کے دم سے سارے گھر میں گھما گھم ہو جاتی ہے +

گھما گھمی - (دیکھو گھما گھم) +

گھُم گھُم - ڈولی یا پینس کے کہاروں کی وہ آواز جو چلتے وقت دم دینے کے واسطے لیتے ہیں +

گھوڑی چڑھنا - (۱) مختُون کا تندرست ہو کر کسی مقدس جگہ پر دُھوم دھام سے شکریہ صحت ادا کرنے جانا - سنّت کی رسم ادا ہونا[۱] (۲) دُولھا بننا - دولھا بنکر دلہن کے مکان پر جانا +

گھُونٹ گھُونٹ کر مارنا - جلا جلا کر مارنا - رنج دے دیکر مارنا - چپکی مار دینا - اندرُونی رنج دینا +

گھُونگٹ اُٹھانا - (۱) نقاب اُٹھانا - مقنع اُونچا کرنا - (۲) حجاب دُور کرنا - پردہ ترک کرنا - دُلھن کا سامنے ہونا - جیسے چار دن کی بیاہی نے گھونگٹ اٹھا دیا - (۳) گھُونگٹ اُونچا کرنا +

گھُونگرو بولنا - موت کے وقت خرّاٹے آنا - سانس اٹک اٹک کر نکلنا - بلغم کا حلق میں بولنا +

گھیتلا - ایک قسم کا زنانہ جُوتا جو آگے سے بہت سا مُڑا ہوا ہوتا ہے - ایک قسم کی کف پائی - سلیپر - لمبی نوک کا پھڈّا جُوتا +

گھی سَنوارے سالنا بڑی بُہو کا نام - (کہاوت) (یعنی لذّت گھی سے درست ہوتی ہے - اور نام بچانے والی کا ہوتا ہے) +

گھی کے چراغ جلنا (۱) دل کی مراد پوری ہونا - رَت جگے ہونا -

---

[۱] اس کی مفصّل کیفیت ہماری فرہنگِ آصفیہ اور رسُومِ دہلی میں دیکھو

گھر

گھر گھیر تو باہر بھی گھیر۔ (کہاوت) یعنی جو گھر میں سو باہر ٭

گھر کی بیوی ہانڈنی گھر کتّوں جوگا۔ یعنی جب گھر کی بیوی اِدھر اُدھر پھرے گی تو گھر میں کتّے ہی لوٹیں گے ٭

گھر کی ٹُپکی باسی ساگ۔ بیجا شیخی بھگارنے والے کے حق میں کہتے ہیں۔ یعنی صرف شیخی ہی شیخی ہے۔ گھر میں دیکھو تو ایک ڈھوبرے اور باسی ساگ کے سوا کچھ بھی نہیں نکلیگا ٭

گھر کے جالے لیتے پھرنا۔ (کہاوت) یعنی بے فائدہ کام کرنا۔ نکمّا پھرنا ٭

گھر کی سوبھا گھر والی کی سنگ۔ (کہاوت) یعنی گھر کی رونق بیوی کے دم سے ہے۔ گھر کی زیب و زینت صاحبِ خانہ سے ہوتی ہے ٭

گھر گھر کے جالے لینا۔ ہر ایک گھر میں جانا۔ گھر گھر پھرنا ٭

گھر گئی۔ گھر اجڑی۔ خانہ خراب۔ نگھری۔ بن گھر کی۔ لاوارثی۔ ناٹھی۔ نگوڑی ناٹھی۔ رانڈ۔ بیوہ۔ نخصمی ٭

گھر مُوسنا۔ گھر لُوٹنا۔ گھر میں چوری کرنا۔ گھر پر جھاڑو پھیرنا۔ گھر کا صفایا کرنا ٭

گھر اسہاگ یا اخلاص۔ نہایت ارتباط۔ از حد تپاک۔ میاں بیوی کا از حد سلوک۔ زن و شوہر میں بہت پیار محبّت و موافقت ٭

گھروا۔ گھر کی تصغیر بالتحقیر۔ چھوٹا سا گھر۔ کٹیا۔ جھونپڑا۔ کھنڈلا جیسے گھر کا گھروا ہوگیا ٭

گھس

گھروا یا بلا۔ گھروایا۔ گھر کی تصغیر بالتحقیر۔ ڈروایا۔ کھنڈلا ٭

گھروندا۔ بچّوں کا گھر جو وہ گڑیاں کھیلنے کے واسطے بناتے ہیں۔ گڑیوں کا گھر۔ چھوٹا سا مٹی کا بنایا ہوا گھر۔ وہ گھر جو بچّے برسات کے دنوں میں پاؤں ریتے کے اندر رہجائے قالب رکھ کر سوکھا بنا لیتے ہیں اور پھر اُسے کھیل کر توڑ ڈالتے ہیں۔ جیسے بچّوں کا گھروندا نہیں کہ گھڑی بنایا گھڑی توڑا ٭

گھریا۔ نرغہ۔ تعلّقات۔ مصیبت ٭

گھریا میں گھرنا۔ مصائب میں پھنسنا۔ تعلّقات میں گرفتار ہونا۔ علایقِ دنیوی میں گرفتار ہونا ٭

گھڑوں پانی پڑ جانا۔ نہایت شرمندہ ہو جانا۔ شرم کے مارے پسینوں میں ڈوب جانا۔ شرم سے پسینے پسینے ہو جانا۔ عرقِ انفعال میں تر ہونا۔ جیسے "اس بات سے میں ایسی شرمندہ ہوئی کہ گھڑوں پانی پڑ گیا" ٭

گھڑی ساعت پر ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔ کوئی دم کا مہمان ہونا۔ دم شماری ہونا۔ جان بلب ہونا۔ جاں کنی کی حالت میں ہونا۔ دم توڑنا ٭

گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت۔ ذرا سی بات میں خوش ذرا سی بات میں ناراض۔ گھڑی میں تولہ۔ گھڑی میں ماشہ ٭

گھس پس کر پرانا ہو۔ گھس پس کر اُترے پہننا پھاڑنا نصیب ہو۔ عمدہ پوشاک کے موقع پر بطور دعائیہ

گھر

کھانے کو دوڑتا ہے یا یوں کہو کہ نہایت بھیانک اور ویران معلوم ہوتا ہے مطلق جی نہیں لگتا۔ جب اپنا کوئی عزیز کسی مکان سے چلا جاتا یا اُس گھر میں مر جاتا اور اُس کی باتیں یاد آ آ کر دل گھبراتا ہے تو اُس موقع پر یہ فقرہ زبان پر لایا کرتے ہیں جس سے یہ غرض ہوتی ہے کہ گھر پر اُسکے بغیر ویرانی برستی ہے۔ غیر آباد اور ویران مکان کی نسبت بھی جہاں آدمی کو ڈر لگے یا وحشت آئے یہ فقرہ بولا جاتا ہے ✤

گھر کا گھروا کر دینا۔ گھر کو تباہ و برباد کر دینا۔ گھر کا ناس ملا دینا۔ نُوس کر گھر کا تباہ کر دینا۔ لُغوی معنی بڑے گھر کو چھوٹا گھر یا کھنڈر بنا دینا ✤

گھر کا گھروا ہو جانا۔ (۱) بڑے گھر کا چھوٹا گھر رہجانا۔ گھر کا تباہ و برباد ہو جانا۔ گھر کا ستّیا ناس ہو جانا۔ جیسے "اینٹ سے اینٹ بج گئی۔ تخت کا تختہ اور گھر کا گھروا ہو گیا" (۲) غبن یا خیانت سے گھر تباہ ہو جانا ✤

گھر کا نام اُچھالنا۔ خاندان کو کلنک لگانا۔ گھر کا نام بد کرنا۔ گھر کے لوگوں کو بدنام اور رُسوا کرنا ✤

گھر کا نام ڈُبونا۔ خاندانی عزت کو برباد کرنا۔ خاندان کو بٹّا لگانا ✤

گھر کر گھر کرہ سٹر بلا سر دھر۔ کہاوت یعنی گھر کرنے سے بڑی بڑی آفتیں اور مصیبتیں جھیلنی پڑتی ہیں ✤

گھر کرنا (۱) گنجائش کرنا۔ سمائی کرنا۔ اپنی گنجائش نکالنا۔

گھر

جگہ نکالنا۔ جگہ کرنا۔ جگہ پیدا کرنا۔ جیسے ابھی پاؤں نے جوتی میں گھر نہیں کیا (۲) گھر بسا رہنا۔ خاوند کے گھر میں ٹکنا۔ گھر آباد کرنا۔ گھر میں رہنا۔ خاوند سے نباہ کرنا۔ جیسے "ایسی لاڈلی نے گھر کیا۔ تو رہی بات" (۳) گُھبنا۔ بیٹھنا۔ تصرّف کرنا۔ قبضہ کرنا۔ گُھسنا۔ بیٹھنا (۴) گھر بنانا۔ مسکن بنانا۔ رہنا۔ رہ پڑنا۔ بسنا۔ سکُونت اختیار کرنا (۵) بِل کھودنا۔ بِل بنانا۔ بلا بنانا۔ موکھا بنانا۔ بھٹ بنانا۔ گھونسلا بنانا۔ گھونسلا رکھنا۔ آشیاں بنانا۔ چھید کرنا۔ سُوراخ کرنا (۶) کفایت شعاری یا جزو رسی سے گھر کا انتظام کرنا۔ امُورِ خانہ داری کو سر انجام دینا۔ جیسے "گھر کرنا تو راحت زمانی پر ختم ہے"۔ "گھر کر گھر کرہ سٹر بلا سر دھر" (۷) مناکحت کرنا۔ مزاوجت کرنا۔ باہم عقد کرنا۔ باہم بیاہ کرنا۔ جوڑا لگانا۔ (۸) جمنا۔ قیام کرنا۔ قیام پکڑنا۔ قدم جمانا۔ (۹) اثر کرنا۔ سرایت کرنا۔ (۱۰) چھید کرنا۔ سوراخ کرنا۔ جیسے "تسمہ میں دو گھر کر دو" ✤

گھر کھوج مِٹا۔ خانہ خراب۔ خانہ ویران۔ کھو جڑے پیٹا۔ خانماں برباد۔ نِگھرا ✤

گھر کھوج مِٹے۔ دعائے بد۔ خانہ برباد ہو۔ کھوجڑا جائے۔ خانہ خراب ہو۔ گھر ویران ہو جائے ✤

گھر کھوج مِٹی۔ وہ عورت جسکے گھر کا تباہی بربادی اور خرابی کے سبب سُراغ تک مِٹ گیا ہو۔ خانہ خراب۔ خانماں برباد۔ نِگھری ✤

گھٹ

گھٹنے پیٹ ہی کو نیوتے ہیں (کہاوت) یعنی اپنائیت کا سب ساتھ دیتے ہیں۔ اپنوں کی طرف سب جھکتے ہیں +

گھٹنے سے لگاکر بٹھانا بیٹی کو پاس سے جدا نہ ہونے دینا۔ دم سے جدا نہ کرنا۔ ہم پہلو رکھنا۔ پاس سے سرکنے نہ دینا۔ آنکھ سے اوجھل نہ ہونے دینا۔ دم کے ساتھ رکھنا۔ پچھوے سے لگائے رکھنا دوسری جگہ نہ جانے دینا۔ جیسے دوا دانش نے کہا آخر تمہیں بھی کہیں نہ کہیں کرنا ہے۔ آج یا آج کے دس برس کو ساری عمر گھٹنے سے لگائے تو بیٹھا رہنا ہی نہیں +

گھٹنے سے لگ کر بیٹھنا۔ پاس سے نہ سرکنا۔ ہر وقت پاس رہنا "گھٹنے سے لگی بیٹھی رہتی ہے۔ ہر وقت پاس رہتی ہے کبھی پاس سے نہیں سرکتی۔" "تچپیڑ" ہو گئی ہے +

گھٹی۔ (۱) وہ دست آور دوائیاں جو نوزائیدہ بچے کا پیٹ صاف کرنے کے واسطے دودھ پلانے سے پہلے جوش دیکر پلائی جاتی ہیں۔ (۲) مجازاً سرشت۔ خمیر۔ طبیعت +

گھٹی میں پڑنا۔ سرشت میں پڑنا۔ خمیر میں داخل ہونا طبیعت ثانی ہونا۔ داخلِ عادت ہونا۔ جنم میں پڑنا۔ خلقت میں داخل ہونا +

گھر

گھر۔ مکان۔ حویلی۔ خانہ +

گھر اُف ہو جانا۔ خانہ خراب اور برباد ہو جانا۔ گھر کا بالکل تباہ ہو جانا۔ گھر میں کچھ نہ رہنا۔ ویران ہو جانا +

گھر آئے کتے کو بھی نہیں نکالتے۔ یعنی اپنے گھر پر اگر کوئی ذلیل سے ذلیل اور ادنٰے سے ادنٰے بھی آئے تو اُس کی بھی خاطر و مدارات کیجاتی ہے۔ اپنے گھر پر کسی کی بے عزتی نہیں کرتے۔ ادنٰے مہمان کی بھی خاطر داری کرتے ہیں +

گھر بھر کر باہر بھرے۔ دعا:۔ یعنی اِس قدر دولت ہو کہ گھر میں رکھنے کو جگہ نہ ملے اور وہ باہر تک رکھی جائے +

گھر بیٹھے بیر دوڑانا۔ گھر میں بیٹھکر موکل دوڑانا۔ گھر میں بیٹھے جادو کرنا۔ سحر و جادو کے زور سے کسی کو اپنے گھر بلوانا۔ گھر میں بیٹھ کر تسخیر کا عمل کرنا۔ موٹھ چلانا +

گھر جاتا رہنا۔ خاوند سے قطعِ تعلق ہو جانا۔ مطلقہ ہو جانا میاں سے چھوٹ جانا +

گھر سے پاؤں نکالنا۔ اپنے مکان سے باہر جانا۔ باہر پھرنے کی عادت ڈالنا۔ حد سے باہر جانے لگنا۔ جیسے "تو نے بہت گھر سے پاؤں نکالے ہیں دیکھ کیسا پٹتا ہے" +

گھر کا بوجھ اٹھانا یا سنبھالنا۔ (۱) امورِ خانہ داری کا سرانجام کرنا۔ گھر کا انتظام کرنا (۲) گھر کا صرف اپنے ذمہ لینا۔ اخراجاتِ خانہ کا کفیل ہونا +

گھر کا بوجھ پڑنا۔ امورِ خانہ داری میں گرفتار ہونا۔ خانہ داری کا انتظام اپنے سر ہونا۔ جیسے بال بچے ہونگے گھر کا بوجھ پڑے گا تو آپ سیدھی ہو جائیں گی +

گھر کاٹے کھانے یا کاٹنے کو دوڑتا ہے۔ یعنی گھر میں رہنا خوش نہیں آتا۔ اژدہے کی طرح ڈسنے یا شیر کی طرح پھاڑ

کلاوا کیا جاتا جو ساتویں مہینے خوشی کے ساتھ ہوتی ہے +

گوُد بھری رہے۔ دعا۔ اولاد زندہ وسلامت رہے۔ گود میں ہر وقت بچّہ رہے۔ صاحب اولاد رہے +

گوُدکا۔ شیر خوار بچّہ۔ دودھ پیتا بچّہ +

گوُد کا چھوڑ پیٹ کی آس۔ پاس کی یا موجودہ چیز کو کھو کر آیندہ نفع کی امید کرنا۔ اُدھار کے بھروسہ پر نقدی کو گنوانا +

گوُدنا گوُدنا۔ بدن پر نشان ڈالنا۔ جسم کو سوزن زدہ بنانا۔ طعنے مہنے دینا۔ جیسے اُستانی اگر تم کچھ سکھادو تو وہ بندی ساس نندوں کے گودنا گودنے سے بچ جائے +

گوُدی پھیلا پھیلا کر دُعا دینا۔ دل سے دعا دینا۔ جی سے اسیس دینا۔ دامن پھیلا پھیلا کر خدا سے کسی کیواسطے کچھ مانگنا۔ جیسے ہاتھ اُٹھا اُٹھا گودی پھیلا پھیلا کے دل سے دعا دی کہ الٰہی جس نے ہمیں ہنر سکھایا۔ وہ بھی اس کا پھل پائے" + (بیگماتِ قلعہ) +

گوُر میں کیڑے پڑیں۔ دعائے بد (دیتری)، قبر سڑے۔ جسم سڑ کر قبر میں کیڑے سے بھرے پھریں +

گوُلر کا پیٹ پھوٹنا۔ راز فاش ہونا۔ بھید کھلنا۔ بھانڈا پھوٹنا۔ جیسے تو وہ گولر کا پیٹ پھوٹنا تھا۔ باتوں باتوں میں سارا بھید کھل گیا +

گوُند پنجیری یا گوُند مکھانے۔ زچّہ خانہ میں جو گوند اور آٹے کی پنجیری بنی ہوئی یا مکھانے وغیرہ بجائے شیرینی تقسیم

ہوتے یا زچہ کو طاقت کے واسطے کھلائے جاتے ہیں اُن سے مُراد ہے +

گوُند پنجیری اَور ہی کھائیں جچّا رانی پڑی کرّائیں۔ تکلیف کوئی سہے۔ فائدہ کوئی اٹھائے +

گوُندی کیطرح جھکو نیم کیطرح کڑوی ومکرکش نہ بنو۔ (کہاوت) یعنی میٹھی باتیں کرو۔ کڑوی کسیلی نہ بنو۔ دنیا ہے دل بس کی میٹھا بول اور باتیں کرس کی +

گوُہ کا کیڑا۔ (۱) وہ کیڑا جو گوہ میں پیدا ہوتا ہے۔ چِچُنا۔ کرم (۲) بچّہ نوزائیدہ۔ چند روز کا بچّہ۔ چھوٹا سا بچّہ۔ جس کے مرجانے کا کم افسوس ہو + صحیح فارسی گُہ +

گھات۔ (۱) موقع داؤں + کمین + پیچ۔ کرتب (۲) چال۔ ٹھگ بِدّیا۔ چالبازی (۳) کمین گاہ۔ داؤں کی جگہ۔ وار کرنے کا موقع (۴) ڈھب۔ رُکان +

گھات میں رہنا۔ داؤں لگائے رہنا۔ موقع کا منتظر رہنا چال سوچتے رہنا۔ ڈھب ڈھونڈنا۔ قابو ڈھونڈنا۔ موقع تاکنا +

گھبری (۱) اضطراب۔ گھبراہٹ۔ اضطرار۔ بیکلی۔ بے قراری۔ بدحواسی۔ بے اوسانی۔ سراسیگی (۲) خفقان۔ تپاکِ قلب (۳) جلدی شتابی +

گھٹا تُلنا۔ گہری گھٹا چھانا۔ بادلوں کا جمع ہونا۔ مینہ برسنے کو ہونا۔

گھٹنے۔ گُھٹنا کی جمع۔ گھٹنے کوڈا +

گلگوتھنا۔ گول مول اور گٹھیلا ✣ پھولے پھولے گالوں والا۔ بھرے بھرے جسم والا۔ موٹا تازہ۔ گول جسم والا۔ موٹا۔ فربہ وجسیم۔ گدگدا۔ گداز۔ گل پھولا۔ کچوری سے گال والا ✣ (یہ لفظ گل مخفّف گول اور گوتھنا بمعنی گانٹھنا۔ ہار پرونا سے مرکب ہے جسکے لغوی معنی گول اور گٹھیلے جسم کے ہوتے ہیں موٹے تازے بچّوں کو عورتیں اس لفظ سے تعبیر کرتی ہیں) ✣

گلے۔ گلا کی جمع نیز حرف مغیرہ کے آجانے سے الف کی یائے مجہول سے بدلی ہوئی صورت ✣

گلے لگکے رونا یا گلے لگ لگ کر رونا۔ مِل کے رونا۔ دو ہمدردوں یا دردمندوں کا باہم مِل کر اظہارِ درد کرنا۔ خوب مِل مِل کے رونا۔ دو بچھڑے ہوؤں یا بچھڑنے والوں کا لپٹ لپٹ کے رونا۔ گل بتیاں ڈال ڈال کر رونا ✣

گلے مِل جانا۔ ملاپ کر لینا۔ سلوک کر لینا۔ باہم صفائی کرنا من جانا۔ روٹھا نہ رہنا۔ خفا نہ رہنا ✣

گلے مِل کے رونا۔ دیکھو (گلے لگکے رونا) ✣

گلے میں اٹکنا۔ (۱) گلے میں پھنسنا۔ گلے میں رُکنا۔ کھانے میں بُرا لگنا۔ کسی بدمزہ یا ناپسند چیز کا حلق سے نہ اترنا جیسے "جَو کی روٹی کیا گلے میں اٹکتی ہے" (۲) محبّت یا ممتا کے باعث ماں کے حلق سے کسی عمدہ چیز کا اپنے بچّے کے بغیر نہ اُترنا۔ بچّے کے بغیر کوئی چیز نہ کھانا ✣

گمبھیر (۱) گہرا۔ بے تھاہ۔ عمیق (۲) حلیم المزاج۔ سنجیدہ۔ بردبار۔ متحمّل۔ بھاری بھرکم۔ عالی ظرف۔ سمائی کا۔ دھیما (۳) اُستوار۔ مستقل مزاج۔ (۴) دُور اندیش۔ فہیم۔ ایک قسم کا چھوٹا جو دان میں ہوتا ہے ✣

گُم صُم۔ (۱) خاموش۔ چپ چاپ (۲) حیران۔ ششدر ✣

گُم صُم ہو جانا۔ حیران و ششدر رہ جانا۔ بھچک رہ جانا ✣

گُن (۱) عادت۔ خصلت۔ سبھاؤ (۲) ہنر۔ وصف (۳) تعریف۔ توصیف۔ حمد۔ ثنا (۴) کمال۔ فن ✣

گُن گانا۔ مدح سرائی کرنا۔ اوصاف بیان کرنا۔ جس گانا۔ تعریف و توصیف بیان کرنا۔ بڑائی کرنا ✣

گُناہ دُھلنا۔ گناہ سے دُور ہونا۔ گناہ معاف ہونا۔ گناہ سے پاک ہونا ✣

گُنونتی۔ صاحبِ ہنر۔ صاحبِ سلیقہ۔ صاحبِ کمال۔ شائستہ ✣

گود۔ آغوش۔ پہلو۔ کنار ✣

گود بھرنا۔ ستوانسے کی اُس رسم کا ادا کرنا جس میں کنبے والے جمع ہو کر سہ پہر کے وقت حاملہ کو دلہن بناتے اور اُس کی گود میں سات قسم کا میوہ ناریل۔ سات قسم کی ترکاریاں پان کا بیڑا نقدی وغیرہ ایک رومال میں باندھکر رکھتے ہیں جس سے یہ شگون لیا جاتا ہے کہ اس حاملہ کی گود ہمیشہ اولاد سے بھری پُری رہیگی۔ عورتوں کا خیال ہے کہ اگر ناریل اندر سے گلا ہوا نکلا تو بیٹا اور جو اچھّا نکلا تو بیٹی ہو گی ✣

گود بھری۔ صاحبِ اولاد۔ بچّے والی۔ آس اولاد والی ✣

گود بھری جانا۔ گود کی رسم کا ادا ہونا۔ حاملہ کی اُس رسم

گرج

گرج کر۔ چیخ کر۔ چلّا کر۔ پکار کر۔ زور کی آواز سے۔ دہاڑ کر۔ بہ آوازِ مہیب +

گرج کر بولنا۔ باوازِ مہیب بات کرنا۔ چیخ کر بولنا۔ ڈرا کر بات کرنا + کڑاکے کی آواز نکالنا +

گرہیں کا نٹھا۔ قرض دام۔ اُدھار سُدھار۔ اپنی گرہ کی چیز کفالت میں رکھ کر کچھ نقدی لینا +

گرہ باندھنا۔ نقدی کی طرح سنبھال کر احتیاط سے رکھنا۔ آزمایش اور کار بند ہونے کے واسطے یادداشت میں ٹانک رکھنا۔ بخوبی یاد رکھنا۔ دل پر لکھ لینا +

گریبان میں مُنہ ڈالنا۔ اپنے عیب دیکھ کر منفعل ہونا۔ اپنے قصور اور عیب کا مُعترف ہونا۔ شرم و خجالت سے گردن نیچی کر لینا +

گڑیا۔ کپڑے کی بنی ہوئی پُتلی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں +

گڑیا کے بیاہ میں چیونٹی کی بیل۔ جیسا موقع ویسا خرچ جیسا دیکھنا ویسا برتنا۔ جھوٹ مُوٹ کے بیاہ میں جھوٹ مُوٹ کا خرچ +

گڑیاں کھیلنا۔ (۱) لڑکیوں کا کپڑے کی پُتلیوں کے ساتھ کھیلنا۔ گڑیوں کا بیاہ کرنا (۲) لڑکی بنجانا۔ لڑکیوں کا کھیل کھیلنا۔ عورتوں کی سی باتیں کرنا۔ لڑکیوں کی سی باتیں کرنا +

گڑیوں کا بیاہ۔ (۱) گڈے گڑیا کی شادی (۲) غریبوں کا بیاہ۔ ناداروں کی شادی جس میں بہت بکھیڑا اور دھوم دھام نہیں ہوتی +

گڑیوں کا کھیل۔ (۱) لعبت بازی (۲) کارِ سہل۔ آسان کام۔ مُنہ کا نوالہ +

گلا

گلا۔ گلو۔ حلق۔ حلقوم۔ کنٹھ +

گلا آنا۔ حلق کے کوّے کا گرمی یا سردی کے سبب جُھک جانا۔ جس سے تکلیف ہوتی ہے گلے کے کاگ کا لٹک جانا + گلے میں چھالے پڑ جانا۔ ورم ہو جانا +

گلا باندھنا۔ پیٹ کاٹ کر یا ضرُوری اخراجات روک کر روپیہ جوڑنا۔ قرضدار ہو کر کوئی چیز بنانا جیسے اُس نگوڑی نے گلا باندھکر چار پیسے اکٹھّے کئے تھے وہ بھی نہ دیکھ سکے +

گلا بندھانا۔ (۱) قرض لینا۔ قرض میں گرفتار ہونا۔ قرض کا پابند یا مقیّد ہونا۔ مقرُوض ہونا۔ قرض میں گِھرنا۔ تمسّک کرنا۔ اقرار نامہ لکھ دینا + روپیہ کا ضامن ہونا۔ روپیہ اوڑھنا۔ ذمّہ دار ہونا + اپنے اُوپر بوجھ لینا۔ اپنی گردن پر جُوا رکھوانا +

گلا بندھنا۔ مقرُوض ہونا۔ قرضدار ہونا۔ دیندار ہونا +

گلابی جاڑا۔ سرمائے گُل۔ ہلکا جاڑا۔ کم کم جاڑا۔ وہ سردی جو باعتدال اور خوشگوار ہو۔ جاتا جاڑا۔ آغازِ موسم بہار۔ جیسے "اب تو گلابی جاڑا ہے" رضائی اور دوشالے سے تو دم گھبراتا ہے" +

گ

گابھ ڈالنا۔ (۱) گائے بکری وغیرہ حیوانات کا پیٹ گرانا۔ کچا بچّہ جننا۔ (۲) خوف یا رعب کے باعث حمل نکل پڑنا۔ نہایت رعب ماننا۔ "جیسے وہ اس حوصلے کی بیوی تھی کہ اُس کے سامنے گابھنی گابھ ڈالتی تھی" +

گابھنی گابھ ڈالتی ہے۔ نہایت رعب غالب ہے۔ ایسا رعب اور خوف ہے کہ حمل والیوں کے مارے دہشت کے حمل گر پڑتے ہیں۔ "جیسے خرد افروز لکھی پڑھی ایک بڑی نقلتے حوصلے سلیقے کی بیوی تھی جس کے سامنے گابھنی گابھ ڈالتی تھی" +

گات۔ (۱) جسم۔ سریر۔ تن۔ بدن۔ جسامت۔ انگیا۔ عورت کا بند۔ (۲) سینہ۔ صدر۔ چھاتی۔ چنانچہ گاتی اسی جوہر اُس بندش کو کہتے ہیں جو سینے پر لا کر باندھی جیسے رنڈیاں پشواز پر اور گنواریاں گوجر جاڑوں میں چھاتی پر باندھتی ہیں (۳) چُوچی۔ پستان۔ کُچیں (۴) وضع۔ ہیئت۔ دھج۔ خوشنمائی جسم (۵) عورت کا اُوپر کا دھڑ۔ دھجا +

گالا سی بال۔ سفید بال۔ دھولے بال۔ سفید رُوئی سے بال جیسے سر گالا منہ بالا

گانٹھ کا پیسہ۔ خاص اپنی ذات کا روپیہ۔ ذاتی مال +

گاؤ گھپ یا گھاؤ گھپ۔ (گھاؤ گھپ زیادہ بولتے ہیں) (۱) کھاؤ اُڑاؤ۔ تغلّب کرنے والا۔ لوگوں کا مال کھاجانے والا۔ فریبی۔ دغاباز (۲) تغلّب۔ غبن۔ خیانت۔ تصرف بیجا۔ (۳) وہ گھر جہاں اسراف اور فضول خرچی کا ٹھکانا نہ ہو۔ جو کچھ آئے سو کھپ جائے۔ "جیسے اُن کا گھر تو گھاؤ گھپ ہے" (اصل میں یہ لفظ کھاؤ کھپ تھا) +

گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے۔ ماں باپ کو اپنی اولاد کی پرورش دُوبھر اور مالک کو اپنی چیز کیسی ہی تکلیف دینے والی ہو ناگوار نہیں گزرتی +

گائے کی طرح کانپنا۔ اس طرح لرزنا جس طرح گائے قصائی کے آگے جان کے خوف سے تھرّاتی ہے۔ نہایت ڈرنا۔ نہایت خائف ہونا۔ ڈر کے مارے کپکپانا +

گت۔ حال۔ حالت۔ جیسے تم نے اپنی کیا گت بنالی +

گجر دم یا گجر بجے۔ علی الصّباح۔ مُنہ اندھیرے۔ تڑکے۔ بھورے۔ بہت سویرے +

گچّی گرمی۔ وہ گرمی جس میں حبسِ ہوا ہونے کے باعث دل کو تو گھبراہٹ ہو۔ مگر بظاہر گرمی معلوم نہ دے +

گُچّی مار۔ اندرُونی ضرب۔ بھیتری مار +

گداگوں۔ لوتھ پوتھ۔ بیہوش و حواس۔ جیسے بخار میں گداگوں ہو کر پڑ رہی +

گدبد۔ اُوپر تلے گرنے کی آواز۔ پے در پے گرنے کی آواز +

گدھی۔ گدھیڑی۔ بیوقوف۔ بچھوہڑ +

گُدّی پر ناگن ہونا۔ نہایت منحُوس ہونا۔ کیونکہ جب قفائے گردن پر بھونری یعنی پیچدار بال ہوتے ہیں تو وہ مرد یا عورت نہایت منحُوس اور آقاکُش خیال کیجاتی ہے +

گُدّا بنانا۔ رُسوا کرنا +

گُر۔ (۱) گُرو۔ اُستاد۔ ہادی (۲) قاعدۂ کلّیہ۔ اُصول۔ اُصولِ موضوعہ

کیچ

کیا ناک لیکر بولتی۔ یا۔ بات کرتی ہو۔ کس مُنّہ سے بات کرتی ہو۔ کس غیرت اور شرم سے مُنّہ سامنے کرتی ہو۔ یعنی شرماؤ اپنے گریبان میں مُنّہ ڈالو +

کیا ننگی نہائیگی کیا نچوڑیگی ۔ (کہاوت) مُفلس آدمی کیا دیگا کیا دلائیگا۔ مُفلس کے پاس کیا دھرا ہے +

کیجا۔ کلیجہ کا مخفف پیارے بچّے کے کلیجے یا اُس کے سمجھانے کے واسطے اپنے جگر کو کہتی ہیں۔ جیسے "تُو تو میرا کیجا ہے" +

کیجا جان۔ (۱) دائی۔ دایہ۔ (۲) مثلِ جان و جگر نہایت عزیز جان کے برابر عزیز (۳) وہ عورت جسے مثلِ دایہ سمجھتے ہیں + (بیگمات قلعہ) +

کیڑا۔ (۱) مکوڑا۔ کرم۔ حشراتُ الارض۔ رینگنے والا جانور (۲) منّا بچّہ۔ تازہ پیدا شدہ بچّہ +

کیڑا لگنا۔ دیمک لگنا۔ گُھن لگنا +

کیڑے۔ کیڑا کی جمع بمعنی کرم (۱) جوئیں جیسے اُس کے سر میں کیڑے بہ رہے ہیں (۲) کھٹمل شب گز۔ جیسے اِس چارپائی میں بھی کیڑے پڑ گئے رات بھر سونے نہیں دیتے +

کیڑی بہنا۔ سر میں کثرت سے جوئیں پھرنا۔ بہت سی جُوئیں پڑ جانا +

کیڑے پڑیں۔ دُعائے بد۔ گلے۔ سڑے +

کیڑے ڈالنا۔ عیب لگانا۔ عیب نکالنا۔ نقص نکالنا۔ معیُوب ٹھیرانا۔ کلپ لگانا +

کیڑی (۱) چیونٹی (۲) جونک۔ زلو +

کیڑی والی۔ جونک والی۔ کلرن۔ وُہ عورت جسکا پیشہ جونکیں لگانا ہوتا ہے +

کیو

کیل یا کیلی کا کھٹکا نہیں ۔ محاورہ۔ یعنی کسی شئے کا ذرا خوف واندیشہ نہیں + چوری کا مطلق خطرہ نہیں +

کیوں اندھا نیوتا / کیوں دو بلائے (محاورہ) یعنی نہ اندھے شخص کو بلاؤگے نہ ایک کے ساتھ دو آئینگے کیونکہ وُہ دوسرے شخص کی مدد بغیر نہیں آسکتا +

کیوں جان جاتی ہے / کیوں دم نکلتا ہے (محاورہ) یعنی کس لئے مرا جاتا ہے۔ کس واسطے مضطرب ہوا جاتا ہے کس سبب سے گھبرایا جاتا ہے + تجھے کیا غرض ہے۔ تجھے کیا مطلب ہے۔ تُو کون ہوتا ہے۔ تجھ کو کیا پڑی ہے +

کیوں چبا چبا کر باتیں کرتے ہو۔ (طنزاً) کس لئے از راہِ تمسخر طنز آمیز باتیں کرتے ہو کس سبب سے مٹھار مٹھار کر باتیں کرتے اور دُوسرے شخص کو بناتے ہو۔ کس واسطے اِس قدر اِتراتے ہو +

کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو۔ (محاورہ) کس لئے شرمندہ کرتے ہو

کیوں نہو (کلمۂ تحسین و آفرین) سُبحان اللہ۔ واہ وا کیا کہنا ہے کس لئے قابلِ تعریف نہ ہو۔ کس واسطے نہ سراہا جائے۔ بے شک اور بالضرور اِسی قابل ہو۔ دم مارنے کی جگہ نہیں۔ کوئی انکار نہیں کر سکتا +

کیوں نہیں ۔ کس لئے اِنکار کرتے ہو۔ کیا سبب۔ کیا وجہ۔ کیا باعث۔ چرا نہ باشد + ضرور۔ بالضرور + درحقیقت۔ یقیناً۔ بے شک۔ بلاشبہ ایسے ہی ہو۔ ایسا ہی ہے۔ کون اِنکار کر سکتا ہے۔ کون نہیں سراہتا +

سہ کیوٹی۔ سب قسم کی ملی ہوئی دال یعنی میل دال + (سر)

کیا

مساوات کے لئے جیسے کیا بھیڑ کیا بھیڑ کی لات (۳) ایساہی گویا جیسے کیا مُنہ کا نوالہ ہے (۴) کسقدر۔ کتنا جیسے تمہارا کیا خرچ ہوا (۵) اِظہار قِلّت کے واسطے جیسے ایسی کیا بات ہی (۶) کتنی۔ کسقدر براۓ کثرت وافراط جیسے کیا بھیڑ تھی کہ خدا کی پناہ (۷) حیرت و تعجّب جیسے یہ کیا ہوا (۸) کون سا۔ کدام جیسے دیکھیں اب وہ کیا بہانہ ڈھونڈتی ہیں۔ (۹) براۓ اِظہار نفی جیسے جھوٹوں کی قسم کا اِعتبار کیا۔ (۱۰) کلمۂ حقارت ونفرت کے واسطے جیسے وہ کیا اور اُسکی ہستی کیا +

کیا اُنہیں کے سر ٹیکا ہے } کیا اُنہیں پر موقوف ہے۔
کیا اُنہیں کے سر سہرا ہے } کیا اُنہیں پر دارومدار ہی یعنی یہ کام کچھ اُنہیں پر موقوف اور منحصر نہیں ہے۔ اور لوگ بھی کرسکتے اور قابلیت رکھتے ہیں +

کیا پاؤں میں مِہندی لگی ہے۔ کونسا سبب یہاں آنے کو مانع ہے۔ طنزاً متکبّر شخص کی نسبت جو آنے جانے میں مکث یا ہچر مچر کرے مروّج ہی +

کیا ٹُوٹکا کرنے آئی تھیں۔ جب کوئی عورت جلد آکر چلی جاۓ یا تھوڑی دیر کیواسطے آئے۔ تو طنزاً یہ محاورہ زبان پر لاتی ہیں۔ اِس کا اور آگ لینے کا ایک ہی مفہوم ہے +

کیا جاتی دُنیا دیکھی۔ یعنی کیا سبب ہُوا جو تُم نے دُنیا کو فانی سمجھکر خلافِ عادت بات کی + (جب کسی بے رحم بے مروّت سے کوئی رحم یا مروّت کا کام ہوجاۓ یا کسی بخیل سے سخاوت ظہور میں آئے یا کوئی غیر مِلنسار مِلنساری کی باتیں کرے تو اُسوقت کہتے ہیں کہ تم نے کیا جاتی دُنیا دیکھی جو یہ خلافِ عادت برتاؤ کیا) +

کیا چوڑیاں ٹوٹ جائیں گی۔ کیا نُقصان ہوجائیگا۔ کون سے ہاتھ دُکھ جائینگے۔ جب کوئی عورت اپنے ہاتھ سے کسی کے کام کرنے میں اِکراہ یا کاہلی کرے تو طنزاً یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں +

کیا دِہاڑا کر رکھا ہے۔ دیکھو کیا درجہ کر رکھا ہے۔ کیا حال کر رکھا ہی۔ کیا بُری گت بنا رکھی ہی۔ کیا ہیڈہ کھو رکھا ہی کیسی خراب حالت میں ہو +

کیا گوسُوں کیا کہہ کر کوسُوں۔ نہایت خفگی اور دِل جلانے کے موقع پر یہ کلمہ بجائے دُعائے بد زبان پر لاتے ہیں۔ جِس سے غرض یہ ہوتی ہے۔ کہ ہم ایسے ناراض ہُوئے ہیں۔ کہ کوئی ایسی سخت بددُعا نہیں پاتے جو اِس ملال کو دُور کرے اور ہمارا دِل ٹھنڈا ہو +

کیا مُنہ سے پھُول جھڑتے ہیں۔ (۱) کیسا خوش گُفتار اور خوش بیان ہے۔ کیا دُرفشاں ہے۔ کیا فصیح ہے (۲) جب کوئی شخص بدکلامی کرتا ہے تو اُس سے بھی طنزاً کہتے ہیں کہ واہ آپ کے مُنہ سے بھی کیا پھُول جھڑتے ہیں +

کھو

ستیاناس ہو۔ خدا کھوئے نام و نشان تک نہ رہے +

کھوج کھونا۔ ستیاناس کرنا۔ بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ جیسے تمہارا لاڈ پیار اِس بچے کا کھوج کھوئیگا میرے تو بیٹے کا کھوج کھو دیا +

کھوج ہی پٹیا یا گیا۔ ستیاناس گیا۔ خانہ خراب۔ خانہ ویراں + مُوا + غارتی۔ اُجڑا۔ نگوڑا ناٹھا۔ جیسے کھوجڑے پیٹے کی شامت نے گھیرا ہے +

کھوجڑے پیٹی۔ (کھوجڑے پیٹا کی تانیث) +

کھوج مِٹا۔ خانہ خراب خانہ ویراں۔ بے نام و نشان ستیاناس گیا +

کھوج مِٹی۔ خانہ خراب۔ خانہ ویراں ستیاناس گئی +

کھود کھود کر پوچھنا۔ خوب چھان بین کرنا کسی کی بات کو طرح طرح کے سوالات کرکے پوچھنا۔ نہایت تفحص و تفتیش کرنا +

کھودِن کی سُنے رات کی۔ سوال کے برخلاف جواب دینا۔ سوال کچھ جواب کچھ۔ سوال دیگر جواب دیگر +

کھولنا۔ (۱) اُبلنا۔ جوش کھانا۔ (۲) جلنا۔ دل ہی دل میں غم و غصہ کھانا۔ پیچ و تاب کھانا +

کھوں کھوں۔ کھانسی کی آواز جیسے بچہ رات بھر کھوں کھوں کرتا ہے

کھوں کھوں کرنا۔ کھانسنا +

کھیر۔ دودھ اور چاولوں کا پکا ہوا ایک قسم کا عمدہ کھانا۔ شیر برنج +

کھیر چٹانا۔ بچے کو اَن کھلانے پانی پلانے سے پہلے کھیر کھلانا +

کھیر چٹائی۔ ایک رسم کا نام جو بچے کے دودھ چھڑانے

کیا

میں برتی جاتی ہے جب تک بچے کی زبان پر کھیر نہیں رکھ دیتے پانی یا اناج کی قسم میں سے کوئی چیز اُس کے مُنہ تک نہیں جانے دیتے +

کھیر کا دلیا ہو جانا۔ قسمت پلٹ جانا۔ نصیب اُلٹ جانا۔ بنا بنایا کام بگڑ جانا +

کھیر اگکڑی کرنا۔ بیدردی سے کوسنا۔ بے دھڑک کوسنا کھیرے ککڑی سے بھی کم سمجھ کر کسی کا مرنا چاہنا۔ نہایت کوسنا۔ جیسے واہ وا تم نے کیسا میرے بچے کو کھیرا ککڑی کر ڈالا +

کھیڑی لیبیں۔ (کلمۂ دعا) اولاد کی گانوں لیبیں۔ بہت سی اولاد ہو + کھے گھسے ہی ہے کا مترادف کل کل۔ جھگڑا ٹنٹا۔ وانتا کل کل دیر جیسے کسی کی ہی ہی نہ کھے کھے ہے +

کھیل اُڑ کر مُنہ میں نہ جانا یا اُڑ کر نہ پڑنا۔ بالکل نہ کھانا ذرا بھی مُنہ تک نہ جانا۔ کچھ مُنہ میں نہ پڑنا۔ کوئی چیز نہ کھانا + مطلق غذا نہ کھانا +

کہیں تل دھرنے کو جگہ نہیں۔ (کہاوت) یعنی بڑی کشمکش و ہجوم ہے +

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبا جوڑا۔ (کہاوت) مخلوط النسل خاندان کی نسبت بولتے ہیں + بے میل رشتہ +

کیا۔ (۱) کلمۂ استفہام جیسے کیا میں تمہاری کلونڈی ہوں (۲)

کھڑ

کھڑادونا۔ (۱) فوری نذر و نیاز (۲) حضرت مولا مشکل کشا علی کرّم اللہ وجہہ کی دستبد نیاز +

کھڑ گنجی۔ وُہ گنجی اور سیتلا مُنہ داغ عورت جو نہایت بدنُما اور کریہ منظر و بدصُورت ہو +

کھڑی پانی نہ پینا۔ تُرت چلا جانا۔ آتے ہی چلے جانا۔ ذرا نہ ٹھیرنا۔ پانی پینے تک کا توقّف نہ کرنا +
(نہایت نفرت یا خفگی کے موقع پر بولتے ہیں) +

کھڑی پاؤں۔ کھڑے کھڑے۔ فوراً۔ اُسیوقت تُرنت اُسیدم +

کھڑی پاؤں بَیٹھک دینا۔ فوراً حضرت علی مشکل کشا کی نیاز دِلوانا۔ فوُرت منّت ادا کرنا۔ ہاتھوں ہاتھ فاتحہ یا نیاز دِلوانا + (بیگماتِ قلعہ) +

کھڑی پچھاڑیں کھانا۔ کھڑے ہو ہو کر گر گر پڑنا۔ بچّوں کا غُصّہ یا ضِد کے سبب اپنے تئیں ہلکان کرنا + کسی صدمۂ عظیم یا حادثۂ مرگ کے سبب لوٹا لوٹا پھرنا +
زمین پر لوٹ جانا۔ زمین پر لوٹا لوٹا پھرنا۔ جیسے اُنکی نواسی۔ عید کے دن بالیاں نہ آنے سے کھڑی پچھاڑیں کھاتی رہی +

کھڑی پڑی پیٹنا۔ ہر حالت میں ماتم کرنا۔ اُٹھتے بیٹھتے پیٹنا۔ برابر گریہ و زاری کرنا مُتواتر پیٹنا۔ کُہرام ڈالنا۔ کُہرام مچانا +

کھڑی سواری۔ (۱) کھڑی ڈولی ذرا سی دیر کو کھڑے کھڑے۔ (۲) ڈولی سے اُترتے ہی جانے کو تیّار ہو جانا۔ ذرا سی دیر کو آنا۔ جیسے وہ تو کھڑی سواری

کھو

آئی تھیں آتے ہی چلی گئیں +

کھڑے کھڑے۔ ذرا سی دیر کو۔ لحہ بھر کو جیسے میں نے کہا آئی تو ہوں۔ کھڑے کھڑے تمسے بھی ملتی جاؤں +

کھڑی گھاٹ دُھلوانا۔ فوراً دھلوانا۔ رات بسیرکی مہلت ندینا +

کھُڑ مِتیج رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ دُشمنی رکھنا۔ کینہ رکھنا۔ کپٹ رکھنا +

کھِلائی۔ (۱) خوراک۔ خورش۔ جیسے اُس کی کھِلائی خُوب ہوتی ہے (۲) کھِلانے کی اُجرت۔ خوراک کی قیمت (۳) بچّوں کو کھِلانے والی عورت دایہ بچّوں کی تیمار داری اور اُن کو پالنے پوسنے والی عورت +

کھَلبَلاہَٹ۔ گھبراہٹ۔ اِضطراب۔ تلاطم +

کھُلَم کھُلّا۔ آزادانہ۔ بے روک ٹوک۔ علانیہ صریح۔ ہانکے پُکارے +

کھُم کھُم۔ (۱) ڈولی کے ہچکنے یا رتھ کے چلنے کی آواز (۲) مجازاً رتھ۔ جیسے چلو بھئی کھُم کھُم میں بیٹھ کر اپنی بیوی کو بزار لے چلیں +

کھُنڈلا۔ تحقیراً ٹوٹا پھُوٹا مکان۔ جھونپڑا۔ کُلبہ۔ چھوٹا سا گھر +

کھُوسٹ۔ (۱) بُرائی۔ بدی۔ بدظنی (۲) آمیزش۔ ملاوٹ +

کھُوجھڑا (کھوج کی تصغیر) کھوج۔ سُراغ + نام و نشان بیخ و بنیاد +

کھُوجھڑا جانا۔ ستیاناس جانا۔ اُجڑ جانا۔ غارت ہونا تباہ و برباد ہونا۔ بیڑا غرق ہونا۔ خانہ خراب اور خانہ ویران ہونا۔ نام و نشان تک نہ رہنا۔ نیست و نابود ہونا +

کھُوجھڑا جائے۔ غارت ہو۔ برباد ہو۔ نیواں ناس جائے۔

کھا

مشہور سزا جس میں راجہ یا بادشاہ اپنی رانی یا بیگم سے ناراض ہو کر اور اُس کا سر مُنڈوا کر گدّے ہنکانے بٹھا دیا کرتے تھے۔ (۳) ایک ذلیل اور بے عزّت عورت کا خطاب (۴) دیوانی۔ باؤلی۔ پگلی۔ جیسے "کوئی اُرطانی سی بنی پھرتی ہے" +

کھانا جوڑا۔ وہ طعام اور دُولہا کا بیش قیمت جوڑا جو دُلہن کے گھر سے آتا ہے۔ وداع کے روز کا کھانا اور جہیز و نقدی وغیرہ جو اِس نام سے دیجائے +

کھائیکے گال اور نہائے کے بال نہیں چھپتے۔ (کہاوت) یعنی خوشحالی و بدحالی چھپی نہیں رہتی +

کُھتّی۔ دفینہ۔ خزانہ۔ رُوپیوں کا ڈھیر۔ انبارِ زر + گجّھا +

کُھٹ پچڑی۔ رخنہ انداز۔ کام بگاڑو۔ بدطینت۔ کھوچڑ مُخل کار۔ خلل انداز +

کَھٹیا۔ (۱) چھوٹی کھاٹ۔ کھٹولی۔ پلنگڑی + کھاٹ کی تصغیر بالتحقیر سجڑی چارپائی۔ (۲) مجازاً۔ ارتھی۔ بوان۔ تابوت۔ جنازہ۔ گہوارہ جیسے خدا کرے اُس کی کھٹیا نکلے اور میں دیکھوں +

کھٹیا پر پڑ کر کھانا۔ بیمار پڑ کر کھانا + بیماری پر اُٹھنا۔ بیماری میں صرف ہونا "جیسے جنے تمہارا مال چرایا ہو وہ کھٹیا پر پڑ کر کھائے" +

کھٹیا پر پڑنا۔ بیمار پڑنا۔ صاحب فراش ہونا۔ ہمدوش بستر ہونا۔ کھٹیا سینا +

کھٹیا سینا۔ چارپائی پر بیماری کی سبب پڑا رہنا۔ بیمار پڑنا۔ صاحب فراش ہونا۔ جیسے آج اتنے دن مجھے کھٹیا سیتے ہوگئے۔ کبھی جھوٹوں اُلٹ کر خبر تک نہ لی +

کھر

کھٹیا نکلنا۔ ارتھی نکلنا۔ جنازہ نکلنا۔ مُردہ نکلنا +

کھجوری چوٹی۔ ایک قسم کے لہردار گندھے ہوئے بال + مضبوط گندھی ہوئی چوٹی + معمولی بلدار چوٹی +

کھچا کھچ۔ (۱) خوب بھرا ہوا۔ نہایت معمور۔ ٹھسا ٹھس + انبوہِ کثیر۔ (۲) بکثرت باافراط جیسے کمرہ میں آدمی کھچا کھچ بھری ہوئی ہیں۔ بوریاں کھچا کھچ بھری ہوئی ہیں +

کُہرام۔ (۱) بلاپ۔ رونا۔ کلپنا۔ گریہ و زاری۔ واویلا۔ آہ و نالہ۔ رونا پیٹنا۔ ماتم۔ نوحہ و فریاد (۲) آفت۔ قیامت +

کُہرام پڑنا۔ واویلا اور ماتم ہونا۔ کسی حادثہ کا رونا پیٹنا پڑنا +

کُہرام ڈالنا۔ واویلا مچانا۔ بلاپ کرنا۔ پیٹنا ڈالنا۔ شور غل مچا دینا۔ دُہائی ڈالنا +

کُہرام مچنا۔ واویلا ہونا۔ شور و شیون ہونا۔ ماتم ہونا۔ رونا پیٹنا پڑنا + آفت برپا ہونا۔ قیامت ٹوٹنا۔ جھگڑا پڑنا۔ شور و شر ہونا +

کُھرکھانسی۔ ایک مشہور فقرہ ہے جو عورتیں بچّے کو کھانسی کی تکلیف یا کھانسی کے وقت رونے سے بہلانے کے واسطے زبان پر لایا کرتی ہیں "جیسے کھر کھانسی تیری دائی کے گلے میں پھانسی" کھر کھانسی بنیئے کے جائے۔ اُسکے گھر میٹھا میٹھا گڑ کھائے +

کُھرّی چارپائی پر سونا۔ اوّل معلوم۔ دوم بدمزاج ہونا۔ خشم ناک ہونا "جیسے کُھرّی چارپائی پر تو سو کر نہیں آئیں جو ایسی بدمزاج ہو" +

کول

گوکھ بند ہو جانا۔ بچے سے رہ جانا۔ حمل نہ ٹھیرنا +

گوکھ جلی۔ وہ عورت جسے بچوں کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو +

گوکھ سے ٹھنڈی ہے۔ اولاد سے خوش ہے۔ اولاد والی ہے۔ گود بھری ہے۔ صاحبِ اولاد ہے اور جو بچہ پیدا ہوا زندہ وسلامت ہے +

گوکھ کا خلل یا آزار۔ اسقاط کا مرض۔ پیٹ نہ رہنے کا دُکھ۔ پیٹ کی نظر۔ بچوں کا جینا نہ پنپنے یا مر مر جانے کا روگ +

گوکھ کی آنچ۔ محبتِ مادری۔ ماتا۔ ماں کی محبت۔ مادری اُلفت۔ جیسے "گوکھ کی آنچ بُری ہوتی ہے" + پیٹ کی آنچ سہی جاتی ہے کوکھ کی آنچ نہیں سہی جاتی" یعنی بھوکا رہا جاسکتا ہے مگر ماتا نہیں چھوڑی جاسکتی +

کوکھ مانگ سے بھری پُری رہے (دعائے خیر) تمہارا خاوند تمہاری اولاد زندہ وسلامت رہے۔ گود بھری پُری اور تم سہاگن بنی رہو جیسے خرد افروز نے اُٹھکر سلام کیا۔ دادی نے دعائیں دیں کہ بیٹی جیتی رہو۔ کوکھ مانگ سے بھری پُری رہو +

گوکھ مانگ سے ٹھنڈی رہنا۔ آل اولاد اور خاوند سے خوش وخرم رہنا۔ سہاگن اور صاحبِ اولاد رہنا۔ اولاد اور خاوند دونوں کا زندہ وسلامت رہنا +

کولا کاٹنا۔ سزا دینا۔ کچھ کرلینا۔ کسی طرح کا صدمہ پہنچانا۔ جیسے (۱) اگر میں کچھ منگا کر کھاؤں گی تو کیا کوئی میرا گولا کاٹ لے گا"۔ کوئی کسی کا گولا نہیں کاٹ سکتا"۔ ابھی میری آنکھ پھوٹ

کوے

جاتی تو گیا میں تمہارا گولا کاٹ لیتی" +

گولی۔ کچھی۔ گود۔ آغوش۔ گودی +

گولی بھر کے لینا۔ دونوں ہاتھوں کے حلقہ میں لے کر چھاتی سے لگانا۔ آغوش بھر کے لینا۔ گودی بھر کے لینا +

کوئی۔ (۱) کسی شخص (۲) اجنبی۔ ناواقف۔ نامحرم جیسے کوئی کھڑا ہے (۳) تقریباً۔ قریب قریب جیسے کوئی دس روپے دینے رہ گئے ہیں (۴) استفہام انکاری کے بجائے جیسے یہ بھی کوئی بات ہے (۵) ذرا۔ کچھ کمی کے واسطے جیسے کوئی دم کا مہمان (۶) شاذونادر۔ ایک آدھ۔ اکا دُکا جیسے یہ حالت دیکھکر کوئی ہوگا جو نہ رو دیا ہوگا +

کوئی اب بولے کوئی جب بولے میری نکٹی شپاشپ بولے۔ نہایت بے غیرت اور بے حیا کی نسبت کہتے ہیں۔ یعنی ذلیل ہوئی تو کیا بولے تو گئی" +

کوئی دم کا مہمان۔ قریب بمرگ۔ عنقریب مرنے والا +

کوئی دن کا مہمان۔ مہمانِ چند روزہ۔ جلد چلا جانے والا۔ دم بلب +

کوئی دن کی ہوا کھا رہے ہیں۔ کوئی دن کی زندگی کوئی دن کے مہمان +

کوئی کسی کی قبر میں نہیں جائیگا (کہاوت) یعنی اعمال کا شریک کوئی نہیں ہوتا +

کوے اُڑانی۔ (۱) وہ عورت جسکی خدمت کوے اُڑانے کی ہو۔ نہایت ادنیٰ درجے کی ملازمہ (۲) اگلے زمانے کی

کورے[1] اُسترے سے سر مُنڈوانا۔ تازہ دھار نکلے ہوئے یا نئے اُسترے سے سر مُنڈوانا تاکہ کوئی بال باقی نہ رہ جائے۔ قرار واقعی سزا دِلوانا۔ سخت سزا دِلوانا + (چونکہ عورت کے واسطے اِس سے زیادہ کوئی بے عزّتی کی سزا نہیں ہے۔ اِس وجہ سے نہایت رُسوائی کی سزا دینے سے مُراد ہوتی ہے بعض اوقات تکلیفِ سخت سے مُراد لیتے ہیں۔ چنانچہ پنجاب میں سُوکھے اُسترے سے سر مُنڈوانا کہتے ہیں۔ یعنی بغیر پانی کے لگائے سر منڈوانا تاکہ زیادہ تکلیف ہو) +

کورے اُسترے سے سر مُونڈنا۔ (۱) تازہ سان لگے ہوئے اُسترے سے سر مُونڈنا تاکہ کوئی بال باقی نہ رہ جائے + سُوکھے اُسترے سے سر مُونڈنا تاکہ زیادہ تکلیف ہو (۲) کوڑی پاس نہ چھوڑنا۔ دھڑی دھڑی کر کے لُوٹنا۔ مُوسنا۔ خُوب ٹھگنا۔ کپڑے تک نہ چھوڑنا۔ جیسے کوئی اُس کے چھل بٹّوں میں آوے تو پھر دیکھو کیسا کورے اُسترے سے سر مُونڈے (سگھڑ بہنیلی) +

کوڑی۔ وہ جگہ جہاں کُوڑا کرکٹ ڈالتے ہیں + گود گڑھیا +

کُوسا۔ سراپ۔ کوسا ہوا۔ دعائے بد۔ جیسے "اِسے تو کسی کا کوسا بھی نہیں لگتا" +

کُوسا کاٹی کرنا۔ کوسنا پیٹنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ سراپ دینا۔ بدعا کرنا +

کُوسا لگنا۔ دُعائے بد کا اثر ہونا۔ کوسنا لگنا۔ سراپ لگنا +

کُوسنا۔ دعائے بد۔ سراپ۔ دھرکار۔ نفریں۔ جیسے "اِسے تو اُس کا کوسنا لگ گیا۔ اُسے کیوں کوسنے دیتی ہے" +

کوسنا۔ (۱) سراپنا۔ دعائے بد دینا۔ سراپ دینا + بُرا بھلا کہنا۔ جیسے "کوسے جئیں ایسے مریں + کوّوں کے کوسے ڈھور نہیں مرتے۔ کوس کوس کے بیار ڈال دیا" + (۲) پیٹنا۔ ماتم کرنا +

کوسنا کاٹنا۔ کوسنا پیٹنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ دُعائے بد دینا۔ سراپنا۔ جیسے "پہلے تو اس کی عادتیں بگاڑیں اب اُسکو کوسنا کاٹنا شروع کیا کہ مُوا مارا جائے موے کو ڈھائی گھڑی کی آئے میرا ناک میں دم کر دیا" +

کوس چلی بابل پیاسی (کہاوت) یعنی کام شروع کرتے ہی تھک گئی۔ بغیر محنت پیاس لگ آئی +

کوسوں۔ (۱) کوس کی جمع۔ میلوں۔ فرسنگوں (۲) برائے افراط وکثرت جیسے کوسوں دُور ہے +

کوسوں بھاگنا۔ نہایت نفرت و توحّش کرنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ دُور بھاگنا۔ دُور رہنا۔ جیسے وہ میرے نام سے کوسوں بھاگتا ہے +

کوفت۔ رنج و کلفت اندرونی صدمہ جیسے دورانی جٹھانی کو طعنے دینے سے کوفت پر کوفت اُٹھانی پڑتی ہے +

کوکو۔ کوّا۔ جیسے تمہاری زبان کیا کوکو لیگئی ہے +

کوکہ (۱) انّا کا بیٹا۔ دُود پلانے والی کا لڑکا۔ برادرِ رضاعی۔ دودھا بھائی۔ دُود شریک بھائی + (۲) انّا کی بیٹی۔ دُود پلانے والی کی بیٹی۔ دُوودھ بہن +

کوکھ۔ پہلوی شکم۔ پہلو کے نیچے کی وہ جگہ جہاں ہڈّی نہیں ہوتی (۲) جھولی تہیگا۔ (۳) شکم۔ پیٹ۔ بطن (۴) مجازاً اولاد +

کوکھ بند۔ بانجھ عورت۔ عقیمہ + وہ عورت جسے پیٹ نہ رہے +

[1] کورے اُسترے سے غیر مستعمل اُسترا مراد ہے

کمب

کلیجے پر گھونسا سا لگنا۔ دِلپر صدمہ گزرنا +

کلیجے پر ہاتھ رکھکر دیکھنا۔ دِل دھڑکنے کی حالت معلوم کرنا۔ کلیجہ اُچھلنے کی کیفیت محسوس کرنا +

کلیجے سے لگا کے رکھنا۔ نہایت عزیز کرکے رکھنا (۱) جان کے برابر رکھنا۔ جان سے زیادہ رکھنا۔ دم بھر جُدا نہ ہونے دینا۔ (۲) چھپاکے رکھنا۔ کمال احتیاط اور حفاظت سے رکھنا +

کلیجے کے ٹکڑے۔ گوشۂ جگر۔ جگر گوشے۔ صُلبی فرزند۔ حقیقی اولاد +

کلیجے کی کُور۔ لختِ جگر۔ جگر گوشہ۔ جگر کا ٹکڑا +

کلیجے میں تیر لگانا۔ دِل میں چھید کرنا۔ دِل زخمی کرنا۔ دِل میں چھُریاں مارنا +

کم بختی آنا۔ شامت آنا۔ بُرے دن آنا۔ بلا کا سامنا ہونا آفت نازل ہونا۔ مُصیبت پڑنا +

کم بختی کے دِن۔ اَیّامِ نحُوست + زمانۂ مصیبت۔ کڑوے کسیلے دن۔ بُرے دِن۔ بُرا وقت +

کنسوئیاں لینا۔ دُوسرے کی بات چھُپ کر سُننا۔ پردے یا دیوار کی آڑ میں کھڑے ہو کر باتیں سُننا۔ کسی کی بات کو پوشیدہ ہو کر سُننا + خُفیہ بھید لینا۔ ٹوہ رکھنا +

کنگھی چوٹی کرنا۔ بناؤ سنگار کرنا۔ تزئین و آرائش کرنا۔ سر گوندھنا۔ بال سنوارنا۔ چوٹی کرنا۔ مانگ سنوارنا +

کھونَنڈا۔ (۱) شرمندہ۔ شرمسار۔ شرمگیں۔ (۲) ذلیل۔

کوب

خوار + داغی۔ بدنام کلنکی۔ ہیٹا۔ (۳) احسان مند۔ ممنُون منّت کشیدہ۔ شرمندۂ احسان جیسے دُکھتے چوٹ کھونَنڈی بھیٹ (۴) ناقص الخلقت عیبی۔ عیب دار۔ ناقص لاپاہج۔ بے دست و پا مجرُوح۔ جیسے کھونَنڈی بلی کی کہاوت +

کھونَنڈی بلی چوہے سے کان کترواتی ہے (کہاوت) یعنی احسان مندی شرمسار کرتی ہے۔ محسن سے دبنا پڑتا ہے +

کنوئیں۔ کنواں کی جمع +

کنوئیں جھانکنا۔ نہایت جُستجو و تلاش کرنا + حیران و پریشان ہونا +

کنوئیں جھنکانا یا جھکوانا۔ (۱) حیران کرنا۔ پریشان کرنا۔ آوارہ پھرانا + ناک میں دم کرنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا +

کنوئیں میں بولنا۔ ضُعف کے مارے نہایت آہستگی اور دھیمے پن سے آواز نکالنا۔ اِس طرح بولنا کہ بمشکل دُوسرے کے کان میں آواز جائے + موت یا جاں کنی کے وقت کی سی آواز نکالنا۔ قریب بمرگ ہونا +

کُوارپت یا کُوارپتا۔ شادی سے پہلے کا زمانہ کنوارپن +

کُوبانس۔ کوؤں کو بانس سے اُڑانے کا فعل۔ کوؤں کے اُڑانے کی آواز +

کُوبانس کُوبانس کرنا۔ (۱) کوّے اُڑانا۔ کوّے اُڑاتے پھرنا۔ (۲) کسی کے پیچھے پیچھے لکڑی لیے روز تنبیہ کرتے پھرنا جیسے "دن بھر بچوں کے پیچھے کوبانس کوبانس کرتی پھرتی ہوں (۳) ہرزہ گردی کرنا۔ آوارہ گردی کرنا۔ واہی تباہی پھرنا۔ مارا مارا پھرنا +

کلی

نہ لانے سے دِل تھام کر رہجانا۔ تڑپ کر رہ جانا۔ دُھک ہو جانا۔ (۲) دُھک رہجانا۔ متعجّب ہو جانا۔ متحیّر ہو جانا۔ لوٹ ہو جانا۔ مزے میں آکر لوٹنے لگنا۔ تم دیکھنا بے تکلّف بولی اور سیدھی سادی باتوں سے جو کچھ دِل میں آئے گا ایسا بے ساختہ کہہ دینگے کہ سامنے تصویر کھڑی کردینگے اور جب تک سُننے والے سُنیں گے کلیجا پکڑ کر رہجائینگے اِس کا سبب کیا؟ وہی بیساختہ پن + (آبِ حیات تمہیدِ دورِ دوم) +

کلیجا پکڑ لینا ۔ (۱) کسی صدمہ یا الم کی تاب نہ لاکر دِل تھام لینا۔ کسی صدمہ سے بے تاب اور مضطرب ہوجانا (۲) کسی دوا کا دِل پر جاکر خُشکی پیدا کرنا۔ چھاتی جکڑ دینا جیسے اِس دَوا نے تو جاتے ہی کلیجا پکڑ لیا +

کلیجا پکڑنا ۔ کلیجا تھامنا۔ دِل مسوسنا۔ دِل کے صدمہ کو دبانا کلیجے کو دبانا تاکہ زیادہ صدمہ نہ پہنچے +

کلیجا تر ہونا ۔ پوٹا تر ہونا۔ دولت کے سبب بے فکر رہنا دولتمند ہونا۔ مال کے سبب دِل کا غنی ہونا جیسے "تمہارا کلیجا تر ہے تمہیں قحط کا کیا ڈر ہے" +

کلیجا ٹھنڈا رہنا ۔ مامتا خوش رہنا۔ جی خوش رہنا۔ چین اور سُکھ سے رہنا جیسے پلک اُٹھا اُٹھا کر راج کرو۔ کوکھ مانگ بھری پُری اور تمہارا کلیجہ ٹھنڈا رہے +

کلیجا ٹھنڈا کرنا ۔ کسی کو خوش کرنا۔ آرام پہنچانا۔ چین دینا۔ تسلّی بخشنا۔ تسکین دینا +

کلی

کلیجا ٹھنڈا ہونا ۔ (۱) دِل میں خُنکی ہونا۔ دِل کو طراوت حاصل ہونا + جی خوش ہونا۔ دل کا مگن ہونا۔ دِل کو آرام مِلنا۔ طبیعت کو راحت حاصل ہونا۔ آرام پانا۔ دِل ٹھنڈا ہونا جیسے دِل کے پھپھولے پھوڑ گئے اب تو کلیجا ٹھنڈا ہوا۔ (۲) تسلّی ہونا۔ تشفّی ہونا۔ اطمینانِ خاطر ہونا (۳) صبر آنا۔ سنتوکھ ہونا۔ چین پڑنا۔ چین آنا۔ کل پڑنا +

کلیجا دھک سے ہو جانا یا رہ جانا ۔ (۱) دِل پر صدمہ سا گزر جانا۔ دِل دہل جانا۔ دِل پر خوف چھا جانا۔ دِل ڈر جانا (۲) متحیّر ہو جانا۔ حیرت چھا جانا۔ ہچک کر رہجانا۔ دنگ ہو جانا۔ متعجّب ہو جانا +

کلیجا کٹنا ۔ دِل پر صدمہ گزرنا۔ کلیجہ پھٹنا +

کلیجا کوُدنا ۔ دِل کو کوچے لگانا۔ کلیجا کو چنا۔ طعنے مِہنے دینا +

کلیجا مسوس کر رہ جانا ۔ دِل مار کر رہجانا۔ صدمہ کو ضبط کرکے چپ ہو جانا "جب کچھ نہیں بن پڑتا تو کلیجا مسوس مسوس کر رہجاتی ہوں" +

کلیجی ۔ جگر۔ کلیجا +

کلیجی پھیپھڑا ۔ ایک قسم کی پھبتی ہے جو بے میل سیاہی اور سُرخی پر کہی جاتی ہے۔ جیسے "اچھی ذرا دیکھنا! گلِ انار دوپٹہ اور سرمئی پجامہ جیسے کلیجی پھیپھڑا" (چتر بھنیلی) +

کلیجے ۔ کلیجہ کی جمع + جگر۔ کلیجی +

کلیجے پر سانپ سا لوٹنا ۔ نہایت اضطراب ہونا۔ بیقرار ہونا۔ تلملانا۔ دِل بیکل ہونا +

کلا

کَلّا کَرنا - زبان درازی کرنا بدزبانی کرنا +

کلاوَنت بچّی - مُطرب بچّی - بیسوا زادی - وہ عورت جو ڈوم کی نسل سے ہو مُغنّی زادی - میراثن - ڈومنی - وہ اولاد جو ڈومنی سے پیدا ہو +

کِل بِل - رینگنے والے جانوروں یا حشراتُ الارض کے ایک جگہہ جمع ہو کر کُلبُلانے کو کہتے ہیں - مجازاً چینگی پوٹے - چھوٹے چھوٹے بچّوں کے مجموعے کو بھی کہتے ہیں جیسے اُنکے چھوٹے چھوٹے بچّوں کی کِل بِل دیکھ کر جی پریشان ہو گیا +

کَلَپ لگوانا - کلنک کا ٹیکہ لگوانا - بدنامی سر لینا - بٹّہ لگوانا - رُسوائی اِختیار کرنا - جیسے میں تو ایسی نہیں ہوں کہ اِس بڈّھے چونڈے پر کلپ لگواؤں +

کِل کِل (۱) دانتا کِل کِل - تکرار فساد - کچ بچ - بخنا بجتی - کلیش (۲) کِچ کِچ - جِق جِق - بک بک - اسطرح غُل مچانا - کہ دُوسرے کو ناگوار گُزرے - جیسے کیوں کِل کِل کر رہی ہو +

کِل کِل کرنا - کان کھانا - مغز کے کیڑے اُڑانا - دماغ پریشان کرنا +

کَل کَلاں یا کُل کلاں کو آیندہ کو - آگے کو - آگے پیچھے +

کلمہ بھرنا - (۱) دینِ اِسلام کے اُصُول کو اِعتقاد کے ساتھ زبان سے نکالنا - لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کہنا - خدا تعالٰی کی وحدانیت کا اِقرار کرنا + خدا کا نام لینا (۲) کسی کا معتقد اور اُس کے

کلی

کمال کا مُقر ہونا - کسی کا شیدا اور والہ ہونا +

کَلَنک - داغ - دھبّہ - عیب - دوش - الزام +

کَلَنک کا ٹیکا - داغِ رُسوائی - بدنامی کا دھبّا - رُوسیاہی - داغِ بدنامی +

کَلَنک کا ٹیکا لگانا - داغِ رُسوائی دینا - بدنام کرنا - عیب لگانا - اِلزام دھرنا - رُوسیاہ کرنا - داغ لگانا - رُسوا کرنا +

کَلَنک کا ٹیکا لگنا - عیب لگنا - رُسوا ہونا - بدنام ہونا - اِلزام دھرا جانا +

کلّے تلے دبا لینا - اپنی آواز سے دُوسرے کو بات نہ کرنے دینا - دُوسرے کو غُل مچا کر دبا لینا - اپنی آواز کے آگے دُوسرے کی نہ سُننا +

کلّے دَراز - بیہودہ غُل مچانے والی - لڑاکا - بشوری زبان دراز - منہ پھٹ + منہ زور +

کلیجا - (۱) کبد - جگر (۲) ہمّت - جرأت - حوصلا - دلیری +

کلیجا پَک جانا - دُکھی ہو جانا - سہائی کرتے کرتے دِل کا پکّا پھوڑا ہو جانا - جلتے جلتے کباب ہو جانا - غم ہی غم میں سوختہ ہو جانا - دِل کا ماؤف ہو جانا + سخت عاجز ہو جانا زندگی سے تنگ آجانا چھاتی پک جانا - کسی کی تکلیف دِہ باتوں سے دِل کا آزار رسیدہ ہو جانا +

کلیجا پکڑ کر رہ جانا - (۱) کسی صدمہ کی بے تابی کے روکنے کو کلیجہ پر ہاتھ رکھنا - دِل مسوس کر رہ جانا کسی صدمہ کی تاب

کفن

پہنا کرتی ہیں - سیلیپر +

کفن - وہ کپڑا جس میں مُردے کی لاش لپٹتے ہیں +

کفن پر اُٹھنا - کفن پر خرچ ہونا - کفن کے خرچ میں آنا - قسم سخت ہے جسکے معنی ہیں کہ ہمارے مُردے پر اُٹھے جیسے "میرے پاس ایک کوڑی ہو تو کفن پر اُٹھے +

کفن پھاڑ کر یا پھاڑ کے بولنا - آوازِ مہیب بولنا اس طرح چیخ کر بولنا - کہ دُوسرا ڈر جائے یا دہل جائے - کسی عجیب یا خوفناک بات پر نہایت بے تاب اور مُضطرب ہو کر بولنا - ضبطِ سخن نہ کر سکنا - دفعۃً بول اُٹھنا - یا چیخ مارنا جیسے "کوئی کھائے جاتا تھا جو تُو اِس طرح کفن پھاڑ کر بولی +

کفن کو کوڑی نہیں - نہایت مُفلس اور قلاش ہے اِتنا پاس نہیں کہ مرنے پر کفن تو آسکے +

کفن کو لگے - کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت سخت قسم یعنی مُردے کے کفن پر اُٹھے - کفن پر صرف ہو کفن کے کام میں آئے +

گگڑی کھیرا کرنا - نہایت بیدردی اور کثرت سے کوسنا - ہر وقت اور ہر گھڑی بیقدری کے ساتھ کوسنا - نہایت بے قدر سمجھ کر کوسنا - بات بات پر کوسنا جیسے "میرے بچوں کو گگڑی کھیرا کر رکھا ہے - (چونکہ گگڑی اور کھیرا ایسی ارزاں اور کم قدر ترکاری ہے - کہ اُس کے

کل

توڑنے پھینکنے میں آدمی کو ذرا درد نہیں آتا پس اِس وجہ سے انسان کو گگڑی اور کھیرے کے برابر ادنیٰ اور حقیر سمجھ کر کوسنے کو کہنے لگے) +

کل - روزِ گذشتہ - دی + روزِ آئندہ - فردا +

کَل - (کالا کا مخفف) سیاہ - کالا - شیام - اسود +

کل جبھا - سیہ زبان - وہ شخص جس کی جیبھ کالی ہو وہ شخص جسکی دُعائے بد جلد اثر کرے + منحوس +

کل جبھی - وہ عورت جس کی زبان سیاہ ہو منحوس عورت - وہ عورت جس کا کوسنا جلد اثر کرے + کثرتِ اِستعمال کے سبب اُس عورت کو بھی کہنے لگے ہیں جس کے کوسنے کے بعد کوئی صدمہ وقُوع میں آئے +

کل مُنہا یا کلموہا - کالے مُنہ کا آدمی - بدبخت - بدنصیب +

کل مُنہی یا کلموہی - کالے منہ کی عورت سیہ فام - سیہ چہرہ + بجھنوں جلی +

کَل - (۱) آرام - چین - راحت - آسایش - سُکھ - اِطمینان - سکون آسودگی - (۲) فرحت - خوشی - انبساط (۳) ڈھب - طرح - وضع - طور + مشین - جنتر - اوزار +

کل آنا - چین پڑنا - راحت ہونا - آرام ملنا - سُکھ ہونا +

کل پانا - آرام پانا - چین پانا - سُکھ پانا +

کل پڑنا - چین پڑنا - آرام پانا +

کُل - خاندان - کُنبہ - گھرانا +

کل وَنتا - شریف گھرانے کا - خاندانی - اُونچے گھر کا +

بچّوں کے لیے مخصوص ہوگیا +)

کِس مُنہ سے - کون سی زبان سے - کِس شوخ سے +

کِس مُنہ سے کُوسُوں - کلمۂ تنفر ہے - کونسی زبان سے دُعائے بَد دُوں - کیا کہکر کوسوں - یعنی اِس کے واسطے کون سی بُری سے بُری زبان لاؤں +

کَسر نہ رَکھنا - کمی نکرنا - کوتاہی نکرنا - عدم توجّہی نکرنا +

کَسل مَنْد - اَکَھنا - علیل - بدمزہ - ناخوش - ناساز - ناراض بیمار - جی اَچھّا نہ ہونا +

کِسی - (علامتِ تنکیر یا عمُومیت) کوئی چیز - کوئی آدمی - کوئی بات کوئی ایک +

کِسی پر پھُول کر بیٹھنا یا پھُولنا - لغوی معنی کسی شخص کے بھروسے پر بے پروائی اِختیار کرنا - اِصطلاحی کسی کی حمایت پر اِترانا - کسی کی اُمید پر گھمنڈ کرنا - کسی کے بِرتے پر مطمئن ہونا - جیسے کوئی خاوند پر کوئی کُنبہ پر پھُول کر بیٹھتی ہے میں تو اپنے خدا پر پھُولی بیٹھی ہوں +

کِسی کام میں ہاتھ ڈالنا - کسی کام کو اِختیار کرنا +

کِسی کی آئی آنا - کسیکی موت لگ جانا - دُوسرے کی موت اپنی ہو جانا جیسے الٰہی کسیکی آئی تجھے آجائے +

کِسی کی آئی مجھ کو آجائے - دُوسرے کی موت مجھے لگ جائے + (نہایت غصّے یا تکلیف کی حالت میں اپنے آپ کو بدُعا دینے کا فقرہ ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ بلا سے اِس مُصیبت میں دُوسرے ہی شخص کی موت میری موت ہوکر لگے - تاکہ اِس عذاب اور تکلیف سے نجات ملے) +

کِسی کی جان سے دُور رکھنا - جب کسی مُردہ شخص کا ذکر اپنے کسی دوست یا عزیز سے کرتے ہیں تو پہلے یہ فقرہ ازراہِ توہّم زبان پر لاتے ہیں - تاکہ اُس کے مرنے کا اثر اِس تک نہ پہنچے یعنی خدا تمہیں زندہ رکھّے - اُس مرنے والے کی یہ عادت یا یہ قول تھا - یا تمہاری جان سے دُور فلاں شخص انتقال کرگیا - وغیرہ وغیرہ +

کِسی کے نام کا کُتّا بھی نہ پالنا - کسی شخص اور اُسکے نام سے نہایت مُتنفّر ہونا - صُورت سے بیزار ہونا - نام سے بیزار ہونا +

کَشِش - (۱) کھینچ - کھنچاؤ (۲) روک - اِمساک - ڈھیل - تاخیر - دیر - تامّل - وقفہ - رکاؤ - جیسے مینہ کی کشش (۳) درازی یا مد جیسے - ب - ش - ی وغیرہ کی کشش (۴) کشیدگی - انقباضِ خاطر شکر رنجی - تنفر - کشمکش جیسے اِن دونوں بھائیوں میں مدّت سے کشمکش چلی آتی ہے (۵) عرق وغیرہ کی کشید - مقطر کرنے کا فعل (۶) کمی توڑا جیسے روپیہ کی کشش (۷) رمیدگی - توحّش - (۸) میل خاطر - رغبت - رُجحانِ طبع - جذب (۹) مُصیبت - بپتا - کشٹ - سنکٹ جیسے کشش اُٹھانا - کشش کے دن نکلنا - تقدیر کی کشش - کوئی دن کی کشش ہے +

کِشش اُٹھانا - مُصیبت اُٹھانا - کشٹ کے دِن بھوگنا - تکلیف جھیلنا - بپتا کے دِن کاٹنا - کڑاکے کیسے دِن گزارنا +

کَفِ پائی - ایک قسم کی بھدّی تلی ایڑی کی جُوتی جسے عورتیں

کس	کڑو

آبلہ رُو۔ کو چاکر بلا + سیتلا مُنہ داغ +

کڑوی رُوٹی یا کھچڑی۔ مُردے کی حاضری۔ جس روز کوئی مر جائے اُس روز کا کھانا۔ بھتی۔ حلوائے مرگ مرنے کا کھانا + وُہ کھانا جو مُردے کے گھر والوں کو اقارب و رشتہ دار کم سے کم ایک دِن اور زیادہ سے زیادہ تین دِن تک اپنے ہاں سے پکا کر بھیجتے ہیں + (لکھنؤ کے مسلمان بھی بولتے ہیں) +

کڑوے کسیلے دِن۔ (۱) بُرے بھلے دِن۔ سختی کے دِن مُصیبت کے دن۔ ایامِ نحوست۔ منحوس دِن + تنگی کا زمانہ۔ اِفلاس کے دن + بُرے دِن + بیماری کا موسم وہ دِن جن میں موسمی بیماریوں کا زور ہوتا ہے۔ جیسے اگر وہ اپنے کڑوے کسیلے دن تمہارے ہاں کاٹ جاتی تو کیا ٹوٹا آجاتا۔ کڑوے کسیلے دِن ہیں۔ احتیاط سے کھانا چاہیئے۔ (۲) حمل کا آٹھواں مہینہ جو خطرناک ہوتا ہے۔ اٹھنا مہینا +

کڑوے کسیلے دِن کاٹنا۔ مُصیبت یا بپتا کے دِن بھرنا۔ ادبار یا بدبختی کا زمانہ گزارنا +

کڑھائی چڑھنا۔ کڑھائی ہونا۔ پکوان ہونا۔ پکوان کیا جانا۔ پوڑیوں گلگلوں پھلکیوں وغیرہ کا تلا جانا +

کڑی منزل۔ سخت منزل کٹھن منزل۔ دُشوار گذار منزل +

کِس۔ (کلمہ استفہام) کون۔ کدام +

کِس باغ کا بتھوا ہے / کِس باغ کی مُولی ہے } یعنی کچھ مال نہیں۔ محض بے حقیقت ہے۔ کیا اصل و حقیقت ہے قابلِ شمار نہیں۔ کسی حساب میں نہیں کون پُوچھتا ہے جیسے "جب امیروں کا یہ حال ہو تو ہم کس باغ کی مُولی ہیں" (بتھوا ایک قسم کا ساگ اور مُولی بمعنی ترب ہے) +

کِس بلا کو پیچھے لگا دیا۔ جب کسی ضدی یا ہٹیلے سے پالا پڑتا ہے تو یہ فقرہ زبان پر آتا ہے یعنی ہم کیسے عذاب میں پھنس گئے +

کِس پُورے پر۔ یعنی کِس توقع پر۔ کِس اُمید اور کِس دولت کی آمد پر۔ کون سے بھروسے پر +

کِس کی بکری کون ڈالے گھانس۔ یعنی اپنی چیز کی ہر ایک رکھوالی خُوب کرتا ہے دُوسرے کی چیز کو کوئی نہیں سنبھالتا +

کِس کی ماں کو ماں کہتی۔ جب کسی سبب سے کوئی ایسی بات پیش آجاتی ہے کہ جس سے اپنے بچّے یا عزیز کی ہلاکت متصوّر ہو۔ تو اُس موقع پر بولتے ہیں کہ ابھی وہ مر جاتا تو ہم کسے اپنا دردمند بنا کر یہ مُصیبت بیان کرتے۔ مثلاً اگر ٹھور بے ٹھور میرے بچّے کے لگ جاتی۔ اور ایسی ویسی کچھ ہو جاتی۔ تو وہ بندی کس کی ماں کو ماں کہتی +

(اصل میں یہ محاورہ ماں کے حق میں بنایا گیا تھا یعنی اگر ہماری ماں مر جاتی تو ہم کس کی ماں کو اپنی ماں بناتے۔ مگر رفتہ رفتہ عام اور

کرب	کرٹک

کربلا۔ (۱) مرکب از (کرب+بلا) یعنی رنج و آفت کا مقام (۱) اُس بیابانِ عراق کا نام جہاں امیرالمومنین حسین بن علی رضی اللہ عنہ شہید ہوئے۔ مشہدِ امام حسین صلوٰۃ اللہ علیہ کے سبب تعظیماً کربلائے معلّٰی کہتے ہیں۔ (۲) وہ جگہ جہاں پر تعزیئے دفن کئے جائیں۔ (۳) وہ مقام جہاں پر پانی یُسر نہ آئے۔ (۴) قلت۔ توڑا۔ کمی۔ قحط جیسے پانی کی کربلا ڈال رکھی ہے۔ (۵) مشہدِ گنجِ شہدا۔ وہ مقام جہاں بہت سے شہید دفن ہوئے ہوں +

کرتوت۔ (۱) کام ۔ دھندا ۔ کاج ۔ کار ۔ فعل ۔ عمل ۔ افعال جیسے کرنی نہ کرتوت لڑنے کو مضبوط۔ کرنی نہ کرتوت چلیو میرے پوت ÷ (۲) فریب ۔ چالاکی ۔ عیّاری مکّاری ۔ کرتب ۔ چھل ۔ چلتر + (۳) کارِ بد روز بون ۔ کوتک ۔ بُرا کام ۔ حرکاتِ ناشایستہ ۔ بیجا حرکتیں ۔ کلچھن ۔ عادتِ بد ۔ (۴) جادو ۔ ٹونا ۔ سحر + (۵) ناموری یا شہرت کا کام ۔ جیسے دیکھ لی تیرے باپ دادا کی کرتوت +

کرموں جلی ۔ بدبخت ۔ بدنصیب ۔ شامت زدہ ÷

کروٹ نہ لینا ۔ خبر نہ لینا ۔ استفسار نہ کرنا ۔ بھول جانا ۔ جیسے بہن ننّھے میاں کے بخار کا حال لکھکر میرے بار بار لکھنے پر بھی کروٹ نہ لی +

کُرید ۔ کاوش ۔ کوششِ بد ۔ خلش ۔ چھان بین تجسّس تفحص ۔ تلاش ۔ جستجو ۔ ڈھونڈھ ۔ جیسے "انہیں ہمیشہ اِسی بات کی کُرید رہتی ہے" +

کُرید کُرید کر پوچھنا ۔ کھود کھود کر پوچھنا ۔ ہر ایک پہلو سے دریافت کرنا جیسے لڑکی کی ماں سے کُرید کُرید کر پوچھ آئی ہوں +

کُرید میں رہنا یا ہونا ۔ کسی کی بُرائی تلاش کرنے میں مصروف رہنا ۔ تجسّس میں رہنا ۔ تخریب ۔ درپے رہنا ۔ جڑ کھودنا +

کُریدنی ۔ دیکھو (کُرید) کھٹکا ۔ خلش +

کڑاکے کا جاڑا ۔ سخت جاڑا ۔ شدّت کا جاڑا +

کڑاکے کا فاقہ ۔ (۱) سخت فاقہ (۲) کڑاکے کی بھوک ۔ اشتہائے سخت +

کڑکڑاتا جاڑا ۔ سرمائے سخت ۔ شدت کا جاڑا ۔ نہایت زور کی سردی +

کُڑکُڑانا ۔ (۱) انڈے دینے کے دنوں میں مرغی کا بولنا ۔ مرغی کی وہ آواز جو انڈے دینے کے زمانہ میں نکالتی پھرتی ہے ۔ انڈا دیتے ہی بولنا ۔ گرد چیدن (۲) بُڑبُڑانا ۔ ٹرٹرانا ۔ ڑبڑانا ۔ (۳) کوسنا بددعا دینا ۔ آہ مارنا (۴) حسد کرنا ۔ جلنا ۔ رشک کھانا (۵) کُھنسانا ۔ بُرا بھلا کہنا " جیسے تم اپنی باجی امّاں کا مزاج جانتی ہو کہ میری نصیحت فضیحت سے کُڑکُڑاتی بھی ہیں اور پھر مجھ بن انہیں کل بھی نہیں ÷

کڑکھائی ۔ (۱) کڑکھایا کی تانیث ۔ (۲) حقارت کا چیچک رُو +

کچ

تھیں + (۴) گول آنکھ یا کھلا ہوا پھول جو چھوٹا ہو +

کچّا ساتھ۔ ننھے ننھے بچّوں کا ساتھ۔ چھوٹے چھوٹے بچّوں یا اولاد کا ساتھ دُودھ پیتے بچّوں کا ساتھ یا نوں کا ساتھ +

کچّا کھا جانا۔ (۱) بغیر پکائے کھا جانا۔ پکانے کا انتظار نہ کرنا (۲) غصّے کی حالت میں اپنے دُشمن کو بغیر بھونے کھا جانا۔ دشمن کا گوشت بغیر پکائے چٹ کر جانا (مجازاً) دُشمن کو مار ڈالنا +

کچّر گھان۔ بہت سے بال بچّے۔ چھوٹے چھوٹے بچّوں کا انبوہ۔ بال بچّوں کی کثرت +

کُچلنا۔ (۱) سِل بٹّے سے موٹا موٹا کُوٹنا۔ ملنا۔ دلنا۔ پیسنا۔ پامال کرنا۔ روندنا۔ بیلنا۔ (۳) مارنا۔ پیٹنا۔ رگڑنا۔ پتھر سے پیسنا۔ جیسے "سانپ کا سر ہی کچلتے ہیں" (۴) کچومر نکالنا۔ بھُرکس نکالنا۔ دُھنّا۔ خُوب پیٹنا۔ "جیسے دیکھ تو سہی تجھے کیسا کچلتی ہُوں" +

کچلُوندی۔ روٹی کے کچّے کچّے ٹکڑے۔ کچّی کچّی روٹیاں +

کچھ اُو وانے دیا کچھ پُروا نے } دیا ہمارا کام چل ہی گیا } (کہانی) یعنی اِدھر اُدھر سے اپنا کام نکل گیا +

کچہری چڑھنا۔ عدالت تک جانا۔ عدالت میں جانا۔ دربار میں مُدعی یا مدّعا علیہ بنکر جانا جو عورتوں کے واسطے ایک معیُوب امر خیال کیا گیا ہے +

کچّے بگّے دِن۔ حمل کے چوتھے پانچویں مہینے تک کا زمانہ جس میں بڑی احتیاط لازم ہے +

کدھ

کچّی گولیاں کھیلنا۔ (۱) مٹّی کی بِن پکائی گولیوں سے کھیلنا جو جلد ہی ٹُوٹ جاتی ہیں۔ (۲) نادان ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔ سیدے و قُوف ہونا۔ ناآزمُودہ کار ہونا +

کچّے گھڑے پانی بھرنا۔ دُشوار اور ناممکن کام کرنا۔ سخت مشکل یا تکلیف اُٹھانا۔ وقت میں پڑنا۔ سخت مصیبت جھیلنا۔ ناک چنے چبانا +

(یہ محاورہ بکرماجیت کی مشہُور روایت سے لیا گیا ہے جس میں اُس کے دھرماتما اور صاحبِ کرامات ہونے کا اِس طرح ثبُوت دیتے ہیں کہ وہ کچّے سُوت کی ڈوری اور کچّے گھڑے سے پانی کھینچ لیتا۔ اور کچّے ہی برتنوں میں پانی رکھتا تھا۔ مگر وہ پانی سے گارا نہیں ہو جاتے تھے) +

کچّی لکڑی جدھر موڑو مُڑ جاتی ہے۔ بچپن میں جس طرح چاہو سدھا سکتے ہو +

کِدھر کا چاند نِکلا۔ (محاورہ) جب دفعتًہ کوئی عزیز بعد مدّت آجاتا ہے تو اُس کی نسبت یہ محاورہ زبان پر لاتے ہیں یعنی یہ عید کا چاند دفعتًہ کہاں سے آگیا (یہ محاورہ لفظ "آج" کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے) +

کدھی۔ یا کبھی کبھی۔ کبھو۔ کبھی کبھار۔ کسی وقت۔ گاہے +

کدھی کدھار۔ یا کبھی کبھار۔ گاہے ماہے۔ گاہے گاہے۔ بھولے بسرے بھولے چُوکے۔ گاہ بیگاہ۔ وقت بے وقت +

ملہ ساتھ پانچ کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ اسکا کے مطابق ہے۔

سر کہ

کتر

کتربیونت - قطع برید + کاٹ چھانٹ + کمی بیشی +
کتربیونت کرنا - (۱) کاٹنا - چھانٹنا - قطع و برید کرنا -
(۲) کاٹ پھانس کرنا - وضع و منہا کرنا (۳) سودے
سُلف سے کم و بیش کرکے بچانا - خیانت کرنا - تغلّب
کرنا - (۴) کسی چیز میں کمی بیشی کرکے نئی صورت یا نئی
چیز بنانا - اختراع کرنا - (۵) اُدھیڑ بُن میں رہنا -
اُدھیڑ بُن کرنا (۶) کفایت شعاری کرنا - گھٹانا بڑھانا
کمی و بیشی کرنا - جیسے گھر کے خرچ سے کتربیونت
کرکے پُورے سو روپے نکال دھرے +
کُتّے کا مغز کھایا ہے (کہاوت) یعنی بڑا بکواسی و بکّی ہے -
مغز چٹ کی نسبت بولتے ہیں +
کُتّے لوٹنا - (۱) ویرانہ ہونا - ویران ہونا - ہُو کا مقام ہو جانا
جیسے جس ڈیوڑھی پر دو دو تین تین نوکر رہتے تھے
اب وہاں کُتّے لوٹتے ہیں (۲) صفائی نہ ہونا جیسے
کمرہ کی حالت تو دیکھو کُتّے لوٹتے ہیں +
کُتّا چھنی - (۱) لڑائی بھڑائی - لڑائی جھگڑا - مار پیٹ -
مار کُوٹ - جنگ و جدل - کُشت و خُون (۲)
جانی دُشمنی - سخت عداوت - بیر +
کٹاون پڑنا یا لگنا - کٹے لگنا - چھریاں ہوکر استعمال
میں آنا - خلافِ مرضی دُوسرے کے صرف میں آنا +
کٹاون ڈالنا - زہر مار کرنا - لگنا - ٹھونسنا - جیسے

کٹو

رُوکھی روٹی رکھی ہے کٹاون ڈال لے (بحالتِ خفگی) +
کٹّر - (۱) سنگدل - بے رحم - کٹھور - سخت دل - نردئی
بیدرد (۲) بے مرّوت - بے وفا - طوطا چشم +
کُٹناپا - دلّہ پن - پیشۂ دلّالی - بھڑواپن - قلتبانی - قرمساقی
دیوّث پن - دیوّثی +
کُٹناپا کرنا - دلّہ پن کرنا - قلتبانی کرنا - بھڑواپن کرنا -
دیوّثی کرنا - عورتوں کو مردوں سے یا مردوں کو عورتوں
سے ملانا +
کُٹنتا - مار پیٹ - زد و کوب - کُٹ بدیا - شلّاق جیسے
چُھٹّی ملتے ہی گھر چلو - ایسا نہو پھر کُٹنتا ہو - (سگھڑ سہیلی) +
کُٹنی - (۱) دلّالہ - فرہاد کُش - عورتوں کو مردوں سے یا مردوں کو
غیر عورتوں سے ملانے والی + نائکہ + دوتی + عورتوں کو
بھگا کر لیجانے والی (۲) عیارہ - چالاک +
کٹوراسی آنکھیں - بڑی بڑی اور گول آنکھیں +
کٹوری - (۱) چھوٹا کٹورا - چھوٹا سا غربا جام - پیالی +
(۲) انگیا کا کٹکٹ - ٹوکی - انگیا کا وہ حصّہ جس میں
چھاتیاں رہتی ہیں - غلافِ پستان + (۳) پیتل کے
ورق کی گول گول گہری چھوٹی ٹکیاں جو
اکثر آرائش کی ٹیٹوں یا تعزیہ یا سہاگ پڑے
وغیرہ پر لگی ہوئی ہوتی ہیں جیسے لال کاغذ کا پُڑا اُس پر
سُنہری کٹوریاں لگی ہوئیں عجب جگمگ جگمگ کر رہی

کُتّا	کان

بیگانے عزیز تو اُن کے متعلّق بھی عزیز +

کان ٹیلتے ہیں۔ کان جُھکاتی ہیں۔ اُستادی تسلیم کرتی ہیں۔ کمال یا جوہر کی مُقر ہوتی ہیں +

کان دَھر کر سُننا۔ دھیان سے سننا۔ نہایت توجّہ وخیال سے سُننا۔ کان لگا کر سننا +

کان کترنا۔ کسی کام میں اُستاد و کامل ہونا۔ مات کرنا جیسے عورت تو مردوں کے بھی کان کترتی ہے +

کان گُنہگار ہیں۔ حقُّ الامرات سے بےخبری کی حالت میں بولتے ہیں۔ جیسے کان گُنہگار ہیں۔ سُنا ہے کہ چاند دیکھے تم نظامُ الدین جاؤ گی +

کان میں ڈالنا۔ جتانا۔ کہنا۔ آگاہ و خبردار کرنا۔ گوش گزار کرنا +

کان نہ ہلانا۔ (۱) چُپ رہنا۔ خاموش رہنا (۲) انکار نہ کرنا۔ چوں نہ کرنا +

کانٹوں پر گھسیٹنا۔ (۱) اوّل معلوم (۲) سزائے سخت و تعزیر دینا۔ (۳) حد سے زیادہ تعریف کر کے گنہگار بنانا۔ شرمندہ کرنا۔ جب کوئی شخص کسی کی حد سے زیادہ تعریف یا خاطر و مدارات کرتا ہے تو وہ اُس کے جواب میں انکساراً کہتا ہے کہ آپ کیوں مجھے کانٹوں پر گھسیٹتے ہیں۔ اہلِ لکھنؤ اور پُورب والے پر کے ساتھ استعمال کرتے ہیں (۲) نہایت تکلیف دینا۔ ستانا۔ ازحد اذیت پہنچانا +

کانٹوں میں گھسیٹنا۔ (۱) دیکھو کانٹوں پر گھسیٹنا (۲) آفت و بلا میں پھنسانا۔ مصیبت میں ڈالنا۔ تکلیف پہنچانا۔ آزار دینا +

کانڑی کو کون سراہے کانڑی کا باوا۔ (کہاوت) اپنوں کو اپنی بُری چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے۔ اور غیر کو دُوسرے کی اچھی چیز میں بھی کلام ہوتا ہے۔ محبت کے سبب عیب بھی ہنر معلوم ہوتا +

کانسا۔ صحیح کاسہ۔ پیالہ۔ بھیک کا ٹھیکرا +

کائنات۔ (۱) دُنیا۔ موجودات۔ مخلوقات۔ جگ۔ سنسار۔ عالم۔ ترلوک۔ خلقُ اللہ (۲) جمع۔ پُونجی سرمایہ۔ بضاعت۔ مایہ۔ راسُ المال (۳) اصل۔ حقیقت۔ بساط۔ جیسے دس روپے کی بھی کچھ کائنات ہے +

کبھی کے دِن بڑے کبھی کی رات (کہاوت) یعنی زمانہ یکساں نہیں رہتا زمانہ کا حال بدلتا رہتا ہے +

کپڑوں سے ہونا۔ حائض ہونا۔ میلے سر سے ہونا۔ بے نماز ہونا۔ ایام آنا +

کپڑے آنا۔ دیکھو کپڑوں سے ہونا) بے نماز ہونا۔ معمول سے ہونا۔ ایام آنا +

کُتّا بھی بیٹھتا ہے تو دُم ہلا کر بیٹھتا ہے (کہاوت) یعنی صفائی حیوان کو بھی پسند ہے (پھوہڑ کی نسبت از رُوئے طنزیہ کہاوت بولتے ہیں) +

کالی

کالا منہ ہونا۔ (۱) بدنام و رسوا ہونا۔ ذلیل و خوار ہونا (۲) وخان ہونا۔ نکالا جانا +

کالی زبان۔ زبانِ سیاہ جس کی نسبت عوام کا اعتقاد ہے کہ اُس کی بددُعا جلد اثر کرتی ہے۔ کالی جیبھ +

کالے کوس (۱) راہِ ناپیدا کنار۔ مُسافتِ بعید۔ دُور دراز کا رستہ۔ بہت دُور۔ کوسوں دُور۔ راہِ دُور دراز اور سخت دُشوار۔ برسوں اور مہینوں کی راہ + (۲) بڑے بڑے کوس۔ لمبے کوس +

کالے کوسوں۔ بہت دُور۔ ہزاروں کوس۔ مسافتِ بعید۔ برسوں اور مہینوں کی راہ +

کالے کوّے کھائے ہیں۔ جب کسی آدمی کے پیرانہ سالی پر بھی بال سفید نہیں ہوتے تو اُسکی نسبت کہتے ہیں۔ جیسے "اُسنے تو کالے کوّے کھائے ہیں"۔ (عوام کالانعام کا اعتقاد ہے کہ کوّے کی عمر سو برس کی ہوتی ہے۔ چُونکہ یہ اخیر وقت تک کالا ہی رہتا ہے۔ پس جو کالے کوّے کا گوشت کھاتا ہے۔ اُس کی عمر بھی بڑی ہوتی ہے۔ اور بال بھی سیاہ رہتے ہیں) +

کام تمام ہونا۔ (۱) کام پُورا ہونا۔ کام ختم ہونا۔ کام انجام پانا۔ کام کا انجام کو پہنچنا۔ (۲) مرنا۔ ہلاک ہونا۔ کام آخر ہونا۔ جان سے جانا۔ جان دینا۔ جان سے گزرنا۔ فیصلہ ہونا۔ نیست و نابود ہونا۔ معدوم

کان

ہونا۔ قریب بہ ہلاکت پہنچنا۔ گور کے کنارے لگ جانا +

کان۔ گوش۔ کرن۔ وہ دونوں عضو جو سماعت کا کام دیتے اور کنپٹی کے پاس اُبھرے ہوئے نظر آتے ہیں +

کان بجنا۔ بغیر پکارے اور بن بلائے بول اُٹھنا یا خیال کر لینا کہ کوئی پکارتا ہے +

کان بندھنا یا بندھوانا۔ کان چھدنا۔ کان میں سُوراخ کرانا +

کان بھرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ غیبت کر کے بدظن کرنا۔ دُوسرے کے دل میں کسی کی طرف سے بل ڈالنا۔ بدگمان کرنا +

کان پر جُوں نہیں چلتی۔ (کہاوت) یعنی بالکل خبر نہیں ہوتی۔ کانوں کان نہیں جانتے +

کان پڑی آواز یا بات نہ سُنائی دینا۔ نہایت شور و غوغا کے سبب کوئی بات سمجھ میں نہ آنا +

کان پکڑنا۔ اپنی آپ گوشمالی کرنا۔ باز رہنا۔ توبہ کرنا۔ جیسے نابیوی میں نے اُنہیں سمجھانے سے کان پکڑے وہ جانیں اور اُنکا کام +

کان پکڑی لونڈی یا باندی۔ کنیزِ فرماں بردار۔ بال باندھی باندی۔ جیسے کیا میں تمہاری کان پکڑی باندی ہوں +

کان پیارے تو بالیاں جوڑو پیاری تو سسرالیاں (کہاوت) یعنی لیلیٰ پیاری تو اُسکا کُتّا بھی پیارا

بنانے کے واسطے بہت سا کاجل پارا جاتا ہو۔ جیسے کاجل کی کوٹھڑی میں جو جائیگا اگر کالا نہ ہوگا تو ٹیکا جب بھی لگ جائیگا" (۲) بدنامی کا گھر۔ محلِّ بدنامی۔ کلنک استھان + خراب صُحبت یا وُہ جگہ جہاں جانے سے بدنامی حاصل ہو - عیب لگنے کا مقام جیسے "کاجل کی کوٹھڑی میں جو جائیگا اُسی کے ٹیکا لگے گا +

کاجل گھُلانا - آنکھوں میں سُرمہ کی طرح دُودِ چراغ کا استعمال کرنا + (سُرمہ کی نسبت دہلی میں اور کاجل کی نسبت لکھنؤ میں لفظ گھُلانا بولتے ہیں) +

کانچو بھُوچُو - (۱) نہایت نازک۔ وسبک جیسی کانچ - شیشہ وغیرہ کی چیز - چُوڑی کی مثال - ناپائیدار - سریعُ الزّوال - بودا - (۲) بازارو - رسمی - لفافہ کا - دکھانے کا - دیدارُو - اشارے سے ٹُوٹ جانے والا - وُہ چیز جسے کاریگر نے باعتبار ظاہر تو نہایت خوشنما اور دلفریب بنایا ہو۔ گر ذرا پائیدار نہو + (اِس لفظ کی بحث فرہنگِ آصفیہ جلدِ سوم میں مفصّل درج ہے + جسکا ماحصل یہ ہے کہ کاغذ کی طرح نازک اور کمزور چُونکہ جہیز کے واسطے اکثر اشیا سستی اور دکھاوے کی بنوائی جاتی ہیں - چنانچہ زیور بھی جو نہایت قیمت میں کم ہوتا ہو اُسے بھی کانچو بھوچُو یعنی جہیز ورقم کہتے ہیں یہ لفظ کاغذ اور بھوج پتر سے جو دونوں نازک اور کم طاقت

چیزیں ہیں بنایا گیا ہے) +

کارَن - سبب - باعث - واسطے - لئے +

کاڑھا - وُہ گرم دوائیں جو زچّہ کو زہر باد کے اخراج کے واسطے جوشش دیکر عوام لوگ پلاتے ہیں - اِس نام سے موسُوم ہیں - کیونکہ کاڑھا ہندی زبان میں بمعنی جوشیدہ و جوش دادہ آیا ہے - اسقاط کے موقع پر بھی اِس کا استعمال کیا جاتا ہے - اِس میں اکثر پوستِ املتاس سپانس کی جڑ - چھوہارے - کھوپرا - سونٹھ - سونف - مغزِ بادام وغیرہ ۳۲ چیزیں ڈالتے ہیں +

کاکلُوتی یا کاکلُودی - (بیگماتِ قلعہ) ماتا - محبّت - اُنسیت - اُلفت - مادری بیقراری - جیسے "امّاں جان کاکلوتی کے مارے کلیجہ پکڑے پکڑے پھرتی ہیں" +

کاکلُود - ماتا - محبّت - فرطِ اُلفت کا تقاضا - محبّت کی بیقراری + (یہ لفظ کاکا بمعنی بچّہ اور لاڈ بمعنی پیار و محبّت سے بنا لیا ہے) +

کالا - (۱) سیاہ - اَسوَد - سیام + سیام برن + نقیضِ سفید

کالا مُنہ نیلے ہاتھ پاؤں - جب عورتیں کسی سے ناراض یا نہایت بیزار ہو جاتی ہیں تو حالتِ تنفّر میں یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں +

کالا مُنہ ہُو - رُوسیاہ ہو - رُسوا ہو - بدنام ہو + نکالا جائے - پھٹکار پڑے +

ک

کاتا اور لے دوڑی (کہاوت) یعنی ذرا سا کام کیا اور دکھاتی پھری + کام کرتے ہی اُجرت کی طلب +

کاٹ - بُرّش - کٹاؤ + دھار کی تیزی + چر کا - تراش + بُرائی - بدی +

کاٹ پھانس - (۱) جوڑ توڑ - کتر بیونت - لگائی بجھائی - (۲) کسی کے حق یا اُجرت میں کمی و بیشی کرنا +

کاٹ پھانس کرنا (۱) توڑ جوڑ کرنا - ساز باز کرنا - (۲) کسی کی مزدوری یا امانت یا جمع میں جھوٹا سچا حساب لگا کر کمی بیشی کرنا - اگلے پچھلے حساب میں وضع کرنا - (۳) غیبت کرنا - لگائی بجھائی کرنا - لگائی لتری کرنا - لگانا بجھانا - کٹنی کہنا - بھانجی مارنا - بُرائی کرنا +

کاٹ چھانٹ - قطع و بُرید - تراش خراش - چیر پھاڑ جوڑ توڑ - کتر بیونت + چھٹی اور کٹی ہوئی چیز جو نکمی ہو + چھٹن - ریزہ +

کاٹو تو خون نہیں } یعنی خوف کے باعث بدن میں
کاٹو تو لہو نہیں } لہو کی بوند نہیں رہی - تمام جسم زرد اور سرد ہو گیا - نہایت صدمہ گزرنے - خوف طاری ہونے اور ہک دُک رہجانے کے موقع یا اُس کے اظہار پر بولتے ہیں +

کاٹھ - لکڑی - چوب - لکڑ +

کاٹھ کا اُلّو - محض بیوقوف - مودھو - احمق +

کاٹھ کٹوّل بانسلی - بچوں کے ایک کھیل کا نام جس میں آنکھ مچولی کیطرح آنکھیں بند کرنے اور لکڑی کو چھوتے پھرتے ہیں - جہاں کوئی لکڑی سے علیحدہ ہوا اور اُسے چور نے پکڑ لیا - پس پھر وہی چور بنجاتا ہے چونکہ چور اس میں یہ نقرہ کہتا پھرتا ہے کہ "کاٹھ کٹوّل بانسلی بھنبیری میرا نام" اس وجہ سے یہ نام رکھا گیا +

کاٹھ کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی (کہاوت) یعنی دھوکے کی چیز ہر دفعہ قدر نہیں پاتی + دھوکا بار بار کام نہیں دیتا

کانی اُنگلی پر نہ مُوتنا - ایسا کاہل اور بیدرد ہو جانا کہ اگر کسی زخم پر اُس کے اچھا ہو جانے کے واسطے کہیں کہ ذرا پیشاب کر دو تو بھی نہ ہو سکے - جیسے کیا مقدور جو کسی کی کانی اُنگلی پر مُوتے + (مجازاً) نہایت سخت دل اور بے رحم کا مجور ہو جانا - ذرا سا کام کر کے نہ دینا + ذرا درد نہ آنا - ذرا ترس نہ کھانا - سنگدلی برتنا +

کاج - (۱) کام - دھندا - کار - کار دبار - کارِ حج (۲) کوئی بھاری کام (۳) کسی تقریب کا بڑا بھاری کام - بیاہ شادی کا کاروبار +

کاجل - چراغ کا دُھواں جو ٹھیکرے یا کسی چیز پر پار کر آنکھ میں لگاتے یا چکنا کر کے اِسی کام کے واسطے ڈبیا میں رکھ چھوڑتے ہیں +

کاجل کی کوٹھڑی - (۱) وہ مکان جہاں سیاہی

قبضہ

ضبط ہونا یا سرکاری قبضہ میں آکر ڈگریدار کو دلا یا جانا +

قِصّہ چُھونا یا قِصّہ رانڈ ہونا - دُکھڑا رونا۔ رام کہانی کہنا۔ جیسے ہر ایک آئے گئے کے رُوبرُو ساس کا قصّہ چھو یا جاتا ہے +

قُطّامہ[1] - مرد کی نہایت خواہشمند اور پُرہوس عورت۔ بے حیا۔ بدنہاد عورت۔ بے غیرت عورت۔ بیسوا (۲) ایک نہایت فاحشہ عورت کا نام جو ابنِ مُلجم سے سازش رکھتی اور آلِ رسُولؐ کی نہایت دشمن تھی عجب نہیں جو عورتیں بحالتِ خفگی اُسی عورت سے منسوب کرکے عام عورتوں کو اِسی وجہ سے کہہ دیتی ہیں (۳) حرامزادی علامہ۔ تفنتی۔ قحبہ۔ (صحیح بفتح قاف) +

قُلاچیں بھرنا یا مارنا - چھلانگیں مارنا۔ گُدکڑے مارنا۔ ذقند بھرنا +

قُلُوب[2] **تازہ کرنا** - دل خوش کرنا + فرحت بخشنا +

قیامت - (۱) لغوی معنی قائم ہونا۔ کھڑا ہونا۔ اِستادہ ہونا (۲) وہ وقت جبکہ مُردے زندہ ہوکر کھڑے ہوں گے۔ رُستخیز۔ روزِ حشر۔ روزِ محشر۔ یومُ الحساب (۳) روزِ بازپرس یا روزِ موعُود (۴) سب کے مرنے اور فنا ہو جانے کا دن (۵) مجازاً مدّتِ دراز۔ عرصۂ مدید۔ (۶) موت۔ قضا۔ اجل۔ (۷) انوکھی بات۔ امرِ عجیب۔ (۸) بلا۔ آفت۔ غضب۔ قہر۔ ظلم۔ ستم (۹) غضبناک۔ خشمناک (۱۰) واویلا۔ کہرام۔ آہ وزاری۔ شور وشغب۔ شور وفغاں۔ چیخم دھاڑ۔ اُودھم + ہُلّڑ۔ رَگُولا۔ غل غپاڑہ + دھوم (۱۱) ہل چل۔ کھل بلی۔ (۱۲) اندھیر۔ ظلم۔ ستم۔ (۱۳) مصیبت پڑنا۔ عذاب۔ دُکھ (۱۴) (کلمۂ افسوس) دریغ۔ حیف (۱۵) نہایت۔ از حد۔ اَتْ گَت (۱۶) نہایت شوخ۔ طرّار۔ چلبلا۔ چالاک۔ (۱۷) فتنہ انگیز۔ آفت خیز۔ آفت کا پرکالہ +

تیین

قیامت ٹُوٹنا - حشر برپا ہونا۔ آفت ٹُوٹنا۔ قہر ٹُوٹنا + شامت آنا۔ از حد خفگی ہونا +

قیامت ڈھانا - (۱) فتنہ اُٹھانا۔ ستم کرنا۔ ظُلم کرنا۔ غضب کرنا۔ واویلا مچوانا۔ (۲) آفت توڑنا۔ حشر برپا کرنا۔ اُودھم ڈالنا + نہایت خفا ہونا۔ برافروختہ ہونا۔ آگ بگُولا ہونا +

قِیامت مچانا - (۱) ظُلم توڑنا۔ دھوم ڈالنا۔ خفا ہونا۔ غضبناک ہونا۔ شور کرنا۔ (۲) آفت برپا کرنا۔ بلا یا مُصیبت لانا۔ (۳) واویلا کرنا۔ کہرام مچانا۔ پٹیک پیا ڈالنا۔ اُودھم مچانا +

قِیامت مچنا - (۱) کہرام ہونا۔ ماتم پڑنا۔ پٹیک پیا ہونا۔ واویلا مچنا۔ جیسے اُس کے مرنے کی خبر سنتے ہی قیامت مچ گئی (۲) خفگی ہونا۔ آفت ٹُوٹنا۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ اُودھم مچنا + بلا کی طرح پیچھے لگ جانا +

قیامت ہے - مبالغۂ تعریف۔ (۱) آفت ہے۔ بلا ہے (۲) شور ہے۔ غوغا ہے (۳) ظلم ہے۔ قہر ہے۔ ستم ہے +

قیدی وان - قیدی۔ بندھوا۔ پابند۔ مقیّد۔ اسیر +

قینچی بجانا - کترنی یا مقراض کے پھلڑوں کو باہم ٹکرانا۔ جو ہندوستان کی عورتوں کے نزدیک نحوُست اور خانہ جنگی کا باعث ہے +

قینچی سی یا قینچی کی طرح زبان چلنا - فرفر زبان چلنا۔ جلد جلد زبان چلنا۔ صاف زبان چلنا۔ دُوسرے کی بات کاٹنے کو جلد جلد بولنا۔ تڑاق پڑاق بولنا۔ چھپا چھپ یا سٹاسٹ بولنا +

[1] [2] قُطب کی جمع مستعمل بجائے واحد

فی

فیل بھرنا۔ مکّاری کرنا + دھوکا دینا +

فیل ہائی۔ مکّارہ فریبن +

ق

قابوچی۔ (۱) دربان (۲) عورو (۳) کھدو (۴) سفلہ کمینہ جیسے اس مُوئی قابوچی کو پوچھتا ہی کون ہے (۳) مستغنی۔ خود غرض (۴) دیّوث (۵) بدذات +

قاضی جی دُبلے کیوں ہوئے کہ شہر کے اندیشے سے (کہاوت) یعنی خواہ مخواہ فکرمند ہوئے ہو +

قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے (کہاوت) یعنی ہوشیار کے بچّے بھی ہوشیار ہوتے ہیں +

قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا۔ قاضی جی مرے کوئی نہ آیا (کہاوت) یعنی جس کا منہ ہوتا ہے اُس کا سب ساتھ دیتے ہیں۔ اور جب وہ نہیں رہتا تو اُسکے متعلّقین کو نہیں پوچھتے +

قبر کا مُنہ جھانک کر آئی ہیں (کہاوت) یعنی مر مر کے بچے ہیں۔ نئے سرے سے زندگی پائی ہے +

قبر میں پانوں لٹکائے بیٹھنا۔ موت کے دن قریب آنا۔ آخرِ عمر کو پہنچ جانا۔ موت کے دن آجانا +

قبر میں لیجانا۔ قبر تک نہ بھولنا۔ قبر میں بھی یاد رکھنا۔ جیسے مجھے یہ رنج ہے اور یہ رنج میں اپنے ساتھ قبر میں لیجاؤنگا کہ میں تمہاری بال بچّوں کی خدمت نہ کرسکا +

قبول صورت۔ خوبصورت حسین۔ دل پسند۔ سُندر +

قرق

قدر پر ابر بجلی ٹوٹے یا پڑے۔ (قسم سخت و دُعائے بد) جتنا قد ہے اُتنی بڑی بجلی گرے اور ہلاک کردے +

قدری کرنا۔ نہایت زور و طاقت دکھانا۔ زور ڈالنا۔ زور آوری کرنا + رُعب جمانا +

قرآن کی مار پڑے۔ (دعائے بد) قرآن کی پھٹکار پڑے۔ قرآن کے طفیل سے راندا جائے +

قربان۔ (۱) وہ چیز جو خدا تعالیٰ کی راہ میں بہ اُمّید تقرّب تصدّق کیجائے (۲) بل۔ بلدان۔ بلی (۳) بھینٹ۔ صدقہ تصدّق +

قربان جانا۔ (۱) نثار ہونا۔ تصدّق ہونا۔ واری جانا۔ صدقے ہونا۔ بلہاری جانا +

قربان قربان ہونا۔ واری واری جانا۔ نہایت صدقے اور تصدّق ہونا۔ نثار نثار ہونا +

قربان کروں۔ کلمۂ تنفّر۔ صدقے کروں۔ آگ لگاؤں۔ ملیا میٹ کروں۔ چولھے میں دوں +

قربان کیا تھا۔ (۱) صدقے کیا تھا۔ صدقے میں اُتارا تھا۔ تصدّق کیا تھا + قابلِ صدقہ تصدّق ہونیکے قابل۔ صدقے میں اُتارنے کے لایق +

قرض وام۔ اُدھار سُدھار۔ لین دین +

قرق بٹھانا یا بٹھلانا (۱) حکم بٹھانا۔ حکم چلانا + مناہی کرنا۔ ممانعت کرنا۔ روک ٹوک کرنا (۲) تاکنا۔ چشم نمائی کرنا۔ دھمکانا۔ ڈانٹنا۔ تنبیہ کرنا +

قرقی ہونا۔ مال اسباب اور جائدادِ منقولہ غیر منقولہ کا

غیر

غیرت - شرم و حیا - لاج - ننگ و ناموس +

غیرت کا مارا - شرم زدہ - شرم و لحاظ کا پابند +

ف

فارغ خطی (۱) خطِ آزادی - لا دعویٰ - طلاقنامہ - (۲) رسید بیباقی +

فاطمہ - (۱) لغوی معنی - بچّہ کو دُودھ پلانے والی - بچّہ کو دُودھ سے باز رکھنے والی - وہ عورت جس نے دو ہی برس میں بچّے کا دُودھ چھڑا دیا ہو - (۲) سیّد النسا حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا جگر گوشۂ رسُول مقبُول صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک جو حضرت علی کرّم اللہ وجہہٗ کی زوجۂ مطہرہ اور حضرت حسنین پاک علیہما السّلام کی والدۂ محترمہ تھیں - اصحابیوں میں بیس عورتیں اس نام کی ہوئی ہیں جو قابلِ تعظیم ہیں +

فتنی - فتنہ پرداز عورت - چالاک عورت - عیّارہ - مفسدہ - فسادن - جھگڑالُو - لڑاک - لڑاکا +

فرشتوں کو خبر نہ ہونا - مبالغہ برائے بے خبری - بالکل بے خبر ہونا - مطلق خبر نہ ہونا - کانوں کان نہ جاننا - محض ناواقف ہونا - جیسے ہمارے تو فرشتوں کو بھی خبر نہیں +

فرشتہ پر نہیں مارتا - کوئی غیر یا اجنبی کسی طرح نہیں جا سکتا - یعنی نہایت پردہ اور روک ٹوک ہے - کسی کا گذر نہیں - فرشتہ جو ایک لطیف جسم اور صاحبِ قدرت ہے - وہ بھی نہیں جا سکتا +

فرض - (۱) خدا کا حکم - خدا تعالیٰ کا فرمودہ اور واجب کیا ہوا

فیل

شرعی حکم جس کے نہ کرنے سے آدمی گنہگار اور خارج از مذہب مانا جاتا ہے - (۲) ضروری - واجبی - لازمی (۳) مناسب - واجب - لازم - ضرور (۴) ذمّہ داری ڈیوٹی (۵) تسلیم کیا ہوا - مانا ہوا (۶) گمان کیا ہوا +

فضیحتی - لڑائی - جھگڑا - ٹنٹا - فساد - دنگہ +
(اس کا تلفظ فضیتی کرتی ہیں) +

فضیحتی کرنا - (۱) فضیتی کرنا - ذلّت دینا - بدنامی دینا - (۲) لتّے لینا - دھجیاں اُڑانا (۳) لڑنا - جھگڑنا - فساد مچانا + (اس کا تلفظ فضیتی کرنا ہو گیا ہے) +

فطرت - (۱) آفرینش - اصلِ خلقت - پیدائش - خلقت - نیچر - قُدرت - وُہ شکل جو بچّہ پیٹ میں اختیار کرتا ہے - مُضغہ - لوتھڑا - (۲) اصل - خمیر - گھٹّی - ذات (۳) دانائی - ہوشیاری - عقلمندی - زِیرکی (۴) مکر - فریب - دغا - چالاکی - عیّاری - چرتر +

فطرتی - شوخ - عیّار - چالاک - متفنّی - فتنہ پرداز + چالباز مکّار فریبی - حیلہ انگیز - دغاباز - دھوکے باز +

فقیرنی - (۱) بھیک مانگنے والی - محتاج عورت - (۲) کنگلی + ندیدی +

فی - نقص - عیب - جیسے اِنکی خاندان میں فی ہے +

فی نکالنا - عیب نکالنا - نقص نکالنا - اعتراض کرنا +

فیل - مکر - فریب - جیسے کسی نے مارا نہیں فیل کرتی ہے

غَڑَپ - ڈُوبنے کی آواز - غرقاب ہونیکی آواز - کسی چیز کے دفعتہً اندر داخل ہونے کی آواز +

غَش - بیہوشی بُھور چھاگت +

غَش ہونا - (۱) بیہوش ہونا بُھورچھاگت میں آنا - (۲) متحیّر ہونا دل از دست دادہ ہونا فریفتہ ہونا ۔ عاشق ہونا شیفتہ ہونا محو ہونا - مرنا - دم دینا +

غُصَیل - تُند مزاج - تیز مزاج - بدمزاج مغلوبُ الغضب +

غَضَب - قہر - غصّہ - عتاب - خشم - خفگی - جیسے ظالم حاکم بھی خدا کا غضب ہوتا ہے +

غَضَبِ خُدا (۱) تعجب بر بہتان " جیسے غضب خدا میں نے کس پر طُوفان اُٹھایا جو تم سب نے مجھکو نکُّو بنایا - (۲) خدا کا غضب نازل ہو +

غَضَب خُدا کا - کلمۂ تنفر :- (۱) کسی امرِ متنفّر کے صدُور کے وقت یا نہایت نفرت و اکراہ ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں " جیسے غضب خدا کا کوئی ایسا کام بھی کرتا ہے " (۲) تعجّب اور حیرت کے موقع پر بھی آتا ہے " جیسے غضب خدا کا کتنے اُونچے سے کُود پڑا " +

غَضَب ڈھانا - (۱) سخت بلا یا آفت لانا - سخت بیداد کرنا ستم توڑنا - فساد مچانا - فتنہ برپا کرنا + نہایت ظلم کرنا - از حد سختی برتنا " جیسے ساس نے بہو پر غضب ڈھار کھا ہے "

(۲) حدِّ بشری سے باہر کام کرنا - کوئی انوکھی بات یا عجیب کام کرنا +

غَضَبی خانہ اُتارنا - غضب ناک ہونا - آفت لانا - غصّہ ہونا +

غِلافی آنکھ - وہ بڑی لمبوتری اور جھکی ہوئی آنکھ جو پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی ہو +

غُلام کا تِلام - غُلام کا غُلام - داس کا داس + پرستار زادہ - لونڈی بچہ - گھٹکا غلام - ادنیٰ درجہ کا غلام +

غَنیمت - (۱) لُوٹ کا مال - مالِ مفت - بڑو مفت - برابر فتوح - (۲) قابلِ قدر (۳) خاصا - اچھّا - بہتر - عمدہ +

غنیمت جاننا - قابلِ قدر سمجھنا - بہتر جاننا مغتنمات سے سمجھنا +

غَیبانی - دیکھو (غائبانی)

(ایک قسم کی گالی اگرچہ اس کے معنی اچھے نہیں مگر اور گالیوں کی طرح فحش پر مستعمل نہیں ہے کیونکہ یہ لفظ ثقات کی زبان پر بھی آجاتا ہے اسے خاص عورتوں کی نسبت بولتے ہیں ظاہراً غیب اور آنی کلمۂ نسبت سے مرکّب ہے یعنی منسُوب بہ غیب جس کا مفہُوم پوشیدہ کار کرنے والی یا پوشیدہ فعلِ شنیع کرنے والی ہو سکتا ہے عورتیں اِس لفظ کو چنداں سخت نہیں سمجھتی ہیں - غالباً معنی نہ سمجھنے کا سبب ہے جیسے چُولھے آگ نہ گھڑے پانی اُوپر ہی اُوپر جا غیبانی "+)

غارت - (۱) تاخت وتاراج - لوٹ مار غنیمت (۲) تباہ - برباد +

غارت غول - (۱) تباہ - برباد - بناس - اکارت - ضائع گم - تلف - ناس (۲) خانہ گن - خانہ خراب - برباد شدہ + (یہ لفظ اصل میں غارت غور ہے - جس طرح ترکتاز - تاخت وتاراج ترکاں کے سبب فارس میں بمعنی غارت گری رواج پایا - اسی طرح یہ محاورہ غوری خاندان کی غارت گری کے سبب ہند میں مروج ہوا - چونکہ سلطان شہاب الدین عرف محمد غوری نے اپنے دیو ہیکل افغانوں کو ہمراہ لیکر ہند اور غزنی کو بار بار تاخت وتاراج کیا - اس سبب سے گیارھویں عیسوی سے یہ محاورہ زبان زد خلائق ہو گیا - اور سب سے زیادہ عورتوں میں جو لوٹ کے نام سے کانپتی ہیں - اس لفظ نے دخل پایا - رفتہ رفتہ حسب قاعدہ رائے مہملہ کا لام سے بدل ہو کر غارت غور سے غارت غول ہو گیا چنانچہ شعرانے دونوں طرح استعمال کیا ہے) +

غارت غول کرنا - تباہ وبرباد کرنا - تلف کرنا - ضائع کرنا - ستیاناس کرنا +

غارت غول ہونا - تباہ (برباد ہونا - ستیاناس جانا - ضائع ہونا - کھویا جانا - گم ہونا - ناپید ہونا - نیست ونابود ہونا - جاتا رہنا - کالعدم ہونا - چوری جانا +

غارت کا مارا - تباہ شدہ - غارت شدہ - تاراج شدہ غارت گیا - برباد شدہ + خانہ خراب - اُجڑا - کھوجڑی پیٹا کھوج کھویا - مری لیا - حالتِ نفرت یا بیزاری میں

یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں - جیسے مختار غارت کے مارے نے اسکی ساری تنخواہ خالصے لگا دی +

غارت کرنا - لوٹنا - کھسوٹنا - تاراج کرنا - تباہ کرنا - پائمال کرنا مسمار کرنا - اجاڑ کرنا - ضائع کرنا - تلف کرنا - اکارت کھونا ناپید کرنا - فنا کرنا - نیست ونابود کرنا +

غارت گیا - مُوا - نگوڑا - خانہ خراب - کمبخت - بدنصیب - مری لیا - مرنے جوگا - جیسے چھوڑ غارت گئے میرا پیچھا +

غارت ہونا - (۱) ناپید ہونا - اُجڑنا - فنا ہونا - تباہ وبرباد ہونا دُنیا سے جانا - (۲) لُٹنا - تاراج ہونا - پائمال ہونا - مسمار ہونا - اینٹ سے اینٹ بجنا - (۳) ضائع ہونا - تلف ہونا - اکارت جانا - گم ہونا - کھویا جانا - جاتا رہنا (۴) فنا ہونا - معدوم ہونا - ناپید ہونا (۵) دفع ہونا جانا - جیسے یہاں سے غارت ہو - دیکھئے وہ کس دن غارت ہوتا ہے +

غاثی - غارت گیا - مُوا - نگوڑا - خانہ خراب - کم بخت - بدنصیب - مری لیا - مرنے جوگا + (صحیح بفتح رائے مہملہ) +

غائبانی یا غیبانی - ایک قسم کی گالی جو عورت کے حق میں دی جاتی ہے "جیسے قحبہ - قطامہ - وغیرہ" یعنی غائبانہ مزا اُڑانے والی +

غریبوں نے روزے رکھے تو دن بڑے آئے - (کہاوت) بمقدور کی ہر طرح مشکل ہے جو کام کرتا ہے اُسی میں نقصان پہنچتا ہے

طوط

طُوطیا باندھنا۔ بُہتان لینا۔ تہمت دھرنا۔ کلنک لگانا۔ دوش دینا۔ الزام لگانا +

طُوطیا بندھنا۔ الزام لگنا۔ تہمت لگنا۔ بہتان دھرا جانا +

طُوطیاں ہاتھ پسارتی ہیں۔ (محاورۂ بیگماتِ قلعہ) خوش بیانی کی تعریف میں بولتی ہیں۔ جس طرح مُنہ سے پھُول جھڑنا بولا جاتا ہے +

طُوفان اُٹھانا۔ (۱) بہتان لینا۔ الزام دھرنا۔ تہمت دھرنا۔ (۲) فساد اٹھانا۔ فتنہ برپا کرنا۔ حشر برپا کرنا۔ آفت مچانا۔ ہنگامہ مچانا (۳) طوفان لانا۔ کثرت سے مینہ برسانا۔ بانسوں پانی چڑھانا۔ پانی کی رو لانا۔ سیلاب لانا +

طُوفان باندھنا۔ باندھو باندھنا۔ بُہتان لینا۔ بدنام کرنا۔ تہمت لگانا۔ عیب دھرنا۔ الزام لگانا۔ داغ لگانا +

طُوفان جوڑنا۔ جھُوٹا الزام لگانا۔ تہمت دھرنا۔ بہتان لینا +

ظ

ظالِم۔ اندھیر کرنے والا۔ انیّائی۔ ستمگار۔ مردم آزار۔ جابر + بے رحم۔ بے درد۔ سنگ دل + شریر۔ بدذات + بے باک + سخت گیر +

ظُلم۔ اندھیر۔ جور و ستم۔ بے انصافی + جبر و تعدی + زبردستی + زور آوری + حق تلفی۔ بے رحمی۔ بے دردی + آفت مُصیبت +

ظُلم ٹوٹنا۔ آفت آنا۔ مصیبت پڑنا۔ غضب ہونا۔ قیامت برپا ہونا +

عین

ظُلم ڈھانا یا ظُلم توڑنا۔ (۱) غضب ڈھانا۔ آفت توڑنا۔ ستم کرنا۔ نہایت جفا کرنا۔ غضب ہونا۔ جفا ہونا (۲) کوئی عجیب کام کرنا۔ انوکھا کام کرنا۔ بساط سے بڑھ کر کام کرنا +

ظُلمی۔ ظالم۔ ستمگار۔ حق ناشناس + غضبی + بدمزاج غضب ناک +

ع

عرفہ۔ (۱) ماہِ ذی الحجہ کی نویں تاریخ (۲) تہوار سے ایک روز پیشتر کا دن (۳) شب برات سے ایک روز پیشتر کا دن۔ جس میں مُردے کا فاتحہ دلوا کر اُسے آیندہ سال کیواسطے مُردوں کی فاتحہ میں شریک کرتے ہیں +

عَقل پر پتّھر پڑنا۔ عقل پر آفت آنا۔ عقل ماری جانا +

عَقل چرخ ہونا۔ عقل چکّر میں آنا۔ عقل نہ رہنا۔ سمجھ میں نہ آنا۔ سٹ پٹانا +

عقیقہ۔ (۱) پیٹ کے بال (۲) مُونڈن۔ سر مُونڈنے اور نام رکھنے کی تقریب[۱] +

عُمر دراز۔ عمر بڑی ہو۔ جیتے رہو۔ مدّت تک جینا نصیب ہو۔ یہ دُعا سلام کے جواب میں چھوٹوں کو دی جاتی ہے +

عید کا چاند ہو گئے ہیں۔ (کہاوت) یعنی بڑی آرزو سے ملاقات کا موقع ملتا ہے۔ بہت کم آتے ہو +

عَین بَین۔ ہُو بہو۔ بعینہٖ۔ من و عن۔ وہی۔ ویسا ہی۔ ٹھیک ٹھیک۔ اِسے چھپاؤ اُسے نکالو +

غ

[۱] اس تقریب میں لڑکے کیواسطے دو بکرے اور لڑکی کیواسطے ایک بکرا حسب شرع ذبح کر کے کھانا پکایا جاتا اور پیدا ہونے کے جسم اقدس کے بالوں کا صدقہ تسلیم کیا جاتا ہے۔ (مفصّل کیفیت دیکھو رسومِ دہلی اور فرہنگ آصفیہ)

ضِدّن - ہٹیلی - اَڑیل - اِصرار کرنے والی - اَگّن +

ضَرُورت - حاجت - احتیاج - خواہش +

ضَرُورت پڑنا - حاجت پیش آنا - خواہش ہونا - درکار ہونا +

ضَرُورت کے وقت گدھے کو بھی باپ بناتے ہیں } (کہاوت) یعنی مجبوری کی حالت میں بیوقُوف کو بھی عقلمند کہنا پڑتا ہے +

ضَرُورت مَنْد - خواہشمند - حاجت مند - محتاج +

ط

طاق بھرنا - مسجد - یا کسی پیر و سیّد کے مزار کے طاق میں چراغ جلا کر پھُول بتاشے وغیرہ چڑھانا - خواہ مراد پُوری ہونے سے پہلے خواہ بعد +

طَبَاق سا مُنہ - چوڑا چکلا مُنّہ - پھیلا ہُوا مُنّہ - پھدّا مُنّہ - چَپٹا چہرہ +

طَبَق چھوڑنا - (لکھنؤ) نیاز دِلوانا - پریوں کی نیاز کرنا - کُونڈا کرنا +

طَرّارہ فَرّار - (۱) نہایت شوخ - بے باک اور چالاک - تُرتُریا - تیز زبان - وہ شخص جس کی قینچی سی زبان چلے - فرفر زبان چلانے والی - (۲) چُلبُلی - اچپل چپچل - (۳) عیّارہ +

طَعَن تَرُوز - صحیح (طعن تعرّض) طعنہ مہنہ طعن تشنیع لعنت ملامت (طنز) بعض لوگ تروز طنز کا بگڑا ہوا لفظ خیال کرتے ہیں - مگر یہ صُورت صاف نہیں ہے - اور تعرّض صاف ہے - کیونکہ اس کے معنی رُوگردانی مزاحمت اور نفرت وغیرہ کے سب یہاں صادق آتے ہیں +

طَعْنہ - عیب گیری - تشنیع - ملامت - تعریض - بولی ٹھولی - طنز - سرزنش +

طَعْنہ تَشْنہ - صحیح - (طعن تشنیع) لعنت ملامت - بُرا بھلا طعن تعرّض +

طَعْنہ مارنا - طعنہ زنی کرنا - بولی ٹھولی مارنا - عیب گیری کرنا - آوازہ کسنا +

طَعْنہ مِہنہ - طعن تشنیع - لعنت ملامت - بُرا بھلا - آوازہ توازہ - چھیڑ چھاڑ - (مہنا اگر ہندی قرار دیا جائے - تو اِس کا کچھ پتا آگے نہیں چلتا - جس طرح اور لفظوں کا مادّہ سنسکرت - پراکرت یا پالی وغیرہ سے مل جاتا ہے - اِس کا مطلق نہیں ملتا - اِس کے علاوہ عربی الفاظ کے ساتھ اِس کا جوڑ بھی یہی دلالت کرتا ہے - کہ یہ بھی ہو نہ ہو عربی ہو - اور مُسلمان عورتوں میں اِس کا زیادہ بولا جانا بھی اِس پر دال ہے - چنانچہ عربی زبان سے اس کا پتہ لگا - مَہَن (م ہ - ن) اس کا مادہ ہے - ذلّت و خواری اِس کے معنی ہیں چنانچہ مُہن بمعنی خوار و ذلیل و حقیر و مُہان بمعنی اہانت کردہ شدہ و ذلیل و خوار اِسی سے ماخُوذ ہیں - پس مہنہ اصل میں مَہَنَۃً بہ تائے مصدری تھا - جس سے مِہنہ ہو گیا - واللہ اعلم بالصّواب) +

طَلَاقَن - مُطلّقہ - وہ عورت جس کو طلاق دی ہو یا جس نے طلاق لی ہو - ہندوستان میں یہ لفظ عورتیں بجائے دُشنام خیال کرتی اور طلاقن کا لفظ سُن کر نہایت چڑتی ہیں - گویا عیب میں داخل ہے +

طَنْطَنَہ دِکھانا - تحکّم جتانا - حکُومت دکھانا + ڈر یا ڈراوا دکھانا - مزاج دکھانا + اِترانا + رعب داب ظاہر کرنا +

صدق	ضدی

صدقہ سِلاّ اُتارنا۔ خیر خیرات کرنے کے واسطے نقدی یا کسی چیز کا سر پر سے وارنا۔ چوراہے میں رکھنے کے واسطے سری کلیجی وغیرہ کو سر کے گرد پھرانا +

صَدقے۔ (۱) صدقہ کی جمع ”جیسے بہتیرے صدقے اُتارے کچھ نہ ہوا“ (۲) واری۔ قربان۔ بلہاری۔ صدقے ہوں صدقے جاؤں +

صدقے جانا۔ تصدّق ہونا۔ قربان ہونا۔ نثار ہونا۔ واری جانا۔ بلاگرداں ہونا۔ بلہاری جانا +

صدقے کرنا۔ (۱) قربان کرنا۔ وارنا۔ نثار کرنا۔ کلمۂ تنفّر ”جیسے صدقے کی تھی وہ چیز جس کے سبب بچّوں کو مار پیٹے صدقے کروں کہاں وہ کہاں یہ +

صدقے کروں۔ قربان کروں۔ چُولھے میں ڈُوں۔ آگ لگاؤں۔ صدقے کروں اسے جو بُری نظر سے دیکھے +

صدقے کیا یا صدقے کیا تھا۔ بھینٹ چڑھانے یا قربانی کر دینے کے قابل +

صدقے کی گڑیا۔ (۱) وہ بنی سنوری گڑیا جو صدقہ اُتار کر چوراہے میں رکھی جائے (۲) ظرافتاً یا طنزاً۔ بدحیثیت لڑکی یا عورت جو اپنے جامہ زیب نہ ہونے کے باعث باوجود آرائش نازیب معلوم دے۔ وہ لڑکی یا عورت جو جامہ زیب نہ ہو +

صرفہ۔ (۱) افزونی۔ زیادتی + غلبہ۔ سبقت (۲) کفایت شعاری میں زیادتی۔ بخل۔ خرچ میں تنگی و احتیاط۔ کنجوسی خسّت۔ بخیلی۔ کمی + اُوَت۔ کفایت شعاری ” جیسے جھوٹ میں صرفہ کیا؟“ (۳) دریغ۔ افسوس۔ خیال۔ لحاظ۔ بچاؤ جیسے ”اُسے اپنی جان کا بھی صرفہ نہیں“ +

صَرفہ کرنا۔ کفایت شعاری کرنا۔ کنجوسی کرنا۔ جزرسی کرنا۔ کمی کرنا۔ بخل کرنا +

صُورت کو ترسنا۔ صورت دیکھنی نصیب نہ ہونا۔ ملاقات کا موقع نہ ملنا۔ دیدار کو ترسنا +

صُورت نہ شکل بھاڑ سے نکل } (کہاوت) نہایت بدصورت و قابل نفرت کی نسبت بولتے ہیں +

ض

ضِد۔ (۱) نقیض۔ برعکس۔ مخالف۔ خلاف جیسے ”نیکی کی ضد بدی“ (۲) کینہ۔ دُشمنی۔ بغض۔ عداوت۔ (۳) ہٹ۔ اصرار۔ اڑ۔ (۴) ہاہمی سینہ زوری۔ انانیت (۵) خشم۔ غصّہ +

ضِد آنا۔ ہٹ چڑھنا۔ اڑ ہونا +

ضِد پر آنا۔ اصرار پر آنا۔ ہٹ پر آنا۔ مخالفت پر کمر باندھنا +

ضِد پوری کرنا۔ اصرار کے موافق کرنا۔ کہا کرنا +

ضِد کرنا۔ اصرار کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اڑ کرنا +

ضِدّی۔ ہٹیلا۔ بہت اصرار کرنے والا + اصراری۔

صدق	صبر

ڈھیٹ ہونا وہ لڑکی نیر ابھی کیا صاف وبدہ ہے کے اور نگر جائے" +

صبر۔ (۱) کسی صدمہ یا حادثہ پر خاموشی اختیار کرنا (۲) علم۔ بُردباری۔ برداشت (۳) وہ مصیبت جو کسی کا دل دُکھانے کی پاداش میں خدا کیطرف سے پہنچے +

صبر پڑنا۔ آہ پڑنا غیب سے آفت آنا۔ ستانے کی مصیبت یا وبال میں گرفتار ہونا +

صَبْر سمیٹنا۔ تہمت لگانے کی بد دُعا لینا۔ کسی کی بدی کرکے گنہگار ہونا۔ عذاب سر لینا +

صبر کی داد خدا کے ہاتھ ہے۔ (کہاوت) یعنی صبر کرنے والوں کا خدا ہی انصاف کرتا ہے +

صحبت اچھی بیٹھئے کھایئے ناگرپان صحبت بُری بیٹھئے کٹایئے ناک اور کان۔ (کہاوت) یعنی نیک صحبت سے نیک نتیجہ نکلتا ہے اور بُری صحبت سے بُرا اثرہ +

صَحْنَک۔ (صحن کا مصغّر) (۱) چھوٹا طباق۔ طباقچہ۔ رکابی۔ طبقِ طعام۔ گنوار اکثر مٹّی کی رکابی کو کہتے ہیں (۲) کُونڈا۔ حضرت فاطمہ صلوٰۃ اللہ علیہا کی نیاز کا کھانا۔ یا فاتحہ +

صحنک سے اُٹھ جانا۔ حضرت فاطمہ علیہا السلام کی مجلسِ نیاز۔ یا طعامِ فاتحہ میں بے عصمتی کے باعث شریک ہونے کے قابل نہ رہنا +

صحیح[1] گئے سلامت آئے۔ (کہاوت) یعنی جیسے تھے

ویسے ہی رہے +

صَدَقَہ۔ (زبانِ زد بسکونِ دال) (۱) خیرات۔ وہ چیز جو خدا کے نام پر دیجائے۔ جیسے صدقہ دیا ردِّ بلا" + (۲) وہ کھانا وغیرہ جو کسی کے سر سے اُتار کر چوراہے میں رکھتے ہیں۔ اُتارا (۳۔ مجازاً) فدا۔ قربان۔ واری بلا گرداں۔ سر گرداں (ان معانی میں صدقے بولی جاتی بولا ہے) (۴) طفیل۔ بدولت۔ جیسے تمہارے نام کی پگڑی باندھی وہ بھی صدقہ جوڑ دوں گا" (اردو میں اِس لفظ کو بسکون ثانی بولتے ہیں۔ مگر یہ محض غلط ہے شعرا نے بھی اس کی پیروی نہیں کی) +

صدقہ اُتارنا۔ اُتارا اُتارنا۔ کسی چیز کو سر کے گرد پھرا کر للہ دینا۔ کسی چیز کو سر یا جسم سے چھوا کر چوراہے میں رکھنا +

صدقہ دینا۔ خیرات کرنا۔ کوئی چیز سر سے اُتارنا + قربان کرنا۔ نثار کرنا +

صدقہ سِلّا۔ صحیح (صدقہ صلا) خیر خیرات + وہ صدقہ جو سلامتی کے عوض میں دیا جائے + (ہماری رائے میں یہ لفظ صدقہ وصلا ہے۔ کیونکہ صلا عربی میں فُقرا کو کھانے کے واسطے بلانے کے ہیں اور صدقہ بمعنی خیرات یا وہ کھانا جو راہِ خدا میں دیا جائے۔ پس اِس صورت میں یہ لفظ مرادف صدقہ ہے۔ جن لوگوں نے اسکو صدقہ وصلا قرار دیا ہے انہوں نے شاید صدقہ سلامتی وخیریت قرار دیا ہے۔ لیکن یہ تکلف سے خالی نہیں۔ آگے اپنی اپنی رائے) +

[1] اس جگہ بول چال کے موافق سین مہملہ چاہیے +

معتقد علیہ فرضی خدا رسیدہ اولیاء اللہ مان رکھے ہیں۔ اسی طرح پران کو بھی اسمیں شامل کر دیا ہی۔ چنانچہ ان کے حسب ذیل نام ہیں شیخ سدو + زین خاں۔ صدر جہاں۔ ننھے میاں۔ چہل تن شاہ دریا۔ شاہ سکندر۔ ہفت پری۔ یعنی لال[۱] پری۔ زرد[۲] پری۔ سبز[۳] پری۔ سیاہ[۴] پری۔ آسمان[۵] پری۔ دریا[۶] پری۔ نور[۷] پری۔ اگرچہ یہ سب انکے ماننے ہوئے صاحب اثر ہیں مگر شاہ دریا سکندر اور ساتوں پریوں کی نسبت اعتقاد ہی کہ سب آپسمیں بہن بھائی ہیں۔ خدا تعالیٰ نے انھیں جنت سے حضرت زہرہ فاطمہ علیہا السلام کی خدمت اور اُن کے ساتھ کھیلنے کے واسطے دُنیا میں بھیجا تھا یہ سب اُن کے غلام اور لونڈیاں ہیں اسوجہ سے ان کو اوروں پر ترجیح دیتی ہیں۔ اور شاہ سکندر اور شاہ دریا کو نوری شہزادہ بھی کہتی ہیں) +

شیر - (۱) بن کا راجہ جنگل کا بادشاہ - سنگھ - باگھ مرگ راج - ناہر (۲) دلیر - جری - بیخوف - زور آزما (۳) بہادر - سورما جیسے غریب پر سب شیر ہوتے ہیں - زیروں سے شیر ہوتے آئے ہیں +

شیشے میں اُتارنا - (۱) اس طرح قابو میں لانا جس طرح سیانے بلانے جن کو شیشہ میں بند کر کے قابو میں لے آتے ہیں (۲) ہم خیال بنانا - راضی کرنا - اپنے موافق کرنا (۳) دھیا کرنا - نرم کرنا - ملایم کرنا +

شیطان کے کان بہرے - جسوقت کسی کی غیبت کرتے یا خبر بد یعنی خبر مرگ سُنتے ہیں تو اس نیّت سے یہ فقرہ کہتے ہیں کہ شیطان - باعث فتنہ ہے وُہ

نہ سُنے اور نہ اُسکے کان تک یہ خبر پہنچکر موجب تشہیر ہو۔ خبر مرگ کے موقع پر کہنے سے یہ غرض ہوتی ہے کہ خدا کرے یہ خبر جھوٹ ہو مگر اصل مُدعا یہ ہے کہ خدا غماز کے کان تک یہ بات نہ پہنچائے۔ جیسے ہے ہے شیطان کے کان بہرے۔ گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے لیکن اُسنے سُنا تو نہیں" خرد افروز نے کہا منگنی کا پیغام ڈالنے سے کہیں مٹھاس میں کھٹاس نہ ہو جائے" دوا نے کہا اری دوہ پار شیطان کے کان بہرے خدا کرے کہیں آپس میں ایسا ہو سکتا ہی +

ص

صاحب نصیب - (۱) خوش نصیب - خوش قسمت - صاحب اقبال - طالع ور - (۲) بد نصیب - شوم طالع - کمبخت - بد بخت - (۲) جیسے کیسی صاحب نصیب بچّی ہے خط پڑھنے پر دیدہ نہیں ٹکاتی - (چونکہ عورتیں بُرے کلمہ کا زبان پر لانا بھی بُرا سمجھتی ہیں۔ اسوجہ سے اکثر موقعوں پر ایسے لفظ جن کے معنی نیک ہوں زبان پر لاتی ہیں - جیسے برکت ہے یعنی نہیں ہے" بہت ہی بہت ہی" علی ہذا) +

صاف دیدہ - دھویا دیدہ - بے حیا - بے شرم - بے غیرت - ڈھیٹ +

صاف دیدہ ہونا - بے غیرت ہونا - بے شرم ہونا - بیحیا ہونا +

شفق کا ٹکڑا - گورا بھبوکا - نہایت حسین +

شفوقہ - غلطُ العوام (صحیح شگوفہ) +

شکل چڑیلوں کی مزاج پریوں کا (کہاوت) یعنے اس بدصورتی پر اتنا غرور +

شگن - (۱) فالِ نیک - شگون - سگون (۲) نیگ - نذرانہ - نقد + (یہ لفظ فارسی اور سنسکرت دونوں میں ایک ہی طرح پر آیا ہی یعنی کاف تازی دونوں جگہ موجود ہے مگر اب اب کرکے کاف فارسی سے زیادہ مستعمل ہوگیا ہے اصل میں سنسکرت ہی سے یہ لفظ لیا گیا ہے کیونکہ سنسکرت میں शकुन شکن بمعنی فال اور اچھی خبر دینے والا آیا ہے وہاں شینِ معجمہ ساکن ہے فارسی میں مضموم - فارسی والے اسکو شگون کا مخفف کہتے ہیں - یہ اصل میں شک بمعنی لائق ہونا اور اُن उन کلمہ زائد سے جو تحسین کلام کے واسطے آتا ہی مرکب ہی مگر ہمارا قیاس یہ کہتا ہی کہ اگر اس کو شُو शु بمعنی اچھا اور گُن गुण بمعنی نتیجہ سے مرکب خیال کریں تو کیا قباحت ہے کیونکہ شگون عمدہ نتیجہ رکھنے ہی سے عبارت ہے اور سنسکرت دونوں صورتوں میں رہتا ہے فرہنگ نزکی میں اسکو ترکی بھی قرار دیا ہے +

شگوفہ - (۱) غنچہ - کلی - بغیر کھلا ہوا پھول - زہرہ (۲) گُل - پھول پُشپ (۳) کسی عجیب یا انوکھی بات کا ظہور اُشغلہ - چٹکلہ + (مشہور بفتح شینِ معجمہ)

شگوفہ پھولنا - کسی عجیب وغریب بات کا ظاہر ہونا انوکھی بات نکلنا + ناگہانی امر پیش آنا + فتنہ کھڑا ہونا +

شگوفہ چھوڑنا - اُشغلہ چھوڑنا - کوئی نئی بات یا عجیب بات گھڑنا + کسی فتنہ انگیز اور وحشت خیز بات کا بیان کرنا + چھچھوندر چھوڑنا +

شہانی چوڑیاں - دلہن کی چوڑیاں عمدہ چوڑیاں قیمتی چوڑیاں - بھاری چوڑیاں +

شہانی مہندی - دُلہن کی سی مہندی - شوخ رنگ مہندی - رچتی مہندی - گہری مہندی چھپاتی +

شہ بالا - وُہ قریب کا رشتہ دار لڑکا یا دولہا کا بھائی جسے برات کے وقت مثل نوشہ کے آراستہ کرکے دُولھا کے پیچھے بٹھا دیتے ہیں - ترکی میں ساق دوش فارس میں ہمدوش بھی کہتے ہیں +

شہد کی چھری - میٹھی چھری - دشمنِ دوست نما - وُہ شخص جو دوستی کے پردے میں دشمنی کرے یا ظاہر کا نہایت میٹھا از حد خلیق مگر باطن کا حد سے زیادہ کھوٹا اور ایذا رساں ہو +

شہر شملہ - شہرِ ناپرساں - اندھیر نگری - وہ جگہ جہاں انصاف مروت اور محنت بالائے طاق ہو +

شیخ سدو - عورتوں کے ایک معتقد علیہ عامل کا نام جسے میراں بھی کہتے ہیں اس کا مزار امروہے میں زیارتگاہ جیسا بنا ہوا ہی جس طرح ضعیف الاعتقاد دعورتیں بہت سے

شبز

ملائکہ بحکم الٰہی رزق کی تقسیم اور عمر کا حساب لگاتے ہیں۔ اس تاریخ میں مسلمان لوگ اپنے اپنے مُردوں کی فاتحہ دلاتے روشنی کرتے آتشبازی چھوڑتے اور حلوا پوری پکاکر باہم بانٹتے ہیں۔ لیکن سب سے پہلے حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہُ کی نیاز دلوائی جاتی ہے۔ جسکی وجہ یہی کہ جب رسُولِ مقبُول علیہ السّلام نے جنگِ اُحد فتح کرکے اپنے یاروں کے ساتھ مدینہ منوّرہ کی طرف مُراجعت فرمائی تو دیکھا کہ ہر ایک اپنے اپنے مُردوں کی تعزیت کرتا روتا اور فاتحہ دِلواتا ہے حضرت نے یہ حال دیکھکر فرمایا۔ افسوس امیر حمزہ کا کوئی رونے والا نہیں۔ انصار نے یہ سُنکر اپنی عورتوں کو امیر حمزہ کے گھر بھیجا۔ تاکہ ماتم داری کریں شام سے آدھی رات تک اُنھوں نے اُن کا ماتم کیا اور مرثیہ پڑھتی رہیں۔ چنانچہ ابتک اہلِ عرب میں یہی دستُور رہی کہ کوئی کسی مُردے کی تعزیت کو کیوں نہ آئے مگر اوّل حضرت امیر حمزہ کی تعزیت کریگا۔ شب برات کی فاتحہ کا دستُور بھی انہیں سے منسُوب کرتے ہیں۔ چُونکہ یہ ایک خوشی کا تیوہار خیال ہونے لگا ہے۔ اس وجہ سے رات کی خوشی کو شب برات اور دِن کی خوشی کو عید سے تعبیر کرتے ہیں۔ اور آتشبازی چھوڑتے ہیں۔ جیسے اُن کے ہاں دِن عید اور رات شب برات ہے۔ یعنی رات دن خوشی حاصل ہی +

شبِ زُفاف۔ سہاگ رات۔ تخت کی رات۔ دُولہا دُلہن کی اوّل رات۔ شبِ عرُوس۔ شبِ خلوت +

شفت

شرابُور۔ سرتاپا آلُودہ۔ شوربور۔ تربتر +

شراکت (صحیح شرکت) (۱) ساجھا۔ شاملات حصّہ داری۔ پتّی۔ حِصّہ +

شربت پلائی۔ وہ نقدی جو ساچق یا برات کے روز دُولہا اور دُولہا کے رشتہ دار۔ شربت پینے پر شربت کی تھالی میں ڈالتے ہیں +

شرطی۔ (۱) مشرُوط۔ شرط کی گئی۔ اقراری معہُود جیسے یہ سودا شرطی دیا ہے نا پسند ہو تو پھیر دینا (۲) ضرُور۔ بیشک۔ مقرّر۔ بلاشبہ ضد کے موقع پر عورتیں بولتی ہیں۔ جیسے مَیں شرطی لے کر رہُونگی +

شرع چُھورے والی۔ وہ عورت جو پابند شرع اور قواعدِ اسلام کی نہایت پابند ہو۔ (طنزاً بھی کہتے ہیں) +

شرع میں شرم کیا۔ (کہاوت) یعنی معاملہ میں کیسا لحاظ +

شرما شرمی کام ہُو گیا۔ (کہاوت) یعنی لحاظ و مروت میں نقصان اُٹھانا پڑا اور کام تمام ہو گیا +

شش عید کے رُوزے۔ وہ چھ روزے جو سُنّت ہیں۔ اور عیدِ رمضان کے دُوسرے روز سے متواتر چھ یوم تک رکھےّ جاتے ہیں۔ جن کی نسبت یہ مشہُور ہی کہ ان چھ روزوں کا ثواب ایکسال کے روزوں کے برابر ہوتا ہے +

شطّاح۔ نہایت شوخ۔ نہایت بیحیا۔ حرّافہ۔ شوخ دیدہ۔ قحبہ +

شفتل۔ بیہُودہ۔ نالائق۔ نابکار۔ پلید۔ بھٹل۔ بدکار۔ قحبہ۔ ٹرخل۔ قُطّامہ +

سینہ بند۔ (۱) انگیا۔ (۲) ایک سرمائی پوشش کا نام جس سے چھاتی گرم رہتی ہی (۳) وہ کپڑا جو بچوں کی رال ٹپکنے کے سبب کپڑے بچانے کے لئے سینے تک باندھ دیتے ہیں (۴) کفنی کے نیچے کا وہ کپڑا جو زنانہ میت کے سینے پر باندھا جاتا ہے +

ش

شاخِ زعفران ۔ (۱) زعفران کی ٹہنی یعنی کمیاب و نامیسّر چیز (۲) انوکھی ۔ عجیب و غریب نایاب ۔ (۳ طنزاً) کبر و نخوت ۔ (۴) مغرور ۔ خود بیں ۔ خود نما ۔ اپنے تئیں دُور کھینچنے والا ۔ جیسے "ماں ایلی باپ تیلی بیٹا شاخِ زعفران" +

شاخسانہ یا شاخشانہ[1] (مرکّب از شاخ + شانہ) (۱) حجّت تکرار ۔ (۲) رخنہ ۔ عیب ۔ خلل نقص ۔ نِندا ۔ کلنک + الزام ۔ بہتان ۔ تہمت ۔ عیب گیری ۔ عیب جوئی ۔ (۳) فتنہ فساد ۔ جھگڑا ٹنٹا (۴) بحث ۔ دلیل (۵) شک شبہ ۔ بدگمانی ۔ گمانِ بد + (۶) ڈھکوسلا + دم فریب ۔ دھوکا ۔ گھڑت +

شاخسانہ پیدا ہو جانا ۔ جھگڑا کھڑا ہو جانا ۔ فتنہ برپا ہو جانا ۔ رخنہ نکل آنا +

شامت ۔ بدقسمتی ۔ بدنصیبی ۔ بدبختی + نحوست + اِدبار ۔ آفت ۔ مصیبت ۔ بپتا +

شامت زدہ ۔ شامت کا مارا ۔ مصیبت زدہ ۔ بدنصیب بدبخت ۔ کمبخت ۔ ناشاد و نامراد ۔ کمبختی کا مارا +

شامت کا سر پر کھیلنا یا سوار ہونا ۔ اِدبار یا بداقبالی و مصیبت کا سر پر آنا ۔ بُرے دن آنا +

شامت کا مارا ۔ دیکھو (شامت زدہ) +

شامت کی ماری ۔ دیکھو (شامت زدہ) + مصیبت زدہ

شامت گھیرا ۔ دیکھو (شامت زدہ) +

شاہانہ جوڑہ ۔ دُولہا کا سُرخ جوڑا + سُرخ پوشاک بادشاہی پوشاک +

شاہانہ وقت ۔ شام کا وقت ۔ وقتِ مغرب "جیسے ساچق کا نشان شاہانہ وقت پر چڑھتا ہے اور برات کا صبح کو" +

شاہ بالا ۔ اِس کے لغوی معنی ہمدوش ۔ اصطلاحی وہ شخص جو قد و بالا اور سِن و سال میں دُولہا کے ہمسر و قریبی رشتہ دار جیسے مثلِ نوشہ آراستہ کر کے دُولہا کے پیچھے بٹھاتے اور تا خانۂ عُروس لیجاتے ہیں ۔ ہندوستان میں ختنہ شدہ کو شاہ بالا نہیں بناتے ۔ تُرکی میں سیاقدوش کہتے ہیں +

شاہ خانم ۔ (طنزاً) بڑے گھر کی عورت مُتکبّر عورت جیسے "شاہ خانم کی آنکھیں دُکھتی ہیں شہر کے چراغ گُل کردو" + (یعنی ایسی نازک مزاج و متکبّر ہیں کہ اپنی تکلیف کے ساتھ اوروں کو بھی تکلیف دینے سے پرہیز نہیں کرتیں) +

شاہ دریا ۔ عورتوں کے اعتقاد کے موافق ایک فرضی جن کا نام ۔ جو ساتوں پریوں کا لاڈلا بھائی اور سکندر شاہ سے چھوٹا مانا گیا ہے +

شاہ عبّاس کا عَلَم ٹوٹے ۔ یعنی حضرتِ عبّاسؑ کے عَلَم کی مار پڑے[1] اہلِ تشیعہ میں یہ قسم بہت کھائی جاتی ہے +

شب برات ۔ مرکب از (شب برات) ماہِ شعبان کی چودھویں اور بعض کے نزدیک پندرہویں رات جس میں

[1] مفصل کیفیت فرہنگِ آصفیہ میں دیکھو۔

سہر

سہرے جلوے کی - بیاہتا بیوی - وہ بیوی جسے باقاعدہ پنچوں کے ساتھ بیاہ کر لائے ہوں +

سَیّاں - (گیتوں میں) سائیں کی تصغیر بالمحبت - کنتھ پیا - بالم - سوامی + خاوند جیسے ماری کوٹی کوسے لاگی میں کیا سیّاں رُوٹھی تھی ؟

سَیّاں بھئے کوتوال اب ڈر کا ہے کا - (کہاوت) یعنی حاکم سے دوستی ہو جانے پر کسی کا ڈر نہیں رہتا +

سیتا چھتی یا چھتی چھیتا - (مسلمان عو) صحیح سیتا ستی - سیتا جی کی سی ست والی - باعصمت - عفیفہ - پاکدامن +

سیتا ستی - سیتا کی سی ست والی - باعصمت - عفیفہ - پارسا باعفت پتی برتا - بیوی زن - نیک بیوی - ایسی نیک بخت جسکے دامن پر نماز جائز ہو +

سیتلا - چیچک - ماتا - پھپولے والی +

سیتلا کا پچاپا - (۱) جو کھانے کی مختلف چیزیں چھوٹی چھوٹی سکوریوں میں رکھکر سیتلا کے مٹھ پر چڑھائی جاتی ہیں وہ سیتلا کا پچاپا کہلاتی ہیں - اِسی رعایت سے تشبیہاً اُن غیر مرتب اور بے ترتیب پھیلا کر رکھی ہوئی چیزوں کو کہنے لگے جو ناموزوں ہوں - (۲) بدہیئت - بدصورت - بد نما +

سیتلا کا کھاجا - چیچک کی خوراک - بچّے (کیونکہ بچّے اکثر سیتلا سے فوت ہو جاتے ہیں) +

سیتلا کا مَنڈھ یا مٹھ - وہ چھوٹا سا گھروندا جسپر سیتلا کا پچاپا چڑھایا جاتا ہے - سیتلا کا فرضی گھر +

سیتلا مُنہ داغ - چیچک رو - وہ شخص جسکے چہرہ پر چیچک کے آبلوں کے نشان ہوں کو چاکریلا +

سین

سیدھا ہو لینا - چلا جانا - اپنا راستہ لینا +

سیدھی آنکھ - (۱) داہنی آنکھ - (۲) نظرِ لطف و عنایت + جیسے "جب سیدھی آنکھوں کام نکلے تو کیوں نظر ٹیڑھی کریں"

سیدھی اُنگلیوں گھی نہیں نکلتا - (کہاوت) یعنی نرمی اور سیدھے پن سے کام نہیں نکلتا +

سیدھے سُبھاؤ - بغیر ہچر مچر بے سوچے - سادگی سے سیدھے پن سے +

سیدھے مُنہ بات نہ کرنا - بے رُخ ہونا - اچھی طرح بات چیت نہ کرنا +

سیر کی ہانڈی میں جہاں سوا سیر پڑا اور اُبلی - (کہاوت) کمظرف کو جہاں ذرا سی بھی آمدنی ہوئی اور وہ آپے سے باہر ہوا +

سیس پھول - (۱) سر کے ایک زیور کا نام (۲) خاوند پتی سرتاج - برتا - سوامی +

سیلانی چیوڑا - موجی - لہری - من موجی وہ شخص جو ایک جگہ نہ ٹکے اور سیر و تماشہ میں مصروف رہے - آزاد طبع +

سیل کا کونڈا - مُوچھوں کا کونڈا - (ہندوستان کی عورتوں کا دستور[1] ہے کہ جب لڑکا سنِ بلوغ کو پہنچتا ہے اور اُسکی مسیں بھیگنے لگتی ہیں تو وہ اِس خوشی میں سوّیاں پکا کر اُنہیں کونڈوں میں بھر کر اللہ میاں کی نیاز دلواتی اور سب کو کھلاتی ہیں +

سینگی والی - (۱) وہ کنجری جو سینگیاں لگائے (۲) بدصورت اور بدہیئت عورت +

سینگ کٹا کے بچھڑوں میں ملے - (کہاوت) پیرانہ سال ہو کر خوردوں کی سی باتیں کرنے لگے +

سینہ - چھاتی - صدر - کوڑی سے لیکر گردن تک کا حصّہ +

[1] مفصل کیفیت ہماری فرہنگ آصفیہ ور رسوم دہلی میں دیکھو -

گھر میں بیاہ کرائے۔ کہ پھولوں کی بجائے سونے کا سہرہ باندھنے کو آئے + خدا دولتمندی اور خوش اقبالی کے ساتھ بیاہ نصیب کرے +

سُونے میں پیلی، مُوتیوں میں سفید ہو (دُعا)۔ یعنی کثرت سے زر و جواہر پہنا نصیب ہو۔ سونیکے زیور کی کثرت سے سنہری اور موتیوں کی کثرت سے سفید بنی رہے +

سُہاگ۔ (۱) خوش نصیبی۔ خوش طالعی۔ خوشحالی (۲) خاوند کی حیات کا زمانہ۔ وہ زمانہ جو خاوند کی زندگی میں بسر ہو جیسے تیرا سُہاگ بنا رہے +

سُہاگ اُتارنا۔ جب عورت رانڈ ہو جائے تو اُس کی نتھ اُتار کر چُوڑیاں توڑنا۔ بیوہ بنانا۔ بیوہ پن ظاہر کرنا۔ رنڈ سالہ پہنانا +

سُہاگ اُترنا۔ نتھ اُترنا۔ چوڑیاں ٹوٹنا۔ رنڈ سالہ پہنا + بیوہ ہونا۔ رانڈ ہونا +

سُہاگ بھاگ۔ پیار اخلاص۔ خاطر و مدارات جیسے "سہاگ بھاگ ارزانی چولہے آگ نہ گھڑے پانی یعنی لینا دینا خیر سلّا خاطر داری بہت +

سُہاگ بھری۔ خوش و خُرّم۔ خاوند کے سُکھ اور گھر کے عیش میں مسرُور +

سُہاگ پُڑا۔ کاغذ کی وہ خوشنما مزیّن تھیلی جس میں تیرہ خوشبُو کی چیزیں جیسے چھیل چھبیلا۔ ناگر موتھا۔ صندل کپُور کچری وغیرہ رکھ کر ساچق کے روز دُلہن کے ہاں لیجاتے ہیں اور وداع کے روز دُولہا سے پسوا کر دُلہن کی مانگ بھرواتے ہیں۔ ساچق کے سامان میں

سے ایک سامان کا نام +

سُہاگ سیج۔ جہیز کا پلنگ جس پر دُولہا دُلہن سوتے ہیں +

سُہاگ گھوڑی۔ وہ شادی کے گیت جو دُولہا کے گھر میں دُلہن کی تعریف میں دولہا کی طرف توجہ اور شوق بڑھانے کیواسطے گائے جاتے ہیں۔ جیسے

آج رین سُہاگ کی بنری کو بنایا،
گاؤ خُوب رنگ آج بدھاوا میری ربنے یہ دن دکھایا۔
بنرا بنری تخت پر بیٹھے۔ آرسی مُصحف دِکھایا +

سُہاگن۔ مرکب از (سو خوش + بھاگ نصیب) وُہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو۔ شوہر والی، خاوند والی۔ وہ عورت جس کا سہاگ قائم و برقرار ہو +

سُہاگن کا بچہ پچھواڑے کھیلتا ہے۔ (کہاوت) یعنی سہاگن کا بچہ مرجائے تو اُسے مرنا نہیں سمجھنا چاہئے بلکہ یہ خیال کرنا چاہئے کہ آنکھوں سے اوجھل ہو گیا ہے کیونکہ میاں بیوی زندہ ہیں تو بہتیرے بچّے ہی بچّے ہو جائینگے یہ مرنا بمنزلہ غائب ہونے کے ہے نہ مرنے کے +

سِہرا۔ (۱) وہ پھُولوں کی لڑیوں یا موتیوں یا مقیش کا بنا ہوا نقاب جو دُولہا دُلہن کے سر سے برات کے روز باندھکر چہرہ پر لٹکایا جاتا ہے (۲) وہ نظم یا گیت جو دُولہا اور اُس کے سہرے کی تعریف میں ہو +

سِہرا بندھائی۔ دُولہا کے سر سے سہرا باندھنے کا نیگ جو بہنوئی کو ملتا ہے +

سِہرا دِکھانا۔ دولہا بنا ہوا دکھانا۔ شادی دکھانا۔ جیسے۔ خدا تمہیں اپنے بیٹے کا سہرا دکھائے +

سہری جلوی

سول

کے بعد چالیس روز تک غم میں رہنا +

سوگ کرنا یا منانا۔ ماتم کرنا۔ غم کرنا۔ سیاپا کرنا۔ رنج میں رہنا +

سوگ لیکر بیٹھنا۔ ماتم اختیار کرنا۔ رسومِ ماتم کا پابند ہونا۔ غم کرنا +

سولی۔ (از سول بمعنی کانٹا) (۱) دار وہ سیدھا اور گاؤدم میخ نما شہتیر جسے زمین میں گاڑتے اور مجرموں کے گلے میں پھندا ڈال کر کھینچ دیتے ہیں + گل پھانسی (۲۔ مجازاً) مصیبت ہلاکت جیسے مجھے تو اِس گھر میں ہر وقت سولی ہے +

سولی پر کٹنا۔ نہایت مصیبت میں گزرنا۔ مشکل بسر ہونا جیسے "مجھے وہ دن سولی پر کٹا" +

سولی پر کی روٹی کھانا۔ جان جوکھوں یا مصیبت کی روٹی کھانا۔ جان بیچ کی روٹی کھانا + سپہگری کی روٹی کھانا

سونا پہن ڈھانک چل۔ یعنے زیور بھی پہنو تو اسے چھپاؤ تاکہ کوئی مغرور نہ سمجھے +

سونا جھونا۔ ایک دوسرے کا مترادف یا دوسرا لفظ تابعِ مہمل ہے۔ کیونکہ ہمیشہ سونے کے ساتھ آتا ہے۔ جیسے "لونڈیاں باندیاں تک سونے جھونے میں لدی پھندی اِتراتی پھرتی ہیں" +

سونٹنا۔ قمچی سے مارنا۔ کوڑے مارنا۔ بید سے مارنا۔ جیسے امّاں جان نے حمیدہ کو پڑھنے نہ جانے پر ایسا سونتا۔ کہ سارے بدن پر بدّھیاں پڑگئیں (۲) تلوار برہنہ کرنا۔ تلوار نکالکر وار کرنے پر آمادہ ہونا + (۳) موری یا انتڑی وغیرہ صاف کرنا۔ (۴) نچوڑنا

سون

عرق یا رس نکالنا + کھسوٹنا جیسے شاخ کے پتّے سونتنا (۵) مانجھا چڑھانا جیسے ڈور سونتنا +

سونٹا سے ہاتھ۔ خالی ہاتھ۔ ننگے ہاتھ۔ جب ہاتھوں میں چوڑیاں نہیں رہتیں یا کسی زیور سے ہاتھ بھرے ہوئے نہیں ہوتے تو عورتیں تشبیہاً سونٹا سے ہاتھ کرتی ہیں اِس محاورے میں ہندو عورتوں پر خصوصیت نہیں مسلمان عورتیں بھی برابر بولتی ہیں کہ میرے سونٹا سے ہاتھ ہوگئے ساری چوڑیاں ٹھنڈی ہوگئیں چوڑی والی آئے تو اور چوڑیاں پہنوں +

سونٹھ پنجیری۔ زچہ خانہ کی عمدہ خوراک جو میدہ۔ گھی سونٹھ وغیرہ پڑکر خشک بنائی جاتی اور نو ماسہ میں تقسیم ہوتی ہے +

سونڈ والا۔ ہاتھی۔ فیل۔ یہ جانور زیور عماری اور ہودے وغیرہ سے آراستہ ہوکر بادشاہوں کی سواری کے کام آتا ہے +

سوں سوں کرنا۔ جاڑے کے مارے سانس پھرنا جاڑے میں کپکپانا۔ وہ آواز جو از حد سردی کے باعث منہ سے نکلتی ہے +

سونے جھونے میں لدا پھندا رہنا۔ سونے کے زیور میں پیلا رہنا۔ زیور میں تلنا۔ بہت سا زیور سونے کا پہنے رہنا +

سونے سی گھڑاون مہنگی (کہاوت) یعنی اتنے کا مال نہیں جتنا اسکے اوپر خرچ ہوگیا +

سونے کی سہری بیاہ ہو۔ (دعا) یعنی خدا تعالیٰ ایسے دولتمند

سوب

سرسبز و شاداب رہنا۔ خاطر خواہ آرام پانا۔ جیسے "الٰہی بچّی تُو سُو بس بسے اپنی جوانی کا سُکھ دیکھے" +

سُوبھا ۔ (۱) زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ آراستگی۔ نمایش جیسے "چار برتنوں کا ہونا بھی گھر کی سوبھا ہے" (۲) سُندرتا۔ خُوبصُورتی۔ حُسن و جمال (۳) شان و شوکت ٹھاٹ باٹ۔ ٹیپ ٹاپ۔ (۴) رونق گہما گہم جیسے "ساری اسی کے دم کی سوبھا ہے" (۵) عزّت آبرو حُرمت +

سَوت یا سَوتَن ۔ دگیتوں یا کہاوتوں میں اکثر) سوکن سوتن ایک خاوند کی کئی بیویاں باہم سَوتن کہلاتی ہیں یعنی وہ بیوی جو پہلی بیوی پر لائی جائے وہ ایک دُوسری کی سوکن ہوتی ہے +

سَوت بھلی سَوتیلا بُرا ۔ یعنی سَوکن کی نسبت اُس کی اولاد زیادہ دشمن ہوتی ہے +

سَوت چُون کی بھی بُری ۔ (کہاوت) یعنی شریک بے شر بھی اچھا نہیں یعنی سوکن ادنیٰ بھی بُری +

سَوت کا لانا جیتے جی کا جلانا ۔ (کہاوت) یعنی دُوسری جورُو کا لانا پہلی جورُو کے حق میں زندہ درگور کرنا ہے +

سُوجھتا کرنا ۔ فکر کرنا۔ سوچنا۔ تدبیر کرنا + ٹھکانا کرنا + عاقبت اندیشی کرنا +

سُوجھتا ہونا ۔ فکر ہونا۔ تدبیر ہونا + بات قرار پانا۔ نِسبت ٹھہرنا +

سَودا سُلَف ۔ چیز بست۔ کھانے پینے کی چیز بازاری چیز جو خریدی جائے +

سُورج ڈُوبنا ۔ آفتاب کا غرُوب ہونا۔ سُورج کا چُھپنا +

سوگ

سُو سُو کرنا ۔ جاڑے کے مارے کانپنا "سُو سُو کرتی آئی کہ جاڑے مرتی ہُوں" +

سَوکن ۔ (دیکھو سوت) جیسے "سوکن مرگئی آنکھ چھوڑ گئی" یعنی ایک دُشمن ٹلا دُوسرا موجُود ہے +

سُوکھا سَہما ۔ دُبلا پتلا۔ لاغر و نحیف + چُپ چُپ + خوف زدہ +

سُوکھا لگنا ۔ دُبلا ہو جانا۔ لاغر و نحیف ہوتا جانا۔ غم یا بیماری کے باعث بدن کا سُوکھتا جانا + مرضِ دِق کا لاحق ہونا۔ دِق ہو جانا +

سُوکھ کر کانٹا ہو جانا ۔ بدن پر بوٹی نہ رہنا۔ نہایت دُبلا و لاغر ہو جانا۔ سُوکھ کر لقّات ہو جانا جیسے بیماری میں بدن سُوکھ کر کانٹا ہو گیا +

سُوکھے دھانوں پانی پڑا (کہاوت) یعنی عین ضرُورت پر کامیابی ہوئی۔ مرتا ہوا جی اُٹھا۔ مُرجھائے ہوئے میں جان پڑ گئی +

سُوکھی سَہمی (۱) دُبلی پتلی۔ لاغر و نحیف (۲) خوف زدہ خائفہ +

سُوکھے کا آزار ۔ مرضِ دِق۔ بڑی بیماری۔ بڑا آزار۔ سُوکھا +

سُوگ ۔ (۱) ماتم۔ مصیبت۔ غم و اندوہ (۲) ماتم مردہ۔ وہ غم جو مردے کے مرنے پر ہر قوم کے دستُور کے موافق کم سے کم تین دن۔ تیرہ دن یا چالیس دن تک کیا جاتا ہے +

سُوگ اُتارنا ۔ ماتم دُور کرنا سوگ اُٹھانا۔ سیاپے سے نکلنا +

سُوگ اُٹھانا ۔ (دیکھو سُوگ اُتارنا) +

سُوگ رکھنا ۔ میّت کا غم کرنا۔ ماتم کرنا۔ ماتم رکھنا۔ سیاپا رکھنا۔ غم رکھنا۔ ماتم داری کرنا۔ مُردے کے بعد چالیس روز تک کوئی خوشی کی بات نہ کرنا۔ مردے

سمد

سَمدھن ۔ دُولہا یا دُلہن کی ماں آپس میں ایک دُوسرے کی
سمدھن کہلاتی ہیں۔ اور نیز اسی طرح اور نسبتی رشتے کی
عورتیں۔ (یہ لفظ اصل میں سمبندھن سے بگڑا ہے) +
سَمدھی ۔ سمدھن کا خاوند۔ دُولہا یا دُولہن کا باپ خُسر سُسرا
دُولہا دولہن کا باپ باہم سمدھی کہلاتے ہیں۔ (اصل میں سمبندھی تھا) +
سَمدھیانا۔ دُولہا یا دلہن کا گھرانا۔ سمدھی کا گھر۔ بیٹے خواہ
بیٹی کی سسرال دُخسرانگی + جیسے دُعا دے سمدھیانے کو
نہیں پھرتی دو دو دانے کو +
سنّاٹا ۔(۱) وہ صدائے وحشت ناک جسکے سُنتے ہی انسان
خائف و ترساں ہو (۲) حیرت سکتہ کا عالم جیسے وہ بیٹے کا
مرنا سُنکر سناٹے میں رہ گئی (۳) سنسان۔ ہُو کا عالم جیسے
تمام شہر میں سناٹا چھا رہا ہے (۴) خوف۔ وحشت (۵) زن کی ہوا یا آنا
سناٹا آنا۔ دل کا سن سے ہو جانا۔ یک دھک سے ہو جانا۔
پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا۔ متحیّر ہو جانا۔ ڈر جانا۔ سہم جانا
غشی کا عالم طاری ہونا +
سَنڈ مُسنڈ۔ موٹا تازہ۔ بہت موٹا۔ چوپڑ دنا۔ جھنگرا ہٹا کٹا۔
زوردار۔ توانا +
سَنڈی ۔ مُسٹنڈی۔ موٹی تازی۔ فربہ اندام۔ ہٹی کٹی +
لحیم شحیم عورت +
سُنگو یا سُلگو۔ کن سُوئیاں لینے والی وہ عورت جو دیوار یا پردے
کے پیچھے بیٹھ کر خواہ کھڑی ہو کر اوروں کی باتیں سُنے

سوپ

آجکل دہلی میں سُلگا بھی کہتے ہیں +
سنگار یا سنگھار آراستگی۔ بناؤ۔ تزئین۔ کنگھی چوٹی۔
مانگ پٹی۔ آرائش۔ سجاوٹ۔ زیب و زینت۔ + لباس حلیہ زیور
سُنی اَن سُنی کرنا۔ سُنکر ٹال دینا +
سَو۔ (۱) عدد۔ پانچ بیسی۔ سینکڑا (۲) بمعنی ہر چند ہر صورت
جیسے سو چھپا دیں ہم دیکھ ہی لیں گے (۳) بمعنی کثرت
جیسے ایک دم سو جھگڑے +
سَو بات کی ایک بات۔ نہایت سنجیدہ و تجربہ کی بات
قولِ فیصل + الحاصل۔ القصہ۔ خلاصہ مطلب +
سَو دِن چور کی ۔ (کہاوت) یعنی چور کبھی پکڑا
ایک دن سادھ کی } بھی جاتا ہے +
سَو سُنار کی نہ ایک لُہار کی (کہاوت) یعنی کمزور کی
سو چوٹیں زبردست کی ایک چوٹ کے برابر بھی نہیں
ہوتی۔ زیردست کی کوشش زبردست کے آگے
محض بے فائدہ ہے +
سَو سَو نام دھرنا۔ نہایت عیب چینی کرنا۔ از حد عیب
نکالنا۔ کیڑے ڈالنا۔ نقص بیان کرنا +
سَواری اُتروالو۔ کہاروں کی آواز جس وقت سواری
لیکر مکان پر پہنچتے ہیں +
سُولس لہنا۔ اچھی طرح بسنا۔ خوشی و خرمی کے ساتھ آباد
رہنا۔ پھلنا پھولنا۔ خوش و خرم رہنا۔ چین چان کرنا +

سُگھڑ کی جھاڑو پھوہڑ کا لیپا۔ (کہاوت) سلیقہ مند کی صفائی اور بدسلیقہ کی لپائی چھپی نہیں رہتی یعنی سگھڑ کا سگھڑ پن اور پھوہڑ کا پھوہڑ پن ظاہر کردیتی ہی جیسے بہن۔ جھاڑو جھاڑو میں بھی فرق ہے۔ ایک جھاڑو تو ایسی ہوئی کہ جیسے بلی نے پنجے مار دئے۔ ایک ایسی ہوئی کہ گھر چندن سا کر دیا +

سُگھڑاپا۔ سگھڑپن۔ تمیزداری۔ ہنرمندی۔ خوش سلیقگی +

سُگھڑائی۔ سگھڑاپا۔ ہوشیاری۔ سلیقہ مندی۔ دانائی۔ ہنرمندی +

سَلامتی۔ (صحیح بفتح میم) (۱) امنیت۔ بے گزندی۔ حفاظت صیانت۔ بچاؤ۔ (۲) خیریت۔ عافیت۔ کُشل۔ بفضلِ الٰہی (۳) صحت۔ تندرستی۔ آرام (۴) زندگی۔ حیات جیسے "تمہاری سلامتی رہے"۔ (۵) موجودگی۔ ہوتے۔ جیسے "تمہاری سلامتی میں سب کچھ دیکھ لیا (۶) قیام برقراری +

سَلامتی پڑھنا۔ (۱) دوام و قیام کی دُعا دینا۔ ازل سے ابد تک ہونے کا اقرار کرنا جیسے اللہ میاں کی سلامتی پڑھ کر نیاز دیدو" +

سَلامتی سے۔ (۱) خُدا کے فضل سے خدا کی عنایت سے خیریت سے۔ بخیر۔ تندرستی سے + (عورتوں کا قاعدہ ہے کہ جب کسی امر کا ذکر کریں گی تو پہلے یہ لفظ شگونِ نیک خیال کرکے زبان پر لے آئینگی جسطرح اہلِ فارس بخیر کا لفظ ہر ایک بات کے ساتھ بولتے ہیں۔ جیسے سلامتی سے کہاں گئے تھے۔ سلامتی سی چار بجے نواب موجود ہیں")

سلامتی میں۔ حیات میں زندگی میں + خیریت میں + موجودگی میں۔ عہد میں۔ جیسے "تمہاری سلامتی میں یہ دن دیکھا" +

سلامی۔ (۱) نذرانہ پیشکش (۲) ڈھلوان۔ ڈھال + پھسلواں (۳) دولہا کے سلام کا نذرانہ (۴) مجرئی۔ سلام کرنے والا +

سَلامی ہونا۔ (۱) دُولہا کی سلام کرائی کی رسم ادا ہونا دُولہا کو سلام کے عوض نقدی کا دیا جانا۔ (۲) ڈھلوان ہونا +

سُلکّا۔ دیکھو۔ (سُنکّو) +

سُلکھیا۔ جلد جلد چلنے والی عورت۔ وہ عورت جو گھڑی اِدھر گھڑی اُدھر دکھائی دے۔ چالاک۔ تُرتُریا۔ پُھرتیلی وہ لڑکی جو سارے میں دوڑی دوڑی پھرے۔ جیسے "کیسی سُلکھیا سی پھر رہی ہے۔ یہ سُلکھیا روز اسی طرح چپکے سے نکل جاتی ہے"۔ اس کا مادہ سرکنے سے بھی خیال میں آتا ہے اور لکھنے بمعنی دیکھنے سے بھی +

سَلَگ۔ (۱) یکساں لگاتار۔ برابر۔ اس سرے سے اُس سرے تک جیسے "ایک سلگ دھجی اُتار دو"۔ (۲) پُورا۔ کامل۔ ثابت۔ سالم +

سلیمو۔ بندریا کا فرضی نام۔ بندریا۔ ظرافتاً بدسلیقہ پھوہڑ بلّی۔ کھلّو باؤلی عورت جیسے "سلیمو بن عید کیسے" +

سِمٹی۔ ایک قسم کا کپڑا جس کی بُناوٹ کھیس کی سی ہوتی ہے چونکہ یہ بُناوٹ سمٹی ہوئی معلوم ہوتی ہی اسوجہ سی یہ نام رکھا گیا +

سسر

یا جورو کی طرف کا کنبہ +

سُسرال کا کُتّا ۔ وہ داماد جو خسر کی روٹیوں پر
پڑا رہے۔ سُسرال میں رہنے والا داماد (جیسے ساس کے گھر جنوائی کُتّا +

سُسکارنا ۔ بچّے کو مُنہ کی آواز سے پیشاب کرانا ۔ بچّے کو
پیشاب کرانا +

سُقّن ۔ یا سَقّنی ۔ پنہاری ۔ پانی بھرنے والی + سقّے کی جورو +

سِکھانا پڑھانا ۔ (۱) لگانا بجھانا ۔ لگائی لُترائی ۔ ورغلانا ۔
بہکانا ۔ بدگمان کرنا ۔ (۲) تعلیم و تربیت کرنا +

سُکھ فرمانا ۔ یا کرنا ۔ استراحت فرمانا ۔ آرام فرمانا ۔ امیروں کا سونا +
(اصل میں شاہانِ تیموریہ یا اُس خاندان کے متوسّلوں کے
استراحت فرمانے کو کہتے ہیں) +

سُکھ نیند ۔ خوابِ نوشیں ۔ خوابِ شیریں ۔ خواب راحت
شکر خواب ۔ شاداب ۔ چین کی نیند ۔ جیسے "میں تو سو رہی
سُکھ نیند پیا کو کوئی لیگئی رے" (سہاگ پُور کا گیت) +

سَکھی ۔ (۱) لغوی معنی مددگار ۔ معاون ۔ سہیلی +
کیونکہ یہ لفظ ساکشی یا ساکھی سے بنا ہے ۔ سہیلی ساتھی
آلی ۔ ہمجولی ۔ وہ عورت یا لڑکی جو عمر ۔ دولت ۔ نسب
وغیرہ میں برابر ہو جیسے "سکھی آئے بدّر وا جھوم کے مجھے
رین اندھیری کاریاں" (گیت) (۲) زنانہ ۔ زنخہ ۔ ہیجڑا
نپنسک ۔ مُخنّثا ۔ وہ مرد جو حرکات و سکنات میں عورتوں
کی پیروی کرے (۳) کہہ مکری یا مکری ۔ ایک قسم کی

سگھ

پہیلیاں جنہیں ایک بات کہکر دُوسرے مصرعہ میں پلٹ
جاتے ہیں ۔ دوسخنہ ۔ دو معنی بات ۔ جو عورتوں کی زبان
سے کہی جاتی ہے ۔ اِس میں اوّل سارا بیان معشوق پر
موزوں ہوتا ہے مگر اخیر کو دُوسری بات نکلتی ہے جس سے
ثابت ہوتا ہے کہ معشوق کی بات کہکر مُکر گئی +
چنانچہ یہ اُس کی مثال ہے +
سَرب سَلَونا سب گُن نیکا + واہن سب جگ لاگے پھیکا
وا کے سر پر آوے کون + ای سکھی ساجن نا سکھی نُون +

سُگھڑ ۔ (لغوی معنی سُڈَول کیونکہ اصل میں یہ لفظ سُگھڑ
یعنی اچھا گھڑا ہوا تھا) (۱) خوش سلیقہ ۔ ذی شعور ۔
عالی طبع ۔ صاحب تمیز ۔ ہنرمند جیسے "سُگھڑ سُگھڑ
ہنس گئیں پھوڑوں کو آیا ہانسا" (۲) کاریگر ۔ دستکار +

سُگھڑ بھلائی (۱) دانشمندانہ خیر خواہی ۔ اگر طنزاً بمعنی
جھوٹی خیر خواہی (۲) مفت کی بھلائی (۳) خوشامد ۔ تملّق ۔ چاپلوسی ۔
تلّو تتّو (۴) خیر خواہی ۔ دلسوزی ۔ دردمندی ۔ جیسے
دمڑی میں لڑائی پیسے میں سُگھڑ بھلائی "سُگھڑ بھلائی سُسرالے
بیل مانگ بہو کو دے" +

سُگھڑ پن ۔ حُسنِ سلیقہ ۔ ہنرمندی ۔ دانائی +

سُگھڑ سُگھڑ ہنس گئیں
پھوہڑوں کو آیا ہانسا
(کہاوت) سلیقہ مند مسکرائیں اور پھوہڑوں نے قہقہہ لگایا
یعنی بیوقوفانہ حرکت ظاہر کی +

سر

سر گوندھنا - چوٹی کرنا - سر کے بال باندھنا +

سر مُنڈاتے ہی اُولے پڑے - (کہاوت) کام شروع کرتے ہی نقصان یا خرابی کے واقع ہونے پر بولتے ہیں +

سر میلا ہونا - حائض ہونا - کپڑوں سے ہونا +

سر میں بال ہونا - مقدور یا طاقت ہونا - جھیلنے یا برداشت کرنے کے قابل ہونا + سہار ہونا - گنجائش ہونا جیسے میرے سر میں اتنے بال نہیں جو دو دو کا جہیز اُٹھاؤں +

سر ہو جانا - پیچھے پڑ جانا - در پے ہونا +

سَر - (دیکھو سِر) +

سَر بصحرا نِکلنا - دیوانہ وار نِکلنا - جنگل کی راہ لینا +

سَر تاج بنانا - کسیکو اپنا محرم سمجھنا - فخرِ خاندان یا باعثِ عزّت تصوّر کر +

سَر تا سر - از اوّل تا آخر - بالکل تمام +

سَر مارنا - کوشش وسعی کرنا + سمجھانا +

سُرت - ہوش - خیال - دھیان - چیتا - حافظہ - یادداشت +

سُرت آنا - ہوش آنا - خیال ہونا - سُدھ آنا +

سُرت نہ رہنا - خبر نہ رہنا - بیہوش ہونا - بدحواس ہونا +

سُرخاب کا پر لگنا یا نِکلنا - یا ہونا - دولت پر مغرور و متکبّر ہونا - شان و شوکت میں کسیکو اپنے برابر نہ سمجھنا + کسی انوکھی بات خواہ خاص ہنر یا جوہر یا فضیلت پر مفتخر ہونا - شاخِ زعفران ہونا - ڈال کا ٹوٹا یا بوالعجب ہونا - طرفہ معجون ہونا - نادر و نایاب ہونا - نرالا پن ہونا - کوئی عجیب یا انوکھی بات ہونا - ندرت ہونا "جیسے اب تم میں کوئی سرخاب کا پر لگ گیا ہے؟ جو ماں باپ کی روٹی کو اپنی بیعزّتی خیال کرتے ہو" +
(سُرخاب چکوا چکوی کو کہتے ہیں) +

سسر

سُرخ و سفید ہونا - میدہ و شہاب ہونا - گوری رنگت پہ سرخی کا نمایاں ہونا - موٹا تازہ اور تندرست ہونا +

سُرک سُرک - چھپاک چھپاک - جلدی جلدی - سانپ کی سی چال ترت پھرت پھُرتی سے جیسے "ابھی سُرک سُرک انگنائی میں نکل گئی کبھی پھُرک پھُرک کوٹھے پر چڑھ گئی" +

سَرنا - گزرنا - بسر ہونا جیسے بھائی کی بھائی بغیر نہیں سرتی +

سَڑی بِساندی باتیں - بُری بھلی اور ناگوار باتیں - نکمّی باتیں پھُسپھُسی باتیں +

سزاوار ہونا - (۱) راس آنا - موافق ہونا - جیسے "یہ گھر ہمیں تو سزاوار ہوا" - (۲) مُراد کو پہنچنا - کامیاب ہونا جیسے "ہمیں ستا کر کوئی کیا سزاوار ہوگا" +

سستا سماں - ارزانی کا زمانہ - ارزانی کے دن - سمت +

سُست مُولا - سستا - ارزاں - گھٹیا - کم قدر +

سُسرا - خُسر - خاوند خواہ جورو کا باپ +

سُسرال - (۱) خُسرال خسر خانہ - سُسرے کا گھر - ساس یا سسرے کا گھر - میکے کا نقیض - (۲) خاوند

سر

پچھتانا۔ کمال افسوس کرنا۔ مُتاسّف ہونا۔ از حد رنج والم کرنا قسمت کو رونا۔ نصیبوں کو پیٹنا۔ ماتھا کوٹنا +

سر پر ہاتھ دھرنا یا رکھنا۔ کسی کا سرپرست بننا + حامی و مددگار ہونا +

سر پھرا ہی۔ (محاورہ) شامت آئی ہی؟ کمبختی آئی ہی؟ نصیبوں کی شامت نے گھیرا ہے؟ +

سر جوڑ کر بیٹھنا۔ اکٹھے ہو کر بیٹھنا۔ مِلکر بیٹھنا۔ اختلاط سے بیٹھنا۔ اِتّفاق سی بیٹھنا۔ مِل بیٹھنا +

سر جُوڑنا۔ (۱) اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔ فراہم ہونا + مجلس جمع کرنا۔ پنچایت جوڑنا (۲) اتّفاق کرنا۔ ایکا کرنا۔ باہم مُتّفق الرّائے ہونا +

سر جھاڑ مُنہ پہاڑ۔ دِیوانہ وار۔ وحشیانہ۔ بدہیبت۔ بدہیبت اور بھیانک صُورت میں۔ پہاڑ جیسے مُنہ پر سر کے جھاڑ سے لٹُورے یعنی بال کھڑے ہوُئے۔ چُڑیل کی صُورت میں شکلِ مُہیب یا ماتی ہیں +

سر چڑھا۔ مُنہ لگا۔ گستاخ۔ بے ادب۔ بیباک۔ لاڈلا +

سر دُھونا۔ سر کے بالوں کو کھلی مُلتانی یا آنولہ وغیرہ سے صاف کرنا۔ نکھارنا +

سر سُفید ہونا۔ بالوں کا سفید ہو جانا۔ بڑھاپا آجانا۔ بوُڑھا ہونا +

سر سہلائے بھیجا کھائے۔ (کہاوت) یعنی محبّت کا

سر

ہاتھ پھیرتا اور سر مُونڈتا جائے + خوشامد سے مال اُڑائے +

سر سے پانّوں تک آگ لگنا۔ ہمہ تن غصّہ یا خشم میں بھر جانا نہایت جل جانا۔ لال ہو جانا۔ جل بھُن جانا۔ از حد افروختہ ہونا +

سر سے سہرا ہا ہے۔ (کہاوت) (۱) سر کے ساتھ پگڑی ہی۔ سر ہی تو پگڑی بھی ہی (۲) سردار کے ساتھ فوج یا ماں باپ خواہ خاوند کے ساتھ بال بچّے اور موج ہی +

سر سے کُنواں کھودنا۔ نہایت مشقت اور دُشوار کام کرنا۔ ناممکن کام کرنا جیسے میں کیسی ہی جان ماروں سر سے کُنواں کھودُوں۔ تمہاری بھاویں ہی نہیں +

سر سے مارنا۔ (۱) کسی ناپسندیدہ چیز کو واپس کرنا خفگی یا غصّے کے باعث کوہ [illegible] پھیرنا۔ ناخوش ہو کر کسی چیز کو واپس کرنا۔ (۲) کراہیّت کے ساتھ سپُرد کرنا۔ بیدلی سے کوئی چیز دینا + ناحق سر کرنا۔ بیفائدہ ذمّہ ڈالنا +

سر کھاؤ (کلمہ تنفّر) دفعان ہو۔ دفع ہو۔ جیسے نہ مانو تو اپنا سر کھاؤ +

سر گاڑی پیر پہیّہ کرنا۔ کسی کام میں ہمہ تن مصرُوف ہونا۔ کسی کام میں رات دِن پلنا۔ جیسے سر گاڑی پیر پہیّا کرے جب روٹی مِلتی ہے +

سر گالا مُنہ بالا۔ (کہاوت) یعنی (۱) بوڑھاپے میں بچّوں کی سی باتیں (۲) خوش خوراکی بوڑھی کو مثل نوعمر بنا دیتی ہی +

سخی

سخی کے مال پر پڑے اور سوم کی جان پر (دکھاوت) یعنی سخی کی بلا مال سے ٹلجاتی ہے اور سوم کی آفت جان پر بنا دیتی ہے +

سُدھ - (۱) سُرت - خبر - آگاہی - ہوش - (۲) حواس حس اندری - (۳) سیدھا - سڈھول - موزوں - ہر طرح سے پیائش اور وضع میں دُرست - ٹیڑھا کا نقیض - گُنیئے اور پنسال میں ٹھیک +

سُدھ بُدھ - (۱) خبر اثر (۲) ہوش حواس عقل شعور - ہوش و آگاہی - عقل و سُرت + تمیز +

سِدھارنا - (۱) رُخصت ہونا - وداع ہونا - جانا - روانہ ہونا (محبت پیار اور تعظیم کے موقع پر جانا کی بجائے یہ لفظ عورتیں زبان پر لاتی ہیں) (۲) دُنیا سے رخصت ہونا - جہان سے جانا - مرنا - انتقال فرمانا +

سِدھارُو - (۱) چلو - رُخصت ہو کر گھر کو جاؤ - (حالتِ بے تکلّفی نازو یا طنز و تنفّر کے موقع پر کہتے ہیں) +

سِر - سر مونڈ - سیس - کپال - کھوپری - راس +

سر آتے پاؤں جاتے - رُوپیے کا وصول ہو کر جگہ پر خرچ ہونا - بے جگہ ضائع نہونا - نیگ لگنا - کافی ہونا - جیسے بال نہ بچّہ اکیلا دم - اگر ڈھنگ سے چلتی تو چالیس روپئے سر آتے پاؤں جاتے +

سر اُٹھانے کی فُرصت نہونا - دم لینے تک کی فرصت

سر

نہونا - مطلق فرصت نہونا +

سِر آنا - (۱) کسی دیوتا بھُوت پریت جن کا سر پر کھیلنا - جن و پری کا سر پر اثر نمایاں ہونا جیسے جسکے سر آئیگا - وہی سر ہلائیگا - (۲) سر پہ وار کرنا - سر کی چُوٹ چلنا +

سر آنکھُوں پر - بسر و چشم منظور - دل و جان سے تسلیم +

سر آنکھُوں سے - بسر و چشم - تہِ دل سے - بطیبِ خاطر +

سِر بھاری ہُونا - نزلہ یا زکام کے سبب سر بوجھل معلُوم ہونا +

سر پٹک کی یا پٹخکے مرنا - نہایت کوشش کرتے کرتے تھک جانا جستجو و سعی میں عاجز آنا +

سر پر اُٹھانا یا اُٹھا لینا - شور و غل مچانا - اُودھم مچانا جیسے لڑکی نے رو رو کر سارا گھر سر پر اُٹھالیا +

سر پر پاؤں رکھکر بھاگنا - بہت جلد بھاگ جانا - بے سُدھ ہو کر بھاگنا +

سر پر چڑھانا - (۱) گُستاخ و بے ادب بنانا - بے باک و آزاد کر دینا (۲) ادنی آدمی کو مصاحب بنانا + بچّہ کو مُنہ لگانا +

سر پر شیطان آنا یا چڑھنا - غصہ چڑھنا - ضد چڑھنا - ہٹ ہونا - اڑ ہونا +

سر پر ہاتھ پھیرنا - پیار کرنا - دلاسا دینا - چُمکارنا - بزرگانہ شفقت و مہربانی سے پیش آنا +

سر پر ہاتھ دھر کے یا سر پکڑ کے رُونا - نہایت

ہونا۔ کھوجڑا جانا + ایمان جان جانا۔ تباہی اور بربادی ہونا۔ جیسے مُوئے تیرا ستیاناس جائے یہاں سے اُجڑ جا (یہ لفظ چونکہ ستیا بمعنی دھرم یا ایمان سے مرکّب ہے۔ اس سبب سے اِس کے ترکیبی معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ خدا ایمان نصیب نہ کرے یا ایمان جو بڑی قیمتی چیز ہے جاتا رہے کیونکہ ناش بمعنی بربادی و زوال آیا ہے) +

سَتّیاناش کرنا۔ تباہ و برباد کرنا۔ اُجاڑنا۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ کھونا +

ستّیاناس مِلانا۔ کھوج کھونا۔ خراب کرنا۔ برباد کرنا۔ بگاڑنا۔ ناس مِلانا +

ستّیاناس ہُونا۔ تباہ و برباد ہونا۔ اُجڑنا۔ خراب ہونا +

سَتی سَٹ پر گَرنا۔ جان سلب کرنا۔ خوف۔ درد یا صدمہ کے باعث معرضِ ہلاکت میں ڈالنا +

سَتی سَت پر ہُونا۔ جاں بلب ہونا۔ قریب بمرگ ہونا۔ ہلاکت میں پڑنا۔ خوف۔ درد یا صدمہ کے باعث معرضِ ہلاکت میں ہونا +

سَٹ پَٹا جانا۔ گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہوجانا۔ بے اوسان ہوجانا +

سَٹر پَٹر۔ چھوٹا موٹا کام۔ ذرا ذرا سا کام غیر ضروری کام +

سَٹر پَٹر کرنا۔ چھوٹا موٹا کام کرنا + بیکار پھرنا +

سَٹلُو۔ بیہودہ عورت۔ بدسلیقہ عورت۔ پھُوہڑ عورت +

سِٹھنی۔ وہ گالیاں جو سمدھنیں بیاہ میں ایک دُوسرے کو

دیا کرتی ہیں اور نیز وُہ فحش بنائے ہُوئے گیت جو بیاہ میں ڈومنیاں سمدھنوں کی طرف سے ایک دُوسری کی نسبت سُناتی ہیں + (اصل میں یہ لفظ پنجابی زبان کا ہے اِس کی اصل سِٹھا بمعنی کسیلا ہے چونکہ گالی کڑوی کسیلی بات کو کہتے ہیں اور اِس سے غرض مزاح کے طور پر دُوسرے کو چڑانا ہوتی ہے پس اِس لحاظ سے اُس گالی کو جو ایک سُریلی آواز کے ساتھ گا کر سمدھن کو دی جائے۔ سِٹھنی کہنے لگے) +

سَٹھَورا۔ (۱) وُہ میٹھا جو زچہ کیواسطے سونٹھ اور میوہ وغیرہ ڈال کر بنایا جاتا ہے (۲) وُہ سخت قوام کا میٹھا جو اکثر جاڑے کے موسم میں عورتیں گوند وغیرہ ڈال کر بنایا کرتی ہیں حلوائے سخت (اِس کا مادّہ سونٹھ ہے) +

سِٹّی گُم ہُونا۔ اَوسان جاتے رہنا۔ حواس باختہ ہوجانا۔ سَٹ پٹا جانا۔ بَھَکّلا جانا +

سخی دِیوے اَور شُرما ئے
بادل نہ برسے اَور گَرمائے } (کہاوت) یعنی سخی دیکر بھی شرماتا ہے۔ اور بخیل دینے پر بھی بکتا ہے +

سخی سُوم سال بھر میں
برابر ہو جاتے ہیں } (کہاوت) سخی و سُوم کا سال بھر میں حساب کتاب یکساں ہوجاتا ہے۔ سخی کا مال بجا صرف ہوتا ہے اور سُوم کا بیجا +

سخی سے سُوم بھلا
جو تُرت دے جوابا } (کہاوت) وہ سُوم بھی اچھّا جو سائل کو اُمیدوار نہ رکھے +

سبک

بڑھا ہوا ہے ۔ سب سے بڑھکر ہے ۔ اوّل درجہ کا ہے +

سُبکی ۔ (۱) خفّت ۔ ذلّت ۔ رُسوائی (۲) ہچکی +

سُبکی ہونا ۔ خِفّت ہونا ۔ ذِلّت ہونا +

سُبکیاں لینا ۔ ہچکیاں لینا +

سُپنا ۔ خواب ۔ رؤیا +

سَت ۔ بل ۔ طاقت ۔ بوتا ۔ زور ۔ قوّت ۔ سکت ۔ انس +

ست نکل جانا ۔ طاقت نہ رہنا ۔ طاقت کا زائل ہوجانا
انس نہ رہنا (۲) تھک جانا ۔ (۳) مقدور نہ رہنا +

سَت ۔ (سات کا مخفف) ہفت ۔ سات ۔ (۷) +

ست پچھیڑا ۔ رلا ملا ۔ ملا جُلا ۔ گڈمڈ + دوغلا ۔ دوغلی
نسل کا ۔ وہ شخص جسکی نسل میں مختلف اقوام کے لوگ
رَلے مِلے ہوں ۔ مخلوط النسل +

سَت پوتی ۔ سات بیٹوں کی ماں ۔ بہت سی آل اولاد والی +

سَت خصمی ۔ (گالی) وہ عورت جو ایکدوسرے کے بعد
سات خصم کرچکی ہو ۔ جیسے "رانڈ روے کنواری روے
سات لگی ست خصمی روے" +

ست ماسا ۔ وہ رسم جو حمل کے ساتویں مہینے برتی جاتی ہے +
(مفصّل کیفیت ستوانسا میں دیکھو) +

سَت نجا ۔ سات قسم کے ملے ہوئے اناج +

سِتَم ۔ (۱) ظلم ۔ تعدّی ۔ جور ۔ جفا ۔ آزار ۔ ایذا ۔ تکلیف (۲)
غضب ۔ قیامت + افسوس +

ستی

سِتم توڑنا ۔ ظلم کرنا ۔ نہایت سختی کرنا ۔ نہایت خفا ہونا +

ستم ٹوٹنا ۔ آفت میں مبتلا ہونا ۔ مصیبت میں پڑنا +

ستم ٹوٹے ۔ (دعائے بد) غضب آئے ۔ آفت یا مصیبت
میں گرفتار ہو +

ستم ڈھانا ۔ ظلم کرنا ۔ نہایت تشدّد کرنا +

ستوانسا ۔ (۱) وہ بچہ جو ساتویں مہینے پیدا ہوا ہو ۔ (۲)
حمل کی ایک رسم[1] کا نام جو اکثر پہلے جنے میں برتی جاتی اور
اُس میں زچہ کے میکے سے زچہ کیواسطے جوڑا ۔ مسّی ۔
عطر ۔ تیل پھلیل ۔ کنگھی ۔ جوتی ۔ پھولوں کا گہنا مہندی
چاندی کی کٹورنی ۔ کٹوری ۔ کچھ نقدی وغیرہ آتی ہے ۔
اِس رسم میں زچہ کے میکے والے اُسکے مہندی لگاتے اور دُلہن
بناکر اُسکی گود میں سات قسم کی ترکاریاں ۔ ناریل میوہ
اور کچھ نقدی وغیرہ رکھتے ہیں ۔ چنانچہ گود بھرنا اِسی سے مراد ہے +

سُتھرائی ۔ (۱) صفائی ۔ نفاست ۔ اُجلاپن + تکلّف ۔
خوشنمائی ۔ پاکیزگی ۔ لطافت ۔ (۲) جھاڑو ۔ جاروب
بُہاری ۔ سوہنی ۔ رَڑکا ۔ جیسے اِتنا دن چڑھ گیا ۔
ابتک ستھرائی نہیں دی ۔ (۳) خوش سلیقگی ۔ صفائی طبع ۔
سُگھڑپن ۔ سُگھڑاپا +

سَتیاناس ۔ ناس ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ بِناش ۔ واقعی
تباہی ۔ بالکل بربادی +

سَتیاناس جانا ۔ ٹوٹنا ۔ چھوٹنا ۔ ڈھینا ۔ بیواں ناس

[1] اسکی مفصل کیفیت ہماری فرہنگ آصفیہ اور رسوم دہلی میں دیکھو

سانسا چڑھنا۔ فکر و اندیشہ ہونا تردد پیش آنا۔ جیسے "جہاں بیٹی جوان ہوئی اور ماں باپ کو سانسا چڑھا" +

ساں نہ گماں۔ خبر نہ اثر۔ پتا نہ نشان۔ حالتِ بےخبری میں۔ ناگاہ۔ اچانک۔ یکایک۔ دفعتہً +

ساون ہری نہ بھادوں سوکھی۔ (کہاوت) ہر حال میں یکساں۔ ہمیشہ ایک ڈھنگ پر رہنا +

ساونی۔ (۱) فصلِ خریف۔ (۲) ساون کے مہینے کا بدر۔ ساون کی پورنماشی (۳) وہ مٹھائی آم ترکاریاں اور میوہ وغیرہ جو ساون کے مہینے میں جھوڑے کے سامان کے ساتھ دولہا کے گھر سے دلہن والوں کے ہاں بھیجیں + سندھارا +

سائیں۔ (۱) صاحب۔ خدا۔ خالق۔ ایشر۔ پروردگار۔ رب۔ داتا۔ (۲) مالک۔ خداوند۔ سوامی۔ ولی۔ مخدوم (۳) پتی۔ خصم۔ شوہر۔ بھرتار۔ کنتھ۔ بالم۔ جیسے سائیں راج بلند راج۔ پوت راج محتاج راج (۴) درویش۔ خداشناس۔ عارف۔ بیراگی۔ اتیت +

سائیں سائیں کرنا۔ ہوا کا چلنا۔ سنسنانا + جسم میں سرسراہٹ ہونا۔ ضعف کے مارے جسم کا گرا پڑتا +

سائیں سوتا۔ (ہندو) صحیح سلامت۔ جیتا جاگتا۔ صحیح سالم۔ بھلا چنگا +

سایہ۔ (۱) سرن۔ پناہ۔ آڑ۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ (۲) حمایت۔

پشتی۔ (۳) جن بھوت۔ پریت۔ پری۔ دیو یا پری کا اثر۔ (۴) پرچھاواں۔ پرتو۔ عکس + اثرِ صحبت جیسے اِس پر بھی اُس کا سایہ پڑ گیا۔ میں تو اُس کے سایہ سے بھاگتی ہوں +

سایہ اُترنا۔ جن یا بھوت کا دور ہونا۔ اثرِ جن و پری کا زائل ہونا +

سائے سے بھاگنا۔ پرچھائیں سے بھاگنا۔ نہایت بدکنا۔ از حد متنفر و گریزاں و متوحش رہنا۔ دور بھاگنا۔ صورت سے بھاگنا +

سب۔ سارا۔ کل۔ تمام + پورا۔ کامل۔ سالم + میزان۔ جوڑ +

سب ایک ہی تھیلی کے بٹّے ہیں۔ (کہاوت) (۱) یعنی ایک ہی خاندان و ایک ہی نسل سے ہیں (۲) سب کی حالت یکساں ہے +

سب دن چنگی تہوار کے دن ننگی۔ (کہاوت) یعنی بے وقت بناؤ سنگار اور وقت پر عمدہ پوشاک و زیور کے نہونے سے شرمسار۔ بےموقع فضول خرچی کے سبب وقت پر تہیدستی کا اظہار +

سب کا سب۔ سرتاپا۔ بالکل۔ تمام +

سب کو ایک لاٹھی ہانکنا۔ بغیر از لحاظِ درجہ و مرتبہ ہر ایک سے یکساں سلوک و برتاؤ کرنا +

سب کی چوٹی ہے۔ شرارت و بدی میں سب سے

سانڑ

ہاں سے مہندی۔ نُقل۔ مصری۔ میوہ۔ سُہاگ پُڑہ پُھلیل۔ جوڑہ۔ عطر وغیرہ آرائش کے ساتھ کچھ آدمی لیکر جاتے ہیں۔ اگر دُولہا کو خلوت مِلتا ہے تو وہ بھی آج ہی کے دِن جایا کرتا ہے +

ساڑھستی آنا۔ نحُوست آنا۔ بُرے دِن آنا۔ ساڑھے سات برس تک وبال اور ناداری میں گھِرا رہنا +

ساس۔ خوشدامن۔ جورُو یا خاوند کی ماں۔ ساسُو +

ساس گئی گاؤں بہو کہے میں کیا کیا کھاؤں۔ (کہاوت) یعنی جب کوئی نگراں نہو تو پھر کیوں نہ دل کی ہوس نکالے +

ساس میری گھر نہیں مجھے کسی کا ڈر نہیں (۱) جب کوئی نگراں نہیں تو میں بھی آزاد ہوں (۲) سردھرے کا سب کو خوف ہوتا ہے +

ساگ۔ سبزی۔ ترکاری۔ بھاجی +

ساگ پات۔ ترتر کاری۔ بقُولات +

سال گرہ (صحیح بکسرِ لام وزبان زد بسکونِ لام) وُہ کلاوہ جس میں بچّے کی عمر یادر ہنے کے واسطے سال بسال اُس کے پیدا ہونے کی تاریخ میں گرہ لگاتے جاتے ہیں۔[1] جنم دِن۔ برس گانٹھ۔ رِشتہ عمر نیز ایک رسم جو بچّوں کی برس گانٹھ

سالَن۔ (۱) ترکاری۔ تیمون۔ لادن۔ نان خُورِش۔ روٹی کے ساتھ کھانے کی نمکین ترکاری (گنوار)

سانِ

گوشت۔ قلیہ +

سامان میں آنا (۱) آپے میں آنا۔ ہوش میں آنا۔ مزاج ٹھکانے ہونا۔ مزاج کا اصلاح اور درُستی پر آنا + غصہ فرو ہونا۔ مزاج دھیما پڑنا۔ ٹھنڈا ہونا۔ دھیما ہونا۔ (۲) قابُو میں آنا۔ قبضہ میں آنا + سمٹنا۔ ڈھنگ سے لگنا +

سانپ۔ مار۔ ناگ۔ اژدر۔ کیڑا۔ رسّی +

سانپ سونگھ جانا۔ گُم صُم ہونا۔ ہک دھک رہنا۔ چپ گنگ صُم لگنا۔ خاموش ہوجانا۔ دم بخود ہو جانا جیسے ممانی جان کا حال کتنا تھا کہ اُسے سانپ سونگھ گیا +

سانپ کی مُنہ میں چھچھوندر نگلے تو اندھا اُگلے تو کوڑھی۔ (کہاوت) اسطرح مشکل ہی یعنی کرتے بن آتی ہے اور نہ چھوڑتے +

سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے (کہاوت) یعنی کام بن جائے اور نقصان کسیکو نہ پہنچے +

سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو (کہاوت) یعنی جب موقع نکلگیا تو پھر کوشش سے کیا فائدہ +

سانچ کو آنچ نہیں۔ (کہاوت) یعنی سچ کو جوکھوں نہیں

سانسا۔ (۱) فکر۔ اندیشہ۔ خدشہ۔ سوچ۔ بچار۔ چنتا۔ تردّد۔ تشویش۔ جیسے جب ہاتھ لیا کانسا تو روٹی کا کیا سانسا؟ (۲) ڈر خوف۔ دہشت۔ ہَول۔ ہیبت دغدغہ۔ خطرہ +

[1] مفصل کیفیت ہماری فرہنگِ آصفیہ اور رسومِ دہلی میں دیکھو۔

ساب

س

سابِقہ - (۱) پہلا - اگلا (۲) قدیم جان پہچان - اگلی ملاقات (۳) واسطہ - معاملہ جیسے خدا ان سے سابقہ نہ ڈالے +

سابِقہ پڑنا - کام پڑنا - واسطہ پڑنا - معاملہ پڑنا - جیسے ابھی تمہیں اُنسے سابقہ نہیں پڑا ہی جو اُنکی خُو بُو سے واقف ہو +

سات پانچ - پانچ سات چند (۲) مکر وفریب - دغا وفصل +

سات پانچ جاننا - مکر وفریب جاننا +

سات پانچ کرنا - (۱) تین پانچ کرنا - فیل لانا - حجت تکرار کرنا (۲) مکر وفریب کرنا حیلہ وحجت کرنا - نانکڑ کرنا (۳) بہانہ جوئی یعذر بیجا کرنا +

سات پانچ کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ - (کہاوت) یعنی کئی آدمیوں کی مدد سے کام پورا ہو جاتا ہی +

سات پردے لگنا - بہت سے پردوں میں بیٹھنا - نہایت پردہ کرنے لگنا - طنزاً اُس عورت کی نسبت بولتے ہیں جو پہلے تو سارے میں پھرے اور جب مقدور والی یا صاحب ثروت ہو جائے تو نہایت پردہ کرنے لگے +

سات توؤں سی مُنہ کالا کرنا - (نہایت نفرت کے موقع پر بولتے ہیں) سات توؤں کی سیاہی سے کالا مُنہ کرنا + خاطر میں نہ لانا - بات نہ پوچھنا - نکال دینا - جیسے یہاں آئی کا نام نے تو سات توؤں سے مُنہ کالا کرکے نکال دوں میں تو اُس کا سات توؤں سے بھی مُنہ کالا نہ کروں +

ساچ

سات دھار ہو کر نکلنا - کھایا پیا سات دھار ہو کر نکلنا - پھوٹ پھوٹ کر نکلنا - سات زخم پڑ کر نکلنا - انتی سار ہو کر نکلنا - دستوں کے رستے نکلنا - ہضم نہ ہونا +

سات سنگار - عورتوں کی سات آرائشیں جیسے سُرمہ لگانا - مہندی لگانا - پان کھانا - مسی لگانا - سر گوندھنا - زیور پہننا - افشاں چننا یا چوڑیاں پہننا + لیکن ہندوؤں میں سولہ سنگار مشہور ہیں +

سات سہاگنوں کا ہاتھ لگوانا یا سات سہاگنوں کو کھلانا - سات زندہ خاوند والیوں سے شگون نیک کی خاطر بیاہ کا جوڑا سلوانا یا اُنہیں منت کا کھانا کھلانا +

سات سہیلیوں کا جھمکا - پروین - عقد ثریا - جیسے یا سات چھوٹے چھوٹے ستاروں کا گچھا جو اکثر موسم سرما میں نظر آتا ہے +

سات ماموؤں کا بھانجا - (کہاوت) یعنی کُنبے کا لاڈلا +

ساتویں آسمان پر مزاج ہونا - بہت اِترانا - بڑا گھمنڈ کرنا - تعلی کی لینا - لن ترانی کی لینا +

ساتھ کی کھیلی - ہمجولی - ہم عمر لڑکی جو ساتھ کھیلی ہو + سہیلی +

ساجھے کی ہنڈیا چوراہے میں پھوٹتی ہے - (کہاوت) یعنی ساجھے کے کام میں پھوٹ پڑ جاتی ہی +

ساچق - (ترکی میں بکسر جیم فارسی صحیح ہی) رسم[1] حنا بندی - بری - برات سے ایک روز پیشتر کی رسم جس میں دولہا کے

[1] مفصل کیفیت ہماری فرہنگ آصفیہ اور رسوم دہلی میں دیکھو -

قرار نہ آنا۔ چین نہ پانا۔ لوٹنا۔ تڑپنا۔ جیسے بداولاد کا جلا پا قبر میں بھی زمین سے پیٹھ نہ لگنے دیگا +

زمین کا بوجھوں مرنا ۔ زمین پر بار گزرنا + موئے آدمی کا بوجھ پڑنا۔ جیسے اپنے لئے خاوند کی تلاش اور کنواری بیٹی جس کی جوانی سے زمین بوجھوں مر رہی ہے۔ بن بیاہی رہے +

زمین کا پیوند ہو ۔ دعائے بد۔ مر جائے۔ اُجڑ جائے۔ ناپید ہو جائے۔ زمین میں گڑ جائے۔ ملیا میٹ ہو +

زمین کھا گئی یا آسمان ۔ (محاورہ) جب کوئی چیز دفعتہً غائب ہو جائے۔ تو اُس کی نسبت بولتے ہیں +

زمین میں گڑنا ۔ نہایت شرمندہ ہونا۔ شرمندگی کے مارے زمین میں دھنس جانا +

زَنَاخ ۔ مرغ یا کبوتر وغیرہ کے سینہ کی دوشاخی ہڈّی چونکہ زنخ کی شکل اس کے قریب قریب ہے۔ شاید اِس سے یہ نام رکھ لیا ہے +

زَنَاخ توڑنا ۔ (بیگماتِ قلعہ) (۱) پختہ سینہ مرغ یا کبوتر کو باہم کھینچ کر جُدا کرنا۔ (۲) رُکاوٹ دُور کر کے بہناپے کا رشتہ مضبوط کرنا۔ اصطلاحاً دل کھول کر اخلاص و محبت کو مستقل کرنا۔ کیونکہ زناخ از رُوئے معانی ایک قسم کی دلی رُکاوٹ ہے۔ اِس وجہ سے اس کا توڑنا قیام و استحکام محبت ہے۔ گویا سینہ

کی کیواڑی کھول کر دل میں جگہ کرنے سے مُراد ہے دوستی پکّی کرنا۔ ہمدم و ہمراز سہیلی بنانا۔ گہری دوستی کرنا۔ دل میں اُتر آنا +

زناخی ۔ (بیگماتِ قلعۂ دہلی) قلعہ کی عورتوں کا دستُور تھا۔ کہ وہ آپس میں اس طرح کے رشتہ قایم کر کے ایک دُوسرے کو خطاب کیا کرتی تھیں۔ جس طرح سہیلی بہنیلی کہتے ہیں۔ اسی طرح وہ کسی کو دل جان کسی کو جانِ من۔ کسی کو دُشمن۔ کسی کو زناخی کہا کرتی تھیں۔ زناخی کا رشتہ اور رشتوں سے مضبوط اور قابلِ قدر گنا جاتا تھا۔ جب انہیں کسی کو زناخی بنانا منظُور ہوتا تھا۔ تو وہ باہم مل کر زناخ یعنی کبوتر یا مُرغ کے سینہ کی جُڑی ہوئی ہڈّی کو توڑا کرتی تھیں گویا اِس طرح پکّی یاری بدی جایا کرتی تھی +

زہر کرنا یا زہر کر دینا (۱) لطف کھو دینا۔ ناگوار کر دینا بدمزہ کر دینا (۲) انگ نہ لگنے دینا۔ جزوِ بدن نہ ہونے دینا۔ ہضم نہ ہونے دینا۔ (۳) کڑوا کر دینا۔ تلخ کرنا۔ جیسے اُس نے ایک بات نکالکر غریب کا سارا کھایا پیا زہر کر دیا۔ دال میں نمک زہر کر دیا +

زہر مار کرنا ۔ (ھازناً حالتِ آزردگی میں) نگلنا۔ ٹھونسنا۔ کھانا۔ طوعاً و کرہاً کھانا۔ بیدلی سے کھانا +

زہیر ۔ (۱) نحیف ضعیف۔ کمزور ناتوان۔ مضمحل (۲) لاغر دُبلی نہلیت دُھیا +

زرین خان ۔ عورتوں کا فرضی جن +

رُونے کو تھی ہی اِتنے میں آگیا بھائی۔ یعنی رونے کو تھی ہی کہ حمایتی بھی آگیا +

رہتی دُنیا۔ تاقیامِ دُنیا +

ریس (۱) حرص۔ ہوس (۲) حسد۔ رشک۔ جیسے ریس بھلی ہونس بُری (۳) برابری۔ ہمسری۔ جیسے تم اُس کی کیا ریس کرسکتے ہو +

ز

زبان۔ (۱) جیب۔ وہ عضو جو مُنہ کے اندر ذائقہ لینے اور چاٹنے کے واسطے بنایا گیا ہے۔ تلو (۲) گفتگو بات چیت۔ بول چال۔ بولی (۳) گستاخانہ جواب۔ اُلٹی بات۔ جیسے اُس کی زبان سے خدا بچائے (۴) قول قرار۔ اقرار مدار۔ عہد پیمان +

زبان تلے زبان ہونا۔ یا زبان کے نیچے زبان ہونا } ایک بات پر قایم نہ رہنا۔ تلوّن مزاج ہونا۔ زبان میں بھدرک نہ ہونا۔ کبھی کچھ کہنا کبھی کچھ کہنا۔ مستقل رائے نہ رکھنا +

زبان جنے ایک بار ماں جنے بار بار } (کہاوت) یعنی شریف کی زبان ایک ہوتی ہے۔ قول مردان جان دارد +

زبان شیریں مُلک گیری زبان ٹیڑھی مُلک بانکا (کہاوت) یعنی شیریں زبانی جہاں گیری کا کام دیتی ہے میٹھی زبان سے سب اپنے ہوجاتے ہیں +

زبان کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ گلہ کرنا۔ بدزبانی کرنا +

زبان کے تلے زبان ہے یا۔ زبان تلے زبان ہے } (کہاوت) یعنی زبان میں بھدرک نہیں۔ قول میں پختگی نہیں۔ کسی بات پر قیام نہیں +

زبان کی سی کہوں یا۔ تلوؤں کی سی برتوں } (کہاوت) یعنی ظاہرداری برتوں۔ یا دل کے پھپھولے پھوڑوں۔ مُنہ دیکھی کہوں یا دل کی آگ بجھاؤں +

زبردست مارے اور رُونے نہ دے } (کہاوت) یعنی زورآور زبردستی کرے۔ اور شکایت نہ کرنے دے +

زمین۔ (۱) ارض۔ بُوم۔ دھرتی۔ وہ خاکی کرہ جس پر ہم رہتے ہیں۔ (۲) غزل کی ردیفِ قافیہ اور وزن یا بحر۔ (۳) تہ۔ طبقہ (۴) ہر ایک عطر کا مادّہ جیسے صندل کی زمین ہر ایک عطر میں دیجاتی ہے +

زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں } نہایت شرمندگی اور زندگی سے بیزار ہو جانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی جیتے جی مرجانے کو جی چاہتا ہے +

زمین سے پیٹھ نہ لگنا۔ مضطرب رہنا۔ بیقرار رہنا +

رکھ

رکھ پت رکھا پت - دکہاوت یعنی جو اور ونکی عزت کرتا ہو اور اُسکی عزت کرتے ہیں - عزت کرو عزت پاؤ +

رَمَق - بقیہ جان - تھوڑی سی جان - رہی سہی جان - دمِ واپسیں دمِ آخیر (۲) ذرا اور اسا - ٹک - تنک - حبہ - ہشتہ +

رَمَق بھر - قدر قلیل - بہت کم - ذرا سا - ذرہ بھر +

رَنڈ - رانڈ کا مخفف - بیوہ عورت +

رَنڈسالا - وہ جوڑا جو بیوہ عورت کو اُس کے میکہ والونکی طرف سے رانڈ ہو جانے کے وقت پہنایا جائے - رسمِ بیوگی کا عمل + یہ رسم پھولوں کے دن ادا کی جاتی ہے +

رنڈسالا پہنانا - رانڈ ہو جانے کی پوشاک پہنانی - ہندوستان کی رسم ہو کہ جب عورت بیوہ ہو جاتی ہے - تو پھولوں یا رتجگوں کے دن تمام کُنبہ کے لوگ جمع ہو کر سفید جوڑا پہناتے اور چوڑیاں وغیرہ جو سہاگ کی چیزیں کہلاتی ہیں توڑ ڈالتے ہیں +

رنڈسالا پہننا - رانڈ ہونے کا لباس پہننا + رانڈ ہونا بیوہ ہونا +

رَنڈاپا - بیوہ پن - بیوگی - بدھواپن +

رنڈاپا کاٹنا - حالتِ بیوگی میں بسر کرنا - بے شوہر زندگی گزارنا +

رنڈاپا کٹنا - حالتِ بیوگی میں بسر ہونا +

رَنڈوا بھنڈوا - (۱) نگوڑا ناٹھا - بے زن و فرزند (۲) خانہ خراب - خانہ ویران - گھر کھووا - نگوڑا +

رنگ لانا - (۱) فیل لانا - بدی کرنا - برائی کرنا - مزا چکھانا + تماشا دکھانا - فساد برپا کرنا جیسے تمہاری یہ خود مختاری

رون

اور آزادی دیکھکر میاں آخر مرد ہے رنگ لائے اور لائے +

رَوال دَوال پھرنا - مارا مارا پھرنا - خراب خستہ پھرنا آوارہ و سرگردان پھرنا - نکما پھرنا +

رُوپیا ٹھیکری کر دینا - روپے کو ایسی بے قدری سے اُٹھانا - کہ اُسکی اصل خذف ریزے کے برابر بھی نہ سمجھنا - فضول خرچی کرنا - اِسراف کرنا +

رُوپے بندھول - زر نقد معتد بہ روپیہ - زر وافر جیسے روپئے بندھول کے برتن کوڑیوں کے مول دھڑی دھڑی کرکے بک گئے +

رُوپے کو روپیہ نہ سمجھنا - روپیہ کی قدر نہ سمجھنا - روپیہ کو ٹھیکری سمجھنا - روپے کی حقیقت نہ جاننا +

رُو کر روٹی مانگنے والا - بچہ - ناسمجھ بچہ کی نسبت بولتے ہیں +

رُومٹا - (صحیح رُونگٹا) بدن کا رُوواں - چھوٹے چھوٹے بال جو مسامات کے قریب ہوتے ہیں +

رونا - (۱) پٹینا - نوحہ کرنا (۲) افسوس - رنج - صدمہ - غم - جیسے بڑا رونا تو یہ ہے - کہ خاوند کے میں نہیں +

رُوں رُوں ریں ریں - بچوں کے رونے دھونے کی آواز +

رُونگٹا - (دیکھو رُومٹا) +

رُونگٹے کھڑے ہونا - خوفِ خدا طاری ہو کر مسامات کے بالوں کا کھڑا ہو جانا (۲) رحم دلی اور دل کی کمزوری سے سردی محسوس ہو کر بدن کے رونگٹوں کا کھڑا ہو جانا +

ران

رانی کورانا پیارا کانی کو کانا پیارا - (کہاوت) یعنی ہر شخص کو اپنا ہم جنس پیارا ہوتا ہے +

رائی نون تیرے دیدوں میں - تیری نظر لگانے والی آنکھیں پھوٹیں - چشم بد دور - حف نظر (جب کوئی شخص کسی کی تعریف کرتا ہے - تو نظر بد سے بچانے کے لئے یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں) +

رت جگا - (۱) شب بیداری - خدائی رات - رات بھر جاگ کر خدا کا نام لینا - خوشی میں رات بھر جاگنا (۲) ایک قسم کی خوشی کی نیاز جو عورتوں میں خوشی کے موقع پر یعنی بیاہ - سالگرہ - بسم اللہ چھٹی - دودھ چھٹائی وغیرہ میں رات بھر کر مٹھائی ہو کر دن کو دلائی جاتی ہے - اس میں گلگلوں اور رحم پر اوّل اللہ میاں کی سلامتی پڑھی جاتی - پھر زردے یا خشکہ پر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نیاز دلوائی جاتی ہے +

رتّی یا رتی - (۱) گھنچی - چرمٹی - ایک سرخ منہ سیاہ بیج کا نام جو ملیٹھی کے درخت میں سے نکلتا ہے (۲) آٹھ چاول کا وزن - ماشہ کا آٹھواں حصہ - اور تولہ کا ۱/۹۶ حصہ - (۳) بھاگ - نصیب - قسمت - تقدیر - پرالبد - للاٹ - اس معنی میں یہ لفظ سنسکرت رتی بمعنی قسمت سے بہ تشدید یائے فوقانی رتّی کر لیا ہے +

رتی بھر - تھوڑا سا - شمہ بھر - حبہ بھر - قدر قلیل - جیسے رتی بھر

رتی

ناتا نہ گاڑی بھر آشنائی +

رتی جاگنا - (۱) نصیبا جاگنا - طالع خفتہ کا بیدار ہونا - اقبال کا یاور ہونا - (۲) مالا مال ہونا - سرسبز ہونا پھلنا پھولنا +

رتّی چمکنا - طالع روشن ہونا - اختر اقبال کا زوال سے نکل کر کمال کو پہنچنا - نصیب جاگنا +

رتّی رتّی - ذرا ذرا - ایک ایک حبہ - بالکل تمام - سراسر - سرتاپا - جیسے موئی چوٹی رتّی رتّی کھانڈ چبا کر گئی +

رتّی سامنے آنا - اقبال سامنے آنا +

رتّی سامنے ہونا - اقبال سامنے ہونا - اقبال یاور ہونا +

رچنی مہندی - نہایت رنگدار مہندی - شوخ مہندی +

رذالے کی جورو کو سدا طلاق - (کہاوت) یعنی کمینے اور سفلے کو اپنے عہد کا کچھ پاس نہیں ہوتا +

رستہ پر آنا - (۱) سڑک پر پڑنا - سیدھی راہ پر آنا + گمراہ نہ ہونا (۲) ٹھیک ہونا - قابو میں آنا - درست ہونا - نیک بننا +

رسی دراز کرنا - ڈھیلی چھوڑنا - فرصت دینا - مہلت دینا + اغماض کرنا - (۲) عمر دراز کرنا - جیسے سچ ہے ظالم کی رسی دراز ہوتی ہے +

رسی دراز ہونا - مہلت ملنا - ڈھیل ہونا - (۲) کہیں روک نہ ہونا - کوئی رستہ بند نہ ہونا - جیسے سچ ہے حرامزادے کی رسی دراز ہے +

اور ناگوار معلوم ہونا +

رات تھوڑی اور سوانگ بہت سے (کہاوت) یعنی وقت کم اور کام بہت سے +

رات کی رات - صرف ایک ہی رات - رات بھر - آج کی رات - جیسے رات کی رات ٹھیر جاؤ - کل چلی جانا +

رات نہ پکڑنا - رات تک زندہ نہ رہنا - رات نہ لینا - جو وقت زچہ کو بہت درد لگ رہے ہوں - یا بیمار کا دن کے وقت نہایت تنگ حال ہو تو کہتے ہیں کہ رات نہیں پکڑنے کا - یہ تکلیف اس بیمار کو رات نہیں پکڑنے دیگی +

رات والا - (۱) اُلّو - گھگّو - چُغد - بُوم (۲) ہیضہ - نناوال جیسے رات والا کرتے ہی دنیا سے رخصت ہوئے (۳) چاند +

راتوں رات - شبا شب - رات بھر میں - تمام شب میں - رات ہی رات میں +

راج دُلاری - ناز پروردہ - شہزادی - نہایت پیاری - ہر دل عزیز لڑکی + نواب زادی - امیر زادی +

راج کرے - مِٹ جائے - آگ لگے - غارت ہو - اُجڑ جائے - بھاڑ میں پڑے - چولھے میں جائے - جیسے راج کرے یہ اُلفت +

راجہ رُوٹھے گا اپنی نگری لیگا + (کہاوت) یعنی آقا بہت کریگا - موقوف کردیگا - راجہ رُوٹھے گا تو اپنی ریاست سے نکالدیگا - اِسکے سوا اور کیا کریگا +

راس آنا - (صحیح راست آنا) سازگار ہونا - موافق ہونا - مبارک ہونا - مساعد ہونا +

راکھ ہوجانا - جل کر خاکستر ہوجانا - خاک ہونا +

رال ٹپکی پڑنا - رغبت کا از حد نمایاں ہونا - شوق کے مارے بیتاب ہونا +

رام رام جپنا پرایا مال اپنا (کہاوت) یعنی ظاہر میں پارسا باطن میں خود غرض +

رام کہانی - رامچندر کی بڑی داستان - رامچندر کا بڑا بھاری قصّہ - راماین (۲) بڑی کہانی - طُولانی داستان (۳) مصیبت کا قصّہ (۴) اپنی بیتی بڑی کہانی - بیانِ مصیبت +

رانڈ - (۱) بیوہ - بدھوا - نخصمی - وہ عورت جس کا خاوند مرگیا ہو - رنڈیا (۲) محتاج - دست نگر - بے وارثی (۳) مطلّقہ عورت - رانڈ (۴) کلمۂ طنز و تحقیر +

رانڈ رُونا - بے لطف و بے مزہ کہانی - قصّۂ غم - بیانِ مصیبت (رنڈ رونا زیادہ بولتی ہیں) +

رانڈ کا سانڈ - وہ شخص جو بیوہ ماں کی کمائی کھا کھا کر موٹا تازہ ہوجائے (۲) نہنگ - بے پروا - نڈر - بے باک - غم و فکر سے آزاد (۳) بدطینت - آوارہ - بدطوار +

رانی رُوٹھیگی اپنا سُہاگ لیگی \ کیا کسی کا بھاگ لے گی؟ (کہاوت) یعنی رانی کی ناراضگی کسی کا نصیبا نہیں چھین سکتی - رانی رُوٹھیگی اپنا اخلاص لیگی اسکے سوا کیا لیگی

ذرا

جیسے اُن کی ذات سے اُمید نہ رکھو۔ (۳) قسم صنف
بھانت۔ جیسے ایک ذات کا روپیہ صرف کیا (۴)
قوم۔ نژاد۔ گوت۔ پیدایش۔ جات۔ برن۔ نکاس
بنس۔ خاندان۔ نسل۔ جیسے ڈوم بجاوے چینی ذات
جناوے اپنی۔ (۵) حال۔ کیفیت۔ عادت۔ سبھاؤ۔
خصلت۔ طینت۔ جیسے ذات (دہ پیئے) معلوم ہوتی
ہے نہ دکھاوت؛ (۶) مذہب۔ کیش۔ دین۔ جیسے ہاتھ
نیچے ہیں کچھ ذات نہیں بچی (۷) حوصلہ۔ ظرف۔
جیسے وطری کی ہانڈی گئی۔ کُتّے کی ذات پہچانی +
ذات میں بٹہ لگنا۔ عزّت میں فرق آنا۔ عیب لگنا۔
کلنک لگنا۔ شرافت میں جھٹکے پڑنا +
ذات وتی۔ گلوبتی۔ خاندانی شریف +
ذرا۔ (صحیح ذرہ) مقدارِ قلیل۔ بہت تھوڑا۔ بہت کم۔ نہایت
کم۔ چشمہ بھر۔ جیسے سب بیر تم نے کھالئے۔ اس
کے لئے ذرا نہ رکھے (۲) وقتِ قلیل۔ تھوڑا سا۔
جیسے ذرا ٹھیر کر آنا۔ (۳) کچھ۔ کسی قدر۔ بالکل جیسے ذرا
میری بھی تو سُنو۔ ذرا کام نہیں کیا +
ذرا ذرا کر کے۔ رتی رتی۔ حبہ حبہ (۲) بالکل سرتاپا +
ذرا ذہور۔ تھوڑا بہت۔ کسی قدر۔ کچھ۔ مقدارِ قلیل تھوڑا
سا جیسے بچے کے لئے ذرا ذہور چیز لگا کر کھاکرو۔ جو
لوگ اسے ذہور کہتے ہیں۔ غلطی کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ ذرا

رات

کا تاریع جمل بنالیا ہے +
ذرا سا۔ بمقدارِ قلیل۔ بہت تھوڑا۔ قدرِ قلیل +
ذرا سا مُنہ نکل آنا۔ چہرہ سُست جانا۔ مُنہ سُت جانا۔
چہرہ پر لاغری کا ظاہر ہونا۔ ڈر خواہ خوف یا بیماری
سے مُنہ نکل آنا +
ذراسی (دیکھو ذرا سا) +
ذرا کی ذرا۔ زمانۂ اندک۔ لمحہ بھر کو۔ کھڑے کھڑے تھوڑی
دیر کے واسطے۔ جیسے ذرا کی ذرا بیٹھ جاؤ۔ ذرا کی ذرا
ہو کر چلے جانا۔ ذرا کی ذرا سو جاؤ پھر کام کرنا +
ذرا ہوش میں آؤ۔ (محاورہ) ذرا سمجھو۔ ذرا عقل پکڑو +
ذرّہ۔ (۱) لغوی معنی چیونٹی۔ ایک جَو کا سوواں حصّہ ۱/۱۰۰
(۲) مجازاً وہ چھوٹے چھوٹے اجزا جو آفتاب کی شعاع
کے ساتھ روزن میں سے دکھائی دیا کرتے ہیں
(۳) ریزہ۔ بُورا۔ رتی۔ روئی کی کانٹی۔ (۴) مقدارِ
قلیل۔ حبّہ۔ شمّہ (۵) ٹکڑا۔ جزو +
ذرہ بھر۔ ذرّہ کے برابر۔ بہت تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
بمقدارِ قلیل۔ شمّہ (عوام زرمہ بھر بولتے ہیں) +

ر

رات۔ رَین۔ شب۔ لیل +
رات بھاری ہونا۔ شبِ غم یا شبِ بیماری کا دراز

ڈھب ڈھب قلیہ - پتلا اور بہت سے شوربے کا بے مزہ سالن - پتلا سالن - پتلے شوربے کا بدمزہ سالن +

ڈھٹائی - ڈھیٹ پن - بے شرمی - بے حیائی - بے تمیزی - (۲) ہٹ - اڑ - ضد (۳) گستاخی - شوخ چشمی - بے ادبی +

ڈھینگڑا - (۱) موٹا تازہ - سنڈ مسنڈ - موٹا مسٹنڈا - سنڈا - (۲) لمبا چوڑا - بیچ ہتا - جان جوان - جیسے ماں نے پال پوس کر ڈھینگڑا کر دیا +

ڈہکانا - دھوکہ دینا - کسی شخص کو کوئی چیز دینے کے واسطے دکھانا - اور پھر خود کھا جانا - یا نہ دینا - بھکانا - ترسانا +

ڈھکن - ڈھکنا - چپنی - سرپوش +

ڈھکن ڈھک جانا - پردہ پوشی ہونا - عیب چھپ جانا - راز فاش نہ ہونا - جیسے ایسی نالایق مرجاتی - تو ڈھکن ڈھک جاتا - اسکی بیوقوفی سے سارا بھید کھل گیا +

ڈہکن سا - بہت سا - بخوبی - بفراغت - بافراط - جیسے ایک پیسہ کا ڈہکن سا سودا آیا ہے +

ڈھکوسلا - فن - فریب - دم - دھوکے کی بات - بناوٹی بات - ایک قسم کی ظریفانہ انمیل گھڑت یا گھڑے ہوئے نظم و نثر آمیز چٹکلے جن کے حضرت امیر خسرو دہلوی موجد ہیں - جیسے بھادوں پکی پیلی چوچوپڑی کپاس - بی بھیتری انی دال پکاؤگی - یا ن ن - گ - اہی سو رہوں +

ڈھلتی پھرتی چھاؤں (کہاوت) کبھی ادھر کبھی ادھر

یعنی اقبال و دولت قابل اعتبار نہیں +

ڈھنڈار - بہت بڑا اور ڈراونا گھر - جہاز سا گھر +

ڈھنڈورا پٹنیا - اعلان کرنا - شہرت دینا + رسوا کرنا - بدنام کرنا +

ڈھونگ - فن - فریب - ڈھکوسلا - جیسے کس کا جن اور کس کا آسیب - یہ سب ان مکاروں کے ڈھونگ ہیں +

ڈھیٹ - ضدی - اڑیل - ہٹیلا - (۲) شوخ - بے شرم - بے حیا + نڈر - بے باک +

ڈھیر - انم - تودہ - انبار (۲) انبوہ - ہجوم - بھیڑ - ازدحام - ٹھٹ +

ڈھیر ہو جانا - تھک جانا - تھک کر چور ہو جانا - لوتھ پوتھ ہو جانا +

ڈھینڈا - (۱) توند - بڑا پیٹ (۲) حمل - گربھ - گابھ - حمل حرام +

ڈھینڈا اچھلانا - حاملہ ہونا - حمل رکھوانا + حرام کا پیٹ رکھوانا (عورتیں طنزاً یا بے تکلفی کے موقع پر مذاق سے کہتی ہیں - اب تو تُو نے بھی ڈھینڈا اچھلا لیا +

ڈھینڈا پھولنا - (۱) پیٹ سے ہونا - پیٹ رہنے کی علامت ظاہر ہونا - (۲) حمل حرام رہنا - حرام کا پیٹ رہنا + بدچلنی کا پیٹ رہنا +

ذ

ذات - (۱) حقیقت شئے - ہستی - نفس ہر چیز - جوہر - مادہ ماہیت - نفس - اصلیت - طبیعت - سرشت - بنیاد - دم (۲) جسم - وجود - شخص - جسد - دیہہ - سریر - کایا -

ڈرا

ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے (کہاوت) یعنی ظالم کو بھی محلہ و پاس پڑوس کا لحاظ ہوتا ہے +

ڈائن کھائے تو مُنہ لال نہ کھائے تو مُنہ لال (کہاوت) یعنی ظالم ظلم کرے یا نہ کرے۔ اُس کے چہرہ سے ظلم برستا ہے۔ خونخوار کی خونخواری ہر حالت میں ظاہر ہے + سفاک ہر حال میں بیباک رہتا ہے +

ڈراوا۔ دھمکی۔ خوف۔ دہشت۔ ڈر +

ڈری۔ خوف۔ خطر۔ اندیشہ۔ ڈر۔ ہول۔ ہراس +

ڈسنا۔ کسی زہریلے جانور علی الخصوص سانپ کا کاٹنا +

ڈکار جانا۔ کھا جانا۔ ہپ کر جانا۔ ہضم کر جانا۔ جیسے لیتے وقت سب کے حصے ڈکار جاؤ۔ اور دیتے وقت یوں رین میخ نکالو +

ڈکوسنا۔ پینا۔ نگلنا۔ (دھکارنا بولتے ہیں) +

ڈگڈگا کر پانی پینا۔ خوب چھک کر ایک دفعہ ہی بہت سا پانی پینا۔ پیاس سے بہت سا پانی پی جانا +

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت ہے۔ (کہاوت) یعنی مایوس کو تھوڑا سا سہارا بھی کافی ہوتا ہے +

ڈوب مر چپنی بھر پانی میں۔ یعنی اگر غیرت والا ہے اور بہت سا پانی نہیں ملتا۔ تو چپنی میں ہی ڈوب مر +

ڈوریا۔ ایک قسم کا دھاری دار ولایتی کپڑا جسے اکثر عورتیں پہنتی ہیں۔ ڈوروں کے سے نشان والا باریک کپڑا +

ڈھا

ڈولی۔ محافہ۔ زنانہ پردہ دار سواری۔ ڈولا۔ میانہ +

ڈولی پھنْدانا۔ تحقیراً ڈولی میں بیٹھ کر اِدھر اُدھر جانا۔ ڈولی میں پھرنا +

ڈومنی (۱) زنِ مطرب۔ مغنّیہ۔ میراثن۔ پردہ دار عورتوں میں ناچنے گانے والی عورت۔ جیسے منہ لگائی ڈومنی بال بچوں سمیت آئی (۲) ایک چڑیا کا نام +

ڈونڈی پیٹنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ منادی کرنا۔ اعلان کرنا۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا +

ڈوئی۔ لکڑی کا چمچہ جس سے پکا ہوا کھانا نکالتے ہیں۔ کفچۂ چوبی۔ جیسے جس کے ہاتھ ڈوئی اُس کا سب کوئی +

ڈھارس۔ تسلی۔ تشفی۔ مدد۔ پشتی۔ یاری۔ ہمت۔ دل کی مضبوطی +

ڈھارس باندھنا۔ ہمت باندھنا۔ تسلی دینا۔ تشفی دینا +

ڈھارس بندھنا۔ تسلی ہونا۔ استقلال ہونا۔ ہمت بندھنا +

ڈھارس دینا۔ تسلی دینا۔ تقویت دینا۔ پشتی کرنا۔ دلاسا دینا +

ڈھائی چُلّو لہو پینا۔ حالتِ غضب میں کسی کو مار کر غصہ فرو کرنے کے واسطے لہو پینا۔ جیسے تیرا ڈھائی چلّو لہو نہ پی جاؤں تو سہی۔ یعنی تجھے مار رکھوں تو سہی + (چونکہ دل یا جگر کے خون کی ڈھائی چلّو مقدار موت کے واسطے کافی ہے۔ اس وجہ سے یہ خصوصیت لگائی گئی +

ڈھائی گھڑی کی آنا۔ (کوسنا) ڈھائی گھڑی کے اندر مر جانا جیسے تجھے ڈھائی گھڑی کی آئے +

خواہ مخواہ کی خوشامد ✤

دیکھئے اونٹ کس کروٹ بیٹھے یا کس کل بیٹھتا ہے (کہاوت) یعنی خبر نہیں کیا نتیجہ نکلے ✤

دیکھیے شیر کی نظر کھلائے سونے کا نوالہ (کہاوت) یعنی اولاد کو رعب میں رکھے۔ اور وہ جو چاہے سو چکھے ✤

دیوانہ ۔ دل چلا۔ حواس باختہ۔ بیوقوف۔ ناسمجھ۔ پاگل۔ سڑی خبطی۔ سودائی ✤

دیوانی ۔ (۱) باولی پگلی۔ مخبوط الحواس۔ سڑن خبطن۔ (۲) بیوقوف۔ بےسمجھ (۳) وہ عدالت جس میں جایداد و نقدی کے مقدمات دائر ہوتے ہیں ✤

دیوانی باولی ۔ بدحواس۔ حواس باختہ۔ سڑن خبطن ✤

دیوانی ماں کا خبطی بیٹا یعنی جیسی ماں خبطن۔ ویسا ہی بیٹا گاودی ✤

دیوانی ہانڈی ۔ بے ترتیب دبے ڈھنگی ہانڈی جس میں مختلف ترکاریاں میل بے میل پکائیں۔ بے قرینہ سالن ✤

ڈ

ڈاڑھی کا ایک ایک بال کر دینا ۔ ڈاڑھی نوچ لینا۔ ڈاڑھی اکھاڑ ڈالنا۔ مُنہ پر ڈاڑھی کا کوئی بال نہ چھوڑنا۔ ڈاڑھی کھسوٹ لینا۔ ڈاڑھی کا صفایا کر دینا (فقرہ) تو تو ایسی لڑاکا ہے کہ اگر کوئی مرد تیرے نیچے کو

مارتا۔ تو وہیں پہنچتی اور بھلے مانس کی ڈاڑھی کا ایک ایک بال کر دیتی ✤

ڈاڑھیں مار مار کر رونا ۔ باوازِ بلند گریہ وزاری کرنا ہچکیاں لے لے کر رونا۔ زار و قطار رونا ✤

ڈاک بٹھانا ۔ قاصد پر قاصد روانہ کرنا۔ آدمی پر آدمی بھیجنا۔ بلاوے پر بلاوا بھیجنا۔ تقاضے پر تقاضا بھیجنا۔ جیسے بوا جہاں تک ممکن ہوتا ٹھیر جاتی مگر کیا کروں۔ سعیدہ نے آدمیوں کی ڈاک بٹھادی ✤

ڈاک لگنا ۔ (۱) متواتر تے ہونا (۲) برابر خبر یا ہرکاروں وغیرہ کا آنا جانا ✤

ڈاکن ۔ بہت سا کھانے والی۔ ڈکوسنے والی ✤

ڈال والا ۔ بندر۔ بوزنہ۔ بانر۔ باندر۔ میموں ✤

ڈانڈا مینڈا ۔ (۱) دو سِوانوں یا ریاستی سرحدوں کا مقامِ اتصال (۲) میل جول۔ ربط ضبط۔ پرانی راہ ورسم (۳) ہمسائیگی۔ پاس پڑوس۔ (۴) دو ہمسر زمینداروں کی دیرینہ دشمنی یا عداوت۔ ان بن۔ عداوت ✤

ڈانواں ڈول ۔ آوارہ۔ سرگردان۔ سرگشتہ خراب خستہ۔ پریشان ✤

ڈائن ۔ (۱) زنِ جگر خوارہ۔ وہ عورت جو اپنی تصوری طاقت سے نظر ملا کر بچوں کا جگر کھا جاتی ہے۔ (۲) ساحرہ۔ جادوگرنی۔ ٹونہائی (۳) بدصورت اور ہیبتناک عورت۔ ڈراونی صورت کی عورت ✤

دھو

دِق کرنا۔ نہایت تکلیف پہنچانا۔ ترسانا +

دُھوبی - کپڑے دھونے والا +

دُھوبی بیٹا چاند سا بیٹی اور پٹاخ - (کہاوت) یعنی خوش وضع دھوبی اپنی ذات دکھائے بغیر نہیں رہتا +

دَھوبی کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا میلا - (کہاوت) یعنی مانگے تانگے کی چیز بغیر چغلی کھائے نہیں رہتی۔ مجازاً دورنگا۔ چپ۔ ابلق +

دُھوبی کا کُتا گھر کا نہ گھاٹ کا - (کہاوت) یعنی بے ٹھکانے آدمی کسی کام کا نہیں +

دُھوپ (ا) سُورج کی روشنی (۲) ایک قسم کی خوشبو جو بوقت پوجا جلائی جاتی ہے +

دُھوپ چھاؤں - ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کا عکس پڑتا ہے +

دُھوپ دینا - دُھوپ میں رکھنا۔ دُھوپ لگانا +

دُھوپ میں بال یا چونڈا سفید ہونا - ناتجربہ کاری اور نہ کردہ کاری میں بوڑھا ہونا۔ جہالت میں زندگی گزار دینا۔ پیرنا بالغ شمار ہونا +

دُھو کر چھلا یا پیسہ اُٹھانا (۱) مُراد یا منّت ماننے کے وقت نیاز دلانے کے واسطے چھلے یا پیسے کو پاک کر کے رکھنا۔ تاکہ کامیابی کے وقت اس کی شیرینی تقسیم کی جائے (۲) منّت ماننا۔ نیاز ماننا۔ نذر ماننا +

دُھوم دَھڑکا - غل شور۔ واویلا۔ ہنگامہ +

دُھونتال - کام میں چالاک۔ جلد کام کرنے والی بہت سا کام کرنے والی۔ اَن تھک۔ جیسے یہ ماما بڑی دُھونتال ہے۔ سارے گھر کا کام کرلے گی +

دیکھ

دُھونسا کھانا - شامت آنا۔ سر پھرنا۔ مُصیبت آنا۔ شُومی و بدنصیبی پیش آنا۔ جیسے کسی کی ماں نے دُھونسا کھایا ہے۔ جو تمہیں ساجھی بنائے +

دھویا دھایا - صاف دیدہ۔ نہایت بے حیا بے غیرت (بے غیرت عورت کی نسبت بولتے ہیں) +

دِھینگا دِھینگی - زبردستی۔ جبر۔ تعدّی۔ جیسے دِھینگا دِھینگی ٹلّو کا راج۔ یعنی جسکی تیغ اسکی دیغ (دیگ) +

دِھینگا مُشتی - ہاتھا پائی۔ لڑائی کُشتی۔ مُشت مُشت لپکا دپکی۔ مارپیٹ +

دِیہی اپنے دِن بھرے لوگ مانگیں چلا - (کہاوت) یعنی پیر خود ہی مصیبت بھریں۔ اور مرید مانگیں مُراد +

دِیدوں پھُوٹی - اندھی۔ نابینا۔ کور +

دِیدوں گھٹنوں کے آگے آئے - (دعائے بد) چلنا۔ پھرنا۔ اور دیکھنا بھالنا نصیب نہ ہو +

دِیدہ ہوائی ہونا - شوخ چشم و چالاک ہونا +

دِیدے بند کرنا - بے رخ ہونا۔ بے مروّت ہونا۔ کم توجہ ہونا +

دِیدے کا پانی ڈھل جانا - بے شرم اور دیدہ دلیر ہوجانا۔ بے حیائی کا برقع اوڑھ لینا۔ کسی کا خوف یا ڈر نہ رہنا +

دِیکھا نہ بھالا صدقے گئی خالا - (کہاوت) یعنی

دَھلے پوجنا - باز آنا - دُور سے ڈنڈوت کرنا +

دَھجّی - لیر - کپڑے کی لمبی پٹّی - کترن +

دِھجّیاں - دھجی کی جمع لیریں +

دھجّیاں اُڑانا - (۱) پُرزے اُڑانا - کھال اُڑانا - (۲) پارہ پارہ کرنا - پاش پاش کرنا - (۳) جھیر جھیر کرنا - تار تار کرنا - (۴) ذلیل و رُسوا کرنا (۵) عیب چینی کرنا - اعتراض کرنا + خُوب خبر لینا +

دھجّیاں لگنا - چیتھڑے لگنا - غریبی و مُفلسی کے باعث کپڑے پھٹ جانا - پیوند پر پیوند لگنا - نہایت غریب اور مفلوک ہو جانا +

دُھرکی - ازل کی - تقدیر کی - خدا کے گھر کی - جیسے دُھرکی ساری چاہیے - بیماری کچھ نہیں کر سکتی +

دَھڑکَن - تڑپ - بیقراری - اضطرابی - دھک دھک ہولِ دل - اختلاجِ قلب - تپاکِ قلب +

دُھڑی جمانا - ہونٹوں پر مسّی کی تہ جمانا - مسّی ملنا - مسّی لگانا +

دَھڑی دھڑی کر کے لُٹنا - ذرا ذرا لُٹنا - بالکل مال و متاع کا غارت و تاراج ہونا - جھاڑُو پھرنا - صفایا ہونا - تنکا نہ بچنا - کچھ نہ رہنا +

دھڑی دھڑی کر کے لُوٹنا - بالکل تاراج و غارت کرنا - جھاڑُو پھیرنا - صفایا کرنا - تمام مال و متاع لُوٹ لینا - برباد کرنا - تنکا نہ چھوڑنا +

دَھڑیوں (۱) سیروں - بہت - بکثرت - بافراط - جیسے دھڑیوں خون گیا (۲) بخوبی تمام +

دَھک دَھک کرنا - دھڑکنا - تڑپنا - بیقرار ہونا + لرزنا - کانپنا - خوف خواہ - دہشت خواہ کمزوری خواہ کسی مرض کے باعث دل کا تھرتھرانا +

دَھک رہ جانا - حیران ہو جانا - متحیّر ہونا - بھچک رہ جانا - حسرت زدہ ہو جانا - صدمہ سا گزر جانا +

دہلیز کی مٹّی لے ڈالنا (دیکھو دروازہ کی مٹّی لے ڈالنا) +

دہلیز لانگھنا یا لانگنا - ایک گھر سے دُوسرے گھر جانا - دروازہ سے باہر قدم رکھنا +

دَھما چوکڑی - اُودھم - ہنگامہ +

دَھما چوکڑی مچانا - اُودھم مچانا - ہنگامہ برپا کرنا +

دَھندلے (دھاندل یا دھاندلے) مکر و فریب - کید حیلے دھوکے - چھند - پھپٹ بازیاں +

دَھندلے کرنا - مکر کرنا - فریب کرنا - پھپٹ بازی کرنا - حیلہ سازی کرنا +

دَھندلے یاد ہیں - بڑے حیلے حوالے یاد ہیں - نہایت مکّار اور حیلہ ساز ہے - دھوکا باز ہے +

دَھنیئے کی کھوپری میں پانی پلانا - تنگ و عاجز کرنا - سخت سزا دینا - پیاسا مارنا - یعنی دھنیئے کے چھلکے کی مقدار بموجب پانی دینا - نہایت ستانا - ازحد

دُودھ چڑھنا (۱) دُودھ خشک ہونا۔ دُودھ جذب ہونا۔ (۲) چھاتیوں میں دُودھ جمع ہونا۔ بچّہ کے دُودھ چھُڑا دینے یا مر جانیکے سبب چھاتیوں میں جو دُودھ جمع ہو جایا کرتا ہے۔ اُسے دُودھ چڑھنا بولتے ہیں ٭

دُودھ چھُٹنا یا چھُڑانا ٭ (دیکھو دودھ بڑھانا) ٭

دُودھ کا جلا چھاچھ پھُونک پھُونک کر پیتا ہے۔ (کہاوت) یعنی نقصان رسیدہ کام دیکھ بھال کر کرتا ہے۔ آدمی ٹھوکر کھا کر سنبھلتا ہے ٭

دُودھ کا دُودھ پانی کا پانی۔ (کہاوت) یعنی نہایت ٹھیک انصاف۔ ایسا انصاف جو دُودھ کو الگ پانی کو الگ کر دے ٭

دُودھ کی بُو مُنہ سے آنا (۱) ہنوز طفل ہونا۔ ابھی تک بچّہ و ناتجربہ کار ہونا۔ (۲) زمانۂ شیرخواری سے تعلق رکھنا ٭

دُودھ کے دانت۔ زمانۂ شیرخوارگی کے دانت ٭

دُودھ کی سی مکھّی نکال کر پھینک دینا۔ کسی شخص کا دخیل یا قرابتی ہونے کے باوجود بالکل اپنے ہاں سے خارج اور بے دخل کر دینا۔ محض بے دخل و بے تعلّق کر دینا۔ گھِناؤنا کر دینا ٭

دُودھوں نہاؤ پُوتوں پھلو۔ (۱) دُودھ کی ریل پیل ہو۔ اولاد کی بیل بڑھے (۲) دھن دولت آل اولاد سے خوش رہو یعنی صاحبِ اولاد ہو مال و دولت کی فراوانی ہو ٭

دُودھوں کُلّیاں کرو۔ خدا تمہیں اتنی ثروت دے۔ کہ پانی کی بجائے دُودھ سے کُلّیاں کیا کرو ٭

دُور دُور۔ (کلمۂ نفرت و بیزاری) پرے پرے۔ ہٹ ہٹ۔ سرک۔ پرے ہو۔ پاس نہ آ۔ صُورت نہ دِکھا۔ دفع دفان ٭

دُور دُور کرنا۔ کسی کو پاس نہ آنے دینا۔ نہایت نفرت اور بیزاری ظاہر کرنا۔ دھتکارنا ٭

دُور کے ڈھول سُہاونے۔ (کہاوت) کسی چیز کی غائبانہ تعریف دل خوش کن ہوا کرتی ہے ٭

دَوڑ کے چلے نہ گر پڑے۔ (کہاوت) یعنی اکڑ کر چلنا گرا کر رہتا ہے ٭

دُونوں وَقت مِلنا۔ رات اور دن ملنا۔ شام ہونا۔ جھٹ پٹا ہونا ٭

دُونوں وَقت ملے۔ وقتِ شام۔ وقتِ مغرب۔ جھٹ پٹا ٭

دُوہاجو۔ وہ مرد یا عورت جس نے دُوسری شادی کرلی ہو ٭

دھاک (۱) رعب۔ رعب داب۔ سکّہ (۲) دُھوم۔ شُہرہ۔ غلغلہ ٭

دھاک باندھنا (۱) رعب جمانا۔ رعب بٹھانا۔ دلوں میں خوف بٹھانا (۲) شُہرت حاصل کرنا۔ سکّہ بٹھانا ٭

دھاک بٹھانا۔ (۱) رعب جمانا۔ خوف بٹھانا جیسے چوروں نے بڑی دھاک بٹھا رکھی ہے (۲) سکّہ بٹھانا ٭

دھاک بندھنا۔ رُعب بندھنا۔ رعب جمنا۔ دلوں میں خوف بیٹھنا۔ سکّہ بیٹھنا ٭

دھان پان۔ دھان کے پودے اور پان کے پتّے کی طرح نازک (۲) لاغر۔ دُبلا۔ نازک اندام ٭

دھانی۔ دھان کے پتّوں کا سا رنگ۔ ہلکا سبز۔ سبز مائل بہ زردی ٭

دُنی

کو کام بے بیٹھنا بے وقت اور بے موقع کام کرنا +

دِن کو دِن رات کو رات نہ جاننا یا نہ سمجھنا ۔ کسی کام میں رات یا دِن کی پروا نہ کرنا آرام سے کام نہ رکھنا ۔ ہر وقت کام میں مشغول رہنا ۔ جیسے اُسکی ماں نے دِن کو دن اور رات کو رات نہ جانا ۔ جب پال پوس بڑا کیا +

دُنیا کے جھگڑے ۔ دنیا کے کام کاج ۔ دُنیا وی مُعاملات دُنیا کے مشغلے +

دُو ۔ ایک اور ایک کا مجمُوعہ ۔ جُفت ۔ جوڑہ ۔ جیسے دو جُون کے بھی بُرے دو کو دیکر کھاؤ اور ثواب کماؤ +

دُو آنسُو ڈالنا ۔ تھوڑا سا رونا ۔ ذرا رونا +

دُو آنسو گرانا ۔ یا ۔ بہانا ۔ تھوڑا سا رونا ۔ ذرا رونا +

دُو اُنگل کی بچّی ۔ ننھی سی جان ۔ چھوٹی عمر کی لڑکی ۔ دُودھ پیتی بچّی ۔ (تحقیراً بولتے ہیں) جیسے دو اُنگل کی بچّی سوا گز کی زبان +

دُو اُنگلیاں مِسّی لگانا ۔ ذرا سی مِسّی ملنا +

دُو جِیا ۔ دوجی والی ۔ حاملہ ۔ پیٹ والی ۔ پیٹ سے ۔ باردار +

دُوجی سے ہُونا ۔ حاملہ ہونا ۔ پیٹ سے ہونا +

دُو کوڑیاں یا دُو پیسے اللہ کے نام اُٹھانا ۔ کسی مُراد کے پُورا ہونے کے واسطے عاجزانہ تھوڑی سی مَنّت ماننا مُراد برآری کے واسطے اپنی غربی جتانے کو تھوڑی ہی نذر ماننا +

دُود

دُو کوڑی کو نہ پُوچھنا ۔ ذرا قدر نہ کرنا ۔ بالکل خاطر میں نہ لانا +

دُو گانہ ۔ دیکھو دُگانہ +

دُو گانہ ادا کرنا ۔ خدا تعالیٰ کے شکریے کی دو نفل پڑھنا +

دُو گانہ پڑھنا ۔ خدا تعالیٰ کی شکر گزاری میں دو نفل پڑھنے +

دُو گانہ پھل ۔ جُڑواں پھل جیسے دوگانہ آم ۔ دوگانہ کیلا ۔ دوگانہ سنگھاڑا وغیرہ +

دو مُلّاؤں میں مُرغی حرام ۔ (کہاوت) یعنی دو مخالفوں میں مطلب فوت ہو جاتا ہے ۔ دو دعویداروں میں مال کا نقصان ہی نقصان +

دَوا دَرمَن ۔ دوا ۔ درمان ۔ علاج معالجہ ۔ دوا دارُو +

دُودھ ۔ (۱) شیر ۔ لَبَن ۔ پَلک (۲) کسی لیسدار درخت کا چپچپا ہوا سفید پانی جیسے بڑ ۔ آکھ اور تھُوہر کے درخت کا دُودھ +

دُودھ اُترنا ۔ دُودھ پلاتے وقت چھاتیوں میں دُودھ بھر آنا +

دُودھ اُگلنا ۔ بچّے کا دُودھ ڈالنا ۔ دُودھ کی قے کرنا +

دُودھ بڑھانا ۔ بچّہ کا میعادِ مقررہ پر دُودھ چھڑانا ۔ بچے کو دُودھ پینے سے باز رکھنا +

دُودھ بھری کٹوریاں ۔ دُودھ بھری چھاتیاں ۔ پستانِ پُر از شیر ۔ جیسے اللہ اللہ لُوریاں ۔ دُودھ بھری کٹوریاں +

دُودھ بھی پیا را پُوت بھی پیا یا قسم کس کی کھاؤں (کہاوت) یعنی کسی طرح بن نہیں آتی ۔ جب کسی کام کو کرتے ہی بن نہ پڑے نہ چھوڑتے ۔ اُس وقت یہ کہاوت بولی جاتی ہے یعنی یا کردنی نہ کردنی +

دُودھ پیتا بچّہ ۔ (۱) گود کا بچّہ ۔ ننھا بچہ ۔ شیر خوار ۔ شیر خوارہ ۔ (۲) مجازاً بھولا ۔ ناتجربہ کار ۔ ناسمجھ ۔ نادان +

دودھ پیتا بچہ

دم	دن

دُم پَر بَن جانا۔ جان پر آن بنا۔ ہلاکت کے قریب پہنچنا +

دَم توڑنا۔ سانس اُکھڑنا + آخر سانس لینا۔ جان کنی ہونا +

دَم چُرانا۔ اپنے تئیں مُردہ ظاہر کرنے کے لئے سانس روک لینا۔ جھوٹ مُوٹ مُردہ ظاہر کرنا۔ مرجانے کا دم دینا موت کا فریب کرنا +

دَم خشک ہونا۔ دم بند ہونا۔ خوف کھانا۔ نہایت ڈرنا۔ رُعب غالب ہونا +

دَم فنا ہونا۔ جان نکلنا۔ جان جانا جیسے دام دیتے ہوئے دم فنا ہوتا ہے +

دَم گھونٹ گھونٹ کر رکھنا۔ مرضی کے برخلاف اور زبردستی رکھنا۔ تنگی میں رکھنا۔ ضیق میں رکھنا +

دَم گھونٹ گھونٹ کر مارنا۔ جلا جلا کر مارنا۔ بولنے تک کا حوصلہ نہ دینا +

دَم میں دَم آنا۔ جان میں جان پڑنا۔ دل کو تازگی و خوشی حاصل ہونا۔ پژمردگی دُور ہونا۔ افسردگی دُور ہونا + بقائے حیات ہونا۔ زندگی ہونا +

دَم ناک میں آنا۔ (۱) دم لبوں پر آنا۔ (۲) عاجز ہونا۔ تنگ ہونا۔ بیزار ہونا +

دَم نہ مارنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔ اُف نہ کرنا۔ ہُوں نہ کرنا +

دُم۔ (۱) پُونچھ۔ ذنب (۲) انت۔ انجام + تھوڑا سا جیسے ہاتھی نکل گیا۔ دُم باقی ہے (۳) پچھاڑ پچھلگو +

دُم کے پیچھے پھرنا۔ ساتھ ساتھ لگا پھرنا۔ پیچھے پیچھے پھرنا۔ ساتھ ساتھ رہنا۔ ہمزاد بن جانا۔ جیسے۔ یں

عورت ذات کہاں کہاں اسکی دُم کے پیچھے پھروں +

دِماغ چوٹی۔ اترانے والی۔ دماغدار۔ متکبر۔ خود پسند مغرور۔ مدمّغ۔ سیدھے مُنہ بات نہ کرنے والی۔ بددماغ +

دمڑی کی دال بُوا پتلی نہ ہو۔ کنجوس عورت کی ہجو میں کہتے ہیں + (از روئے طنز) +

دُمڑی کی ہانڈی بھی لیتے ہیں تو اُسے ٹھونک بجا کر دیکھ لیتے ہیں (کہاوت) یعنی کسی چیز کو بھی لیتے ہیں تو دیکھ بھال کر لیتے ہیں۔ ادنی چیز بھی دیکھ بھال کر لینی چاہیے +

دِن (۱) روز۔ یوم۔ نہار (۲) صبح۔ تڑکا۔ رُوزِ روشن (۳) اوستھا۔ عمر۔ (۴) عرصہ۔ زمانہ (۵) طالع۔ بخت۔ نصیب +

دِن پُورے کرنا۔ مصیبت کے دن بھوگنا۔ جُون بھوگنا +

دِن پھرنا۔ اچھے دن آنا۔ نصیبا جاگنا + نحوست دُور ہونا +

دِن چڑھنا۔ (۱) سُورج نکلے دیر ہونا (۲) دن آنا (۳) حمل کے دن ٹلنا +

دِن دہاڑے۔ روزِ روشن میں۔ دن کے وقت ہیں دن دیئے۔ علانیہ۔ جیسے کیوں ری جھوٹی لپاٹن یہ دن دہاڑے آنکھوں میں خاک جھونکنا اور جُوتیوں سمیت گُھسنا +

دِن عید رات شبِ بَرات۔ شب و روز کی خوشی ہر وقت کا نشاط و انبساط۔ رات دن کی شادمانی +

دِن کاٹنا۔ دن بسر کرنا۔ دن گزارنا۔ مصیبت بھرنا۔ دُکھ بھرنا

دن کو اُونی اُدنی رات کو چرخہ پُونی دن اَنگان کھوا در رات

دلا	دم

دِل کے جلے پھپھولے پھوڑنا - دکھادت، یعنی بات بات پر اپنی دشمنی اور مخالفت ظاہر کرنا +

دل مار کر بیٹھ رہنا - مایوس ہو کر بیٹھ رہنا - دل پر صدمہ اٹھا کر بیٹھ رہنا +

دِل مار کر کوئی کام کرنا - خواہش نفسانی کو روک کر کوئی کام کرنا - مشقت سے کوئی کام کرنا +

دِل مارنا (۱) دل کی خواہش روکنا - دل کی آرزو اور اُمنگ دبانا (۲) مایوس ہونا +

دِل مسوس کر رہ جانا - دل پکڑ کر رہ جانا - دِل مل کر رہ جانا - کسی صدمہ یا چوری کے باعث چپ کا چپ رہ جانا +

دِل ملا - (بیگمات قلعہ) بہناپا - وہ باہمی رشتہ جو سہیلیاں آپس میں جوڑ لیتی ہیں جیسے کسی سے جان من - کسی سے دُشمن کسی سے دِل ملا کا رشتہ بندا ہوا ہے +

دل میلا کرنا - دِل بھاری کرنا - دِل کو غمگین اور اندوہگین بنانا - دِل پر غم یا کلفت لانا - رنج اٹھانا - دل اُداس کرنا - دِل کو متفکر کرنا +

دِل میلا نہ ہونے دینا - دِل پر کدورت نہ آنے دینا - دِل پر رنج و کلفت نہ آنے دینا +

دِل میں دِل ڈالنا - دوسرے کا اپنا سا دِل بنانا - کسی کے دل پر اپنے دِل کا اثر ڈالنا - اپنے دِل کی بات کا دوسرے کو یقین دلانا - دِل ملانا - اپنے موافق کرنا جیسے کسی کے دل میں دل نہیں ڈالا جاتا +

دِل میں گھر کرنا - دِل میں بیٹھنا - عزیز بننا - دل میں جگہ کرنا +

دُلاری - پیاری - لاڈلی - نازو - ناجو - جیسے راج دُلاری +

دُلالت برسنا - رعب داب ظاہر ہونا - شان و شوکت کا نمایاں ہونا +

دِلِدّر (صحیح دلدر) (۱) کوڑا کرکٹ میل کچیل (۲) نحوست - بدطالعی - بدبختی (۳) محتاجی - تنگدستی - تنگحالی جیسے ایشور آوے - دلدّر جاوے (۴) نجس چیز - منحوس چیز - خراب چیز جیسے یہ کیا دلدّر اٹھا لائے - (۵) پلید آدمی - گندا آدمی - گھوری - غلیظ (۶) بدبخت آدمی منحوس آدمی (دلدّر زیادہ بولتے ہیں) +

دِلدّر بھاگنا - افلاس دُور ہونا - نحوست ٹلنا - نصیبا جاگنا +

دِلدّر پار ہونا - دیکھو (دلدّر بھاگنا) +

دِلدّر دُور ہونا - افلاس یا نحوست کا جاتا رہنا - تنگ حالی کا خوشحالی سے بدل جانا +

دِلدّری - (۱) ناپاک - نجس - میلا - گھوری - میلا کچیلا - کثیف - کثیف الطبع - (۲) منحوس - نحوست بھرا +

دُلہن - (۱) عروس - بنی - بنڑی - بانو (۲) پیاری - عزیزہ - دل کی کور (۳) مجازاً بیٹی - دختر - صبیہ - جیسے میری دُلہن پڑھنے چلی جا - اُستانی کو سمجھا دُونگی +

دَم (۱) سانس - نفس - پھونک (۲) افسوں منتر دُعا یا جادُو کے انجھر (۳) دھوکا - فریب - مکر +

دَم اُلٹنا - دِل گھبرانا - سانس رُکنا - طبیعت متوحش ہونا +

دَم اُلجھنا - دِل گھبرانا - جی اکتانا +

دَم بند ہونا - خاموش ہونا - چُپ رہنا - خوف یا دہشت کے مارے بات نہ کر سکنا +

دَم بھر - لمحہ بھر - پل بھر - ایک لحظہ ذرا - جیسے دم بھر آرام نہیں +

دَم بھرنا (۱) سانس پھولنا - سانس چڑھنا - تھکنا (۲) محبت کا دعویٰ کرنا (۳) یا ہو کبوتر کا بولنا +

دل

ہانس ۔ چنبر گردن ۔ ترقوہ +
ڈگڈگی میں دم ہونا ۔ سینہ میں دم ہونا ۔ صرف سینے یا گلے
میں سانس ہونا ۔ گھنگرو بولنا ۔ دم نکلنے کا اخیر وقت ہونا +
دل ۔ (۱) ایک صنوبری عضو کا نام ۔ قلب ۔ ہردا ۔ من ۔ ہیا ۔
جی ۔ جیوڑا + ضمیر (۲) حوصلہ ۔ جگرا ۔ سخاوت (۳) بہادری
ہمت ۔ عالی حوصلگی (۴) جزو اعظم صدر + قلب + خلاصہ
جیسے تم نے تو اُس کا دل نکال لیا ۔ (۵) مرکز ۔ جگر (۶) رغبت
خواہش (۷) اندرونہ ۔ اندر والا ۔ بطون (۸) توجہ ۔ رُخ
جیسے دل لگا کر کام کرو +
دل اُلٹنا ۔ دل رفتہ ہونا ۔ ہوش و حواس قایم نہ رہنا ۔ دیوانہ
ہوجانا ۔ پاگل ہوجانا +
دل بھاری ہونا ۔ ملول خاطر و اندوہگین ہونا +
دل پانا ۔ عندیہ معلوم کرنا ۔ منشا دریافت کرنا ۔ رجحان دیکھنا ۔
رُخ دیکھنا ۔ جیسے دل پاتے ہیں ۔ تو ہم بھی تمہارے
پاس چلے آتے ہیں +
دل پر سانپ لوٹنا ۔ (۱) افسوس آنا ۔ ملول ہونا ۔ پچھتاوا آنا +
(۲) رنج و صدمہ گزرنا ۔ (۳) رشک ہونا ۔ حسد ہونا ۔ جلنا
دل پر نقش بٹھانا ۔ دل میں بات جمانا +
دل پر ہاتھ رکھنا ۔ (۱) دل کو تسلی دینا ۔ اضطراب قلب کو
روکنا (۲) صبر کرنا ۔ برداشت کرنا ۔ جیسے بہو اگر دل
پر ہاتھ رکھ لے ۔ تو ساس کو رام کرنا کوئی بڑی بات نہیں +

دل

دل پکڑا جانا ۔ دل میں شبہ گزرنا ۔ ماتھا ٹھنکنا +
دل پکڑے پھرنا ۔ بے تابانہ اور مضطربانہ پھرنا + مامتا کے
مارے بے چین رہنا +
دل پیچھے پڑنا ۔ دل کا دوسری طرف متوجہ ہونا ۔ دل بہلنا +
دل بٹنا ۔ کسی چیز کی یاد بھولنا ۔ غم غلط ہونا +
دل ٹھکانے ہونا ۔ اطمینان ہونا ۔ دل قابو میں آنا ۔ دل ٹھیرنا +
دل جان ۔ وہ رشتہ جو سہیلیاں آپس میں مقرر کر لیتی
ہیں ۔ جیسے دشمن ۔ دل ملا ۔ برخلاف وغیرہ (بیگمات قلعہ)
دل دُکھانا ۔ دل کو رنج و صدمہ پہنچانا +
دل دیکھنا ۔ دل کا امتحان کرنا ۔ دل کی آزمایش کرنا ۔ دل
کا حال دریافت کرنا +
دل ڈوبنا (۱) ضعف یا ناتوانی سے دل کا بیٹھا جانا ۔ غشی
کا عالم ہونا (۲) دل کا خون میں غرق ہونا +
دل رکھنا ۔ (۱) دل کو خوش رکھنا ۔ دل پر میل نہ آنے دینا +
(۲) مان رکھنا ۔ آرزو پوری کرنا ۔ مراد بر لانا (۳) تسلی دینا ۔
تسکین کرنا ۔ دل جمعی کرنا ۔ اطمینان بخشنا +
دل سے دعا نکلنا ۔ نہایت خلوص و اخلاص سے کسی کی
بھلائی چاہنا ۔ تہ دل سے دعا دینا +
دل شاد ۔ (۱) خوش دل ۔ آنند ۔ مگن ۔ بشاش ۔ باغ باغ ۔
خوش و خرم (۲) لونڈیوں اور باندیوں کے نام +
دل کے پھپھولے پھوٹے ۔ (کہاوت) یعنی دشمن کے
نقصان اٹھانے یا ذلیل ہونے سے جی خوش ہوا ۔ مراد
بر آئی ۔ دل کے چیتے ہوئے +

اُس کے چوٹ لگ گئی +

دُشمنوں کے دِل کا چیتا ہُوا - دشمنوں کی مُراد برآئی +

دُعویدار - (۱) مُدعی - نالشی - مُستغیث - فریادی - دادخواہ - حق طلب (۲) دُشمن - رقیب (۳) وارث - حقدار +

دُفان - (از دفع) دُور - دفع - پرے ہٹ - سرک - چل - جا +

دُفان ہونا - (از روئے نفرت) دُور ہونا - دفع ہونا - چلا جانا - مُنہ کالا کرنا - جیسے چلو دفان ہو +

دُفتر - (۱) روزنامچہ - حساب کتاب کا رجسٹر - چٹھا - بیاض - بہی کھاتہ (۲) طُومار - کچا چٹھا - طویل کہانی - طویل قصہ - طومار - شکایت - جیسے ہر ایک کے آگے میاں کا دفتر کھل رہا ہے +

دفع دفان ہونا - رفع دفع ہونا - رُخصت ہونا - چلا جانا (تنفراً بولتے ہیں) +

دُکھتی چوٹ گنونڈے بھیٹ - (کہاوت) اکثر دُکھتے ہی مقام پر چوٹ لگتی ہے - اور واجب الاحتراز سے مٹ بھیڑ ہو جاتی ہے +

دُکھ دَرد کا شریک - رنج و غم کا ساتھی - شریک رنج و درد - ہمدرد - دُکھ سکھ میں کام آنیوالا +

دُکھڑا - دُکھ کی تصغیر بالتحقیر (۱) دُکھ سے نسبت رکھنے والا - (۲) ریاضت - زحمت کشی - محنت کشی (۳) مصیبت - بپتا (۴) روگ - مرض - بیماری - جیسے دُکھڑا لگنا - (۵) محنت - مزدوری - سخت مشقت (۶) بیان اندوہ - افسانہ درد آمیز +

دُکھڑا پیٹنا - (۱) سخت محنت و مشقت کرنا - مُصیبت بھرنا - مشکل سے گزارہ کرنا - عُسرت سے بسر کرنا (۲) محنت مزدوری کرنا -

دُکھڑا رونا - مُصیبت دُہرانا - رام کہانی کہنا - اپنی بیتی کہنا - غم کی کہانی سُنانا +

دُکھ کی پوٹ - سر تا پا دُکھ - نرا دُکھ ہی دُکھ - دائم المرض - جنم روگی - سدا روگی +

دُگانا - ہمعمر عورتوں کا ایک رشتہ جو دو مغزا بادام کھا کر جوڑا جاتا ہے - بہناپا - دوستانہ - دوستی +

دُگانہ - مخفف دوگانہ جُڑواں یا دوہری چیز جیسے دوگانہ آم - بادام یا سنگھاڑا وغیرہ +

لاگر بھولے سے اس قسم کی چیز مذاق میں دیدیں - اور کوئی دوست سیدھے ہاتھ میں لے لے - تو اُس کے عوض حسب دستور باہمی بہت سی وہی چیز دینی پڑتی ہے - اور جو کہدے - کہ "یاد ہے" تو کچھ نہیں دینا پڑتا - (۲) نماز کی دو رکعت - شکرانہ کی دو رکعت یا شکریے کے دو نفل - جیسے دوگانہ ادا کیا +

دُگدا یا دُبدا - (صحیح دُگدھا) شُبہ - اندیشہ - بے اطمینانی جیسے اپنے دل میں دُگدا نہ رکھو - صفائی کرو +

دُگدُگی یا دُھگدُگی (۱) حلقوم - سینہ اور گلو کے بیچ کا گڑھا - نرگسی - حلق - گلا (۲) جُگنی - ایک گلے کے زیور کا نام جو سینہ سے اُوپر لٹکا رہتا ہے (۳) سینہ کی ہڈی

دست

پکڑنے کا آلہ۔ آتش کش۔ آتشگیر +

دست قلم یا۔ دست و قلم۔ خواندہ لکھی پڑھی تعلیم یافتہ عالمہ۔ فاضلہ +

دست کار۔ ہاتھ سے کام کرنے والا۔ یا ہاتھ سے کام بنانیوالی۔ ہنرمند۔ حرفت کار۔ حریفہ +

دست کاری۔ کاریگری۔ ہاتھ کی کاریگری۔ ہاتھ کا کام۔ ہنرمندی۔ حرفت +

دسترخوان۔ خوان وہ کپڑا جس پر کھانا رکھ کر کھائیں (یہ لفظ ہندوستانی فارسی ہے۔ ایرانی فارسی میں صرف خوان مستعمل ہے) +

دسترخوان پچھانے میں سو عیب (کہاوت) یعنی طعنہ نہ بچھانے میں ایک عیب (کنزوں کے کھلانے سے نہ کھلانا بہتر ہے +

دسترخوان بڑھانا۔ دسترخوان اُٹھانا یا سمیٹنا +

دسترخوان کا توبہ توبہ کرنا۔ جب دسترخوان پر کھانا چُنا یا کُھلا ہوا رکھا ہو۔ اور کسی کے انتظار میں کھانے پر نہ بیٹھا جائے۔ تو کہتی ہیں۔ کہ بیبیو! دسترخوان کھلا ہُوا توبہ توبہ کر رہا ہے۔ ہاتھ دھو دھو کر کیوں نہیں بیٹھ جاتیں؟

دسترخوان کی بلّی۔ طعام تلاش۔ وہ عورت جو کھانے کے وقت پر بغیر بُلائے دسترخوان پر موجود ہو جائے۔ خود غرض اپنے مطلب کی۔ کام چور نوالہ حاضر +

دُشم

دُسمال۔ (صحیح دست مال) برتن صاف کرنیکی صافی۔ نہایت مَیلی صافی یا کپڑا جس سے برتن پوچھتے ہیں مجازاً مَیلے کچیلے کپڑے۔ جیسے بچی نے چار ہی دن میں اپنے کپڑے دُسمال کر دئے +

دَسوں اُنگلیاں دَسوں چراغ۔ ایک ایک اُنگلی ایک ایک ہنر سے روشن۔ نہایت ہُنرمند اور سُگھڑ لڑکی۔ لیاقت والی عورت۔ سلیقہ والی بی بی۔ دستکار +

دُشمن (۱) بدخواہ۔ بَیری۔ مخالف۔ بُرائی چاہنے والا (۲) (بیگمات قلعہ) بہناپے کے ایک رشتہ کا نام۔ جسے بیگمات نے ایجاد کر رکھا تھا۔ یہ رشتہ ایسا ہی تھا۔ جیسے زناخی۔ دُگانہ۔ دِل مِلا۔ جانِ من وغیرہ یعنی دشمنِ مُفارقت +

دُشمن کی گلی بکیوں گئے تھے اپنا دوست گروی تھا۔ یعنی لیلیٰ کا کُتّا بھی پیارا ہوتا ہے۔ دوست کی خاطر ناگوار بات بھی گوارا کرنی پڑتی ہے +

دُشمن نہ تو سُوئے نہ سُونے دے۔ (کہاوت) یعنی دشمن سے ہر وقت خایف رہنا چاہیے۔ دُشمن نہ آپ چین سے رہتا ہے نہ دُوسرے کو چین سے بیٹھنے دیتا ہے +

دُشمنوں کو دُشمنوں کے۔ بجائے اُسکو یا اُسکے وغیرہ جب کسی اپنے حبیب یا عزیز کی بیماری کا بیان کیا جاتا یا اُسکی کسی اور تکلیف کا ذکر زبان پر لایا جاتا ہے تو عورتیں اُس کے نام کی بجائے اُس کے دشمنوں سے مثل نصیبِ اعدا منسُوب کرتی ہیں۔ جیسے اُس کے دشمنوں کو بخار ہے یعنی اُسے بخار ہے۔ اُسکے دُشمنوں کو چوٹ لگ گئی یعنی اُس کے چوٹ لگ گئی +

درد کھانا - (۱) رحم کرنا - ترس کھانا - (۲) دردِ زہ ہونا جننے کی علامت ظاہر ہونا - جیسے چار روز سے درد کھا رہی ہے +

دَر گُور - (دعائے بد وکلمہ تنفر) (۱) زمین کا پیوند ہو - زمین میں دفن ہو - گاڑا جائے - قبر میں جائے - مرے مرجائے - غارت ہو ناپید ہو - اُجڑ جائے - (۲) نوج - خدا نہ کرے - جیسے درگور وہ میرا جنا کیوں ہونے لگا - (۳) دور ہو بھرک - مُنہ نہ دکھا +

دَروازہ پر ہاتھی جھولنا یا جھومنا - اس قدر دولتمند ہونا کہ دروازہ پر ہاتھی بندھا رہے - نہایت دولتمند ہونا - بڑا بھاری امیر ہونا +

دروازہ کی مٹّی لے ڈالنا - بہت سے پھیرے کرنا - دروانہ پر بار بار آنا - اِس کثرت سے گھر پہ آنا - کہ دہلیز کی مٹّی تک اُڑ جائے - بار بار تقاضے کو آنا - سخت تقاضا کرنا - جیسے لالہ کا سُود کیا چڑھا کہ دروازے کی مٹّی لے ڈالی +

دروازہ معمُور ہونا - کواڑ مُندنا - کُنڈی لگنا - دروازہ بند ہونا +

دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بَیر (کہاوت) حاکم یا افسر یا کسی سردار سے بگاڑنا اپنا ہی نقصان کرنا ہے - ماتحت ہو کر افسر سے بگاڑنا - میر محلّہ سے دشمنی رکھنا - زبردست کا خوف کرنا +

دَرِیغ - (صحیح دِریغ) (۱) حیف - افسوس - تاسّف (۲) رنج وغم (۳) حسرت - پشیمانی (۴) پچھتاوا - ملولہ (۵) مضایقہ تنگی - دشواری - جیسے ہاتھ کے میل کو دینے میں کیا دریغ ہے +

دَرِیغ نہ کرنا - (۱) افسوس نہ کرنا - پچھتاوا نہ کرنا (۲) عزیز نہ رکھنا - قدر نہ کرنا + تنگدلی یا خسّت نہ کرنا جیسے وہ کسی چیز کے دینے میں دریغ نہیں کرتی (۳) کمی نہ کرنا - کسر نہ رکھنا (۴) انکار نہ کرنا - جیسے اُسے دینے میں دریغ نہیں +

دَڑ بڑانا - (۱) جھوٹا ٹھیرانا - ڈرا کر گھبرا دینا - خوف دلانا - دھمکانا - جھڑکنا - گھُرکنا (۲) دبانا - رُعب ڈالنا - مغلوب کرنا - جیسے سب نے دڑبڑا کر شادی کا اقرار لے لیا +

دَشت (۱) ہاتھ - ید - کر - پنجہ - (۲) اِسہال - پتلا پیخانہ +

دَست اندازی - (۱) ہاتھ ڈالنا - مداخلتِ بے جا - مزاحمت ہاتھا چھانٹی - دخل (۲) لُوٹ کھسوٹ (۳) نوچا کھسوٹی +

دَشت آور - دست لانے والی دوا - تلیین کرنیوالی دوا +

دَشت بخیر - (کلمۂ دُعا) جب کسی دوست کے مرض کو اپنے یا کسی عزیز کے ہاتھ میں اسکی جگہ بتلاتے ہیں - تو اوّلاً یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں - جیسے دشت بخیر اُن کے بھی اسی جگہ پھوڑا تھا یعنی ہماری اس نظیر سے خدا تعالیٰ اِس ہاتھ کو سلامت رکھے - اُن کے ہاتھ میں دشت بخیر اس جگہ پھوڑا تھا - دستم بخیر بھی کہہ دیتے ہیں - مگر کم +

دشت بستہ - ہاتھ باندھ کر - ہاتھ جوڑ کر - نہایت عاجزی سے - نہایت انکسار سے - جیسے دشت بستہ عرض کرنا +

دشت بُقچہ - بُقچی - چھوٹی سی بُقچی جو ہر وقت ساتھ رہے - کپڑوں یا سینے پرونے کی ٹپٹیا - دست بیگ +

دشت پناہ - ہاتھ کو جلنے سے پناہ دینے والا آلہ - چمٹا - آگ

(۹) زور لگا کر ٹھونسنا - امانا +

دباؤ - (۱) مغلوبیت (۲) خوف - دہشت - ڈر - ڈری - اندیشہ (۳) جبر - سختی - تعدی - جیسے اُن کے دباؤ سے یہ کام کیا (۴) رعب - داب +

دباؤ ڈالنا - زور ڈالنا - عاجز کرنا مجبور کرنا +

دُبدھا - تذبذب - شک - شبہ - پس و پیش - کشمکش - پیچ - (۱) ہچر مچر جیسے دُبدھا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام +
(عوام الناس اور علی الخصوص مستورات دُگدھا بولتی ہیں - اصل میں (دو بُدھا) سے مرکب ہے یعنی دو طرح یا دو طرح کی مت +

دَبَنگ - (۱) آزاد منش - آزاد کا سونٹا - شہدے کا لٹھ (۲) موٹا مُسٹنڈا - سنڈ مُسنڈا - طاقتور - شہزور - ہٹا کٹا - ختنگا +

دَبَنگی - مُسٹنڈی - موٹی تازی - ہٹی کٹی - زور آور عورت +

دُبّو دُبّو کرنا - (۱) کسی بات کو دبانا - کسی معاملہ کو چھپا دینا - (۲) سُنی اَن سُنی کر دینا +

دبی بلی چوہوں سے کان کٹواتی ہے - (کہاوت) یعنی زبردست قابو میں آکر زیردست کا تابع ہو جاتا ہے +

دبے پاؤں - (۱) آہستہ آہستہ - سہج سہج - آہٹ کے بغیر - چُپکے چُپکے - دھیمے دھیمے ہولے ہولے (۲) چُپکے سے - چوری سے +

دبے پاؤں آنا - چُپکے چُپکے آنا - نہایت آہستگی سے آنا - جن کی آہٹ نہ ہو - بے آہٹ آنا +

دبی زبان سے کچھ کہنا - آہستگی یا مری زبان سے کچھ اقرار کرنا - کم توجہی سے بات کہنا - غیر مستقل ہو کر کچھ کہنا - شرما شرمی وعدہ کرنا - گرمجوشی سے نہ کہنا +

دَدَا - (ترکی میں دَدا یا دَدک آتا ہے) وہ عورت جو بچوں کی پرورش کے واسطے نوکر ہو - کھلائی بچوں کو پالنے اور کھلانے والی باندی +

دَدیا خُسَر یا دَدیا سُسَر - بیوی کا دادا - خصم کا دادا - دادا سُسرا + (لفظ سُسرا شریفوں میں مستعمل نہیں ہے) +

دُر - (کلمۂ تنفر) دُور ہو - پرے سرک - ہٹ - چل پرے +

دُر دُر پھٹ پھٹ - (کلمۂ تنفر) دُور ہو - لعنت ہے - تُف ہے - لعنت - ملامت - دُھتکار - پھٹکار - دھتکار و تھڑی تھڑی کے موقع پر بولتے ہیں - +

دُر موئے (کلمۂ تنفر) مرنے جوگے دُور ہو - دفعان ہو - ہٹ کم بخت بہشت - دُر +

دَرّانا - بے دھڑک بے خوف و خطر - آزادانہ - منہ اُٹھائے - سیدھا - بن پوچھے - بلا اجازت جیسے غدر میں موئے فاکی جس کے گھر میں چاہا دَرّانہ گھس آئے +

در در مارا پھرنا - یا } (۱) آوارہ و سرگرداں پھرنا - تباہ و برباد پھرنا -
دربدر مارا پھرنا - } خراب و خستہ پھرنا - (۲) دربدر خستہ حال اور بھیک مانگتے پھرنا جیسے اِس پر خدا کی پھٹکار ہے کہ در در مارا پھرتا ہے +

دَرد کھا کر جَنْنا - تکلیف اُٹھا کر جننا - درد اُٹھا کر بچہ دینا - جیسے اُس نے کیا دَرد کھا کر نہیں جنا تھا - جو تم ماں کی قدر نہیں کرتے

یہ کلمہ لایا جاتا ہے + ؎۱

دائی دائی تیرے ساتوں بھائی - (کھیل کا فقرہ)
یہ دُعائیہ فقرہ آنکھ مچولی کے کھیل میں بولا جاتا ہے - اسکی اصل یہ ہے کہ بہت سے کھیلنے والے بچّوں میں سے ایک بچّہ چور اور ایک دائی بنا دیا جاتا ہے - جسے چور بناتے ہیں وہ دائی کی گود میں آ بیٹھتا ہے - دائی اُسکی دونوں آنکھیں بند کر لیتی ہے - اُس وقت اور سب بچّے اِدھر اُدھر چھپ جاتے ہیں تاکہ چور ہمیں آ کر چھو نہ لے - کیونکہ جسے چور چھو لیتا ہے وہی چور بن جاتا ہے - پس جب کھیلنے والے بچّے پکار کر کہہ دیتے ہیں - کہ کھول دے کھلیا - تو اُسی وقت دائی اُسکی آنکھیں کھول کر چھوڑ دیتی ہے - اور ہر ایک بچّہ چور کے چھوٹنے سے بچکر دوڑ دوڑ کر آتا اور دائی کو یہ کہکر چھو لیتا ہے کہ دائی دائی تیرے ساتوں بھائی یعنی اے دائی جس طرح ہم نے صحیح سلامت آ کر تجھے چھوا ہے - اسی طرح تیرے ساتوں بھائی بھی صحیح سلامت رہیں - جو بچّہ دائی کو چھو لیتا ہے - وہ چور نہیں بن سکتا +

دائی دَدا والے - (۱) ادنیٰ قوم کے ملازم - کمین - سفلے - (۲) وہ لوگ جو حسب نسب سے ادنیٰ ہونے پر شرافت کا دعویٰ کریں - (۳) وہ لوگ جو دائی یا دَدا سے آشنائی یا نکاح کے سبب پیدا ہوئے ہوں جیسے قلعہ میں نہ تو اصل نسل کے شہزادے ہیں - نہ نوابزادی جتنے ہیں - سب دائی دَدا

والے بھرے پڑے ہیں + مجازاً مخلوط النّسل +

دائی سے پیٹ نہیں چھپتا / دائی کے آگے پیٹ نہیں چھپتا } (کہاوت) یعنی محرم و راز دار - آگاہ و واقف کار سے راز اور بھید مخفی یا پوشیدہ نہیں رہتا +

دائی کو میری کوستی ہے - یعنی میرے واسطے دُعائے بد کرتی ہے - میرا بُرا چاہتی ہے - مجھے کوستی ہے (میری دائی کو کوستی ہے زیادہ بولتے ہیں) +

دائی کھلائی - وہ دایہ جو ننھے بچّوں کو کھلائے یا رکھے +

دائی کے سر پھول پان - اپنا خرچ دوسرے کے سر یعنی نیکی بدی سب دائی کے سر - ہر بلا و بُہتان بیچارے غریب و بے زبان آدمی پر پڑتا ہے +

دایہ - (۱) بچّے کو پرورش کرنیوالی دھایا (۲) انّا - پلائی - دُودھ پلانے والی + کھلائی بچّوں کو کھلانے والی - آیا - خادمہ ماما -

دایہ گیری - کار دایہ - پیشۂ دایہ - آیا کا کام کرنے والی +

دَبانا - (۱) دفن کرنا - گاڑنا - جیسے روپیہ دبانا - (۲) دباؤ ڈالنا - زور ڈالنا - جیسے حکومت کے زور سے دبا لیا - (۳) چھپانا - مخفی کرنا - جیسے بات دبانا (۴) حق کرنا - مُشت باقی کرنا - مٹھیاں بھرنا - (۵) غصب کرنا کسی کے مال یا جائداد پر زبردستی قبضہ کرنا - (۶) بھینچنا - شکنجہ کرنا - (۷) عاجز کرنا - مغلوب کرنا (۸) نقصان دینا - خسارہ دینا - جیسے دھمکی دیکر دس روپیہ کو دبا لیا - ؎۲

؎۱ چونکہ چنبیلی پھول کے علاوہ لونڈی باندیوں کے نام بھی ہوتے ہیں - اس نسبت سے مرزا موگرا اُس کے اِترانے والے بیٹے کا نام رکھا گیا - کیونکہ موگرا موتیا کی قسم کے ایک بڑے اور موٹے پھول کا نام ہے - جو چنبیلی کے سے پھول ہونے کی نسبت رکھتا ہے +

(۹) زور

(بعض اہلِ لغات کا خیال ہے۔ کہ اخیر معنی میں یہ لفظ اُردُو ہے فارسی نہیں۔ مگر حکیم سنائی نے خود منقبت میں لکھا ہے ؎

ہم نبی را وصی و ہم داماد ✢ رُوحِ پیغمبر از جمالش شاد

البتّہ اس کے مادہ میں ہم متّفق ہیں۔ کہ اصل میں یہ دایم آباد ہوگا۔ اور بطریقِ دُعائے نیک یہ نام رکھّا گیا) ✢

دَانت ۔ دندان۔ ڈاڑھ۔ چبانے یا کاٹنے کا اعصابی یا استخوانی عضو جو خدا تعالیٰ نے انسان و حیوان کے مُنہ میں پیدا کیا ہے ✢

دَانت پر مَیل نہ ہُونا ۔ نہایت مفلس اور قلّاش ہونا۔ کوڑی پاس نہ ہونا۔ بُھکّڑ ہونا۔ تہی دست ہونا۔ جیسے کُریدو تو دانت پر مَیل نہیں ✢

دَانت تھے تو چنے نہ پائے } (کہاوت) دولت تھی تو اولاد
چنے ملے تو دَانت گنوائے } نہ تھی۔ اب جو اولاد ہوئی۔ تو دولت نہیں۔ دولت کے زمانے میں بے اولاد رہے جب اولاد ہوئی۔ تو مفلسی نے آن دبایا ✢

دَانت سے دَانت بجنا ۔ سردی کی شدّت سے دانتوں کا آپس میں بجنا۔ جاڑے کے مارے آواز سے دانت پر دانت لگنا ✢

دَانت کاٹی رُوٹی ۔ بے تکلّفانہ کھانا پینا۔ نہایت اتّحاد و ارتباط۔ غایت درجہ کی محبّت۔ ایسی اُلفت کہ ایک نوالہ میں آدھا وہ کھائے آدھا یہ۔ ساتھ کھانے میں جھوٹے کھوٹے کا پرہیز نہ کرنا ✢

دَانت کُریدنے کو تِنکا نہ رہنا ۔ دھڑی دھڑی کرکے لُٹنا بالکل لُٹ جانا۔ چوری سے گھر کا صفایا ہو جانا۔ مال اور

اسباب پر جھاڑُو پھر جانا ✢

دَانتا کِلکِل زبانی جھگڑا۔ تُوتُو مَیں مَیں۔ آئے دن کا جھگڑا۔ خانگی تکرار۔ ہر وقت کی لڑائی اور فساد۔ روز روز کا ٹنٹا۔ قِصّہ قضیہ ✢

دانتُوں پر ہُونا ۔ بچّے کے دانت نکلنے کو ہونا۔ بچّہ کا دانت نکالنے کے واسطے آمادہ ہونا۔ دانت نکلنے کے قریب ہُونا۔ تھیلیاں دَھرنا

دَانتُوں چڑھنا ۔ ہونٹس میں آنا۔ ٹوک میں آنا۔ نظر لگنا ✢

دان دَہیز (صحیح دان جہیز) وہ سامان جو دُلہن کو ماں کے گھر سے بروقت وداع دیا جائے ✢

دَاہنے ہاتھ کا کھایا حَرام ہے ۔ قسم سخت ✢

(یعنی اگر تُم اِس بات کو نہ کرو۔ تو تم نے جو کچھ اپنے سیدھے ہاتھ سے کھایا یا کھاؤ گے۔ وہ حرام میں داخل ہوگا۔ چونکہ طعام از روئے ادب و از روئے مذہب سیدھے ہاتھ سے کھانا جائز ہے۔ اس سبب سے داہنے ہاتھ کی خصُوصیت لگائی گئی) ✢

دَائی ۔ (۱) دایہ۔ جنائی۔ قابلہ۔ جنانے کا پیشہ کرنے والی کھلائی (۲) انّا۔ پلائی۔ دُودھ پلانے والی۔ (۳) پُورب، خادمہ۔ ملازمہ۔ ماما (۴) آنکھ مچولی میں چور کی آنکھیں بند کرنیوالی جیسے دائی دائی تیرے ساتوں بھائی (کھیل کا فقرہ) ✢

دَائی جلنے اپنی ہائی ۔ (کہاوت) دائی جننے والی کی تکلیف کو تکلیف نہیں سمجھتی۔ ہر شخص دُوسرے کا حال اپنا سا جانتا ہے۔ اپنے اُوپر دُوسرے کو قیاس کرنا ✢

دَائی چنبیلی کے ہر زا مُوگرا ۔ جو شخص کمینے گھر پیدا ہو کر اپنے کو عالی خاندان ظاہر کرے۔ اُس کی نسبت طنزاً

خوں نکلوانا۔ فصد کھلوانا۔ فصد لوانا۔ خون کم کرانا +

خیرات داخل۔ خرچ ناحق۔ خرچ بے جا + مثل مفت۔
مثل تصدق + جیسے کھویا گیا سو خیرات داخل +

خیر برکت۔ برکت۔ شئے۔ سے بخوبی برکت۔ جیسے ماما +
تیرے ہاتھ کی خیر و برکت کون لے گیا +

خیر خبر (۱) خیریت۔ خیر و عافیت۔ خیر سلا۔ خیر اَتر + اچھی خبر
عمدہ خبر۔ خبر نیک لے (۲) ٹھور ٹھکانا اتا پتا +

خیر سلا۔ (۱) صحیح خیر و صلاح (۱) کھیم کُسل۔ خیر و عافیت۔ مزاج
پرسی (۲) کچھ نہیں بالکل نہیں۔ جیسے آگے اللہ اللہ خیر سلا +

خیر سے بخیر سلامتی سے۔ خیریت کے ساتھ۔ صحیح سلامت۔
عورتوں کا تکیہ کلام۔ جو تفاؤلاً کسی ذکر سے پہلے زبان پر
لاتی ہیں + جیسے خیر سے وہ نوکری پر سدھارے +

خیلا۔ لغو۔ بیہودہ۔ پھوہڑ + احمق۔ بیوقوف +
(اس لفظ کی اصل یوں خیال میں آتی ہے۔ کہ اول میں یہ محاورہ
خیالہ ماخوذ از خیال سے بنا ہو۔ یعنی وہ عورت جسے اپنے وہم و
خیال کی مصروفیت کے آگے اپنا ہوش نہ ہو) +

خیلا پائنچا۔ لغو اور بیہودہ عورت۔ وہ عورت جسے اپنی سدھ
نہ ہو۔ بے ڈھنگی بے سلیقہ۔ پھوہڑ +

خیلا پن۔ پھوہڑپن۔ احمق پن۔ بے سلیقگی۔ بیوقوفی +

خیلا جان بیلا۔ بے ڈھنگی۔ بے سلیقہ۔ نہایت پھوہڑ۔
جسے پہننے اوڑھنے کا مطلق سلیقہ نہ ہو۔ بد تہذیب۔ بدتمیز +

د

داتا دے بھنڈاری کا پیٹ پھٹے۔ (کہاوت)
یعنی سخی سخاوت کرے۔ سوم جل جل مرے +

دادا۔ (بیگمات قلعہ) بجائے دادی۔ جدہ۔ جیسے دادا حضرت
یعنی جناب دادی صاحبہ دادا جان +

داغ (۱) دھبہ۔ نشان (۲) کلنک۔ عیب۔ کلنک کا ٹیکا (۳) زخم
گھاؤ۔ مجازاً ناسور (۴) رنج۔ صدمہ (۵) رشک۔
حسد (۶) گل۔ چرکہ (۷) چیچک اور جلے کا نشان (۸) پھل کا گلا ہوا نشان +

داغ اٹھانا۔ رنج و صدمہ اٹھانا۔ اولاد کے مرنے کا صدمہ سہنا +

داغ پر داغ۔ صدمہ پر صدمہ۔ رنج پر رنج مصیبت پر مصیبت +

داغ دینا (۱) رنج دینا۔ صدمہ دینا (۲) گل دینا چرکہ دینا (۳) ہندو
مردہ کو داغ دینا (۴) کسی چیز کو گرم کر کے بدن پر نشان ڈالنا +

داغ کھانا۔ صدمہ اٹھانا۔ رنج اٹھانا +

داغ لگانا۔ (۱) جلانا (۲) عیب لگانا۔ کلنک لگانا +

داغ لگنا۔ جلنا۔ جل جانا۔ جیسے کھچڑی میں داغ لگ گیا +

داغ نکلے (۱) پھوٹ کر نکلے۔ جل کر نکلے۔ زخم پڑ کر نکلے۔ جلے۔
(۲) قہر سخت۔ جیسے ہمارے پاس روپیہ ہو تو داغ نکلے +

داغ ہو کر نکلنا۔ جل کر نمایاں ہونا۔ پھوٹ کر نکلنا۔ جیسے ہمارا
کھایا پیا داغ ہو کر نکلے +

داماد۔ (لغوی) (۱) نوکدخدا۔ نیا دولہا (اصطلاحاً) (۲) جنوائی۔ شوہر دختر۔
خویش۔ بیٹی کا خاوند (۳) زبردست و عیار جیسے وہ تو داماد بنکر کھاتا ہے +

خلے

خلیرا بھائی - خالہ جایا - خالہ کا بیٹا - مُوسیرا - ماں کی بہن کا لڑکا - مَوسی کا بیٹا +

خُندی - (۱) بیہودہ ہنسنے والی عورت - بے حیا - بے غیرت (۲) قحبہ - فاحشہ + بے غیرت و بے شرم عورت +

خِنگا - سَنڈ مُسنڈ - چَو پڑ ونا - موٹا تازہ - فربہ اندام - مُسنڈا - ہٹا کٹا + دبنگ - دبنگا - قوی ہیکل +

خِنگرا - خِنگا کی تصغیر +

خواجہ سرا [۱] - (۱) وہ خصّی غلام جو گھر میں آ جا سکے - ناظر - (۲) ہیجڑا - نامرد - اس لفظ کے لغوی معنی صاحبِ خانہ - اصطلاحی - گھر سے تعلّق رکھنے والا - مجازاً وہ عضوِ خاص بُریدہ اشخاص جو امراء - وزراء - سلاطین اور رؤساء وغیرہ کی محل سراؤں میں بطورِ دربان - ناظر یا چوبدار حاضر باش رہتے اور احکام سانی کی خدمت بجا لاتے ہیں - بعض شاہی محلوں میں قلماقنیاں - حبشنیں - کشمیرنیں - اُردا بیگنیاں وغیرہ اِن خدمتوں پر اب بھی مامور ہوا کرتی ہیں +

خواجہ مُعین الدین کا چاند - یا مہینا - عورتوں کا چھٹا قمری مہینا - جمادی الآخر - جس میں خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کا بمقامِ اجمیر عُرس ہوتا ہے +

خَواص - (۱) اثر - عادت - خاصیت (۲) جمع خاصہ - مُمتاز نوکر - اعلیٰ درجہ کے خدمتگار - پرستارانِ ممتاز (۳) مصاحب - ہم صحبت - جلیس - ہم نشست - (نمبر دوم وسوم کے معانی میں صرف ہندوستان کی اصطلاح ہے) +

خوٗن

خَواصی (۱) انگیا کا وہ جوڑ جو جانبِ بغل ہوتا ہے - انگیا کے ایک حصّہ کا نام ہے - گھاٹ - (۲) ہودج کے پیچھے کی وہ جگہ جہاں بادشاہوں کا ممتاز عہدہ دار جانبِ پُشت بیٹھتا ہے +

خواصین - وہ ملازمہ یا مصاحب عورتیں جو امیرزادیوں کے ساتھ رہا کرتی ہیں - سہیلیاں - ہمجولیاں +

خوان بڑا خوان پوش بڑا | کھول کے دیکھو آدھا بڑا } (کہاوت، یعنی ظاہری ٹیپ ٹاپ سب کچھ اندر خاک نہیں - ڈھول کے اندر پول +

خوان پاک خوان پوش پاک | کھول کے دیکھو تو خاک ہی خاک } (کہاوت) یعنی ظاہر میں فوق البھڑک باطن میں خاک بھی نہیں +

خُوش حال - خوش قسمت - خوش نصیب - اچھے حال سے رہنے والی - امیر - تونگر - پیٹ بھری - مالدار - مُرفّہ حال - آسُودہ - خوش گزران +

خوٗن - لہو - رکت - دَم - رُودھر +

خوٗن سفید ہونا - بے مہری ظاہر ہونا - اُلفت اور محبّت نہ رہنا جیسے دُنیا کے خون سفید ہو گئے - یعنی دُنیا سے محبّت اُٹھ گئی (جوشِ محبت خون کی سُرخی پر موقوف ہے) +

خوٗن کا جوش - خاندانی محبت - عصبیت - خویشاوندی کا جوشِ طبع +

خوٗن کی بیکاری - خون کا بگاڑ - خون کا فساد - جیسے خون کی بیکاری سے سارے بدن پر چھینٹے پڑ گئے +

خوٗن کی پیاسی - جانی دشمن - دشمنِ جان - جان کی لاگو +

خوٗن کے سے گھونٹ پینا - نہایت تلخی برداشت کرنا - غیظ و غضب سے بزور اپنے آپ کو روکنا - غصّہ پینا +

[۱] - خواجہ سرا کی ابتدا اور ترقی ملکِ خطا و ختن سے تقریباً چار ہزار برس سے شروع ہوئی - مفصل کیفیت فرہنگ آصفیہ جلد دوم میں دیکھو +

خدا

خدا کے گھر سے پھرنا۔ مر کر بچنا۔ نئے جنم سے پیدا ہونا۔ نئے سرے سے زندگی پانا۔ سخت اور مہلک بیماری سے نجات ملنا۔ ہلاکت سے بچنا۔ مر مر کے بچنا +

خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی۔ (کہاوت) یعنی خدا ہانکے پکارے سزا نہیں دیتا +

خدا کی مار (دعائے بد) خدا کا غضب۔ از غیب کی سزا + (جب کسی سے کچھ تکلیف یا ضرر پہنچتا ہے تو عورتیں یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں) +

خدا کی مار پڑنا۔ خدا کا غضب نازل ہونا۔ ناگہانی آفت آنا۔ آسمانی بلا ٹوٹنا۔ مبتلائے مصیبت ہونا +

خدا لڑنی رات کم دے / بچھڑنی رات نہ دے } (کہاوت) لڑائی بھڑائی کا ڈر نہیں مگر خدا فراق کی مصیبت نہ دے۔ لڑائی سو دفعہ ہو مگر جدائی نہ ہو +

خدا لگتی کہنا۔ انصاف کی کہنا۔ حق حق کہنا۔ سچ کہنا۔ طرفداری کرنا +

خدائی خوار / گدھے سوار } (۱) آوارہ۔ آوارہ گرد۔ سرگشتہ۔ خراباتی۔ خانہ خراب (۲) خراب و خستہ۔ ذلیل و خوار۔ واہی تباہی + جس پر خدا کی پھٹکار ہو وہ گھوڑی سے گدھی پر سوار ہو +

خدائی رات۔ رتجگا۔ رات بھر جاگ کر اللہ میاں کی نیاز کی کڑھائی کرنا +

خدائی کا جھوٹا۔ زمانہ بھر کا جھوٹا۔ نہایت دروغ گو۔ فریبی۔ دغا باز۔ مکار۔ عیار +

خلی

خدمت سے عظمت ہے۔ خدمت سے رفعت ہوتی ہے +

خر دماغ۔ سفیہانہ دماغ والا۔ مغرور۔ متکبر + بد دماغ +

خر دماغی۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ + بد دماغی +

خصم۔ شوہر۔ میاں۔ خاوند۔ گھر والا۔ سوامی۔ پتی۔ دھنی بھرتار۔ کنتھ۔ بالم۔ پی۔ جیسے خصم کا کھائے بھیا جی کا گیت گائے۔ یعنی کوئی دے اور کسی کا نام ہو +

خصم روئی۔ یا **خصم پیٹی**۔ رانڈ۔ بیوہ۔ بدھوا۔ (۲) ایک قسم کا کوسنا۔ جس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ تو اپنے خاوند کا ماتم کرے + میں نے اس خصم روئی کو کب کوسا +

خصم والی۔ سہاگن۔ بیاہی۔ بیاہتا۔ خاوند والی۔ میاں والی + گھر بار کی۔ جیسے تجھ سی چوتی خصم والی سے کون لڑے +

خصموں پیٹی۔ دیکھو (خصم روئی) +

خصموں جلی۔ وہ عورت جو خاوند کا سکھ نہ دیکھے مصیبت کی ماری۔ برہ کی ماری۔ شوہر سے نالاں +

خطامہ۔ (صحیح قطامہ) فاحشہ۔ قحبہ + چھلہائی۔ بدکارہ

خطائیر۔ چھٹی۔ چپاٹی۔ پرچہ۔ پرزہ +

خطرے میں نہ لانا۔ خاطر میں نہ لانا۔ حقیر سمجھنا۔ بات نہ ماننا۔ کہنا نہ ماننا۔ کسی امر کا خیال نہ کرنا۔ کچھ نہ سمجھنا۔ وقعت نہ جاننا + (دھتکارتا بولتے ہیں) +

خلیا ساس۔ ساس کی بہن۔ جسے ہندو موسس یا موسی جی کہتے ہیں +

خدا

ختنہ ۔(۱) مسلمانی (۲) ختنے کی ایک رسم[5] ✦

خُدا ۔ اللہ ۔ خداوند ۔ واجبُ الوجُود ۔ بھگوان ۔ پرمیشر ✦

خدا اُس کا سہرا دکھائے ۔ خدا اُس کا بیاہ دکھائے خدا اُس کو دُولہا بنا کر دکھائے ✦

خدا بخشے ۔(دعائے مغفرت) جب کسی مُردے کا ذکر کرتے ہیں تو پہلے یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں ✦

خُدا بھلا کرے ۔(۱) خدا مغفرت کرے جیسے خدا بھلا کرے دادا جان یہی دعا دیا کرتے تھے (۲) خدا نیکی دے جیسے خدا بھلا کرے تم اب بھی تمہاری لونڈی ہو ✦

خُدا جانے ۔ کچھ معلوم نہیں ۔ مجھے معلوم نہیں مجھے خبر نہیں خدا کو خبر ہے (۲) بخدا ۔ جیسے خدا جانے مجھے خبر نہیں ✦

خدا جواب دے ۔ خدا سمجھے ۔ خدا سزا دے ✦

خُدا حافظ (ایک کلمۂ دُعا جو رُخصت ہوتے وقت ایکدوسرے کو کہتا ہے) یعنی خدا کی حفاظت میں تم کو چھوڑا ۔ اللہ نگہبان ۔ اللہ بیلی ۔ فی امان اللہ ۔ فی عینِ اللہ ✦

خُدا خُدا کر کے ۔ بمشکل ۔ بدقت ✦

خُدا خُدا کرو ۔ جھُوٹ نہ بولو ۔ خدا کا نام لو ۔ خدا سے ڈرو ۔ توبہ توبہ کرو جیسے خدا خدا کرو میں اور ان کا بُرا چاہوں ✦

خُدا دو سینگ دے تو وُہ بھی سہی (کہاوت) یعنی راضی برضا ہیں ۔ خدا کا دیا سر آنکھوں پر ✦

خُدا دیتا ہے تو چھپّر پھاڑ کر دیتا ہے ۔ (کہاوت) یعنی خدا کی عنایت کسی سامان پر موقوف نہیں ✦

خدا

خُدا رکھّے (کلمۂ دعا) جب کسی زندہ بچّے کا ذکر کرتے یا کسی اپنے حبیب کا غیبت میں کسی سے بیان کرتے ہیں ۔ تو اوّل یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں ۔ یعنی خدا اُسے زندہ رکھّے ۔ جیسے خدا رکھّے اب اُس کے چار بچّے ہیں ✦

خُدا سمجھے ۔(دعائے بد) خدا اِس کی سزا دے ۔ خدا اِسکا بدلا لے ✦

خُدا سے مِلانا ۔ خدا رسیدہ بنانا ۔ خدا سے سرخرُو کرانا ۔ جیسے اولاد کیا خدا سے ملائے گی ✦

خُدا شکر خورے کو شکر دیتا ہے (کہاوت) خدا ہر شخص کی آرزو پوری کرتا ہے ۔ خدا کسی کو محرُوم نہیں رکھتا ✦

خُدا غارت کرے ۔(دعائے بد) ۔ خدا ناپید کرے ۔ خدا کھو دے ✦

خُدا کا دیا سر پر ۔(کہاوت) یعنی ہر آفت و نافت پر سرِ تسلیم خم ہے ✦

خُدا کا قہر ٹوٹے ۔(دعائے بد) خدا کا غضب نازل ہو آسمانی بلا کا ورُود ہو ✦

خُدا کرے ۔(دعا) ۔ خدا سے کمال تمنّا اور آرزو کے وقت میں کہتے ہیں ۔ جیسے خدا کرے تم ہی جیتو ✦

خُدا کو مان ۔ یہ کام نہ کر ۔ تجھے خدا کی قسم ۔ خدا کی قسم کا خیال کرو ✦ خدا کو مان کر ۔ از بہرِ خدا ۔ برائے خدا ۔ خدا کے لیے ۔ خدا کو حاضر ناظر جان کر ۔ خدا کا پاس کر کے ✦

خُدا کی سنوار (بجائے دعائے بد) خدا تجھے درست کرے ۔ خدا تجھے ہدایت دے ۔ خدا سمجھے ✦ خدا کا غضب پڑے ۔ خدا کا قہر ٹوٹے ۔ خدا کی مار ✦

[5] مفصل کیفیت ہماری فرہنگِ آصفیہ اور رسومِ دہلی میں دیکھو

خال

خالہ- ماں کی بہن- ماؤسی +

خالہ جایا- خالہ کا بیٹا- موسیرا- خالہ زاد +

خالہ زاد بھائی- خالہ کا بیٹا بھائی- خالہ جایا +

خالہ زاد بہن- خالہ کی بیٹی بہن- خالہ جائی +

خالہ کی خلیچی- از رُوئے حقارت خالہ کی بیٹی- نگوڑی خالہ جائی +

خالہ کی مٹھائی ہاتھ ڈال پچھتانی (کہاوت) (۱) غیر کی جگہ دست اندازی میں افسوس ہی افسوس ہوتا ہے (۲) یگانگی میں بیگانگی کا ظہور +

خالی (۱) بھرا کا نقیض- ریتا- ہتی- کھوکھلا- مجوّف (۲) صرف فقط- اکیلا- تنہا- (۳) بیکار- نکما- جیسے خالی بھرتا ہے (۴) بے روزگار- معطّل (۵) بیدخل- غیر مقبوضہ- غیر آباد سُونا (۶) ذیقعدہ- مُسلمان عورتوں کے چاند کا گیارھواں مہینا- (چونکہ ذی قعدہ کے معنی صاحبِ قیام ہے اور اہلِ عرب اِس مہینے کو جنگ و جدل سے خالی رکھ کر اپنے گھروں میں بیٹھ جایا کرتے تھے- اِس مناسبت سے نُور جہاں بیگم نے اس کا نام خالی رکھ دیا- اور یہاں تک اِس لفظ کا اثر ہوا کہ اس مہینے میں شادی کی رسمیں بھی ادا ہونی موقوف ہوگئیں اور اسے منحوس خیال کرنے لگی) +

خالی سے بیگار بھلی- (کہاوت) یعنی بے شغلی سے شغل اچھا +

خالی کا چاند یا مہینا- ماہ ذی قعد- قمری گیارہواں مہینا (چونکہ قعدہ کے معنے خالی بیٹھنے کے ہیں- اور اہلِ عرب اس مہینے میں حسبِ رواج شکار اور خونریزی سے باز رہتے تھے- اس وجہ سے نُور جہاں بیگم نے اِس مہینے کا نام خالی کا چاند رکھ دیا- نیز ہندوستان میں اس اعتقاد کا یہاں تک اثر ہوا کہ یہ مہینہ

خبر

خوشی کی تقریبوں سے خالی رکھا جانے لگا- مثلاً بیاہ شادی اور دیگر تقاریب ممنوع بھی جاتی ہیں) +

خالی ہاتھ- (۱) مُفلس- نادار- تہیدست (۲) بن چیز لئے- ریتا- مٹھائی بغیر جیسے "اُن کے گھر خالی ہاتھ کیا جاؤں" +

خام پارہ یا- خمپارہ- (۱) چھنال- قطامہ- فاحشہ- بیسوا (۲) ایک قسم کی چھوٹی توپ- جسے گروہ اور رہکلہ بھی کہتے ہیں- (لفظِ خم پارہ میں خم خام کا مخفف ہے یعنی وہ عورت جو قبل از بلوغت ہم بستر ہو جانے کے باعث مرد کی از حد خواہشمند رہے- اور عفت و عصمت کی کچھ پرواہ نکرے) +

خانگی (صحیح خانہ کی) (۱) گھریلو- گھر کا پالتُو+ دست آموز (۲) نج کا ذاتی- خاص- اپنا (۳) چھپواں- گھر بیٹھ کر کسب کرنیوالی وہ پردہ نشین کسبی جو گھر بیٹھے کسب کمائے- بیسوا +

خانہ داماد- گھر داماد- داماد کو فرزندی میں لیکر اپنے ہی گھر رکھنا +

خانہ زاد- گھر کا پیدا شدہ غلام- لونڈی بچہّ- پرستارزادہ +

خاوند- (بول چال میں بکثر واؤ) (۱) آقا- مالک- صاحب- صاحبِ خانہ (۲) میاں- خصم- شوہر- گھر والا +

خبر- (۱) آگاہی- واقفیت- اِطّلاع- (۲) سندیسا- باتی پیغام پیام (۳) افواہ- شہرت- (۴) پتا- نشان- سراغ جیسے اسکی بھی کہیں خبر ہے (۵) سناؤنی- خبر مرگ- ناعی (۶) ہوش اوسان- سمجھ عقل- سُدھ بُدھ جیسے اُسے اپنی بھی خبر نہیں +

خبر کو بھیجنا- بیمار پُرسی یا مزاج پُرسی کے واسطے بھیجنا +

خ

خاتون۔ شہزادی۔ نواب زادی۔ امیر زادی۔ بیگم۔ بی بی۔ بیوی +
خاتونِ جنّت۔ جنّت کی شہزادی۔ حضرتِ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاری صاحبزادی حضرتِ خدیجۃ الکبریٰ کے بطن سے پیدا ہوئیں اور حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی بیوی اور امامین حسنین علیہما السّلام کی والدہ ماجدہ تھیں +
خاطر جمع۔ دلجمعی۔ اطمینان۔ طمانیت۔ تسکین۔ تسلّی + دلجوئی +
خاطر داری۔ آؤ بھگت۔ تواضع۔ مدارات + مسافر پروری مہمان نوازی +
خاطر کرنا (۱) آؤ بھگت کرنا۔ مدارات کرنا۔ (۲) تعظیم و تکریم کرنا۔ (۳) خوشی کرنا۔ مرضی کے موافق کرنا۔ کہا ماننا + دلجوئی کرنا +
خاطر کی لینا۔ طرفداری کرنا۔ پاسداری کرنا۔ خوشامد کرنا۔ جیسے بُوا حق کہنا۔ خاطر کی نہ لینا۔ یعنی خوشامد نہ کرنا +
خاک۔ مٹی۔ گرد۔ دھول +
خاک اُڑانا۔ (۱) خاک اڑانا دھول اُڑانا (۲) رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا + (۳) آوارہ پھرنا۔ واہی تباہی پھرنا +
خاک اُڑنا۔ (۱) دھول اُڑنا۔ (۲) رسوائی ہونا۔ مٹی پلید ہونا۔ (۳) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ کچھ نہ رہنا۔ بے رونقی ہونا +
خاک چھاننا۔ نہایت تلاش کرنا۔ خوب ڈھونڈنا۔ تجسّس کرنا +
خاک ڈالنا (۱) کسی کام کو چھپانا۔ بات کو دبانا (۲) باز آنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا +
خاک سیاہ ہو جانا۔ جل کر خاکستر ہو جانا۔ راکھ ہو جانا تباہ و برباد ہو جانا +
خاکِ شفا۔ شفا بخشنے اور تندرست کر دینے والی خاک + شہدائے کربلا کے مدفن کی خاک + مدینہ منوّرہ کی خاک +
خاک ملا۔ مَری لیا۔ خانہ خراب۔ خاکسار۔ تباہ حال +
خاک میں ملانا (۱) برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ اُجاڑنا۔ بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ (۲) میٹنا۔ ناپید کرنا۔ زمین کا پیوند کرنا۔ پامال کرنا۔ ملیامیٹ کرنا جیسے تجھے خاک میں ملاؤں +
خاک میں ملجائے۔ کوسنا۔ مر جائے۔ گڑ جائے۔ دفن ہو جائے +
خالص۔ (۱) بے میل۔ بے غش۔ بے آمیزش۔ صاف۔ نرمل۔ اصل۔ (۲) وہ شاہی زمین جو کسی کی ملکیت نہ ہو۔ سرکاری زمین (عوام اسی کو نخالص بولتے ہیں) +
خالصہ۔ (۱) سرکاری زمین۔ مملوکۂ سرکار۔ سرکاری چیز جس پر کسی کا دعویٰ نہ ہو۔ (۲) سرکار کی طرف سے قرق شدہ +
خالصے لگانا۔ اُڑانا۔ برباد کرنا۔ بیچ کھوچ ڈالنا۔ اُڑن کر دینا۔ خاک سیاہ کر دینا +
خالصے لگنا (۱) ضبط ہونا۔ بے وارثا قرار پا کر سرکاری ملکیت میں داخل ہونا۔ (۲) رائگاں جانا۔ تلف ہونا۔ ضائع ہونا۔ برباد ہونا +

بھی ہوا کرتی ہے +

حَشر (۱) اُٹھانا ۔ برباد کرنا ۔ (۲) روزِ قیامت ۔ روزِ حساب (۳) آفت (۴) کہرام ۔ ماتم (۵) غیظ و غضب +

حَشر بَرپا کَرنا ۔ آفت ڈھانا ۔ فساد اُٹھانا + کہرام مچانا +

حَشر توڑنا ۔ آفت ڈھانا ۔ نہایت خفا ہونا ۔ شور کرنا ۔ خفا ہونا ۔ جھنجلانا +

حَشر ٹوٹنا ۔ آفت ٹوٹنا ۔ خفگی ہونا ۔ غضب کا سامنا ہونا +

حَشر ہونا ۔ قیامت ہونا + آفت ٹوٹنا + کہرام مچنا + غُل شور ہونا +

حضرت فاطمہؓ یا بیوی کی جھاڑو پھرے (دعائے بد) تباہ ہو جائے ۔ برباد ہو جائے ۔ صفایا ہو جائے ۔ کوئی نہ رہے ۔ کچھ نہ رہے +

حَف نَظر (۱) چشم بد دُور ۔ نظرِ بد اُدھر ہی رہے ۔ جیسے حف تیری نظر اس طرح بچّے کو ہونستی ہے ۔ (۲) جب کسی بات کی تعریف کرتے ہیں ۔ تو پہلے یہ لفظ زبان پر لے آتے ہیں تاکہ نظرِ بد نہ لگے (حف عربی میں لوٹنے پھرنے واپس ہونے کے معانی ہیں یعنی تیری ہی نظر بد جو آئی ہو واپس ہو جائے) +

حَق ۔ (۱) خدا ۔ اللہ (۲) سچ ۔ راست ۔ صدق +

حق اَللہ پاک ذاتِ اللہ ۔ خدا برحق ہے ۔ اور اُس کی ذات پاک ہے ۔ یہ جملہ اکثر طوطے کو یاد کراتے یا خدا تعالیٰ کی تعریف کے موقع پر بولتے ہیں) +

حَق حَق ہے اور ناحَق ناحَق (کہاوت) سچ سچ ہی ہے اور جھوٹ جھوٹ ہی +

حق کا راضی خُدا ہے ۔ (کہاوت) یعنی سچ سے خدا بھی راضی ہے +

حَق ناحَق ۔ بے سبب ۔ خواہ مخواہ ۔ بلا وجہ ۔ یُونہیں +

حَق حَیران رَہنا (۱) ہک دھک رہنا ۔ بھچک رہنا ۔ ہکّا بکّا ہو جانا ۔ (۲) سٹّی گم ہونا ۔ سٹ پٹانا ۔ حواس بجا نہ رہنا ۔ (اس جگہ ہک کا حق کر لیا گیا ہے کیونکہ ہک دھک اسی معنی میں)

حَق دَق رَہ جانا ۔ (صحیح ہک دھک رہ جانا) دیکھو حق حیران رہنا +

حِکایَت ۔ (۱) کہانی ۔ ذکر + ذکر اذکار ۔ قصّہ ۔ داستان ۔ تذکرہ (۲) بحث ۔ مباحثہ + حجّت ۔ تکرار +

حِکایتی ۔ حجّتی ۔ تکراری ۔ بات بات پر بحث کرنے والا ۔ جیسے یہ لڑکا بڑا حکایتی ہے ۔ سودا لے لیا ۔ جب پیسہ ہاتھ سے چھوڑا +

حَلَق ۔ گلا ۔ گلو ۔ نرخرہ ۔ ٹیٹوا ۔ منہ ۔ زبان ۔ جیسے خلق کا حلق کس نے پکڑا ہے +

حَلَق دَبانا ۔ (صحیح بسکونِ لام) گلا دبانا ۔ گلا گھونٹنا ۔ ٹیٹوا دبانا + بات کرنے سے روکنا ۔ بات سے باز رکھنا +

حَلَق کا دَربان ۔ وہ شخص جو کھانے پینے کا مانع ہو ۔ وہ بچّہ جو ماں کو کوئی چیز نہ کھانے دے ۔ اور ہر چیز کے کھاتے وقت موجود ہو جاتے +

حَلَق میں نِوالہ پھَنسنا ۔ یا ۔ اَٹکنا ۔ گلے سے نوالہ نہ اُترنا ۔ کوئی عمدہ چیز کھاتے وقت اپنے بچّے یا دوست کا یاد آنا +

حِمایَت لینا ۔ طرفداری کرنا ۔ مدد کرنا ۔ کمک کرنا ۔ پُرچک لینا +

حَویلی ۔ (بعض لوگ اِسے حوالی کا اِمالہ قرار دیتے اور بعض اُس کا بگاڑ کہتے ہیں بہرحال اردو ہی کیونکہ نہ تو فارس کے شعرا نے اس لفظ کو باندھا اور نہ عربی میں پایا جاتا ہی بہار عجم بھی کوئی سند نہ دے سکا) (۱) چار دیواری کا مکان + محل سرا ۔ بڑا اور پختہ مکان عالی شان مکان ۔ گھر خانہ +

حَیثِیّت ۔ (۱) لغوی معنی مقام ۔ جگہ ۔ ٹھور (۲) مجازی طور طریق وضع ۔ اُسلوب (۳) ہیئتِ ظاہری + شکل شخصیت (۴) عزّت + مال و دولت کی عزّت + مالیت (۵) لیاقت ۔ استعداد (۶) حقیقت ۔ اصلیّت (۷) مقدور ۔ مقدرت +

چیونٹیوں بھرا کباب (۱) جنجال جھگڑے کی چیز (۲) آل و اولاد والا مرد (۳) مصیبت کا گھر۔ (جب کسی عورت کی شادی بال بچّے دار مرد سے ٹھیرتی ہے تو اُسکی خیرخواہ عورتیں اُس مرد کو چیونٹیوں بھرا کباب کہہ کر تعبیر کرتی ہیں) +

ح

حاتِم - (۱) لغوی معنی ارادہ کا پکا (اصطلاحی) ایک مشہور یمنی سخی کا نام جو گھوڑوں کا بہت بڑا سوداگر اور ۶۰۰۰ھ میں موجود تھا۔ یہ شخص عبداللہ کا بیٹا۔ سعد کا پوتا۔ حشرج کا پڑپوتا اور لاطے بن اکودے تھا (۲) اکثر عورتوں اور مردوں کے نام بھی اس نام پر رکھّے جاتے ہیں جیسے حاتم بیگم۔ حاتم علی وغیرہ +

حاتِم کی گور پر لات مارنا - (کہاوت) یعنی ذرا سی سخاوت پر اترانا۔ بزعم خود حاتم سے بڑھکر سخاوت کرنا + اپنی سخاوت پر اترا کر حاتم کی قبر کو ٹھکرانا +

حارُونی (۱) سرکش۔ سرزور۔ ڈھنگی۔ نافرمان حکم عدول (۲) جائیّا۔ شریر جیسے مُوئے حارونی مان جا۔ دانتوں پہ نہ چڑھ (یہ لفظ حرون یعنی اسپ سرکش سے لیا گیا ہے (کہاوت) دیکھیئے یہ موا حارُونی کب سیدھا ہوتا ہے) دیکھ موئے حارونی اب بھی مان جا (ماں بیٹے کو کہتی ہے) +

حاضِرات - جن۔ بھوت۔ پریت۔ اور بدرُوحوں کے جمع کرنے کا جلسہ جو اکثر سیانے لوگ دم دینے کو کیا کرتے ہیں۔ جن و پری کی موجودات +

حاضِرات کرنا - بھوت پریت اور جنوں کو جمع کر کے

پوشیدہ حال دریافت کرنا۔ جن و پری کی موجودات لینا +

حاضِر میں حُجّت نہیں، غیب کی تلاش نہیں (کہاوت) یعنی جو کچھ موجود ہے اِس سے انکار نہیں۔ اور دُوسری جگہ سے لاکر دینے کی توفیق نہیں +

حَرامزادی - (۱) حرام کی جنی۔ نُطفۂ حرام (۲) شریر۔ چالاک۔ فتنہ پرداز +

حرام کا مال - غیر مباح اور ناجائز دولت۔ رشوت یا حرام کی کمائی + مالِ مُفت +

حرام کر دینا - تلخ کر دینا۔ بدمزا کر دینا۔ ناگوار کر دینا۔ جیسے نیند حرام کر دی۔ یا زندگی حرام کر دی وغیرہ +

حَرف اُٹھانا - (۱) پڑھنا حرف شناس ہونا۔ شناخت ہونا جیسے اس سے تو کتاب کا حرف بھی نہیں اُٹھتا۔ اب وہ حرف اٹھانے لگا +

حرف اُٹھنا - پڑھا جانا۔ پڑھنے میں آنا + شناخت میں آنا۔ پہچانا جانا +

حُرمت کا لاگو ہونا - آبرُوریزی کا خواہاں ہونا۔ عزّت کے پیچھے پڑنا +

حُسن دان - آرام دان چھوٹا سا گُمٹی دار پاندان ننّھی سی پٹاری

حُسَین بَند - (اہلِ تشیعہ) چاندی کی وہ بن نگینہ کی دو انگوٹھیاں جو روزِ عاشُورہ کو بچّوں کے ہاتھ میں پہناتے ہیں۔ اور اِن دونوں کے بیچ میں چاندی کی زنجیر

چھن

چھن من۔ یا چھنن منن۔ بگھرنے یا تلے جانے کی آواز +

چھوٹا چلا۔ دسواں بیسواں اور مہینے کا غسل جو زچّہ کو دیا جاتا ہے[1] +

چھوٹا کپڑا۔ انگیا۔ سینہ بندِ زنان۔ فارسی۔ ساما کچہ۔ ساما کچہ۔ شاما کچہ۔ شاما کچہ +

چھوٹا گھر بڑا سمدھیانہ۔ دکہاوت۔ یعنی اونے ہو کر اعلیٰ سے رشتہ ناتا۔ ہاتھی سے گنے کھانا۔ زبردست کا زبردست سے مقابلہ

چھوٹا منہ بڑی بات۔ دکہاوت۔ یعنی اپنے حوصلہ سے بڑھکر دعویٰ + اونے ہو کر اعلیٰ سے برابری +

چھوٹے گاؤں سے ناتا کیا؟ دکہاوت۔ یعنی (۱) جس گھر سے کام نہیں اُس کے مکین سے کیا مطلب (۲) جس گاؤں کو چھوڑ دیا اُس سے رشتہ داری کیسی +

چھوچھک۔ زچہ خانہ کی ایک رسم کا نام۔ چھٹی +

چھوچھو۔ بچوں کی چھی چھی دُھلانے والی۔ پوتڑے دھونیوالی دایہ دائی کھلائی۔ وہ لڑکی یا عورت جو لڑکیوں کی خدمت کیواسطے مقرر ہوتی ہے (بیگماتِ قلعہ) +

چھوڑ چھاڑ کر۔ قطع تعلق کرکے۔ سب سے علیحدہ ہوکر۔ سب سے جُدائی اختیار کرکے +

چھوکری۔ (۱) چھوری۔ لڑکی۔ صبیہ۔ دخترِ کوچک (۲) باندی۔ چیری۔ لونڈی۔ کنیز۔ کنیزک +

چھی۔ بُرا۔ خراب۔ نکما۔ گندہ +

چھی چھی۔ بُرا۔ خراب۔ گندہ۔ (۲) بچے کا گُوہ۔ بیخانہ۔ براز +

چیو

چھی چھی پھرنا۔ بچّہ کا پاخانہ پھرنا +

چھی چھی کرنا۔ بچّہ کا ہگنا۔ پائخانہ کرنا +

چھیڑ۔ ہنسی۔ مخول۔ ٹھٹھا۔ دل لگی۔ نوکا چوکی (۲) چڑ۔ چڑانے کی بات۔ جیسے "یہ بھی کوئی چھیڑ مقرر کی ہے" +

چھیڑ چھاڑ۔ ہنسی۔ مذاق۔ نوکا چوکی۔ طعن و تعریض +

چھیڑ خانی۔ چھیڑ۔ آوازہ توازہ۔ طعن و تعریض +

چھینا جھپٹی۔ زبردستی چھیننا + نوچ کھسوٹ۔ نوچا کھسوٹی +

چھینکتے ہی ناک کٹی۔ دکہاوت یعنی کام شروع کرتے ہی نقصان اُٹھایا +

چیتھڑے لگنا۔ زبوں حال ہونا مفلسی کے مارے ثابت کپڑے نہ پہن سکنا +

چیخم چاخ مچنا۔ غل و شور ہونا۔ دھوم ہونا۔ پکار پڑنا۔ رولا ہونا۔ دُہائی مچنا +

چیخم دھاڑ مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ دھوم مچانا غل و شور مچانا +

چیرے والا۔ (۱) وہ شخص جو چیرا باندھے۔ پگڑی والا۔ اری اے ری چیرے والا موہ سے اینڈو ہی اینڈو ڈولے +
(۲) (بیگمات) حکیم۔ طبیب۔ بید معالج +

چیز بست۔ مال و اسباب۔ گھر کا اٹالا۔ اثاث البیت +

چیکٹ اتروائی۔ وہ جوڑا جو بہن کی لڑکی کی شادی میں نکاح کے دوسرے روز بہن کے میلے کپڑے اتروا کر بھائی کی طرف سے پہنایا جاتا ہے +

چیونٹی کے پر نکلے۔ دکہاوت۔ یعنی موذی کی شامت آئی +

چیونٹے کی گرہ پیٹ میں ہونا[1]۔ نہایت کم خوراک ہونا۔ پھول سونگھ کر رہنا +

[1] چونکہ کبھی کبھی چلے کی رسم مختصراً ادا کیجاتی ہے اسوجہ سے یہ نام رکھا گیا +

[1] کہتے ہیں کہ چیونٹا کھاتا نہیں صرف سونگھ کر رہتا ہے) +

چھر

چھُری چلی نہ کٹاری - (کہاوت) یعنی ہتھیار سب ہی جان کے لیوا ہیں - کوئی ہتھیار اچھا نہیں +

چھُری تلے دَم لینا - تکلیف سہارنا - مُصیبت برداشت کرنا - صبر و قرار لینا + ٹھیرنا - تامل کرنا - جیسے بیٹی ذرا چھری تلے دم لو ابھی سودا منگا دیتی ہوں +

چھُری دِکھانا - ذبح کرنا - قُربانی کرنا - قتل کرنا - گردن اُڑانا - سر اُڑانا +

چھُری دِینا - (۱) ذبح کرنا - حلال کرنا - چھری پھیرنا + مارنا - قتل کرنا (۲) جانور کو شریعت کے بموجب ذبح کرنا +

چھُری کٹاری - خوں خرابے کی آمادگی - وہ جھگڑا جس میں ہتھیاروں کی نوبت پہنچے - باہمی مخاصمت - جانی دشمنی - کھٹاپٹی - اَن بَن - لڑائی جھگڑا جیسے یہ بہو تو ساس نندوں سے چھری کٹاری رہتی ہے +

چھُری کٹاری رہنا - باہم لڑتے جھگڑتے رہنا - اَن بَن رکھنا - کھٹاپٹی رکھنا - کُشت و خُون پر آمادہ رہنا +

چھُری کٹاری ہونا (۱) جانی دُشمنی ہونا - باہم مخاصمت ہونا (۲) لڑائی جھگڑے کی باتیں ہونا - لڑائی جھگڑا ہونا +

چھُری مارنا - (۱) چھری بھونکنا - خنجر مارنا + زخمی کرنا - گھائل کرنا - (۲) تکلیف دہ بات کہنا - ناگوار بات کہنا +

چھُریاں - چھُری کی جمع - بہت سی چھری +

چھُریاں بھونکنا - جابجا تمام جسم کے اندر چھُریوں سے زخم دینا + نہایت تکلیف و ایذا پہنچانا +

چھل

چھُریاں کٹاوَن پڑنا - (۱) زہر مار ہونا - نگلنا - ٹھونسنا - چُرا چُھپا کر کھانا - غصہ کا کلمہ ہے - جیسے بتاؤ تو یہ روٹیاں کس کے چھُریاں کٹاوَن پڑیں - (۲) کٹ کٹ کر کھلنا - اتی سار ہونا - اتی سار ہونا +

چھُریاں کٹاوَن ہونا - اتی سار ہونا - انگ نہ لگنا - جزوِ بدن نہ ہونا - ہضم نہ ہونا - گوارا نہ ہونا + زہر مار ہونا - نگلنا - ٹھُونسنا + بے رغبتی سے کھانا - اَجیرن ہونا +

چھُریوں کا غُسل دینا - قتل کرنا - ذبح کرنا - چھُریاں مارنا + بھاری سزا دینا - لہو لہان کرنا - جیسے کوئی چھُریوں کا غُسل دے تو یہ جب بھی باز نہ آئے +

چھل - فریب - دغا - دھوکہ - بھگل +

چھل بَٹا - دھوکہ - فند فریب - مکر +

چھلّا چھپوّل - شوخ طبع لڑکیوں کا ایک کھیل ہے کہ ہاتھ کا چھلّا اُتار کر کسی مٹھی میں چھپا دونوں مٹھیاں بند کر لیتی ہیں جو لڑکی چھلّے والی یا اُس کی طرف اشارہ کرتی ہے - اُسی کا چھلّا ہو جاتا ہے - بعض اوقات دو تھوک بنا کر بھی کھیلتی ہیں +

چھلنی میں ڈال چھاج میں اُڑانا - (۱) ہر طرح رُسوا کرنا - الم نشرح کرنا - ڈھنڈوری پیٹنا - (۲) بات کا بتنگڑ بنانا - ذرا سی برائی کو بڑھا کر بیان کرنا جیسے ساس نندیں ایک بُرائی ہو تو چھلنی میں ڈال چھاج میں اُڑائیں - یعنی میل کا پہاڑ بنائیں +

چھب

جو چکر کھا کر کھیلا جاتا اور فقرہ بالا اس میں زبان پر بار بار لایا جاتا ہے۔ پہلے فقرے کے معنی ہیں کہ ہم چاروں طرف پھر کر اسلئے خوشی مناتے ہیں کہ گڈوں کی برات آئی ہے۔ دوسرے فقرہ کے معنی ہیں کہ ہم چاروں طرف چکر لگا کر اس لئے گھومتے ہیں کہ راجہ کی شادی ہوئی ہے +

چھب تختی - سینے اور جسم کی خوبصورتی۔ گات اور جسامت کی خوش وضعی۔ زیبِ سراپا + داگرچہ تمام شعرائے چھب تختی باندھا ہے اور بول چال میں بھی یہی ہے مگر صحیح چھب تقطیع ہے کیونکہ تقطیع بمعنی قطع وضع۔ اس معنی میں شعرائے فارس نے باندھا ہے) +

چھب گھڑی میں اور صورت طباق میں (کہاوت) یعنی عزت عمدہ پوشاک سے ہو اور روپ رنگ عمدہ غذا سے +

چھپر کھٹ - مسہری۔ وہ پلنگ جسکے اوپر چھتری اور پوشش ہو + دلہن کا چھتری دار پلنگ۔ امیروں کے سونے کا پلنگ +

چھتیسا پن - مکاری۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ عیاری +

چھتیسی - تمام عیب و ہنر سے واقف۔ چالاک۔ عیارہ۔ علامہ۔ آفتِ روزگار۔ فتنۂ زمانہ۔ مکار۔ دمباز +

چھٹی - (۱) سادس۔ تاریخ ششم مہینے کی چھٹی تاریخ (۲) بچہ پیدا ہونے کے چھٹی تاریخ کی رسم[51] جس میں ماں یا ننھیال کی طرف سے بہت کچھ آتا ہے +

چھٹی دینا - زچہ اور اسکے بچہ کے واسطے حسب رواج جوڑے چاول برتن زیور اور بچے کو کھلونے وغیرہ آرائش اور

چھر

باجہ کے ساتھ بھیجنا +

چھٹی کا دودھ نکلنا - پیدا ہونے کے زمانے کا کھایا پیا نکلنا۔ چھٹی کی نعمت نکل جانا +

چھٹی کا دودھ یاد آنا - تقریب چھٹی کی نعمت اور بیفکری کا کھانا یاد آنا + امن کا زمانہ افسوس کے ساتھ یاد پڑنا +

چھٹی کا رجا - ننھیالی دولت مند۔ پوتڑوں کا امیر۔ جنم کا روپے اور پیسے والا۔ جنم کا رجا +

چھٹی کا کھایا نکلنا - چھٹی کی تقریب کا سارا عیش و آرام جاتا رہنا + گزشتہ آرام و راحت کی کسر نکل جانا +

چھٹی کے پوتڑے ابتک نہیں سوکھے - (کہاوت) یعنی ہنوز طفل و ناتجربہ کار ہیں +

چھدا (۱) الزام۔ تہمت۔ بہتان۔ دوش۔ (۲) گلہ شکوہ۔ (۳) بار احسان۔ (ہندو تھدا بھی بولتے ہیں) +

چھدا اتارنا - سر سے بوجھ اتارنا۔ گلہ اتارنا۔ اوپری دل سے کوئی کام کرنا۔ سر سے الزام اتارنا۔ دکھاوے کا کام کرنا۔ الاہنے سے بچنا۔ نام گنانے کو کچھ کرنا۔ الزام دور کرنا +

چھدے عدے - ایک پیار کا کلمہ ہے جو ماں ننھے بچے سے خوش ہو کر صدقے قربان کی جگہ کہتی ہے اور اصل میں صدقے ہی سے یہ لفظ بگڑا ہے + دراصل صدقے اور تھا +

چھری - کزلک۔ لمبا چاقو یا چاقو جو بند نہ ہو سکے۔ چھوٹا چھرا +

[51] مفصل کیفیت ہماری فرہنگ آصفیہ اور رسوم دہلی میں دیکھو +

چھا	چھا

دیکھکر تمہاری کیوں چھاتی دھڑکی +

چھاتی سراہنا۔ (۱) تاب و تحمل کی تعریف کرنا۔ برداشت اور بُرد باری کی واہ وا کرنا۔ (۲) تحسین و آفرین کرنا شاباشی دینا۔ کسی کی بہادری کا مقر ہونا۔ صد رحمت کہنا +

چھاتی سے پتّھر ٹلنا۔ (۱) دل کا بوجھ دور ہونا۔ بارِ خاطر کا دُور ہونا (۲) بیٹی کا بیاہا جانا +

چھاتی سے لگا کر رکھنا۔ بہت پیار سے اپنے پاس رکھنا۔ جان کی برابر رکھنا۔ آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا +

چھاتی سے لگانا۔ فرطِ محبت و اخلاص کے باعث سینہ سے چمٹانا۔ گلے سے لگانا۔ پیار کرنا۔ انگ لگانا (۲) تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔ چمکارنا۔ پچکارنا +

چھاتی کا پتّھر یا پہاڑ۔ (۱) گرانیِ دل۔ بارِ خاطر۔ سنگِ سینہ۔ ناگوارِ خاطر۔ مخالفِ طبع (۲) بارِ غم۔ بارِ الم۔ اندوہِ خاطر (۳) جوان بن بیاہی یا رانڈ بیٹی جس کا خرچ ماں باپ کے سر ہو +

چھاتی کا پھوڑا۔ زخمِ جگر + سوہانِ روح۔ وبالِ جان ناگوارِ طبع گرانِ خاطر + وبالِ گردن + اپنی طبیعت کے مخالف آدمی +

چھاتی کا جم۔ (۱) قابضُ الارواح۔ فرشتہ موت (۲) ناگوارِ خاطر۔ بارِ خاطر۔ سنگِ سینہ + سوہانِ روح (۳) وہ ناگوارِ طبع آدمی جو پاس سے نہ ٹلے۔ ہر وقت چھاتی پر موجود رہنے والا۔ ڈھیٹ +

چھاتی کی سِل۔ دیکھو (چھاتی کا پتّھر) + سنگِ سینہ +

چھاتی کے کواڑ کُھلنا (۱) سینہ شق ہونا۔ سینہ کا دوپارہ اور چاک ہونا۔ (۲) ایک دفعہ ہی چیخ نکلنا۔ زور کی آواز نکلنا بے تحاشا چیخ پڑنا جیسے کم بخت ایسی کیا آفت آئی کہ تیری چھاتی کے کواڑ کھل گئے +

(ایسے موقع پر پھٹنا بھی کہہ دیتے ہیں) +

چھاج بولے تو بولے چھلنی بھی بولی جس میں بہتّر چھید (کہاوت) یعنی عیب دار بھی بے عیب کی برابری کرتا ہے + کہاں پاک کہاں عیب ناک +

چھاجوں پانی پڑ گیا (کہاوت) (۱) بہت سا مینہ برس گیا۔ (۲) نہایت شرمندگی اُٹھانی پڑی +

چھاجوں مینہ برسنا۔ کثرت سے بارش ہونا۔ تل دھار اُوپر دھار پانی پڑنا +

چھان بین۔ تحقیق تجسّس۔ دریافت کھوج + تفتیش +

چھان مارنا۔ بخوبی تلاش کرنا۔ ڈھونڈ مارنا +

چھاؤنی چھانا۔ ڈیرے ڈالنا۔ کسی جگہ رہ پڑنا +

چھائیں پھوئیں۔ (۱) نوج خدا نہ کرے۔ خدا بچائے۔ خدا بُرے ہی رکھے۔ (۲) جن و پری۔ بھوت پریت +

چھائیں مائیں۔ (اطفال) دہلی کے بچے چک پھیری پھرتے جاتے اور یہ فقرہ کہتے جاتے ہیں کہ چھائیں مائیں چھائیں مائیں کوّدل کی برات آئی لگر یا ہروالے یوں کہتے ہیں کہ چھائیں مائیں چھائیں مائیں ڈھول بجا تی راجہ کے گھر رانی آئی غرض یہ ایک کھیل ہے۔

چھا

جان سے مار ڈالنا۔ (نہایت غصّہ کی حالت میں یہ کلمہ زبان پر آتا ہے اور کبھی نوچاؤ بھی کہتے ہیں) +

چھاتی پر دھر کر لیجانا۔ مال و دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لیجانا۔ جیسے چھاتی پر دھر کر کوئی نہیں لیجاتا دکھاتو) +

چھاتی پر سانپ پھر جانا (۱) رشک آنا۔ رشک گزرنا۔ (۲) افسوس آنا۔ ملولا گزرنا۔ حسرت ہونا۔ (۳) ملال ہونا۔ رنج گزرنا۔ صدمہ پہنچنا +

چھاتی پر مونگ دلنا۔ (۱) رشک دلانا۔ آتش غیرت سے جلانا + (یہ محاورہ اکثر عورتیں ایسے موقع پر بولتی ہیں کہ جب خاوند ان کے سر پر کسی سوکن کو لاتا یا خود عورت اپنے خاوند کے ہوتے اور سے اخلاص رکھتی ہے مثلاً خاوند کی چھاتی پر مونگ دلنا کہیں گی۔ تو وہاں یہ غرض ہوگی کہ اسکی ضد سے اس کے سامنے ناشایستہ حرکت کرنا اور جب کہیں گے کہ خاوند بیوی کی چھاتی پر مونگ دلتا ہے تو اس سے یہ غرض ہوگی کہ غیر عورتوں کو لاکر رکھنا اور بیوی کو جلاتا ہے۔ اس کے علاوہ آپس میں ایک دوسرے کو جلانے کی نسبت بھی بولتی ہیں۔ جیسے تیری چھاتی پر مونگ دلوں اور یہی جینیز لوں تو سہی) + (۲) عذاب دینا۔ تعزیر دینا۔ سزا دینا +

چھاتی پک جانا۔ سینہ میں زخم یا گھاؤ ہو جانا۔ جان سے بہ تنگ ہو جانا۔ غم کھاتے کھاتے اکتا جانا۔ تکلیف سہتے سہتے عاجز آجانا +

چھا

چھاتی پکڑ کر رہ جانا۔ دل مسوس کر رہ جانا۔ دل ہی دل میں غم و افسوس کرکے بیٹھ رہنا۔ کسی رنج پر اُف نہ کرنا +

چھاتی پھٹنا۔ (۱) سینہ کا شق ہونا۔ دل پر صدمۂ عظیم گزرنا۔ دل بے قابو ہونا (۲) کسی کی دولت دیکھکر رشک ہونا۔ آنکھیں پھٹرانا۔ جلنا۔ حسد کرنا +

چھاتی تلے رکھنا۔ پاس رکھنا۔ جان کے برابر رکھنا۔ آنکھوں سے دُور نہ ہونے دینا۔ اپنی بغل میں رکھنا جیسے اپنا بچہ اور اپنا مال چھاتی تلے اچھا +

چھاتی تلے رہنا۔ پاس رہنا۔ آنکھوں کے سامنے رہنا +

چھاتی ٹھکنا۔ اطمینان ہونا۔ طمانیت ہونا۔ تسلی ہونا +

چھاتی ٹھنڈی کرنا۔ (۱) دل خوش کرنا۔ (۲) اپنی دشمنی نکال کر خوش ہونا۔ دل ٹھنڈا کرنا۔ ارمان نکالنا۔ بغض نکالنا +

چھاتی ٹھنڈی ہونا۔ دل خوش ہونا۔ دل ٹھنڈا ہونا + ارمان نکلنا۔ حسرت نکلنا +

چھاتی ٹھوکنا۔ (۱) اطمینان کرنا (۲) دل مضبوط کرنا۔ جیسے اپنی چھاتی ٹھوک کر وہاں جانا +

چھاتی چھتنا۔ یا چھتنی ہو جانا۔ غم یا صدموں کے باعث سینہ کا پُر داغ اور دل کا پاش پاش ہو جانا +

چھاتی دھڑکنا (۱) دل کانپنا۔ دل لرزنا (۲) خوف چھانا۔ (۳) دل دُکھنا۔ دل پر صدمہ گزرنا جیسے روپیہ

چوری اور سرزوری (کہاوت) یعنی اپنے قصور پر دھینگا دھینگی +

چوڑیاں - چوڑی کی جمع +

چوڑیاں بڑھانا - چوڑیاں اُتارنا - چوڑیاں اُتار کر رکھنا +

چوڑیاں ٹھنڈی کرنا - چوڑیاں توڑنا + (دو موقعوں پر بولتے ہیں ایک تو لڑائی جھگڑے یا غصّہ کی حالت میں جب عورتیں خود توڑ ڈالتی ہیں - دُوسرے عورت بیوہ ہوکر سہاگ بڑھاتی ہے اُس حالت میں چوڑیاں توڑنا کہتے ہیں - مگر اور موقع پر یہ لفظ زبان پر لانا فالِ بد خیال کیا جاتا ہے - دوخنبی ہندوؤں میں یہ رسم نہیں ہے) +

چوڑیاں ٹھنڈی ہونا - چوڑیاں ٹُوٹنا کسی صدمہ یا ضرب سے چوڑیوں کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا +

چوڑی دار پائجامہ - وہ تنگ پائجامہ جسکی موریاں لمبی ہونے سے ٹخنوں پر سلوٹیں پڑتی ہیں +

چولہے میں پڑے } (١) آگ لگے - خاک میں ملے - اُجڑ جائے
چولہے میں جائے } (٢) ہمیں اُس سے کچھ سروکار نہیں +

پروا ندارم - بلا سے +

چولی دامن کا ساتھ ہے - (کہاوت) یعنی ایکدوسری سے جدا نہیں ہیں - ہمیشہ کی یک جہتی و محبّت ہے +

چومکھ - وہ چراغ جسکے چاروں طرف بتّی کا گھر ہو - چومکھا چراغ - صحیح بضمّ میم بول چال میں بفتحِ میم +

چونڈا کھسوٹنا - (١) سر کے بال نوچنا (٢) چوٹیا کھسوٹنا - ہاتھا پائی کرنا - لپّا ڈگّی کرنا - ہشت مشت کرنا - جیسے کیا تو میرا چونڈا کھسوٹنے آئی ہے +

چونڈے پر ڈولا اُچھلنا - سوکن بنکر آنا - سوکن بننا (یہ اصطلاح خاص لکھنؤ میں بولی جاتی ہے - اس لفظ کے معنی ہیں کہ نئی جورُو کا لاؤ پہلی جورُو کے سرپر رکھنا - یعنی پہلی بیوی کے ہوتے دُوسری بیوی کا نکاح میں آنا - جیسے اِن بیوی کا بھی ایک دفعہ میرے چونڈے پر ڈولا اُچھل چکا ہے یعنی میری سوکن بن چکی ہیں) +

چونی بھی کہے مجھے گھی سے کھاؤ - (کہاوت) یعنی ادنی بھی اعلےٰ ہونے کا دعوٰی کرتا ہے +

چونے والیاں - ایک قسم کی ڈومنیاں جو بچّہ پیدا ہونے میں ناچنے گانے آتی اور بدھائی لیکر چلی جاتی ہیں +

چوہا بِل میں سماتا نہیں } (کہاوت) یعنی اپنی گزر ہوتی
دُم سے باندھا چھاج } نہیں دوسری کا بوجھ سر پر لیتی ہے +

چوہے دنتی - عورتوں کے ایک دستی زیور کا نام جس کے دانے چوہے کے دانتوں سے مشابہ ہوتے ہیں - کنگن +

چوہے کا جنا بِل ہی ڈھونڈتا ہے (کہاوت) یعنی ہر شخص اپنی اصل پر جاتا ہے +

چھاتی - (١) سینہ - صدر (٢) پستان - چوچی - کچھ - (٣) حوصلہ - جُرأت - بہادری +

چھاتی پر پتّھر رکھنا - سخت دلی اختیار کرنا - دل سخت کرنا - صبر کرنا +

چھاتی پر چڑھکر ڈھائی چلّو لہو پینا - سخت سزا دینا -

لغات النساء

چوٹ

بال۔ (۲) ہندو ہونے کی مذہبی نشانی جو سر کی چھوڑی ہوئی بالوں سے
تیز ہوتی ہے (۳) بڑھکا۔ بڑھیا۔ بُرائی یا بھلائی میں آفت کا پرکالا
(۴) سردار۔ سرغنہ۔ اُستاد جیسے یہ تو سب بدمعاشوں کی چوٹی
ہے۔ (۵) اوّل درجہ کا پھل سب سے عمدہ ترکاری جیسے چوٹی کے
آم دیکھ کر لانا۔ (۶) نکیل۔ باگ جیسے اُسکی چوٹی میرے ہاتھ ہے +

چوٹی کا۔ بڑھ کا۔ عمدہ۔ اوّل درجہ کا چیدہ چُنندہ چھٹا ہوا جیسے چوٹی کا پھل +

چوٹی کرنا۔ یا۔ کنگھی چوٹی کرنا۔ بال گوندھنا۔ بال سنوارنا +

چوٹی والا۔ بُھتنا۔ بھوت۔ ہمزاد۔ سایہ۔ بلا +

چوٹی چمپو۔ ہاتھ کی لمبو۔ ہاتھ چالاک عورت۔ وہ عورت جسے چوری کی

چوچلا ہائی (چمپو) یا چونچلا ہائی۔ نخرے باز۔ نخرے بیٹی۔ نازک مزاج۔ اترانے والی +

چوچل ہایا۔ نخر ہایا۔ لاڈلا +

چودھویں رات کا چاند۔ (۱) پورنماشی کا چاند۔ ماہِ
کامل۔ ماہِ تمام۔ بدر۔ (۲) نہایت خوبصورت قمر طلعت +

چور۔ (۱) دزد۔ سارق۔ چوٹا جیسے لکڑی کے چور کو گردن نہیں مارتے
(۲) ناسور۔ گپت گھاؤ۔ زخم کے اندر کا چھید جو ہمیشہ باقی
رہے۔ اور اوپر سے اچھا ہو جائے (۳) خفیہ دزد۔ پوشیدہ
سوراخ جیسے چھت کا چور وغیرہ (۴) دزدِ حنا۔ مہندی کا چور
وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد رہ جائے (۵) شمع
کے ایک طرف سے گھل جانے کو بھی چور کہتے ہیں۔ شمع
کی ایک جانب سے گداختگی (۶) ڈبدھا۔ اندیشہ۔ خوف
خطر۔ (۷) پوشیدہ۔ خفیہ۔ درپردہ۔ (۸) جھوٹا۔

چور

دروغگو۔ دغاباز۔ فریبیا +

چور پڑنا۔ (۱) چوروں کا گھر میں اُترنا (۲) ناسور پڑنا۔ بھیتری
گھاؤ ہونا۔ (۳) وہ لکیر یا سفیدی جو ہاتھوں میں مہندی
لگانے سے چھوٹ جائے +

چور چور۔ وہ آواز جو چور کو دیکھ کر اُسکے پکڑنے کیواسطے باوازِ
بلند نکالی جائے +

چور چوری سے جاتا ہے ہیرا پھیری سے نہیں جاتا (کہاوت) بُری عادت نہیں بدلتی +

چور سے کہے چوری کر اور شاہ سے کہے تیرا گھر لُٹا (کہاوت) اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں
جس میں لگائی بجھائی کی عادت ہو۔ خود ہی نقصان
پہنچائے اور خود ہی ہمدرد بنے +

چور کا بھائی گِرہ کٹ (کہاوت) چوری میں دونوں برابر
ہیں۔ جیسا ایک ویسا ہی دوسرا۔ بد کا ساتھی بد +

چور کے پیر کہاں؟ (کہاوت) چور میں اِستقلال نہیں
ہوتا۔ ذرا سی بات میں گھبرا جاتا ہے +

چور کی داڑھی میں تنکا (کہاوت) چور کا قصور خود اُس کا
غمّاض ہوتا ہے۔ چور اپنا آپ غمّاض ہوتا ہے +

چور کی ماں کوٹھی[1] میں سر دیکر روتی ہے۔ (کہاوت)
چور کی ماں اپنے صدمہ اور اپنے رنج کو چھپ کر بھڑاس نکالتی ہے۔
بُری کار راز دار۔ دل ہی دل میں گھٹتا ہے +

[1] کوٹھی۔ اناج رکھنے کا گگی گودام۔

چنب

چغلخور کی باتیں منہ لگی نہیں چھوٹتیں +

چنبیلی چاؤمیں آئی - منہ لگی باندی سر چڑھی +

چنبیلی چاؤمیں آئی لڑکی بالے ساتھ لائی } (کہاوت) یعنی مُنہ لگا یا کمینہ سر پر چڑھا +

چنچل - اچپل - شوخ - شوخ مزاج - گرم چُست و چالاک - تُرتُریا - بھتر نہ رہنے والی - نچلی نہ بیٹھنے والی - بے چین +

چُن چُنکے نام رکھنا - بات بات پر بُرا کہنا - چھانٹ چھانٹ کر نام رکھنا - ہر بات پر طعنہ دینا +

چنداماموں - (بچے چاند کو کہتے ہیں اور نیز ماں باپ بھی اس نام سے چاند دکھاکر ان کو بہلاتے ہیں - اور ایک کھیل کا نام بھی ہے جس کے یہ فقرے ہیں ''چندا ماموں دُور کے بڑے پکائیں بُور کے آپ کھاویں تھالی میں ہم کو دیویں پیالی میں - پیالی گئی ٹوٹ چنداماموں گئے رُوٹھ - پیالی آئی اَور - چنداماموں آئے دوڑ) +

چندن سا بنادینا - صندل کے مانند صاف بنادینا - نہایت صاف کردینا جیسے میاں کا کمرہ جھاڑ و بہار دیکر چندن سا کردیا +

چندیا - (چاند بمعنی کھوپری کی تصغیر) (۱) سر - کھوپری (۲) چھوٹی سی روٹی - بچے ہوئے آٹے کی ٹکیا - مثلاً بچھلی چندیا کھائی - بچھلی مت آئی (۳) روٹی بڑھاتے وقت جو اس کے بیچ میں ٹکیا سی رہجاتی ہے اُسکو بھی چندیا کہتے ہیں +

چندیا پر بال نہ چھوڑنا (۱) سر کے بال تک نہ رکھنا (۲) مفلس اور قلّاش بنادینا - لُوٹ لُوٹ کر کھا جانا - کورے اُسترے سے سر مونڈنا + موس لینا +

چوٹ

چندیا پرے سے سرک - پاس سے ہٹ - سر کے اُوپر سے الگ جاکر کھڑا ہو +

چندیا کھانا - لُوٹ کر کھانا - مُفلس بنانا +

چندیا کھجانا - سر کھجانا - جُوتیاں کھانے کو جی چاہنا - شامت آنا - جیسے تیری چندیا تو نہیں کھجائی +

چندیا مونڈنا - (۱) سر مونڈنا - (۲) لُوٹ کر کھانا - دغا سے روپیہ لینا - موسنا - (۳) سزائے سخت دینا - یعنی عورت کو سر مونڈنے کی سزا دینا +

چندے آفتاب چندے مہتاب } خوبصورتی کی تعریف میں اکثر کہا نیوں میں یہ لفظ آتا ہے - یعنی چمک دمک میں چاند اور سُورج سے بڑھ کر +

چنے کے ساتھ گھُن بھی پس گیا - (کہاوت) یعنی قصُور والے کے ساتھ بے قصُور کی بھی شامت آگئی +

چوتھی - (۱) چوتھا کی تانیث - (۲) بیاہ کی ایک رسم[۵۱] جو ساچق کے چوتھے روز ہوتی ہے - مگر آجکل تیسرے ہی روز ہو جاتی ہے +

چوتھی کا جوڑا - وہ بھاری جوڑا جو ساچق کے دن چوتھی کے نام سے دیا جاتا ہے جسکو دُلہن چوتھی کے دن پہنتی ہے +

چوتھی کھیلنا - چوتھی کے روز دلہن کے گھر جاکر پھول کی چھڑیوں سبز ترکاریوں اور پھلوں سے لڑنا - اِن چیزوں کو ایک کا دُوسرے پر پھینکنا +

چُوٹی - (۱) جعد - سر کے بڑے بڑے بال جو منّت کے چھوڑے ہوئے

[۵۱] مفصّل کیفیت ہماری فرہنگِ آصفیہ بار سوم (ب) میں دیکھو +

چنا	چلو

کانام جس میں اکثر چلاّتے چلاّتے مر جایا کرتے ہیں۔
اِس میں عورتیں بچّے کے اوپر سے گوشت کے ٹکّے اُتار کر
دوپہر کے وقت چیلوں کو کھلاتی ہیں یا گلگلے تَل کر اسی
طرح چیلوں کو دیتی ہیں +

چِلوانس لگنا۔ چلاّہٹ لگنا۔ اُس مرض کا جسے چلوانس کہتے
ہیں شروع ہونا۔ جس کی کیفیت لفظِ چلوانس میں لکھی گئی +
(یہ مرض اکثر معدے کی خرابی در دِ شکم یا بدہضمی سے پیدا ہوتا ہے) +

چُلّوؤں خون خشک ہونا۔ کسی صدمے کے سُننے سے
بہت سا خون خشک ہونا +

چُلّوؤں رونا۔ کثرت سے رونا۔ زار و قطار رونا۔ زار زار رونا +

چُلّوؤں لہو بڑھنا۔ بہت سی خوشی میں جسم کا خون بڑھ جانا۔
نہایت خوشی حاصل ہونا۔ جیسے اپنی بیٹی کو مدت بعد دیکھ کر
چلّوؤں لہو بڑھ گیا +

چُلّوؤں لہو پینا۔ بہت سا لہو پینا + خوب مارنا + اچھی
طرح ذبح کرکے لہو پینا + خوب ستانا۔ خوب پیٹنا +

چِلّہ[1]۔ (۱) چِلّا۔ چالیس دن کا عرصہ۔ چالیس دن کا زمانہ (۲)
چالیس دن کی گوشہ نشینی اور وظیفہ خوانی چالیس روز
کا عمل۔ (۳) وہ مکان جس میں کسی بزرگ نے چلّہ کشی کی ہو
(۴) وہ کلاوہ یا ڈور یا بند جو حصولِ مطلب کے لئے کسی
ولی اللہ کے مزار یا مقدّس درخت یا علم و منبر و تعزیہ
پر اکثر بدعتی لوگ باندھا کرتے ہیں۔ (۵) زچہ کا چالیسویں
دن کا نہان[52]۔ غسلِ نفاس۔ زچہ کا سوا مہینے کا نہان۔
(۶) چالیس دن کا جاڑا جو پوس سے شروع ہوکر سوا مہینے
تک خوب زور سے پڑتا ہے۔ جیسے دَھن (قوس) کے پندرہ
مکر (جدی) کے پچیس چلّے کے دن ہیں چالیس۔ (کہاوت) +

چِلّہ باندھنا۔ مُراد ماننا۔ منّت ماننا + (کسی بزرگ کے مزار یا
مقامِ مقدّس وغیرہ میں کلاوہ اس نیت سے باندھنا۔ کہ ہماری
مُراد پوری ہوگی۔ تو اُسے کھول دینگے) +

چِلّہ کھولنا۔ منّت کا ڈورا حصولِ مراد کے بعد جہاں باندھا
تھا۔ وہاں جاکر کھولنا +

چَلی چَلی بی ماگھو آئیں۔ (۱) پھیلتے پھیلتے یہاں تک بات
پھیلی (۲) لڑکوں کا ایک کھیل +

چِلّے کی سَردی۔ پوہ ماگھ کی سردی۔ سخت سردی +

چُمپا کلی۔ گلے کے ایک زیور کا نام جس کے دانے چپا کی کلی
سے مُشابہ ہوتے ہیں +

چُمکار کر رکھنا۔ پیار محبّت سے رکھنا۔ دلاسے سے رکھنا +

چُمکارنا۔ پیار کرنا۔ دلاسا دینا۔ سر پر ہاتھ پھیرنا +

چَمک چاننی۔ وہ عورت جو اوباش وضع نہایت زرق برق
اور بنی ٹھنی رہتی ہو + (چاننی مخفف چاندنی) +

چَمَکّو۔ (۱) اُدھادی بتانی۔ جھلھائی۔ (۲) چنچل۔ شوخ۔ اچپل۔
(۳) عیّارہ۔ حرّافہ۔ قطّامہ۔ (۴) لڑاکا۔ جنگجو۔ فسادی۔ جھگڑالو۔ بسرا +

چنا اور چُنچل مُنہ لگا بُرا۔ (کہاوت) یعنی چنے کی بھُنگا اور

[1] از چہل مخفف چہل

[52] یہ ایک رسم ہے جس کی مفصل کیفیت ہماری رسوم دہلی و فرہنگ آصفیہ میں مندرج ہے۔ دیکھو حصہ کی

چھل	چلو

چُغلخور - لُتری - غمّازہ - اِدھر کی بات اُدھر کہنے والی - (صحیح چُغل خور) +

چَک بَچَک - تیل یا گھی میں تر بتر + لتھ پتھ - شور بور - گھی میں چھچور - ڈوبا ہوا - لتھڑا ہُوا +

چَلچک گونڈے کھانا - ترتراتے اور گھی میں تر بتر نوالے کھانا +

چُکنا - (یہ لفظ اتمامِ فعل کے واسطے آتا ہے) (۱) تمام کرنا - پُورا کرنا - ختم کرنا - طے کرنا - جیسے آچُک یعنی آنے کا فعل ختم کرلے - جا چُک یعنی چلا جا - کھا چُک یعنی کھانے سے فارغ ہو جا - (۲) خاتمہ ہونا - تمام ہونا - نبڑنا جیسے آٹا ہو چکا - (۳) قیمت کوتہ ہونا + بے باق ہونا - ادا ہونا جیسے ساہوکار کا قرضہ چُک گیا +

چکنا چور - (۱) حد درجہ کی تکان - اعضا شکنی - (۲) تیل میں تر بتر +

چکنا گھڑا بُوند پڑی ڈھل گئی - یعنی بے غیرت پر کتنی ہی لعنت ملامت ہوئی - مگر کچھ بھی اثر نہ ہوا +

چکّی جھونا - (۱) چکّی چلانی - آٹا پیسنا - چکی شروع کرنا - آٹا پیسنا شروع کرنا (۲) قصہ ناندھنا - دُکھڑا بیان کرنا مصیبت دُہرانا اپنی بیتا کہنا - اپنی بیتی کہنا - رام کہانی سنانا +

چل بسنا - راہیِ ملکِ بقا ہونا مرجانا - وفات پانا - دنیا سے رخصت ہونا +

چُلبُلا - مضطرب و بے چین - ایک حال پر نہ رہنے والا چنچل تُرتُریا +

چلتی ہوا سے لڑنا - نہایت بدمزاج ہونا - بات بات پر لڑنا - خواہ مخواہ لڑائی کرنا +

چل ہٹ چل پرے | چل دُور ہو - پرے ہٹ - رفو چکر ہو -
چل دُور | دُور ہو - چلتا بن - ہوا کھا چمپت بن -

لمبا بن - چلا جا - (در حالتِ خفگی و تنفر) +

چلچلاتی - تیز و شدّت کی دھوپ - ایسی تیز دھوپ کہ جسکی چیل سے بھی برداشت نہ ہو سکے - اور انڈے سیتی ہوئی اُٹھ بھاگے +

چلنا - (۱) حرکت کرنا - جنبش کرنا - جیسے ہوا یا چکّی یا نبض چلنا - (۲) رواج پانا - رائج ہونا - سکّہ سیم وزر کا مقبولِ سرکار و عام ہونا - (۳) رواں ہونا - بہنا - (۴) پھولنا - قایم رہنا (۵) نکلنا - رُت آنا - بازار میں آنا - بکنا شروع ہونا - جیسے آم بھی چل گئے (۶) مُسکنا - پھٹنا - دریدہ ہونا - جیسے انگرکھا مونڈھے پر سے چل گیا - (۷) سڑنا بُسنا - جیسے سالن چل گیا - دال چل گئی - (۸) لڑائی ہونا - فساد ہونا - رنجش ہونا - جیسے اِن کی اُن کی چل رہی ہے - (۹) گرم بازاری ہونا - بکری ہونا - ترقّی ہونا - رونق ہونا - جیسے دُکان چلنا - کام چلنا (۱۰) شروع ہونا - چھڑنا - جیسے ذِکر چلنا - بات چلنا (۱۱) اٹھنا - پڑھا جانا - پڑھنے میں آنا جیسے اِس سے کتاب تو چلتی ہی نہیں - (۱۲) بندوق یا توپ چھوٹنا - بندوق سر ہونا (۱۳) مدتوں قائم رہنا - خوب کام دینا - جیسے یہ کپڑا تو گھس گھس کر چلا - (۱۴) کارگر ہونا - اثر کرنا جیسے جادو یا تعویذ کا چلنا +

چلوائنس - چلاہٹ - نوزائیدہ بچوں کے ایک مرض

چٹی

چٹی بھرنا - (۱) تاوان دینا۔ ڈنڈ بھگتنا (۲) نقصان اٹھانا ضرر اٹھانا۔ مجبوراً نہ دینا ۔

چٹی دھرنا - ڈنڈ ڈالنا۔ تاوان بھرنا ۔

چُٹیا - (۱) چوٹی کی تصغیر بالتحقیر۔ چونڈا۔ (۲) وہ چند بال جو بچے کے سر پر منت مان کر جاہل مسلمان اور عام ہندو رکھتے ہیں ۔

چٹے بٹے - (۱) چھوٹے بچوں کے ایک قسم کے کھلونے جس میں پتے اور لٹو پڑے ہوئے ہوتے ہیں (۲) وہ چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں جو مداری تماشے میں دکھا کر دھوکا دیتے ہیں ۔

چٹے بٹے لڑانا - شعبدہ بازی دکھانا۔ جھوٹے سچے شگوفے چھوڑنا۔ لڑائی جھگڑا کرانا۔ جیسے تمہیں تو خوب چٹے بٹے لڑانے آتے ہیں ۔

چچڑی ہوکر چمٹنا - چچڑ ہونا۔ سر ہو جانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ جونک ہو کر لپٹنا ۔

چچوڑنا - چوسنا۔ بچہ کا چھاتیوں کو چوسنا ۔

چچیا ساس - خاوند کے چچا کی بیوی۔ بیوی کے چچا کی بیوی ۔

چخے - کلمۂ نفرت۔ چل دور ہو۔ پرے ہٹ۔ باتیں نہ بنا ۔
(یہ کلمہ کبھی اختلاط کبھی عتاب کبھی ناز کبھی انکار بمنزلِ اقرار کے موقع پر بولا جاتا ہے) ۔

چراغ - دیپک۔ دیا۔ لمپ۔ شمع۔ بتی ۔

چراغ بڑھانا۔ یا۔ بجھانا }
چراغ ٹھنڈا کرنا۔ یا۔ خاموش کرنا } روشنی کو بند کرنا۔ چراغ کو پھونک مارنا۔ اندھیرا کرنا ۔
چراغ گل کرنا یا چراغ کو ہاتھ دینا }

چشم

چراغ جلے - بتی پڑی۔ بوقتِ شام سورج چھپے جھٹ پٹے کے وقت ۔

چراغ کے نیچے اندھیرا ہونا - منصف حاکم کے قریب ہی ظلم ہونا منصف حاکم کی ہوتے ہوئے ظلم یا بدامنی ہونا اور کسی فائدہ پہنچانے والے کو محروم رکھنا ۔

چراغ لیکے ڈھونڈنا - دکھاوت یعنی نہایت تلاش کرنا ۔

چراغ میں بتی پڑنا - شام ہونا۔ رات ہونا۔ جیسے چراغ میں بتی پڑی، لاڈو میری تخت چڑھی ۔

چرب آنک۔ یا۔ چرپاک - چالاک۔ عیارہ۔ عیار۔ شوخ۔ دلیر نڈر۔ بے باک۔ تیز۔ ہوشیار ۔

چرب آنک دیدہ - نڈر عورت۔ دیدہ ذلیل۔ شوخ چشم حراف۔ تیز۔ ہوشیار۔ دیدہ دلیر ۔

چُرغم چُرغم کرنا - چخ چخ کرنا۔ بکبک کرنا۔ کھسر کھسر کرنا۔ کھسر پھسر کرنا۔ جیسے اب ذرا آپس میں چرغم چرغم نہ کرو۔ کہانی سنو۔ (فقرہ) ۔

چرک دھائس - مرض کا بقیہ۔ کچھ نہ کچھ علالت۔ ایک نہ ایک روگ ۔

چرھاوا - (۱) نذر۔ بھینٹ۔ پجاپا۔ (۲) وہ زیور جو منگنی یا برات کے روز دلہن کو دولہا والوں کی طرف سے پہنایا جائے (۳) بڑھاوا۔ دم ۔

چشم بد دور - (ایک کلمہ ہے جو دفع چشم بد کے واسطے کسی چیز کی تعریف سے پہلے زبان پر لاتے ہیں) نظر بد دور رہو۔ نظر نہ لگے۔ حف نظر ۔

چٹ

نہیں ملتا تو چپنی بھر پانی میں ہی ڈوب مرو - چلّو بھر پانی میں بھی

چٹ - فوراً - اُسی وقت - ترت - اُسی دم - اسی گھڑی جیسے چٹ منگنی پٹ بیاہ (۲) ہاتھ کی انگلی یا کسی چیز پر صدمے سے نشان پڑ جانا - جیسے ہاتھ کی انگلیوں میں چٹیں پڑ گئیں - (۳) پچپچر جیسے کواڑ کی چٹ اتر گئی - چولہ میں چٹ ہو کر چُپ ہو رہ

چٹ پٹ - فی الفور - بہت جلد +

چٹ پٹ ہونا - جلدی سے مرجانا - ناگہانی موت ہو جانا جیسے دم بھر میں بچہ چٹ پٹ ہو گیا +

چٹ چٹ بلائیں لینا - دونوں ہاتھوں سے اس طرح بلا گردان ہونا کہ انگلیوں سے چٹخنے کی متواتر آواز نکلے - جسے کمال محبت کی علامت خیال کیا جاتا ہے +

چٹ چٹ چوڑیاں ٹوٹنا - متواتر آوازوں کے ساتھ چوڑیوں کا ٹوٹنا - پے در پے چوڑیاں ٹوٹنا +

چٹ منگنی پٹ بیاہ - بیاہ اور نسبت کا چٹ پٹ ظہور میں آنا - ارادہ کے ساتھ کام بننا - فوراً نتیجہ ظاہر ہونا +

چُٹ پُٹ - خرچ متفرق - چھوٹی چھوٹی چیزوں کا خرچ متفرقات +

چٹخارے بھرنا - کسی خوش ذائقہ چیز کا مزا لینا - زبان چاٹنا - ہونٹھ چاٹنا - خوب مزے لینا +

چٹخارے کا بھرتا - تیز نمک مرچ کا بھرتا چٹ پٹا بھرتا +

چٹخاری کا سالن - مزیدار سالن - خوب نمک مرچ پڑا ہوا سالن چٹ پٹا سالن +

چٹخانا - دور کرنا - علیحدہ کرنا جیسے بوا یہ ملتا تو ٹھیک نہیں اسی چٹخاؤ دوسری دکھاؤ

چٹخ

چٹخ کر بات کرنا یا بولنا - تڑخ کر بولنا - بگڑ کر بات کرنا خفا ہو کر بولنا +

چٹکلا چھوڑنا - شگوفہ چھوڑنا عجیب بات بیان کرنا - طلسم بنانا یعنی باتیں کرنا

چٹک مٹک - طمطراق کر و فر - شان و شوکت - بھڑک - تمکنت - بناوٹ - غرور - نخوت - ناز و نخرہ +

چٹک مٹک سے بیٹھنا - بن سنور کر بیٹھنا - ناز و انداز سے بیٹھنا +

چٹک مٹک سے چلنا - اترا کر چلنا - ناز و انداز سے چلنا +

چٹکی - (۱) انگوٹھے اور بیچ کی انگلی کو ملا کر بدن کا گوشت مسلنا (۲) چٹکی - بمقدار قلیل مٹھی کے اندازہ کے موافق جیسے آٹے کی چٹکی (۳) گوکھرو چٹکی سے موڑی ہوئی دھنک (۴) پیر کی انگلی کا چھلا - (۵) انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے ملا کر آواز نکالنے کو بھی چٹکی کہتے ہیں - (۶) کٹار دار گلبدن خنجری دار شروع +

چٹکی بجاتی میں - ذرا سی دیر میں - طرفۃ العین میں آن کی آن میں - پلک مارتے میں جیسے دو چٹکی بجاتی میں ساری غرور تو خاک میں مل گئی +

چٹکی بھرنا - (۱) انگوٹھے اور انگلی سے گوشت مسلنا (۲) چبھتی ہوئی بات کہنا + طعنہ دینا + دماغ میں کاٹنا - کچوکا دینا +

چٹکی لینا - (۱) ٹہکا بھرنا - بدن کا گوشت مسلنا - (۲) طعنہ دینا چھیڑنا +

چٹکیوں میں اڑانا - خاطر میں نہ لانا ہنسی میں اڑانا - باتوں میں اڑانا - ٹھٹھے میں اڑانا - ذلیل و خوار کرنا +

چٹوری - مزہ دہاں - وہ عورت جس زبان کا مزہ ہو چٹخے مٹھوں کی عادت والی - کھاؤ - چٹو +

چٹی - (۱) ڈھونس - کر - ڈنڈ - ٹیکس - جرمانہ - تاوان - (۲) نقصان ضرر - ٹوٹا - خسارہ - (۳) خرچ - صرف - اٹھاؤ +

چار

چوگنی عزت اور زینت ہونا۔ حسن کا دوبالا ہونا +

چار چوٹ کی مار۔ ضربِ شدید۔ ضربِ چہار گانہ۔ لات کی اور لکڑی وغیرہ سے مارنا +

چار دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ۔ (کہاوت)، یعنی چند روزہ عشرت پھر وہی عسرت +

چالا۔ (۱) روانگی۔ رخصت۔ کوچ۔ (۲) نئی دولہن کا سسرال سے شادی کے بعد اوّل چار مرتبہ میکے جانا (۳) روانگی کا مہورت۔ سفر کرنے کا روزِ مسعود۔ دساسول (رجال الغیب) کو پشت یا بائیں ہاتھ پر چھوڑ کر جانا + (چنانچہ پورب کو ہفتے اور پیر کے دن نہیں جاتے اور جمعہ و یکشنبہ کو پچھم کی جانب سفر نہیں کرتے۔ اسی طرح منگل اور بدھ کو شمال کی سمت اور جمعرات کو دکن کی طرف جانا منحوس خیال کرتے ہیں) +

چالا دیکھنا۔ مہورت دیکھنا۔ وقتِ سفر حسبِ نجوم قرار دینا +

چالیسواں۔ (۱) وہ چیز جس پر چالیس کی گنتی پوری ہو۔ چالیس سے نسبت رکھنے والا (۲) چہلم۔ فاتحۂ چہلم۔ مُردے کی سوا مہینے کی فاتحہ نیز رسم[۵۱] +

چاند۔ (۱) قمر۔ ماہتاب۔ ماہ۔ چندرماں (۲) ایک قسم کا زیور۔ (۳) خوبصورت (۴) از روئے محبت بیٹا۔ فرزند (۵) ماہ۔ مہینہ۔ ماس +

چاند چڑھنا۔ (۱) مہینا پورا ہونا۔ اخیر چاند دکھائی دینا۔ غرّہ نظر آنا۔ اوّل روز کا چاند دکھائی دینا (۲) مہینے

چپن

کی تنخواہ چڑھنا۔ مہینہ چڑھنا۔ (۳) ایامِ حیض کا ٹل جانا۔ معمولی وقت پر حیض نہ آنا۔ حیض کا مہینا گزر جانا۔ حمل ٹھیرنے کی علامت کا ظاہر ہونا +

چاند دیکھے۔ پہلی تاریخ کو جیسے چاند دیکھے آنا +

چاند کو گہن لگ گیا۔ (کہاوت) یعنی اچھی چیز عیب دار نکلی +

چاندی کا تار۔ حقارتاً نیز نفرۃً جیسے اسکے ہاتھ میں چاندی کا تار تک نہیں +

چانول۔ یا۔ چاول چبوانا جس شخص پر چوری کا احتمال ہو اُسے چاولوں پر عزیمت پڑھکر چبوانا تاکہ اگر واقع میں چور ہے تو اسکے منہ سے خون نکل آئے۔ اصل میں یہ ایک صرف دھمکی ہے جس کے ڈر سے اکثر کچے چور چرائی ہوئی چیز ڈالدیتے ہیں +

چاؤ۔ (۱) ولولہ۔ خواہش۔ جوش۔ ارمان (۲) شوق۔ ذوق۔ آرزو۔ تمنا۔ (۳) نازو نخرہ۔ لاڈ۔ چنبیلی چاؤ میں آئی لڑکے بالے ساتھ ہی لائی +

چاؤ چوچلا۔ نازو نخرہ۔ لاڈ پیار +

چاہیتی۔ پیاری۔ لاڈلی۔ دِل پسند۔ عزیزہ +

چبا چبا کر باتیں کرنا۔ بتکلّف باتیں کرنا۔ بیدردانہ یا درپردہ طنز آمیز گفتگو کرنا۔ سٹھار سٹھار کر باتیں کرنا +

چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا۔ (۱) کمال منفعل اور شرمندہ ہونا (۲) آجکل غیرت اور شرم دلانے کے واسطے بولتے ہیں۔ جس سے غرض یہ ہوتی ہے کہ اگر کنواں

---

[۵۱] مفصل کیفیت دیکھو ہماری رسوم دہلی و فرہنگ آصفیہ + [۵۲] اسکی مفصل کیفیت ہماری فرہنگ آصفیہ اور رسوم دہلی میں دیکھو +

نہیب تنہ

جی جلانا۔ دل کو رنجیدہ کرنا۔ غم دینا۔ رنج دینا۔ غصہ دلانا۔ برافروختہ کرنا ✦

جی چرانا۔ دم چرانا۔ پہلوتہی کرنا۔ کام سے بچنا ✦

جی چھوٹنا۔ بیدل ہونا۔ ناامید ہونا۔ ہمت ٹوٹنا ✦

جی ڈھیا جانا۔ دل کا سست و مضمحل ہونا۔ غش چلا آنا۔ جی ڈوبا جانا ✦

جی کا بخار نکالنا۔ رونے یا غصہ ہونے سے دل کا اندرونی رنج دفع کرنا۔ غصہ نکالنا۔ دل کی بھڑاس نکالنا ✦

جی کی جی میں رہنا۔ دل کی حسرت دل ہی میں رہنا۔ آرزو و تمنائے دلی کا بر نہ آنا ✦

جی لوٹنا (۱) دل کا بیقرار ہونا۔ دل کا بیتاب ہونا (۲) نہایت مشتاق ہونا ✦

جی ململانا۔ افسوس آنا۔ افسوس ہونا۔ دریغ ہونا ✦

جی ہی جی میں باتیں کرنا۔ دل ہی دل میں، خیال پکانا۔ آپ ہی آپ باتیں کرنا ✦

جیتی مکھی نگلنا۔ یا کھانا۔ (۱) جان بوجھ کر آفت میں پڑنا۔ دانستہ اذیت سہنا۔ دیدہ و دانستہ دامِ بلا و مصیبت میں پھنسنا۔ (۲) سراسر بے ایمانی کرنا ✦ جان بوجھ کر بے ایمانی کرنا ✦ بے انصافی کرنا ✦

جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی۔ (کہاوت) یعنی جان بوجھ کر نقصان نہیں اٹھایا جاتا ✦

جیسا دیش ویسا بھیس (کہاوت) یعنی جہاں رہنا وہیں کے اوضاع و اطوار اختیار کرنا چاہیئے ✦

جیسی روح ویسے فرشتے۔ (کہاوت) یعنی جیسا معاملہ ویسی باتیں ✦

جیسی کنتھا گھر رہی ویسی رہی بدیس۔ (کہاوت) یعنی نکھٹو کا پاس رہنا اور پردیس میں ہونا برابر ہے ✦

جَیَّد۔ (۱) مضبوط۔ طاقتور۔ زور آور ✦ زبردست (۲) بھاری ✦

جیوڑا۔ (۱) جی کی تصغیر۔ جی ✦ دل (۲) جان۔ پران۔ (۳) پیار سے جی کو کہتے ہیں۔ جیسے کہو آج جیوڑا کیسا ہے ✦

چ

چار انگلیاں سر پہ نہ رکھنا } سلام تک نہ کرنا۔ سلام نہ کرنا۔ سلام کے لیئے ہاتھ تک نہ اٹھانا ✦

چار پائی والا۔ کھٹمل۔ جسے عربی میں کتان اور فارسی میں شب گز و غندک بھی کہتے ہیں ✦

چار تار (۱) چار جوڑے۔ چار کپڑے (۲) چار گہنے چار زیور ✦

چار چالے۔ ایک مہمانی کی رسم ہے جو بیاہ کے بعد دولہن کے چار رشتہ دار دولہا دولہن کو ایک ایک مرتبہ بلاتے اور کچھ نقدی و طعام وغیرہ ساتھ کر دیتے ہیں ✦

چار چاند لگانا۔ مرتبہ اور عزت بڑھانا۔ آنکھوں پہ بٹھانا۔ چوگنی زینت بخشنا۔ دوبالا رونق دینا ✦

چار چاند لگنا۔ عزت بڑھنا۔ عالی مرتبہ ہونا۔ توقیر بڑھنا۔

جُھونٹے گھسوٹنا۔ سر کے بال نوچنا ؛

جُھونجَل۔ غصّہ۔ خشم۔ غضب۔ بگڑو وہ۔ تیہا۔ خفگی ؛

جُھونجَل اُتارنا۔ غُصّہ اُتارنا۔ بغض نکالنا۔ جل کر بدلہ لینا عداوت نکالنا ؛

جُھونجَل آنا۔ غُصّہ آنا۔ طبیعت جلنا۔ ناراض ہونا ؛

جھیر جھیر کر ڈالنا۔ بیر بیر کر ڈالنا۔ پُرزے پُرزے کر ڈالنا پارچہ پارچہ کر دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا ؛

جَہیز۔ اسباب۔ سامان۔ وہ سامان جو بیٹی کی شادی میں اُس کے ہمراہ کر دیتے ہیں ؛

جہیز میں آنا۔ ماں باپ کے گھر سے آنا۔ وہ چیز جس پر اپنا دعوے ہو۔ جیسے یہ چیز تمہارے جہیز میں تو نہیں آئی۔ جو دعوے کرتی ہو ؛

جِھیلنا۔ (۱) برداشت کرنا (۲) انگیزنا۔ گھوڑی کی سوئیوں کو انگلی سے اس طرح الگ کر کے چارپائی وغیرہ پر ڈالنا۔ کہ آپس میں ملکر جڑ نہ جائیں۔ جس طرح ہاتھ کی سوئیوں کے جھیلنے کو سِل لینا کہتے ہیں۔ اِسی طرح گھوڑی کی سوئیوں کے واسطے جھیلنا مستعمل ہے ؛

جِھیلی دینا۔ بچّہ ہوتے وقت ایک خاص ترکیب سے زچّہ کو جنبش دینا ؛

جِھینکنا۔ (۱) رونا۔ گریہ کرنا۔ زاری کرنا۔ جیسے کیوں جھینکتی ہے۔ کیا رونا جھینکنا لگا رکھا ہے۔ جھینکتے گئی

جھینکتی آئی۔ (۲) دُکھڑا بیان کرنا۔ مُصیبت دوہرانا۔ بپتا کہنا۔ (۳) افسوس کرنا + پچھتانا + غم کرنا۔ رنج کرنا۔ (۴) ماتم کرنا۔ پیٹنا۔ (اسم مُذکّر) رونا۔ گریہ + گلہ شکوہ مُصیبت۔ بپتا۔ قصّہ۔ دُکھڑا جیسے کیا جھینکنا جھینکتی ہو۔

جی۔ جان۔ رُوح۔ (۲) دل۔ قلب ؛

جی بُرا کرنا۔ قے کرنا۔ ڈالنا۔ اُگلنا۔ رو کرنا۔ (۲) ناخوش کرنا۔ ناراض کرنا۔ رنجیدہ کرنا ؛

جی بُرا ہُونا۔ (۱) قے ہونا۔ رو ہونا۔ (۲) دل بیزار ہونا ناراض ہونا۔ نفرت ہونا ؛

جی بھاری کرنا۔ غمگین ہونا۔ اندوہگین ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ دل پر بوجھ ڈالنا + رونا۔ ناراض ہونا ؛

جی بھُر بھُرانا۔ جی چاہنا۔ دل میں اُمنگ آنا۔ شوق پیدا ہونا۔ دِل چلنا ؛

جی پکڑا جانا۔ دل میں شبہ پڑنا۔ ماتھا ٹھنکنا ؛

جی ٹھنڈا کرنا۔ کدورت دُور کرنا۔ غصّہ فرو کرنا۔ جی خوش کرنا۔ غم دُور کرنا۔ مُراد پوری کرنا ؛

جی ٹھنڈا ہُونا۔ کدُورت دور ہونا۔ غصّہ فرو ہونا۔ جی خوش ہونا۔ غم دُور ہونا۔ مُراد پُوری ہونا۔ جیسے اگر اُس کا نقصان پورا کر دیا جائے تو اُس کا جی ٹھنڈا ہو جائے ؛

جی جانتا ہے۔ دل ہی کو خبر ہے۔ دل ہی واقف ہے۔ دل ہی پر صدمہ ہے ؛

جھم

چھن چھڑی ہوئی۔ (۳) ہلڑ جلڑ +

جھلنگا ہونا۔ کس بل نہ رہنا۔ تن و توش جاتا رہنا۔ جیسے دو ہی بچوں کے ہونے سے جھلنگا ہو گئی +

جھما جھم۔ (۱) مینہ کے برسنے کی آواز۔ مینہ کے ٹھکے کی آواز (۲) گوٹہ کناری کی چمک دمک (۳) چھما چھم۔ ناچنے کی آواز (۴) بارش کی آواز +

جھم جھم۔ (۱) مینہ کے برسنے کی آواز۔ چھم چھم۔ رم جھم (۲) چمکول۔ چمکیلا +

جھم جھم کا۔ (اطفال) چمک دمک کا۔ گوٹا کناری کا چمکتا ہوا۔ دمکتا ہوا۔ تاباں۔ درخشاں۔ جگمگاتا +

جھم جھم ہونا۔ جگمگ جگمگ ہونا۔ چمکنا جیسے یہ سادہ جوڑا کس کام کا مصالحہ بھی تو ٹکے جو ذرا جھم جھم ہو +

جھم جھماتا۔ چمکتا۔ جگمگ کرتا۔ گوٹہ کناری کا جھلکتا (اطفال)

جھمکا۔ (۱) گچھا۔ جھنڈ۔ خوشہ (۲) پروین۔ عقد ثریا۔ وہ سات ستارے جو آسمان پر اکٹھے نظر آتے ہیں (۳) کانوں کے ایک زیور کا نام +

جھنڈ والا۔ نوزائیدہ بچہ۔ جسکے سر پر پیٹ کے بڑے بڑے بال ہوں۔ بالک +

جھوٹا کھاتے ہیں میٹھے کے لالچ (کہاوت) یعنی فائدہ کے لئے تکلیف بھی اٹھائی جاتی ہے + مزے کی خاطر ناقابل کراہت چیز بھی نہیں چھوڑتے +

جھو

جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے۔ جھوٹ ہر جگہ چل نہیں سکتا۔ جھوٹ کو قیام نہیں ہوتا۔ جھوٹ کی بنیاد نہیں ہوتی +

جھوٹ موٹ۔ (۱) دروغ۔ غلط۔ یونہی۔ مذاق سے۔ ظرافتاً۔ ہنسی سے۔ (موٹ تابع مہمل ہے) (۲) بے اصل۔ دھوکہ۔ دکھاوا +

جھوٹوں نہ پوچھنا۔ بھول کر نہ پوچھنا۔ ذرا خاطر میں نہ لانا۔ بات نہ پوچھنا۔ نام کو نہ پوچھنا۔ ظاہر داری یا دکھاوے کو بھی نہ پوچھنا +

جھوٹی لباڑن۔ سراسر جھوٹی۔ اور دروغگو عورت +

جھوٹے موٹ۔ دیکھو (جھوٹ موٹ) +

جھوجڑی لٹکنا۔ سلائی میں ضرورت سے زیادہ جھول پڑنا۔ جیسے اِس مغلانی کی سلائی دیکھو اسی میں جھوجڑی لٹکے ہوئے ہیں۔

جھومر۔ (۱) زیور کا نام جو ماتھے پر زینت کے واسطے لٹکایا جاتا ہے (۲) ایک قسم کا عورتوں کے گانے کا گیت (۳) گروہ۔ جھنڈ۔ مجمع۔ جھرمٹ +

جھونٹے۔ (۱) جھونٹا کی جمع۔ چوٹی بال کی لٹیں۔ چوٹی کے بال عورتوں کے سر کے بال جیسے جھونٹے کھسوٹ کر خوب مارا (۲) جھولے کی حرکت۔ جھولے کی رفتار۔ جیسے اچھی لوا دو جھونٹے دیکر چلی جانا (۳) بھینس کا بچہ۔ جوان بھینسا۔ دسہرہ کو راجہ کی طرف سے جھونٹے لڑائے جاتے ہیں +

جھونٹے پکڑنا۔ حقارت کیساتھ سر کے بال پکڑنا۔ بال نوچنا +

جہل	جہاں

جہانگیری۔ ہاتھ کے ایک جڑاؤ زیور کا نام + ایک قسم کی لاکھ کی یا کانچ کی چوڑی + (جہانگیر بادشاہ ہند سے منسوب ہے) +

جہائیں جہائیں۔ کائیں کائیں۔ زغ زغ۔ جھک جھک۔ جق جق۔ بک بک۔ شور و غوغائے بے معنی۔ بم چخ۔ چخ چخ +

جہائیں مائیں۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں حلقہ پھیری کا پھیر جاتے اور جہائیں مائیں کووں کی برات آئی کہتے جاتے ہیں +

جھپ۔ جلد۔ فوراً۔ فی الفور۔ ترت۔ زود۔ بلاتوقف

جھپ جھپ۔ جھٹ جھٹ۔ جلد جلد +

جھپاک۔ جلد۔ ترت۔ زود +

جھپاک جھپاک۔ جلد جلد۔ ترت پھرت۔ لپک کر +

جھپاکا۔ جلدی سے کوئی کام کرنا۔ جلدی۔ شتابی +

جھپاکا مار کے۔ جلدی سے۔ فوراً۔ جھپٹ کر۔ لپک کر جیسے جھپاکا مار کرے آئی +

جھپاکا مارنا۔ جلدی سے کوئی کام کرنا۔ جلدی سے آنا جانا +

جھپاکے سے۔ جلدی سے۔ دوڑ کے۔ لپک کے +

جھپیٹا۔ جن کا حلول۔ سایہ۔ آسیب جن پری کا اثر۔ بھوت پریت کا اثر +

جھٹ۔ دیکھو (جھپ) +

جھٹ پٹ۔ بہت جلد۔ ترت ہی۔ جلد تر۔ شتاب تر۔

جھٹ پٹا۔ صبح یا شام کی تاریکی۔ آفتاب کے غروب ہونے کا وقت۔ علی الصباح کی تاریکی۔ دونوں وقت ملنے کا ہنگام (زیادہ شام ہی کے واسطے بولتے ہیں) +

جھلیل۔ بدکار عورت۔ فاحشہ عورت +

جھرجھری۔ وہ کپکپی جو سردی کے ساتھ بخار چڑھنے سے پہلے محسوس ہو۔ قشعریرہ۔ لرزہ +

جھروس۔ (۱) بوڑھا۔ بوبک۔ (۲) بدحمیت و بے غیرت +

جھل۔ (۱) غصہ۔ خفگی۔ کرودھ۔ خشم۔ طیش۔ عتاب۔ تیہہ۔ جھونجل (۲) رشک۔ حسد۔ جلن۔ ڈاہ۔ بدخواہی (۳) خواہش بد +

جھل ہائی۔ غصیل۔ بدمزاج۔ حاسد۔ رشک کرنے والی چھنال +

جھلسا۔ لوکا۔ شعلہ۔ لپٹ +

جھلسا دینا۔ یا۔ جھلسا لگانا۔ لوکا لگانا۔ جلانا۔ آگ لگانا۔ آگ دینا +

جھلسنا۔ (۱) جلنا۔ بھلسنا۔ پھکنا۔ آگ لگنا۔ (۲) جلانا۔ آگ لگانا۔ پھونکنا (۳) کچھ دیکر راضی کرنا۔ ٹالنا۔ رشوت دینا۔ ناراضی سے دینا۔ چٹانا۔ (۴) بحالت ناراضی رخصت کرنا۔ بیاہنا۔ گھر سے نکالنا۔ جیسے کوئی ٹھہر سکھ لو جو کہیں تمہیں جھلسیں +

جھلنگا۔ (۱) ٹوٹی پھوٹی چار پائی۔ ایسی جھولا چارپائی جس کا بان ٹوٹ ٹوٹ کر لٹک گیا ہو۔ نیز وہ بان جو بُنا کا بُنا چارپائی میں سے نکال لیں (۲) لاغر۔ دُبلی۔

ماں سے زیادہ محبّت سراسر بناوٹ و دھوکہ ہے +

جُو مَن میں بسی سُو سُپنے دِسی (کہاوت) یعنی جو بات دل میں ہوتی ہے۔ وہی خواب میں دکھائی دیتی ہے +

جو میرے سو راجہ کے نہیں - (کہاوت) یعنی کم چھلگی سے اپنے آپ کو بڑا جانتی ہے +

جُوں تُوں کَرکے - (۱) کسی نہ کسی طرح سے۔ جس طرح ہو سکا اُسطرح۔ کسی طرح سے۔ کسی ڈھب سے - (۲) بمشکلِ تمام۔ بدقّت۔ بڑی مشکل سے۔ بدشواری۔ بدشخواری۔ خُدا خُدا کرکے +

جُوں کا تُوں | جُوں کی تُوں (۱) ویسے کا ویسا ہی۔ بجنسہٖ۔ برقرار۔ اصلی حالت اور اصلی ہیئت پر تمام۔ پُورا۔ کامل + اچھوتا۔ وہ کا وہی + سمپورن جیسی تھی ویسی ہی +

جُوں کی چال - نہایت سُست رفتار۔ بہت آہستہ چال +

جُو ہانڈی میں ہُوگا وہی ڈوئی میں نِکلے گا (کہاوت) یعنی جیسا مال ہوگا ویسا ہی دکھائی دیگا جو دل میں ہوتا ہے وہی منہ پر آتا ہے +

جھاڑ - کانٹوں کے درخت جھاڑی +

جھاڑ کا کانٹا - لڑاکا۔ جنگجو۔ بدخُو۔ وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو +

جھاڑ ہو کر لپٹنا - جھاڑی کی طرح لپٹنا۔ گرویدہ ہونا۔ پیچھے پڑ ہونا۔ سر ہونا۔ جونک کی طرح چمٹنا۔ لپ ہونا۔

جھاڑ اپھونکی - (۱) منتر جنتر۔ افسوں و افسانہ۔ دم کرنا اور

کچھ پڑھکر جھاڑنا + ہتھ پھیری۔ جادو۔ ٹوٹکا۔ منتر۔ ٹونا + سحر + گنڈا۔ تعویذ (۲) بازیگری۔ شعبدہ بازی۔ مسخرگی +

جھاڑُو - جاروب۔ بُہاری +

جھاڑُو پھرنا - صفایا ہونا۔ بربادی ہونا۔ کچھ نہ رہنا۔ اُفت ہو جانا۔ جیسے اُسکے گھر میں تو جھاڑُو پھر گئی +

جھاڑُو پھیرنا۔ یا۔ پھیر دینا - (۱) صفایا کرنا۔ صفایا کر دینا کچھ باقی نہ رکھنا + بالکل چُرا لینا (۲) اُجاڑنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ تنکا نہ رکھنا۔ لُوٹ لینا۔ غارت کر دینا + (جب صُورت پر جھاڑُو پھیر دینا کہیں گے۔ تو وہاں کمال نفرت کے باعث صُورت نہ دیکھنے اور نام نہ لینے سے مراد ہوگی جیسے میں ایسا جانتی تو اس مُردار کی صُورت پر جھاڑُو پھیر دیتی) +

جھاڑُو مارنا - تنفّر ظاہر کرنا۔ جیسے اُنکے نام پر جھاڑُو مارو۔ یعنی اُس کا نام نہ لو +

جہاں جائے بھُوکا وہیں پڑے سُوکھا (کہاوت) یعنی بدنصیب کی قسمت ہر جگہ ساتھ رہتی ہے +

جھانجَن - پائل۔ ایک قسم کا پاؤں کا آواز دار زیور +

جہاں دیکھی توا پرات وہیں گاوے ساری رات (کہاوت) یعنی غرضمند اپنے فائدہ کو دیکھتا ہے +

جہاں گُڑ کھو نہیں وہاں رانڈہی گڑ کھی (کہاوت) یعنی جہاں عمدہ چیز نہیں وہاں بُری چیز غنیمت ہے۔ نہ ہونے سے ہونا بہتر ہے۔

جُوتی کے برابر نہ سمجھنا - کچھ نہ سمجھنا - ذرا خاطر میں نہ لانا - خطرے میں نہ لانا - ہیچ اور ناچیز سمجھنا +

جُوتیاں - جوتی کی جمع +

جُوتیاں چٹخاتا پھرنا یا جُوتیاں چٹخاتے پھرنا - بُرے حال سے پھرنا - زدہ حال رہنا - آوارہ پھرنا +

جُوتیاں مارنا - ذلیل و رسوا کرنا - طعنہ مہنہ دینا +

جوتیوں میں دال بٹنا - لڑائی جھگڑے ہونا - جوتی پیزار ہونا +

جُوڑا - (۱) جُفت - زوج - دو (۲) ہمسر - ہمتا (۳) میاں بیوی (۴) زیادہ (۵) مقابل - نظیر - برابر کا (۶) ہجولی - ساتھی - رفیق - ہمراہی - ہم صحبت (۷) پُوری پوشاک - لباس - پیراہن جیسے کپڑوں کا جوڑا (۸) جُفتِ پا - جُوتہ - پاپوش (۹) خلعت +

جوڑا بڑھانا - پوشاک اُتارنا - کپڑے اُتار کر رکھنا +

جُوڑا بنانا - (۱) پُوری پوشاک تیار کرنا (۲) جُوتا بنانا (۳) چوڑیاں تیار کرنا +

جُوڑا - سر کے بالوں کا جُٹّا - بالوں کی وہ گانٹھ جو عورتیں اکٹّھا کر کے سر کے پیچھے یعنی گدّی پر دے لیتی ہیں +

جُوڑا باندھنا - بالوں کو اکٹّھا کر کے سر کے پیچھے گرہ دے لینا +

جُوڑا کھولنا - بالوں کا جُٹّا کھولنا +

جُوڑ کو جُوڑ ملنا - جیسے کو تیسا ملنا - جنس کو جنس ملنا +

جُوڑنا - (۱) مِلانا - پیوستہ کرنا - چسپاں کرنا - پیوند لگانا - وصل کرنا - ایک کرنا - گانٹھنا - سینا - چپکانا - (۲) اکٹّھا کرنا - بٹورنا - فراہم کرنا - جمع کرنا - سمیٹنا - جیسے کنبہ جوڑنا - روپیہ جوڑنا (۳) میزان دینا - ٹوٹل لگانا - جوڑ لگانا - (۴) پس انداز کرنا - جُگا جُگا کر رکھنا - بچا بچا کر رکھنا - تنگی و ترشی سے پیسہ بچانا - (۵) بنانا - تصنیف کرنا - شعر کہنا - جیسے گیت جوڑنا - کہانی جوڑنا - وغیرہ (۶) جوتنا - کندھے پر جُوا رکھنا - ساز ڈالنا - گاڑی میں بیل یا گھوڑے کو لگانا - (۷) جلانا - بالنا - روشن کرنا جیسے آگ جوڑنا یا دیا جوڑنا (۸) مِلاپ کرنا - دوستانہ گانٹھنا - جیسے ایک سے جوڑی ایک سے توڑی (۹) جتھا باندھنا - گروہ بنانا - (۱۰) نتھّی کرنا - منسلک کرنا - ملحق کرنا - متعلّق کرنا - شامل کرنا - (۱۱) لگانا - دھرنا - لازم کرنا - جیسے بہتان جوڑنا - تہمت جوڑنا +

جُوڑواں - وہ بچّہ جو ایک ساتھ پیدا ہُوا ہو - تُوأم +

جُوشِ خُون - (۱) پدری و مادری محبّت - برادرانہ جوش - ہم نسبتی حرارت (۲) غلبۂ خون - افراطِ خون +

جُوکھوں - (۱) خطرہ - اندیشہ - خدشہ - ڈر - خوف جیسی جان جوکھوں یعنی خطرۂ جان - (۲) قیمتی اشیاء جیسے زر و جواہر روپیہ پیسا - گہنا پاتا وغیرہ (۳) نقصان - خسارہ - زیان - ضرر - آفت - بلا - مُصیبت - شامت +

جُوگا - (۱) لائق - قابل (۲) موزوں - موافق - مطابق - ٹھیک - درست - زیبا - شایاں +

جُولاہے سوا چاہی سُوپھا پھا گُٹی کھلائی (کہاوت) یعنی

عالمِ شباب میں مرجانے والا۔ وقت سے پہلے مرجانیوالا (۲) دعائے بد۔ جا ئیّا۔ جا نہار۔ مرنے جوگا۔ جلد مرجانے کے قابل۔ (عورتیں اسکا تلفظ جوانا مرگ ادا کرتی ہیں) +

جُوانہ مَرگ مَرنا۔ جوان موت مرنا۔ جلدی سے مرجانا بڑھاپے سے پہلے مرنا +

جوانی۔ شباب۔ برنائی +

جوانی کا پَھل۔ جوانی کا چین۔ راحتِ شباب۔ نشاطِ شباب +

جوانی کا سُکھ۔ جوانی کا چین۔ راحتِ شباب۔ نشاطِ شباب +

جوانی کا سُکھ دیکھو۔ دعائے نیک۔ اپنی جوانی سے بارور ہو۔ جوانی کا عیش نصیب ہو +

جوانی کی نیند۔ خوابِ جوانی جو بکثرت اور بیخبری کیساتھ ہو +

جُوبَن۔ (۱) جوانی کا روپ۔ شباب۔ عنفوانِ جوانی۔ آغازِ جوانی (۲) خوبصورتی۔ خوبی۔ رنگ و روغن۔ حسن و جمال جیسے چھب گُھٹڑی میں جوبن رکابی میں (کہاوت) (۳) عالم۔ حالت۔ ہیئت۔ کیفیت (۴) بہار۔ رونق۔ موج لہر۔ چھبن۔ جیسے جوانی میں گدھی کے بچّہ پر بھی جُوبن ہوتا ہے (۵) ہریاول۔ سبزہ۔ شادابی۔ طراوت۔ تازگی جیسے درختوں پر جوبن آرہا ہے۔ یا کھیتی پر جوبن ہے (۶) پستان۔ چھاتی۔ کچ (گیتوں میں) +

جُوبن پھٹ پڑنا۔ حسن و جمال کی افزونی اور کمال زیادتی ہونی۔

جُوبن کا۔ (۱) بہار کا۔ رونق کا۔ (۲) مزے کا۔ مزیدار۔ لذیذ۔ خوش ذائقہ +

جُوبن نِکالنا۔ جوانی نکالنا۔ رونق پر آنا۔ بہار پر آنا۔ رونق پکڑنا۔ حسن و جمال پر آنا +

جوبن ڈھ گیا سو موتی (کہاوت) یعنی جوبن گیا سو اچھا +

جُوتی۔ پیزار۔ کفش۔ پاپوش +

جُوتی پر جُوتی چڑھنا۔ جوتی پر جوتی کا آجانا۔ سفر کا شگون نکلنا۔ سفر کی فال نکلنا +

جُوتی پر۔ یا۔ جُوتی کی نُوک پر مارنا۔ ٹھکرانا۔ خاطر میں نہ لانا۔ ذلیل و حقیر سمجھنا۔ کچھ نہ گننا۔ ناچیز یا ادنیٰ خیال کرنا۔ نفرت ظاہر کرنا۔ پروا نکرنا۔ ہیچ سمجھنا +

جُوتی پر رکھ کر رُوٹی دینا۔ حقارت سے روٹی دینا۔ نہایت ذلّت اور بے توقیری سے نان و نفقہ کا سلوک کرنا +

جُوتی پیزار۔ (۱) جوت پتر نگ۔ جُوتم جاتا۔ مار پیٹ۔ (۲) دھول دھپّا۔ مار کٹائی۔ (۳) لڑائی دنگا۔ جھگڑا ٹنٹا۔ تُکّا فضیحتی +

جُوتی پیزار کرنا۔ جُوتیوں سے لڑنا۔ لڑائی جھگڑا کرنا +

جُوتی چُھپائی۔ وہ نیگ جو دُولھا کی سالیاں اُس کی جُوتی وداع کے وقت چُھپا کر لیتی ہیں +

جُوتی خُور۔ یا۔ جُوتی خُوری۔ وہ خادمہ جس کی پٹنے کی عادت ہو۔ لاتّ مُکّے کھانے والی۔ ہیچ۔ پاجی۔ بے غیرت +

جُوتی سے۔ یا۔ جُوتی کی نُوک سے۔ بلا سے۔ کچھ پروا نہیں (نہایت حقارت سے انکار کرنے یا خاطر میں نہ لانے کے موقع پر عورتیں بولتی ہیں) +

جَھنڈرا - کل پرزہ - چکی کی مانی - ہتّا کیلی وغیرہ جیسے کچھ گیہوں گیلے کچھ جَھندرے ڈھیلے - یعنی دونوں کا قصور ہے - بہانہ خور - حیلہ جُو کی نسبت بولتی ہیں +

جِنڈڑی - جان کی تصغیر بالتحقیر - جان - جیسے تیری جنڈڑی پر پڑے +

جِنس - (۱) چیز - بست - شے - اسباب - سودا - اٹالہ - مال سوداگری مال - سوداگری اسباب (۲) اناج - غلّہ - اَن - دانہ - پیداوار - (۳) زیور - گہنا - ٹُوم - جواہر +

جِنس خانہ - گودام - گنجینہ - کوٹھڑی - بھنڈارا - میدیخانہ - مال گھر +

جنگل میں منگل کرنا - ویرانہ میں خوشی کرنا جنگل کو ناچ رنگ و اجتماعِ خلایق سے خوشی کا مقام بنا دینا +

جنگل والا - سُوّر - خِنزیر - خُوک - گراز - برہ - بدجانور +

جَنم - (۱) ولادت - پیدایش - پیدا ہونا - (۲) نکاس - نسل - بُنیاد - اصل - خِلقت - فِطرت - نیچر - آفرینش (۳) زندگی - حیات - زِیست - عُمر - اوستھا (۴) عادت - خصلت - بان - ہمیشہ - مُدام - سدا - دوام جیسے جنم بھر - جنم جنم کو +

جَنم بھر - تمام عمر - عمر بھر - حینِ حیات - تا بہ زندگی - تا زیست +

جَنم پتّہ - جنم بھر کا اقرار نامہ - عمر بھر کا اگریمنٹ +

جَنم جلا | جَنم جلی - (۱) پیدایشی بدنصیب - بدطالع - بداختر - بدبخت - کم بخت - منحوس - شُوم طالع - نگوڑی جیسے تیری نے دیا جنم جلی نے کھایا - جیب جلی نہ سواد آیا - (۲) بیچاری - مُصیبت زدہ - (۳) قلیل - بہت ہی تھوڑا - بہت ہی کم - ذرا سا - جیسے کیا جنم جلا سودا دیا ہے +

جَنَم جَنَم - (۱) ہمیشہ - مُدام - سدا جیسے جنم جنم کا ساتھ چھُوٹا جاتا ہے +

جَنَم مَرَن - ہمیشہ کی موت - موتِ ابدی +

جنم میں تھوکنا - دوش لگانا - ذات بنیاد پر لعنت ملامت کرنا - نام دھرنا - عیب لگانا - جیسے اِن کو تکوں پر کوئی کیا جنم میں تھُوکیگا +

جنم نہ دیکھا بوریا سپنے آئی کھاٹ (کہاوت) یعنی غریبی میں امیروں کی ریس کرنے لگے - جھونپڑے میں رہی محلوں کا خواب دیکھا +

جَنوائی - (۱) داماد - بیٹی کا خاوند - خویش (۲) دشمن آستین کا سانپ - دشمنِ بغلی - جیسے بھلے کے بھائی بُرے کے جنوائی (کہاوت) +

جَنی - (۱) عورت - لُگائی - تریا - استری - زن - ناری (۲) دختر - بیٹی - لڑکی - صبیہ - پُتری - زائیدہ - نطفہ سے - جیسے شیطان کی جنی +

جَنے - (۱) جانے کا مخفّف (دیکھو جانے) (۲) نفر - آدمی - شخص - نفری - جیسے دس جنے کام کر رہے ہیں - کتنے جنے آئے تھے +

جوان - ضدِ پیر - سیانا - بالغ - گبھرو - برنا + فوجی سپاہی +

جوان مرگ یا جوانہ مرگ - (۱) جوان موت مرنے والا -

جم

جَم (۱) عزرائیل - ملک الموت موت کا فرشتہ - قابض ارواح (۲) ناگوار طبع آدمی جو پاس سے نہ ٹلے - جیسے قرضخواہ و دشمن وغیرہ -

جَماجَکڑ سا گھر - جما جمایا گھر - بنا بنایا گھر - سجا سجایا گھر - بھرا بھرا گھر - بسا بسایا گھر +

جُماگی - صحیح (جُمعگی) جمعہ کے دن کا بچوں کا جیب خرچ (شہزادگانِ دہلی کا دستور تھا - کہ وہ اپنے بچوں کو اس نام سے کچھ ماہوار دیا کرتے تھے - مگر دریائے لطافت سے پایا جاتا ہے کہ جمعرات کو اطفالِ مکتب استاد کو جو تمباکو حجامت وغیرہ کا خرچ دیتے ہیں - اُسے بھی جمعگی کہتے ہیں - مگر یہ معنی اہلِ قلعہ نہیں لیتے) +

جَم جَم - (۱) نت نت - مدام ہمیشہ - سدا - (۲) سلامتی اور دولت و اقبال کے ساتھ + (دیکھو دیوانِ انشاء در تعریف نواب دولہ)

جَمع میں - دراصل - درحقیقت - حقیقت میں (اہلِ حرفہ مستورات کی بولی ہے) +

جَم ہی جَم یا جَمی جَم - (۱) سلامتی سے بخیر و عافیت - جیسے اُن کا آنا کون نہیں چاہتا وہ جم ہی جم آئیں - (۲) تفاؤلاً کلمہ اثبات بجائے نفی نہیں - جیسے وہ گھر میں جم ہی جم ہیں +

جِن (۱) آتشی مخلوق (۲) دیو - بھوت - پریت - (۳) ہمزاد شیطان یا خبیث جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتا اور ہر وقت ساتھ رہتا ہے - (۴) غصّہ - غضب - خشم - کرودھ - قہر جیسے اس پر تو جن سوار ہے (۵) مضبوط آدمی سخت آدمی - کڑا اور پکا آدمی - مستقل مزاج آدمی - ثابت قدم آدمی (۶) ضدّی آدمی - ہٹیلا آدمی - سر ہو جانیوالا آدمی - سرکش (۷) شہ زور آدمی زورآور آدمی +

جنج

جِن اُتارنا (۱) بھوت کو قابو میں لانا پریت کسی کے اوپر سے اُتارنا - آسیب کو بھگانا کسی کے غصّہ کو ٹھنڈا کرنا +

جِن اُترنا - (۱) آسیب دُور ہونا - دیوانے یا سودائی کا ہوش میں آنا (۲) غصّہ فرو ہونا غصّہ اُترنا - رسائی میں آنا - دھیما ہونا +

جِن چڑھنا - غصّہ چڑھنا طیش آنا - آسیب کا اثر ہونا - ضد چڑھنا - ہٹ ہونا - پیچ پڑنا +

جَنا - (۱) آدمی - شخص - متنفس جیسے ایک جنا آئے (۲) پیدا شدہ جنا ہوا جنا ہوا - زائیدہ جیسے اشراف یا اجلاف کا جنا وغیرہ +

جَنا - (۱) بچہ دینا - بیانا - جسے فارسی میں زادن اور زائیدن کہتے ہیں - عربی ولادت - جیسے جنّا اور مرنا برابر ہے جنے کوئی کھائے کوئی +

جنازہ - (۱) لاش جسد بےروح - لوتھ (۲) تابوت مردہ - بوا - ارتھی +

جَنازہ دیکھے - قسم سخت - یعنی ہمیں مرا ہوا دیکھے جو یہ بات کرے +

جَنازہ نکلے - دعائے بد - مرے - مر جائے +

جَنائی - (۱) جنانے والی عورت - دائی - قابلہ (۲) جنانے کی اُجرت پیدا کرائی کا حق - تولّد کرانے کی مزدوری جو قابلہ کو دیجاتی ہے +

جَنتی - (۱) ماں - مادر - ماتا - امّاں - والدہ - مہتاری +

جنجال میں پڑنا یا پھنسنا - مصیبت میں گرفتار ہونا - بلا میں مبتلا ہونا - مبتلائے آفت ہونا - بپتا بھگتنا - عذاب میں پڑنا - حیران و سرگرداں ہونا +

سنگدل۔ کٹھور۔ بیدرد۔ نردئی۔ ظالم۔ (۳) تُندمزاج۔
غُصیل۔ غضبی جیسے اُس کا خاوند بڑا جلّاد ہے +

جَلانا ۔ (۱) آگ لگانا۔ سوختہ کرنا۔ سُلگانا۔ پھُونکنا۔ آگ دینا
لُوکا لگانا (۲) دہکانا۔ بھڑکانا (۳) روشن کرنا۔ (۴) چھیڑنا
چڑانا۔ رشک دِلانا (۵) دشمنی یا حسد بڑھانا (۶) دِق
کرنا۔ ستانا۔ رنج پہنچانا +

جَل بُجھنا ۔ جل کر خاک ہو جانا۔ راکھ ہو جانا۔ خاکستر ہو جانا +
کوئلہ ہو جانا۔ جل کر تمام ہونا +

جَل تُو جلال تُو (جل جلالہٗ) خدا بچائے۔ حالتِ خوف و خطر میں
خدا سے امن کی دُعا مانگنے کے واسطے یہ فقرہ زبان پر لایا جاتا
ہے۔ مثلاً جس وقت زلزلہ آتا ہے۔ تو کہتی ہیں۔ کہ جل تُو
جلال تو عزّ و کمال تُو آئی بلا کو ٹال تُو۔ یعنی تُو ہی بزرگ تُو
ہی برتر ہے تُو ہی صاحب قدرت ہے تُو ہی اس بلا کو ٹالیگا +

جُل تھَل ایک ہُونا ۔ (۱) کثرت سے بارش ہونا۔ پانی ہی پانی
نظر آنا (۲) کثرتِ بارش سے زمین غرقاب ہونا +

جَل تَو گَنی ۔ (۱) جونک۔ کیڑی۔ زلُو (۲) جیل۔ زغن۔ غلیواز
اُوپروالی (۳) بلا۔ چڑیل۔ چھل پائی۔ پرتیتنی۔ (۴) جلاتن
بدمزاج۔ (اس معنی میں اس کا مادہ جلنے سے ہے) +

جَل مرنا ۔ رشک و حسد میں جل کر کباب ہو جانا۔ کسی کی بھلائی
نہ دیکھ سکنا۔ حسد کرنا۔ رشک سے مرنا +

جَلَن ۔ (۱) سوزش۔ تپش۔ تپن۔ سوختگی۔ جلنے کی حالت۔
تپک (۲) حسد۔ رشک (۳) کینہ۔ بیر۔ دشمنی۔ کپٹ۔

لاگ۔ عداوت۔ (۴) غصہ۔ خشم۔ جیسے تم بھی اپنی جلن
نکال لو۔ جلن کے مارے بنتا کام بگاڑ دیا +

جَلنا ۔ (۱) سوختن کا ترجمہ (۲) حسد کرنا۔ رشک کرنا۔ ناراض ہونا
عداوت کرنا (۳) سوزش ہونا۔ جلن ہونا۔ تپکنا (۴) مرچ یا تیز
چیز سے زبان کا جھلجھلانا۔ چرپراہٹ ہونا۔ تیتیاپن ظاہر ہونا +

جَلوہ ۔ ظہور۔ جھلکی۔ جھلک (۲) کسی خاص طرز سے اپنے تئیں ظاہر کرنا۔
اپنے تئیں لوگوں کو دکھانا۔ نمودار ہونا (۳) نظارہ۔ دیدار۔ سامنے آنا
(۴) رونق۔ تجلّی۔ نور (۵) وداع کے روز دُولھا دُلھن کو آمنے
سامنے بٹھا کر آرسی مصحف دکھانا۔ ریت رسم آرسی مصحف جیسے
دکھاوت) آل گئی بل گئی جلوہ کے وقت ٹل گئی +

جلی بھُنی باتیں ۔ رشک و حسد کی باتیں۔ عداوت و عناد کی
گفتگو۔ رنجش آمیز گفتگو +

جلے پاؤں کی بلّی ۔ وہ عورت جسے ایک جگہ قیام اور پھر ٹکے
سوا دوسرا کام نہو۔ ہرزہ گرد۔ آوارہ گرد۔ مضطرب۔ بیقرار +

جلے پھپھولے پھوڑنا ۔ بدلہ لینا۔ رشک نکالنا۔ حسد نکالنا
عداوت نکالنا۔ دل کی حسرت نکالنا۔ بغضِ دلی کا ظاہر کرنا۔
عنادِ دلی ظاہر کرنا +

جلے تن ۔ دیکھو (جلاتن) +

جلی کٹی ۔ رشک و حسد کی باتیں۔ دشمنی کی باتیں +

جلی کٹی رکھنا۔ اَن بَن رکھنا۔ دشمنی رکھنا۔ عداوت رکھنا۔
جلی کٹی کہنا۔ بُرا کہنا۔ معاندانہ گفتگو کرنا۔ بدی کرنا۔ کٹی ہوئی کہنا۔ خلاف کہنا

دولت ہوتی ہے۔ وہ ہی اِتراتا ہے۔ جس کے گھر کھانے کو ہوتا ہے وہی گلا پھُلا پھُلا کر باتیں کرتا ہے +

جس کے ہاتھ ڈوئی اُس کا سب کوئی - (کہاوت) یعنی قاسمِ طعام کے سب دوست +

جس نے بیٹی دی اُس نے کیا رکھا (کہاوت) یعنی اولاد سے زیادہ کوئی چیز پیاری نہیں۔ بیٹی کا بیاہ جہیز پر موقوف نہیں +

جسولنی - (صحیح یسولنی) چوبدارنی۔ یساول کی تانیث وہ عورتیں جو شاہی محل میں خیر خبر پہنچاتی ہیں +

جس ہانڈی میں کھائیں اُسی میں چھید کریں (کہاوت) یعنی جس سے پرورش پائیں اُسی کو نقصان پہنچائیں +

جسے دیکھ ناپ آوے وُہی شوہر مجھے بیاہنے آئے (کہاوت) یعنی دشمن سے معاملہ پڑنا سخت رنج کا باعث ہے۔ قابلِ نفرت سے رغبت نہیں ہوتی +

جگ - (۱) دُنیا۔ سنسار۔ جگت۔ جہان۔ عالم (۲) مخلوق۔ خلقت۔ لوگ (۳) جیسے آپ موئے جگ پرلو +

جگ جیتنا - (۱) فتّاحِ عالم ہونا (۲) درہونا غالب ہونا (۳) عاجز کر دینا (۴) کامیاب ہونا۔ مراد کو پہنچنا۔ جیسے اگر اُسے سمجھا لیا تو جگ جیتی +

جگ ہنسائی - رُسوائی۔ تضحیک۔ فضیحتی۔ بدنامی +

جُگا جُگا کر رکھنا - سینت سینت کر رکھنا۔ جوڑ جوڑ کر رکھنا۔ احتیاط سے رکھنا۔ سنبھال سنبھال کر رکھنا +

جُگ جُگ - ہمیشہ۔ سدا۔ مدام۔ تا ابد۔ جیسے جُگ جُگ جیا کرو +

جگرا - ہمّت۔ حوصلہ۔ جُرأت۔ دلیری۔ چھاتی۔ کلیجا۔ دِل گردہ +

جگر جگر کرنا - چمکنا۔ جگمگ کرنا۔ جگمگانا +

جگری داغ - (۱) داغِ دل و جگر (۲) لاعلاج صدمہ یا رنج۔ لاعلاج مصیبت (۳) جرم جو کسی جواہر میں ہو اور نعوذ نقص +

جگمگانا - جگمگ کرنا۔ چمکنا۔ جھلکنا۔ روشن ہونا۔ تاباں ہونا۔ جگر جگر کرنا۔ دمکنا +

جگمگ جگمگ کرنا - چمکنا۔ دمکنا۔ درخشاں ہونا۔ تاباں ہونا۔ جوت کا لہرانا +

جگنو - (۱) پٹبیجنا۔ کرمِ شب تاب۔ کرمِ شب افروز (۲) جگنی گلے کے ایک زیور کا نام +

جُلّابی - مُسہل لینے والا۔ وہ شخص جس نے مسہل لے رکھا ہو +

جَلاپا - (۱) رنج۔ غم۔ کلفت۔ الم۔ آزردگی۔ سوگ۔ اندوہِ خاطر۔ ملال۔ (۲) رشک۔ حسد۔ جیسے سوکن کا جلاپا۔ (۳) بُغض و عداوت + (دراصل جلنے کا حاصل بالمصدر ہے) +

جَلاتن (۱) بدمزاج۔ جھلّا۔ غصیل۔ غضبناک۔ خشمناک۔ تُندمزاج۔ مغلوبُ الغضب۔ تیز مزاج۔ وہ شخص جو کسی خلاف بات کا متحمل نہ ہو سکے +

جلا جلا کر مارنا۔ یا۔ خاک کرنا - تنگ کر کے مارنا۔ غصّہ دلا دلا کر ہلاک کرنا۔ غم میں گھُلانا۔ رشک دلا کر مارنا۔ نہایت ستانا۔ از حد دِق کرنا۔ رنج دے دے کر ہلاک کرنا +

جَلّاد - (۱) گردن مارنے والا۔ قاتل۔ سفّاک (۲) بیرحم۔ ظلمی۔

جای

کے حق میں یا بیحیا اور چالاک کی نسبت جو خواہ مخواہ دوستی جتاکر اپنا مطلب نکالے بولتے ہیں)

جانہار - (۱) جانیا - مرنے جوگا - چلن ہار - قابل مرگ - نابود ہونے والا + جینے کی باتیں نہ کرنے والا (۲) اپنی بساط اور عمر سے بڑھکر کام کرنے والا - نہایت عقلمند یا بہادر (۳) آفت کا پرکالہ (۴) نہایت شریر - بدذات +

جانے - (۱) گویا - جیسے - مثلاً جیسے - جانے وہ ہی کھڑا ہے - (۲) ہمیں خبر نہیں - لامعلوم - جانے کون لیگیا - جانے کس نے مارا - (۳) فرض کرو - فرضاً جیسے جانے تم دوکاندار ہوا در ہم خریدار +

جائی - زائیدہ - دختر - بیٹی - صبیہ - دھی - پتری - لڑکی - لونڈیا - گڑھی - رہنت جیسے کنجڑے کی جائی - ماں جائی وغیرہ +

جانیا - جانہار - مرنے جوگا + شریر - بدذات - نہایت ہوشیار - چالاک - زود فہم - ذکی - تیز طبع - عقل و دانائی کے سبب جینے کی باتیں نہ کرنیوالا +

جایا - بیٹا - پتر - ابن - خلف - پسر - لڑکا - ولد - پوت - فرزند - جیسے تو چاہے تیری جائی کو میں چاہوں تیری کھاٹ کے پائے کو +

جائے ضرور - پاخانہ - صحت خانہ - بیت الخلا - ٹٹی +

جب تک سانس ہے تب تک آس ہے (کہاوت) یعنی مرتے دم تک زندگی کی امید قایم ہے +

جب دانت نہ تھے تب چنے تھے جب دانت ہوئے تو چنے نہیں (کہاوت) یعنی جب تک اولاد نہ تھی ثروت حال تھی، اب جو اولاد ہوئی تو عسرت ساتھ لائی +

جبھا - حوصلہ - عالی ہمتی - دلیری - جیسے بڑا اچھا کیا - یہ جیجے

جک

والے کا کام ہے +

جتن - تدبیر - علاج معالجہ - دوا دارو - کوشش - جیسے دنیا بھر کے جتن کرڈالے مگر بچہ بچنا تھا نہ بچا +

جتنا چھانو اتنا ہی کرکرا ہوتا ہے - (کہاوت) یعنی زیادہ وہم سے زیادہ نقص نکلتا ہے +

جتنا چھوٹا اتنا ہی کھوٹا - (کہاوت) یعنی چھوٹے کو چھوٹا نہ جانو - وہ سب سے زیادہ کھوٹا ہوتا ہے +

جتنا گڑ ڈالو اتنا ہی میٹھا - (کہاوت) یعنی جتنا خرچ کروگے اتنا ہی کام اچھا ہوگا +

جتنی چادر دیکھئے اتنے ہی پاؤں پھیلائیے - (کہاوت) حوصلہ ہمت اور حیثیت کیموافق کام کرنا چاہئے - اپنی بساط اور آمد کے مطابق کام کرو +

جٹھانی - جیٹھ کی بیوی - خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی +

جٹی بٹی - جڑی بوٹی - چٹی پٹی +

جٹی بھویں - ابروئے پیوستہ - جڑواں بھویں +

جچا - (صحیح زچہ) وہ عورت جس کے بچہ پیدا ہوا ہو - اوانتی - الوانت +

جچاگیریاں - سہرا - وہ گیت جو زچہ خانے میں گاتے جاتے ہیں جس میں بچے اور زچہ کی تعریف ہوتی ہے +

جڑنا - (۱) جمع ہونا - اکٹھا ہونا - جیسے سارا کنبہ جڑ گیا (۲) میسر ہونا - حاصل ہونا - ہاتھ لگنا - جیسے روٹی جڑنا - کپڑا جڑنا وغیرہ +

جس کی لاٹھی اس کی بھینس - (کہاوت) یعنی زبردست کا قبضہ ہر ایک چیز پر ہوتا ہے +

جس کے منہ میں چانول ہوتے ہیں وہی چبا چبا کر باتیں کرتا ہے - (کہاوت) یعنی جس کے پاس

ج

جاتی دُنیا دیکھنا۔ دنیا فانی سمجھنا۔ دنیاے فانی کا خیال کرکے کوئی کام ضروری سمجھنا۔ جیسے کیا جاتی دنیا دیکھی جو اِدھر نکل آئیں ✦

جا ضرور۔ (۱) بیت الخلا۔ صحت خانہ۔ پیخانہ کا مکان۔ ہگنے کی جگہ۔ (۲) پائخانہ۔ براز ✦

جام دانی۔ (صحیح جامہ دانی) (۱) بوغبند۔ کپڑوں کی پیٹی لچمڑے کا صندُوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں۔ (۲) ایک قسم کا کڑھا ہوا پھولدار کپڑا۔ (۳) شیشے۔ خواہ ابرک یا کاغذ کی ننھّی سی صندوقچی جس میں بچّے محتّرم کے دنوں میں گوٹا بھر کر رکھتے ہیں ✦

جامہ دانی۔ دیکھو۔ (جام دانی) ✦

جان۔ (۱) رُوح۔ جی۔ پران۔ دم۔ زندگی۔ حیات۔ زیست۔ آتما۔ بولنا۔ نفس ناطقہ ✦ (وہ جوہر لطیف یا بخار لطیف جس کے سبب سے انسان کے جسم کو بقا حاصل ہے) ✦ (۲) بل۔ طاقت۔ زور۔ بوتا۔ شکتی۔ ست (۳) عطر۔ لباب۔ انس (۴) ایک تعظیم و پیار کا کلمہ جیسے ابا جان۔ ممانی جان وغیرہ (۵) لختِ جگر۔ کلیجے کی کور۔ قرۃ العین۔ نورِ نظر۔ آنکھوں کا تارا۔ نہایت عزیز اور پیارا بیٹا۔ لال ✦

جان آنا۔ (۱) طاقت آنا۔ قوت آنا۔ پنپنا۔ توانائی بہم پہنچا (۲) تازگی حاصل ہونا۔ رونق آنا۔ تسکین وتسلّی ہونا۔ خوشی و انبساط حاصل ہونا۔ جیسے اُسے دیکھ کر جان آگئی ✦

جان پڑنا۔ (۱) رُوح پڑنا۔ طاقت آنا۔ ہرا ہونا۔ جیسے اِس مینہ سے درختوں میں جان پڑگئی۔ (۲) دم میں دم آنا۔ فرحت ہونا۔ انبساط ہونا۔ نزہتِ خاطر ہونا۔ (۳) مُردے کا جی اُٹھنا ✦

جان سے دُور۔ کسی مرے ہُوئے آدمی کا اپنے زندہ عزیز سے تشبیہاً ذکر کریں تو وقت یا کسی آفت کا بیان کریں تو وقت یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں

جان کے لالے پڑنا۔ زیست سے نا امید ہونا۔ زندگانی کی تمنّا ہونا۔ جینے کی آرزو کرنا ✦

جان کی مال زکوٰۃ ہے۔ (کہاوت) یعنی جان کے عوض مال کی کچھ حقیقت نہیں ✦

جان من۔ (۱) لغوی معنی میری جان یعنی عزیز پیارا۔ (۲) دہلی کی بیگماتِ قلعہ میں عورتیں اِس نام سے آپس میں دوستی کے رشتے کرتی تھیں چنانچہ کسی سہیلی کا نام وقمن کسی کا زناخی کسی کا جان من ہوا کرتا تھا ✦

جان میں جان آنا۔ (۱) دم میں دم آنا۔ رُوح کا تازہ ہونا۔ پژمردگی دُور ہونا۔ نزہتِ خاطر ہونا۔ یا مبدّل بہ آس ہونا۔ تسلّی پانا۔ اطمینانِ خاطر ہونا ✦

جان ہلکان ہونا۔ جان مضمحل ہونا۔ تھکنا۔ ہلاک ہونا ✦

جان ہلکان کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ تکلیف دینا۔ دکھ دینا۔ ہلاک کرنا۔ تکلیف انگیز کرنا۔ مصیبت جھیلنا۔ جیسے اپنی جان ہلکان کی۔ ساس نندوں کو خوش رکھا ✦

جان نہ پہچان خالہ بڑی سلام۔ (کہاوت) خواہ مخواہ رشتہ جتانا۔ ناحق کی تپاک اور گرمجوشی ظاہر کرنے والے

ٹھو

ٹھوڑی تارا - وہ تل جو کسی خوبصورت کی ٹھوڑی میں قدرتی یا مصنوعی ہو چنانچہ خوبصورت عورت کی تعریف میں کہتے ہیں۔ ٹھوڑی تارا ماتھے چاند یعنی جسطرح ماتھے پر چاند ہو اسی طرح ٹھوڑی پر تارا ہے +

ٹھوکروں پر پڑنا - کسی کی خدمت اور مار دھاڑ میں رہنا۔ جوتیوں میں پڑنا حقارت اور ذلت کی خدمت کرنا +

ٹھوکریں کھانا - (۱) ضربِ پُشتِ پا یا سرِ پا کھانا۔ لاتیں کھانا (۲) ذلت و رسوائی اٹھانا (۳) روندن میں آنا۔ کھوندن میں آنا پامال ہونا۔ گرنا۔ پڑنا۔ لڑکنا (۴) خراب و تباہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا خستہ و خراب پھرنا۔ آوارہ و سرگرداں پھرنا (۵) صدمے اٹھانا سختیوں اور تکلیفوں کی برداشت کرنا۔ مصیبت بھگتنا جیسے آدمی ٹھوکریں کھا کر سنبھلتا ہے۔ (۶) طعنے مہنے سہنا (۷) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔ اظہارِ مطالب یا مباحثہ میں چوکنا۔ عاجز رہنا۔ جیسے ایسے بڑے فاضل نے اپنے بیان میں سینکڑوں ٹھوکریں کھائیں +

ٹھیکری - (۱) مٹی کا توا۔ ٹھیکرا کی تصغیر (۲) پیڑو کے نیچے کی ہڈی۔ سطحِ مقامِ مخصوص +

ٹھیکری ہونا - کثرت سے صرف ہونا۔ بیقدری سے صرف ہونا جیسے انہیں تو روپیہ ٹھیکری ہو گیا +

ٹھیکری کی مانگ - پیدائشی رشتہ جب کسی بچے کے پیدا ہوتے پر دائی کے ٹھیکرے میں کچھ نقدی ڈالدی جاتی ہے تو اس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ اس بچہ کی ہمارے بچہ سے نسبت ہو گئی۔ اس خصوصیت کے سبب دوسری جگہ منجھ بچے کی شادی نہیں ہو سکتی +

ٹھیکری میں نیر ڈالنا - (عورتوں میں ایک رسم ہے کہ جب زچہ جننے کر فارغ ہوتی ہے تو اس ٹھیکری میں جس میں بچہ کی آنول نال وغیرہ کاٹکر کھدتے ہیں دائی کا حق سمجھکر سکہ یہ رشتہ کی غرض نہیں کچھ نقدی ڈالا کرتی ہیں۔ بلکہ جس بچہ کی اسی وقت سے نسبت ٹھیرائی ہوتی ہے تو اسکے نام سے بھی اس میں کچھ ڈالا کرتی ہیں جو ٹھیکرے کی مانگ کہتے ہیں +

ثوا

ٹھینگا دکھانا - (۱) انگوٹھا دکھانا۔ ٹھونسا دکھانا (۲) ظاہر میں نہ لانا۔ انکار کرنا (۳) چڑانا۔ چھیڑنا جیسے نا شایستہ دنڈھیاں کام کے نام پر ٹھینگا دکھاتی ہیں +

ٹھینٹگ منجا یا ٹھینٹگ منجھا - جھگڑا۔ جھمیلا۔ جھگڑا ٹنٹا۔ مخمصہ۔ کشمکش۔ الجھیڑا۔ جیسے اسی ٹھینٹگ منجے میں پورے بارہ برس گزر گئے +

ٹیر کرنا - (۱) بسر کرنا۔ گزر کرنا (۲) گزارنا۔ بھگتانا۔ جیسے عمر ٹیر کرنا +

ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا - خفگی کی نظر سے دیکھنا۔ بری طرح دیکھنا۔ ترچھی نظر سے دیکھنا +

ٹیکے کا - (۱) مخصوص۔ نرالا۔ انوکھا۔ خصوصیت کی علامت رکھنے والا (۲) حقدار۔ ولیعہدی کا حق رکھنے والا۔ جیسے کچھ بھی تو ٹیکے کا نہیں ہے۔ جو ساری جایداد کا مالک ہو جائیگا +

ث

ثابت - (۱) وہ ستارا جو گردش نہ کرے جیسے قطب ستارا وغیرہ (۲) پورا کامل سالم (۳) درست جیسے ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان (۴) قایم مستقل برقرار مضبوط پایدار مستحکم جیسے ثابت قدم کو سب جگہ ٹھاؤں (۵) صداقت کو پہنچا ہوا مصدقہ تصدیق شدہ مستند (۶) ٹوٹا نہ پھوٹا +

ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان (کہاوت) یعنی کام کی لیاقت نہیں سامان نہ ہونے کی شکایت +

ثبوت (۱) لغوی معنی اپنی جگہ پر قرار پکڑنا (۲) استحکام۔ مضبوطی +

ثروت (۱) مال کی کثرت۔ دولت۔ تونگری (۲) حشمت۔ اختیار۔ حکومت +

ثقیل (۱) بھاری وزنی۔ گراں۔ بوجھل (۲) دیر ہضم۔ ناقابلِ ہضم +

ثواب - (۱) مزد۔ بدلہ۔ اجرت۔ نیک عوض۔ نیک کام کی جزا نیکی کا بدلہ جو عاقبت میں ملیگا۔ عذاب کے خلاف (۲) بھلائی۔ نیکی +

ٹوٹ

کھڑے آنا - پا در رکاب آنا +

ٹوٹکا ہونا - (۱) جادو ہونا - ٹونا ہونا - کسی بات کا جلدی سے ہونا +

ٹوٹکے ہائی - وہ عورت جو ہر ایک کے بچوں اور بال بچوں والی عورت پر جادو ٹونا کرتی پھرے +

ٹوک - (۱) نظر گزر - ٹونس جیسے بچہ ٹوک میں آگیا (۲) مزاحمت ممانعت - روک - تعرض (لیکن اس معنی میں روک کے ساتھ زیادہ بولتے ہیں) +

ٹوک میں آنا - ٹونس میں آنا - نظر لگنا +

ٹونا - (۱) جادو (۲) وہ گیت جو جلوے کے وقت ڈومنیاں گا کر دولہا کو تابعدار اور معتقد بنا دینا خیال کرتی ہیں +

ٹونا ہائی یا ٹونہائی - ساحرہ - جادوگرنی - وہ عورت جو پرائے بچوں اور عورتوں پر ٹوٹکا کرتی پھرے - وہ عورت جو منتر اور جھاڑ پھونک سے علاج کرے + سیانی +

ٹھاٹ - بھڑک - شان شوکت - کرّوفر +

ٹھاٹ باٹ سے رہنا - شان و تزک سے رہنا شان و شوکت سے رہنا - طمطراق سے رہنا - آن بان سے رہنا +

ٹھٹ - (۱) ہجوم - ازدحام - بھیڑ - انبوہ - مجمع +

ٹھٹ کے ٹھٹ - گروہ کے گروہ - بہت ہی ازدحام - بھیڑ بھاڑ - بڑی بھیڑ جیسے وہاں تو مردوں کے ٹھٹ کے ٹھٹ لگے ہوئے ہیں - وہاں لوگوں کے ٹھٹ کے ٹھٹ کھڑے تھے +

ٹھنڈا رہنا - (۱) خنک رہنا - گرم نہ رہنا - سیتل رہنا (۲) خوش رہنا (۳) آسودہ رہنا - آرام سے رہنا - چین سے رہنا - سر گرم نہ رہنا +

ٹھنڈک پڑنا - (۱) جلن یا سوزش یا گرمی کا رفع ہونا (۲) چین آنا -

ٹھو

دل کو آرام ہونا (۳) مقصد حاصل ہونا - مراد بر آنا (۴) کسی فساد یا فتنہ یا وبا وغیرہ کا فرو ہونا - (۵) غصہ رفع ہونا - دشمنی نکلنا - تسلی ہونا - صبر آنا - اطمینان ہونا +

ٹھنڈی - (۱) سرد - بارد - خنک - سیتل (۲) خوش و خرم - بامراد (۳) چیچک - سیتلا - ماتا +

ٹھنڈی ڈھلنا - چیچک کے دانوں کا مرجھانا - سیتلا کا زور کم ہونا - باگ مڑنا +

ٹھنڈی نکلنا - چیچک نمودار ہونا - سیتلا نکلنا +

ٹھنڈی کڑھائی - (ملوائیوں اور بنیوں میں دستور ہے کہ جب پکوان ختم ہوتا ہے تو کڑھائی میں حلوا بنا کر تقسیم کرتے اور اُسے ٹھنڈی کڑھائی کہتے ہیں) +

ٹھنڈی مار یا گھنی مار - بھیتری مار - اندرونی ضرب - صدمۂ مخفی - اندرونی ضرب - میٹھی مار +

ٹھنڈی مٹی - کم بڑھنے اور نہ پھیلنے والا جسم - دیر میں بالغ ہونے والا +

ٹھنڈے پیٹوں - بخوشی - بطیب خاطر - خوشی سے - آرام سے +

ٹھنڈے ٹھنڈے جانا - خوشی خوشی جانا - ٹھنڈے پیٹوں جانا - جیسے ان کے نوکر سے کہہ دو کہ ٹھنڈے ٹھنڈے اپنے سرکار کے پاس چلے جاؤ اور کہہ دو کہ ایسے بیہودہ اقرار نامے ہمیں منظور نہیں +

ٹھنکنا - ناز سے رونا - ٹسکنا - لاڈ کرکے رونا - بچوں کی طرح رونا - ریں ریں کرنا +

ٹھوڑی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا - مغموم ہو کر بیٹھنا - فکرمند ہونا - (اظہار فکرمندی کے موقع پر بولتے ہیں) +

ٹھر

کو ٹٹولا۔ کہ شاید ٹھیک ہوگئی ہوں۔ مگر کتنے کی دم بارہ
برس نلوے میں رکھّی۔ جب نکالی ٹیڑھی ✤

ٹَھَرٹَھَر۔ پیرانہ رفتار۔ بوڑھیوں کی سی چال۔ آہستگی کی چال ✤

ٹَرّاخل (۱) ذلیل اور بیہودہ عورت۔ بے تمیز اور نالایق عورت
(۲) سٹلّو۔ بیوقوف۔ بکواسن۔ بک بک ، جھک جھک
کرنے والی۔ جیسے کا نٹری سٹلّو کی لاؤ دیکھو۔ کسی کو بھی
چھوڑتی ہے ✤

ٹُسَر ٹُسَر رُونا۔ زار زار رونا۔ ٹھنکنا۔ چپکے چپکے رونا۔ ٹھنک ٹھنک
کر رونا ✤ (بچّوں کی نسبت زیادہ بولتے ہیں) ✤

ٹَسَر مَسَر۔ (عوام) ہچر مچر۔ ڈھیل۔ وقفہ۔ توقف۔ کام
میں دیر و درنگ ✤

ٹَس سے مَس نہ ہونا (۱) جنبش نہ کھانا۔ ذرا نہ سرکنا
(۲) بالکل متحرک نہ ہونا۔ قطب از جانمی جُنبد کا نمونہ بنجانا (۳) نہ گلنا
گداز نہ ہونا۔ جیسے آج کا گوشت ایسا سخت آیا۔ کہ
ابتک ٹس سے مس نہیں ہوا ✤

ٹَسوے بہانا۔ آنسو بہانا۔ اشک باری کرنا۔ رونا ✤
جھوٹا رونا رونا ✤ (خفا رتاً بولتے ہیں) ✤

ٹَکا سی جان یا ٹَکا سا دم۔ اکیلی جان۔ اکیلا دم ہیچم نقد ✤

ٹِکَّڑ۔ موٹی روٹی ✤

ٹُکڑا توڑ کر جواب دینا۔ صاف جواب دینا۔ مطلق
انکار کرنا۔ جیسے اِن سے کہا۔ کہ لڑکی کا نام تو رکھ دیجئے

ٹوٹ

مگر خانم جان نے ٹکڑا توڑ کر جواب دیا۔ کہ تم خود ہی کہلو ✤

ٹُکڑا نہ توڑنا۔ لقمہ نہ توڑنا۔ بالکل نہ کھانا۔ جیسے یہ وہی بچے ہیں۔ جو
ماں کے سامنے پراٹھے بغیر ٹکڑا نہ توڑتے تھے ✤

ٹِکنا۔ (۱) ٹھیرنا۔ قرار پانا۔ جیسے آپ کے ہاتھ میں پیسہ نہیں
ٹکتا (۲) فروکش ہونا۔ اُترنا۔ قیام کرنا۔ جیسے سرائے
میں ٹکنا (۳) صبر کرنا۔ تحمّل کرنا۔ جیسے ذرا ٹکو تمہارا کام بھی ہوا جاتا ہے ✤

ٹِکیا۔ (۱) چھوٹی روٹی۔ چندیا (۲) ماتھا۔ پیشانی کے اُوپر کا حصّہ۔
جیسے ساری صُورت اچھّی ہے۔ مگر ٹکیا اچھی نہیں۔ (۳) چکتی۔
گتی۔ قرص (۴) تمباکو کا قرص جو سلفے کی بجائے چلم میں گُلی کے
اُوپر رکھّا جاتا ہے (۵) پلڑی۔ ٹُنگدی ✤

ٹِماک یا ٹِماخ (۱) عورتوں کی نمود۔ غرور۔ کرّ و فر۔ شان و
شوکت۔ نخوت (۲) بناؤ سنگار۔ ٹیپ ٹاپ۔ ٹھسّا ✤

ٹُوٹا باسن کُبیرے کے سر۔ کالائے بد بریش خاوند۔
بُری چیز اُسکے مالک کے سر نکمّی چیز مالک کے مُنہ پر مارتے ہیں ✤

ٹُوٹُرو سا دم۔ اکیلا دم۔ تنہا جان۔ جان واحد۔ ذرا سی جان ✤

ٹُوٹکا۔ افسون۔ جادو۔ ٹونا ✤ طلسم۔ منتر۔ سحر۔ لٹکا۔ جنتر منتر۔
(وہ جتن جو عورتیں کسی مرض کے دفعیہ یا کسی بات کے
حاصل کرنیکے واسطے کرتی ہیں) ✤

ٹُوٹکا کرنا۔ (۱) جادو کرنا۔ لٹکا کرنا (۲) جتن کرنا۔ اُپائے کرنا۔
دفعیہ کرنا ✤

ٹُوٹکا کرنے آنا۔ جلدی آکر چلا جانا۔ آگ لینے آنا۔ کھڑے

تیو

بگڑجانا۔ علامتِ مرگ کا ظاہر ہونا (۲) نظریں پھر جانا پہلی سی نظر نہ رہنا۔ نگاہوں سے خفگی اور دشمنی ظاہر ہونا +

تیور پہچاننا ۔ نظر پہچاننا۔ قیافہ سے مزاج اور حالت پہچاننا۔ عادت وحالت معلوم کرنا۔ قیافہ شناس ہونا۔ قیافہ سے تاڑنا جیسے وُہ بیوی ہی کیا۔ جو میاں کے تیور نہ پہچانے +

تیورس یا تیورس کے سال ۔ آیندہ یا گزرا ہُوا۔ تیسرا برس۔ پچھلے برس سے پہلا برس۔ اگلے برس سے اگلا برس +

تیہا ۔ (۱) تیزی۔ حرارت۔ جُبشہ۔ جوش (۲) غصّہ۔ غضب۔ خشم۔ چھُو۔ جیسے اپنے تیہے میں آپ ہی مری جاتی ہے +

ٹ

ٹاٹ کی انگیا مونجھ کی تنی ۔ (کہاوت) یعنی سب چیز بے جوڑ۔ ناموزون۔ جیسے ٹاٹ کی انگیا مونجھ کی تنی دیکھو میرے دیوار میں کیسی بنی +

ٹانٹ گنجی ہونا ۔ سر پر بال نہ رہنا۔ خواہ بوجھ کو اُٹھاتے اُٹھاتے۔ خواہ جوتے کھاتے کھاتے سر گنجا ہوجانا (۲) بال خورہ ہوجانا (۳) نہایت خرچ کرنے سے مفلس ہوجانا۔ فضول خرچی سے برباد ہوجانا +

ٹانکا ۔ (۱) سلائی۔ سیون (۲) پیوند۔ جوڑ۔ جیسے دلّی کے بانکے جن کی جوتی میں نسّو نسّو ٹانکے +

ٹو

ٹانکا بھرنا ۔ سینا۔ تیپچی بھرنا۔ سلائی کرنا +

ٹانکا مارنا ۔ دیکھو (ٹانکا بھرنا) +

ٹانکے مارنا ۔ موٹی سیون سینا۔ اُوپری سلائی کرنا۔ جلدی جلدی سینا۔ گھونپنا +

ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا ۔ اپنے پاس سے سرکنے نہ دینا۔ پہلو میں بٹھانا +

ٹپ ٹپ آنسو گرنا ۔ آنسو اس طرح ٹپکنا کہ اُن کے پیہم گرنے کی آواز محسُوس ہو۔ آنسوؤں کی قطار بندھنا۔ ڈھاروں رونے سے مراد ہے +

ٹپّے ٹوئیے مارنا ۔ ڈھونڈنا۔ چھان مارنا۔ ڈھونڈ ڈھانڈ کرنا۔ تلاش کرنا۔ تجسّس کرنا۔ ٹٹولنا۔ ٹوہنا۔ اندھوں کی طرح کسی چیز کو ٹٹولتے پھرنا +

ٹڈّا کھولو ٹکھٹو آئے ۔ (کہاوت) طنزاً ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں۔ جو کماؤ تو ہو نہیں اور گھر والوں پر ذرہ چلاتا ہوا آئے۔ کہ تم نے بیوقت بھی دروازہ کیوں نہیں کھُلا رکھا +

ٹٹروں ٹوں (۱) ٹوٹرنہ اور قمری کی آواز (۲) تنہا۔ اکیلا اپنے دم سے۔ جیسے گھر میں ایک میں ٹٹروں ٹوں رہ گئی۔ اور سب چلے گئے +

ٹٹری گنجی ہونا ۔ دیکھو (ٹانٹ گنجی ہونا) +

ٹٹولنا ۔ آزمانا۔ ہاتھ سے پتہ لگانا۔ انداز سے پتہ لگانا۔ (۲) بھید لینا۔ عندیہ لینا۔ منشاء معلوم کرنا۔ جیسے بیگم

تیپ

روٹیاں یا پان۔ (۲) تہ بہ تہ رکھے ہوئے کپڑے +

تیپچی۔ ایک قسم کی کچّی سیون۔ بخلافِ بخیہ +

تیپچی بھرنا۔ کچّی سیون سینا +

تیپچی کا نکاح۔ (مزاحاً) کچّا نکاح۔ بودا نکاح +

تیج تہوار۔ ہر ایک تہوار۔ پرب۔ تیج کا تہوار۔ جیسے عید بقرعید

تیکھی۔ (صحیح تیکھی) تیز۔ شوخ۔ تیا مرچ۔ (۲) خام پارہ۔

مال زادی (۳) زباں دراز۔ سرکش۔ بے حیا۔ فتنہ پرداز +

تیرا نور اُڑ جائے۔ دعائے بد۔ تیرا چہرہ بے رونق ہو جائے

تیرے چہرہ پر نور نہ رہے۔ تیرا روپ جاتا رہے +

تیر کوّے تیر۔ کوّے کو اُڑانے یا ڈرانے کی آواز۔ جاگ کوّے جاگ۔

چونکہ کوّا تیر و غلیل سے بہت ڈرتا ہے اسوجہ سے تیر تیر کہکر اسی تیر کی ضرب سے ڈراتے ہیں

تیتر کے منہ پچھی۔ (کہاوت) یعنی دوسرے کے ہاتھ دولت

ہے۔ دوسرے کے بس۔ پرائے بس +

(چونکہ تیتر کی آواز سے چور مال ہاتھ لگنے کا شگون لیتے ہیں۔ اِس سبب

سے یہ خیال کرنے لگے۔ کہ تیتر کے بولنے پر دولت کا ہاتھ لگنا موقوف

ہے تیتر کا دائیں ہاتھ پر بولنا چوروں کے حق میں اچھا شگون ہوا کرتا

ہے لیکن اِس کا استعمال ایسے موقع پر ہوتا ہے۔ جب کسی نافہم یا بیوقوف

آدمی کو ایسے کام کے فیصلہ پر مقرر کریں جس کی اُسے لیاقت نہ ہو +

تیر نتھنوں میں دینا۔ تیر سے نتھنے زخمی کرنا۔ نہایت ستانا۔

ضیق میں جان کرنا۔ ناک چنے چبوانا۔ ناک کے رستہ نکالنا۔

(نتھنوں میں تیر دینا زیادہ بولتے ہیں) +

تیرہ

تیر ہو جانا۔ غائب ہونا۔ گم ہو جانا۔ چوری ہو جانا۔ تیر کی

طرح بھاگ جانا +

تیرہ تیزی یا تیراں تیزی (۱) صفر کے مہینے کے

اوّل تیرہ دن جس میں رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

سخت بیمار پڑے تھے۔ اور اسی وجہ سے یہ مہینہ منحوس

خیال کیا جاتا ہے (۲) صفر کا مہینہ +

(یہ نام نورجہاں بیگم ملکۂ جہانگیر بادشاہ کی ایجاد سے ہے)

تیس دن }
تیسوں دن } ہمیشہ۔ مدام۔ آئے دن۔ روزمرہ۔ تمام ماہ +

تیسوں کلام۔ قرآن شریف کے تیسوں پارے۔ قرآن شریف۔ کلام اللہ۔ جیسے تیسوں کلام کی قسم

تیل توا (۱) نہایت سیاہ۔ کالا کلوٹا۔ بھجنگ۔ ایسا کالا جیسے توے کی سیاہی تیل میں ملا

تیل ماش اُتارنا یا دکھانا۔ (عوام میں دستور ہے

کہ جب کوئی اپنا عزیز سفر سے آتا ہے۔ تو ایک خوان

میں ماش بھر کر اُس کے اندر تیل کا کٹورا اور کچھ پیسے

رکھدیتے ہیں۔ مسافر اِس تیل میں اپنا منہ دیکھکر دو

چار اُڑد کے دانے ڈال دیتا ہے۔ پھر یہ سب صدقہ

خاکروب کو دے دیتے ہیں۔ گویا یہ صحیح سلامت پہنچنے

کا صدقہ ہے +

تین گناہ خدا بھی بخشتا ہے (کہاوت) یعنی جب تین قصور

خدا بخشدیتا ہے۔ تو تم میرا یہ ایک ہی قصور معاف کردو +

تیور بگڑنا۔ (۱) آنکھوں کی پتلیوں کا پھر جانا۔ مرتے وقت ہیئت کا

سہرے جانا

تھر

تپ نوبت۔ جڑی۔ تپ لرزہ +

تھر تھری چھوٹنا۔ کپکپی چھوٹنا۔ کپکپانا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ لرزہ آنا۔ لرزنا +

تھڑ دِلا۔ تنگ دل۔ کم ظرف۔ کم حوصلہ۔ کنجوس +

تھڑ دِلی (۱) تنگ دلی۔ کم ظرفی۔ کم حوصلگی۔ (۲) بخیلی۔ کنجوسی + (۳) تنگ دلی۔ کنجوسپن +

تھرم تھڑا کرنا۔ نفریں کرنا۔ لعنت و ملامت کرنا۔ تھو تھو کرنا۔ دُور دُور کرنا۔ پھٹ پھٹ کرنا۔ نکو بنانا +

تھڑی تھڑی ہونا (۱) رسوائی ہونا۔ نفریں ہونا۔ دھتکار اور پھٹکار ہونا۔ تھو تھو ہونا۔ لعنت ملامت ہونا۔ (۲) بدنامی ہونا۔ تضحیک ہونا +

تہس نہس کرنا۔ کھوج کھونا۔ ملیا میٹ کرنا۔ تباہ و برباد کرنا۔ (باقی معنی دیکھو تحس نحس کرنا) +

تہش نہش گئی۔ خانہ خراب۔ خانماں برباد۔ بے ٹھور ٹھکانے۔ وہ عورت جس کا کہیں تھل بیڑا نہ ہو +

تھگلی (۱) پیوند۔ پارہ۔ جوڑ۔ ٹیکلی۔ (۲) گھنڈلا۔ ذراسی جگہ یا مکان۔ جھونپڑا۔ ٹھیکرا۔ جیسے اُسکے تو بیٹھنے کو تھگلی بھی نہیں +

تھل سے بیٹھنا۔ اطمینان سے بیٹھنا۔ ٹھکانے سے بیٹھنا جیسے ایسا اسباب اُتھل پُتھل ہوا۔ کہ تھل سے بیٹھنا نصیب نہ ہوا +

تہمت کا گھر ۔ تہمت کی ٹٹی (۱) عیب کی جگہ۔ بدنامی کا گھر۔ کاجل کی کوٹھڑی۔ وہ جگہ جہاں بدنامی کا اندیشہ ہو (۲) وہ شخص جو ہر ایک پہ اِلزام دھرے +

تھی

تھو۔ (۱) تھوکنے کی آواز۔ تف۔ تھوک۔ (۲) بُرا۔ چھی قابلِ نفرت +

تھو تھو۔ (۱) بار بار تھوکنے کی آواز + نفرت سے متواتر تھوکنے کی آواز (۲۔ مجازاً) نوج۔ خدا نہ کرے۔ خدا بچائے۔ چھائیں پھوئیں۔ جیسے تھو تھو نوج ایسی عورت ہو +

تھو تھو تھڈا۔ جب کھیل یا کسی شرط میں لڑکی ہارنے لگتی ہے۔ اور اُسے کوئی عذر پیش ہوتا ہے۔ تو یہ لفظ کہتی ہے یعنی ابھی سہی نہیں ہے +

تھو تھو ہونا۔ ہندو۔ تھڑی تھڑی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا +

تھوتھا چنا باجے گھنا۔ (کہاوت) یعنی ناحق شیخی بگھارتا ہے۔ جو کچھ نہیں ہوتا۔ وہی بگھارتا ہے۔ ڈھول میں پول + کھوکھلی چیز کی آواز بہت ہوتی ہے +

تھوتھے تیروں سے اُڑانا۔ کُند تیروں سے اُڑانا۔ تاکہ سخت تکلیف ہو۔ اور جسم سے باہر نکلے۔ سزا سخت دینا۔ گھنڈی یا کُند چُھری سے حلال کرنا +

تھورنا۔ حقارتاً کھانے کو کہتے ہیں۔ نگلنا۔ ٹھونسنا۔ دھر میں ڈالنا +

تھوڑا تھوڑا ہونا۔ منفعل ہونا۔ خفیف ہونا۔ نہایت شرمندہ ہونا۔ عرق عرق ہونا۔ نادم ہونا۔ خجل ہونا +

تھئی۔ روٹیوں کی جیٹھ۔ ڈھیر۔ بہت سی اوپر تلے رکھی ہوئی

(اصل میں یہ لفظ ضد کے موقع پر بولا جاتا ہے) +

توفیق - (۱) ہدایت - رہنمائی - (۲) قابلیت - لیاقت (۳) مدد - معاونت (۴) سردھا - ہمت - طاقت - حوصلہ +

تو کونہ مو کو ے چولھے میں جھونکو - (کہاوت) یعنی اپنا رکھونگی نہ تیرا اور یونہی برباد کردونگی +

تہ پوشی - زنانہ پیجامہ - پوشاکِ زیریں جو پشواز یا ڈھیلے پاجامہ کے نیچے پہنی جاتی ہے - وہ کپڑا جو ساڑی کے نیچے

تہ دَرْتہ - نیا کپڑا - وہ کپڑا جسکی تہ نہ ٹوٹی ہو - نیا - تازہ - غیر مستعمل

تھپیڑی پیٹنا - تالی بجانا - رسوا کرنا + خاکا اڑانا - بے عزت کرنا - تضحیک کرنا +

تھپکنا - (۱) بچّے کی پیٹھ پر سلانے کیواسطے آہستہ آہستہ تھپکی لگانا - روتے ہوئے بچّے کو تسلی دینے کے واسطے ہاتھ سے تھپکی لگانا - بچّہ کو تھپک تھپک کر سلانا - (۲) لیت و لعل میں ڈال رکھنا بہانے سے روکنا دم دلاسا دینا (۳) غصّہ دھیما کرنا - غصّہ فرو کرنا + کسی بات کو روکنا - تھامنا دبانا - (۴) چمکارنا پچکارنا + تسلّی دینا +

تھپنا - اِلزام لگنا - بہتان لگنا +

تہتر کے بیجوں کو پہنچانا - نہایت مفلس بنا دینا - کھوج کھو دینا - ستیاناس کھو دینا - (صحیح تریتا کے بیجوں کو پہنچانا ہے کیونکہ یہ ہندی محاورہ ہے - اور ہندوؤں میں اِسیطرح بولا جاتا ہے - ہندوؤں ہی سے مسلمان عورتوں میں رائج ہوگیا ہے +

تھتکارا - (۱) تھو تھو کرنے کے قابل - نام نہ لینے کے قابل - (۲) ہیضہ - بِنا نواں - تخمہ (۳) نزلہ زکام (۴) متروک، نالائق - مردود - مطرود - لعنت زدہ ملعون - پھٹکار کا مارا (۵) دردِ شقیقہ +

تھتکارنا - تھو تھو کرنا (۱) ذرا سا تھوکنا (۲) نفرت کرنا - (۳) لعنت بھیجنا - کسی بُری چیز یا بات کے اثر سے بچنے کے واسطے تھوکنے کی آواز نکالنا - جھوٹی قسم یا سہو کے بعد تھو تھو کرنا - توبہ کرنا + نفرت ظاہر کرنا حقارت سے نکال دینا - دھتکار دینا +

تھتکاری - (۱) بیڑی - جولاں - زنجیرِ پا (۲) چڑیل - ڈائن - بلا - (۳) مرداری چھپکلی - چلپاسہ +

تھتکاریاں - (۱) بیڑیاں - سلاسل - (۲) جوتیاں پاپوشیں - (۳) چڑیلیں - بلائیں - (۴) چھپکلیاں +

تھتّی - ڈھیر - انبار - اٹم جیسے مجھپر تو قرض کی تھتّی ہوگئی - کس کس کو دوں + اُجلی کے بیٹھ رہنے سے میلے کپڑوں کی تھتّی لگ گئی +

تھر تھرانا - کانپنا - لرزنا - کپکپی چھوٹنا +

تھر تھر کانپنا - جسم کا نہایت کپکپانا - سردی یا خوف یا بخار سے ہلملانا +

تھر تھری - (۱) کپکپی - لرزہ - تھر تھراہٹ (۲) جاڑے کا بخار

تود

پائے تک سے محبّت رکھوُنگی +

تُودہ - (۱) انبار - ڈھیر - اٹم - (۲) بُہت - الغاروں بکثرت - جیسے کہنے کے ساتھ تودہ مرچیں آگئیں +

تُورہ - (۱) شرع - سُنّت - طریق - قانون - دستور اہل رسم - مجازاً وہ شریعت جو چنگیز خاں نے وضع کی تھی - نیز بمعنی حکم شدیدِ شاہی (۲) حصّہ بخرہ - مختلف کھانوں کا ایک خوان یا کئی خوان جو امیروں میں شادی وغیرہ کے موقع پر کچھ روز پیشتر تقسیم کئے جاتے ہیں + (۳) غرور - گھمنڈ نمود (۴) عزّت - رُتبہ +

تُورہ پیٹی - (طنزاً) نخرہائی - مغرور - مُتکبّر - شیخی باز (۲) وُہ عورت جو بُہت سا شرع تورہ ظاہر کرے - ظاہر کی پابندِ شرع عورت +

تُورہ جتانا - (طنزاً) (۱) نخرا کرنا - غرور کرنا - اِترانا - شیخی کرنا تعلّی کرنا - (۲) پابندئ شرع ظاہر کرنا - دکھاوے کی پرہیزگاری جتانا +

تُورہ لگنا - دماغ ہونا - مغز چلنا - اِترانا +

توری والی - (طنزاً) پابندِ شرع عورت - پرہیزگار عورت - ثقہ عورت - (۲) مغرور عورت - متکبّر عورت (شرع تورے والی زیادہ بولتے ہیں) ناک والی عورت +

تُوڑا - (۱) کمی - قلت (۲) نایسّری - کیابی - عدم موجودگی

توس

(۳) قحط - کال - اُوڑا (۴) کوتاہی - گھٹتی - تنگی (۵) رسّی کا ٹکڑا (۶) فتیلۂ بندوق - بندوق چھوڑنے کا رسّی کا ٹکڑا - اِشتابہ - بتّی - سوختہ - پلیتہ (۷) ایک قسم کا زیور جو گلے یا پیروں میں پہنا جاتا ہے (۸) گت کا سِلسلہ توڑ کر درمیان میں ایک اور حرکت ادا کرنے کے بعد پھر گت کے اُسی سِلسلہ میں ملجانے کو بھی توڑا کہتے ہیں + (۹) ہزار اشرفی یا روپوں کی تھیلی +

تُوڑا پڑنا - یا پڑ جانا - کمی ہونا - قلّت ہوجانا - قحط پڑ جانا +

تُوڑ جوڑ - (۱) توڑنا اور جوڑنا کا حاصل مصدر (۲) توڑنا جوڑنا - جنگ وصلح - لڑائی اور ملاپ (۳) داؤں پیچ - داؤں گھات تدبیر - سازش جتن - فطرت - (۴) بندش عبارت - انشا پردازی (۵) دانائی - فیلسوفی - مکّاری - (۶) دو آدمیوں میں نفاق ڈالدینے یا جھگڑا کرا دینے کے ڈھنگ (۷) قطع - تراش - قطع وبرید - کاٹ چھانٹ + چالتر - چال +

تَوسَہی - (۱) بالضرور - لاکھوں میں - مقرر - ضرور (۲) بیشک - بے شبہ - بے گمان - یقیناً (۳) سمجھونگی تو میرا نام - دیکھو توسہی +

تم

ناک کٹے یا کان کٹیں ہم اپنی ہٹ سے ہٹے ہیں نہ ہٹیں گے +

تمکنت - (۱) قُدرت - اختیار - زور - حکومت (۲) عزّت + عزّت جتانا - مرتبہ ظاہر کرنا - (۳) غرور گھمنڈ - تکبّر - نخوت - مان - نمود - تعلّی - (۴) ٹیپ ٹاپ - شان وشوکت - دَبدَبہ +

تمکنت کرنا - اترانا - نخوت کرنا - گھمنڈ کرنا - تعلّی کی لینا - ڈون کی لینا +

تمہارا سر - کلمۂ نفریں + (جب کسی مستفسر کو غلطی پر دیکھتے یا اُس سے ناراض ہوتے ہیں - تو یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں - لیکن اپنے سے کم مرتبہ والے یا برابر والے سے بول سکتے ہیں) +

تمہارا کلیجہ - کلمۂ نفریں - جب کوئی شخص کسی کے مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا - یا پوچھتا ہے - تو اُس کے جواب میں یہ لفظ کہا جاتا ہے +

تن پہ نہیں لتّہ / پان کھائیں البتّہ (کہاوت) یعنی پہننے کو کپڑا نہیں سنگار کا شوق +

تنتنا - (صحیح طنطنہ) کرّ و فر - دبدبہ - (۲) حکومت تحکّم (۳) غصّہ - تیہا - غضب - خشم - (۴) غرور گھمنڈ +

تنکا اتارے کا احسان ماننا ذرا سے احسان کو بہت بڑا احسان ماننا - بڑا اگن ماننا +

تنج

تنکا نہ رہنا - (۱) بالکل صفایا ہو جانا - ایسا لُٹنا کہ کُچھ نہ رہنا - جھاڑو پھر جانا - (۲) - دعائے بد) مُفلس ہو جانا - فقیر ہو جانا - کنگال ہو جانا +

تنکنا - (۱) ناراض ہونا - بگڑ جانا - خفا ہونا - تر بھر ہونا - جھلّانا - جیسے تنک کر چلی گئی - تنک کر بولی - کہ میں تمہارے مُنہ نہیں لگتی + (ہندو بفتح فوقانی بھی بولتے ہیں) + (۲ عوام) پھڑ پھڑانا - بے چین ہونا - بے قرار ہونا - مضطرب ہونا +

تواہنسنا - (۱) جب جلتے جلتے توے کے نیچے بُہت سا کاجل جمع ہو کر روشن ہو جاتا ہے - تو اُسے تواہنسنا کہتے اور اِس سے شادی و رزق کی افزونی کا شگون لیتے ہیں +

تُو بھی رانی میں بھی رانی / کَون بھرے پَن گھٹ پہ پانی (کہاوت) یعنی جب ادنیٰ و اعلیٰ کو برابری کا دعویٰ ہو تو کام کس سے لیا جائے +

تُوتُو - (متروک) زبان - للّو - جیبھ +

تُوتیے جوڑنا یا تُوتے جوڑنا تہمت اور بہتان لگانا - بدنام کرنا - طُوفان لینا - الزام دھرنا +

تُو چاہے میرے جائے کو / میں چاہوں تیری کھاٹ کی پائے کو (کہاوت) یعنی اگر تم میری اولاد کو چاہو گی تو میں تمہاری چارپائی کے

تلو

تلوؤں سے ملنا۔ پیروں تلے ملنا۔ پامال کرنا۔ خاک میں ملانا + پیسنا۔ پیس ڈالنا +

تلوے چاٹنا یا سہلانا۔ (۱) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا (۲) رعب یاد یہ ماننا جیسے ہمارے بادشاہ کا وہ رعب داب ہے کہ جس کے تلوے بن کے شیر چاٹتے ہیں +

تلوے دھو دھو کے پینا۔ (۱) نہایت اطاعت اور فرمانبرداری کرنا۔ ازحد معتقد ہونا۔ (۲) کمال قدر دانی کرنا۔ آنکھوں پر رکھنا +

تلے۔ اُوپر کے خلاف۔ نیچے۔ تحت۔ زیر۔ پائیں

تلے اُوپر کی اولاد۔ وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد بے واسطہ پیدا ہوں۔ ایک کی پیٹھ پر کا ایک + (عورتوں کا خیال ہے۔ کہ ان بچوں میں ہمیشہ کھٹا پٹی رہتی ہے۔) +

تلے کا سانس تلے۔ اُوپر کا اُوپر رہنا۔ حیران ودم بخود رہنا۔ بھونچک رہنا۔ ہکا بکا ہونا۔ متحیر ہونا +

تلے کے دانت تلے اُوپر کے اُوپر رہ گئے۔ منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔ خواہ بباعث حیرت خواہ بباعث تاسف خواہ بباعث رنج یا خوشی + ہکا بکا + بھوچکا ہو جانے سے مراد ہے (۲)

تم

لقوے یا فالج کے باعث جبڑا کھلا رہ جانا +

تلے کی دنیا اُوپر ہونا۔ یا زمین اُوپر ہونا۔ انقلاب عظیم واقع ہونا +

تلے دانی۔ قینچی۔ سوئی۔ بچک۔ وغیرہ رکھنے کا چھوٹا سا جزدان۔ یا تھیلی + (مولانا صہبائی کی رائے میں یہ لفظ تلہ دان یعنی طلاء رکھنے کا ظرف تھا۔ یائے تانیث لگا کر سرمہ دانی کی طرح تلے دانی کر لیا) +

تماشا خانم۔ مسخری عورت۔ بلتی عورت۔ انوکھی عورت۔ طرفہ معجون۔ نقل مجلس۔ کھلو باؤلی۔ باؤلی عورت کی طرح کھل کھلا کر ہنسنے والی +

تمام کرنا۔ (۱) ختم کرنا۔ انجام پر پہنچانا۔ پورا کرنا۔ (۲) باقی نہ رکھنا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔ جیسے مار کر تمام کر دیا۔ کام تمام کر دیا وغیرہ +

تمتمانا۔ (۱) دھوپ کی گرمی یا بخار کے باعث چہرہ سُرخ ہو جانا۔ گرمی سے منہ لال ہو جانا۔ (۲) چمکنا۔ دمکنا۔ جگمگانا۔ (۳) گرم ہونا۔ گرمانا +

تم روٹھے ہم چھوٹے۔ یعنی تم خفا ہوئے ہم نے نجات پائی +

تم کاٹو ناک کانی میں نہ چھوڑوں اپنی بانی۔ (کہاوت) ضدی عورت کی نسبت بولتے ہیں۔ (یعنے چاہے جیسی سزا دو میں اپنی عادت سے باز نہ آؤں گی۔) +

تلچ

اُجاڑنا۔ خراب کرنا۔ (۲) کسی چیز کا غائب کردینا۔ چُرا لینا۔ چُھپا دینا۔ گُم کر دینا +

تلچھوں ملچھوں کرنا۔ بیتابانہ پھرنا۔ مُضطربانہ کوئی کام کرنا + چُلبلاپن دکھانا۔ ٹھہر نہ رہنا۔ نچلا نہ بیٹھنا +

تِل دھرنے کی جگہ نہ ہونا۔ ذراسی جگہ نہ ہونا۔ بالکل جگہ نہ ہونا کثرتِ اسباب و دانہ ہائے چیچک وغیرہ کیواسطے بھی بولتے ہیں +

تُلّی بندھنا۔ دھار بندھنا۔ فوّارہ چھوٹنا۔ ٹونٹی جاری ہونا +

تلملانا۔ مُضطرِب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ بے چین ہونا۔ تڑپنا بیتاب ہونا۔ (۲) بوکھلانا۔ بولانا۔ گھبرانا +

تل نظرا۔ (۱) نیچی آنکھیں رکھنے والا۔ (۲) وہ شخص جو نیچی نظروں سے دیکھے + وہ بد نظر جو چُپکے چُپکے دیکھے +

تِلوانسا۔ چراغ کو اس طرح رکھنا۔ کہ جس سے تیل بتّی کے قریب رہے +

تِلوانسا کرنا۔ چراغ کو جھکا کر اس کا تیل بتّی کے قریب کر دینا + (ہندو تلوانڈا بھی کہتے ہیں)

تلوا نہ ٹکنا۔ ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنا۔ ایک جگہ نہ ٹھیرنا + پھرتے رہنا۔ جلے پاؤں کی بلی بنجانا +

تِلوں میں سے تیل نکالنا۔ کفایت شعاری میں

تلو

سلیقہ دکھانا + دستوری کے سبب زیادہ قیمت لگانا +

تلوؤں۔ (تلوے کی جمع) تلوے۔ کفِ پا +

تلوؤں تلے مَلنا۔ تلوؤں کے نیچے رکھکر کچلنا یا پیسنا جیسے آنکھوں کو تلوؤں کے تلے ملنا وغیرہ +

تلوؤں تلے میٹنا۔ پامال کرنا۔ روندنا۔ جیسے (جو میرے بچّے کو مارے اُسے تلوؤں تلے میٹ دوں) +

تلوؤں سے آنکھیں مَلنا۔ تلوؤں تلے آنکھیں ملنا۔ کسی دُشمن کی آنکھیں نکلوا کر اپنے تلوؤں سے مل کر دِل کی حسرت نکالنا۔ سزائے چشم دینا۔ سخت سزا دینا۔ (۲) حسرتِ پابوسی نکالنا۔ (۳) نہایت عاجزی دکھانا۔ آرِ عتبائی کرنا۔ چاپلوسی و خوشامد کرنا + (پہلی حکومتوں میں دستور تھا۔ کہ جب بادشاہ کی ملکہ یا کوئی رانی کسی پر خفا ہوتی تھی۔ تو وہ اس قسم کی سزا دیا کرتی تھی۔) +

تلوؤں سے لگنا۔ (۱) تلوؤں میں اثر کرنا۔ (۲) افروختگی ہونا۔ حسد یا رشک ہونا۔ غُصّہ آنا۔ دراصل میں تلوؤں سے آگ لگنا تھا۔ یعنی آتش غضب کا تلوؤں سے شروع ہو کر سر تک پہنچنا)

تلوؤں سے لگنا سر میں جا کے بُجھنا۔ آتش غضب کا تلوے سے شروع ہو کر سر تک پہنچنا۔ سر سے پا تک غصّہ میں جلنا۔ سرتاپا جانا۔ نہایت برافروختہ ہونا

تصو

تصویر کی حالت - نہایت حسین - قبول صورت - صاحب جمال - تناسب اعضا میں بے نقص +

تعریف کرتے مُنہ سوکھنا - کمال عجز کے ساتھ تعریف کرنا + حسب دلخواہ تعریف نہ کرسکنا +

تقدیر - (۱) اندازہ - مقدار (۲) قسمت - نصیب بھاگ - بخت - پراَلبد - مقسوم +

تقدیر پھُوٹ جانا - (۱) نربھاگی ہونا - تقدیر کا بگڑ جانا - تقدیر کا لوٹ جانا - مقدر کا برخلاف ہونا (۲) بُری جگہ شادی ہونا - بُرے کے پلّے بندھنا +

تقدیر جاگنا - نصیبا جاگنا - نصیبا طالع یا ور ہونا - بخت کا بیدار ہونا - دِن پھرنا - وقت کا موافق ہونا بھلے دن آنا - اقبال کا سامنے ہونا - مُساعدتِ بخت - بخت کا یاور ہونا +

تقدیر سیدھی ہونا - بخت کا مُساعد اور یاور ہونا - بات بننا - زمانہ موافق ہونا - اقبال ہونا +

تقدیر کا بدا - نصیبوں کا لکھا - مقدر کا لکھا - نوشتۂ ازلی +

تقدیر کا لکھا - نوشتۂ ازلی - خطِ تقدیر - تقدیر کا بدا - کرم ریکھ +

تقدیر لوٹ جانا - تقدیر کا برگشتہ ہوجانا - تقدیر کا دغا دے جانا - نصیب کا یاور نہونا +

تلپ

تکّا فضیحتی - تُو تکار - تُو تو - مَیں میں - ذِلّت ورُسوائی + (اصل میں تُھکّا فضیحتی ہے) +

تکلے کے سے بل نکالنا - ساری کجی نکالنا - خوب سیدھا بنانا - کما حقہٗ ٹھیک کرنا - ساری شرارت دُور کردینا +

تکلے کے سے بل نکلنا - ساری کجی دُور ہونا - خُوب ٹھیک بننا - قرار واقعی سزا ملنا - سیدھا بننا - ساری شرارت دُور ہونا + گمراہی نہ رہنا +

تگّا - (صحیح اتگہ) شوہرِ دایہ - انّا کا خاوند - دُودھ پلانے والی کا خصم - دھاوڑا + (یہ لفظ اصل میں بزبانِ ترکی اتاگاہ تھا - کیونکہ ترکی میں اتا بمعنی پدر اور گاہ بمعنی قایم مقام آیا ہے - یعنی وہ شخص جو باپ کا قائم مقام ہو - تگہ اُس کا مخفف ہے - اہلِ قلعہ اور اہلِ دہلی اِس لفظ کو زیادہ بولتے ہیں) +

تلا گُودن کرنا - لغوی معنی طحال پر کچھ کے لگانا - اصطلاحی طعن و تشنیع سے دل جلانا - کلیجہ گودنا - طعنے مہنے دینا +

تلاملی - (۱) اضطراب - بے چینی - بے کلی - بے قراری گھبراہٹ - (۲) جلدی - شتابی +

تلپٹ - غائب غلّہ - گم + ناپید +

تلپٹ کرنا - (۱) تہ و بالا کرنا - تلے اُوپر کرنا - زیروزبر کرنا + کھوندنا - پامال کرنا - روندنا - تباہ و برباد کرنا

ترا بھری ۔ جلدی شتابی ۔ شتاب زدگی ۔ (۲) موت کی گرم بازاری ۔ وبائے اموات ۔ پڑ در پڑ مرنا ۔ بھیڑ بکریوں کی طرح رُوگ آنا +

ترا بھری ہونا ۔ موت کی گرم بازاری ہونا +

تڑاقا ۔ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۔ سینگیاں کھینچنے کی آواز (۲) چٹخارا ۔ ذائقہ کی آواز ۔ (۳) زور ۔ شدّت ۔ تیزی ۔ جیسے تڑاقے کا مینہ (۴ عوام) کمی ۔ قحط ۔ نایابی ۔ جیسے اناج کا تڑاقا گزر رہا ہے ۔ (۵) حُسنِ بیساختہ ۔ حُسنِ خداداد ۔ قبولِ صورت +

تڑاقا پیٹنا ۔ فاقہ گزرنا +

تڑاقا کھا کر گرنا ۔ غش کھا کر گرنا ۔ کسی صدمہ یا فاقہ کے باعث بیہوش ہو کر گرنا +

تڑاق پڑاق ۔ (۱) جلد جلد ۔ پے در پے ۔ متواتر ۔ برابر ۔ (۲) چٹا چٹ ۔ چٹ چٹ ۔ چٹاخ چٹاخ ۔ ٹوٹنے کی آواز ۔ (۳) تڑاتڑ ۔ پڑاپڑ ۔ سڑاسڑ (۴) دُو بدُو ۔ مُنہ در مُنہ ۔ سنمکھ ہو کے ۔ (۵) پٹاپٹ ۔ سٹاسٹ ۔ بیباکانہ ۔ نڈر ہو کے + زور کی آواز ۔ (۶) شوخ طبع ۔ شوخ مزاج ۔ چلبلا +

طرّار ۔ فرّار +

تڑپنا ۔ (۱) پھڑکنا ۔ بیتاب ہونا ۔ بے قرار ہونا ۔ مضطرب ہونا ۔ لوٹنا ۔ تلملانا ۔ پھڑ پھڑانا ۔ پھڑپھڑانا ۔ (۲) اِلتہاب ہونا ۔ دھڑکنا ۔ (۳) اُچھلنا ۔ کودنا ۔ جست بھرنا ۔ (۴) بسمل کا ہاتھ پاؤں مارنا ۔ مذبوح کا لوٹنا ۔ جاں کنی کے عالم میں ہاتھ پاؤں دے دے مارنا ۔ (۵) کمال مشتاق و آرزومند ہونا +

تڑخ کر بولنا ۔ چیخ کر بولنا ۔ خفگی سے کسی بات کا جواب دینا ۔ کلیجہ پھاڑ کر بولنا ۔ بگڑ کر جواب دینا +

تڑخنا یا تڑقنا ۔ (۱) پھٹنا ۔ شق ہونا ۔ کسی خشک چیز کا پھٹنا ۔ دراڑ پڑنا ۔ بال آنا ۔ کھل جانا ۔ (۲) زخم وغیرہ کا پھٹا پڑنا ۔ (۳) بگڑ کر بولنا ۔ خفگی سے جواب دینا +

تڑق کر جواب دینا ۔ بگڑ کر جواب دینا ۔ جھنجلا کر جواب دینا +

تشت چوکی ۔ وہ چوکی اور وہ طشت جو زچہ خانہ یا امیروں کے پیخانہ میں رکھا جاتا ہے +

تشنا ۔ ملامت ۔ بدگوئی ۔ طعنہ مہنہ +
(یہ لفظ تشنیع سے بگڑا ہے ۔ اور اکثر طعنہ کے ساتھ مستعمل ہے) +

تشنا دینا ۔ طعنہ دینا ۔ لعنت ملامت کرنا ۔ باتیں چھانٹنا +

تصدّق کرنا ۔ نثار کرنا ۔ صدقہ کرنا ۔ وارنا ۔ نچھاور کرنا +

تصدّق ہونا ۔ واری جانا ۔ نثار ہونا +

تِراہ تِراہ کرنا - (۱) پناہ کرنا - واویلا کرنا - ہائے وائے کرنا - فریاد و فغاں کرنا - پناہ پناہ پکارنا - الاماں الاماں کہنا - (۲) کسی چیز کی کمی کے باعث پکار مچانا - دھوم ڈالنا - شور مچانا + توبہ تِلّا کرنا - خدا کا خوف کھانا +

تِراہ تِراہ ہونا - (۱) فریاد و فغاں ہونا - واویلا مچنا - الاماں الاماں ہونا - (۲) توبہ تِلّا ہونا - (۳) قحط ہونا - کمی ہونا + کسی چیز کی کمی کے باعث پکار پڑنا +

تِربھر ہونا - خفا ہونا - ناراض ہونا - بگڑنا +

تُرَت - معاً - فوراً - جلد - ابھی - اِسی وقت - اِسی گھڑی (پُورب میں - تُرَنت)

تُرَت پھُرَت - بہت جلد اور پھُرتی سے - کمال سُرعت کے ساتھ - فوراً - فِرت فِرت - پھُرتی اور چالاکی سے +

تُرَت دان مَہاپُن - (کہاوت) یعنی ضرورت پر دینا بڑے ثواب میں داخل ہے - کام لیتے ہی مزدوری چُکا دینا داخلِ ثواب ہے +

تَرتَراتا - تر بتر - گھی میں ڈوبا ہُوا - گھی میں چُوربُ - چک بُچک +

تُرتُریا - (۱) طرّار - تیز - چالاک (۲) لسّان -

چرب زبان - جلد جلد باتیں کرنیوالا - جلد باز بے چین طبیعت کا +

تُرکَن - (۱) تُرک کی بیوی - (۲) قوم تُرک کی عورت - (۳) سپاہی کی جُورُو - (۴) گنوار مسلمانی

تُرکِنی - سپاہی عورت - وُہ عورت جو بادشاہوں کے محل میں چوکی پہرہ دیا کرتی ہے - قلماقنی +

تِریا - عورت - اِستری - لُگائی +

تِریا چلتّر - (صحیح تریا چرِتر) - عورتوں کی چال عورتوں کے مکروفریب - کیدِ زن - عورتوں کی چال بازی - تِریا کرتُوت - تِریا سُبھاؤ جیسے تِریا چلتّر جانے نہ کوے + خصم مار کے ستّی ہوئے (کہاوت)

تِریا راج - عورتوں کی حکومت - عورتوں کا زور - جورو کی حکومت +

تِریا ہَٹ - عورت کی اَڑ - عورت کی ضِد - اِصرارِ زناں - اِستبدادِ نسواں +

تُرَئی کا سا پھُول - (۱) تُرَئی کے زرد پھُول کی مانند جسکی زردی آنکھوں میں بھلی لگتی ہے خوش نما + کھرا (۲) آسانی سے زیادہ صرف ہو جانا - اسطرح روپیہ اُٹھنا کہ معلوم نہ ہونا - جیسے تُرَئی کے سے پھُول دس روپے اُٹھ گئے پیسے بنکے سے +

تپم

کا نام ہے جس سے کہ اُنتیسویں پارہ کا آغاز ہوتا ہے - اور اُسکی بہت سی بزرگی لکھی ہے - از رُوئے مذہب اسلام یہ سُورہ مانع عذابِ قبر اور شافع روزِ محشر ہے - (۳) مسلمانوں کی ایک مذہبی رسم کا نام جو رجب کے مہینے میں جمعہ یا جمعرات کو مُردہ کی بخشش کے واسطے کم از کم اکتالیس بار سُورۂ تبارک پڑھ کر ادا کی جاتی ہے - اِس میں اکثر میدے کی میٹھی روغنی تنوری روٹیاں جن پر سونف گلونجی وغیرہ جمی ہوئی ہوتی ہے - تقسیم کی جاتی ہیں - یا کچھ اور شیرینی - اگرچہ یہ رسم شارعِ اِسلام نے مقرر نہیں فرمائی - مگر ایک تو ذریعۂ خیرات ہے - دوسرے اس سورۃ کے پڑھے جانے کی وجہ سے مسلمانوں میں مثلِ ادعیۂ ماثورہ مانی جاتی ہے +

تَپ مُوت جانا - ہونٹوں پر تبخالوں کا نُمایاں ہونا - بخار کے جاتے رہنے کی علامت کا ظاہر ہونا +

تُو تُو کھمبُو - (۱) بوک نھام + بیچ بچاؤ (۲) دم دلاسا - بہلاوا - پھُسلاوا - دفعُ الوقتی (یہ لفظ تُو تُو بمعنے زبان اور تھامنے سے مُرکّب ہے) +

تَتیّا مِرچ - (۱) ایک قسم کی چھوٹی اور پہاڑی مرچ جو رنگ میں زرد اور نہایت تیز ہوتی ہے - (۲) زکی - ذہین - تیز + ہوشیار - پھُرتی باز - پھُرتیلا +

تجھ سے پھرے تو خُدا سے پھرے - یہ فقرہ قسم سخت یا عہدِ واثق کے موقع پر مُستعمل ہے یعنی تجھ سے دفا نہ کرے تو کافر ہو +

تجھ سے تو جائے ضرور میں - طنزاً حالتِ تنفر یا اکراہ میں بھی بولتی ہیں

بھی پانی نہ رکھواؤں - کسی بدصورت کی نسبت یہ فقرہ زبان پر آتا ہے - یعنی تو بالکل ہماری خاطر

تخت

میں نہیں آتا - تجھ سے اِس قدر نفرت ہے - کہ ادنیٰ کام لینے کو بھی جی نہیں چاہتا +

تُجھ مُجھ - اپنا بیگانہ - ہر کس و ناکس - ہر ایک +

تحس نحس - تہ و بالا - تباہ و برباد - ویران و خراب - ستیاناس - نیست و نابود + (عربی میں نحس دل پر غم کی زیادتی ہونے کو کہتے ہیں - تحس تابعِ مہمل ہے - یا نحاس بمعنے سرشت و اصل کا مخفف کر لیا ہے - مگر اس جگہ لغوی اور اصطلاحی معنے سے کوئی نسبت تامہ نہیں معلوم ہوتی - البتہ یوں تاویل کر سکتے ہیں - کہ دِل چُونکہ اعضائے رئیسہ میں ایک اعلیٰ درجہ کا عضو ہے جب تک یہ خوش اور اپنی اصلی حالت پر رہتا ہے تمام کام درست اور بامُوقع ہوتے اور جب کبھی اس میں فتور آجاتا ہے تو سب کام تباہ و برباد ہو جاتے ہیں اس سبب سے تباہی اور خرابی پر اطلاق ہونے لگا - لیکن اس صُورت میں اُردو سمجھنا اور ہائے ہوز سے لکھنا مناسب ہے) +

تحس نحس کرنا یا کھونا - خراب کرنا - بگاڑنا - ستیاناس کرنا - کھوج کھونا +

تخت - (۱) چوکی - سنگھاسن - سریر - بادشاہ کی بیٹھنے کی چوکی (۲) دارالخلافہ - دارُالسّلطنت - تخت گاہ +

تخت بخت - راج سہاگ - سُہاگ بھاگ +

تخت چڑھنا - پلنگ پر جانا - چارپائی پر چڑھنا + سونا آرام کرنا - جیسے چراغ میں بتی پڑی - لاڈو میری تخت چڑھی (طنزاً بولتی ہیں) +

تخت کی رات - بیاہ کی رات - شبِ خلوت - شبِ زفاف - سُہاگ رات +

تارے توڑنا - (۱) کارِ شگرف کرنا - ایسا کام کرنا - جو دوسروں سے نہ ہو سکے - حیرت خیز و تعجب انگیز کام کرنا - فوق العادۃ کام کرنا - (۲) عیاری کرنا - چالاکی کرنا +

تارے دکھانا - زچہ کو آسمان دکھانا - (مسلمان عورتوں میں دستور ہے - کہ چھٹی کی رات کو دالان کے آگے چوکی بچھاتیں زچہ اور بچے کو بناؤ سنگار کراتیں سموسہ دار کارچوبی پٹی دونوں کے سر سے باندھتیں اور باہر چوکی پر کھڑا کرنے لاتی ہیں - زچہ بچے کو گود میں لے کر باہر آتی ہے - دو عورتیں دونوں پہلوؤں میں ننگی تلواریں لئے ساتھ ہوتی ہیں دائی آٹے کی چومک اٹھائے آگے چلتی ہے - زچہ بچے کو گود میں اور قرآن شریف کو سر پر رکھ کر آسمان کی طرف دیکھتی اور چوکی پر کھڑی ہو کر سات ستارے گنتی ہے - اس وقت دونوں تلواروں کی نوک سے نوک ملا کر زچہ کے سر پر قوس بنا دیتی ہیں - تاکہ اوپر سے جن اور پری کا گزر نہ ہو سکے - گویا آج سے جن اور پری کے سایہ کا خوف دور ہو جاتا ہے + ادھر زچہ تارے دیکھنے جاتی ہے - ادھر لڑکے کا باوا تیر کمان لے کر زچہ کے پلنگ پر کھڑا ہو جاتا اور پوری بسم اللہ پڑھ چھت میں تیر لگا کر گویا فرضی مرگ مارتا ہے - چنانچہ اس رسم کا نام ہی مرگ مارنا پڑ گیا - مرگ مارنے کا نیگ ساس داماد کو دیتی ہے - زچہ تارے دیکھ کر پلنگ پر آ بیٹھتی ہے پلنگ کے آگے دسترخوان بچھایا جاتا اور چوکی میز کی طرح لگا دی جاتی ہے - اس پر تورہ چنا جاتا ہے - جس میں پکی ہوئی سات ترکاریاں اور مختلف طرح کے کھانے ہوتے ہیں سات سہاگنوں کے ساتھ مل کر زچہ رانی ذرا ذرا سا چکھ لیتی ہے - جسے چوبہ چکھانا کہتے ہیں - مبارک سلامت سے کان پڑی آواز نہیں سنائی دیتی - گانا شروع ہو جاتا ہے اس کے بعد زچہ کے آگے تورے اور چومک میں روپے ڈال کر دائی کو دے جاتے ہیں) +

تالو سے زبان نہ لگنا - چپ نہ رہنا - بکے جانا - خاموش نہ رہنا - ٹرٹر کئے جانا - بکواس کئے جانا +

تانبے کا تار نہیں - نہایت مفلس و مفلوک ہے - از حد تنگ دست اور قلاش ہے - کھانا تک پاس نہیں (عورتیں اس عورت کی نسبت زیادہ بولتی ہیں جسکے پاس زیور بالکل نہ ہو) +

تان تروز - طعنہ مہنہ - آوازہ توازہ - اشارہ کنایہ - بطریقِ تضمیک (یہ لفظ اصل میں تعریض یعنی اشارتاً طعنہ پھینکنا تھا - اسی سے تان تعرّض ہوا - اور اس سے تان تروز بن گیا) +

تانترٹی - (۱) تانت کی تصغیر (۲) نہایت دبلا پتلا - منحنی - جیسے سوکھ کر تانترٹی ہو گیا +

تانترٹی سا - (۱) تانت سا - (۲) نہایت دبلا پتلا - از حد لاغر - منحنی +

تانسنا - (۱) چشم نمائی کرنا - ڈرو دکھانا - دھمکانا - ڈانٹنا - گھرکنا - تنبیہ کرنا - سختی کرنا - جبر کرنا +

(۲) بھوکا مارنا - خوراک سے کم کھانے کو دینا - کھینچ کر روٹی دینا - پیٹ بھراؤ نہ دینا - جیسے تانس کر روٹی دینا -

(۳) برا کہنا - بدسلوکی کرنا +

تبارک - (۱) بڑا بزرگ - عالی (اصل میں باب تفاعل سے ماضی کا صیغہ ہے - مگر چونکہ اسم الٰہی کا حال واقع ہوتا ہے - اس لئے بزرگ سے مراد لیتے ہیں) (۲) قرآن شریف کی ایک سورۃ

پیسے پیسے سے حیران ہونا۔ نہایت مفلس و تنگدست ہونا +

پیسے کی میت۔ دولت پسند۔ پیسے کی یار۔ پیسے کی لوبھی۔ جیسے تم تو پیسے کی میت ہو +

پینس۔ (۱) پالکی۔ ایک قسم کا ڈولا (۲) ناک کی ایک بیماری کا نام +

ت

تا۔ ایک لفظ ہے جو بچے اپنی موجودگی یا آواز جتانے کے لئے ظاہر کرتے ہیں۔ جیسے بھابی آتاں تا +

تابڑتوڑ۔ متواتر۔ سلسلہ وار۔ پے در پے۔ جیسے حیدری ایک تو دھان پان تھی۔ دوسرے تابڑتوڑ چار بچے ہو جانے سے اور لٹ گئی +

تاجو۔ (۱) ایک گنواری برادر کُش بہن کا نام۔ وہ عورت جو بھائی کے ساتھ بدسلوکی کرے۔ برادر کُش۔ کٹر۔ ظالم۔ بیدرد۔ بے رحم عورت۔ جیسے تاجو بہن یا تاجو ماں وغیرہ۔ بھائی تمہاری بہن تاجو بہن سے کم نہیں۔ اُس نے سب کا حق مار لیا۔ اور ابھی تک کچھ نہ کچھ ستائے جاتی ہے +

تار۔ (۱) تاگہ۔ دھاگا۔ ڈورا۔ (۲) کسی دھات کا بارے میں کھنچا ہوا ڈورا (۳) قطار۔ سلسلہ۔ لگا (۴) ریزہ۔ پارہ (۵) قوام کا چیپ یا لزوجت جو پختگی کی علامت ہے۔ (۶) ٹیلیگراف۔ تار برقی۔ وہ خبر جو برقی تار کے وسیلہ سے آئے (۷) چھلّہ۔ انگوٹھی یا زیور کا کوئی حصّہ (۸) باولہ +

تار باندھنا۔ سلسلہ باندھنا۔ کسی کام کا علی الاتّصال اور متواتر کرنا +

تار بندھنا۔ (۱) سلسلہ بندھنا۔ تسلسل ہونا۔ کسی کام کا متواتر اور متّصل وقوع میں آنا (۲) قوام کا چیپ دار ہونا +

تار تار۔ (۱) ٹکڑے ٹکڑے۔ جھیر جھیر۔ دھجّی دھجّی۔ ایک ایک تار جدا (۲) نہایت پھٹا ہوا کپڑا۔ بُور بُور جھُونا۔ (۳) تمام زیور جیسے تار تار گروی پڑا ہے +

تار تار کرنا۔ دھجّی دھجّی کرنا۔ جھیر جھیر کرنا۔ لیر لیر کرنا + کپڑا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا +

تار تار ہونا۔ (۱) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ ایک ایک تار الگ ہونا۔ (۲) بُور بُور ہونا۔ دھجّی دھجّی ہونا +

تار اسی آنکھیں ہو جانا۔ آنکھوں کا آشوب سے صاف و پاک ہو جانا۔ بتاسی آنکھیں ہو جانا +

تار نرڑنگا۔ جھرجھرا۔ جھُونا۔ تار تار الگ۔ نہایت پتیل دور دور بناوٹ کا +

تاروں بھری رات۔ شب بے کدورت وہ اندھیری رات جس میں آسمان صاف اور ستارے بخوبی کھلے ہوئے ہوں۔ (جب رات کی شہادت دیتے ہیں۔ تو بطور قسم یہ جملہ زبان پر لاتے ہیں) +

تاروں کی چھاؤں۔ (۱) روشنی ستارگان۔ ستاروں کی چاندنی + آخر شب۔ پچھلی رات۔ صبح کاذب۔ گفتا۔ طلوع ہونے سے پہلے کا وقت (۲) نُور کا ترڑکا۔ بہت سویرا +

پیٹ

پیٹنا - رونا۔ دُکھڑا بھرنا۔ جیسے وہ تو خاندانی شرافت کو پیٹ رہی ہے۔ یعنی خاندانی عزّت کے پیچھے مصیبت بھر رہی ہے۔ خاندان پر مٹ رہی ہے +

پیٹھ پر کا - (۱) اُوپر کا۔ بعد کا۔ وہ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہوا ہو (۲) چھوٹا بھائی +

پیٹھ چارپائی سے لگ جانا - صاحبِ فراش ہونا چارپائی پر پڑے پڑے پیٹھ تھک جانا۔ بیماری کے باعث ناتواں ہو کر چارپائی سے نہ اُٹھ سکنا۔ طاقتِ نشست و برخاست نہ رہنا +

پیٹھ دِکھا کر جانا - پیٹھ موڑ کر جانا۔ رخصت ہو کر مُنہ موڑنا۔ رُخصت ہو کر چلنا۔ جاتے وقت مُنہ موڑنا۔ سفر کو روانہ ہونا +

پیچھا پکڑنا - (۱) سر ہونا۔ آزار کے درپے ہونا۔ ستانا۔ (۲) ہر وقت ساتھ رہنا۔ پچھالہ بننا۔ دُنبالہ ہونا۔ ہمزاد بن جانا +

پیچھا لینا - (۱) تعاقُب کرنا۔ (۲) سر ہونا۔ درپے ہونا۔ (۳) ستانا۔ دِق کرنا +

پیچھے پڑنا - (۱) سر ہونا۔ درپے ہونا۔ لپٹنا (۲) دق کرنا۔ ستانا۔ درپے آزار ہونا (۳) دشمنی کرنا۔ عداوت کرنا۔ (۴) درپے تضحیک ہونا۔ رُسوائی چاہنا۔ (۵) بار بار مانگنا +

پیر پھیرنے جانا - دیکھو (پاؤں پھیرنے جانا) +

پیروں کی مہندی چھوٹنا - کچھ نقصان یا ہرج ہونا۔ ذات میں فرق آنا۔ شان میں بٹہ پڑنا۔ جیسے پاس تو آئیں بیٹھیں۔ یہاں بھی ہوتی جاتیں۔ تو کیا پیروں کی مہندی چھوٹ جاتی +

پیس

پیز - (۱) ضد۔ مخالفت۔ دشمنی۔ جیسے میری پیز سے یہ وہاں جاتا ہے +

پیز پڑ جانا - ضد ہو جانا۔ دشمنی پڑ جانا۔ مخالفت پر کمر باندھ لینا +

پیزار - (پاپوش + زار) جُوتی۔ کفشِ پا۔ جفتِ پا۔ پگ رکھی۔ پاپوش۔ نعلین +

پیزار سے - جُوتی سے۔ بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔ کیا پروا ہے +

پیزار مارنا - جُوتی مارنا۔ حقیر جاننا۔ اصل نہ سمجھنا۔ بے حقیقت سمجھنا۔ پروا نہ کرنا +

پیسا پیسا چپنی بھر اُٹھایا - (کہاوت) یعنی بہت سی محنت بھگت کر تھوڑا سا فائدہ اُٹھایا +

پیسا دُھو کر اُٹھانا - پیر یا دیوی دیوتا کے نام کا پیسا پاک صاف کر کے رکھنا۔ تاکہ مُراد پُوری ہونے پر تقسیم کر دیا جائے +

پیس مارنا - ستا مارنا۔ نہایت ستانا۔ از حد تکلیف پہنچانا دِق کرنا +

پیس مُوئی پکا مُوئی آئے کُوٹھے کھا گئے - (کہاوت) یعنی محنت کوئی کرے فایدہ کوئی اُٹھائے +

پیسے پر دَھر کر بوٹیاں اُڑانا - پرزے اُڑانا۔ قیمہ قیمہ کرنا۔ سخت جسمانی سزا دینا۔ کھال اُڑانا۔ خُوب پیٹنا +

پیسے پر دَھر کر بوٹیاں اُڑاؤں تو بھی آہ نہ آئے (کہاوت) یعنی سخت سے سخت سزا دینے پر بھی ترس نہ کھاؤں +

پیٹ

پیٹ کی دُکھیا۔ (۱) مریضِ شکم۔ وہ عورت جسے کھانا کم ہضم ہو۔ (۲) شکم بندہ۔ بسیار خوار۔ (۳) بھوکی مُفلس۔ قلّاش۔ (۴) نفس پرست نفس پرستی کی خاطر دُکھ سہنے والی۔ تن پرور +

پیٹ کی مار دینا۔ عداوتًا یا تنبیہًا کسی کو بھوکا مارنا۔ بُھوک کی سزا دینا +

پیٹ کی ہلکی۔ وُہ عورت جسے بات نہ پچے۔ اوچھی کم ظرف۔ تنک ظرف۔ راز نہ چھپا سکنے والی +

پیٹ ملوانا۔ پیٹ کی مالش کرانا۔ ناف ملے دُرست کرانا +

پیٹ میں آنت نہ مُنہ میں دانت۔ (کہاوت) (نہایت ضعیف کے حق میں بولتے ہیں) بوڑھیا۔ پھونس۔ پیرِ فرتوت +

پیٹ میں بل پڑنا۔ ہنسی کے باعث شکم میں شکن پڑنا۔ ہنستے ہنستے کمر کا دُہرا ہوجانا بہت ہنسنا +

پیٹ میں بیٹھنا۔ پیٹ میں گھسنا۔ بھید لینا۔ اپنے مطلب کے لئے کسی کو دُوست بنانا۔ یارانہ گانٹھنا۔ خوشامد کرکے دوست بنجانا۔ دوست بن کر مطلب نکالنا +

پیٹ میں پانوُں ہیں۔ (کہاوت) یعنی پیٹ میں عقل بھری ہوئی ہے +

پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا۔ (حقارتًا) نہایت کم خوراک ہونا۔ بن کھائے جینا۔ پھول سُونگ کر رہنا۔

پیٹ میں ڈاڑھی ہونا۔ حالتِ طفلی میں پیرانہ عقل کی باتیں کرنا + (عقلمند لڑکے کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی اس کے بڑے بُوڑھے ہونے کی حالت جو ریشِ سفید خیال کی جاتی ہے پیٹ کے اندر پوشیدہ ہے) +

پیٹ میں سے پاؤں نکالنا نئے نئے گُن سیکھنا + بدراہی اور بداطواری میں قدم رکھنے لگنا + بساط سے باہر پانوں رکھنے لگنا۔ اپنی حد سے بڑھنا +

پیٹ میں گھُسنا۔ دیکھو۔ (پیٹ میں بیٹھنا) +

پیٹ والی۔ (۱) حاملہ۔ دو جیا۔ زنِ باردار (۲) ہر ایک کھانے پینے کی چیز پر دل چلانے والی +

پیٹ پیٹ کر۔ (۱) مار مار کر۔ جیسے پیٹ پیٹ کر سُجا دینا۔ (۲) اپنے آپ کو ضرب لگانا۔ جیسے پیٹ پیٹ کر اپنا خُون کر دیا (۳) جھینک جھینک کر۔ دِق کرکے۔ رُلا رُلا کے بمشکل تمام جیسے اُس کا خاوند پیٹ پیٹ کر روٹی دیتا ہے +

پیٹک پیّا۔ (۱) نوحہ۔ ماتم۔ کہرام۔ رونا پیٹنا۔ (۲) جھگڑا۔ فتنہ +

پیٹک پیّا ڈالنا۔ (۱) رونا پیٹنا ڈالنا۔ کہرام مچانا۔ ماتم ڈالنا۔ (۲) جھگڑا اُٹھانا۔ فتنہ برپا کرنا۔ ہنگامہ برپا کرنا +

پیٹ

بولتے ہیں۔ جیسے پیٹ بُری بلا ہے (۱۱) طمع۔
لوبھ۔ ہوس۔ (۱۲) خوراک۔ خواہشِ معدہ (۱۳)
وہ گھی کی مقدار جو مٹھائی کی خشکی کے لئے اُس کے
خشک میدہ میں دیجائے جیسے آدھ سیر پیٹ کی
بالُوشاہی +

پیٹ بھر کر۔ یا بھر کے (۱) خوبی۔ خاطر خواہ + ازحد
جیسے پیٹ بھر کر احمق یا جُھوٹا۔ (۲) سیر ہو کر
اگھا کر۔ رچ کر +

پیٹ پانی ہونا۔ (ہندو) دست آنا۔ بدہضمی ہونا۔
تخمہ ہونا۔ +

پیٹ پکڑے یا تھامے پھرنا۔ (۱) مضطرب الحال
پھرنا۔ بے قرار اور پریشان ہونا۔ (۲) دیوانہ وار
پھرنا۔ (۳) آپے میں نہ رہنا + بیخود ہونا +

پیٹ ٹھنڈا رہنا۔ اولاد سے خوش رہنا۔ بچوں کا
سُکھ دیکھنا۔ اولاد کا زندہ و قائم رہنا +

پیٹ جلنا۔ بخار میں تپنا۔ حرارت ہونا۔ تبخیر ہونا +

پیٹ چُوری۔ وہ عورت جس کا حمل اچھی طرح سے
نہ پہچانا جائے۔ +

پیٹ چُھٹنا۔ (۱) پیٹ صاف ہونا۔ دست
آنا۔ (۲) پیٹ کی مُٹائی یا اُبھار کا کم ہونا +
جھکنا۔ دُبلا ہونا (۲) نفاس کا بخوبی ظاہر ہونا۔ زچہ کی پیٹ کی
آلائش نکلنا +

پیٹ

پیٹ چُھوٹنا۔ دست جاری ہونا۔ سنگرہنی ہونا +

پیٹ دکھانا۔ (۱) افلاس اور گُرسنگی کی شکایت
کرنا۔ (۲) دائی سے حمل کی شناخت کرانا +

پیٹ سے باہر پاؤں نکالنا
پیٹ سے پاؤں نکالنا } اوگن دکھانا۔ اپنی چھپی ہوئی
خباثتِ طبع کو ظاہر کرنا + بدراہ ہونا۔ سیدھے
آدمی کا ناشایستہ کام کرنے لگنا + اپنی والی پر
آنا۔ بدی پر آنا +

پیٹ کا پانی نہ ہلنا۔ بے تکان جانا۔ سواری
میں جنبش اور تکلیف نہ ہونا + (سواری کی تعریف
میں بولتے ہیں) +

پیٹ کاٹنا۔ (۱) اپنی خوراک سے بچانا۔ معمولی
خوراک سے کم کھانا۔ کم کھا کر گزر کرنا۔ (۲) خوراک
سے کم دینا۔ بھوکا مارنا۔ معمولی خوراک سے
کم کھلانا +

پیٹ کی آگ۔ (۱) اُلفتِ مادری۔ ماں کی ممتا۔
پیٹ میں رکھنے کی محبت (۲) اولاد۔ بال بچے۔
(۳) بھوک۔ اشتہا +

پیٹ کے بال۔ وہ بال جو بچے کے سر و جسم پر
حمل کے اندر ہی نکل آتے ہیں۔ وہ بال جو بچہ ساتھ
لے کر پیدا ہوتا ہے +

پھو

سرسبز اور بار آور ہونا. بارور ہونا (۲ مجازی) آسودہ و خوشحال ہونا۔ دولتمند اور صاحبِ اولاد ہونا۔ آل اولاد بڑھنا۔ (۳) بامراد ہونا۔ مُراد مند ہونا +

پھُولی پَھلے ۔ (دعا) سرسبز و شاداب ہو۔ خوش و خرم اور بااولاد ہو +

پُھوں پَھاں ۔ فُوں فاں۔ شُوں شاں۔ اکڑ فُوں +

پھولسَڑا ۔ (دیکھو پھوسڑا) +

پھُونک پھُونک کر پاؤں رکھنا | پھُونک پھُونک کر قدم رکھنا (۱) ہر قدم پر اللہ و بسم اللہ پڑھکر دم کرتے جانا۔ (۲) کمال احتیاط سے چلنا۔ آہستہ آہستہ قدم رکھنا۔ (۳) بچ بچ کر کوئی کام کرنا۔ ڈرتے ڈرتے کچھ کرنا۔ خائف رہنا + سنبھل کر چلنا +

پھُوہَڑ یا پھُوہَڑ ۔ (۱) سُگھڑ کے خلاف۔ بے سلیقہ (۲) بدتہذیب۔ ناشایستہ + بے تمیز۔ گھامڑ + (۳) بے وقوف۔ گدھی۔ گدھیڑی ۔ (۴) بے ہُنر وہ عورت جس کے ہاتھ میں کوئی ہُنر نہو۔ (۵) وہ عورت جو خانہ داری کے معاملات کی عقل نہ رکھے (۶) ناتعلیم یافتہ۔ غیر مہذّب + (پھوہڑ کا لفظ مرد اور عورت دونوں کیواسطے مستعمل ہو۔ مگر عورت کے لئے زیادہ بولتے ہیں) +

پھُوہَڑپن یا پھُوہَڑپنا ۔ (۱) بدسلیقگی۔ ناشایستگی۔

پیٹ

(۲) بے ہُنری۔ (۳) بے وقُوفی۔ نادانی +

پھِپڑی بندھنا ۔ پیاس کی ماری ہونٹوں کا خشک ہوجانا۔ ازحد پیاس لگنا۔ دل کی گرمی سے لبوں کا خشک ہوجانا۔ ہونٹوں پر خشکی سے پپڑی آجانا +

پی ۔ (گیتوں میں) (۱) پیا۔ خاوند۔ شوہر۔ خصم۔ سائیں۔ وارث + سوامی۔ (۲) پریتم۔ پیارا۔ عزیز +

پیا ۔ (گیتوں میں) دیکھو پی۔ +

پیَارا ۔ (۱) عزیز۔ محبُوب۔ لاڈلا۔ چاہیتا (۲) دل پسند (۳) دوست۔ مُحب۔ ہِمت۔ (۴) یگانہ۔ پاس کے رشتہ کا جیسے اپنے پیاروں کو رووے۔ (۵) وہ شخص یا بچّہ جسپر پیار آئے۔ (۶) سُندر۔ بھلا خُوبصُورت۔ عُمدہ۔ سہاونا۔ (۷) قابل قدر +

پیارُوں پِیٹی ۔ وہ عورت جس کے عزیز مر گئے ہوں۔ نگوڑی ناٹھی۔ بن بھائی اور بہن کی + (بطور بددُعا مستعمل ہے) +

پیٹ ۔ (۱) شکم۔ بطن۔ اوجھر (۲) رحم۔ بچّہ دان۔ کوک۔ (۳) معدہ۔ اوجھ۔ کھانا ٹھیرنے اور ہضم ہونیکی جگہ (۴) حمل۔ گربھ جیسے دائی سے پیٹ نہیں چھپتا۔ (۵) خلا۔ جوف (۶) گنجائش۔ سمائی (۷) حوصلہ۔ ظرف۔ پوٹا (۸) اندرون۔ بھیتر۔ باطن (۹) راز۔ بھید۔ (۱۰) بھُوک کے موقعہ پر بھی

پھو

(۲) از رُوئے اِنکسار۔ بچہ لڑکا۔ اولاد جیسے خدا نے دو پھُوسڑے دیئے تھے وہ بھی اُٹھا لئے +

پھُول - (۱) گل۔ پُشپ (۲) پتنگا۔ شرارہ۔ (۳) نقش و نگار۔ گُلکاری۔ (۴) ہندوؤں کے مردے کی ہڈیاں جو جل جانے کے بعد پُنکر گنگا جی میں بہانے کے واسطے بھیجی جاتی ہیں (۵) ایک قسم کی مرکّب دھات جو سفید ہوتی ہے۔ کاسہ۔ کانسی (۶) اوّل دفعہ کا خُونِ حیض۔ (۷) فاتحہ سویم۔ تیجا۔ (۸) کوڑھ کے سفید دھبّے۔ برص (۹) سوکھے ہوئے ساگ یا کھانے کے تمباکو یعنی زردہ وغیرہ کے پتّے۔ جیسے میتھی کے دو پھُول دینا۔ میں تو زردی کے دو ہی پھُول کھاتی ہوں (۱۰) ہلکا۔ پھلکا۔ سُبک۔ نہایت کم وزن (۱۱) کسی پتلی چیز کے جما کر سُکھائے ہوئے ورق جیسے دیسی سیاہی کے پھول +

پھُول آنا - (۱) درخت میں گُل آنا۔ گل لگنا۔ (۲) موسم بہار آنا۔ (۳) کپڑوں سے ہونا۔ ایّام آنا۔ حیض آنا +

پھُول پان - نازک۔ لطیفُ الطّبع۔ نازک اندام جیسے بچّے تو پہلے ہی پھُول پان ہوتے ہیں اُنہیں جیٹھ بیساکھ میں گرم پوشاک کی تاب کہاں +

پھُول سُونگھ کے رہنا - بہت کم کھانا۔ صرف پھول کی خوشبو پر رہنا۔ ذرا سا کھا کر زندگی

پھو

بسر کرنا۔ (یہ محاورہ طنزاً بولتے ہیں۔ جو تیتری کے پھول سُونگھ کر رہنے سے تعلق رکھتا ہے)

پھُول کِھلنا - (۱) گُل کا شگفتہ ہونا۔ (۲) سہرے کے لئے پھُول کا شگفتہ ہونا۔ بیاہ ہونا۔ شادی ہونا۔ کتخدا ہونا۔ باہم عقد و مناکحت ہونا۔ ناکتخدا عورت کا بیاہا جانا جیسے دیکھئے اِس خوش نصیب لڑکی کے کب پھُول کھلتے ہیں +

پھُول نہیں پنکھڑی سہی - (کہاوت) بہت نہیں تھوڑا ہی سہی +

پھُول ہونا - فاتحہ سویم کی رسُوم کا ادا ہونا تیجا ہونا۔ (یہ رسم ہندوؤں سے لی گئی ہے۔ اور اِس کا نام پھُول ہونا۔ جلال الدّین اکبر کے اُن ضوابط سے متعلق ہے۔ جو اُنہوں نے ہندوؤں اور مُسلمانوں میں باہم میل جول بڑھانے کی غرض سے مقرّر فرمائے تھے۔ چونکہ ہندوؤں میں تیجے کے روز مُردے کے پھول یعنی ہڈّیاں چُنی جاتی ہیں۔ اُنہوں نے اُس کی بجائے مسلمانوں میں یہ رواج دیا۔ کہ اُس روز چنوں[1] وغیرہ کے ساتھ کچھ پھُول اور ارگجہ بھی شامل ہو۔ اور وہ پھول سورۂ فاتحہ پڑھ کر ہر ایک حاضرِ مجلس اُس ارگجے کے پیالی میں ڈالے اور وہ سب مردے کی قبر پر پہنچا دئے جائیں۔ +

پھُولنا پھلنا - لغوی معنی پھُول کر پھل آنا۔ درخت کا

[1] چونکہ سوا لاکھ مرتبہ کلمہ پڑھ کر مردے کی ارواح کو ثواب پہنچانے سے متوفّی بخشا جاتا ہے اِس لحاظ سے سوا بارہ سیر چنے فاتحہ سوم کے روز کلمہ پڑھنے کے واسطے مقرر کیے گئے۔ جن کی تعداد سوا لاکھ سے کم نہیں ہوتی +

پھٹ

کیوڑے کی پھٹکار ہے (۴) سراپ۔ بددُعا۔+

پھٹکار برسنا۔ اُداسی اور بے رونقی ہونا۔ لعنت برسنا۔ چہرہ کا نُور نہ رہنا+

پھٹکار لگنا۔ بددُعا لگنا۔ سراپ لگنا۔ دھتکار پڑنا+

پھٹکا نہ کھانا۔ چٹ پٹ مرجانا۔ تڑپنے تک کی نوبت نہ ملنا۔ چٹ پٹ ہوجانا+

پھٹّے سی مُنّہ یا پھٹّے منہ۔ (کلمۂ نفریں) لعنت ہے۔ تُف ہے۔ زُورشنا ہے +

پھڑکانا۔ مُضطرب کرنا۔ تُٹانا۔ بیتاب کرنا۔ بےچین کرنا۔ بیقرار کرنا۔ (۲) ملنے ندینا۔ صُورت دیکھنے ندینا جیسے باپ نے بچّہ کو لیجاکر ماں کو صورت دیکھنے سے پھڑکا رکھا ہے (۳) ترسانا۔ بھوک پیاس سے ترسانا جیسے حکیم جی نے زچّہ کو پانی سے پھڑکا رکھا ہے۔ (۴) کبوتر بازوں کی اِصطلاح میں کبوتر کو صیدی یا کسی غیر کے مکان پر سے پکڑ کر اِس طرح جھڑ جھڑا دینا تاکہ دوبارہ اُس جگہ نہ آئے +

پھڑکن کی اولاد۔ نہایت تمنّا اور آرزو کی اولاد۔ ناک رگڑے کی اولاد+

پھوٹ۔ بگاؤ۔ جھول۔ دگرگر۔ پِچّے پھٹّے منہ۔ لعنت ہے جب کوئی شخص کسی بات کا خلافِ طبع یا ناموزوں جواب دیتا ہے تو ازروے تنفّر اُسکے جواب میں یہ لفظ زباں

پھو

آتا ہے+

پھوٹ پڑنا۔ (۱) نفاق ہونا۔ نااتّفاقی ہونا۔ دلوں میں فرق پڑنا۔ (۲) اختلاف رائے و مخالفت ہونا+ دُشمنی ہونا۔ عداوت ہونا+ جُدائی ہونا۔ علیحدگی ہونا۔ (۳) رو دینا۔ رو پڑنا۔ رونے لگنا (۴) پھوڑے پھُنسی یا زخم کا جاری ہوجانا+

پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ زار زار رونا۔ زار و قطار رونا۔ آٹھ آٹھ آنسو رونا+ بھُور بھُور کر رونا

پھوٹ کر رونا۔ بے اختیار رونا۔ زار و قطار رونا۔ ازحد رونا+

پھوٹی آنکھ کا تارا۔ کئی بیٹوں میں ایک بیٹا جو زندہ رہا ہو+ نہایت عزیز+

پھوٹی آنکھ کا دیدہ۔ کئی بچّوں میں ایک اللہ آمین کا بچّہ جو زندہ رہا ہو۔+ نہایت عزیز+

پھوٹی کوڑی۔ ادنیٰ سے ادنیٰ رقم جیسے اسکے پاس تو پھوٹی کوڑی بھی نہیں+

پھوٹے مُنّہ سے۔ ٹوٹے مُنّہ سے۔ حقارتاً بُرے مُنّہ سے ناکارہ اور ناقابلِ گفتگو منہ سے+

پھوٹی نظروں یا پھوٹی دیدوں نہ بھانا۔ ذرا نہ بھانا۔ بالکل نہ سُہانا۔ پسند نہ آنا۔

پھوشڑا۔ (۱) ریشم یا کپڑے وغیرہ کا ریشہ۔ تُس۔

پور

پُورا پڑنا۔ کافی ہونا۔ کفایت کرنا۔ مُکتفی ہونا + بخوبی گزارا ہونا۔ فراغت سے گزرنا +

پُورا اُتارنا۔ انجام کو پہنچانا + نباہنا۔ گزارا کرنا + کمی پُوری کرنا +

پُوری پڑنا۔ دیکھو۔ (پُورا پڑنا) +

پُورے دِنوں سے ہونا } حمل کا نواں مہینا
یا پُورے دِنوں ہونا } ہونا۔ نو مہینے کا
حمل ہونا۔ جننے کو ہونا +

پُوری نہ پڑنا۔ گزارہ نہ ہونا۔ کفایت نہ کرنا۔ کافی نہ ہونا + جیسے بال بچے دار کی پندرہ روپے میں پُوری نہیں پڑتی +

پھاپا کُٹنی۔ یا پھاپھا کُٹنی۔ (۱) مکّارہ۔ عیّارہ (۲) دلّالہ۔ فرہادنش چالاک کٹنی۔ (۳) مکّارہ عورت۔ عیّار عورت۔ وہ نہایت بڑھیا عورت جو بڑھاپے کے سبب پھاپھا کرکے بولتی ہو۔ پھپھڑ دلالے کرنے والی عورت (۴) آسمان میں تھگلی لگانے والی +

پھبن۔ زیبائش۔ سوبھا۔ سجاوٹ۔ آرائش۔ موزُونیت

پَھَپَٹ۔ (۱) مکر۔ فریب۔ چھل (۲) فتنہ و فساد (۳) غُل شور +

پَھَپَٹ باز۔ مکّار۔ فریبی۔ بھگلیا + فتنہ انگیز۔ فسادی جیسے یہ سارا جھگڑا اُسی پھپٹ باز کا اُٹھایا ہوا ہے +

پَھَپَٹ بازی۔ مکّاری۔ دغابازی۔ فتنہ انگیزی۔

پھٹ

کیّادی + عیّاری۔ چالاکی +

پَھَپَٹ ہائی۔ مکّارہ عورت۔ فیلہائی۔ فیلباز۔ جھگڑالُو عورت۔ بات بڑھا کر بیان کرنے والی عورت +

پَھَپَھڑ دَلالے۔ جُھوٹی خوشامد کی باتیں مکّارہ پن مکّاروں کی سی باتیں جیسے تم کہتی ہو گی کہ خالہ کے سب پھپھڑ دلالے تھے مگر بیٹی خدا گواہ ہو جیسی جیسی اُسکو تڑپی ہوں +

پھپھوندی لگی۔ وُہ عورت جسکے دانتوں پر بہت سا مَیل جما رہتا ہو۔ مَیلی کُچیلی +

پُھپّھی۔ باپ کی بہن۔ بُوا۔ خواہر پدر +

پُھپھیا ساس۔ خُسر کی بہن۔ پھوپس +

پُھپھیا سُسَر }
پُھپھیا سُسرا } سُسرے کی بہن کا خاوند +

پھٹ۔ کلمۂ نفریں۔ لعنت۔ تُف۔ دِھرکار +

پُھٹّا پڑنا۔ نہایت موٹا ہونا۔ فربہی کے باعث جسم کا بے قابُو ہونا +

پھٹ پڑنا۔ (۱) شدّت سے موٹا ہونا۔ دفعتہً فربہ ہونا۔ جلد موٹا ہونا۔ (۲) کثرت سے کسی بات کا ہونا۔ شدّت سے ہونا۔ جیسے حُسن پھٹ پڑا +

پھٹکار۔ (۱) دِھرکار۔ لعنت۔ ملامت۔ دھتکار۔ دُر دُر۔ (۲) چاشنی۔ آمیزش جیسے اِس پانی میں

پنج

پنجتن - (۱) رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم - حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت فاطمہ علیہا السلام - حسنین پاک یعنی حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؓ رضی اللہ عنہما سے مراد ہے +

پنجوں کے بل چلنا - زمین پر پاؤں نہ رکھنا - زمین سے اُدھر چلنا + اترا کر چلنا - مغرورانہ قدم رکھنا + غرور کرنا + تکبر کرنا +

پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا، یا چمٹنا - کسی کام میں ہمہ تن مصروف ہونا - ساری کام چھوڑ کر کسی خاص بات کے سر ہو جانا - نہایت مستعد ہو کر کسی ایک کام کو لپٹنا - یہاں تک کہ اُس سے پیچھا چھڑانا مشکل پڑ جائے +

پنجیری - (۱) ایک قسم کی شیرینی کا نام جو اکثر نو ماسہ کی تقریب میں تقسیم ہوتی - یا شب زفاف کے بعد دولہن کے میکے سے آتی ہے - یہ شیرینی اس طرح سے بنائی جاتی ہے کہ پہلے رَوے یعنی سوجی کو گھی میں بھون کر نکال لیتے ہیں - پھر ٹھنڈا ہو جانے کے بعد اوپر سے کھانڈ - پسی ہوئی سونٹھ - چھوارے اور گھی میں بھُنے ہوئے گوند کھانے ملا دیتے ہیں - چنانچہ ان پانچوں چیزوں کے نام سے پنجیری اس کا نام پڑ گیا ہے +

پنچ مل خدا، جدا مل نہ پنچ - (کہاوت) یعنی پنچوں کی صلاح ہدایت خدا ہے +

پنچ مل کیجے کاج ہارے جیتے آئے نہ لاج - (کہاوت) یعنی پنچوں کی صلاح سے کوئی کام کرنا ہارنے اور جیتنے میں شرمندہ نہیں کراتا +

پوت

پنڈ - (۱) جسم - بدن - انگ - دیہہ (۲) پھنڈ - تھوا +

پنڈ چھوڑنا - سر رہنا، پیچھا چھوڑنا - جدائی اختیار نہ کرنا +

پنڈا - جسم - تن - بدن - جسد - دیہہ - دیہی +

پنڈا پھیکا ہونا - ہلکا سا بخار ہونا - جی اَنمنا ہونا - کسلمند ہونا +

پنڈا دھونا - نہانا - غسل کرنا - جسم پر پانی ڈالنا - اشنان کرنا +

پو پھٹنا - صبح صادق ہونا - صبح کی سفیدی کا نمایاں ہونا - تڑکا ہونا - بھور ہونا +

پوت پورا کرنا - پوتھوں کے ہار کو پورا پرونا + کمی کو پورا کرنا - پورا ڈالنا + جوں توں کرکے کسی کام کو انجام پر پہنچانا +

پوت پورا ہونا - جوں توں کرکے کوئی کام انجام کو پہنچانا - کمی پوری ہو جانا +

پوت - پوتا کا مخفف - نبیرہ - بیٹے کا بیٹا +

پوت بہو - پوتے کی جورو (بیٹے کے بیٹے کی بیوی) +

پوت - بیٹا - فرزند - پتر +

پوت تھیگڑنی کا چال چلے اَدھیوں کی - (کہاوت) یعنی حالت غریبانہ وضع امیرانہ - غریب ہو کر امیرانہ عادت اختیار کرنا +

پوت کے پاؤں پالنے میں دیکھے جاتے ہیں - (کہاوت) یعنی بھلے برے آثار بچپن ہی میں معلوم ہو جاتے ہیں +

پسی

بیماری جو خللِ دماغ سے اکثر بچوں کو ہو جاتی ہے +

پسینے پسینے ہونا - (۱) عرق عرق ہونا - آب آب ہونا پسینوں میں ڈوبنا - پسینوں میں نہانا - (۲) از حد محنت یا گرمی کے باعث پسینوں میں شور بور ہونا - (۳) نہایت شرمندہ منفعل اور خجل ہونا +

پکّا پان - اوّل معلوم - دوم عمر رسیدہ پختہ - نہایت بوڑھا جسکی مرنے کے دن قریب ہوں - اور زندگانی کا بھروسہ نہو -

پکوان - تلی ہوئی چیز - پوری کچوری مٹھائی وغیرہ + کڑھائی

پکھر وٹا - چاندی یا سونے کا ورق جو پان کے بیڑے پر لپیٹ دیتے ہیں - نیز وہ گلوری جس پر یہ ورق لگا یا جائے +

پکّی پکائی کھانا - بیفکری سے گزر اوقات کرنا بلا محنت و مشقّت پیٹ بھرنا جیسے یہ آپ ہی کا صدقہ ہے کہ ہم پکّی پکائی روٹی کھاتے ہیں +

پکّی پیسی - پختہ کار عورت - تجربہ کار عورت - بڑی ہوشیار عورت +

پگڑی والا - چیرے والا - طبیب حکیم ڈاکٹر - بید (بیگمات تلعہ) (چونکہ عورتیں صبح کو یا رات کے وقت حکیم کا نام لینا منحوس خیال کرتی ہیں اسوجہ سے ان وقتوں میں پگڑی والا یا چیرے والا کہتی ہیں)

پل پڑنا - ایک دفعہ ہی چڑھ جانا - دفعتًہ پیٹ

پلی

پر جھک پڑنا - (۲) دھاوا کرنا - چڑھائی کرنا - (۳) حربہ کرنا - حملہ کرنا - حملہ آور ہونا +

پلپلی ٹھیکری - اندامِ نہانی - بدن - فرج - ناف سے نیچے کا حصّہ +

پلنگ - بڑی چارپائی - اونچی چارپائی - ماچہ -

پلنگ پر بٹھا کر روٹی دینا نہایت آسائش و آرام سے نان و نفقہ دینا - بغیر خدمت لئے سلوک کرنا بیٹھی روٹی دینا +

پلنگ پر بٹھانا - نہایت آرام دینا - سُکھ دینا کام کاج سے بچانا - آقا بنا کر بٹھانا جیسے سُسرال کا سارا کام دھندا سنبھال ساس سسروں کو پلنگ پر بٹھا دیا +

پلنگ گولات مار کر کھڑا ہونا - (۱) جن کر فارغ ہونا - بچہ جن کر صحیح سلامت کھڑا ہونا - (۲) بیماری سے اُٹھنا - دُکھ سے نجات پانا +

پلّے بندھنا - (۱) عقد میں آنا - (۲) ذمّہ پڑنا - سر پڑنا وابستہ ہونا +

پلیتہ - (صحیح فتیلہ) بتّی - فتیلہ - موٹی بتّی - بٹا ہوا کاغذ یا کپڑا (۲) وہ تعویذ جو دھونی دینے کے واسطے سیانے لوگ بتّی بنا کر دیتے ہیں - (۳) ایک خاص قسم کے کپڑے کی بتّی جو بنجیوں پر جلاتے ہیں +

پیام

واسطے اُس کے گھر جانا +

پُرسہ دینا - (۱) موت کی عُذر خواہی کرنا - ماتم پُرسی کرنا - میّت کے وارثوں کو دلاسا دینا - میّت والی کی عورتوں کے ساتھ بیٹھکر میّت پر رونا - (۲) ہندو[1] موت کی خبر دینا - ہکّل نائی کا گھر گھر پکارنا +

پُرسہ لینا - مُنہ ڈھانکنا - عُذر خواہی قُبول کرنا - جو شخص ماتم پُرسی کرنے آئے - اُس کے ساتھ اہلِ میّت کا مُنہ ڈھانک کر رونا - صبر و تسلّی کی باتیں سُننا + (عورتوں میں دستور ہے - کہ جب کوئی ماتم پُرسی کو آتا ہے تو پہلے اہلِ خانہ اپنا مُنہ ڈھانک کر رونے بیٹھتی ہے پھر اُسکے ساتھ اور عورتیں بھی رونے لگتی ہیں - اہلِ میّت اِس رونے کے ساتھ میّت کا کچھ بیان بھی کرتی جاتی ہے)

پرمحلّہ - محلّہ غیر - اجنبی کوچہ +

پروان چڑھانا - کمال کو پہنچانا - کامیابی کرانا + عُمرِ طبعی کو پہنچانا - پال پوس کر بڑا کرنا + مُراد کو پہنچانا +

پروان چڑھنا - (۱) پُورا ہونا کمال کو پہنچنا - پرورش پاکر عمرِ طبعی کو پہنچنا - بڑا ہونا - (۲) کامیاب ہونا مُراد کو پہنچنا +

پروانہ - (۱) پتنگ - چراغ کا کیڑا (۲) عاشق - فریفتہ مفتوں جیسے یہ اُسی بہن کے لال ہیں جو ہمتک جی

بسل

تمپر پروانہ رہی (۳) حکمنامہ - سرکاری حکم +

پرونا - (۱) موتی یا کسی چیز کے سوراخ میں تاگہ ڈالنا چھید میں دھاگہ ڈالنا جیسے موتی پرونا (۲) دل میں ڈالنا - دل میں بٹھانا (۳) غمّازی کرنا + بدی کانوں میں ڈالنا - بدگوئی کرنا - جیسے اِسکی تو یہی عادت ہے میری سنی تم سے پروری تمہاری سنی مجھسے آن جڑی +

پڑ مرنا - مرتے دم تک ساتھ نہ چھوڑنا - اِس طرح رہنا کہ مر کر نکلنا - راہ پڑنا +

پڑوسن (زن) ہمسایہ - ہمسائی - برابر کے گھر میں رہنے والی پاس کے گھر میں رہنے والی +

پُڑیاں - (۱) پُڑیا کی جمع - (۲) پریوں کی نیاز کی پُڑیاں جو دو قسم کی ہوتی ہیں - یعنی ایک تو وہ کہ شیرینی پر چہل بی بی کی نیاز دلاکر تقسیم کر دیتی ہیں دوسرے سینڈور اور عبیر کی پُڑیاں جو پریوں یا چہل بی بی کے نام پر فاتحہ کی بجائے اُڑائی جاتی ہیں +

پُڑیاں اُڑانا - یا پُڑیاں چھوڑنا } چہل بی بی یا پریوں کی نیاز دلواکر عبیر اور سینڈور کی پُڑیاں ہوا میں اُڑانا +

پسلی پھڑکنا - کسی بات کی خبر ہو جانا - غیبت میں کسی شخص کا حال معلوم ہو جانا +

پسلی کا آزار - یا دُکھ یا عارضہ - مسان کی

[1] جو نائی کسی کے مرنے کی آواز لگاتا ہے - اُسے پنجاب میں ہکّل کہتے ہیں -

پرچ

پیار کرنا۔ (۲) حمایت۔ حامی۔ پُشتی۔ طرفداری۔ مدد۔ کُمک۔ جانبداری۔ (۳) اشارہ۔ اجازت ایما

پُرچک پانا۔ حمایت پانا۔ اشارہ پانا +

پُرچک دینا۔ حمایت کرنا۔ ایسی باتیں کرنا جن سے لڑکوں کو کسی بُرے کام کے کرنے کی اور حمایت ہو +

پُرچک لینا۔ حمایت لینا۔ پُشتی لینا +

پرچھاواں یا پرچھانواں (۱) عکس۔ سایہ۔ چھانو۔ ظِل۔ پرتو۔ پرچھائیں (۲) اثر۔ عادت + دُوسرے کی عادت یا ڈھنگ +

پرچھاواں پڑنا۔ (۱) سایہ پڑنا۔ (۲) اثر ہونا۔ کسی کی عادت یا ڈھنگ اختیار کرنا +

پرچھاواں ڈالنا۔ سایہ ڈالنا۔ ہمتا بنانا۔ ہمسر بنانا۔ ہم سلیقہ بنانا جیسے خدا کُل جہان کی صاحبزادیوں پر اس کا پرچھاواں ڈالے +

پرچھائیں سے ڈرنا۔ یا پرچھائیں سے بھاگنا (۱) کسی کے سایہ سے بھاگنا (۲) نہایت ڈرنا۔ ازحد خوف کرنا۔ (۳) نہایت متنفر ہونا۔ ازحد نفرت کرنا۔ کسی سے دُور بھاگنا۔ پاس نہ پھٹکنا +

پردہ۔ (۱) اوٹ۔ حجاب (۲) انگرکھے کا سینہ (۳) طبقہ کان اور آنکھ کی جھلی +

پردہ ڈھانکنا۔ (۱) عیب چھپانا۔ عیب پوشی کرنا (۲) دُنیا سے اُٹھانا۔ دُنیا سے رُوپوش کرنا۔ دُنیا سے ناپید کرنا۔ موت دینا +

پرس

پردہ لگنا۔ باہر پھرتے پھرتے آخر پر پردہ نشین ہونا۔ (طنزاً بولتے ہیں) +

پردہ ہوجانا۔ عورتوں کا ایک مکان سے دُوسرے مکان یا آڑ میں ہوجانا۔ یا مردوں کا ہٹ جانا +

پردہ ہے۔ آنے یا جانے کا موقع نہیں ہے چھپنے والی عورتیں بیٹھی ہیں۔ یا غیر مرد جس سے پردہ واجب ہے مکان میں بیٹھا ہے +

پردے بٹھانا یا بیٹھانا۔ باہر پھرنے والی عورت یا لڑکی کو پردہ نشین کرنا۔ چھپانا۔ نامحرموں سے علیحدہ رکھنا +

پردیسن۔ (۱) اجنبی عورت۔ غیر وطن کی عورت (۲) مُسافر۔ ایک جگہ نہ ٹکنے والی + پردیس میں رہنے والی۔ پردیس سے آئی ہوئی۔ جیسے پردیسن سے نہ لڑو وہ تو آج آئی کل چلی جائیگی +

پردے کی بُوبُو یا بی بی۔ پردہ نشین عورت۔ پردہ میں بیٹھنے والی۔ مخدرہ۔ نہایت چھپنے والی عورت + (اکثر طنزاً بولتے ہیں۔) +

پُرزہ۔ (۱) خط۔ چٹھی۔ کاغذ کا پرچہ جیسے اتنے دن ہوئے ذرا سا پُرزہ تک نہیں لکھا (۲) چالاک شخص جیسے وہ بڑا چلتا ہوا پُرزہ ہے۔ (۳) کترن۔ دھجی +

پُرسہ۔ (۱) ماتم پُرسی۔ عُذر خواہی۔ غمگساری۔ جزاک ہی تعزیت + میت کے وارثوں کو دلاسا دینے کے

پٹی پڑھانا۔ سبق دینا + ورغلانا۔ بہکانا۔ اُلٹا سبق
پڑھانا۔ دھوکا دینا۔ دم دینا +
پٹی تلے کا۔ (۱) ادنیٰ۔ حقیر۔ ذلیل۔ کم رتبہ۔ جیسے گیا۔
تیری پٹی تلے کی ہیں جو تُو اُنکا نام لیتا ہے خالہ امّاں
یا چچی امّاں نہیں کہا جاتا (۲) نہایت مقرّب۔ رفیق
ہمدم۔ دم کا ساتھی۔ مونس۔ سب سے زیادہ عزیز +
جیسے ایک تُو ہی تو پٹی تلے کا رہگیا ہو کہ سارا سودا
تجھ ہی کو کھلادُوں +
پٹی تلے کی۔ (بحالتِ تانیث) (دیکھو پٹی تلے کا) +
پٹیاں جمانا۔ بالوں کو سطح کی شکل میں ہاتھ کر ادھر اُدھر جمانا +
پجوڑا۔ پاجی کی تصغیر بالتحقیر۔ ارذل۔ کمینہ +
پجوڑی۔ پاجی عورت۔ کمینہ۔ ذلیل۔ خوار۔ فرومایہ عورت +
پچھاڑیں کھانا۔ پیٹھ کے بل گر پڑنا۔ لوٹنیاں کھانا۔
لوٹا لوٹا پھرنا۔ لوٹنیاں لینا۔ پٹخنیاں کھانا۔ زمین پر ماتم
کی حالت یا درد و غم میں بار بار اپنے تئیں دے دے مارنا۔
پچھل پائی۔ (۱) چڑیل۔ بھتنی (۲) جادوگرنی ساحرہ
ڈائن۔ (چونکہ جاہلوں کے خیال بموجب اُس کے
پنجے پیچھے اور ایڑیاں آگے ہوتی ہیں اس وجہ
سے یہ نام پڑگیا +)
پچھلی ٹکیا۔ وہ موٹی اور چھوٹی سی ٹکیا جو روٹی پکانے
کے بعد بچی ہوئی خشکی اور آٹے کی مروڑیوں کو

ملاکر پکا لیتے ہیں۔ عورتوں کا خیال ہے۔ کہ اس کے نہ
کھانے سے دیر میں عقل آتی ہے (کہاوت)
پچھلی ٹکیا کھائی۔ پچھلی عقل آئی +
پچھلے دن۔ زمانہ گزشتہ۔ ایّامِ سابقہ +
پچھلی رات۔ آدھی رات کے بعد کا وقت +
پچھتڑیاں۔ پکّی پکائی روٹیاں۔ جھارتا۔ روٹیاں۔
چپاتیاں + (جب ماما پچھتڑیاں کہیں گے۔ تو ان روٹیوں
سے مراد ہوگی۔ جو کھانا پکانے والی عورتیں اپنے
بچّوں کے واسطے امیروں کے گھر سے چُرا چُھپا کر
لے جاتی ہیں یعنی مُفت کی پکّی پکائی روٹیاں) +
پخنی۔ جھخنی۔ جھخ کرنے والی۔ جھخ جھخ کرنیوالی۔ بکواسن
بیہودہ گو۔ مغز چٹ جیسے ایسی پخنی کی کون مُنہ لگے +
پرایا سر دیوار کی جگہ۔ دُوسرے کے سر یا جسم کو جسم
نہ سمجھکر تکلیف دینا۔ (دوسرے کی تکلیف کو تکلیف نہ جاننے کی
موقع پر بولتے ہیں) +
پرائے گھر کا ہونا۔ بیٹی کا بیاہا جانا۔ دُختر کی شادی
ہوجانا۔ کدخدا ہونا +
پرت۔ تہ۔ طبق +
پُرت۔ پراٹھے یا سموسے کی تہ جیسے پُرت دار روٹی
پرت دار سموسے پُرت دار پراٹھے وغیرہ +
پرچکا۔ (۱) چمکار۔ پچکار۔ بچے کو اسکی خطا پر ڈانٹنا

پٹی	پتی

پتی برتا - (۱) خاوند کی سیوا کرنیوالی۔ خاوند کی خدمت گزار (۲) پاکدامن۔ عفیفہ۔ باعصمت + پارسا + خاوند کو بھرنے والی +

پٹاخ سے بولنا - طراری سے بولنا۔ کڑاکے کی آواز سے بولنا + جھٹ بول اٹھنا +

پٹخنیاں کھانا - پچھاڑیں کھانا۔ لوٹنیاں لینا۔ گرگر پڑنا (جب بعض ہندی بچے مچلتے ہیں۔ تو وہ۔ یا جس کے سر پر بھوت پریت آتا ہو وہ ایسی حرکتیں کرتا ہی)

پٹکی - (۱) آفت۔ غضب۔ قہر خدا (۲) ناگہانی موت مرگِ ناگہاں۔ اور کبھی صرف موت (۳) آلن۔ وہ بیسن یا آٹا جو شوربا گاڑھا کرنیکے واسطے اکثر ساگ یا سالن میں ڈالتے ہیں۔ اس معنی میں یہ لفظ صرف ہندوؤں میں بولا جاتا ہے۔ چنانچہ گھر کی پٹکی باہی ساگ میں یہی معنی ہیں۔ (ایک جامع ضرب الامثال نے جو لکھا ہے۔ کہ سنسکرت میں پتے کے دھوسنے کو پٹکی کہتے ہیں۔ ہمیں اسکی تصدیق کہیں نہیں ملی۔ حالانکہ ہندی اور سنسکرت کوش میں بھی تلاش کیا شاید انہوں نے کہیں سُنا ہو +)

پٹکی پڑنا - (۱) غضبِ خدا نازل ہونا۔ آفت آنا۔ صدمہ پہنچنا۔ (دُعائے بد کی جگہ اکثر اور ناز کے موقع پر کم اسکا استعمال ہوتا ہے) (۲) غارت ہونا ملیا میٹ ہونا نابود ہونا۔ مرنا۔ موت آنا + ناگہانی موت آنا جیسے پٹکی پڑے تیرے ڈھنگوں پر یعنی تیرے ڈھنگ ملیا میٹ ہوں +

پٹم ہونا - اندھا ہونا۔ چوپٹ ہونا۔ نابینا ہونا۔ آنکھوں کا چوپٹ ہونا۔ بینائی نہ رہنا۔ جیسے خدا کرے تیری دونوں ہی پٹم ہو جائیں +

پٹن - ماتم۔ کہرام۔ رونا پیٹنا +

پٹھ ملا - (مرکب از پیٹھ ملنا) پشت کا کپڑا۔ انگرکھے یا کوٹ وغیرہ کا وہ حصہ جو پیٹھ پر رہتا ہو۔ انگرکھے کی پیٹھ +

پٹی - (۱) چارپائی کا بازو (۲) بالوں کی جمائی ہوئی پٹڑی گوند اور پانی کے ذریعے سی جو بالوں کی سطح بناکر عورتیں ماتھے پر جماتی ہیں (۳) کپڑے یا کاغذ کی چوڑی اور لمبی دھجی (۴) سربند۔ قصابہ پہاڑی عورتیں اسکو ڈھاٹو کہتی ہیں۔ وہ چوڑی کپڑے کی بنی ہوئی پٹی جو عورتیں ماتھے پر باندھتی ہیں۔ اور خاصکر وہ کارچوبی بنی ہوئی پٹی جو تارے دکھانے کے وقت زچہ اور اُسکے بچے کے سر سے باندھی جاتی ہے (۵) ایک قسم کی شیرینی کی قلمیں جسکے اوپر تل جمے ہوئے ہوتے ہیں (۶) تختی۔ لوح (۷) سبق + فریب کا سبق۔ فریب۔ ترغیب (۸) زخم پر باندھنے کی چوڑی دھجی (۹) پنڈلیوں پر لپیٹنے کا چوڑا بنا ہوا اونی یا سوتی فیتہ نما کپڑا +

باہر نہ نکلنا۔ گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ کسی کے یہاں آنا جانا۔ چھوڑ دینا۔ خانہ نشین ہونا +

پپڑی جمنا۔ تہ جمنا۔ پرت جمنا۔ کھپرے جمنا۔ جیسے ہونٹوں پہ لاکھے یا پان کی پپڑی جمگئی۔ یا پپڑی کا حلوا سوہن +

پِتّا مارنا۔ (۱) غصّہ ضبط کرنا۔ تپہا مارنا۔ (۲) دل مارنا (۳) سختی برداشت کرنا۔ کمکیٹر اُٹھانا۔ جیسے پتّے مارکو کام اچھا ہوتا ہے۔ (ہندو)

پَت رکھنا۔ آبرو رکھنا۔ ساکھ رکھنا۔ جیسے رکھ پت رکھاپت۔ یعنی دُوسرے کی عزّت رکھنے سے اپنی عزّت بھی رہتی ہے +

پُتلا یا پُتلی ۔ (۱) بُت۔ صنم۔ مٹّی یا پتّھر کا بنا یا ہوا جسم پیکر۔ ہیئت۔ مجسّمہ (۲) کسی ہُنر میں ماہرِ کامل۔ دھنی۔ بڑا بھاری اُستاد (۳) سرتاسر۔ ہمہ تن بالکل تمام مجسّم جیسے بہتیرا کرید کرید کر پوچھا مگر اس حیا کی پُتلی نے کچھ نہ کہا۔ یعنی اُس حیائے مجسّم نے کچھ نہ کہا۔

پتنگ چھُری ۔ لُتری۔ غمّاز۔ آگ لگادُ۔ لڑائی کرا دینے والی۔ چھُری کٹاری کرادینے والی +

پتنگے لگنا۔ آگ لگنا۔ غُصّہ آنا۔ مرچیں لگنا۔ جل جانا پھینکنے لگنا۔ نہایت ناگوار گزرنا۔ جھلّانا + غضبناک ہونا۔

پتّوں والی۔ مُولی۔ تُرب + (چُونکہ عورتیں اسے سامانِ حاضری میں داخل ہونیکی وجہ سے منحوس خیال کرتی ہیں اِس وجہ سے علی الصّباح اِس کا نام نہیں لیتیں اور پتّوں والی کہتی ہیں)

پتّھر پڑیں سمجھ پر۔ سنگسار ہو یہ دانائی۔ پتھروں میں دبائی جائے یہ عقلمندی مِٹ جائے یہ دانائی + غارت ہو یہ عقلمندی + لعنت ہے اِس عقل پر۔ تُف ہو اس دانائی پر +

پتّھر تلے ہاتھ دَبنا۔ (۱) بھاری بوجھ کے نیچے ہاتھ دبنا (۲) مجبور ہونا۔ بے بس ہونا۔ ناچار ہونا جیسے اب تو پتّھر تلے ہاتھ دب گیا جو کہو گی سو ہی کروں گی +

پتّھر کو جونک لگنا۔ سخت دل کو کچھ اثر نہ ہونا۔ نہایت سنگدل ہونا۔ جیسے وہ کیا دینگے بڑے کنجوس۔ مکّھی چوس ہیں کہیں پتّھر کو بھی جونک لگی ہے +

پتّھر کی چھاتی۔ سخت چھاتی۔ پکّی چھاتی + بڑا حوصلہ۔ بڑا دِل۔ بڑا جگر + سخت دلی۔ جیسے ایسی پتّھر کی چھاتی ہوگئی کہ داغ پہ داغ کھانے پر بھی اُف نہ کی۔

پتّھر کی لکیر۔ نقشِ کالحجر۔ نقشِ نگیں۔ اَمِٹ۔ مضبوط۔ مستحکم۔ پائیدار + نہایت اُستوار + نہایت پکّی +

پَتی۔ (ہندو ع) خاوند۔ مالک۔ آقا۔ خصم۔ شوہر۔ میاں سوامی۔ بھرتا۔ عزّت والا باحرمت۔ پارسا عفیفہ پاکدامن +

ادنیٰ۔ بے وقر۔ بے عزّت۔ بے وقعت۔ جیسے تم نے تو بڑی کی بڑائی چھوٹے کی چھٹائی سب غارت کر دی جو ہی پاؤں کی جُوتی۔ اِس مزاج کو تہ کر رکھو۔ کون تمہارے مُنہ لگیگا +

پاؤں کی جُوتی سر کو لگنا۔ کمینہ کا مُقابلہ پر آنا۔ کمینہ کا سر چڑھنا ادنیٰ ہو کر اعلیٰ کی برابری کرنا +

پاؤں کی مہندی گھس نہ جاتی۔ یہ ایک طنز کا فقرہ ہی جو کسی شخص کے نہ آنے یا کسی کام کو نہ جانے کے سبب زبان پر لاتے ہیں +

پاؤں کے نیچے کی مٹّی یا پاؤں تلے کی مٹّی بھی ایسی نہ ہُو گی (۱) یعنی ہم نہایت پامال اور خاکسار ہیں۔ مٹّی سے بھی گئے گزرے ہیں۔ ہم سے تو ہمارے پاؤں کے نیچے کی مٹّی بھی اچھی ہی مٹّی کو در ہے ہمیں در نہیں۔ ہم کسی آدر کے قابل نہیں +

(۲) نہایت بے وقر ہونا۔ خاکساری کا حد کے درجہ کو پہنچنا

پاؤں مُرید۔ مُرید پا۔ غلام معتقد۔ نہایت مُطیع اور فرمانبردار۔ جیسے مہرا فروز کا دُولہا اُسکا پاؤں مُرید ہی خدا ایسا نیک بخت خاوند ہر ایک شریف زادی کو دے +

پاؤں میں بیڑی پڑنا۔ (۱) پابجولان ہونا۔ پاؤں میں زنجیر پڑنا۔ (۲) پابند رہنا۔ آزادی نہ رہنا + جورُو یا بال بچوں میں پھنس جانا +

پاؤں میں کیا مہندی لگی ہی؟۔ فقرہ۔ (بطور طنز کیا مہندی کے باعث آنے جانے سے مجبور رہو؟ + (جب کوئی شخص آنے یا کہیں جانے میں عذر بیجا یا حیلہ اور بہانہ کرتا ہو تو اس سے یوں کہتے ہیں) +

پاؤں میں مہندی لگنا۔ (۱) معلوم۔ (۲) عذر بیجا ہونا۔ بہانہ ہونا +

پاؤں نکالنا۔ (۱) اپنے حد سے قدم باہر رکھنا۔ بڑھکر چلنا۔ چل نکلنا۔ بساط سے باہر کام کرنا۔ (۲) خود سر اور خود رفتہ ہونا۔ سرکش اور متمرد ہونا + بد اطوار اور بد چلن ہونا (۳) نہایت چالاک اور ہوشیار ہونا۔ (۴) کسی کام میں سے اپنا قدم نکالنا۔ علیحدگی اختیار کرنا۔ تعلق اُٹھانا + کسی کام کے کرنے سے اِنکار کرنا +

پاؤں نہ دُھلوانا۔ (از رہ) حقارت و تنفر) اپنی خدمت اور غلامی کے قابل نہ سمجھنا۔ نہایت کراہت اور حقارت سے دیکھنا۔ نہایت ادنیٰ حقیر اور کمینہ سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ جیسے میں تو ایسی بند دڑے پاؤں بھی نہ دُھلواؤں +

پایَل۔ (۱) پاؤں کا ایک قسم کا زیور۔ پا برنجن (۲) وہ بچّہ جس کی پیدائش کے وقت سب سے پہلے پاؤں نکلیں۔ پاؤں کے بل پیدا ہونیوالا۔ (۳) سیڑھی

پائنچہ بھاری کرنا۔ ایک جگہ جم کر بیٹھ جانا۔ گھر سے

پاو

پاؤں پٹکنا ۔ (۱) تکلیف اور اضطراب کے باعث
پاؤں دے دے مارنا ۔ (۲) کمال سختی سے جان دینا
(۳) جان کنی میں ہونا ۔ حالتِ نزع میں ہونا ۔ اخیر
وقت ہونا ۔ جیسے جاڑا پاؤں پیٹ رہا ہی ۔ (۴)
کوشش کرنا ۔ سعی کرنا ۔ جیسے ہر چند پاؤں پٹکے
مگر ایک نہ چلی ۔ (۵) ذلیل و خوار ہونا +
پاؤں تلے کی چیونٹی ۔ ادنے سے ادنے ۔ عاجز
سے عاجز ۔ جیسے خدا پاؤں تلے کی چیونٹی کو بھی
یہ دکھ نہ دے +
پاؤں تلے کی زمین سرکی جاتی ہی ۔ یعنی یہ مصیبت
سُنکر زمین بھی کانپتی اور تھرتھراتی ہے +
(جب کسی مصیبت کے بیان میں مبالغہ منظور ہوتا ہی تو یہ فقرہ
زبان پر لاتے ہیں)
پاؤں تلی کی زمین نکلجانا ۔ ہوش و حواس قایم نہ رہنا ۔
حیران و متحیر رہ جانا +
پاؤں تلی کی مٹی نکل جانا ۔ حیرت میں رہجانا ۔ ہچک رہنا ۔
کسی وحشت ناک خبر کو سُنکر سُن ہو جانا ۔ حواس باختہ اور
بے اوسان ہو جانا + خبر نہ رہنا ۔ ہوش نہ رہنا ۔ بدحواس
ہو جانا ۔ بے سُدھ ہو جانا +
پاؤں چھوٹنا ۔ خونِ حیض کا جاری ہونا ۔ دمِ طمث کا
سیلان ہونا + معمول سے زیادہ خون آنا +

پاو

پاؤں دھو دھو کر پینا ۔ (۱) نہایت تعظیم و تکریم سے
پیش آنا ۔ نہایت عزیز رکھنا ۔ (۲) از حد معتقد اور
بااِرادت ہونا ۔ فرطِ عقیدت ظاہر کرنا ۔ مُریدانہ
خدمت بجالانا ۔ (۳) ماننا ۔ تسلیم کرنا ۔ (۴) خوشامد کرنا ۔ چاپلوسی کرنا ۔
پاؤں سی پاؤں باندھکر بٹھانا ۔ زانو سے زانو باندھکر بٹھانا +
پاس سے سرکنے نہ دینا ۔ پاس سی جُدا نہ ہونے دینا ۔ پہلو میں بٹھائے رکھنا
نہایت چوکسی رکھنا ۔ آنکھ سی اوجھل نہ ہونے دینا ۔ سخت نگرانی رکھنا
پاؤں سی پاؤں باندھنا ۔ اپنے پاؤں سی دوسرے کا پاؤں
باندھکر رکھنا ۔ نہایت چوکسی اور نگہبانی کرنا ۔ حراست میں رکھنا ۔
پاؤں سی لگی سر میں بجھی ۔ سر تا پا آگ لگ گئی ۔ تن
بدن جل گیا ۔ نہایت غصہ آیا +
پاؤں کٹ جانا ۔ قدم کٹنا ۔ آمد و رفت بند ہونا ۔ آنے
کے قابل نہ رہنا + دنیا سے اُٹھ جانا + (جب کوئی
مرجاتا ہی ۔ تو افسوس سی کہتے ہیں کہ آج اُسکے یہاں سے
پاؤں کٹ گئے)
پاؤں کی بیڑی ۔ (۱) سلاسل ۔ زنجیرِ پا ۔ جولاں (۲)
قید ۔ پابندی ۔ مزاحمت ۔ روک ۔ (۳) جورو ۔ زوجہ ۔
لگائی ۔ بیوی ۔ اِستری ۔ منکوحہ ۔ (۴) خانہ داری ۔
بال بچے ۔ عیال و اطفال وغیرہ ۔ (۵) بن بیاہی بیٹی
جوان بیٹی جسکی شادی نہونیکے سبب جُدائی نہو +
پاؤں کی جوتی ۔ (۱) نہایت حقیر ۔ نہایت ذلیل ۔ سفلی ۔ کمینی ۔ (۲) نہایت

پاؤ

پاؤں باہر نکالنا - اپنی حد سے بڑھنا - بڑھکر چلنا + اپنے مرتبہ سے زیادہ بات کرنا - اِترانا - گھمنڈ کرنا + بساط سے باہر قدم رکھنا +

پاؤں بھاری ہونا - حمل ہونا - گربھ ہونا - پیٹ ہونا +

پاؤں پاؤں چلنا - بچّے کا کھڑے ہو کر چلنا - گھٹنیاں چلنے کے زمانے سے آگے بڑھ جانا + پیدل چلنا -

پاؤں پاؤں صندل کے پاؤں - یہ ایک نہایت چہچلے کی بات اور شوق کا کلمہ ہی - جو بچّہ کھلانے والی عورتیں اکثر بچّے کے اوّل اوّل کھڑا ہو کر چلنے کے وقت زبان پر لاتی ہیں - اور اِس سے غرض یہ ہوتی ہی - کہ تمہارے پاؤں صندل کے ہیں - کیا اچھی طرح صفائی سے زمین پر پڑتے ہیں - اِسکے علاوہ جسوقت بچّہ پہلے پہل پاؤں چلتا ہی تو اسکے تلودں میں صندل گھس کر لگاتی ہیں بلکہ پاؤں چلنے سے پیشتر یہ فقرہ کہکر اپنا دل خوش کیا کرتی ہیں " صندل میں منگاؤں اپنے بیٹے کے پاؤں لگاؤں +

پاؤں پڑنا - (۱) قدموں پر گرنا + نہایت عاجزی اور فروتنی کرنا - خوشامد اور لجاجت کرنا - قدموں پر سر رکھنا - (۲) عفو چاہنا - معافی مانگنا - اپنے قصور یا جُرم کا مُقِر ہو کر عفو کا خواہاں ہونا - (۳) قدم چومنا - قدم بوسی کرنا - نہایت تعظیم سے پیش آنا - سجدہ کرنا + پالاگن کرنا + چرن چھونا -

پاؤ

پاؤں پسارنا - (۱) پاؤں پھیلانا - (۲) چت ہونا - مرجانا +

پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا - نہایت احتیاط سے کوئی کام کرنا - سنبھل کر کوئی کام کرنا + نہایت خوف سے یا ڈر ڈر کر کچھ کرنا - ہر قدم پر اللہ و بسم اللہ دم کر کے پاؤں آگے بڑھانا + (پھونک پھونک کر پاؤں رکھنا زیادہ بولتے ہیں +)

پاؤں یا پیر پھیرنے آنا - (ہندو عو) فوراً آکر چلے جانا - آتے ہی چلے جانا - آگ لینے آنا جیسے ہُو کیا تو پیر پھیرنے آئی تھی جو آتے ہی چلی گئی - (یہاں دلہن سے مراد نہیں ہی بلکہ یہ ایک خطابیہ کلمہ ہی جو ہندو عورتیں آپس میں ایک دوسری سے مخاطب ہوتے وقت بولتی ہیں -

پاؤں پھیرنے جانا - (۱) زچہ کا چلّا نہانے کے بعد اپنے بچے کو لیکر میکے میں جانا (۲) حاملہ دلہن کا پہلوٹھی کے حمل میں قبل از ولادت گود ی بھری جانے کے دن ماں باپ کے گھر جانا (۳) ہندو عو) دُلہن کا شادی کے دُوسرے روز اپنے ماں باپ کے گھر تھوڑی دیر کے واسطے جانا اور وہاں سے مٹھائی - ناریل کا گولا - کلاوا - اور چھواری لے کر فوراً ہی واپس چلا آنا +

پاؤں پیٹ پیٹ کر مرنا - نہایت مُصیبت بُھگت کر مرنا - ایڑیاں رگڑ کر مرنا +

پاو	پان

روٹی کیا خاک ڈالوں (۷) پھیکا۔ بے ذایقہ۔
جیسے یہ خربزہ تو پانی نکلا (۸) دھیما۔ ملائم۔ جیسے بیگم صاحبہ کا
دو ہی خوشامد کی باتوں میں غصّہ اُتر گیا پانی ہوگئیں +

پانی پھر جانا۔ (۱) کسی چیز کے سر سے پانی کا گزر جانا +
ڈوب جانا غرقاب ہوجانا۔ (۲) برباد ہوجانا۔ مٹ جانا۔
معدوم ہوجانا۔ تباہ وخراب ہوجانا۔ جیسے اُسکے گھر وائے
پر پانی پھر گیا۔ (۳) جاتا رہنا۔ ضایع ہونا۔ اکارت جانا
جیسے ہزاروں روپے پر پانی پھر گیا +

پانی پھیر دینا۔ احسان یا کارگزاری کو فراموش کر دینا
حقوق پر نظر نہ رکھنا۔ حق مٹا دینا + حق ڈبو دینا +

پانی پی پی کر دُعا دینا۔ ازحد دُعا دینا۔ کسی وقت
دُعا سے خالی نہ رہنا۔ ہر گھونٹ کے ساتھ آسیس
دینا + خوش ہوکر دُعا دینا +

پانی پی پی کر کوسنا۔ ہر وقت کوسنا۔ سخت بددُعا دینا
نہایت کوسنا۔ بہت سراپنا۔ اُٹھتے بیٹھتے کوسنا +
(اسکی وجہ تسمیہ یہ ہے۔ کہ جب کوستے کوستے حلق خشک ہوگیا
جب ہی پانی پی لیا اور پھر کوسنے لگے۔ مگر جہلا کا یہ بھی
خیال ہے کہ اگر کوئی نہار منہ باسی پانی پی کر کوسے۔ تو بددُعا
نہایت اثر کرتی ہے)

پانی پی کر ذات پوچھنا۔ کوئی کام کر کے پچھتانا۔
سیلے وقت افسوس کرنا +

پانی سی پتلا۔ (۱) نہایت رقیق۔ (۲) نہایت ارزاں
حقیر۔ خفیف۔ ادنیٰ۔ (۳) آسان +

پانی سی پتلا کرنا۔ (۱) آسان کرنا۔ سہل کرنا۔ (۲) نہایت
ذلیل اور رسوا کرنا۔ بے عزت اور بے آبرو کرنا۔
خجل اور شرمندہ کرنا +

پانی کے آگے پاڑ باندھنا۔ قبل از بلا واویلا کرنا۔
کسی آفت کے وقوع سے پہلے اسکو انسداد کی فکر میں
تکلیف اُٹھانا + فکر بیجا کرنا۔ خیالی پلاؤ پکانا۔ قبل از وقت
کسی بات کا انتظام کرنا +

پانی کی پوٹ۔ نرا پانی ہی پانی۔ بالکل پانی۔ سرتاسر
پانی۔ پانی سے پھولا ہوا۔ پانی کا جیسے ساگ پانی
کی پوٹ ہوتا ہے + (اکثر ایسی چیزوں کی نسبت
بولتے ہیں۔ جن کے کھانے سے اُسوقت تو پیٹ بھر
جائے مگر ذرا سی دیر کے بعد پھر بھوک لگ آئے۔
یا وہ چیزیں جو پکنے میں بجھکر ذرا سی ہوجائیں جیسے ساگ
پات وغیرہ اور کبھی کشک کو بھی کہدیتے ہیں +)

پاؤں۔ (۱) قدم۔ پا۔ پگ۔ چرن۔ (۲) گن۔ اوصاف۔
جیسے اسکے پیٹ میں پاؤں ہیں (۳) جڑ۔ بنیاد۔ (۴)
ثبات۔ استقلال جیسے چور کے پاؤں نہیں ہوتے
(۵) ڈھنگ۔ آثار۔ علامت۔ جیسے پوت کے پاؤں
پالنے میں معلوم ہوجاتے ہیں +

برابر بھی آدر نہ کرنا +

پاپوش کی نوک سے۔ دیکھو۔ (پاپوش سے) +

پاپوش کی نوک پر مارنا۔ ٹھکرانا + ذرا خاطر میں نہ لانا کچھ پروا نہ کرنا۔ جوتی سے بھی کم سمجھنا +

پاپوش نہ مارنا۔ بالکل خاطر میں نہ لانا۔ کچھ نہ سمجھنا۔ حقیر جاننا + جوتی مارنے میں بھی اپنی حقارت سمجھنا۔

پاتھا مار جانا۔ کھچڑی۔ چانول یا دال وغیرہ کا دم پر آکر ٹھنڈا اور بدمزہ ہو جانا +

پاسنگ بھی نہیں۔ ذرا بھی لگّا نہیں کھاتا۔ ذرا بھی برابر نہیں۔ کچھ بھی نسبت نہیں رکھتا +

پاکھنڈ۔ (۱) فریب۔ دھوکہ۔ دغا چھل (۲) دکھاوا۔ ظاہر داری۔ بناوٹ۔ (۳) حرمزدگی۔ شرارت +

پاکھنڈ مچانا۔ فریب دینا دھوکہ دینا۔ بھگل کا ٹھٹھنا۔

پالا پڑنا۔ (۱) واسطہ پڑنا۔ سابقہ پڑنا۔ تعلق ہونا۔ کام پڑنا۔ (۲) بس یا قابو میں آنا۔ پھندے میں پھنسنا۔ کسی کے اختیار میں ہونا۔ جیسے بُوا وہ غریب تو ایک ظالم کے پالے پڑ گئی۔ (۳) سر پڑنا۔ ذمّہ ہونا۔ پلّے بندھنا + جیسے وہ تو ایسے کے پالے پڑی کہ عمر بھر روتے گزری +

پالا پوسا۔ دست پروردہ۔ پرورش یافتہ۔ وہ شخص جسے پال پوس کر بڑا کیا ہو +

پال پال تیری جی کا جنجال۔ (کہاوت) یعنی نالایق اولاد کی کیسی ہی پرورش کرو وہ اپنے وقت پر کام نہیں آتی نالایق کے ساتھ سلوک کرنا اپنے حق میں بس بونا ہے +

پانچوں انگلیاں برابر نہیں ہوتیں۔ (کہاوت) یعنی سب کا مزاج یکساں نہیں ہوتا۔ سب آدمی یکساں نہیں ہوتے

پان چیرنا۔ (۱) پان کے ٹکڑے کرنا۔ (۲) غیر مُنتج کام میں مصروف ہونا۔ بیفائدہ کام کرنا +

پاندان۔ پٹاری۔ پان اور اُسکے لوازمہ کا ظرف۔

پان دینا۔ (۱) پان کی تواضع کرنا۔ (۲) رُخصت کرنا۔ رُخصت کا پان کھلانا +

پانڈے جی پچھتائینگے وُہی چنے کی کھائینگے (کہاوت) یعنی جس چیز سے نفرت ہو نامیسّری میں اُسی سے رغبت ہو جاتی ہے خوش خوراک بھی نامیسّری کی حالت میں اپنی مرضی کے خلاف کھانے پر راضی ہو جاتا ہے۔ ضدی کو اپنی ہٹ سے باز آنا پڑے گا۔ ہر جگہ ہٹیلے کی ہٹ نہیں چلتی +

پانی۔ (۱) آب۔ جل۔ نیر۔ (۲) بارش۔ مینہہ (۳) رونق جیسے مُنہ پر پانی پھر گیا۔ (۴) آنسو۔ اشک۔ جیسے آنکھ کا پانی (۵) پتلا۔ رقیق جیسے پانی سا شوربا۔ (۶) ٹھنڈا سیتل۔ خنک جیسے تو اتو پانی پڑا ہے۔

بیوی کا دانہ یا کونڈا ۔ بیوی کی صحنک یا نیاز حضرت فاطمہ علیہا السّلام کی فاتحہ (یہ نیاز اکثر شادی یا کسی مراد کے بر آنے پر عورتیں نہایت احتیاط سے دلواتی ہیں اور اُسے سُہاگن پارسا۔ خاندانی عورتوں کے سوائے دو ہا جُوتک کو نہیں کھانے دیتیں۔ بلکہ سیدانیوں کو کھلانا اولیٰ سمجھتی ہیں۔ جہانگیر بادشاہ کے وقت سے اِس کا رواج ہوا ہے۔ جسکی وجہ تسمیہ یہ ہے۔ کہ جہانگیر بادشاہ کی بیاہتا بیوی جودھ بائی راجپوتنی تھی اور نُورجہاں جو پہلے شیر افگن خاں کی بیوی تھی وہ جہانگیر سے آنکھ لگا کر گھر میں پڑی تھی۔ چونکہ اسپر بادشاہ کی نظرِ عنایت زیادہ تھی۔ اور سوکنوں میں آپس میں کھٹا چھنی رہا کرتی ہے۔ اِس وجہ سے نُورجہاں جو ایک چلبلی اور طرّار عورت تھی۔ ہمیشہ جودھ بائی پر مُنہ آتی۔ اور اُسے ماروا ڑن کہکر چھیڑتی۔ ناچار جودھ بائی نے تنگ ہوکر اُسے ذلیل کرنیکے واسطے یہ تجویز نکالی۔ کہ ایک روز کسی تقریب سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی فاتحہ دلا کر تمام بیگماتِ محل سے بآوازِ بلند کہا۔ کہ اے صاحبو اِس نیاز مُتبرّک کو وہ عورت کھائے۔ جس نے دوسرا خاوند نہ کیا ہو۔ جب نُورجہاں بیگم نے اپنے حسبِ حال یہ بات سُنی۔ تو بُہت لی گئی۔ اور ایسی شرمندہ ہوئی کہ اُس دن سے پھر کبھی آنکھ نہ ملا سکی۔ غرض اُس زمانہ سے جسے تقریباً ڈھائی سو برس کا عرصہ ہوا۔ اِس رسم نے رواج پایا +

(اب یہ نیاز منہاریوں کو بھی کھلانے لگے ہیں +)

بیوی کو باندی کہا وہ ہنس دی ۔ باندی کو باندی کہا وہ رو دی (کہاوت) یعنی شریف ہر حال میں شریف ہے اور رذیل ہر حال میں رذیل۔ اچھے کو بُرا کہیں تو بُرا نہیں مانتا۔ اور بُرے کو بُرا کہیں تو چڑ جاتا ہے +

بیوی نیک بخت ۔ دمڑی کی دال تین وقت (کہاوت) نہایت کنجُوس و کفایت شعار کی نسبت بولتے ہیں +

بیوی واری باندی کھائے ۔ گھر کی بلا باہر نہ جائے (کہاوت) یعنی گھر کا صدقہ گھر میں رہے غیر کو نہ دینا پڑے +

پ

پاپ کٹنا ۔ عذاب دُور ہونا۔ جھمیلا نہ رہنا۔ جھگڑا چکنا +

پاپڑ بیلنا ۔ (۱) بیلن سے بیلکر پاپڑ بنانا یا بڑھانا (۲) نہایت محنت اور مشقّت کرنا۔ سخت کام کرنا۔ (۳) مصیبت پیٹنا۔ مصیبت بھرنا۔ نہایت تنگی اور عُسرت سے گزران کرنا۔

پاپڑ پیٹنا ۔ دیکھو۔ (پاپڑ بیلنا)

پاپوش ۔ جُوتی۔ کفش۔ پیزار +

پاپوش پہ مارنا ۔ ٹھکرانا + خاطر میں نہ لانا۔ پروا نکرنا +

پاپوش سے ۔ بلا سے۔ جُوتی سے۔ کچھ پروا نہیں +

پاپوش کے برابر نہ سمجھنا ۔ ذرا خاطر میں نہ لانا۔ نہایت حقیر سمجھنا + جُوتی سے بھی گیا گزرا سمجھنا۔ جُوتی کی

بیل

میں لگایا جاتا ہی پھولدار فیتہ۔ (۳) گُل بوٹے۔ پھول پتّی اور بیل بوٹی وغیرہ جو کپڑے پر بنائی جائے۔ (۴) تصدق نچھاور۔ نثار۔ وار پھیر۔ وہ صدقہ یا روپیہ پیسہ جو شادی میں دُولہا یا دُلہن کے سر سے وار کر ڈومنیوں یا ناچنے والیوں کو دیں + وہ انعام جو بطورِ چندہ اربابِ نشاط کو بتفاریق رقص کے وقت دیا جائے۔ (۵) ایک درخت اور اُس کے پھل کا نام جو کیت سے مشابہ ہوتا ہی۔ اِس کا گُودا کھاتے ہیں جیسے بیل پکّی تو کوّے کے باپ کا کیا اجارہ یعنی کوّا اُسکے سخت چھلکے کو توڑ کر گودا نہیں کھا سکتا۔ (۶) آل و عیال نسل۔ بنس۔ سنتان۔ جیسے تمھاری بیل بڑھے دشمن کی جڑ کٹے۔ (۷۔ع) قد۔ قامت جیسے ککڑی اور لڑکی کی بیل جلدی بڑھتی ہی (۸) ایک قسم کا پھول چنبیلی سے ملتا ہوا۔ جیسے رائے بیل اور بیلا بھی کہتے ہیں (۹) خنازیر۔ ایک بیماری کا نام جو اکثر گلے میں ہو جاتی اور اُس سے تمام گلا نیچے تک پکتا چلا آتا ہی (۱۰) جیگر۔ ٹنکوں کی اوپر تلے قطار۔ جیٹھ +

بیل پڑنا۔ (۱) ڈومنیوں وغیرہ کو نچھاور دیا جانا + (۲) زرِ تصدّق جمع ہونا +

بیل دینا۔ نچھاور دینا۔ تصدق میں ڈومنیوں کو نقدی دینا وار پھیر کا نیگ دینا +

بیل

بیل منڈھے چڑھنا۔ (۱) شادی کا وقت آنا۔ سہرا بندھنے کا دن آنا۔ پروان چڑھنا۔ (۲) اُمّید بر آنا۔ کام بننا۔ کار برآری ہونا۔ کامیابی ہونا۔ مُراد کو پہنچنا۔ نہالِ آرزو کا سرسبز اور برومند ہونا +

(ہندؤں کے ہاں دستور ہی۔ کہ برات سے ایک روز پیشتر منڈھا یعنی نگیرہ سا باندھکر اُسپر پھول اور بندھن وار وغیرہ باندھتے ہیں چونکہ یہ ایک تقریب شادی اور مراد برآنی کی علامت ہی اسلیے معانیٔ مذکورۂ بالا پر اطلاق ہونے لگا۔ بعض لوگوں کا یہ خیال ہی کہ انگور کی ٹٹّی کو بھی منڈھا کہتے ہیں مگر ہمیں اس میں تأمّل ہی۔

بیلا بٹنا۔ (۱) خیرات تقسیم ہونا + سدابرت دیا جانا۔ لنگر بٹنا۔ (۲) داد و دہش ہونا۔ زرِ نقد بِللّٰہ تقسیم کیا جانا +

بیلیں بڑھنا۔ پُوت پھیلنا۔ اولاد بڑھنا۔ کثیرُالاولاد ہونا۔ سنتان کی زیادتی ہونا۔ سلسلہ خاندان بڑھنا۔

بیلی۔ (۱) زنخی۔ ڈھیلی۔ بودی۔ (۲) لغو۔ پوچ + بیہودہ

بیلی۔ نگہبان۔ حافظ و ناصر۔ معاون۔ مددگار۔ (پنجابی) ولی۔ جیسے اللہ ولی۔ داتا ولی۔ وغیرہ +

(یہ لفظ دراصل والی بمعنی مالک سے بنایا گیا ہے)

بیوہ۔ بدھوا۔ رانڈ۔ رنڈ۔ خصمی۔ وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو

بیوی۔ (۱) دیکھو بی بی مع مشتقات۔ (۲) تعظیماً حضرت فاطمہ علیہا السّلام کی طرف خطاب +

بیوی زن۔ دیکھو بی بی زن +

بیر

پچلے بیرن جب ہی جاڑا +

بَیری - (۱) دشمن - بدخواہ - مخالف - عدو بیری دشمن
جیسے بیری بیری دُشمن جلیں میں کسی کے گہنے پاتے کو
دیکھ کر کیوں جلنے لگی +

بیڑا - (۱) گلوری - کھلی جیسے روزے خور خدا کا چور رہا تھ
میں بیڑا مُنہ میں کیڑا +

بیڑا کھلانا - (۱) پان کھلانا - (۲) نسبت کرنا - منگنی کرنا -
(ایک رسم کا نام ہو جیسیں دولہا کو سات پان کی چاندی کی
ورق میں لپٹی ہوئی گلوری اس نیت سے کھلائی جاتی ہے کہ
اب یہ دونوں آپس میں منسوب ہوگئے) +

بیڑا - (۱) کشتیوں یا جہازوں کا سلسلہ - بہت سی کشتیوں
یا جہازوں کا مجموعہ - (۲) ناؤ - کشتی - زورق (۳)
بانسوں کی چھوٹی سی کشتی جو عوام خواجہ خضر کے نام
بھادوں کے مہینہ میں بہت سے چراغ رکھکر بہاتے
ہیں اور اس سے یہ غرض ہوتی ہو کہ ہماری معیبت کا
بیڑا پار ہو - (۴) خاندان کنبہ قبیلہ - جیسے تیرا بیڑا
غرق ہو +

بیڑی - (۱) گلوری - کھلی - (۲) روپیوں کی جُتی +

بیڑی - (۱) سلسلۂ پا - سلاسل - زنجیر پا - جولاں
(۲) کسی دھات یا نیلے سُوت کا وہ حلقہ جو منّت
مان کر کسی بچّہ کے پانوں میں ڈالا جاتا ہو (۳) مجازاً -

بیل

رُکاوٹ - اٹکاؤ - روک - پابندی - عدم آزادی
جیسے شادی کرتے ہی پانوں میں بیڑی پڑگئی
(اس معنی میں یہ لفظ پانوں کے ساتھ بولا جاتا ہو)
(۴) تعلقاتِ دنیاوی + جورو بچّے - (۵) دھات
کے تاروں کا لچھا یا گچھی جو کندے کشوں یا تار کشوں
میں بنایا جاتا ہے +

بیڑی بڑھانا - منّت کی زنجیر یا حلقہ پا میعادِ مقررہ
کے بعد نذر و نیاز دلاکر اُتارنا +

بیسوا - قحبہ - رنڈی - کسبی - پاتُر - پتُریا +

بیگانے بَردے آزاد کرتے ہیں - (کہاوت) یعنی پرائے
غلام چھوڑ کر مفت کا ثواب کماتے ہیں غیر کے مال پر
فیاض بنتے ہیں +

بیگم - (صحیح بکسر کافِ فارسی) (۱) ملکہ - خاتون - لیڈی
(۲) امیرزادی - نواب زادی - شریف زادی
شہزادی + سیدزادی - مُغل زادی (۳) بیوی -
زوجہ - اہلیہ - (۴) - آقانی - مالکہ - سرکار - مالکِ خانہ +

بیگما - مسلمان عورتوں کا نام بجائے بیگم +

بیل - (۱) لتر - لتا - بیارہ - وہ درخت جس کی شاخیں
زمین پر پھیلتی یا کسی سہارے سے اُوپر چڑھتی ہیں
جیسے کدو - خربزہ - انگور وغیرہ کی بیل (۲) ریشمی
یا زری وغیرہ کا کنارہ یا بنت جو اکثر دوپٹوں وغیرہ

بیٹ

شاہ مدار پیر غیب - چہل تن وغیرہ آتے۔ وہ
نہایت بن سنور کر اور دُلہن کیطرح پھولوں کے گہنے
وغیرہ سے آراستہ پیراستہ ہوکر گانا سُنتے چوکی پر بیٹھتی
تھی۔ جب گانے کی آواز سے مست ہو جاتی تو اُس
کے سر پر اُن میں سے کوئی آکر خوب کھیلتا اور سائلہ
کے سوال کا من مانا جواب دیتا تھا۔ دراصل یہ بالکل
مکر اور فریب تھا۔ بلکہ ارذل قوم کی ہندنیوں میں
بھی ان دیوں یا اپنے ہاں کی دیوی۔ دیوتاؤں
کی بیٹھک اسی طرح دیتی تھیں۔ جسکے سر پر کوئی پیر
یا جن یا دیوی دیوتا آتا وُہ بھگتانی کہلاتی تھی بعض
ہندو عورتیں دیوی بھیروں اور ہنومان وغیرہ کا
نام لیکر بیٹھک دیتی اور جھلپنداروں یا ڈوڑو والوں
سے گانا سُنا کرتی تھیں۔ بعض بھگتنیاں اس
موقع پر حقّہ بھی نوش کرتی جاتی تھیں)

بیٹی - (۱) دختر۔ دھی۔ پُتری۔ بنت (۲) لڑکی۔ صبیہ۔
فرزندِ مادینہ (۳) پیاری۔ عزیزہ (۴) فقیر
ہر ایک عورت کو بیٹی کرکے بولتے ہیں (۵) جو لڑکا
نہایت غریب اور مسکین ہوتا ہے۔ اُسے بھی بیٹی سے
تشبیہ دیتے ہیں (۶) دُلہن۔ عروس۔ جیسے جس نے
بیٹی دی اُسنے کیا رکھا۔

بیٹی بٹوہ - (کلمۂ خطاب) بیوی یا نو۔ میری پیاری بیگم
جیسے بیٹی بٹوہ نے کا مزہ تو یہ ہے کہ اِس ہاتھ سے
دو اور اُس ہاتھ کو خبر نہو +

بیٹی والے۔ دُلہن کے ماں باپ + دُلہن کی طرف کے
لوگ بیمدھیانے والے۔ (جب تک شادی نہیں ہولیتی
جب ہی تک کہتے ہیں۔ لیکن ہندوؤں میں اِس بات کی
قید نہیں ہے)

بیر

بَیر - (۱) عداوت۔ دُشمنی۔ بُغض (۲) کینہ۔ کپٹ (۳)
ضد۔ مخالفت (۴) بدلہ۔ عوضہ +

بَیر باندھنا (۱) دُشمنی اختیار کرنا۔ عداوت پر مستعد ہونا
(۲) ضد باندھنا۔ مخالفت پر اڑنا +

بَیر بِسانا - (۱) دُشمنی مول لینا۔ دُشمنی کرنا۔ (۲)
ضد باندھنا۔ مخالفت کرنا۔ (۳) بُغض نکالنا۔ کینہ
کشی کرنا + عداوت کا بدلہ لینا۔ جیسے۔ راجہ ماری
پدّونی تو بَیر بِساون جائیں + (کہانی کا فقرہ)

بَیر نِکالنا - دشمنی پوری کرنا۔ عداوت نکالنا۔ بدلہ لینا۔

بَیر اکھیری - عداوت۔ دُشمنی۔ مخالفت۔ نااتفاقی
خصُومت۔ (کھیری تابع مہمل ہے)

بَیرن - (۱) دُشمن عورت۔ بدخواہ عورت (۲) سوکن
سوتن۔ سوک۔ سَوت۔ جیسے میری سوک دگنواریاں
گالی کے موقع پر بولتی ہیں (۳) - مجازاً ہوا۔ بیال
بیار۔ باؤ۔ جیسے ماگھ (پوس) جاڑا نہ پوہ جاڑا۔ جب

بیٹ

یہاں بی بی خاص اُنہیں سے مُراد ہے +

بی بی جی - (ہنُود عو)۔ (۱) کلمۂ خطاب۔ بجائے رانی جی (۲) بڑی نند۔ خاوند کی بڑی بہن +

بی بی خیلا۔ یا بیوی خیلا دو پہتے ایک میلا۔ (کہاوت) پھوڑ کو موزوں (بے موزوں چیز کی پروا) نہیں + بے سلیقہ۔ ناشایستہ۔ بد تہذیب عورت کی نسبت بولتی ہیں

بی بی زن یا بیوی زن زنِ پارسا۔ پتی برتا۔ عفیفہ۔ باعصمت نہایت نیکبخت۔ پاک دامن +

بی بی یا بیوی کا دانہ۔ (۱) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نیاز کا کھانا۔ طعامِ نیازِ حضرت فاطمہؓ (۲) ظرافتاً بیوی کی کمائی یا بیوی کی ذاتی آمدنی۔ یا جائداد کا سہارا +

بی بی کا دانہ کھانے والی۔ نہایت پاکدامن و پارسا عورت جو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نیاز کھانیکی قابلیت رکھتی ہو +

بیتی۔ گذری ہوئی۔ گزشتہ۔ سرگذشت۔ ماجرا۔ واردات

بیٹا بیٹی - (۱) لڑکے بالے۔ بال بچے۔ (۲) بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔ جو گندھی مٹی کی ایک ٹکیا سی بناکر اور اُسمیں چھید کرکے پتھر یا سل پر پٹختے ہیں۔ بڑی آواز کو بیٹا۔ اور چھوٹی آواز کو بیٹی کہتی ہیں۔

بیٹھک - ایک قسم کی نذر اور حاضرات جو اکثر ضعیف الاعتقاد مسلمان عورتیں کیا کرتی ہیں اِس کا مفصّل حال بیٹھک دینا میں لکھا جائیگا۔

بیٹے

بیٹھک دینا۔ پریوں وغیرہ کی حاضرات کرنا اکثر جاہل اور ضعیف الاعتقاد مسلمان عورتوں خصوصاً بیگماتِ قلعہ میں دستور تھا۔ کہ اُن میں ایک نہ ایک عورت اپنے تئیں اپنے مانے ہوئے ولیوں یا پریوں کی سواری فرض کرکے جمعرات کو ان میں سے کیکو اپنے سر پر بلایا کرتی تھی۔ اور اُس میں سب عورتیں جاکر اپنی اپنی حاجتیں پیش کرتی تھیں اِنہیں جس عورت کے سر پر اُنہیں سے کوئی فرضی ولی آتا۔ تو وہ عورت ننگا سر ہلاتی اور جو کچھ سائلہ کا سوال ہوتا ہے اُس کے خیال کے موافق جواب دیتی جاتی تھی۔ سائلہ اپنے حُسنِ ظن سے بیچ جانکر نذر کا خرچ اُٹھاتی۔ اور جو کچھ بن پڑتا خدمت بجالاتی تھی اِس بیٹھک کے واسطے بڑے بڑے سامان کئے جاتے تھے مکلّف فرش بچھایا جاتا۔ اور خوشبو لوبان وعطریات وغیرہ سے مکان بسایا جاتا تھا۔ ڈومنیاں گانے کیواسطے بُلائی جاتی تھیں جس عورت کے سر پر ساتوں پریوں میں سے کوئی پری یا شیخ سدّو۔ یا میاں شاہ دریا۔ زین خاں۔ ماموں اللہ بخش شاہ سکندر۔ ننّھے میاں۔ سید برہنہ۔ پیر ٹیلے۔

بیا

ہمارے لوگوں میں تو بیاج بٹے سے ہی کام چلتا ہے +

بیاز٘ و بیاز٘ ونہ یا بیاجونہ - بمعنی سُودی - سُود پر - (فقرہ ع) سو روپیہ بیازو لیکر کام چلایا +

بیاز٘ و نکلوانا - سُودی روپیہ لینا - سُود پر روپیہ قرض لینا +

بیاہا - شادی شدہ - وہ شخص جس کا بیاہ ہو گیا ہو +

بیاہتا - (۱) بیاہی جورُو - وہ بیوی جسے چار پنچوں کی موجودگی میں ماں باپ دُھوم دھام سے بیاہ کر لائے ہوں - پہلی بیوی - بیاہی بیوی (۲) منکوحہ - نکاحی - (۳) بیاہا مرد - پہلا خاوند - جیسے کاتے جاری کاتے جا تیرا تار نہ ٹوٹے - بیاہتا خصم چھوٹے نگرکار نہ چھوٹے +

بیاہ رچانا (چرخہ) - شادی کی رسمیں شرُوع کرنا - شادی پھیلانا +

بیاہ لانا - شادی کرکے گھر لے آنا - دُلہن لے آنا - شادی کر لانا +

بیاہ مانگنا - شادی کی تاریخ تجویز کرانا +

بیاہی بیٹی پڑوسن داخل - دکھاوت یعنی بیاہی بیٹی اور پڑوسن برابر یعنی مثلِ غیر ہیں +

بی بی - (اگرچہ صحیح لفظ بی بی ہے - اور تحریر میں بھی اسی طرح زیادہ مستعمل ہے - مگر بول چال میں بیوی آتا ہے - البتہ بعض

بیب

خاص معنی میں ہندو بی بی بولتے ہیں - لیکن ماخذ اُن کا بھی فارسی ہی معلوم ہوتا ہے) (۱) بانو بیگم - خانم + امیر زادی - اشراف زادی - خاتونِ خانہ (۲) نیکوکار عورت - زنِ صالحہ - نیکبخت - عفیفہ - پارسا (۳) بڑی بُوڑھی - پُرکھا - سرپرست - مُربیّہ - (۴) جنابہ - حضرت - صاحبہ (۵) مالکہ - آقا - سرکار جیسے بی بی واریں باندی کھائے - گھر کی بلا باہر نہ جائے - (۶) عُروس - کدبانو - دُلہن - (۷) بہو - جُورو - زوجہ - گھر والی - (مضاف ہو کر یہ معنی دیتا ہے) (۸) زن - عورت - لُگائی - اِستری - جیسے بی بی خیلا دو پٹے ایک میلا - (۹) کلمۂ تعظیم - (جب کسی عورت کا نام عزّت کے ساتھ لینا منظور ہوتا ہے تو اُس کے نام کے اوّل میں بھی یہ لفظ آتا ہے - جیسے بی بی فاطمہؑ - بی بی مریمؑ) (۱۰) کلمۂ محبّت - جب پیار سے کسی لڑکی سے باتیں کرتے ہیں - تو اُس وقت بھی کہتے ہیں - جیسے اکھّو لکھّو بی بی کو اللہ رکھّو - (۱۱) لڑکی صاحبزادی بچّی بیٹی - (ہندو زیادہ بولتے ہیں) (۱۲) خطابِ زن بازن - کلمۂ خطاب مثلِ بُوا - (۱۳) بہن - ہمشیرہ - خواہر بُوا - بھینا - (ہندو اور گنوار بولتے ہیں) (۱۴) بعض اوقات صرف حضرتِ فاطمہ علیہا السلام سے بھی مُراد ہوتی ہے - چنانچہ بی بی کی صحنک - بی بی کی جھاڑُو وغیرہ

بے

بے - حرفِ نفی بمعنی خالی - بغیر - بِن - بِلا +

بے اولادی - بیٹا بیٹی نہ رکھنے والی - اُوت نپُوتی - لاولد +

بے بہرہ - (۱) وہ جو کسی سے فائدہ نہ اُٹھائے - بد نصیب - بدبخت - (۲) آوارہ - ہرزہ گرد - واہی تباہی - خراب - خستہ - (۳) بد تہذیب - بد تمیز - گُستاخ - بے ادب +

بے بہرہ پھرنا - آوارہ پھرنا - خراب و خستہ پھرنا - واہی تباہی پھرنا +

بے بہرہ ہونا - آوارہ ہونا - بد تمیز ہونا - بے سرا ہونا - خود مختار اور آزاد ہونا - کسی کے کہنے پر نہ چلنا +

بے حُرمت کرنا - بے عزت کرنا - ذلیل کرنا - رُسوا کرنا - (۲) کسی کی عصمت و عزت میں فرق لانا + عصمت دری کرنا +

بے حیائی کا بُرقع مُنہ پہ لے لیا ہے (کہاوت) بے شرمی کی چادر اوڑھ لی ہے - بے شرمی کا لباس پہن لیا ہے + بے غیرتی اختیار کرلی ہے +

بے درد - بے رحم - کڑا - نٹھور - ظالم - ستمگر - سنگدل + اپنائی

بے درد قصائی کیا جانے پیڑ پرائی (کہاوت) مجازاً وہ شخص جس میں ہمدردی و رحم دلی مطلق نہ ہو یعنی بے رحم ظالم اپنے ظلم کی پروا نہیں کرتا - بے رحم دوسرے کی تکلیف پر ترس نہیں کھاتا +

بے دردی - (۱) بے رحمی - سنگدلی (۲) ظالم - بے رحم - (یہ معنی نیچ قوم کی گیتوں میں پائے جاتے ہیں - جیسے

بیر

بیدردی بالما پھلجھڑیاں نہ مارو رے +

بے زبان - (۱) چُپ - کم گو - ساکت - خاموش (۲) غریب - مسکین - (۳) مُنہ سے اپنی تکلیف یا حال نہ جتانے والا - حیوان - جانور - حیوانِ مطلق +

بے کس - (۱) بے یار و مددگار - وہ شخص جس کا کوئی ساتھی اور معاون نہ ہو - بے وسیلہ - بے ذریعہ جس کا کوئی حمایتی یا مددگار نہ ہو - (۲) محتاج - غریب - عاجز (۳) مجازاً یتیم - بن باپ کا +

بے کل - (۱) بے تاب - بے چین - بے آرام (۲) مُضطر - بے قرار - بیاکل +

بے نماز - (۱) تارکِ نماز + وہ شخص جو پابند صوم و صلوٰۃ نہ ہو (۲) وہ عورت جو معمولی ناپاکی کے باعث نماز نہ پڑھ سکے - حائضہ +

بے نماز ہونا - میلے سر سے ہونا - ایام سے ہونا - کپڑوں سے ہونا - معمول سے ہونا +

بے وارثی ناؤ ڈانواں ڈول - (کہاوت) یعنی جس کا کوئی سر دھرا نہو اُسکی ہر طرح خرابی و پریشانی ہے - جس ناؤ کا کھیون ہارا نہ ہو وہ بے ٹھکانے ٹکریں کھاتی پھرتی ہے +

بیاج - یا بیانہ (صحیح بیاج) (۱) سود - ربا - خلاف شرع منافع + نفع - منافع - جیسے مُول سے بیاج پیارا ہے - یعنی اصل روپیہ سے سود خوار کو سود زیادہ عزیز ہوتا ہے +

بیاج بٹہ - نفع نقصان (ہندوؤں) فقرہ - جی جی -

بھل

(۳) بدلہ لینا۔ بدلہ اُتارنا۔ سمجھنا۔ (۴) برتاؤ کرنا عملدرآمد کرنا۔ (۵) من سمجھوتا کرنا + راضی رضا کرنا (۶) فراغ حاصل کرنا۔ فُرصت پانا۔ چُھٹکارا پانا۔ نمٹنا+ دے دلا کر فارغ ہونا۔ بانٹ چُونٹ کر فراغت حاصل کرنا۔ جیسے اِس دالان میں مٹھائی تم بانٹو دوسری میں میں بُھگت لُونگی +

بُھلسا دینا۔ جلا دینا۔ کباب کر دینا کوفت پہنچانا۔ جیسے آپ نے بات ہی ایسی کی کہ دل بُھلسا دیا۔

بھناپا۔ بہنیلا۔ مُنہ سے بہن بنانا۔ مُنہ بولی بہن یا دینی بہن بنانا +

بہناپا جوڑنا۔ یا۔ کرنا۔ بہنیلا کرنا۔ بہنیلی بنانا۔ دوستی کرنا۔ سہیلی بنانا +

بُھنڈ پیری۔ یا بُھنڈ قدمی۔ نحس قدم۔ سبز قدم۔ منحُوس۔ وُہ عورت جس کا پیرا بُرا ہو +

بُھوت۔ (۱) لغوی معنی گزرا ہُوا۔ وُہ بدرُوح جو جسم چھوڑنے کے بعد دُنیا میں بھٹکتی پھرتی ہے (۲) پریت۔ خبیث۔ شیطان۔ (۳) نمبر مُچّڑ جن کی طرح لپٹنے والا +

بھوت بننا۔ غُصّے میں آگ ہو جانا۔ غُصّے کی مارے آپے سے باہر ہو جانا۔ آپے میں نہ رہنا۔ غُصّے میں بھر جانا۔ غضبناک ہونا۔

بھولی بامن گائے کھائی اب کھاؤں تو رام دہائی۔

بی

(کہاوت) بُھولے سے دھوکہ کھا کر ہوشیار ہو گئی یعنی بُھول میں خلافِ مذہب عمل ہوا۔ آئندہ کے لئے قسم ہے کہ پھر ایسا نہ ہوگا +

بِھینٹ۔ نذر۔ صدقہ۔ قربانی۔ فدیہ + دیوتا کا بھوگ

بِھینٹ چڑھانا۔ (۱) چڑھاوا چڑھانا۔ نذر دینا۔ نذر پکڑنا (۲) بل دینا۔ بل دان دینا +

بِھینٹ چڑھنا۔ نذر چڑھنا +

بِھیڑ کی لات ٹخنوں تک (کہاوت)، یعنی کمزور کی مار بے کار +

بِھیک۔ (۱) خیرات۔ بِھکشا (۲۔ع) دلھن کی طلب بیٹی لینے کی درخواست بیٹی کی مانگ۔ مجازاً بہو۔ دُلہن۔ جیسے عورتیں جب اُنکی سب بہویں خوبصورت آتی ہیں تو کہتی ہیں کہ ہماری بھیک اچھی تھی +

بِھینا۔ بہن کی تصغیر۔ بہن۔ خواہر۔ ہمشیرہ۔ بُوا۔ بُوبُو +

بی۔ (بی بی کا مخفف) (۱) خطاب بہ زن۔ بیوی۔ بیگم رانی۔ بائی۔ ایک کلمۂ خطاب ہے۔ جو عورتوں سے مخاطب ہوتے وقت کہتے ہیں۔ جیسے کیوں بی کیا کہتی ہو؟)

بی شادی۔ ایک فرضی نام ہے جو عورتوں نے بچّوں کے ڈرانے کے واسطے تجویز کر رکھا ہے۔ جس طرح دال چپاتی ہوّا۔ لُولُو۔ وغیرہ +

بھر

(۵) سیر ہونا۔ چھکنا۔ اگھانا۔ (۶) سہنا۔ جھیلنا۔
جیسے دُکھ بھرنا۔ (۷) اُبھر آنا۔ نمایاں ہو جانا +
کھسرا یا چیچک کا پُورا نکل آنا۔ چیچک کا پُورا پُورا
اُبھار ہو جانا۔ (۸) دینا۔ سلوک کرنا۔ خُفیہ طور پر
مسلوک ہونا۔ چُھپا کر دینا۔ جیسے میکے کو بھرتی ہی
بھائی کو بھرتی ہی۔ (۹) کسی کی طرف سے کسی کے
دل میں بُرائی بٹھانا۔ لگانا۔ بُجھانا۔ افروختہ کرنا۔
جیسے رات ہی رات میں ایسا خاوند کو بھرا کہ ماں
سے بیزار کر دیا۔ کان بھرنا بھی اسی موقع پر بولتے
ہیں۔ (۱۰) (ہندو عو) آسیب اور دیبی وغیرہ کا
سر پر آجانا۔ (۱۱) قرضہ چکانا۔ ادا کرنا۔ جیسے
ساہوکار کی کوڑی کوڑی بھر دی کچھ دینا نہ رہا۔
(چُونکہ یہ فعل ایسا ہی۔ کہ اور لفظوں کے ساتھ مِلکر اَور اَور
معنی بھی پیدا کرتا ہی۔ اور وُہ لفظ اکثر علحدہ بھی اپنی
اپنی جگہ پر لکھے جائینگے۔ اس لئے یہاں دو ایک الفاظ
مِثالاً لکھ کر ختم کر دیتے ہیں۔ جیسے کلمہ بھرنا۔ اس معنی میں
کلمہ مُنہ سے نکالنا۔ ٹانکا بھرنا اس کے معنی ہیں۔ سینا
علیٰ ہذا القیاس اَور بھی اِسی طرح کے بہت الفاظ ہیں)
بھرنا بھرنا۔ سلُوک کرنا۔ مسلُوک ہونا۔ شریکِ اخراجات
ہونا۔ دُوسرے کی مفلسی میں مدد کرنا۔ کسی کا اپنی
طرف سے صرف اُٹھانا۔ سلُوک سے دُوسرے کو

بھنگ

مرفہ الحال بنانا۔ جیسے جب وہ خود نادار ہی تو تمھارا
بھرنا کب تک بھرے + ناجائز اِمداد کرنا۔ (۲)
مُنہ بھرائی یا رشوت دینا۔ جیسے حاکم کو بھرنا یعنی رشوت دینا
بھس میں چنگی ڈال جمالو دُور کھڑی (کہاوت) آگ لگا کر الگ ہو گئی۔ جو عورت دو کو
لڑوا کر آپ الگ ہو جائے اُس کے حق میں یہ کہاوت
بولی جاتی ہی +
بھشٹل۔ (صحیح بھشٹ) (۱) قابل نفرت۔ گھناؤنی (۲)
کثیف۔ نجس۔ گندی۔ بھشٹ +
بہشت۔ (۱) باغ۔ باغِ اِرم۔ گلشن۔ گلزار +
جنت۔ فردوس۔ خلد۔ بیکنٹھ۔ دوزخ کا نقیض
(۲) آسایش و آرام کی جگہ۔ مقام راحت۔ مقام فرحت و جائے صفا
بہشت میں لات مارنا۔ (۱) جنت کا مستحق نہ رہنا
ماں باپ کے ساتھ بدسلوکی یا بُرائی کرنا + حقِ
فرزندی ادا نہ کرنا۔ (۲) نیکوں کے ساتھ بدی
سے پیش آنا۔ یا ماں کو ستانا۔ کیونکہ اُن کے
ساتھ بُرائی کرنی اپنی عاقبت بگاڑنی۔ اور دوزخ
میں گھر کرنا ہے +
بھکوسنا۔ (حقارتاً) کھانا۔ نگلنا۔ ڈکُنا +
بھگت لینا۔ برداشت کر لینا + سمجھ لینا +
بھگتنا۔ (۱) بھرنا۔ نباہ کرنا (۲) جھیلنا۔ برداشت کرنا

بھٹ

یعنی وہ سونے کا زیورِ گوش بھاڑ میں جائے جس سے
کانوں کو دُکھ پہنچے۔ تکلیف دِہ چیز کے ہونے
سے نہونا بہتر ہے +

بِھٹّنی۔ یا بِٹّنی ۔ سرِپستانِ زناں۔ حَلَمہ۔ چھاتی کا مُنہ +

بِھٹّی ہُو جانا۔ سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔ سایہ کی طرح لپٹا رہنا۔ چمٹ جانا۔ ہمزاد بنجانا۔ جم ہو جانا +

بُھجّ بند۔ ایک زیور کا نام ہے جسے بازُو بند کہتے ہیں +

بُھچک رَہ جانا۔ حیران و مُتحیّر ہو جانا۔ حیرت میں رہنا + متعجّب ہونا۔ ہک دھک رہنا۔ ہکّا بکّا ہو جانا +

بَھدرک۔ (۱) استقلال۔ استحکام۔ اُستواری جیسے اُسکی بات میں بھدرک نہیں (۲) وقعت۔ اعتبار (۳) سلیقہ سگھڑپن +

بھر۔ (۱) برائے اظہار مقدار۔ جیسے تولہ بھر۔ رتّی بھر۔ پاؤ بھر۔ سیر بھر وغیرہ (۲) تمام سب کا سب۔ سارا جیسے اُنکے جانے کا گھر بھر کو رنج ہوا۔ دِن بھر یعنی تمام دن رات بھر تمام رات وغیرہ +

بھر مُٹّھی۔ (۱) مٹّھی بھر کر پُوری مٹّھی + لب بھر کر (۲) بکثرت۔ بافراط۔ ڈھیروں جیسے نام نمود کی خاطر بھر مٹّھی روپیہ اُٹھا دینا کونسی عقلمندی کی بات ہے +

بھر مُنہ یا مُنہ بھر کے۔ (۱) کسر نہ رکھکر۔ کمی نہ کر کے کامل طور پر (۲) خاطر خواہ +

بھرا بھتولا۔ (۱) رچا بچا۔ فارغ البال۔ (۲) باروَر۔

بھر

صاحبِ اَولاد (۳) بھرا پُرا۔ اثاثے اور اٹالے سے پُر + معمُور۔ جیسے بھرا بھتّولا گھر چھوڑ کر چلی آئی۔ بھرا بھتّولا گھر جلکر خاک سیاہ ہوگیا + (نیز بھرا بتولا) +

بَھرا بَھرا گھر۔ حد سے زیادہ معمُور گھر۔ بھرا پُرا گھر + مزیّن اور بارونق گھر۔ (مجازاً) خالی گھر جیسے بچّوں کے چلے جانے سے بھرا بھرا گھر لگنے لگا +

بَھرا پُرا۔ (۱) رچا بچا۔ آسُودہ۔ دھنوان۔ فراغبال۔ فارغ البال (۲) باروَر۔ ثمردار۔ پُر ثمر + آس اولاد والا۔ صاحبِ اولاد +

بَھرا گھر۔ اثاث البیت اور خانگی سامان سے معمور گھر جیسے بھرا گھر چھوڑ کر چلی گئی +

بَھرَم۔ (۱) گمان۔ ظن۔ (۲) ساکھ۔ اعتبار + بھروسا +

بھرم باندھنا۔ ساکھ جمانا۔ ہوا باندھنا۔ اعتبار جمانا +

بَھرَم کرنا۔ یا رکھنا۔ (۱) گمان کرنا۔ شک کرنا۔ شُبہ کرنا (۲) بدگمان ہونا۔ بدظن ہونا +

بھَرم کھلنا۔ یا کُھل جانا۔ (۱) بھید کھلنا۔ راز فاش ہونا۔ قلعی کھلنا۔ (۲) ساکھ جانا۔ اعتبار اُٹھنا +

بھرنا۔ (۱) پُر ہونا۔ معمور ہونا۔ لبالب ہونا۔ خالی نہ رہنا + لبریز ہونا۔ (۲) رُکنا۔ اَٹنا (۳) پورا ہونا۔ کامل ہونا۔ تمام ہونا۔ جیسے اللہ رکھّو اُنکے بچہ کو چار بھر کر پانچواں لگا۔ (۴) نباہ کرنا۔ نباہنا + گزارنا۔ بھگتنا۔ جیسے شریف زادیاں + بدسے + خاوند کو بھی بھرتی ہیں اُنکے خاندان کی لڑکیاں بھرنے والی ہیں، گھر اجاڑ دیں

بھائیں بھائیں کرنا - ویرانہ برسنا - کاٹ کھانے کو دوڑنا +

بَھَبُوکا - (۱) شعلہ - شرارہ - (۲) لال انگارا - نہایت سُرخ - چُہچُہاتا - (۳) نُور کا پُتلا - آتش کا پرکالا - نہایت گورا - صبیح - حسین - (۴) سفید - بُرّاق - پِٹّا - (۵) نہایت تاباں - روشن - درخشاں -

بَھَبُوکا بَننا - یا - ہُونا - آگ بننا - آگ بگولا ہونا - نہایت افروختہ ہونا - (آگ بھبوکا زیادہ بولتی ہیں) + غضب میں بھرنا

بَھَبُوکی اُٹھنا - شعلے اُٹھنا - بھاپ اُٹھنا + غصّے کے مارے بخار چڑھ آنا - کسی بات سے آگ لگ جانا -

بُہتان - تہمت - اِلزام - ناحق کا قصُور +

بُہتان جوڑنا - یا رکھنا - الزام لگانا - عیب دھرنا - کلنک لگانا - طُوفان اُٹھانا - طُوفان جوڑنا +

بُہتان لگانا - تہمت لگانا - الزام لگانا - ناحق قصُوروار ٹھیرانا +

بُہتان لینا - تہمت دھرنا - تہمت رکھنا +

بُہتانی - طُوفانی - تہمت رکھنے والا - الزام لگانے والا - بدگمانی پھیلانے والا +

بُھتنا - (۱) بھُوت کی تصغیر - خبیث - پلید - ناپاک - یا بد رُوح پریت - (۲) بدصُورت - کالا بھجنگ - (۳) رمٹّی میں اتھڑا ہوا - بھُوت بنا ہوا - کیچڑ میں سنا ہوا +

بُھتنی - (۱) چُڑیل - بلا - ڈائن - خبیثنی - پریتنی - (۲) بدصورت - بدشکل - بھونڈی +

بُہت ہی بُہت ہے - نہیں ہے - بالکل نہیں ہے - برکت ہے - آگے جاؤ - (تفاؤلاً نفی کے بجائے اثبات میں استعمال کرتے ہیں)

بَھتّی - وہ چاول جو ماتم میں پکاکر میّت والے کے گھر کنبہ والے بھیجا کرتے ہیں + حلوائے مرگ طعامِ ماتم - کڑوی کھچڑی - حاضری +

بَھتّی پکاؤں - (۱) تیرا حلوائے مرگ تیار کروں تیری حاضری پکاؤں - (۲) تیرا ماتم کروں - تجھ رووُں - تجھے پیٹوں - (سخت کوسنا ہے) +

بَھتّی کھائے - عورتیں اپنی سخت قسم دلانے کے واسطے زبان پر لاتی ہیں - ہمارا مرنا چاہے - ہمیں پیٹے - ہمارا ماتم کرے - ضمیر متکلم کے ساتھ بولتی ہیں -

بَھتیجا - بھائی کا بیٹا - برادر زادہ +

بَھتیج بہُو - بھتیجے کی بیوی - بھائی کے بیٹے کی جورو - زنِ برادر زادہ +

بَھتیج دَاماد - بھتیجی کا خاوند - بھائی کی بیٹی کا دولہا -

بَھتیجی - بھائی کی بیٹی - برادر زادی +

بَھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان - (کہاوت)

بھا	بھا

جیسے لڑائی بگڑ گئی بھاگڑ پڑ گئی۔ (۲) بھاگنے کی
سُوجھنا۔ بھاگنے کی پڑنا۔ بھاگنا۔ افراتفری یا ہلچل ہونا۔
بھاگوان ۔ (۱) صاحب نصیب۔ اِقبال مند (۲)
دولت مند۔ دھنی (۳) سخی۔ کریم۔ فیّاض۔ داتا
(۴) نیکبخت۔ سعادت مند۔ بھلا مانس۔ شریف
بزرگ منش (۵۔ مجازاً) بدنصیب۔ بدقسمت +
بھانجا ۔ بہن کا بیٹا۔ خواہر زادہ +
بھانجی ۔ بہن کی بیٹی۔ خواہر زادی +
بھانجی ۔ کسی کے ہوتے ہوئے کام میں خلل ڈالنا۔
رخنہ نکالنا۔ رخنہ اندازی +
بھانجی مارنا ۔ (۱) رخنہ ڈالنا۔ کسی کی بھلائی میں
خلل انداز ہونا۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا۔
ہوتے ہوئے کام میں اڑنگا لگانا +
بھانڈا ۔ مٹی کا برتن۔ ظرفِ گلی + ہانڈی۔ ہنڈا۔
(۲) مجازاً۔ بھید +
بھانڈا پھوٹنا ۔ (۱) ہانڈی ٹوٹنا (۲) مجازاً افشائے
راز ہونا۔ بھید کھلنا +
بھانڈا پھوڑ ۔ بھید کو کھول دینے والا۔ افشائے راز
کرنے والا۔ غمّاض۔ چغل خور +
بھانڈا پھوڑنا ۔ افشائے راز کرنا۔ کسی بات کا
کھول دینا۔ بھید ظاہر کر دینا +

بھاؤ بتانا ۔ ناچنے میں ہاتھ یا اور اعضا کے اشارہ
سے گیت کے الفاظ کا روپ دکھانا +
بھاوج ۔ بھائی کی جورو۔ بھابی۔ زنِ برادر +
بھاویں۔ یا۔ بھائیں[۱] ۔ (۱) نزدیک۔ دیکھے۔
حساب۔ جیسے اُنکے بھاویں کچھ ہی ہوا کرے۔ (۲)
اثر۔ خیال۔ توجہ۔ خبر۔ (۳) خواہ۔ یا۔ چاہے۔
جیسے بھاویں یہ لو بھاویں وہ۔ + بھاویں
پاس پڑوسی بھی نام دھرو۔ بن ہولی کھیلے نہ
جاؤنگی بنواری جو ہو سو ہو۔ (ہولی)
بھاویں نہ ہونا ۔ خبر نہ ہونا۔ اثر نہ ہونا۔ خیال نہ ہونا۔
جیسے میں کیسی ہی جان ماروں سر سے کنواں
کھودوں۔ مگر تمہارے بھاویں نہیں +
بِھائی ۔ بِہ ماتا۔ (اہل ہند کے اعتقاد میں ایک رُوح ہے
جو ننھے بچوں کو کھلایا کرتی ہے جب وہ اُن کے کان میں
کہتی ہے کہ تیری ماں مرگئی تو بچے کی رونے کی صُورت
ہو جاتی ہے یعنی بسورنے لگتا ہے۔ اور جب وہ بیان کرتی ہے
کہ نہیں جیتی ہے تو خوشی کی صُورت بنجاتی ہے یعنی مُسکرانے لگتا ہے
درحقیقت یہ ایک خواب ہوتا ہے جو بچے دیکھکر کبھی سوتے
میں ہنسنے کی کیفیت ظاہر کرتے ہیں اور کبھی ڈرنے یا رونے
کی)۔ (۲) ایک گیت کا نام ہے جو بچہ پیدا ہونے پر
سب سے اوّل ہندوؤں میں گایا جاتا ہے۔

[۱] پورب میں بولتے ہیں۔

بھا

میرا ہی دم بھاری ہے (۳) نحوس۔ نامساعد۔ وبالِ جان (۴) جن و پری کا گزر۔ آسیب کا مسکن۔ جیسے یہ گھر بھاری ہے (۵) وہ چیز جس پر بہت سا کلا بتّونی کام کیا ہوا ہو۔ بیش قیمت۔ قیمتی۔ جیسے بھاری جوڑا (۶) کثیر۔ بہت۔ جیسے بھاری خرچ (۷) طویل۔ دراز۔ لمبا۔ جیسے بھاری سہرا۔ بھاری رستی +

بھاری پتھر۔ (۱) وزنی پتھر۔ بوجھل چیز (۲) بن بیاہی بیٹی۔ جس کی شادی کرنے کا بوجھ ماباپ پر ہوتا ہے (۳) ناممکن الحصول۔ قابو سے باہر۔ امکان سے باہر +

بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا۔ اپنی طاقت اور بساط سے باہر کام کو ہاتھ نہ لگانا۔ دشوار کام سے باز رہنا۔ مقدور سے باہر کام نہ کرنا +

بھاڑ میں پڑے یا جائے } (کلمۂ تنفر) چولھے میں جائے آگ لگے۔ غارت ہو۔ (جب کوئی بات مرضی کے خلاف ہو تو اس سے اکراہ ظاہر کرنے کے واسطے بھی یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں +

بھاڑ میں جھونکنا۔ (۱) آگ یا چولھے میں ڈالنا۔ جلانا (۲) پھینکنا۔ ضائع کرنا۔ جیسے تو کو نہ موکرے بھاڑ میں جھونکو +

بھا

بھاگ۔ (۱) نصیب۔ قسمت۔ مقسوم۔ پرالبدھ۔ کرم (۲) اقبال۔ خوش نصیبی جیسے روپ روئے بھاگ کھائے +

بھاگ بھرا۔ (۱) طالع ور۔ خوش نصیب۔ بھاگوان اقبال مند (۲) طنزاً بر بھاگا۔ بدنصیب۔ (چونکہ عورتیں بری لفظ کو زبان پر لانا بھی برا خیال کرتی ہیں اس وجہ سے اچھے لفظوں سے وہی مراد ہوتی ہے۔ جیسے بدنصیب کی جگہ صاحب نصیب)

بھاگ بھری۔ (۱) صاحب نصیب۔ قسمت والی۔ اقبال مند (۲) ہندو عورتوں کے ایک تیوہار کا نام جو تحویلِ آفتاب میں منایا جاتا ہے +

بھاگ پھوٹنا۔ (ہندوع) نصیبا پھوٹنا۔ بدنصیب ہونا۔ زمانہ کا نامساعد ہونا +

بھاگ کھلنا۔ (۱) نصیب جاگنا۔ طالع کا بیدار ہونا (۲) شادی ہونا۔ بیاہ ہونا +

بھاگ لگنا۔ (۱) صاحب نصیب ہونا۔ دن پھرنا۔ حسبِ مراد کام ہونا۔ اقبال سامنے آنا (۲) (طنزاً) اترانا۔ تمکنت کرنا۔ مغرور ہونا +

بھاگڑ۔ خوف کے مارے بھاگنے کی جلدی۔ ہلچل۔ ہڑبڑ گھبراہٹ۔ گھبری۔ تلملی۔ اضطراب +

بھاگڑ پڑنا۔ یا مچنا۔ (۱) ہلچل پڑنا۔ ہل چل مچنا۔

بوڑ

بُوڑھا چونچلا - بڑھاپے کا نخرا - پیرانہ سالی میں ناز و نخرہ +

بُوڑھا چونچلا جنازی کیسا (کہاوت) (۱) مرنے کو تو بیٹھی ہو اور پھر پیرانہ ناز کرتی ہو - (۲) بڑھاپے میں جنازے سے ہی نخرہ کرنا چاہیے

بُوڑھا چونڈا - (۱) سفید سر - گالا سے بال - (۲) بڑھاپا - پیری - پیرانہ سالی - جیسے میرے بوڑھے چونڈے کو تو کلپ نہ لگاؤ +

بُوڑھا چونڈا ہلانا - بڑھاپے میں جوانوں کی طرح ناز کرنا - سفید بال لیکر معشوقانہ انداز دِکھانا یا نخرا کرنا - (طنزاً بولتے ہیں)

بُوڑھی جُروا - بڑی عمر کی عورت - عمر رسیدہ عورت

بُوغما - (۱) (لغوی معنی) ہرزہ - بیہودہ - (۲) ناچیز - بے حقیقت - معدوم صفت - (۳) زنِ فربہ - موٹی پھپھس - بھونڈی - بدصورت - بے ڈھنگی - بدشکل - اور بھدّی عورت (۴) اصطلاحاً چڑیل بلا - بھتنی - چنانچہ بلا بوغما مترادف ہیں - (۵) چیتھڑے گدڑے - گوڑا کرکٹ - الا بلا - گودڑ گاوڑ -

بُوکھلانا - مضطرب ہونا - بیقرار ہونا - دِیوانوں کی طرح پھرنا - دِیوانہ باؤلا ہونا - بولانا +

بُول - (۱) سخن - بات - قول (۲) کلمہ - کلام - (۳) حکم - جیسے بول بالا - (۴) گیت کا ٹکڑا - انترہ

بھار

(۵) طعنہ طنز زبان جیسے سُن ری ڈھول بہو کے بول - (۶) نام عزّت - پت - (دوہرا) ؎

پنچن میں میری پت رہے اور سکھیں میں رہے بول

سائیں سے سانچی رہوں باج باج ری ڈھول

بُول سُنانا - باتیں سُنانا - طعنے دینا - خفگی ظاہر کرنا بھوگ سُنانا - بُرا بھلا کہنا +

بُول مارنا - (۱ - گیتوں میں)[1] طعنہ مہنہ دینا - (۲) جب طعن کے ساتھ کہیں گے تو اُسکے معنی بات سُنکر پی جانا یا سنی ان سنی کرنا +

بولانا - باؤلا بنانا - (۱) گھبرانا - گھبرا دینا - ہاتھ پاؤں پھلا دینا - دوسرے کو بدحواس کرنا - دِیوانہ بنانا - جیسے تم نے اُسے بولا دیا - (۲) حواس باختہ ہونا - دِیوانہ بنتا جیسے مجھے بولاؤ مت کام کر لینے دو

بوندسا دِن - بہت چھوٹا سا دِن - ہوا سا دن -

بَہار - (۱) بسنت رُت - پھول کھلنے کا موسم - (۲) رونق - کیفیت - جوبن - جیسے یہ وہ بیوی تھیں جنھوں نے ہماری دِلّی شہر کی پُوری بہار دیکھی تھی -

بھارکس - (صحیح بارکش) بوجھ لادنے کا چھکڑا یا گاڑی -

بُہاری - بھاڑو - جاروب - سوہنی -

بھاری - (۱) بوجھل - وزنی - وزن دار گران (۲) ناگوار خاطر - اجیرن - دُوبھر - جیسے ایک

[1] جیسے کاہے ری نند یا مارے بول کے تو دکھاؤں میں جیرا کھول -

عدمہ پہنچانا ۔ جیسے کواری کھائے روٹیاں بیاہی کھائے بوٹیاں +

بوٹیاں نوچنا ۔ (۱) چٹکیاں لینا ۔ (۲) خون پینا ۔ خون چوسنا ۔ (۳) اخراجات کے واسطے بیٹی یا داماد وغیرہ کی رقمیں لینا + خرچ کرنے کو مانگنا +

بوجھ اُٹھانا ۔ (۱) بار برداشتن کا ترجمہ (۲) خرچ برداشت کرنا ۔ کسی کا خرچ اپنے ذمہ لینا ۔ (۳) کام سنبھالنا ۔

بوجھ پڑنا ۔ (۱) دباؤ پڑنا ۔ (۲) فکر ہونا ۔ فکرِ معیشت ہونا ۔ (۳) خرچ ذمہ لگنا ۔ جیسے جب جورو کا بوجھ پڑیگا تو آپ کمانے کی فکر کریگا +

بوجھ سر پر ہونا ۔ کسی کام کے پورا کرنے کا فکرِ دامنگیر ہونا ۔ احسان اُتارنے یا قرض یا فرض ادا کرنے کا خیال سر پر چڑھا رہنا +

بوجھ ۔ پہیلی کا جواب +

بوجھ بجھوّل ۔ چیستاں بازی ۔ پہیلیاں بوجھنے کا کھیل ۔ بوجھ پہیلی +

بوچی ۔ (۱) بن کانوں کی ۔ کن کٹی ۔ گوش بریدہ ۔ (۲) کانوں کے زیور سے ننگی ۔ (۳) ننھے ننھے کانوں والی ۔ چھوٹے چھوٹے کانوں والی +

بورا ۔ روٹی کا ریزہ ۔ کھانے پینے کی چیز کا ریزہ + چورا ذرہ جیسے غصہ کے مارے روٹی کا بورا تک منہ میں نہیں گیا +

بور بور کرنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ دھجی دھجی کرنا ۔ پاش پاش کرنا ۔ آٹا آٹا کرنا ۔ جیسے نامراد اصلی میری آب رواں کا دوپٹہ بور بور کر لائی +

بور سہاگن ۔ (صحیح بوڑھ سہاگن) ۔ (دعا) بڑھاپے تک سہاگن رہو ۔ سائیں (خاوند) جیئے ۔ (بڑی بوڑھی عورتیں اپنے سے چھوٹی عمر والی سہاگنوں کو یہ دعا دیتی ہیں)

بور کے لڈو ۔ ایک قسم کے گیہوں کی بھوسی کے لڈو جو نہایت عمدہ کھانڈ سے غلیفے ہوئے ہوتے ہیں ۔ اور سستے ہونے کے باعث اکثر لوگ دھوکا کھا کر خرید لیتے ہیں ۔ حالانکہ بیچنے والے کی صدا بھی یہی ہوتی ہے کہ "بور کے لڈو کھائے تو پچتائے نہ کھائے تو پچتائے" مگر لوگ اس پر بھی خرید لیتے ہیں ۔ پس اب دھوکے کی مٹھائی ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ اور دہ باطن ایچ کے موقع پر بولتے ہیں ۔ اور نیز وہ کام جو دیکھنے میں بھلا اور حقیقت میں بُرا اور بے فایدہ ہو ۔ یا اُس کے کرنے نکرنے دونوں صورتوں میں پشیمانی اُٹھانی پڑے +

بوڑھا بالا برابر ہوتا ہے (کہاوت) بچے اور بوڑھے آدمی کی عقل یکساں ہوتی ہے ۔ یعنی دونوں بھولے بھالے اور مسلوب الحواس ہوتے ہیں +

بوڑھا بوبک ۔ (حقارتاً) پیر نابالغ ۔ بیوقوف بڈھا +

بوٹ

سے مخاطب ہو کر بولیں۔ (اہل قصبات اِن معانی میں مستعمل کرتے ہیں) (۲) اہلِ قلعہ کے محاورے میں وہ ذی عزت بوڑھی کنیز جس کی گود میں ماں نے پرورش پائی ہو (۳) مدخولہ۔ حرم +

بُوتا - (۱) بل۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ (۲) مقدور۔ لیاقت۔ قابو۔ بس۔ مقدرت +

بُوٹا سا قد - چھوٹا سا قد۔ ٹھمکا قد۔ پستہ قد۔ میانہ قد۔ سُہانا قد۔ قدِ موزوں۔ ٹھگنا سا قد۔ مٹھرا قد +

بُوٹی - (۱) پارۂ گوشت۔ گوشت کا چھوٹا ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکا۔ (۲) مضغۂ گوشت۔ لوتھڑا۔ پارۂ گوشت (۳) چڑیا کا نوزائیدہ بچہ۔ پرند کا وہ بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں۔ بن پروں کا بچہ (یہ صفت میں) نہایت سُرخ نہایت لال جیسے آنکھ بوٹی ہو رہی ہے +

بوٹی بوٹی پھڑکنا۔ یا۔ تھرکنا - (۱) عضو عضو کا متحرک ہونا۔ نس نس پھڑکنا۔ تھرنہ رہنا۔ (۲) نہایت چنچل ہونا۔ چلبلا ہونا۔ چلانہ بیٹھنا۔ اچپلاہٹ کرنا۔ (نہایت شریر اور چلبلے کے حق میں بولتے ہیں) جیسے اسکی تو بوٹی بوٹی پھڑکتی ہے (۳) رقاصانہ حرکت کرنا ہر ایک عضو کو جنبش دینا +

بُوٹی چڑھنا - جسم بننا۔ موٹا ہونا۔ فربہی آنا۔ فربہ

بوٹ

ہونا۔ تیار ہونا +

بُوٹی سا - (۱) بوٹی کی مانند سُرخ (۲) بن بال و پر کا +

بُوٹیاں - بوٹی کی جمع۔ گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے +

بوٹیاں اُڑانا - (۱) پُرزے اُڑانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) قیمہ قیمہ کرنا۔ (۳) دھجی دھجی کرنا بھری ہوئی روئی کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جیسے رضائی کی بوٹیاں اُڑادیں۔ بھری ہوئی لحاف کی بوٹیاں اُڑادیں +

بُوٹیاں توڑنا۔ یا۔ نوچنا - (۱) جسمانی یا روحانی خواہ مالی تکلیف دینا۔ ستانا۔ دُکھ دینا۔ جیسے کوئی کھائے روٹیاں بیاہی توڑے بوٹیاں (۲) چٹکیاں لینا۔ کاٹنا۔ ڈنک مارنا۔ جیسے دن کو گرمی نہیں سونے دیتی رات کو کھٹمل بوٹیاں توڑتے ہیں (۳) گوُونا۔ طعنہ مہنا دینا۔ جیسے ساس بوٹیاں توڑتی ہے ادھر نند تُوتنئے جوڑتی ہے +

بُوٹیاں کاٹنا - (۱) قیمہ کرنا (۲) جسمانی سخت سزا دینا پُرزے اُڑانا (۳) نہایت غصہ ہونا۔ جھلّانا۔ لال پیلا ہونا۔ (ان معنوں میں لفظ اپنے۔ کے ساتھ بھی اس کا استعمال ہوتا ہے) (۴) مچھر یا کھٹمل وغیرہ کا بدن پر کاٹنا خون پینا۔ خون چوسنا۔ جیسے مچھر بوٹیاں کاٹ رہے ہیں +

بُوٹیاں کھانا - صدمہ دینا۔ فکر میں مبتلا کرنا۔ رُوحانی

بند

منّت بڑھانا۔ (جن عورتوں کے بچے نہیں جیتے وہ اکثر اپنے بچوں کے کان چھید کر بُندا پہناتی ہیں۔ تاکہ یہ غلام ہوکر جی جائے جب وہ بچہ بڑا ہو جاتا ہی تو اُتار لیتی ہیں۔ چنانچہ ایسے بچوں کا نام بھی بُندو رکھ دیا کرتی ہیں عورت کے لئے بُندی اور بُندو بواو مجہول +

بَندر کا گھاؤ۔ (کہاوت) یعنی بیوقوف اپنی مصیبت آپ بڑھاتا رہتا ہی۔ چونکہ بندر اپنے زخم کو نوچ نوچ کر اسقدر بڑھا دیتا ہی۔ کہ وہ کبھی اچھا نہیں ہونے پاتا اس وجہ سے جو زخم کبھی اچھا نہیں ہوتا یا جو مصیبت کبھی نہیں ٹلتی اُسکی نسبت بولتے ہیں +

بَنْدُوڑی۔ (۱) باندی کی تصغیر۔ کنیزک۔ چیری۔ پرستارزادی (۲) نہایت ذلیل اور کم رُتبہ لونڈی بدخُو اور بدمزاج باندی (۳) حرم۔ سُریّت۔ گھر میں ڈالی ہوئی لونڈی وہ لونڈی جسے بیوی بنالیں +

بَنْدھوا۔ (۱) بندھا ہوا۔ دست و پابستہ (۲) قیدی اسیر (۳) غلام۔ باندی۔ کنیزک۔ کنیز +

بَنْدھی مُٹھی۔ (۱) سربستہ۔ سربند۔ پوشیدہ۔ رازبستہ (۲) سُلوک۔ اِتفاق۔ جتھا۔ اِیکا۔ کُنبہ کا اِتفاق۔ جیسے بندھی مُٹھی لاکھ برابر۔ (۳) یکمشت۔ اِکھٹا۔ مجموع۔ (۴) بے اندیشہ بیخوف۔ بے کھٹکے +

بَنْڑا۔ (۱) دُولہا۔ نوشہ (۲) خاوند۔ پُرش۔ سوامی

بوب

(۳) دُولہا کا گیت۔ جو بیاہ شادی میں گایا جائے (بنا کی تصغیر بالمحبت) +

بَنْڑی۔ دُلہن عُروس۔ بنی۔ (بنی کی تصغیر بالمحبت) +

بَنْکارنا۔ غُل مچانا۔ شور مچانا۔ چلّانا + دُند مچانا +

بَنْگڑی۔ ایک قسم کی کانچ کی بلدار چوڑی۔ (در اصل بانگڑی) +

بَنّو یا بَنُّو۔ (بانو کا مُخفّف) - (۱) بیوی۔ بیگم۔ خانم (۲) جب چھوٹی لڑکیوں کو کہتے ہیں تو وہاں پیار سی لاڈلی سے غرض ہوتی ہی (۳) لفظِ خطاب جیسے بہن بُوا۔ جی جی۔ بیوی وغیرہ (۴) دُلہن عُروس۔ (بلاتشدید بھی جائز ہی۔ جیسے بن آیاری بنو تیرا ابنا۔ بن آیا (گیت) +

بَنیا بھی اپنا گُڑ چھپا کر کھاتا ہے (کہاوت) یعنی اپنا عیب ظاہر کرنے سے چھپانا بہتر ہے +

بَنی ٹھنی - آراستہ و پیراستہ۔ مزیّن۔ بناؤ سنگار کئے ہوئے +

بُوا۔ (۱) بہن۔ خواہر۔ بھینا۔ ہمشیرہ (۲) کلمۂ خطاب جو عورتیں آپس میں مخاطب ہوتے وقت زبان پر لاتی ہیں (۳ ہندو) پھپّی باپ کی بہن +

بِوائی پھٹنا۔ اِیڑی یا اُنگلیوں کے گھائی میں زخم پڑنا۔ مجازاً تکلیف اُٹھانا۔ دُکھ سہنا۔ مصیبت پڑنا۔ جیسے جسکی نہ پھٹی ہو بِوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی +

بُوبُو۔ (۱) بہن۔ خواہر۔ بُوا۔ وہ لفظ جس کے ساتھ بہن

بَنَّا - (۱) ہوسکنا۔ ممکن ہونا۔ جیسے جس طرح بنے سے آؤ (۲) امیر ہونا۔ دولتمند ہونا۔ جیسے ہمارے دیکھتے دیکھتے بن گئے۔ (۳) خوش ذائقہ ہونا۔ جیسے زمینو پڑنے سے یہ چیز بنگئی۔ (۴) آراستہ ہونا۔ سنگار کرنا۔ بنّا سنورنا۔ (۵) تیّار ہونا۔ مکمّل ہونا۔ درست ہو جانا۔ بن چکنا۔ (۶) تصنیف و تالیف ہونا۔ جیسے کتاب بنّا (۷) ہونا۔ جیسے دوست بنّا۔ بیٹا بنّا (۸) قایم رہنا۔ سلامت رہنا۔ زندہ رہنا۔ بطریقِ دعا۔ جیسے بنے رہو۔ (۹) تعمیر ہونا۔ چُنا جانا۔ جیسے مکان بننا۔ (۱۰) موافقت ہونا۔ صلح رہنا۔ جیسے میاں بیوی کی نہیں بنتی (۱۱) بیتنا۔ گزرنا۔ جیسے مجھ پر تو بُری بن رہی ہے۔ (۱۲) رُوپ بھرنا۔ بھیس بدلنا۔ جیسے جوگی اور سوانگ بننا (۱۳) موقع ملنا حسب مراد ہونا جیسے بدمعاشوں کی بن گئی (۱۴) وارد ہونا۔ پڑنا۔ جیسے جان پر بننا (۱۵) صاف ہونا۔ پھٹکا جانا جیسے اناج بنّا

بنّا سنورنا - سنگار کرنا۔ کنگھی چوٹی سے درست ہونا۔ آراستہ پیراستہ ہونا۔ مزیّن ہونا + گہنا پاتا پہننا +

بناو - (۱) آراستگی۔ تکلُّف۔ ٹیپ ٹاپ۔ سجاوٹ۔ آرایش۔ زیبایش + سنگار۔ (۲) سنوار۔ بگاڑ کے خلاف (۳) موافقت + دوستی +

بناو سنگار - دیکھو (بناو نمبر ۱)

بناو کرنا - (۱) سنگار کرنا۔ آراستہ کرنا ٹیپ ٹاپ کرنا۔ (۲) سنورنا۔ آراستہ ہونا۔ کنگھی چوٹی سے درست ہونا۔ کپڑا لتّہ پہننا +

بَنَج - (۱) بیوپار۔ خرید و فروخت۔ تجارت۔ سوداگری۔ لین دین۔ (۲) رشتہ ناتا۔ بیاہ شادی۔ جیسے بیٹا بیٹی کا بنج +

بَنْد - (۱) جوڑ۔ عضو۔ جوارح۔ (۲) گرہ۔ گانٹھ۔ (۳) تنی وہ ڈورا یا پتلا سلا ہوا فیتہ جس سے انگرکھا۔ انگیا وغیرہ باندھتے ہیں۔ (۴) رازدار۔ ہمراز۔ جیسے چھوٹی نند انگیا کا بند بڑی نند بجلی بسنت (۵) گھٹا ہوا۔ گھرا ہوا۔ تنگ۔ وہ مکان جو دلکشا نہ ہو

بُند بُند - (۱) جوڑ جوڑ۔ ہر ایک عضو۔ (۲) گرہ گرہ۔ (۳) رُکا رُکا۔ چُپ چُپ منقبض۔ افسردہ۔ پژمردہ

بند بند جُدا کرنا - جوڑ جوڑ سے کاٹ ڈالنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پُرزے پُرزے اُڑانا +

بند بند جکڑنا - ہر ایک عضو کا اینٹھ جانا۔ جوڑ جوڑ میں درد ہو جانا۔ ورد رم جانا۔

بند بند میں درد ہونا - جوڑ جوڑ دُکھنا۔ اعضا شکنی ہونا

بُندا - آویزہ۔ گوشوارہ۔ ایک صراحی دار نگینہ ہوتا ہے جسے عورتیں کان میں پہنا کرتی ہیں +

بُندا بڑھانا - (۱) بُندا کان میں سے اُتارنا۔ (۲)

بلی

جو شیر سے مشابہت رکھتا اور اکثر چوہوں وغیرہ کا شکار کرتا ہی۔ اِسے گھر میں اکثر پالتے ہیں۔ (۲) وہ لکڑی جو کواڑوں کے اندر کنڈی کی بجائے لگاتی ہیں

بِلّی اُلانگنا ۔ (۱) بلّی کا راستہ کاٹ کر آنا (۲) لڑنے جھگڑنے کو آنا۔ (چونکہ جہلا بلّی کے راستہ کاٹ جانے یا بِلّی کے نکل جانے کے بعد اُس راستے سے آنیکو منحوس اور علامتِ فتنہ خیال کرتے ہیں۔ اِس لحاظ سے جو شخص آتے ہی ٹیڑھی ترچھی باتیں کرنے لگتا ہی اُس کی نسبت کہتے ہیں کہ تم بِلّی اُلانگ کر تو نہیں آئے؟) (جاہل لانگنے کی جگہ لانگنا بولتے ہیں۔)

بِلّی بھی لڑتی ہی تو مُنہ پر پنجہ دھر لیتی ہی ۔ (کہاوت) یعنی حیوان بھی تو لڑنے میں شرم کرتے ہیں +

بِلّی کے بھاگوں چھینکا ۔ بدقسمت کا نصیبا جاگنا جیسے مجھے تو یہ لڑکا بِلّی کے بھاگوں چھینکا ہے +

بِلّی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا ۔ (کہاوت) یعنی خواہشمند کا نصیبے سے کام بن گیا +

بِلّی کو خواب میں چھیچھڑے ۔ (کہاوت) یعنی ہر شخص کو خواب بھی اپنے مطلب کا دکھائی دیتا ہے +

بِلّی لوٹن ۔ سُنبل الطیب ۔ بالچھڑ ۔ بادرنجبویہ ۔ (ایک قسم کی خوشبودار گھانس جس کی خوشبو پر بلّی عاشق ہے دوم درجہ میں گرم خشک

بنا

بِن ۔ بغیر ۔ بلا +

بِن آئی ۔ بے موت + مرگِ ناگہاں ۔ قبل از وقت مرنا۔

بِن آئی مرنا ۔ (۱) قبل از وقت جان دینا۔ بے موت مرنا۔ ناحق جان دینا + پوری عمر کو نہ پہنچنا۔ بے وقت مرنا۔ (۲) ناحق تباہ ہونا۔ بے گناہ مارا جانا (۳) مبتلائے آفت ہونا۔ (۴) اچانک مرنا +

بِن بلائی احمق لے دَوڑی صحنک ۔ (کہاوت) بغیر بلائے طباق لیکر کھانا لینے آجانا یعنی ایک تو ناخواندہ مہمان دُوسرے کھانا ساتھ لیجانیکا سامان (بغیرت کی نسبت بولتے ہیں)

بِن داموں کا غلام ۔ مفت کا غلام ۔ وہ شخص جو خود غلامی اختیار کرے۔ غلامِ بے زر خریدہ +

بِن ماری کی توبہ ۔ ناحق کی فریاد ۔ بے جا شکایت قبل از مرگ واویلا +

بِن مانگے ماں بھی بچہ کو دُودھ نہیں دیتی ۔ (کہاوت) یعنی بے طلب کوئی چیز نہیں ملتی +

بِن مانگے موتی ملیں اور مانگے ملے نہ بھیک ۔ (کہاوت) یعنی توکل سے کام بنتا ہی اور بے توکلی سے بگڑتا ہی خودداری میں سب کچھ ہی اور بے غیرتی میں کچھ نہیں۔

بَنّا ۔ آراستہ و پیراستہ دُولہا ۔ نوشہ ۔ بنرا ۔ (یہ لفظ بلا تشدید و با تشدید دونوں طرح بولا جاتا ہی)

بلی	بلب

دیتے ہیں جس سے اُمّ الصبیان کا مرض پھر نہیں ہوتا)

بلائیں لینا۔ دونوں ہاتھوں کو دُوسرے شخص کے سر تک لیجاکر اور اپنی کنپٹیوں کے پاس لاکر انگلیاں چٹخانا۔ بلا گرداں ہونا۔ واری جانا۔ تصدّق ہونا۔ نثار ہونا +

بلبلا کر (۱) مضطرب ہوکر۔ بیقرار ہوکر۔ پھڑک کر جیسے بچّہ گرتے ہی ایسا بلبلا کر رویا کہ سب کے اوسان جاتے رہے (۲) شوق میں بھر کر نہایت شوق سے جیسے وہ تو ایسی چیز کو بلبلا کر لیں گے۔

بلسنا۔ (۱) سُکھ دیکھنا۔ لُطف اُٹھانا۔ زندگی کا حظ اُٹھانا (۲) برتنا۔ استعمال میں لانا۔ نیگ لگانا +

بِلقیس۔ سبا واقع ملکِ عرب کی ملکہ و سُلطانہ کا نام یہ شمّاسہ اور کافرہ ملکہ تھی حضرتِ سلیمان علیہ السلام کی ہمعصر تھی۔ آپ اُس زمانہ میں سرزمینِ شام کے خداپرست بادشاہ تھے۔ فریقین ایک دُوسرے کے حالات سنتے رہتے تھے اخیر کو سِفارتی تعلقات بڑھے۔ ایک مرتبہ بلقیس خود حضرت کی ملاقات کو آئی حضرت کی خداپرستی کا جلال دیکھکر حیرت میں ہوگئی کچھ دنوں مہمان رہ کر اپنے سابقہ عقاید سے تائب اور حضرت کی حسب شریعت بیوی بنی۔ جنُوبی افریقہ میں شہر تدمُور اُسی کی یادگار بتاتے ہیں خلیفہ ولید کو اُس کی قبر کا پتہ لگا تھا جس کے تعویذ پر ملکۂ سبا کندہ تھا مگر خلیفۂ مذکور نے اُس پر مٹّی ڈلوا کر چھُپوا دیا بعض مُورّخوں کا بیان ہے کہ آپ نے خود نکاح نہیں کیا ملک تبع اصغر سے کرا دیا تھا جس سے اولاد بھی ہوئی۔ چونکہ وہ مسلمان ہوگئی تھی اسوجہ سے اہلِ اسلام کی مستورات کا نام بلقیس زمانی بلقیس بیگم وغیرہ ہونے لگا +

بِلکانا۔ رُلانا۔ پھڑکانا۔ (بچوں کے حق میں بولتے ہیں جیسے بُو ننھّی سی بچّی کو کیوں بلکا رکھا ہے ذرا دُودھ پلا دینا!

بِلَکنا۔ رونا۔ پھڑک پھڑک کر رونا۔ تڑپ تڑپ کر رونا۔

بِلَلّی۔ (۱) احمق۔ گاؤدی۔ بیوقوف۔ اُول جلُول۔ لنو۔ بیہودہ (۲) بے سلیقہ۔ پھُوہڑ (۳) نامستقل مزاج۔ ہَولُو +

بِلُّوں بِلُّوں (۱) کسی چیز کی عُسرت و تنگی (۲) مانگ ضرورت۔ خواہش (۳) کمیابی۔ نامُیسّری (۴) وائے وائے۔ پُکار + جُستجُو +

بِلُّوں بِلُّوں پڑنا۔ تنگی ہونا + مانگ ہونا + وائے وائے ہونا۔ پُکار پڑنا + عُسرت وتنگی ہونا +

بِلُّوں بِلُّوں کرنا۔ وائے وائے کرنا + پُکار ڈالنا + گھبرانا + بڑانا + حواس ٹھکانے نہ رہنا +

بِلُّوں بِلُّوں ہونا۔ دیکھو (بلُّوں بلُّوں پڑنا)

بَلْہاری۔ واری۔ قربان۔ تصدُّق۔ صدقے۔ نثار۔ بلیہاری

بِلّی۔ (۱) گربہ۔ نکٹی۔ ایک چھوٹے سے جانور مانوسِ انسان کا نام اکر

بلا

جیسے تیوری کا بل پیٹ کا بل۔ (۸) بُغض کپٹ کینہ۔ جیسے اُن کے دِل میں بل ہے۔ (۹) پُر چک حمایت۔ جیسے بچھیڑا کھونٹے کے بل کودتا ہے +

بَل بھرنا۔ ناراض ہونا۔ ناک بھوں چڑھانا۔ تیوری پہ بل ڈالنا۔ چیں بہ جبیں ہونا۔ پیچ تاب کھانا +

بَلا۔ (۱) زحمت سختی (۲) بہت مُصیبت۔ دُکھ۔ صدمہ (۳) آفت + قہر۔ غضب۔ (۴) ڈائین۔ چڑیل۔ سایۂ جن و پری۔ آسیب۔ ڈنکنی۔ بھوتنی (۵) کلمۂ تعریف و تعجُّب۔ نہایت چُست و چالاک آدمی۔ قیامت۔ غضب جیسے وہ اس کام میں بَلا ہے (۶) ناچیز۔ بے حقیقت۔ ہیچ۔ جیسے پاپوش۔ پیزار وغیرہ جیسے ہماری بَلا جانے (۷) مُہیب۔ ڈراؤنا خوفناک۔ ہیبت ناک (۸) از حد نہایت +

بَلا بَدتر۔ نکھد۔ نہایت خراب۔ ناکارہ۔ نکمّا +

بَلا بُوغما۔ (۱) نہایت خراب۔ بدتر۔ ناکارہ۔ بے مصرف (۲) موٹی۔ بدشکل۔ بدہیئت۔ (۳) بیہودہ۔ نامُہذّب خیلا۔ پھوہڑ +

بَلا پیچھے لگانا۔ عذاب میں پھنسانا۔ آفت میں ڈالنا۔ (کلمۂ اِستغنا و تنفّر)

بَلا جانے۔ ایک بے پروائی کا کلمہ ہے۔ ہم نہیں جانتے ہماری جُوتی جانے +

بلا

بَلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔ پیزار سے۔ جوتی سے +

بَلا کی طرح پیچھے پڑنا۔ جن کی طرح چمٹنا۔ جھُرجھُر ہونا۔ پیچھا نہ چھوڑنا +

بَلا لوُں۔ قُربان جاؤں۔ صدقہ ہو جاؤں۔ واری جاؤں بلہاری جاؤں + (اصل میں یہ ایک خوشامد کا کلمہ ہے)

بَلا لینا۔ صدقہ جانا۔ تصدُّق ہونا۔ نثار ہونا۔ (۲) نہایت پیار کرنا۔ بچّوں کو گلے لگانا + (عورتوں میں ایک طریقہ ہے کہ جب وہ بہت دنوں کے بعد اپنے کسی بچھڑے ہوئے عزیز سے ملتی یا کسی بچّے سے نہایت خوش ہوتی ہیں تو اُس کے سر پہ ہاتھ پھیر کر اور اپنی کنپٹیوں پر دونوں ہاتھ کی اُنگلیاں رکھکر چٹخاتی ہیں جسے بلائیں لینا کہتے ہیں اور اِس سے مُراد ہوتی ہے کہ اِس کے سر کی تمام بلائیں ہم نے اپنے سر لے لیں) +

بُلاق۔ منکا۔ ایک زیور کا نام ہے جو دیوارِ بینی میں پہنتے ہیں + کانچ کا لمبوترہ موتی جو بچّوں کی ناک میں عورتیں اِس غرض سے ڈالتی ہیں کہ ہمارے اور بچّوں کی طرح یہ بھی نہ مر جائے +

بُلاقن۔ وہ لڑکی جس کی ناک میں بُلاق ڈالا جائے نیز نام بھی اسی وجہ سے اکثر عورتوں کے رکھّے جاتے ہیں۔ (در اصل ناک میں ایک رگ ہے جسے مرضِ صرع سے تعلُّق ہے۔ اُس کا کچھ خون نکل جانے کی غرض سے چھید کر کے بالی جسمیں موتی یا منکا جڑا ہوا ہوتا ہے دونوں نتھنوں کے بیچ میں ڈال

بل	بغل

یا کسی عدمہ سے کوئی شخص گرنے لگتا ہے تو اُس وقت بھی یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں اور اُس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ خدا بچائے یا محفوظ رکھے۔ (۵) کلمۂ ایجاب۔ بہت بہتر۔ بہت مناسب! ہاں! (مسلمانوں میں عورتوں کا نام بھی بسم اللہ بیگم۔ بسم اللہ خانم۔ بسم اللہ جان وغیرہ رکھتے ہیں اور ایک تعظیمی کلمہ بھی ہے جو کسی بزرگ یا عزیز کے بیٹھتے وقت زبان پر لاتے ہیں) کھانا کھانے سے پہلے اس لفظ کو ہر ایک مسلمان از روئے شریعت زبان پر لاتا ہے +

بسم اللہ کا گنبد۔ گنبدِ محفوظ۔ محفوظ جگہ۔ امن واماں کی جگہ۔ پناہ گاہ۔ جائے پناہ۔ ملجا و ماوا +

بسم اللہ کرو۔ نوش فرماؤ۔ کھانا تناول کرو۔ کھانا کھاؤ۔

بغل کا گھونسا۔ یا بغلی گھونسا } یعنی دشمن قریب۔ دشمن دوست نما۔

بغل میں بچہ شہر میں ڈھنڈورا } (کہاوت) یعنی پاس کی خبر نہ رکھنا اور شہر میں ڈھونڈتے پھرنا +

بغلیں جھانکنا۔ جواب بن نہ پڑنا۔ ساکت رہ جانا۔ جواب کے واسطے اِدھر اُدھر دیکھنے لگنا۔ پٹپٹانا جیسے بُوا ایسا جواب دیتی کہ سامن بغلیں جھانکتی رہ جاتی +

بُقچہ۔ یا بُغچہ۔ جامہ۔ پیچ۔ بوغبند۔ کپڑے رکھنے کی گٹھڑی۔ پٹلیا۔

بُقچی۔ یا بُغچی۔ کپڑوں کی گٹھڑی۔ گٹھڑیا + پٹلیا۔

بَک جھک کر۔ بک بکا کر۔ رو پیٹ کر۔ غم وغصہ کھا کر۔ واویلا کرکے۔ غُل غپاڑا مچا کے جیسے جب کچھ نہ ہو سکا تو بک جھک کر بیٹھ رہی +

بکری کی ماں کب تک خیر منائیگی (کہاوت) یعنی بکرا جس کا ذبیحہ جائز ہو کب تک جیئیگا۔ جان ہار کب تک بچیگا +

بکری نے دودھ دیا وہ بھی مینگنیوں بھرا۔ (کہاوت) یعنی کام کیا نہ کیا برابر۔ دیا نہ دیا برابر ہے +

بکّل اُتارنا۔ (۱) کسی درخت کی موٹی چھال اُتارنا۔ (۲) کھال اُڑانا۔ چمڑی اُدھیڑ ڈالنا۔ بدھیاں ڈالنا۔ خوب زدوکوب کرنا، قمچی یا لکڑی سے مارنا۔ جیسے اُستانی جی تو یہ کہتی تھیں کہ آج اِس مردار کے بکّل اُڑاؤں گی +

بُکّل مارنا۔ رضائی یا دوپٹے وغیرہ کو اوڑھ کر ایک خاص طریق سے کندھوں پہ اُلٹ کر ڈال لینا۔ بُکّی مارنا +

بکواس۔ بک بک۔ جھک جھک۔ زیادہ گوئی +

بکواسن۔ بک بک کرنے والی عورت۔ زیادہ گو عورت +

بگھارنا۔ چھونکنا۔ داغ کرنا۔ تڑکا لگانا +

بگیر بچہ[؎]۔ یہ ایک رسم ہے جو مغلوں سے لیگئی اور چھٹی میں بچہ کو تارے دکھانے کے بعد ادا کی جاتی ہے +

بَل۔ (۱) زور، طاقت۔ پیچ۔ تاب۔ مروڑ۔ (۲) پیچ۔ البیٹ۔ (۳) خم کجی۔ (۴) پہلو۔ رُخ جیسے سر کے بل یا ہاتھ کے بل گرنا۔ (۵) فرق تفاوت۔ جیسے اُسکی اِسکی قیمت میں بڑا بل ہے۔ (۶) نخوت غرور جیسے بل کرنا۔ یعنی گھمنڈ کرنا۔ (۷) چین۔ شکن۔ بٹ

؎ مفصل کیفیت ہماری فرہنگِ آصفیہ و رسوم دہلی میں دیکھو

بس

کام پیش آنے سے اور بڑھ جاتی ہی +

بَس - (۱) قابو - دسترس - اختیار - دخل (۲) کافی - وافی + بھرپور +

بَس چلنا - دسترس ہونا - قابو پانا - اِختیار ہونا - دخل ہونا -

بَس میں - قابو میں - اختیار میں -

بَس میں آنا - قابو میں آنا - قبضے میں آنا - ہتھے چڑھنا -

بَس نہ کرنا - اِنکار نہ کرنا - متواتر کئے جانا + کفایت نہ کرنا - کمی نہ کرنا - کافی نہ سمجھنا + ہاتھ نہ روکنا - جیسے میرا بس چلتا تو ہزار جُوتیاں مارتی اور بس نہ کرتی +

بِس - زہرِ ہلاہل - زہر - جیسے سنکھیا - میٹھا تیلیا - افیون وغیرہ

بِس اُگلنا - (۱) زہر کی قے کرنا - زہر تھوکنا - (۲) اِہانت کرنا - بُرا بھلا کہنا - بُرا نکالنا - بدگوئی کرنا - زہریلی باتیں کرنا - خُبثِ باطن ظاہر کرنا - مُعاندانہ گفتگو کرنا - (۳) بدلہ لینا - دُشمنی نکالنا +

بِس بُونا - فساد کی جڑ جمانا - اپنے یا کسی کے حق میں بُرائی کا تخم بونا - بُرائی کرنا - کانٹے بونا +

بِس بھری - (۱) زہر آلود - زہریلی - (۲) کینہ کش کینہ توز - کینہ ور - کپٹی - (۳) فسادی - فتنہ انگیز +

بِس کھانا - (۱) زہر کھانا - زہریلی دوا سے خودکشی کرنا (۲) رشک - حسد یا سوکن کے جلاپے کے سبب جان دینا

بِس کی گانٹھ - زہریلی جڑ + زہرِ ہلاہل - (۲) فتنہ

بسم

انگیز - فسادی - شریر - مُتفنّی - مُفسِد - (۳) ستمگار مردُم آزار - (۴) کینہ ور - کینہ توز - کپٹی +

بِس مِلانا - (۱) زہر ملانا - (۲) کھوٹ پیدا کرنا - نقص ملانا

بِساط - (۱) بستر - بچھونا - فرش - (۲) طاقت - قوّت قُدرت (۳) مقدُور - حیثیت جیسے اپنی بساط کے موافق خرچ کر دیا - (۴) اصل حقیقت - جیسے کیا پِدّی کی اور کیا پِدّی کی بساط +

بِسَت - (۱) اسباب - اثاثہ اثالہ - (۲) چیز - شے - جیسے چیز بست - بُری بست +

بُستار - (صحیح بِستار) (۱) پھیلاؤ - وسعت - (۲) طُول کلامی طلاقتِ لسانی - (۳) تفصیل - تشریح - تفسیر +

بُستار کرنا - بات پھیلانا - طُول کلام کرنا - بات کو بڑھا کر کہنا +

بِسمِ اللہ - (۱) مُخفّف ہی بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحیم کا جس کے معنے ہیں میں خدای مہربان اور بخشنے والے کے نام سے (یہ کلام) شُروع کرتا ہوں - (جب مسلمان کوئی کام شُروع کرتے یا کچھ پڑھتے لکھتے ہیں تو یہ لفظ تبرّکاً و تیمّناً پہلے زبان سے کہہ لیتے ہیں تاکہ وہ کام بخیر و خُوبی انجام کو پہنچے) (۲) رسمِ مکتب نشینی - (۳) خدا کا نام لینا - جیسے قدم قدم پر بسم اللہ کہتے تھے - (۴) جب کسی کے ٹھوکر یا ٹکّر وغیرہ لگتی

بڑھ

بڑھ کر بولنا (۱) حدِ ادب سے گزر کر گفتگو کرنا۔ شیخی مارنا۔ بڑا بول زبان سے نکالنا۔ اپنے مرتبہ سے زیادہ بولنا۔ تکبر آمیز کلام کرنا۔ تبختر جتانا + دعوے سے بات کہنا۔ شرطیہ بات کہنا (۲) نیلام میں بڑھا کر بولنا دام بڑھانا۔ بڑی بولی دینا +

بُڑھ مُونہی۔ وہ لڑکی یا جوان عورت جسکے منہ پر عالم صغر یا جوانی میں بڑھاپا برسے +

بُڑھیا آفت کی پُڑیا۔ وہ بڑھیا عورت جو نہایت عیّارہ اور فتنہ انگیز ہو + طرّارہ +

بُڑھیا دیوانی ہوئی پرائی برتن اُٹھائے گی (کہاوت) یعنی دیوانگی میں بھی اپنا ہی بھلا سوجھتا ہے +

بُڑھیل۔ (تحقیراً) پیرزال۔ بڑھیا +

بڑے باپ کی بیٹی۔ نامی نامدار گھرانے کی۔ بڑے عزّت والے خاندان کی شریف زادی کلونتی۔ عالی خاندان کی۔ جیسے حمیدہ ایک بڑے باپ کی بیٹی تھی۔ چار پانچ ہزار کی جائداد اُسکے حصّہ میں آئی تھی +

بڑی بُوڑھی۔ بڑی عمر کی۔ عمر رسیدہ۔ پیرزال مخدومہ۔ بزرگ۔ سرپرست اور مُربّی عورت + تجربہ کار عورت + واجبُ التّعظیم +

بڑی بُول کا سر نیچا۔ (کہاوت) یعنی غرور ہمیشہ

بڑے

پشیمان کرتا ہے +

بڑی بہو۔ (۱) بڑے بیٹے کی بیوی۔ فرزندِ اکبر کی دلہن۔ (۲)۔ تحقیراً) پھوہڑ۔ بے وقوف بڑی بہو + نادان منتظمہ جیسے بڑی بہو کو بلاؤ کھیر میں نون ڈالے +

بڑی بہو کو بلاؤ کھیر میں نون ڈالی (کہاوت) یعنی دانا ہو کر نادان پن کا کام کرنا۔ قابلِ مضحکہ ہے +

بڑی بی۔ (۱) تعظیماً) ہر ایک بڑھیا (۲) پیرزن صاحب۔ (۳) گھر کی بڑھیا۔ ماما یا ملازمہ (جسطرح پیر مرد کو بڑے میاں کہکر بولتے ہیں اسی طرح بڑھیا عورت کو تعظیماً و اخلاقاً بڑی بی کہتے ہیں) +

بڑی چیز۔ قرآن شریف۔ مُصحفِ عزیز۔ فرقانِ مجید +

بڑی چیز اُٹھانا۔ یا بڑی چیز پہ ہاتھ رکھنا قرآن شریف اُٹھا کر قسم کھانا قرآن شریف کی قسم کھانا +

بڑی روٹی۔ دیکھو (بڑی چیز)

بڑی روٹی اُٹھانا۔ یا بڑی روٹی پہ ہاتھ رکھنا دیکھو (بڑی چیز اُٹھانا) +

بڑی گھر پڑی پتھر ڈھونڈ ڈھومری۔ یعنی امیر گھرانے میں بیاہی جانے سے بھی تقدیر کی مصیبت کم نہیں ہوتی۔ بلکہ کام بڑھ جاتا ہے +

بڑی گھر پڑ گئے اینٹیں ڈھونڈ ڈھومری یعنی دولت مند کے پاس رہنے سے بھی مصیبت کم نہیں ہوتی بلکہ زیادہ

(نیکی، خور بمعنی کھا جا (نعمت دنیا) دار بمعنی رکھ جا (چھوڑ جا)
(میراث) (۱) فیروز مند۔ اقبال مند۔ بختاور (۲)
زندگانی کا پھل اٹھانے والا (۳) بیٹا۔ فرزند
قرۃ العین۔ نورچشم (۴۔ دعا) عمر دراز ہو۔
جیتے رہو۔ سلامت رہو +

برقع۔ (۱) روپوش۔ نقاب۔ وہ سلا ہوا کپڑا جو عورتیں
سر سے پاؤں تک اوڑھ کر باہر نکلتی ہیں اور اس
میں آنکھوں کے موقع پر جالی لگی ہوتی ہے (۲) لباس۔
پوشاک۔ جامہ۔ جیسے نقیری شیر کا برقع ہے (۳)
وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے +

برقع اوڑھنا۔ برقع سے جسم چھپانا جیسے بیجاپائی کا برقع اوڑھنا +

برقع ڈالنا۔ برقع اوڑھنا +

برکت۔ (۱) بہتات۔ افزایش۔ فراوانی + افزونی نعمت (۲) درازی (۳۔ تفاولاً) بجائے نہیں +

برکت ہونا۔ (۱) افزایش ہونا + دراز ہونا۔ (۲)
(تفاولاً بجائے نفی)۔ موجود نہونا۔ جیسے سائیں برکت ہے +

برکی ڈالنا۔ یا مارنا۔ (۱) خاک کی چٹکی پر جادو پڑھ کر
ڈالنا۔ جادو کرنا۔ جادو کی پڑیا مارنا (۲) موہنا۔
فریفتہ کرنا +

بری۔ وہ میوہ مٹھائی اور سامان وغیرہ جو ساچق کے روز
بر یعنی دولہا کی طرف سے دلہن کے ہاں بھیجا جاتا ہے۔

بری بست۔ (۱) حرام چیز + خوک (خنزیر) سؤر۔ بدجانور

بری چیز۔ دیکھو (بری بست) حرام چیز۔

بری حالوں جینا۔ خراب و خستہ حالت میں بسر کرنا۔

برے لچھن۔ برے کام۔ برے گوتک۔ بداطواری +

بڑا ابا۔ (۱) بڑا چچا۔ تایا۔ (۲) خسر۔ سسرا +
(بڑے ابا زیادہ بولتے ہیں)

بڑا آزار۔ تپ دق + سل۔

بڑا بول۔ (۱) شیخی۔ غرور کا کلمہ۔ (۲) نخوت۔ غرور۔ تکبر +

بڑا چلہ۔ زچہ کا چالیسویں دن کا نہان +

بڑا کوئی۔ بے ڈھب۔ مرشد۔ چالاک استاد۔ جیسے
تو بھی بڑا کوئی ہے۔ بیگانی چیز لے لی + (برابر والے
سے بولتے ہیں +

بڑا نوالہ کھائے اور بڑا بول نہ بولے (کہاوت) بڑا بول بولنے سے بڑا نوالہ کھانا اچھا ہے یعنی تکبر
نیچا دکھاتا رہتا ہے +

بڑمنہی۔ (۱) بڑی تھوتھنی والی۔ (۲) سؤرنی۔ مادہ خوک۔
(۳) گھوڑمونہی۔ لمبے چہرے والی +

بڑوں کی بڑی بات۔ (کہاوت) یعنی بڑے
لوگوں کی بات بھی بڑی ہی ہوتی ہے +

بڑھانا۔ (۱) اٹھانا۔ اتارنا۔ بند کرنا۔ جیسے دسترخوان
پوشاک۔ دکان وغیرہ بڑھانا۔ (۲) خاموش
کرنا + بجھانا۔ جیسے چراغ بڑھانا +

+ **بڑا بول بولنا۔** کلمۂ تکبر زبان سے نکالنا۔ انانیت کرنا۔ ہامی کرنا۔

ہونے کی مبارکباد۔ (۴) شادیانہ۔ خوشی کے
گیت منگل۔ (۵) آنند۔ خوشی۔ خرّمی۔ جے
جے کار۔ (۶) بیاہ کا انعام +
بَدھائی دینا۔ مبارکبادی کا گیت، گانا۔ ترانہ ہائے
شادی سُنانا۔ مبارکباد دینا +
بَدھی۔ (۱) وہ پھولوں کا ہار جو بیاہ شادی میں دولہا کے
گلے اور بغلوں میں حائل وار باہم متقاطع ڈالتے ہیں
اسکے علاوہ منّت کی بدھی چمڑے اور ریشم وغیرہ
کی بھی بچوں کے گلے وغیرہ میں ڈالا کرتے ہیں چنانچہ
اِس رسم کو بدھی پہنانا کہتے ہیں مگر یہ عوام و جہلا میں
رائج ہے۔ (۲) تسمے۔ قمچی یا کوڑے وغیرہ کا نشان
جو بدن پر مارنے سے پڑ جاتا ہے +
بَر۔ (۱) دُولہا۔ نوشہ۔ بنّا۔ خاوند۔ جیسے گھر چھوٹا دیجئے
بر چھوٹا نہ دیجئے۔ (۲) عرض۔ چوڑائی۔ ناپ
جیسے کپڑے کا بر۔ ایک بر کا پاجامہ +
بَر جوگ۔ بیاہنے لائق۔ جوان اور بالغہ لڑکی +
بر مانگنا۔ (۱) خاوند کی طلب کرنا۔ خاوند چاہنا۔ جیسے آجکل
کی لڑکیاں مُنہ سے بر مانگتی ہیں (۲) منگنی ہو جانے
کے بعد بیٹی والے کی طرف سے رواع کا تقاضا کرنا۔
بُرا۔ بد۔ خراب + شریر۔ بدذات +
بُرا بیٹا اور کھوٹا پیسہ وقت پر کام آتا ہے۔
(کہاوت) یعنی بُرا بیٹا اور کھوٹا پیسا بھی ضرورت
کے وقت کام نکال دیتا ہے +
بُرا چیتنا۔ بدخواہی کرنا۔ نقصان چاہنا +
بُرا حال کرنا۔ (۱) گت کرنا۔ پتلا حال کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔
حال زار کرنا۔ تباہ حال کرنا۔ حال ابتر کرنا۔ سانگ
بنانا۔ (۲) بگاڑنا۔ ناس کھونا۔ بدروپ کرنا +
بُرا درجہ کرنا۔ دیکھو (بُرا حال کرنا)۔
بُرا لکھّا۔ (۱) بُرا درجہ۔ بُرا حال۔ گت۔ بدنصیبی۔ بدقسمتی
بُرا ہووا۔ بجائے دعائے بد۔ بُرا ہو۔ خانہ خراب ہو
مصیبت پڑے۔ آفت آئے۔ ناس جائے وغیرہ +
برات۔ (۱) دُولہا کی سواری جلو میں اور آرائش وغیرہ
کے ساتھ (۲) انبوہ۔ بھیڑ بھاڑ۔ اژدہام (۳)
گنجفہ کی ایک بازی کا نام +
بَرات چڑھنا۔ دُولہا کا تُزک اور دھوم دھام کے
ساتھ روانہ ہونا۔ داماد کا جمع کثیر کے ساتھ نکاح
کے واسطے سوار ہونا +
براتی تو کھا پیکر الگ ہو جاتی ہیں کام دُولہا دُلہن سے پڑتا ہے (کہاوت) یعنی براتی تو
کھا پی کر الگ ہو جاتے ہیں اور دُولہا دُلہن پر مصیبت
آتی ہے (ادائیگی قرضہ سے مراد ہے)
برخوردار۔ (یہ لفظ تین کلموں سے مُرکب ہے بر بمعنی لے جا

بجھ	بدھ

گرج اور کڑک جو اور موسموں کی نسبت زیادہ ہوتی ہے
(۲) تیز۔ چالاک۔ تر ترّیا۔ جیسے نہ اتنا تیز چلو
کہ بجلی بسنت نام ہو نہ اتنا سُست کہ مری جُوں
(۳) مُہیب۔ دہشت ناک۔ خوفناک۔ غضب ناک
رُعب دار۔ ڈراؤنی آواز والی آتش کا پرکالہ۔ جیسے
چھوٹی نند انگیا کا بند بڑی نند بجلی بسنت +

بجلی پڑنا۔ یا گرنا۔ (۱) بجلی کا شُعلہ گرنا۔ (۲) آفت
آنا۔ صدمہ پہنچنا۔ غارت ہونا +

بجلی ٹوٹی۔ یا گری۔ یا۔ پڑے۔ (دُعائے بد) آگ لگ
چولھے میں جائے۔ برق کے صدمے سے مرے۔ غارت +

بجلی کے بالے۔ ایک قسم کے جوڑے اور جڑاؤ بالے
جو عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں +

بچھا جانا۔ عجز و انکسار کے مارے جُھکا جانا۔ نہایت خاکسار و
متواضع ہونا۔ از حد خاطر و مدارات کرنا۔ آدمیت سے
پیش آنا + سر بسجود ہونا +

بچھڑا کھونٹے کے بل کودتا ہے۔ (کہاوت) حمایتی پر
ناز اور زبردست وسیلہ پر بھروسہ کرنیکے موقع پر بولتی ہیں

بچہ کا ہاتھ سے کھیل جانا۔ بچے کا ہاتھ سے جاتا رہنا
مرجانا۔ فوت ہو جانا۔ گزر جانا +

بُخار نکالنا۔ دِل کا غُبار نکالنا۔ غصہ اُتارنا۔ بدلا
لینا۔ دل کی دشمنی یا عداوت نکالنا۔ جیسے آج
قابو پا کر خوب ہی بخار نکالا +

بُخار نکلنا۔ دل کا غبار دُور ہونا۔ غصہ دُور ہونا۔
جیسے تین چار روز سے جلی بُھنی بیٹھی تھی آج وہ بخار نکلگیا۔

بخت اُڑ گیو بلندی رہ گئی (کہاوت) یعنی اقبال
جاتا رہا مگر نام نہیں گیا +

بختاور۔ (۱) صاحب نصیب۔ بھاگوان۔ خوش قسمت
نصیبہ ور۔ اقبال مند۔ طالع مند۔ (۲) بد نصیب
بد قسمت۔ جیسے بڑا بختاور بچہ ہے اسے عید کو بھی چار
پیسے نہیں جُڑتے + (چونکہ عورتیں بُرے الفاظ کو زبان پر
لانا بھی بُرا خیال کرتی ہیں اس سبب سے وہ اکثر اچھو
لفظوں سے اُس کے برعکس مراد لیا کرتی ہیں)

بختوں جلی۔ (۱) بدنصیب۔ بدقسمت۔ (۲) بے اولادی +

بختو مجھی۔ ہمیں مُعاف رکھو۔ ہم باز آئے۔ سلام ہے۔

بد اچھا اور بدنام بُرا۔ (کہاوت) یعنی بدنام سے بدکام بہتر ہے۔

بد حیثیت۔ بدشکل۔ بدوضع۔ بدرُوپ +

بدن پھیکا ہونا۔ پنڈا گرم ہونا۔ حرارت یا بخار ہونا۔

بدّو ہو جانا۔ نکو ہو جانا۔ رُسوا ہو جانا۔ انگشت نما ہو جانا

بدھاوا۔ دیکھو (بدھائی)

بدھائی۔ (۱) لغوی معنے بڑھوتری۔ بالیدگی (۲)
اصطلاحی وہ انعام جو بچہ پیدا ہونے پر دُعائے
افزایش عمر کے صلہ میں دیا جائے۔ (۳) بچہ پیدا

بتّیس دانتوں میں زبان کیطرح رہنا بہت سے دُشمنوں میں گھِر کر بھی سلامت رہنا۔ جیسے اللہ رکھے دیورانیاں جِٹھانیاں سب ہی تھیں مگر میں بتّیس دانتوں میں زبان کی طرح رہی +

بتّیس دھار۔ ماں کا دُودھ جو روزمرّہ پیا جاتا ہے چُونکہ پستان کی بِٹنی میں دُودھ نکلنے کے بتّیس منفذ ہیں اسلئے اُسے بتّیس دھار کہتے ہیں +

بتّیس دھار ہوکر نکلنا۔ دُعائے بد۔ بتّیس زخموں کے راستہ ہی نکلنا۔ پھُوٹ پھُوٹ کر نکلنا۔

بٹ۔ (۱) وزنہ۔ تولنے کا وہ اندازہ جو پتّھر یا لوہے کا وزن کرکے بنایا گیا ہو۔ (۲) راستہ۔ بٹیا۔ پگڈنڈی (۳) وہ شکن جو فربہی کے باعث پیٹ یا گردن میں تہ بہ تہ پڑ جاتی ہے۔ (۴) اوجڑھی کا موٹا موٹا گوشت جسمیں خار نہیں ہوتے +

بٹ مار۔ راہ مار۔ رہزن۔ قزّاق +

بٹّا۔ (۱) وزنہ۔ تولنے کا چھوٹا بٹ (۲) سکّۂ رائج کا مبادلہ کٹوتی۔ کمی۔ گھاٹا۔ کسر۔ جیسے بٹّے کا پیسہ ہی یعنی پُورے داموں میں نہیں چلنے کا۔ علی ہذا بٹّے کا روپیہ (۳) فرق تفاوُت۔ جیسے اِس کھانڈ میں اور اُس کھانڈ میں بڑا بٹّہ ہے۔ (۴) نُقص۔ کھوٹ + عیب۔ کلنک + داغ دھبہ (۵) سنگِ صلابہ۔

مصالحہ پیسنے کا چھوٹا سا قوسی گھڑا ہوا پتّھر۔ (۶) زیور رکھنے کا کاٹھ کا ڈبہ۔ (۷) مُدوّر آئینہ (۸) مداریوں کے وہ گول گول ڈھکنے جسمیں گولیاں رکھکر غائب کرتے ہیں۔ سرپوش نما لکڑی کے ڈھکنے (۹) فصّاد کا وہ چوبی چھوٹا سا گولا جو فصد کھولنے کے وقت خُون نکلنے کی غرض سے ہاتھ میں پھرانے کو دیا جاتا ہے +

بٹّا لگانا۔ عیب لگانا۔ نام دھرانا۔ کلنک لگانا۔ بدنامی کا ٹیکا لگانا +

بٹّا لگنا۔ عیب لگنا۔ کلنک لگنا۔ نقص پیدا ہونا۔ داغ لگنا جیسے اِس کام سی تمہاری شان میں بٹّا لگتا ہو تو جانے دو

بٹنا۔ اُبٹنا کا مخفف۔ دیکھو (اُبٹنا)

بِٹنی۔ یا بھٹنی۔ سرِپستان۔ چھاتیوں کا مُنہ۔ جس سے بچّہ دُودھ پیتا ہے +

بٹوا سا قد۔ مٹکُنا سا قد۔ ٹُھنٹا سا قد۔ چھوٹا اور گول قد (بٹوا سا مُنہ کہیں گے تو غنچہ دہنی سے مراد ہو گی)

بجلی۔ مؤ (۱) صاعقہ۔ دامنی۔ گاج۔ وہ شعلہ جو بادلوں کی باہمی رگڑ سے پیدا ہوتا ہی (۲) آم کی گٹھلی کی گری (۳) کان کے ایک زیور کا نام (۴) نہایت پھُرتیلا۔ طرّار۔ چالاک +

بجلی بسنت۔ (۱) بسنت رُت کی بجلی۔ موسم بہار کی

بھا	بان

زورتی بھر بات کو بانس پر چڑھا دیتی ہیں +

بانسوں اُچھلنا۔ خوشی میں کودنا۔ نہایت خوش ہونا۔

بانکپن۔ (۱) ٹیڑھاپن۔ ترچھاپن۔ (۲) چھیلاپن۔ البیلاپن۔ (۳) وضعداری جو خودنمائی کے ساتھ ہو۔

بانگی۔ نمونہ۔ چاشنی +

باؤنڈی پھرنا۔ واہی تباہی پھرنا۔ ڈاواں ڈول پھرنا۔ ہرزہ گرد ہونا۔ آوارہ گرد ہونا۔ خالی خولی اور نکما پھرنا +

باہر کی پھرنے والی۔ بے پردہ۔ وہ عورت جو چدر یا ڈال کر بازار میں سودا سلف لینے کو نکلے۔

باہر میاں ہفت ہزاری
گھر بیوی کرموں کی ماری } کہاوت، یعنی میاں نوّاب بنے پھرتے ہیں اور بیوی نصیبوں کو روتی ہے +

باہر والا۔ خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی۔ حلال خور۔ چوہڑا

بائی۔ (۱) مہارانی۔ رانی۔ بیگم۔ لیڈی۔ (۲) بہن۔ ہمشیرہ۔ بوا۔ مرہٹوں اور راجپوتوں میں ہر ایک ذی عزت عورت کو بائی کہتے ہیں +

ببری۔ (۱) کاکل۔ وہ پیشانی کے بال جو عورتیں خوبصورتی کے واسطے چھوٹے کرکے ماتھے پر چھوڑتی ہیں (۲) ایال کے تراشے ہوئے بال (۳) بند زلف طرّہ۔ چھوٹی ہوئی لٹ۔

ببریاں چھوڑنا۔ یا نکالنا۔ زلفیں چھوڑنا۔ لٹیں چھوڑنا۔ چوٹی گوندھتے وقت جو دونوں طرف خوبصورتی کے واسطے کچھ بال چھوڑ دیتے ہیں اُن کو ببریاں چھوڑنا کہتے ہیں +

بتاشے[1] کی طرح بیٹھ جانا
یا گھل جانا } غم یا بیماری کی وجہ سے دفعتہً لاغر اور نقیہ ہو جانا۔

بتانا۔ (۱) چوڑی کا ڈول۔ چوڑی کا نپانہ۔ وہ لوہے کا کڑا جو منیہاری کے پاس ہاتھ کا اندازہ دیکھنے اور اُس کے وسیلہ سے چوڑی چڑھانے کے واسطے رہتا ہے۔ (۲) وہ سونے۔ چاندی یا پیتل کی چوڑی جو عورتیں پہنتی ہیں (۳) ایک زیور کا نام ہے جو پورب میں پہنتے ہیں +

بتیسا۔ (۱) وہ حلوا جو عورتیں کمر کی مضبوطی کے واسطے جننے کے بعد بتیس دوائیں ڈالکر بناتی ہیں (۲) وہ بتیس مسالے (مصالحے) جو گھوڑی کو جننے کے بعد کھلاتے ہیں (۳) سوہن حلوے کی طرح ایک قسم کی مٹھائی جو پنجاب میں بنتی ہے +

بتیس[2] دانت کی
بھاکا۔ یا بھکیا } آدمی کے منہ کا کہا۔ آدمی کا کوسا +

بتیس دانت کی بھاکا
خالی نہیں جاتی } کہاوت، آدمی کا کوسا کچھ نہ کچھ نقصان پہنچاتا ہے

[1] مشہور بتاشہ صحیح بتاسہ ۔ [2] چونکہ انسان کے دانت بتیس ہوتے ہیں اسوجہ سے انسان مراد ہے۔

بال

بال بال گنہگار ہو۔ (محاورہ) یعنی اِنسان سرتاسر گنہگار ہو (مبالغۂ گناہ)

بال باندھا غلام۔ (محاورہ) نہایت تابع اور فرمانبردار غلام۔ ملازم بے عذر۔ اِشارہ پر کام کرنے والا +

بال[له] بیکا نہ ہونا۔ (۱) بال ٹیڑھا نہ ہونا۔ ذرا صدمہ وآسیب نہ پہنچنا۔ آنچ نہ آنا (۲) غایت اِحتیاط ہونا۔

بالا۔ وہ سونے یا چاندی کا مُڑا ہوا تار یا حلقہ جو عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں +

بالے میاں۔ سالار مسعود غازی جو سلطان محمود غزنوی کے بھانجے اور اخیر میں سپہ سالار رہے تھے۔ آپ ۴۲۲ھ میں بمقام بہرائچ اٹھارہ سال گیارہ مہینے کی عمر میں راجہ شہر دیو کے تیر سے نہایت دادِ شجاعت دیکر شہید ہوئے۔ غازی میاں۔ سالار غازی۔ پیر بجلیم بھی آپ ہی سے مراد ہے۔ جہلائے ہند آپ کے نام کی چھڑیاں کھڑی کرتے اور مزار کی زیارت کو غایتِ خوش اعتقادی سے جاتے ہیں +

بامَن کی بیٹی کلمہ بھرے۔ یا۔ پڑھے۔ نہایت سلونی خوش ذائقہ چیز کی تعریف میں مسلمان بولتے ہیں یعنی مذہب کا پکا ہندو بھی یہ چیز کھائے تو مسلمان ہو جائے +

بان

بانٹ بونٹ کرنا | بانٹ چونٹ کر۔ } حصّے بخرے کرکے جیسے اُنہوں نے کُل جائداد کے بانٹ بونٹ ٹکڑے ٹکڑے کرڈالے تھوڑی دیر میں صدقے کا روپیہ بانٹ چونٹ کر فارغ ہوگئیں +

بانجھ۔ (۱) کلر۔ بنجر زمین جس میں کچھ پیدا نہیں ہوتا۔ اوسر۔ شور۔ (۲) وہ عورت جس کو حمل نہ رہے۔ عقیمہ عاقرہ + نیز وہ مرد جس سے حمل نہ رہے +

باندھنو۔ (۱) گلبندی۔ بندھیج۔ چیرا۔ جو مختلف رنگوں کیواسطے ڈورے سے باندھا کرتے ہیں۔ نیز وہ بندش جو رنگریز موٹھ سے چُندریاں رنگنے کے واسطے باندھتے ہیں۔ (۲) بندش۔ سازش (۳) تُہمت۔ طوفان۔ بُہتان۔ اِلزام۔

باندھنو باندھنا۔ تُہمت لگانا۔ اِتّہام دھرنا۔ جھوٹ بات بنا کر مشہور کرنا۔ (۲) منصوبہ باندھنا۔ خیال پکانا

باندی۔ لونڈی۔ چیری۔ کنیز۔ کنیزک۔ داسی۔ چھوکری اَمَت +

باندی کی آگے باندی | مینھ دیکھے نہ آندھی } (کہاوت) ذی رُتبہ کمینہ ماتحت کی تکلیف کو تکلیف نہیں سمجھتا کم رُتبہ کو دوسرے کی قدر نہیں ہوتی +

بانس پہ چڑھانا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ فضیحت کرنا۔ تشہیر کرنا۔ انگشت نما کرنا۔ جیسے ساس نندیں

له صحیح بال بانکا۔

بارہ

بارہ برس پیچھے کُوڑی کے بھی دِن پھرتے ہیں۔ (کہاوت) یعنی ہمیشہ تنگدستی وتنگ حالی نہیں رہتی +

بارہ گُنی بھُگتی ہُوں۔ شرط باندھتی ہوں۔ شرط لگاتی ہُوں بارہ گنا ہوں کی سزا قبول کرتی ہوں (اِس بات کے ہو جانے میں بارہ گناہوں کا جُرم اپنے اُوپر لیتی ہوں + ایک ایک کے بارہ قبول کرتی ہوں۔ (اِس صُورت میں گُونہ سے خیال کرو)

بارہ وفات۔ (۱) ربیع الاوّل کے وہ بارہ دِن جن میں رسول مقبولؐ نے بیمار رہ کر وفات پائی (۲) مُسلمان عورتوں کا تیسرا مہینہ +

باری دار۔ پہرہ چوکی والے۔ مُحافظ۔ چوکیدار +

باری دارنی۔ چوکیدارنی۔ چوکی پہرہ دینے والی +

بارھ پر رکھنا۔ بھرتے پر چڑھانا۔ بیجا تعریف وخوشامد سے آسمان پر چڑھانا۔ مشیخت میں غرقاب کرنا۔ جیسے میاں سے الگ ہوئی تو خوشامد خوروں نے بارھ پر رکھ لیا۔ اور چند ہی دنوں میں سب کچھ گھوا دیا

بازو بند۔ بجُ بند۔ ایک زنانہ زیور ہے جو بانہہ پر باندھا جاتا ہے

باسی پھُولوں باس نہیں پردیسی یکم تیری آس نہیں (کہاوت) یعنی جسطرح باسی پھُول میں خوشبُو نہیں رہتی اِسطرح پردیسی ایک جگہ کا نہیں رہتا +

باسی عید۔ عید کا دُوسرا روز۔ ٹر +

بال

باسی کڑھی میں اُبال آیا۔ (کہاوت) یعنی بے موقع جوش پیدا ہوا +

باسی مُنہ۔ بغیر مُنہ دُھوئے۔ نِرنے مُنہ۔ نہار مُنہ۔

باشوق۔ باخوشی۔ خوشی کے ساتھ۔ شوق سے۔ برضا ورغبت۔ بہ طیبِ خاطر +

باغ باغ ہونا۔ نہایت خوش ہونا۔ شگفتہ خاطر ہونا۔ پھُولا نہ سمانا +

باگ مُڑنا۔ (۱) سیتلا ڈھلنا۔ چیچک کے دانوں کا مُرجھانا سیتلا کا زمانۂ انحطاط۔ (۲) چلتے گھوڑے کا رُخ بدل جانا۔ جیسے جدھر گھوڑے کی باگ مُڑ گئی اُدھر چلا گیا۔

بال۔ (۱) بالک۔ بچہ۔ سات۔ آٹھ برس کا لڑکا یا لڑکی نوعمر۔ (۲) سولہ برس سے کم عمر لڑکی +

بال بچوں والی۔ (۱) کُنبہ دار۔ اولاد والی (۲) سیتلا۔ ماتا۔ چیچک (ہندو)

بال رانڈ۔ (ہندو) نوعمر بیوہ +

بال ہٹ۔ بچوں کی سخت ضِد۔ اڑ۔ جیسے بال ہٹ راج ہٹ تریا ہٹ +

بال۔ (۱) مُو۔ شعر+ رُواں۔ رونگٹا۔ پشم۔ کیس (۲) باریک دراڑ۔ یا درز۔ (۳) مصری کا تاگا۔ (۴) ذرا جیسے بال بھر فرق نہیں آیا۔ بال بال بچ گئی (۵) خوشہ۔ سنبلہ۔ سٹہ

بال بال گج موتی[1] پرونا۔ خوب آراستہ وپیراستہ ہونا۔ ایڑی سے چوٹی تک سنگار کرنا +

[1] وہ بڑا موتی جو باعتقادِ اہلِ ہند ہاتھی کے سر سے نکلتا ہے +

بال بال

بات

بات کو آنچل میں باندھنا۔ کسی کا قول یاد رکھنا۔ وصیت یا نصیحت پر عمل کرنا +

بات کی بات میں۔ دم بھر میں۔ لمحہ میں۔ آناً فاناً میں۔ طرفۃ العین میں۔ فوراً۔ جلد۔ ذرا سی دیر میں

بات کی پیچ۔ پاسِ سخن۔ سخن پروری۔ جو کچھ منہ سے نکلے اُسی کی پیروی کرنا +

بات کہی پرائی ہوئی۔ (کہاوت) یعنی منہ سے نکلی بات چھپائے نہیں چھپتی +

بات کہے پھول جھڑنا۔ خوش کلام اور خوش گفتار ہونا +

بات گرہ باندھنا۔ یا گرہ میں باندھنا } دیکھو (بات کو آنچل میں باندھنا)

بات لانا۔ نسبت یا سگائی لانا۔ پیغام لانا۔ سگائی ٹھیرانا

بات مارنا۔ بات دبانا۔ جھٹلانا۔ بطلان کرنا۔

بات منہ پر رکھنا۔ یا۔ لانا۔ کسی بات کو جتانا۔ ذکر کرنا + آگاہ کرنا۔

باتوں۔ بات کی جمع۔

باتوں باتوں میں۔ اثنائے کلام میں۔ دورانِ گفتگو میں۔ بر سبیلِ تذکرہ ذکر میں ذکر +

باتوں میں آنا۔ (۱) کہنے میں آنا۔ (۲) دم یا فریب میں آنا۔

باتیں۔ بات کی جمع۔ سخنہا۔ اقوال۔ گفتگوئیں +

بار

باتیں سنانا۔ (۱) بھوگ سنانا۔ طعنے دینا۔ برا بھلا کہنا۔ سخت سست کہنا۔ (۲) کڑوی باتیں سنانا۔ لعنت ملامت کرنا۔ گالیاں دینا +

باتیں لڑانا۔ باتیں کرنا۔ باتیں بنانا۔ گپ شپ لڑانا + جھوٹی سچی غیبت کرنا + باتوں میں وقت گزارنا +

باتیں ملانا۔ (۱) ہاں میں ہاں ملانا۔ ہاں ہاں کرنا۔ ست بچن کہنا۔ (۲) باتیں بنانا۔ سخن سازی کرنا۔

باتیں مٹکانا۔ مزی مزی کی باتیں کرنا۔ (بچوں کی نسبت بولتی ہیں)

باجی۔ (۱) بہن + بڑی بہن۔ جی جی (۲) چھوٹی عمر کی ماں (عورتیں بولتی ہیں)

باد ہوائی۔ (۱) بیہودہ۔ لغو۔ بےمعنی۔ (۲) بیکار۔ نکما۔

بادی چور۔ دزدِ کامل۔ چوروں کا بادشاہ۔ کٹا چور۔

بارہ بانی یا بارہ بانی کا۔ پورا کامل۔ ماہر + صحیح سلامت

اُس بن مجھکو چین نہ آوے + وہ میری تس آن بجھاوے

ہے وہ سب گن بارہ بانی + اے سکھی ساجن نا سکھی پانی (کہ مکرنی)

(۲) بےنقص۔ بےعیب + کورا۔ نروگا۔ جسم کا تندرست ایسا نروگا جیسا ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے۔

(۳) عیار۔ خالص۔ کھرا۔ بےغش۔ جیسے اناڑی کا سونا بارہ بانی +

بارہ بچے والی۔ اوّل معنی ظاہر۔ (۲) سورنی۔ مادہ خوک (۳) کثیر الاولاد۔ (حقارتاً)

بات

باتَ اُلٹنا - (۱) ردِّ کلام کرنا - (۲) اپنی پہلی کہن کو بدل کر کہنا - بات کو پلٹ دینا +

بات آنا - (۱) اِلزام آنا - حرف آنا - بُرائی آنا - (۲) سگائی آنا - نسبت آنا -

بات بات میں چھُری کٹاری - ہر بات میں کُشت وخُون کی تیّاری - ہر بات پر لڑائی کا سامان - ہر وقت لڑائی اور طعنہ زنی رکھنا +

بات بڑھانا - (۱) کلام کو طُول دینا - بحث بڑھانا - طُول کلامی کرنا - (۲) فساد برپا کرنا - رارٹ بڑھانا - قضیّہ بڑھانا - جھگڑا اور تکرار کرنا - (۳) کسی کی بات کو ترجیح دینا - فوق دینا - تائیدِ کلام کرنا - تقویت دینا پُشتی کرنا +

بات بڑی کرنا - (۱) ادنیٰ بات اُونچی کرنا - تائیدِ کلام کرنا (۲) قطعِ کلام کرنا - (گنوار)

بات بِگڑنا - (۱) کام بگڑنا - کھنڈت ہونا - (۲) عزّت اور ساکھ میں فرق آنا +

بات پر آنا - قول کی پیچ کرنا - ضد پر آنا - ہٹ پر اُترنا

بات پر بات یاد آتی ہی - (کہاوت) یعنی ذکر میں ذکر آجاتا ہے +

بات پر جانا - (۱) کسی کی بات کا خیال کرنا - کسی کے کہنے پر بگڑنا - (۲) کسی کے کہنے پر اِعتماد کرنا -

بات

بات پکڑنا - کسی کے قول کی گرفت کرنا - نکتہ چینی کرنا - نقص نکالنا - حُجّتِ بیجا کرنا - کسی شخص کو اُس کے قول سے قائل کرنا - کلام میں حُجّت نکالنا -

بات پکّی کرنا - پختہ وپُز کرنا - اِقرار ومدار کو مضبُوط کرنا -

بات پکّی ہونا - عہد واثق ہونا - پختہ و پُز ہونا -

بات پہ بات یاد آنا - تذکرہ پہ تذکرہ یاد آنا - مثل پہ مثل یاد آنا - ایک موقع سے دُوسرا موقع یاد آنا -

بات پھُوٹنا - بھید کھلنا - اِفشائے راز ہونا -

بات پی جانا - کسی بات سے درگزر کر جانا - ٹال جانا -

بات ٹھہرنا - یا ٹھیرنا - (۱) تجویز قرار پانا - کسی امر کا تعیّن ہونا (۲) نسبت یا سگائی قرار پانا - عورت کا مرد کے ساتھ اور مرد کا عورت کے ساتھ نامزد ہونا

بات جو چاہی آپ نہ پانی مانگ نہ پی (کہاوت) یعنی اپنی عزّت چاہے تو پانی تک کا احسان نہ لے +

بات چیت - بول چال - گفت وشنید - گفتگُو +

بات دینی آنا - باز پُرس کا مُستوجب ہونا - جوابدہی کا ذمّہ وار ہونا +

بات سہی کرنا - (صحیح) کسی بات کی تصدیق کرنا - بات کا ثبوت پہنچانا +

بات کا بتنگڑ ہو گیا - (کہاوت) یعنی تھوڑی سی بات بہت بڑھ گئی تِل کا بیل ہو گیا +

باب	بات

ب

بابل - باپ - پتا - پدر - جیسے کوس نہ چلی بابل پیا سی - (پہیلی) + سن ری سہیلی موری پہیلی - بابل گھر میں رہی البیلی ماتا پتا نے لاڈ سے پالا - سمجھا مجھو بس گھر کا اُجالا - ایک سن تھی ایک سہیلی (منڈھا) + ہری ہری بانس کٹا موری بابل نیکا منڈھا چھوا وری پربت بانس منگا موری بابل - پانوں منڈھا چھوا وری

بابو - (۱) تعظیمی خطاب جو بنگالیوں سے زیادہ مخصوص ہی صاحب - جناب - حضرت - میاں - مسٹر - (۲) شہزادہ - راج کنور - رئیس زادہ - صاحبزادہ - رئیس - شریف - عزت دار آدمی (۳) انگریزی نویس - کلرک - کرانی (۴) فقیر تعظیماً اپنی اصطلاح میں ہر ایک مرد کو بابو اور عورت کو مائی کہتے ہیں - (۵) پورب میں پیار سے بچوں کو بابو کہتے ہیں - (۶) زبردست - زور آور - (۷) مائی مائی سب ملیں بابو کوئی نہیں ملا (۸) لالہ - ساہوکار - سیٹھ کی بجائے بھی یہ لفظ مستعمل ہی (۸) خاندانی + پُرکھا بزرگ قوم بزرگ خاندان - بعض لوگ اسکو باپ کا مُبدل خیال کرتے ہیں اور بعض اسکی اصل بابو بتلاتے ہیں مگر دراصل اس کا ماخذ کچھ اور ہی معلوم ہوتا ہے +

باپ دادا کی ہڈیاں - نسل کا پاس - خاندان کا لحاظ خاندانی عزت جیسے بیٹی سسرال میں جاکر نام نہ ڈبونا - مرے ہوئے باپ دادا کی ہڈیاں اب تمہارے ہاتھ ہیں ایسا نہو کہ اُنکی رُوحیں کانپیں +

باپ مارے کا بیر - (۱) قدیمی عداوت - (۲) نہایت دُشمنی وہ عداوت جو بزرگوں سے چلی آئے - خاندانی عداوت -

بات - (۱) لفظ - بول - کلمہ (۲) گفتگو - بول چال - گفتار (۳) کہن - مقولہ - کہنا - کہا - (۴) مثل - کہاوت - ضرب المثل (۵) ذکر - تذکرہ - جیسے کل کی بات ہی - (۶) پیام - سندیسا - خبر - بیورہ - (۷) پیغام شادی - سگائی منگنی - نسبت - (۸) نقص - عیب - نندا - بُرائی غیبت - جیسے نانی کے آگے ننھیال کی باتیں - (۹) عزت - حرمت - پت - جیسے اپنی بات اپنے ہاتھ ہے - (۱۰) موقع محل - جیسے رات گئی بات گئی - (۱۱) کار آوقی وسہل - (۱۲) چیز - شے - جیسے کس بات کی کمی ہی (۱۳) حوصلہ - جگرا - جیسے بڑوں کی بڑی بات (۱۴) رائے - دانست - سمجھ - جیسے جتنے مُنہ اُتنی باتیں +

بات اُٹھانا - (۱) سخت کلامی کا متحمل ہونا - ناگوار باتوں کی برداشت کرنا - (۲) مان رکھنا - آرزو پوری کرنا - بجالانا - حکم بجالانا - (۳) سوال یا قول کو رد کرنا - بات نہ ماننا +

ے بکسر بائے موحدہ ویائے مجہول -

ایک

خوف یا دہشت یا صدمہ سے چہرہ کا رنگ اُڑ لینا
مُنہ پر ہوائیاں چھُوٹنا

ایک کے ایک ٹ۔ متّحد۔ ملے جُلے۔ یکساں جیسے
بچّوں کا یہ حال ہے کہ ابھی لڑے ابھی ایک کے ایک۔

ایک نُور آدمی ہزار نُور کپڑا (کہاوت) یعنی ایک
حصّہ آدمی خوبصُورت ہو تو ہزار حصّہ عمدہ پوشاک
اُسے خوبصُورت بنا دیتی ہے۔

ایک نہ ایک۔ (۱) کوئی نہ کوئی۔ جیسے ایک نہ
ایک آ ہی جاتا ہے (۲) کسی نہ کسی جیسے ایک نہ
ایک کو پکڑ لو۔

ایک نہ ایک دِن۔ کبھی نہ کبھی۔ جیسے چور ایک
نہ ایک دن پکڑا ہی جائیگا۔

ایک ہاتھ تالی نہیں بجتی۔ یعنی ایک طرف سے
لڑائی نہیں ہوتی۔

ایکا ایکی۔ (۱) یکایک۔ ناگاہ۔ دفعتہً۔ یکبارگی۔
(۲) اچانک۔

آئیگا گُنا تو پائیگا ٹکّا (کہاوت) حاضر خدمت رہینا
بچّہ کا نہیں کھاتو ٹکّا معنی (پارۂ گوشت بھی بولا جاتا ہی)

ایلو۔ یہ کلمہ شہادت طلبی آگاہی اور خطاب
کے واسطے زبان پر آتا ہے۔ سنو۔ دیکھو

ایمان کا تپنا۔ خوفِ خدا یا غیرت و حمیّتِ مذہبی

ایہہ

سے لرزاں ہونا۔ خُدا کا خوف آنا۔ عبرت پکڑنا۔
رُونگٹے کھڑے ہونا۔

آئیں تو جائیں کہاں۔ غُصّے کے مارے آپے
سے باہر ہو جانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

آئینتی پائینتی[1] (۱) (مارواڑ) (انگا تھیاں پنگا تھیا)
سرہانہ۔ پینتیانہ۔ سرہانہ۔ پائینتی۔ (۲)
اِدھر اُدھر۔ اِردگرد۔ جیسے۔ آئینتی کی چھڑیاں پائینتی
لیں۔ پائینتی کی آئینتی۔ (کہاوت)

اِینٹ (۱) خِشت۔ مٹّی کا سانچے میں ڈھلکر بنا ہوا چوپہل ڈھیلا۔
(۲) سونے کا چوپہل ڈلا۔ خشت زریں (۳) سخت۔ پتھر سا (۴)
بُنیاد۔ بُنیاد کا پتھر۔

اِینٹ سے اِینٹ بجانا۔ بالکُل مسمار کر دینا۔ ویران کر دینا۔

اینٹ کا گھر مٹّی کر دینا۔ (۱) اینٹ کا بنا ہوا گھر توڑ
تاڑ کر مٹّی میں ملا دینا۔ خاک میں ملا دینا۔ (۲)
دَولت کو خاک میں ملا دینا۔ لاکھ کا گھر خاک
کر دینا۔ روپیہ برباد کر دینا۔ کفن کو کوڑی نہ رکھنا
بنا بنایا گھر بگاڑ دینا۔ (۳) حیثیت بگاڑ لینا۔ بے حیثیت بنجانا

اَینٹھن۔ (۱) تشنّج۔ کھنچاؤ۔ (۲) مروڑ۔ باؤ سول۔

آئی ہے جان کے ساتھ جائیگی جنازے کے ساتھ (کہاوت) یعنی جو بات سرشت میں
ہی وہ مرتے دم تک نہیں جاتی۔

اَے۔ ہے دکھ۔ تعجّب۔ تاسف۔ افسوس۔ (۱) جیسے اے ہم اتنی بھی نہیں کرتے

ایک

محبت دوسری سے نفرت - ایک کو حقارت سے دیکھنا دوسرے کو پیار سے - برابر کی اولاد کا برابر حق نہ سمجھنا -

ایک آنکھ نہ بھانا - ذرا پسند نہ آنا - بالکل نہ بھانا جیسے بیٹی مجھے تمہارے یہ ڈھنگ ایک آنکھ نہیں بھاتے

ایک اور ایک گیارہ - یعنی دو ملکر گیارہ کے زور کے برابر ہو جاتے ہیں - ایک کے ساتھ دوسرے کا ملجانا بڑی تقویت کا باعث ہوتا ہے - کیونکہ جسطرح ایک کے ہندسہ کے برابر دوسرا ایک کا لکھنے سے گیارہ ہو جاتے ہیں اسی طرح ایک کی بجائے دو ہونیسے قوت بڑھجاتی ہے

ایک ایک کا مُنہ تکنا - ناواقفیت کے سبب یا نہوش کے باعث ہر ایک کی صورت دیکھ کر مایوسانہ نظر ڈالنا -

ایک بَر ایک - (۱) آزمودہ - امتحان کیا ہوا - (۲) زود اثر - مجرّب -

ایک تو چوری / دوسری سینہ زوری } (کہاوت) یعنی اپنے قصور کو دھینگا دھینگی سے نہ ماننا -

ایک تو کڑوا کریلا دوسرے نیم چڑھا - (کہاوت) یعنی ایک تو بد مزاجی اسپر اشتعال طبع - بُرے کو بُری صحبت نے اور بگاڑ دیا -

ایک توے کی روٹی / کیا چھوٹی کیا موٹی } (کہاوت) یعنی خاندان میں سبکو برابری کا دعویٰ ہے - ایک خاندان کے سب برابر ہیں

ایک ٹانگ پھرنا - برابر پھرنا - متواتر پھرنا - ایک دم پھرے جانا - بیٹھ کر دم نہ لینا - تھک کر چُور ہوجانا

ایک جان کرنا - ملا کر ایک کرنا + ایک حال کرنا + اپنا سا حال کرنا -

ایک چُپ سَو کو ہراتی ہے - (کہاوت) یعنی ایک خاموشی سو جوابوں کا جواب ہے -

ایک خطا دو خطا / تیسری خطا مادر بخطا } (کہاوت) یعنی ایک دو خطا کے بعد تیسری خطا شرافت کے خلاف ہے

ایک در بند ہزار در کھلے - (کہاوت) یعنی روزی کہیں نہ کہیں سے مل ہی جاتی ہے -

ایک دن مہمان دو دن مہمان / تیسرے دن بلائے جان } (کہاوت) یعنی مہمانی ایک یا دو دن تک داخلِ مہمانی ہے اور اس سے زیادہ باعثِ گرانیِ طبع

ایک ذات کا (۱) ایک ہی قسم کا - ایک ہی جنس کا - ہم صفت (۲) ایک ہی سکّہ کا - ہم سکّہ (۳) بکثرت بافراط (۴) یک لخت - برابر - سر تا سر +

ایک رنگ آنا ایک رنگ جانا - چہرہ کا رنگ متغیّر ہونا

ایک	ابا

بچّے رکھنے اور لیڈیوں کو پوشاک پہنانیوالی ملازمہ۔ (۴) اماں (۵) انّا۔

آیا بندہ آئی روزی گیا بندہ گئی روزی (کہاوت) یعنی بندہ اپنا رزق اپنے ساتھ لاتا اور ساتھ ہی لیجاتا ہے۔

ایّام سے ہونا۔ میلے سر سے ہونا۔ حیض سے ہونا کپڑوں سے ہونا۔ (بازاری)

اپیتر کے گھر تیتر باہر باندھوں کہ بھیتر (کہاوت) یعنی شیخی خورے کے ہاتھ ذراسی چیز بھی لگ جاتی ہے تو وہ اِتراتا اور دکھاتا پھرتا ہے (۲) اوچھا۔ کمظرف اِترائے بغیر نہیں رہتا۔

اپیتری نے دیا تیتری نے کھایا جیب[1] چلی نہ سواد پایا (کہاوت) اِترانے والی شیخی خوری نے ایسی ذراسی چیز دی کہ تیتری کا مُنہ بھی نہ چلا۔ حالانکہ اسکا مُنہ سوئی کے ناکہ سے بھی چھوٹا ہوتا ہے اس قلیل مقدار سے اسکو بھی مزا لینا نصیب نہیں ہوا۔ نہایت اوچھی و کمظرف عورت کی نسبت بولتے ہیں۔

ایڑی۔ پاشنہ۔ پاؤں کا اخیر حصّہ۔ بخلاف پنجہ۔ کھُری۔

ایڑی چوٹی پر سے وارنا یا نثار کرنا یا قربان کرنا۔ (۱) کسی چیز کو سر سے پاؤں تک صدقے میں اُتارنا (۲) نفرت اور حقارت کے موقع پر بھی عورتیں بولتی ہیں۔

ایڑی دیکھ (۱) حف نظر۔ چشمِ بد دُور۔ تیرے مُنہ میں خاک (۲) نام خُدا۔

ایڑی سے چوٹی تک۔ اوّل سے آخر تک آغاز سے اختتام تک۔

ایڑیاں رگڑنا۔ (۱) ایڑیاں گھسنا۔ پاؤں پیٹنا + جاں کنی کی حالت میں ہونا۔ (۲) بخوبی کوشش کرنا۔ پاؤں توڑنا۔ پیر دَوڑی کرنا۔ (۳) اصل میں بچّوں وغیرہ کے ضد کرنیکی ایک حالت ہے مجازاً ہٹ کرنا۔ مچلنا۔ (۴) نہایت تکلیف اور مُصیبت سے اوقات بسر کرنا۔

ایسی تیسی کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ یُوں توں کرنا۔ ایک کلمہ ہے جس سے گالی مفہوم ہوتی ہے۔

ایسی ویسی بات کرنا۔ کوئی نازیبا بات کرنا۔ ناشائستہ حرکت کرنا

ایک۔ (۱) واحد۔ یک (۲) متّحد۔ رلے مِلے۔ یکساں جیسے بھابی جان ایسی دل کی صاف ہیں کہ اِدھر لہیں اُدھر بھی ایک۔

ایک آنکھ کی چار آنکھیں ہونا۔ نہایت ہوشیار ہونا۔ چالاک و تجربہ کار ہونا۔ ایک عقل کی چار عقلیں ہونا + تعلیم یافتہ ہونا۔

ایک آنکھ میں لہر بہر ایک آنکھ میں خدا کا قہر (کہاوت) یعنی ایک سے

[1] بعض لوگ جیب چلی کی بجائے جیب جلی بھی استعمال کرتے اور یہ کہتے ہیں کہ اس ذراسی چیز سے زبان تک کو بھی چرپراہٹ نہیں معلوم ہوئی +

اَوقات (۱) (وقت کی جمع) کال۔ سما۔ ویلا (۲) حالت (۳) حقیقت حیثیت۔ کائنات۔ بساط۔ مقدرت (۴) گزران۔ گزارے کی صورت (۵) انضباط۔ (۶) سرمایہ۔ پونجی جیسے اسکی اتنی ہی اوقات ہے

اوکھلی میں دیا سر تو موسلوں کا کیا ڈر (کہاوت) یعنی جب خطرناک کام اختیار کیا تو پھر مصیبت کا کیا خوف۔

اُوگرا۔ (۱) اُبالا۔ بن گھی کا۔ (۲) بدمزہ کھانا۔ اُبالی کھچڑی

اولا۔ چولہے کے اندر کا چولہا جسپر ہانڈی رکھ دیتے ہیں ؎

اَول جَلول۔ بُرے بھلے۔ بے ترتیب۔ اناپ شناپ۔ بے تکے جیسے سوتے میں جب آدمی کے دل پہ ہاتھ پڑجاتا ہے تو ایسے ہی اول جلول خواب دکھائی دیا کرتے ہیں۔

اونٹ کے گلے میں بلی (۱) اصل سے نقل کی زیادہ قیمت۔ قیمتی چیز کے ساتھ کم قیمت چیز کے خریدنے کی پخ۔ ضروری چیز کے ساتھ غیر ضروری چیز کے خریدنے کی شرط۔ (۲) بڑی عمر والے کے ساتھ کمسن لڑکی کی مناکحت۔

اونٹ کے مُنہ میں زیرہ (کہاوت) یعنی عظیم الجثہ آدمی کو پیٹ بھر اُوندینا۔ حسب خواہش نہ ملنا۔ حصہ بقدر جثہ کا نقیض۔

اونچی دُکان پھیکا پکوان (کہاوت) یعنی نام بڑا کام تھوڑا ؎

اوندھے مُنہ شیطان کا دھکا (دعائے بد) یعنی ایک تو سر کے بل گرے اور دوسرے شیطان کی مار پڑے ؎

اوہی۔ اوئی۔ وُوئی۔ عورتوں کا ایک تکیہ کلام ہے جو اکثر ناز نخرہ۔ دہشت۔ تکلیف اور تعجب کے وقت زبان پر لاتی ہیں (یہ لفظ آہ یا ہا سے بنا ہی)

آہ۔ اُوہ۔ ہائے۔

آہ پڑنا۔ ہائے پڑنا۔ سراپ پڑنا۔ صبر پڑنا۔ کسی کی آہ سے تکلیف پہنچنا۔ مار پڑنا۔ پھٹکار لگنا۔ بددعا کا اثر ہونا۔ مظلوم کا صبر پڑنا۔ ظلم کا بدلا ملنا۔

آہ کا اوپر ہی اوپر رہ جانا۔ صدمہ پہنچانے کا اثر پڑنا۔ صبر پڑے بغیر نہ رہنا۔ مکافات بھگتنا۔

آہ لینا۔ کسی کا صبر لینا۔ کسی کو ستا کر اُسکی آہ سُننا بُرائی لینا۔ عذاب لینا۔ سراپ لینا۔ بد دُعا لینا۔

آہ نہ آئے۔ درد نہ آئے۔ ذرا اُف نکروں۔ ذرا افسوس نہ آئے۔ ذرا رحم نہ آئے۔ ترس نہ آئے۔ پروا نہ ہو۔ جیسے تیری کوئی بوٹیاں اُڑائے تو مجھے ذرا آہ نہ آئے

آہے۔ آہ۔ ہائے۔ اُہ۔

آہے پہ جگر نہ ہونا۔ بباعث افلاس آہ کرنے تک کی جگر میں طاقت نہ رکھنا۔ نہایت مُفلس ہونا قلاّش ہونا۔

آئی۔ موت۔ مرگ۔ قضا۔ جیسے کیکی آئی اُسکو آجائے

آیا۔ (۱) تیمار دار (۲) دایہ۔ دائی۔ دَدا۔ (۳) نرس۔ خادمہ۔ انگریزوں کی

اُٹھا

احمق - (۳) نامُراد - لاوَلد - بے اَولادا -

اَوت نپوتا - (گنوار) بن بیاہا اور بے اَولادا - وہ شخص جو کوارا اور بے اَولادا رہے - ایک قسم کا کوسنا بھی ہے - جیسے اُوت نپوتا جائے -

اَوت نپوتی - وہ عورت جو کُواری اور بے اَولادی ہے کوسنا بھی ہے جیسے کسی اَوت نپوتی نے میرا گھر ڈال لیا -

اُٹھا اَور چولہا - (کہاوت) ایک جگہ قیام نہ رکھنے والی - ہرجائی -

اُٹھکر بیٹھی نہیں چھوڑتی - (کہاوت) یعنی نہایت کاہل وجود ہے

اُودھم - شور و شر - شور و شغب - ہنگامہ - غلغلہ - فساد - جھگڑا - دنگا - ہُلڑ - دُھوم -

اُودھم مچانا - ہنگامہ و فساد برپا کرنا - جھگڑا اُٹھانا - نہایت غُل و شور کرنا -

اُودھمی - جھگڑالو - فسادی - شریر - دنگئی -

اُوڑھنا - (۱) - سر پر کپڑا ڈالنا - بدن پر لپیٹنا - (۲) دوپٹہ

اُوڑھنا اُتارنا - (۱) بے عزت کرنا - ہتک کرنا - جیسے مرد کے لئے پگڑی اُتارنا اور ٹوپی اُتارنا باعث ذلت ہے اسیطرح عورت کیواسطے اوڑھنا اُتارنا موجب ننگ و خفت ہے - (۲) سر برہنا کرنا - بدن عُریاں کرنا -

اُوڑھنا اُڑھانا یا ڈالنا - رانڈ یا بیوہ کے ساتھ شادی کرنا - (باہر کے جاٹ یا گوجروں میں یہ دستور ہے)

اوس

اُوڑھنا بچھونا - لحاف - توشک - استر بستر -

اُوڑھنی (۱) لڑکیوں کا دُوپٹہ اور وہ کپڑا جو دُلہن کے اُوپر ڈالتے ہیں - چھوٹی چادر - زنانہ کفن کے ایک کپڑے کا نام -

اُوڑھنی بدلنا - بہناپا کرنا - بہن بنانا - دوست بنانا - جیسے یاری بدنا اور ٹوپی یا پگڑی بدلنا - (مردوں میں)

اُوس - شبنم (پنجابی) تریل

اُوس پڑنا یا پڑ جانا - (۱) - پژمردہ ہونا - کملانا - بیرونق ہونا - ٹھنڈا ہونا - سرد انا - بجھنا - ٹھٹھرنا - جوش فرو ہونا - (۲) تروتازہ ہونا - رونق پر ہونا - شاداب ہونا (۳) اُداسی برسنا - سُنسان ہونا -

اُوس سی پڑنا - بیرونقی چھانا - مدھم ہونا - اُداسی برسنا

اَوسان - (۱) ہوش - حواس - دھیان - (۲) جرأت - ہمت

اَوسان اُڑنا یا اُڑ جانا - یا خطا ہو جانا یا جاتے رہنا - حواس باختہ ہونا - ہوش و حواس بجا نہ رہنا - عقل ٹھکانے نہ رہنا - عقل کا چکرا جانا یا خبط ہو جانا گھبرا جانا - سٹپٹانا -

اَوسان گئی - (۱) حواس باختہ - بدحواس (۲) مضطرب

اَوسانوں میں آنا - ہوش میں آنا - ہوش و حواس درست ہونا - سامان اور قابو میں آنا -

اُوس سے پیاس نہیں بجھتی (کہاوت) یعنی تھوڑی سی آمدنی سے پورا نہیں پڑتا -

اُنّیس بیس ہونا - (۱) ذرا سا فرق ہونا۔ قدرے قلیل افاقہ ہونا۔ جیسے اِن دونوں چیزوں میں اُنّیس بیس کا فرق ہے۔ اس دوا سے اُنکا مرض اُنّیس بیس ہے (۲) حادثہ پیش آنا۔ ایسی ویسی ہونا۔

آنی سی بانی نہ ہونا - اپنی ہٹ سے باز نہ آنا۔ ضد کرنا۔

اَنیلاپن - (۱) سادہ پن۔ سادگی۔ بھولاپن۔ (۲) البیلاپن۔ بانکپن (۳) ناتجربہ کاری۔ ناآزمودہ کاری۔

آواز - (۱) شبد۔ بول۔ الاپ۔ ٹیر۔ نوا۔ (۲) غل۔ شور۔ فغان۔ خروش۔ (۳) کسی چیز کے تصادم یا ٹکرانے کی صدا۔ کھڑکا۔ کھٹکا۔ دھمکا۔ دھماکا۔

آواز بھاری ہونا - آواز پڑنا۔ آواز بیٹھنا۔

آواز نِکالنا - بولنا۔ چِڑکنا۔ مُنہ سے بھاپ نکالنا۔ بات کرنا۔ اُچار کرنا جیسے خبردار جو آواز نکالی۔ (اُستاد بوقتِ زدوکوب)

اَوائِلِ عُمر - (۱) ابتدائے عمر۔ بچپن۔ چھوٹی عمر۔ لڑکپن بالپن۔ (۲) کم سِنی۔ صِغر سِنی۔

اُوپر - اُونچا۔ بالا۔ فوق۔ بلند۔ نیچے کے خلاف۔

اُوپر اُوپر - (۱) بالا بالا۔ الگ الگ۔ (۲) پوشیدہ۔ چپکے چپکے۔ بے اثر۔

اُوپر اُوپر جانا - بیکار اور بے اثر جانا۔

اُوپر تلے کے - (۱) وہ دو بھائی یا دو بہنیں جن کے بیچ میں کوئی اور بھائی یا بہن پیدا نہ ہوئی ہو۔ (عورتوں کا خیال ہے کہ ایسے بچوّں میں ہمیشہ کھٹاپٹی رہتی ہے اور کبھی نہیں بنتی۔)

اُوپر وڑے پکڑنا - (۱) قراین سے کسی بات کو معلوم کرنا۔ قیاس سے دریافت کرنا۔ قیاس لگانا۔ (۲) تُہمت دھرنا۔ بالا بندی کرنا۔

اُوپر سے - (۱) علاوہ ازیں۔ ماسوا۔ جیسے ایک تو چیز تھوڑی اُوپر سے روتی ہے (۲) معمولی تنخواہ کے علاوہ۔ رِشوت۔ بالائی یافت۔ بالائی آمد۔ جیسے اِس نوکری میں اُوپر سے کیا پڑ رہتا ہے۔

اُوپر والا - (۱) چاند۔ (۲) خدا۔ (۳) نوکر چاکر۔ کارکن۔ پیش خدمت۔ (۴) اُلفتہ۔ اجنبی۔ غیر۔

اُوپر والیاں - (۱) پریاں۔ چڑیلیں۔ (۲) چھلیں (۳) پیش خدمت عورتیں۔ ماما۔ اصیلیں۔ جیسے بیوی تو مزاج کی اچھی ہیں پر اُوپر والیوں نے ناک میں دم کر رکھا ہے۔

اُوپر ہی اُوپر - (۱) بالا بالا۔ الگ ہی الگ۔ پوشیدہ چُھپواں۔ جیسے یہ کوسنا اوپر ہی اوپر نہیں جائیگا۔

اُوپری - (۱) ظاہری۔ خلافِ اصل۔ علاوہ (۲) غیر۔ اجنبی۔ پردیسی۔ (۳) غیر موزوں۔ اوتو۔ (۴) بالائی

اُوپری خلق - سایہ۔ جن و پری۔

اُوت - (۱) بن بیاہا۔ کنوارا۔ وہ شخص جو بیاہ ہونے سے پہلے مرگیا ہو۔ گو شب برات کے دن اکثر ایسے مُردوں کی فاتحہ دِلوائی جاتی ہے مگر ایک سال بعد یہ مُردے اُوتوں میں شامل کیئے جاتے ہیں۔ (۲) بیوقوف۔

انم

انگیا کا گھاٹ - انگیا کا گریبان -
انگیا کے پان - پچھووں کے پیچھے کے ٹکڑے
انگیا کے پٹھے - انگیا کی چوڑی گوٹ -
انگیا کی چڑیا - وہ سیون جس سے دونوں کٹوریاں ملی رہتی ہیں
انگیا کی خواصی - بغل کے برابر ایک وجی سی ہوتی ہے
جسے گھاٹی بھی کہتے ہیں -
انگیا کی دیوارین - کٹوریوں کے نیچے کے حصے
انگیا کی ڈوری - وہ ڈور جو عورتیں انگیا کے گریبان
کے گرد لگاتی ہیں -
انگیا کی کٹوریاں - محرم - ملکٹ - انگیا کا وہ حصہ
جس میں چھاتیاں رہتی ہیں - چھاتیوں کا غلاف یا گھر
اَنمنا - ناساز - کسلمند - بیمار - علیل - جیسے اُنکا جی انمنا ہے
آنو - ایک طرح کا چیپدار اور لزج مواد ہے جو پیٹ کے
بگاڑ سے مروڑ ہو کر بشکل بلغم نکلتا ہے - انتڑیوں کی
رطوبت جو انتڑیوں میں پیچ ہونیکی وجہ سے نچڑتی ہے
آنو پڑنا - پیٹ میں آنو کا پیدا ہونا - مروڑ سے لیسدار مواد کا گرنا -
پیچش ہونا - جیسے بچے کے پیٹ میں آنو پڑ گئی ہے -
اَنوٹھا (۱) عجوبہ - عجیب - انوکھا - نرالا - طرفہ - نادر (۲) نئی
بات کرنے والا - انہوئی بات کرنے والا -
اَنوٹھی بات - انوکھی بات - نئی بات - نادر بات
انور جہان (۱) نور جہاں (۲) اکثر عورتوں کا نام - انور بیگم - انور جہاں ہوتا ہے

انی

انوکھی - عجیب - تعجب انگیز -
آنول نال - جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اُسکی ناف
انتڑی کی طرح بڑھی ہوئی ہوتی ہے جسے ڈنڈی
بھی کہتے ہیں دائی اُسے اسیوقت کاٹ ڈالتی ہے
اِس کے آخیر میں ایک ٹکیا بھی لگی ہوتی ہے اسکی کل
ہیئت مجموعی کا نام آنول نال ہے - یا یوں کہو کہ
وہ گوشتیں نلی جو انتڑی کی مانند گوشت سے ملحق
ہوتی ہے جسے کانکر زمین میں دبا دیتے ہیں تاکہ بلی
کتا وغیرہ اُسے نہ کھا جائے - چنانچہ جب کہتے ہیں
کہ فلاں شخص کا آنول نال وہاں گڑا ہے تو اُس سے
یہی مُراد ہوتی ہے کہ وہ اس کا مسقط الراس یعنی
مقام پیدائش ہے جس سے اُسے فطرتاً محبت اور
لگاؤ ہے - (مسلمان اس لفظ کو مخفف کرکے صرف نال
بولتے ہیں) جیسے میرا آنول نال وہیں گڑا ہے -
آنول نال گڑنا مجازاً کسی قسم کی خصوصیت اور دعویٰ ہونا -
کسی جگہ سے محبت ہونا - جیسے تیرا آنول نال تو یہاں
نہیں گڑا جو تو بار بار آتا ہے - (اب صرف نال بولتی
ہیں شاید میر امن کے زمانے میں آنول نال بولتی ہوں)
انہوئی بات - جو بات کبھی نہ ہوئی ہو - انوکھی بات -
انیاں خنیاں - اَئیری غیری - اکی ڈھکی -
آنی جانی - بے ثبات - ناپائدار - فانی - جیسے پیسہ تو آنی جانی چیز ہے

انگ

لڑی رہنا۔ نظریں لڑی رہنا۔ (۲) منتظر رہنا۔ آرزومند رہنا۔ اُمیدوار رہنا۔ دِھیان لگا رہنا۔ راہ دیکھنا۔ انتظار میں رہنا۔ اندیشہ ناک ہوکر راہ تکنا۔ مضطربانہ اِنتظار کرنا۔ جیسے جب تک بچّہ نہیں آتا اُدھر ہی آنکھیں لگی رہتی ہیں۔

آنکھیں مٹکانا۔ آنکھیں گھمانا۔ آنکھیں جھپکانا۔ آنکھیں نچانا۔ آنکھیں متحرک کرنا۔

آنکھیں ہوئیں اوٹ دِل میں آیا کھوٹ (کہاوت) یعنی مُنہ دیکھے کی محبّت ہے پیٹھ پیچھے کُلفت

آنکھیں ہوئیں چار دِل میں آیا پیار۔ (کہاوت) مُلاقات اِزدیادِ محبّت کا باعث ہے۔

انگ۔ جسم۔ بدن۔ تن۔ اندام۔ سریر۔ دیہ۔ کایا۔ پنڈا۔

انگ لگنا۔ کھانے کی چیزوں کا جُزوِ بدن ہونا۔ ہضم صحیح ہونا۔ کھایا پیا جی کو لگنا

انگارا۔ (۱) دہکتا ہوا کوئلا یا آتش پارۂ کلاں۔ اَنگر۔ دہکتا ہوا کوئلا (۲) لال رنگ کا کنکوا (۳) صفت میں نہایت سُرخ۔ نہایت جلتا ہُوا چمکتا ہوا۔ دہکتا ہُوا۔

انگاروں پر لٹانا۔ جلانا۔ تڑپانا۔ رشک یا حسد میں مُبتلا کرنا۔ ستانا۔ رنج دینا۔ مُضطرب کرنا۔

انگاروں پر لوٹنا۔ رشک اور حسد میں جلنا۔ جلنا (۲) بیتاب و بیقرار ہونا۔ تڑپنا۔ تلملانا۔ بیچین ہونا۔

انگ

انگڑائی۔ خمیازہ۔ (اِنسان اور حیوان دونو کیواسطے ہی) ایک طبعی حرکت ہے جو سُستی دُور کرنے کیواسطے ظاہر ہوتی ہے۔ اُس کا یہ طریقہ ہے کہ آدمی ہاتھوں کو کھڑا کر کے سر کی طرف لیجاتا اور اپنے جسم کو تانتا ہے۔

انگڑائی توڑنا (۱) کسی شخص کے برابر کھڑے ہو کر انگڑائی لینا۔ مجازاً سُستی اُتارنا (۲) بے شغلی اور بیکاری میں بسر کرنا۔ سُست بنا۔

انگڑائی لینا۔ خمیازہ کشی کرنا۔ سُستی اُتارنا۔

انگشتانہ (منسوب بہ انگشت) ایک پیتل یا لوہے کی خاردار شام نما اُنگلی کی ٹوپی جسے سیتے وقت سوئی چُبھنے سے بچانے کو پہن لیتے ہیں۔

اُنگلی۔ ایک عضو کا نام جسے انگشت بھی کہتے ہیں۔ ہاتھی کی سونڈ کی نوک بھی

اُنگلی پکڑتے پہنچا پکڑنا۔ ذرا سا سہارا پاکر آگے قدم بڑھانا۔

اُنگلیاں اُٹھنا۔ رُسوا ہونا۔ بدنامی کے ساتھ مشہور ہونا۔ نکّو ہونا۔ مطعون ہونا۔ انگشت نما ہونا۔

انگلیٹ۔ جسامت۔ ڈیل ڈول۔ اُٹھان۔ قد و قامت جیسے اِس کی انگلیٹ ہی ایسی ہے کہ عمر معلوم نہیں ہوتی

انگھڑ۔ بد تہذیب اُجڈ۔ ناشایستہ۔ کُندۂ ناتراش۔

انگیا۔ انگی۔ محرم۔ چولی۔ عورتوں کا سینہ بند۔

انگیا کا بنگلا۔ وہ خربوزے کی سی پھانکیں جو ٹکٹوں کو گھروں سے بنا دیتے ہیں۔

انگیا کا گھیرا۔ وہ بٹا ہوا سوت کا ڈورا جو انگیا کی کمر اور کنٹھی میں گوٹ کے مانند ہوتا ہے۔ انگیا کا بند۔ تنی۔

سلہ بھلا کا خیال ہو کر کھانا کھانے کے بعد انگڑائی لینے سے سارا کھانا کچے پیٹ میں چلا جاتا ہے لیکن درحقیقت

انک

چیز جاتی تھی سو جاتی رہی۔ (۴) پکانے ریندھنے کا کام کرنا۔ جیسے چار پہر چولہے کے آگے آنکھیں پھوڑیں جب روٹی نصیب ہوئی۔ (۵) دیدہ ریزی کا کام کرنا۔ کوئی باریک کام مثل گوٹہ کناری بُننے یا سینے پرونے یا کاڑھنے اور لکھنے پڑھنے کا کرنا۔ جیسے دِن بھر آنکھیں پھوڑتے ہیں جب چار پیسہ کی شکل دیکھتے ہیں (۶) بیفائدہ انتظار کرنا۔ ناحق راہ دیکھنا + انتظار کرنا۔ منتظر رہنا۔ جیسے آتے تو آچکتے اب تم کیوں بیٹھے ہوئے آنکھیں پھوڑتے ہو۔

آنکھیں تلوؤں سے مَلنا۔ دیکھو (آنکھوں کو تلوؤں سے ملنا)

آنکھیں ٹھنڈی کرنا۔ دیکھو (آنکھ ٹھنڈی کرنا)

آنکھیں ٹھنڈی ہونا (۱) تسلّی و تشفّی ہونا + آنکھوں کو راحت پہنچنا + جی خوش ہونا (۲) ڈھارس بندھنا۔ مطمئن ہونا۔ اِطمینانِ خاطر ہونا۔ جیسے جب بچے سامنے آگئے آنکھیں ٹھنڈی ہوگئیں تو اب کاہے کا رونا ہے۔

آنکھیں چار ہونا۔ (۱) سنمکھ ہونا۔ ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہونا۔ رُوکش ہونا۔ مقابل ہونا۔ رُوبرُو ہونا۔ دوچار ہونا۔ ملاقی ہونا۔ آنکھوں سے آنکھیں ملنا۔ جیسے آنکھیں ہوئیں چار دل میں آیا پیار۔ آنکھیں ہوئیں اوٹ دل میں آئی کھوٹ۔ (۲) علم

حاصل ہونا۔ علمیت ہونا۔ فراست و دانائی زیادہ ہونا۔

آنکھیں ڈگرڈگر کرنا۔ کمال ضُعف یا نقاہت سے آنکھوں کا ایک حالت پر قائم نہ رہنا۔ آنکھوں کا تیرا تیرا پھرنا۔ دُبلاپے کے مارے سارے جسم میں آنکھیں ہی آنکھیں دِکھائی دینا۔ جیسے دو ہی دِن کے فاقوں میں آنکھیں ڈگرڈگر کرنے لگیں۔

آنکھیں ڈھونڈتی ہیں۔ آنکھیں دیکھنا چاہتی ہیں۔ آنکھیں نہایت مشتاق ہیں۔

آنکھیں رکھنا۔ شناخت رکھنا۔ تاڑو ہونا۔ شناسا ہونا جیسے "آخر میاں تھا تو بچہ آنکھیں تو رکھتا تھا"۔

آنکھیں کڑوانا۔ آنکھوں میں نیند بھرنا۔ نیند کا خمار ہونا۔

آنکھیں کھٹکنا۔ نیند کے مارے آنکھیں کُھجانا۔

آنکھیں کُھلنا۔ (۱) ہوش آجانا۔ متنبہ ہوجانا۔ خبر پڑجانا۔ واقفیّت ہوجانا (۲) متحیّر ہوجانا۔ حیرت میں ہوجانا۔ جیسے بھائی کا ٹھاٹھ دیکھ کر اُسکی آنکھیں کھل گئیں :۔

آنکھیں کُھلوانا۔ ہندوستان کی مسلمان عورتوں میں ایک رسم ہے کہ جب دُولہا دُلہن کو بیاہنے آتا ہے تو اُسے گھر میں بُلا کر آرسی مُصحف کے وقت دُلہن کی آنکھیں کُھلوانے کے واسطے عاجز کرتی ہیں جسکا مفصّل حال آرسی مُصحف میں لکھا گیا ہے۔

آنکھیں لگی رہنا۔ (۱) آنکھیں چسپاں رہنا۔ آنکھیں

انک

سکھی - درشن بن انکھیاں ترس رہیں (۲ - تصغیر بالمحبّت) پیاری آنکھیں - عزیز آنکھیں - خوشنما آنکھیں دِلپسند آنکھیں - قابلِ قدر آنکھیں جیسے بابا انکھیوں والے انکھیاں بڑی نعمت ہیں (صدائے فقیرِ نابینا) ننّے میاں انکھیاں کھولو دیکھو تمہارے کبوتر کیسے ناچ رہے ہیں -

آنکھیں - آنکھ کی جمع - دیدے - انکھیاں - نیناں -

آنکھیں آنا - آنکھیں دُکھنے آنا - آنکھوں پر آشوب ہونا - آنکھوں میں درد ہونا - آنکھیں لال ہو جانا آشوبِ چشم ہونا -

آنکھیں بچھانا - آنکھوں کا فرش کرنا - کسی دوست کے آنے کا بہت انتظار کرنا - منتظر رہنا - نہایت شوق سے راہ دیکھنا چشم براہ ہونا - نہایت عاجزی کرنا - شوق یا تعظیم یا طیبِ نفس سے کسی کو بلانا اور اُسکا انتظار کرنا ÷ (۲) خاطر و مدارات کرنا - آؤ بھگت کرنا ÷ اطاعت کرنا ÷ ناز اُٹھانا اور مان کرنا - تواضع و تکریم کرنا - تعظیم و تکریم کرنا - جیسے جسوقت سے میں آئی ہوں خالہ امّاں میرے لئے آنکھیں بچھا رہی ہیں -

آنکھیں بچھانے والی - ناز برداشت کرنیوالی - لاڈ اُٹھانے والی - ناز بردار -

آنکھیں بدلنا - (۱) بے رُخ ہونا - تیوری چڑھانا -

انک

بے مروّتی کرنا - بے دید ہونا ÷ محبّت توڑنا - (۲) افروختہ ہونا - یکایک غُصّہ میں آجانا ÷ طوطا چشم بننا -

آنکھیں پَٹَم ہونا - آنکھوں کا جاتا رہنا - اندھا ہو جانا - آنکھوں میں روشنی نہ رہنا - بینائی کا جاتا رہنا سہ
یا الٰہی جو جھوٹی قسمیں کھائیں ÷ اُنکی آنکھیں بھی پٹم ہو جائیں

آنکھیں پَھٹنا - (۱) آنکھوں پر صدمہ ہونا - آنکھوں میں درد ہونا - کسی تکلیف کے باعث یہ معلوم ہونا کہ آنکھیں نکلی پڑتی ہیں - جیسے سر کے درد سے آنکھیں پھٹی جاتی ہیں (۲) حیرت میں ہونا - تعجّب میں ہونا - ہکّا بکّا ہونا - بھچکا رہجانا (۳) ہوس کرنا - رشک کرنا - حسد کرنا - جلنا - جیسے امیرانہ ٹھاٹ دیکھکر اُسکی آنکھیں پھٹ گئیں - پرائی دولت دیکھکر دشمن کی آنکھیں پھٹی جاتی ہیں -

آنکھیں پھوٹیں - (۱) آنکھوں کی قسم - یعنی اگر ایسا کیا ہو تو ہماری آنکھیں پٹم ہوں - (۲) کوسنا یعنی خدا کرے تیری آنکھیں پٹم ہوں -

آنکھیں پھوڑنا - (۱) اندھا کرنا - نابینا کرنا - جیسے اچھا کھیل کھیلا کہ بچّے کی آنکھیں پھوڑ دیں - (۲) اندھا ہونا - بے بصر ہونا - جیسے یہ تو آج رو رو کر اپنی آنکھیں پھوڑیگا - (۳) رونا - گریہ کرنا - آنسو بہانا - زار قطار رونا - جیسے تو اپنی آنکھیں رو رو کر کیوں پھوڑتی ہے جو

کرنا۔ نظربندی میں رکھنا۔ آنکھوں کے سامنے سے نہ سرکنے دینا۔ آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا۔ قدرومنزلت سے رکھنا۔ پیار سے رکھنا۔ نازاور لاڈ میں پالنا۔ نہایت پیار کرنا۔ خیال میں رکھنا۔ دھیان میں رکھنا۔

آنکھوں میں سُرمہ دینا۔ یا گُھلانا ۔ آنکھوں میں سُرمہ لگانا۔ انجن سارنا۔ سُرمہ ڈالنا۔

آنکھوں میں سُرمہ گُھلنا ۔ سُرمہ آنکھوں میں لگنا۔ آنکھوں میں سُرمہ پڑنا۔

آنکھوں میں کُوٹ کُوٹ کر مُوتی بھرے ہیں } نہایت خوبصورت رسیلی چمکیلی آنکھ کی تعریف میں یہ جملہ بولا جاتا ہے۔

آنکھوں میں کھٹکنا ۔ آنکھوں میں چُبھنا۔ کرکرا لگنا۔ نظروں میں بُرا لگنا۔ دیکھو (آنکھوں میں غار گُزرنا)

آنکھوں میں گھر کرنا ۔ (۱) آنکھوں میں بسنا۔ آنکھوں میں رہنا۔ آنکھوں میں سمانا۔ آنکھوں میں قیام کرنا نظروں میں بیٹھنا۔ نینوں میں بسنا (۲) نہایت عزیز ہونا (۳) نظروں میں چرالینا۔ آنکھوں آنکھوں میں چرالینا کمال عیّاری اور چالاکی سے کسی چیز کو غائب کردینا۔ نگرانی کے باوجود کوئی چیز چُرالینا۔ آنکھوں میں سے لے جانا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

دغا دینا۔ چھل کرنا (۴) مکر کرنا۔ چنڈرانا۔ جھٹلانا۔ جان کر انجان بننا۔ ڈھٹائی کرنا۔ اصرار کرنا۔ (۵) سخن پروری کرنا۔ اپنی بات کی پچ کرنا۔ اپنے قول کو بچنا۔ اپنی بات کو بچنا

آنکھوں میں مُوتی کُوٹ کر بھر دئے ہیں } خوبصورت۔ رسیلی چمکیلی آنکھ کی تعریف میں یہ جملہ بولتے ہیں

آنکھوں میں نون رائی ۔ دفعیۂ چشم بد کیواسطے یہ جملہ بولا جاتا ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ خدا کرے دُشمن کی آنکھیں پھوٹیں۔ چونکہ نون اور رائی آنکھوں کے حق میں مضر ہے اور نیز رائی بچوں کے اوپر سے عورتیں اُتار کر چُولہے میں ڈالا بھی کرتی ہیں اس سبب سے چشم بد دُور کی جگہ یہ محاورہ بولنے لگے۔ حف نظر۔ چشم بد دُور۔

آنکھوں میں نیند گُھلنا ۔ نیند آنے لگنا۔ نیند کا زور ہونا۔ نیند بھر آنا۔ آنکھیں کڑوانا۔ نیند کے جھونٹے آنے لگنا۔ نیند کا خمار ہونا۔ آنکھیں نیند کے مارے کھچانے لگنا۔ آنکھیں کھٹکنا۔ غنودگی کا زور کرنا۔

آنکھیاں (۱) آنکھ کی جمع (بحالتِ تصغیر بالتحقیر) انکھڑیاں۔ چھوٹی چھوٹی آنکھیں۔ بدنما و بدصورت آنکھیں۔ جیسے (گیت) پیارات رہے کہیں اور

انک

باعث آنکھوں کا اندر دھنس جانا۔ آنکھوں میں
گڑھے پڑ جانا۔ دبلاہٹ سے آنکھوں کا اندر گڑ
جانا۔ کاسۂ چشم کا لاغری کے باعث نمایاں ہو جانا۔
جسم میں آنکھوں کا لاغری کے باعث اچھی طرح معلوم
ہونا۔ جیسے چار ہی دن کے بخار سے آنکھوں میں
حلقے پڑ گئے (یہاں حلقہ بمعنی حدقہ کاسۂ چشم سے
مراد ہے۔ اگرچہ حلقہ بھی اس معنی میں مستعمل ہے)
آنکھوں میں خار گزرنا یا ہونا۔ آنکھوں میں کھٹکنا
خار کی مانند آنکھوں میں چبھنا۔ ناگوار گزرنا۔ طبیعت
پہ گراں معلوم ہونا + باعث تکلیف یا آزار ہونا۔
برا لگنا۔ گراں خاطر ہونا (اکثر آزار دہندے یا دشمن
کے حق میں یہ محاورہ بولا جاتا ہے) جیسے بی اماں
تم کو تو میرا ہی دینا خار گزرتا ہے۔ تمہیں اُن کا کھانا
پینا کیوں خار لگتا ہے۔
آنکھوں میں خاک۔ جب کوئی شخص کسی چیز کو ٹوکتا
ہے تو عورتیں اس خیال سے کہ یہ چیز ٹوک میں نہ آجائے
اس کلمہ کو زبان پہ لاتی ہیں اور نیز جب کسی کی تعریف
کرنی منظور رہتی ہے۔ اُس موقع پر بھی اس کلمہ کا
استعمال ہوتا ہے۔ (۱) مجازاً چشم بدور۔ حف نظر۔
نظر نہ لگے۔ نام خدا۔ جیسے میری آنکھوں میں خاک
کیا پیارا پیارا بچہ ہے۔ تیری آنکھوں میں خاک

انک

میرے بچے کو نہ ٹوک (۲) کچھ نہیں۔ بالکل نہیں
(جب کسی مانگنے والے کو کوئی چیز دینی منظور نہیں ہوتی
تو بے تکلفی یا ناراضی کی وجہ سے یہ کلمہ کہتی ہیں)
آنکھوں میں خاک بھی نہ دوں۔
آنکھوں میں خاک کی چٹکی بھی نہ ڈالوں۔ (کلمۂ تنفر) کچھ نہ دوں۔ کبھی
نہ دوں۔ ہرگز نہ دوں۔ یہ چیز تو کیا خاک بھی اس کی
بجائے تمہاری آنکھوں میں نہ ڈالوں۔ کسی چیز
کے دینے پہ نہایت بیزاری اور خفگی ظاہر کرنے کی
جگہ یہ جملہ بولا جاتا ہے۔
آنکھوں میں خاک ڈال آئی (کہاوت) یعنی ہوشیار
کو اندھا بنا کر دھوکا دے آئی۔ مثلاً کا چھن کی آنکھوں
میں خاک ڈال کر سیر کا سوا سیر مال تلوا لیا۔
آنکھوں میں رات کٹنا۔ حالت بیداری و بےخوابی
میں رات تمام ہونا۔ پلک سے پلک نہ لگنا۔ رات
بھر جاگنا۔ آنکھ نہ جھپکنا۔ آنکھ بند نہ ہونا۔ آنکھ نہ
لگنا۔ بالکل نہ سونا۔ رات بھر مضطرب رہنا۔ بیقرار
رہنا۔ بیکل رہنا۔ تڑپتے رات کٹنا۔ کروٹوں میں رات
گزارنا۔ بیٹھ کر رات گزارنا۔ رات بھر نہ سونا۔ جاگ
کر رات کاٹنا۔ جیسے اُن کی بیماری سے آنکھوں میں رات کٹتی ہے
آنکھوں میں رکھنا۔ نگاہوں میں رکھنا۔ نظروں
میں رکھنا۔ نگہبانی اور محافظت میں رکھنا۔ سخت نگرانی

باندی ہوئی اُس بات سے یہ ایک خاص
محاورہ بن گیا۔ واللہ اعلم بالصّواب)۔

آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا۔ نظروں سے نظریں مِلانا
آنکھیں سامنے کرنا۔ ڈھٹائی سے دیکھنا۔ گھُورنا۔
سامنے ہوجانا۔ سَنمُکھ ہونا۔ مُقابِل ہونا۔ رُوکش ہونا۔

آنکھوں میں بسنا۔ (۱) آنکھوں میں کھُبنا۔ نظروں
میں سمانا۔ تصور میں جمنا۔ نظروں پر چڑھنا۔ (۲)
بھانا۔ پسند آنا۔ مرغوب ہونا۔ جیسے اُسکی صورت
آنکھوں میں بس رہی ہے۔

آنکھوں میں بَیٹھنا۔ (۱) آنکھوں میں گھر کرنا (۲)
آنکھوں میں چُبنا۔ آنکھوں میں کھُبنا۔ نظروں میں بھلا لگنا۔
پسند آنا۔ بھانا۔ کسی رنگت کا تیزی کے باعث سے
آنکھوں پر اثر کرنا۔ شوخ رنگت کی تعریف میں بھی
کہتے ہیں۔ جیسے اِسکی رنگت آنکھوں میں بیٹھی جاتی
ہے (۳) دیدہ و دانستہ اندھا بنانا۔ جان بُوجھکر
ہٹ کرنا۔ جیسے تم بھی صریحاً جھُٹلاتی اور آنکھوں
میں بیٹھی جاتی ہو۔

آنکھوں میں بھی شرم } (۱) مروّت کے باعث
دِل کے بھی نرم } ہتک اُٹھانا (۲) آنکھ کی
شرم اور حجاب کے باعث حرمت و عصمت اور
ننگ و ناموس کا کچھ پاس نہ ہونا (۳) سائل کا سوال

رد نکرنے سے اپنی عزت میں بٹہ لگانا۔ (جب کوئی
شخص شرما شرمی اپنی بیٹی کا نکاح غیر کفو یا غیر قوم
یا اپنے خلاف آدمیوں میں کر دیتا ہے تو اُسکی نسبت
یہ مثل کہتے ہیں (۴) شرم ولحاظ سے نقصان اُٹھانا۔

آنکھوں میں جہان } غم یا رنج کے مارے کچھ نہ
اَندھیر ہونا یا رہنا } دکھائی دینا۔ غم کی گھٹا چھانا
حُزن و ملال میں عمر کٹنا۔ نہایت اَندُوہ اور غایت
رنج میں بسر ہونا۔ غشی کا عالم رہنا۔ کچھ بھلا نہ لگنا۔
جیسے جب سے بچہ پردیس سدھارا ہے میری آنکھوں
میں جہان اندھیر ہے۔ (چونکہ رنج و غم کی زیادتی رُوح
پر زور ڈالتی ہے اور اس کے باعث وہ
حواسوں میں پوری پوری قوت نہیں پہنچا سکتی
اس سبب سے قوّتِ باصرہ بھی اپنی پوری خدمت
ادا کرنے سے معطّل ہوجاتی ہے جس سے آنکھوں
میں اندھیرا اور دماغ میں جو رئیسُ الاعضا ہے چکّر
آنے لگتا ہے۔ پس جب بادشاہِ جسم کو تکلیف ہوئی
تو اُسکی رعیّت یعنی اعضائے جسمانی کس طرح اَمن
میں رہ سکتے ہیں۔ اِس ساری حقیقت کا نتیجہ نکال
کر اہلِ زبان اِس محاورے کو بولنے لگے واللہ
اعلم بالصّواب)۔

آنکھوں میں حلقے پڑنا۔ کسی صدمہ یا لاغری کے

انک

رشتہ کے آدمیوں کے سامنے اُسی کنبہ کی
برائی کرنی - ایک دوست کی بُرائی اُسکے دُوسرے دوست سے
کرنی - سسرال کی برائی سسرال کے لوگوں کے
سامنے کرنی - عزیز کے آگے عزیز کو بُرا کہنا - (۲) کسی
عزیز کے رُوبرُو اُسکے عزیز کی غیبت یا بدی کرنی

آنکھوں کے آگے ناک سوجھے کیا خاک (۱) اتنی بڑی ناک ہے کہ نظر کے آگے حائل ہوگئی صریحًا ایک
چیز آنکھ کے رُوبرُو رکھی ہے اور پھر چاروں طرف
ڈھونڈھتے پھرتے ہیں - مجازاً بیوقُوفی سے اندھا
(۲) اپنوں کا عیب نظر نہیں آتا - اپنے رشتہ
ناتہ والوں کی برائی کوئی نہیں دیکھتا -

آنکھوں کی سوئیاں رہ گئی ہیں یا نکالنی رہ گئی ہیں (محاورہ) بہت سا کام تو ہوچکا ہے تھوڑا
سا باقی رہ گیا ہے + بہت سی مُصیبت کاٹ لی
تھوڑی سی باقی رہی ہے - ہاتھی نکل گیا ہے دم رہ گئی
ہے - جیسے ساری سوئیاں نکال لیں آنکھوں کی سوئیاں
رہگئیں یعنی کام کیا اور پھر رہگیا - (عورتیں اس کا قصّہ
یُوں مشہور کرتی ہیں کہ کسی سوداگر بچّے کی کسی جادُوگرنی
سے دوستی تھی سو وہ اُسکی بیوی کے نام سے جلا
کرتی تھی ایک روز کیا ہوا کہ اُس نے اُسکی بیوی کے
مار ڈالنے کو سوداگر بچّے کے گھر میں جادو کی پُڑیا پھکوا

انک

دی - قضا عند اللہ وہ پُڑیا اُس نیکبخت بیوی کے
اُوپر تو نہ پڑی سوداگر بچہ ہی کے بدن پر جا پڑی اُس
کا پڑنا تھا کہ تمام تن بدن میں سُوئیاں ہی سُوئیاں
ٹھک گئیں - سوداگر بچہ اِس تکلیف کے مارے
بیہوش ہوکر زمین پر گر پڑا اُسکی بیوی جو صبح کی
نماز پڑھکر اُٹھی تو یہہ حال دیکھکر بہت سٹ پٹائی
اور اُسی دم سے سوئیاں نکالنے بیٹھ گئی - ہاتھوں
سے سُوئیاں نکالنے میں اِس کے خاوند کو تکلیف
ہونے لگی تو اُس نے اپنے ہونٹوں سے نکالنی شروع
کیں - تیسرے پہر تک ساری سوئیاں نکال ڈالیں
صِرف آنکھوں کی سوئیاں رہی تھیں کہ ظہر کا وقت
تنگ ہونے لگا یہ اپنی باندی کو خاوند کے پاس بٹھا
کر آپ نماز پڑھنے چلی گئی - باندی نے اس موقع کو
غنیمت جانکر رہی سہی سُوئیاں جھٹ پٹ نکال
ڈالیں - اِن کا نکلنا تھا کہ ایک کانٹا سا نکل گیا سوداگر
بچّے کی جان میں جان آگئی اللہ اللہ کرکے اُٹھ بیٹھا آنکھ
کھولتے ہی باندی کو پاس بیٹھے ہوئے دیکھا اور
اُسکا احسان سمجھکر بن داموں غلام بن گیا - بیوی
کی صُورت سے بیزار رہنے لگا اُس بیچاری کو آنکھوں
سے گرا دیا اور اُس لونڈی کو بیوی بنا لیا وُہی مثل
ہوئی کہ باندی تھی سو بیوی ہوئی اور بیوی تھی سو

انک

آنکھوں دیکھا ماننا۔ کانوں سنا نہ ماننا۔

آنکھوں دیکھا بھٹ پڑا (کہاوت) یعنی آنکھوں **کہیں کانوں سُنا** کا دیکھا ہوا گیا گزرا ہوا اور کانوں سے سُنے ہوئے کا یقین کیا ✤ نری ہٹ دھرمی سے قابلِ وثوق بات کا اعتبار نہ کرنا۔ دوسرے کو بلا دلیلِ روشن جھوٹا بتانا۔

آنکھوں سُکھ کلیجے ٹھنڈک (کہاوت) یعنی بدل و جان منظور۔ ہرطرح خوش (جن باتوں سے آنکھوں کو آرام ملے اور دل کو خوشی حاصل ہو اُنکی نسبت بولتی ہیں)

آنکھوں سے گر جانا۔ نظروں میں حقیر و ذلیل ہو جانا طبیعت سے اُتر جانا۔ دل سے اُتر جانا۔ بیقدر اور بیوقر ہو جانا۔ رُتبہ سے گر جانا۔ عزّت نہ رہنا۔ درگھٹ جانا۔ جیسے اپنے بیڈھنگے پنے سے سسرال والوں کی آنکھوں سے گر گئی۔

آنکھوں سے مینہہ برسنا۔ کثرت سے اشک باری ہونا۔ زار و قطار رونا۔ زار زار رونا۔ لگا تار رونا۔

آنکھوں سے نیل ڈھلنا۔ (صحیح آنکھوں سے نیر (پانی) ڈھلنا) (جب آدمی مرنے لگتا ہے تو اُسوقت اُسکی آنکھوں سے دو ایک قطرے ٹپکتے ہیں جسکو آنکھوں سے نیل ڈھلنا کہتے ہیں) جاں بلب ہونا۔ قریب بمرگ ہونا۔ مرنے لگنا۔ مرنے کی علامت کا ظاہر ہونا ✤ آنکھوں کا بیرونق ہو جانا۔

آنکھوں کا تیل نکالنا۔ دیدہ ریزی کرنا۔ باریک باریک کام کرنا۔ ایسا کام کرنا جس سے آنکھوں پہ زور پڑے اور تیور چلے۔ گوٹہ کناری۔ یا سینے پرونے یا لکھنے پڑھنے وغیرہ کا کام کرنا ✤ نگاہ پہ زور ڈالنا نگاہ کا کام کرنا۔ جیسے راتوں کو بیٹھکر آنکھوں کا تیل نکالا جب بچّوں کو پالا۔

آنکھوں کا کاجل چُرانا یا } (۱) کمال عیّاری اور چالاکی **آنکھوں میں سے کاجل چُرانا** } کرنا۔ دھوکا دینا۔ چوری میں اُستادِ کامل ہونا۔ چوروں کا چور ہونا۔ بادی چور ہونا۔ مکّاروں کا مکّار ہونا۔ بدمعاشوں کا اُستاد ہونا۔

آنکھوں کو تلوؤں سے ملنا۔ (تلوؤں سے آنکھیں ملنا زیادہ بولتے ہیں) کسی دشمن کی آنکھوں کو نکلوا کر اپنے تلوؤں سے ملنا۔ حسرت نکالنا۔ (کسی زمانہ میں ایک قسم کی سزا تھی کہ جب کوئی بیگم یا رانی۔ مہارانی کسی مرد سے ناراض ہوتی تھی تو جب تک وہ اُسکی آنکھوں کو منگوا کر اپنے تلوؤں سے نہیں مل لیتی تھی غضبناک ہی رہتی تھی۔ چنانچہ یہ محاورہ اب بھی صرف عورتوں ہی میں بولا جاتا ہے) جیسے اُسکی آنکھوں کو اپنے تلوؤں سے ملوں جب ٹھنڈک پڑے۔

آنکھوں کے آگے پلکوں کی آڑ کرنا۔ ایک ہی کنبہ

انک

آنکھ میں چوب آنا - آنکھ میں چوٹ لگنا۔ آنکھ میں ضرب آنا۔ کسی چوٹ کے صدمہ سے جو آنکھ پر سُرخی آجاتی ہے اُسے چوب آنا کہتے ہیں۔ عوام اِس کے لئے ٹوٹکے بھی کرتے اور آکھ کے پھول وغیرہ سے جھاڑتے بھی ہیں۔

آنکھ میں خار ہونا - آنکھ میں کھٹکنا۔ ناگوار ہونا گراں گزرنا۔ آنکھوں کو بُرا لگنا۔ دیکھو (آنکھوں میں خار ہونا)

آنکھ میں ذرا پانی نہیں - نہایت بےحیا اور کٹّر ہے۔ نہایت سنگدل اور کٹھور ہے۔ بےمروّت اور بیدید ہے شوخ چشم ہے۔ بےغیرت ہے۔ جیسے ذرا تمہاری آنکھ میں پانی نہیں تم کیسی بےحیا ہو۔

آنکھ میں ذرا نیل نہیں (۱) دیکھو (آنکھ میں ذرا پانی نہیں (۲) بےمروّت ہے۔ بےدید ہے۔ بےوفا ہے۔

آنکھ میں کھٹکنا (۱) آنکھ میں رڑکنا۔ آنکھ میں چُبھنا۔ (۲) نظروں میں بُرا لگنا۔ ناگوار گزرنا۔ گرانِ خاطر ہونا۔ آنکھ میں خار ہونا۔

آنکھ نہ ناک بنّو چاندسی - عورتیں اِس مثل کو بطریقِ ہجوِ ملیح بولتی ہیں یعنی آنکھ سے اندھی ناک سے نکٹی اور پھر اچھی۔ دوسرے معنی ہیں باوجودیکہ چاند میں حسن و جمال ہے مگر آنکھ ہے نہ ناک ہے۔ اکثر بدشکل بدصورت بدہیئت عورت کی تعریف میں یہ جملہ بولا جاتا ہے۔

آنکھوں (آنکھ کی جمع بحالتِ مفعول)

آنکھوں پر پٹّی باندھنا - آنکھیں بند کردینا۔ شناخت کے قابل نہ رکھنا۔ تمیز کا مادہ نہ دینا۔ اچھّے بُرے کی شناخت نہ ہونا۔ جیسے حُسنا بہن! جب ماں ہی کی آنکھوں پر خدا نے پٹّی باندھ دی تو پھر میں اور تم کون؟

آنکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا - اپنا بار دوبھر نہیں ہوتا۔ اپنی چیز ناگوار نہیں گزرتی۔ کام کی چیز کبھی گراں نہیں معلوم ہوتی۔ اپنا پیارا کبھی ناگوار نہیں گزرتا اپنے عزیز کا پاس رہنا ناگوارِ خاطر نہیں ہوتا۔ اپنا عزیز گراں نہیں گزرتا۔ گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے

آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لینا یا رکھنا - جان بوجھ کر اندھا بن جانا۔ بےمروّتی اختیار کرنا۔ بےمروّت بنجانا۔ بیدید ہونا۔ طوطا چشم ہونا۔ آنکھیں بدل لینا۔ احسان بھلا دینا۔ گُن نہ ماننا۔ بےشرم ہوجانا۔ لاج اُٹھا دینا بےانصاف ہونا۔ نامُنصفی کرنا۔ بدلا احسان کا احسان سے نہ کرنا۔ جیسے ایسی تو آنکھوں پر ٹھیکری نہ رکھّو۔

آنکھوں پر چربی چھا جانا - بےمروّت ہوجانا۔ دوست دشمن کی تمیز نہ کرنا۔ جیسے ہم دُنیادار کمبخت اندھے ہوتے ہیں دولت کے مارے ہماری آنکھوں پر چربی چھاگئی ہے

آنکھوں تلے پھرنا - نظروں میں پھرنا۔ تصوّر میں رہنا۔ آنکھوں میں بسنا۔ خیال نہ بھولنا۔ بار بار خیال آنا۔

آنکھوں دیکھا یا آنکھوں دیکھی - دیکھا بھالا۔ چشم دیدہ نظر کردہ۔ دیکھا ہوا۔ آزمودہ۔ دیکھی ہوئی۔ اپنا دیکھا۔ جیسے

انک

گھُرکی دینا۔ گھُرکنا۔

آنکھ کا پانی ڈھلنا۔ (۱) بے شرم و بے حیا ہونا۔ لاج نہ رہنا۔ نلجا ہونا۔ جیسے لڑکی تیری تو آنکھ کا پانی ڈھلگیا ہے تجھے کسی کا بھی لحاظ نہیں۔ (۲) نہایت بے غیرت و بے شرم۔

آنکھ کا تارا۔ (۱) آنکھ کا تِل۔ مَردُمکِ چشم۔ آنکھ کی تپلی مینک (۲) آنکھ کی روشنی۔ روشنیِ چشم۔ آنکھ کی جوت۔ بینور۔ نُور۔ اُجالا۔

آنکھ کا کاجل چُرانا۔ چوری کے فن میں یکتا ہونا + کمال عیّار ہونا۔ چاتر ہونا۔ جیسے وہ حرّاف تو آنکھ کا کاجل چُراتی ہے۔

آنکھ کھلنا۔ ہوش آنا۔ سُرت آنا۔ واقفیت ہونا۔ آگاہ ہونا۔ غفلت دُور ہونا۔ سدھ آنا۔ خبر پڑنا۔ جیسے میاں اِسوقت فضولخرچی پر نہیں بولتا کبھی تو آنکھ کھلے ہی گی۔

آنکھ کے آگے۔ (۱) آنکھ کے سامنے۔ آنکھ کے رُوبرُو (۲) آنکھوں دیکھتے۔ جان بُوجھ کر۔ روبرو۔ آگے۔ موجودگی میں۔ جیسے آنکھ کے آگے ناک سُوجھے کیا خاک (ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جو سامنے کی چیز نہ دیکھے اور اِدھر اُدھر ڈھونڈتا پھرے۔ مجازاً بیوقوف اور دوسرے معنی ہیں اپنوں کا عیب کوئی نہیں دیکھتا۔

آنکھ کی بدی بھَوں کے آگے۔ کسی شخص کا عیب و قصور اُسکے

انک

کُنبہ یا دوست کے آگے بیان کرنا۔ ایک عزیز کی شکایت دوسرے عزیز کے روبرو

آنکھ کی پُتلی۔ (۱) مَردُمک۔ مَردُمکِ چشم۔ آنکھ کا تارا (۲) پیارا۔ عزیز۔ لاڈلا۔ نہایت پیارا۔ نہایت عزیز جیسے بیٹا تم ہمارے جگر ہو آنکھ کی پُتلی ہو۔

آنکھ لجانا۔ شرم و حیا سے آنکھ نیچی کرنا۔ لحاظ کرنا۔ شرمانا۔ مُروّت کرنا۔ جیسے مُنہ کھائے آنکھ لجائے آنکھ لجائی دھی پرائی۔ (کہاوت) یعنی مروّت میں آکر بیٹی بیاہ دینی پڑتی ہے۔

آنکھ لگا۔ (۱)۔ آشنا۔ دِل لگی کا۔ (۲) ناجائز محبّت کا

آنکھ میلی کرنا۔ بیرُخ اور بےمُروّت ہونا۔ تیوری پر بل لانا

آنکھ میلی نکرنا۔ بیرُخ نہونا۔ مُروّت نہ توڑنا۔ جی میں فرق نہ لانا۔ دل پر کچھ خیال یا ملال نہ لانا۔ نظر ٹیڑھی نہ کرنا۔ تیوری نہ چڑھانا۔ نہ بگڑنا۔ خفا نہونا۔ جیسے نانی کا سارا مال اُڑایا مگر اُس غریب نے ہی ذرا آنکھ میلی نکی +

آنکھ میں آنکھ ڈالنا یا ڈالکر دیکھنا } (۱) آنکھ سے آنکھ ملانا۔ آنکھ سامنے کرنا۔ گھُور کر دیکھنا۔ نظر سے نظر لڑا کر دیکھنا۔ نظر سے نظر ملا کر دیکھنا۔ جیسے آنکھ میں آنکھ ڈالے جاتی ہے کتاب کی طرف نہیں دیکھتی (اُستانی) (۲) ڈھٹائی سے دیکھنا۔ بیحیائی و بیباکی سے پیش آنا۔ شرم نکرنا +

آنکھ میں چُبھنا۔ آنکھ میں کھُبنا۔ آنکھ کو اچھّا لگنا۔ بھانا۔ پسند آنا۔ (نہایت شوخ رنگ کے واسطے بولتے ہیں)

انک

اکثر آدمی آنکھ کے پھڑکنے سے کسی دوست کے آنے اور ملنے کا شگون لیتے ہیں یہانتک کہ شعرائے عرب اور فارس کے کلام میں بھی اس کا استعمال کیا گیا ہے - مگر ہندوستان میں کہتے ہیں کہ مرد کی دائیں اور عورت کی بائیں آنکھ پھڑکے تو اُس کا کوئی عزیز یا پیارا ملے اور جو مرد کی بائیں اور عورت کی دائیں پھڑکے تو کچھ رنج یا صدمہ پہنچے - شاعروں نے اسکی کچھ تخصیص کی بھی ہے اور نہیں بھی کی اکثر نے دونوں طرح باندھا ہے)

آنکھ لُوٹ آنا - آنکھ آجانا - آنکھ کا دُکھنے آنا - آنکھ کا دفعتہً سُرخ ہوجانا - آشوب ہوجانا - آشوبِ چشم ظاہر ہونا - یکایک آنکھ کا دُکھنے آجانا -

آنکھ ٹھنڈی کرنا - ہندوؤں کی عورتوں میں رسم ہے کہ جب کسی کا کوئی رشتہ دار مرجاتا اور وہ بہت روتا ہے تو اُسکی آنکھیں پانی سے پوچھتی اور اُسے آنکھ یا آنکھیں ٹھنڈی کرنا کہتی ہیں - مسلمان عورتوں میں ایسے موقع پر صرف رومال سے آنکھیں پوچھتی سر کو پکڑتی اور ماتھے کو دباتی ہیں (۲) تسلّی و تشفّی دینا (۳) دوستوں کے ملنے سے خوش ہونا - مِتروں کے ملنے سے پرسن ہونا - عزیزوں کو دیکھ کر خوش ہونا (۴) خوش ہونا - شاد ہونا - پرسن ہونا

انک

آنکھ جھپکنا - (۱) آنکھ کا بند ہونا - آنکھ مِچنا (۲) آنکھ کا متحرِک ہونا (۳) روشنی کی تاب نہ لانا - روشنی کی سامنے آنکھ نہ کر سکنا - چُندھیانا - (۴) غنودگی آنا - نیند آنا - آنکھیں بند ہونے لگنا - جیسے بچّہ پڑا تو اِس غضب کا کہ تین دن تین رات آنکھ جھپکنی حرام تھی - اِدھر آنکھ جھپکی اُدھر طوطے پر بلّی لپکی - (۵) شرمانا - لجانا - شرمندہ ہونا - خجل ہونا - شرم و حیا سے آنکھ نیچی کرنا - (۶) کمہیانا - جھینپنا - حجاب کرنا - لحاظ آنا - آنکھ نیچی ہونا - آنکھ جھینپنا - (۷) خوف کے مارے آنکھ سامنے یا رو برو نہ کرنا - آنکھ نہ ملانا -

آنکھ چُرا جانا - آنکھ بچا جانا - نظر بچا لینا - اِغماض کر جانا ٹال جانا - چُھپ جانا - کنارہ کرنا - کترا جانا -

آنکھ چُرا کر دیکھنا - دُوسرے کی نگاہ بچا کر دیکھنا چھپ کے دیکھنا - کن اَنکھیوں سے دیکھنا جھانک کر دیکھنا - چوری سے دیکھنا - دزدیدہ نظر ڈالنا

آنکھ دِکھانا یا دِکھلانا - (۱) آنکھیں نکال کر دیکھنا گھُور کر دیکھنا - دِیدے نکالکر دیکھنا ٭ دِیدے نکالنا گھُورنا - کٹھورنا - (۲) خفگی کی نظر سے دیکھنا - تیوری چڑھانا - چین بجبیں ہونا - مُنہ ٹیڑھا کرنا - خفا ہونا ترش رُو ہو کر دیکھنا - ترش رُو ہونا - ڈانٹنا - چشم نمائی کرنا - ڈر دکھانا - دھمکانا - تہدید کرنا - تخویف کرنا

کام کرنا کہ کسی کو دیکھنے کا موقع نہ ملے۔

آنکھ بچاکے آنا - نظر بچاکے آنا۔ چھپ کر آنا۔ چُھپ چُھپاکر آنا۔ چوری چھپے آنا۔ نگہ چُراکر آنا۔ کسی کی چوری سے آنا۔ جیسے اگر باہر سے کوئی آنکھ بچاکے آتا ہے تو اُسے پکڑ کر حوالات میں لے جاتے ہیں۔

آنکھ بدلنا یا بدلجانا - (۱) پہلی سی نظر نہ رہنی۔ بیمُروّت ہو جانا۔ بیرُخ ہونا۔ بید ید ہونا۔ تیور بدلنا۔ رُخ بدلجانا۔ جیسے گوں نکل گئی آنکھ بدلگئی۔ طوطے کی سی آنکھ بدل لی۔ ذرا سا کام بگڑ جاتا ہے تو جھٹ بیگم صاحب آنکھیں بدل لیتی ہیں۔

آنکھ بند کرکے کچھ کرنا - (۱) آنکھ میچ کے یا مُوند کے کوئی کام کرنا۔ (۲) بے پروائی سے کوئی کام کرنا لاپروائی سے کچھ کرنا۔ بے دیکھے بھالے کوئی کام کر بیٹھنا۔ اندھا بن کے کوئی کام کرنا۔ اندھا دُھند کام کرنا۔ بے سوچے سمجھے کوئی کام کرنا۔ بے اندیشہ و بے تامُّل کسی کام پر ہاتھ ڈالنا۔ بے فکری سے کسی کام میں قدم رکھنا۔

آنکھ بند ہونا یا ہو جانا - (۱) آنکھ مُندنا۔ آنکھ مچنا (۲) آنکھ جھپکنا۔ غنودگی آنا۔ (۳) جھپکا چوند لگنا۔ (۴) مرنا دنیا سے گزرنا۔ دُنیا کی طرف سے بیخبر ہونا۔ جیسے جب اپنی آنکھ بند ہوئی تو کوئی بھی کھڑا نہ رہیگا۔

آنکھ بھر کر یا آنکھ بھر کے نہ دیکھنا - (۱) نگاہ بھر کر نہ دیکھنا۔ نظر ملا کر نہ دیکھنا۔ گھُور کر نہ دیکھنا۔ اچھی طرح نہ دیکھنا۔ نظر گاڑ کر نہ دیکھنا۔ جی بھر کر نہ دیکھنا۔ بغور نہ دیکھنا۔ سیر ہو کر نہ دیکھنا۔ پُوری نگاہ ڈالکر نہ دیکھنا۔ (۲) خاطر میں نہ لانا۔ نظر نہ ڈالنا۔ توجُّہ نہ کرنا۔ غرُور سے نہ دیکھنا۔ متوجہ نہ ہونا۔ جیسے اُنکو یہ دماغ ہیں کہ وہ کسی کی طرف آنکھ بھر کر بھی نہیں دیکھتی۔

آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا یا چڑھانا - (۱) چیں بہ ابرُو ہونا۔ تیوری پر بل ڈالکر قہر کی نظر سے دیکھنا تُرش رُو ہونا۔ ناک بھوں چڑھانا۔ بیرُخ ہونا۔ بے مُروّت ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ تیوری پر بل ڈالنا۔ تیور بدلنا۔ آنکھ بدلنا۔ (۲) غُصّہ ہونا۔ خفا ہونا۔ بگڑنا۔ آزُردہ ہونا۔ (۳) ناچیز سمجھنا۔ حقیر جانتا۔ ناپسند کرنا نفرت کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ متنفّر ہونا۔

آنکھ پھڑکنا - آنکھ کو گردش ہونا۔ پلک یا چشم میں حرکت ہونا۔ خود بخود آنکھ کا حرکت کرنا۔ چشم کا مُتحرّک ہونا اختلاج ہونا۔ جُنبشِ چشم۔ جیسے آنکھ پھڑکے بائیں بیر ملے یا سائیں۔ (آنکھ کے پھڑکنے کا سبب ریح ہے اور اُس کی زیادتی امراضِ باردہ میں سے کسی مرض کے پیدا ہونے کی علامت ہے۔ اطبائے انگریزی نے سوزاک ہونے کی علامت بھی لکھی ہے

کان ہوتے ہیں۔ (۲) امتیاز۔ تمیز۔ اٹکل۔ شناخت
پہچان۔ جیسے اِنہیں کپڑے کی اچھی آنکھ ہے۔ (۳)
اِصطلاحاً اُولاد۔ بیٹا۔ بیٹی۔ بال بچہ۔ لڑکا بالا۔ یادگار۔
عزیز۔ جیسے سوکن مرگئی اور آنکھ چھوڑ گئی۔ ایک آنکھ
پھوٹتی ہے تو دوسری پر ہاتھ رکھتے ہیں۔ مجھے تو
دونو آنکھیں برابر ہیں جو بڑی کو دُوں گی وہی
چھوٹی کو دوُں گی۔ (۴) پاس۔ مُروّت۔ محبّت
نظر۔ جیسے اب تمہاری وہ آنکھ نہیں رہی۔

آنکھ اُٹھا کر دیکھنا۔ (۱) اُونچی آنکھ کر کے دیکھنا
نظر اُٹھا کر دیکھنا۔ نظر بھر کر دیکھنا۔ آنکھ ڈالنا۔ نظر ڈالنا۔
آنکھ ملانا۔ آنکھ اُوپر کر کے دیکھنا۔ آنکھ سامنے کر کے
دیکھنا۔ آنکھ بھر کر دیکھنا۔

آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا۔ (۱) نظر اُونچی کر کے نہ دیکھنا+
آنکھ بھر کر نہ دیکھنا۔ نظر ملا کر نہ دیکھنا۔ (۲) نہایت
بے پروائی کرنا۔ آنکھ نہ ملانا۔ ذرا خاطر میں نہ لانا۔ پروا
نکرنا۔ رُخ نکرنا۔ توجّہ نہ ہونا۔ کچھ نہ سمجھنا۔ کسی چیز سے دل اُٹھا لینا
اِکراہ کرنا۔ بیقدری کرنا۔ بیزار ہونا (۳) شرمندہ ہونا
شرم سے آنکھ سامنے نہ کرنا۔ شرم کے مارے آنکھ
بھر کر نہ دیکھنا۔ لاجونتی ہونا۔ نادم ہونا+ شکچانا۔
حجاب کرنا۔ منفعل ہونا۔ مُنہ چھپانا۔ محجُوب ہونا
حیامند ہونا۔ صاحبِ حیا ہونا۔ حیا کرنا۔ شرم

کرنا۔ لاج کرنا۔ لجانا۔

آنکھ آنا۔ آنکھ دُکھنے آنا۔ آنکھ کا پُرآشوب ہونا۔ آنکھ
کا لال ہو جانا۔ آنکھ لُوٹ آنا۔ آنکھ میں کھٹک ہونا۔
آشوبِ چشم ہونا۔ جیسے تمہاری آنکھ گرمی سے آئی ہے

آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل (۱) کسی چیز کا آنکھ کے
سامنے نہ ہونا اور پہاڑ کا بیچ میں آجانا برابر ہے۔
جو چیز آنکھ کے سامنے نہ ہو اُس کا قُرب و بعد یکساں
ہے۔ جب کوئی شخص نظر نہ آئے گو وہ نزدیک
ہی رہتا ہو تو اُس حالت میں بھی کہہ سکتے ہیں کہ
فی الحقیقت ہزاروں کوس کا بعد ہے۔ جب نظر کے
سامنے نہیں تو دل سے بھی دُور ہے۔ جیسے "بھائی
آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل۔ ہمارے بعد کچھ ہی ہو" (۲)
جو چیز دکھائی نہ دے اُس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے (۳)
پیٹھ پیچھے کچھ ہی ہوا کرے۔ ہمارے نزدیک ہونا نہونا برابر ہے

آنکھ اُونچی نہ ہونا۔ شرم سے آنکھ نہ اُٹھنا۔ آنکھ سامنے
نہ ہونا۔ آنکھ نہ ملنا۔ نظر نہ اُٹھنا۔ جیسے غیرت ہو تو
ایسی ہو اُس دن سے آج تک ہمارے سامنے اُن
کی آنکھ اُونچی نہیں ہوتی۔

آنکھ بچا کر کچھ کرنا۔ (۱) آنکھ چھوڑ کر کچھ کرنا۔ آنکھ سے
ہٹا کر کچھ کرنا۔ (۲) نظر بچا کر کوئی کام کرنا۔ چُھپا کر
کوئی کام کرنا+ پردے سے کچھ کرنا+ اِس طرح کوئی

انس

آنسو پونچھنا (۱) تسلی دینا۔ تسکین بخشنا۔ ڈھارس بندھانا
دِلاسا دینا۔ چمکارنا۔ تشفی دینا۔ پیار کرنا۔ رحم کرنا۔
آس بندھانا۔ (۲) کچھ نقصان بھر دینا۔

آنسو پی جانا۔ چُپکے چپکے رونا۔ آنکھ سے آنسو کا باہر
نہ نکلنے دینا۔ رونے کو روکنا۔ روتے روتے رہجانا۔
غم کھانا۔ صدمہ سہارنا۔ آنسو نگل جانا۔ صدمہ جھیلنا۔

آنسو پینا۔ چُپکے چُپکے رونا۔ آنکھوں سے پانی نہ
گرنے دینا۔ دل ہی دل میں غم کھا کر چپ ہو رہنا۔
صبر کرنا۔ رونے کو ظاہر نہ ہونے دینا۔ دلپر صدمہ
اُنگیزنا۔ جیسے وہی سار کی تھی جو آنسو پی کر چپکی ہو رہی
جب بس نہ چلا تو آنسو پیکر بیٹھ رہی۔

آنسو تھمنا۔ آنسو رُکنا۔ اشک ریزی کا بند ہونا۔
رونا موقوف ہونا۔ رونا بند ہونا۔ رونے کا سلسلہ
بند ہونا۔ جیسے کیا مقدور جو ذرا آنسو تھمیں۔

آنسو ٹپکانا۔ آنسو ڈھلکانا۔ رونا۔ گریہ کرنا۔ آنکھوں سے
اشک جاری کرنا۔ جیسے اللہ ری کٹّر! ماں کے مرنے
پر بھی دو آنسو نہ ٹپکائے۔

آنسو ڈالنا۔ آنسو گرانا۔ آنسو ٹپکانا۔ رونا۔ گریہ کرنا۔
جیسے "یہ آنسو ڈالنے کا کیا وقت ہے" "چار آنسو بھی ڈالے"

آنسو گرانا۔ (۱) دیکھو (آنسو ڈالنا اور آنسو ٹپکانا) (۲) ماتم
کرنا۔ پرسا دینا۔ تعزیت بجالانا۔

انک

آنسو نکل آنا۔ (۱) آنسو ٹپک پڑنا۔ آنسو ظاہر ہونا۔ کسی
صدمہ یا چوٹ سے آنکھ میں پانی بھر آنا۔ جوشِ رحم
یا غصہ سے آنکھ سے پانی ٹپک پڑنا۔ کسی تیز
چیز مثل مولی۔ مرچ وغیرہ کے کھانے سے آنکھ میں پانی
آجانا۔ جیسے ایسی چٹکی لی کہ اُس کے آنسو نکل آئے
(۲) رنکھا ہو جانا۔ رُوانسا ہو جانا

آنسو نکل پڑنا۔ بے اختیار رونا آجانا۔ آنکھوں سے
پانی بہنے لگنا۔ آنسو ٹپک پڑنا۔ صدمہ یا رحم یا
خوشی کے باعث آنسو نکل پڑنا۔

آنسوؤں سے مُنہ دھونا یا **آنسوؤں مُنہ دھونا**۔ آٹھ آٹھ آنسو رونا۔ زار زار رونا۔ زار قطار رونا
کثرت سے رونا۔ اِتنا رونا کہ آنسوؤں سے چہرہ تر
ہو جائے۔ آنسوؤں کا دریا بہانا۔

آنسوؤں کا تار بندھنا۔ زار زار رونا۔ زار قطار رونا۔ لگاتار آنسو
گرانا۔ روتے روتے ہچکیاں بندھ جانا۔ کثرت سے رونا۔ آنسوؤں کا سلسلہ بندھنا

آنسوؤں کا تار نہ ٹوٹنا۔ دیکھو (آنسوؤں کا تار بندھنا)

آن کا کپڑا۔ ان ادھاری۔ ان اہاری۔ مجازاً انسان۔ آدمی۔

آنکھ۔ (۱) نین۔ نیتر۔ لوچن۔ دِیدہ۔ چشم۔ عین۔ بینائی کا آلہ
جیسے میں کروں تیری بھلائی تو کرے میری آنکھ
میں سلائی۔ آنکھ کے آگے ناک سوجھے کیا خاک
آنکھ نہ ناک بنو چاند سی۔ حاکم کی آنکھ نہیں ہوتی

اند

اَنْدھیرے گھر کا اُجالا۔ (۱) آبادیٔ خانۂ تاریک ÷ رونقِ خانہ۔ اُجڑے گھر کی آبادی۔ (۲) نہایت حسین خوبصورت (۳) بے اولاد۔ خاندان کا بچہ ÷ اکلوتا بیٹا۔ (۴) رونقِ خاندان۔ فخرِ خاندان۔

اَنْدھیرے گھر کا چراغ ہے۔ (کہاوت) بیٹے کے دم سے اندھیرے گھر کی رونق و روشنی ہے۔ باعثِ رونقِ خانہ ہے۔ اندھیرے گھر کا اُجالا ہے۔

اَنْڈے بچّے۔ اوّل معلوم (۲) چرکِ حشفہ۔ وہ سفیدی جو غیر مختون بچوں کی سپاری یعنی حشفہ میں صاف نہ رکھنے کے باعث پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کا صاف رکھنا بچوں کی صحت کے لئے ضروری ہے۔

اَنْس۔ (۱) ست۔ تت۔ جان۔ روح۔ اسپرٹ ÷ ایتھر (۲) لبِ لباب۔ خلاصہ ÷ عطر۔ مغز۔ (۳) طاقت۔ قوت۔ کس۔ بل۔ جیسے انس نکل گیا۔ اب اس میں انس نہیں رہا (۴) سکت ÷ لوچ جلیبی آٹے میں ذرا انس نہیں

اَنس نکالنا (۱) جان نکالنا۔ روح نکالنا۔ (۲) ست نکالنا تت نکالنا۔ عطر نکالنا۔ (۳) طاقت لینا۔ ناتوان کرنا۔ قوت نہ رکھنا۔

آنْسو۔ (۱) آنکھ کا پانی۔ اشک۔ آبِ دیدہ۔ ٹسوہ۔ وہ پانی جو شدتِ غم یا افراطِ خوشی یا آشوبِ چشم کے سبب آنکھوں سے ٹپکنے لگتا ہے۔ جیسے آنسو ایک نہیں

انس

کلیجہ ٹوک ٹوک۔ (۲) پتلا۔ رقیق۔ پانی سا۔ جیسے ایسا شروا بہا دیا جیسے آنسو۔ آنسو سا شروا تھا۔

آنسو آنا۔ (۱) آنکھ میں پانی بھر آنا۔ (۲ ہندو) رونا آنا۔ رنجھا ہونا۔ رُوانسا ہونا۔ جیسے پرکے موئی سا سُوا کے آئے آنسو۔ (پرموئی بھی بولتے ہیں)

آنسو ایک نہیں کلیجا ٹوک ٹوک (کہاوت) یعنی جھوٹی ہمدردی و اظہارِ محبت۔

آنسو بہانا۔ (۱) رونا۔ ٹسوے بہانا۔ گریہ و زاری کرنا ÷ جان بوجھ کر رونا۔ رونے کا بہانا کرنا۔ (۲) ماتم کرنا۔ پرسا دینا۔ مُنہ ڈھانکنا۔ جیسے داوی کے مرنے پر چار آنسو نہ بہائے گئے ساس کو پیٹنے بیٹھ گئیں کیا بُرا کہا تھا جو آنسو بہانے بیٹھ گئی۔

آنسو بھر لانا۔ رونے کی شکل بنانا۔ آبدیدہ ہونا۔ دکھ جتانے کے لئے آنکھوں سے پانی بہانا۔ رنگھا ہونا۔ آنکھیں ڈبڈبانا۔ اپنا صدمہ ظاہر کرنے کے واسطے بسورنا۔ قریب بہ گریہ ہونا۔ کسی کی مصیبت پر رحم کھا کر رونے کے قریب ہو جانا۔

آنسو پچھنا (۱) تسلی اور تشفی ہونا۔ ڈھارس بندھنا۔ تسکین ہونا۔ آس بندھنا۔ جیسے چلو سو روپے میں سے دس بھی مل گئے تو کچھ نہ کچھ آنسو پچھ گئے۔ اب بھی مینہ برس جائے تو آنسو پچھ جائیں (۲) بہت سے نقصان میں سے ذرا سا پورا ہو جانا۔

اند

آفت آنا۔ موت انا۔ جیسے تجھے تو میرا کام کرتے
ہوئے آندھی آتی ہے۔

اَندھا کیا چاہے دو آنکھیں۔ یعنی اندھے کی بڑی
مُراد آنکھوں کی روشنی ہے۔ حاجتمند اپنی حاجت
روائی کے سوا اور کچھ نہیں چاہتا۔

آندھی (۱) جھکّڑ۔ بادِ تُند۔ صرصر۔ طُوفانِ باد۔ تُند ہوا۔
اندھیاؤ۔ چوبائی۔ جیسے باندی کے آگے باندی بیٹھ
جانے نہ آندھی۔ (۲) بہت تیز۔ چالاک ؛ دھوتال
جلد باز ؛ طرار۔ چابک دست۔ جیسے اُنکے ہاں
کوئی پکانے رِیندھنے میں آندھی ہے تو کوئی
سینے پرونے میں۔ (۳) نہایت چست و چالاک
تُرتُریا۔ ہوا کی مانند ؛ تیز۔ تُند۔ غضب۔ آفت
بلا۔ جیسے۔ لڑنے کو تو تم بھی آندھی ہو۔ (۴)
فضول خرچ۔ خرّاچ۔ مُسرِف۔ جیسے وہ روپیہ
اُٹھانے میں آندھی ہیں تو ہم بھی کم نہیں ہیں۔

آندھی آنا۔ (۱) تیز ہوا چلنا۔ جھکڑ چلنا۔ طُوفان آنا
اندھیاؤ آنا۔ جیسے آندھی آتی ہے جھاڑو دبا دو۔
(عورتوں کا اعتقاد ہے کہ جھاڑو پتھر کے نیچے دبانے
سے آندھی رُک جاتی ہے) (۲) آفت آنا۔ غضب
آنا۔ بلا نازل ہونا۔ جیسے باندی کے آگے باندی آئی لوگو
نے جانا آندھی آئی۔

اند

آندھی کے آم۔ (۱) ہوا سے گرے ہوئے آم۔ آندھی
کے گرے ہوئے آم۔ (۲) بہت سستی اور ارزاں
چیز۔ غیر مترقّبہ چیز۔ مُفت برابر۔ (۳) چند روزہ
تھوڑے دن کے (۴) مفت کا فائدہ بے مشقت کام

اَندھیر۔ (۱) ظُلم۔ ستم۔ غضب۔ بے انصافی۔ دُھند
سینہ زوری۔ (۲) ناشنوائی۔ ناپُرساں حالی (۳)
لُوٹ مار۔ (۴) کارِ بے جا و نامناسب۔

اندھیر مچانا۔ (۱) ظلم و ستم کرنا۔ دُھند مچانا۔ (۲) لُوٹ مار
کرنا۔ سینہ زوری کرنا۔

اَندھیری۔ (۱) تاریکی۔ تیرگی۔ سیاہی۔ ظُلمت۔ (۲)
شبِ دیجور۔ شب تاریک۔ اندھیری رات (۳)
وہ جالی یا جھالردار نقاب یا پردہ جو گھوڑے کی آنکھوں
پر ڈالتے ہیں ؛

اندھیری جُھکنا / اندھیری چھانا } تاریکی چھانا۔ کالی گھٹا کے سبب سے
اندھیرا ہو جانا۔

اندھیری رات۔ شبِ تار۔ شبِ دیجور۔ نہایت
کالی رات۔ شبِ تیرہ ؛ اندھیرا پاکھ ؛ بدی۔

اندھیری کوٹھڑی۔ (۱) تاریک مکان۔ (۲) اندرونِ شکم
بطنِ انسان۔

اندھیرے اُجالے۔ (۱) تاریکی و روشنی۔ رات
دن (۲) اویر سویر (۳) موقع بموقع۔ وقت بوقت

اُس کو جلا کر کھالیتی ہے جس سے حسبِ اعتقادِ مستورات
اُس کے بچّے تو مر جاتے ہیں اور اِس کے جی جاتے ہیں

آنچل دبانا - (ہندوعو) دُودھ پینا - چھاتی مُنہ میں لینا -
جیسے چھورے نے آج آنچل نہیں دبایا -

آنچل دینا - (ہندوعو) بچے کے منہ میں چھاتی دینا - بچّہ
کو دودھ پلانا -

آنچل ڈالنا - (اچلا ڈالنا) - مُسلمان عورتوں میں ایک
رسم ہے کہ جسوقت دُولھا عقد بندھنے کے بعد
دُلہن کے گھر میں رِیت رسم کرنے جاتا ہے تو اُس
کی بہن دروازے سے اپنے بھائی کے سر پر
آنچل ڈالکر مقام صدر تک لے جاتی - اور اِس
آنچل ڈالنے کا نیگ اُس کو دیا جاتا ہے اور اُس
سے غرض یہ ہوتی ہے کہ دُولھا میاں نگوڑے
ناٹھے نہیں ہیں خدار کھوٹن کے سر پر اور بھی والی
وارث موجود ہیں -

آنچل سر پر ڈالنا - دوپٹہ سر پر ڈالنا - دوپٹہ اوڑھنا
کپڑا سر پر ڈالنا - جیسے لڑکی دونوں وقت ملتے
ہیں آنچل سر پر ڈال لے -

آنچل سنبھالنا - آنچل اٹھانا - آنچل اڑس لینا
انچل دُرست کرنا - جیسے لڑکی انچل سنبھال کر چل

آنچل لینا - مہمان عورت کی اگوائی کرنی - جو عورت

مہمان آئے اُسکا استقبال کرنا اور اُس کے دوپٹہ
کا کنارہ تعظیماً چھونا - جیسے گوڈے چھونا - قدم لینا
پاؤں پڑنا وغیرہ - جیسے جی جی تیری بھابو آئی ہے
اُٹھکر آنچل لے - (۲) دُولھا کا دلہن کی ماں کے
دوپٹہ سے ہاتھ پوچھنا -

آنچل میں بات باندھنا - (۱) بات پلّے باندھنا
(۲) کسی کی نصیحت یا قول کو یاد رکھنا - کسی بات کو
کان میں ڈال رکھنا - تمسّک گردانتا - جیسے ہماری
بات کو آنچل میں باندھ رکھو اِن میاں بیوی کی
نبھی ہے نہ نبھے گی -

آنچل میں باندھنا - (۱) پلّے میں باندھنا - دوپٹہ میں
گرہ لگانا - گانٹھ باندھنا - (۲) کسی چیز کو دینے کے
لیئے ہر وقت اپنے پاس رکھنا - یاد رکھنے کے
لئے آنچل میں گرہ دے لینا - یاد رکھنا - جیسے
تمہارے روپئے آنچل میں باندھے پھرتی ہوں
جب کہو بھیجدوں -

اَندازبیٹی - نخرہائی + ناجو (نازو) اپنے ناز و انداز پر فخر
کرنے والی -

اَندَرونَہ والا - دل - جی - من - جیوڑا - طبیعت - اندرونہ -

اَندھ - تیرگی - سیاہی - اندھیری - اندھیرا - تیرگیٔ چشم -
اَندھ آنا - رتوندا آنا - اندھا بنتا - مجازاً جان پر بننا

انا

بے غرش ہوتا ہے۔ وہ دغابازی اور دھوکے کا کام نہیں کرتا۔ ناواقف کی چیز میں دھوکہ نہیں ہوتا۔

آنا کانی دینا۔ (۱) سنکر ٹال دینا۔ سُنی اَن سُنی کرنا (۲) کان میں بول مارنا ÷ اِس کان سُنا اُس کان اُڑا دینا ÷ اِغماض کرنا۔ جانکر انجان بننا۔ بہرہ بن جانا۔ مکر اپن کرنا۔ شنیدہ ناشنیدہ گردانا۔ طرح دینا۔ ٹالنا۔ انجان بنا۔ ٹال جانا چشم پوشی کرنا۔ کسی بات سے درگزر کرنا۔ جیسے میں نے جو کام کو کہا تو آنا کانی دیکر چلی گئی۔

اَنتَر۔ (۱) فرق۔ جدا۔ مُختلف۔ (۲) فاصلہ۔ تفاوت۔ جیسی آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر۔

اَنترا۔ گیت کا بول۔ مصرع۔

اَنتڑی میں رُوپ اور کپڑے میں چھب (کہاوت) یعنی خوبصورتی اچھے کھانے پر موقوف ہے اور اچھے لباس پر

اَنتی سَار۔ سوءِ ہضمی۔ بدہضمی۔ ناگوار۔ غیر منہضم۔ ان پچ جیسے سارا کھایا پیا اَنتی سار ہو گیا۔

اَنتی سَار ہو کر نِکلنا۔ دستوں کی راہ نکلنا۔ کٹ کٹکر نِکلنا۔ ہیضہ ہونا ÷ انگ نہ لگنا۔ ہضم نہ ہونا۔ جیسے ہمارا کھلایا اَنتی سار ہو کر نکلے۔

اِن تِلوں تیل نہیں۔ (کہاوت) یعنی نہایت رُوکھی ہے اس سے فائدہ کی اُمید نہیں۔

آنچَل۔ (۱) پَلّا۔ پلو ÷ کور۔ کنارہ۔ کپڑے کا کنارہ۔ دوپٹہ

آنچ

کا کنارہ۔ شال یا اُوڑھنی کا دامن۔ (۲) چھاتی۔ پستان چُوچی۔ دُودھی۔ تھن۔ (ہندنیاں بولتی ہیں) جیسے جی جی دو دِن سے چھوڑا آنچل مُنہ میں نہیں لے ہر (۳) مجازاً۔ چوڑی گوٹ۔ سنجاف۔

آنچل پڑنا۔ (۱) جسم یا سر سے آنچل چھوایا جانا۔ کسی پر آنچل کا سایہ پڑنا۔ کسی چیز سے آنچل کا مس ہو جانا۔ (عورتوں کا خیال ہے۔ کہ اگر کوئی کوکھ کی بیماری والی عورت اپنا آنچل کسی بچے پر ٹوٹکے کے طور پہ ڈالدے تو وہ بچہ اور اُسکی ماں اِس عورت کی بلا یا مرض میں گرفتار ہو جاتی ہے ÷ چھوت والی بیماری بھی اکثر آنچل کے پڑ جانے سے لگ جاتی ہے جیسے دیکھو بچکر چلو بچہ پر آنچل نہ پڑ جائے

آنچل پَلّو (مرکب از آنچل + پلّو) آنچل۔ دوپٹے کا عریض کنارہ جسکے کونوں پہ ترنج بنا دیتے ہیں۔ پلّو۔ آنچل کے آگے جو بادلہ کا بنا ہوا تقریباً آدھ گز چوڑا تامی کا حاشیہ ٹھپّے کی وضع کا لگایا جاتا ہے وہ پلّو کہلاتا ہے (ایسے دوپٹے نہایت وقعت اور امیرانہ ٹھاٹ کی علامت خیال کئے جاتے ہیں۔ اب اسکا رواج بہت کم ہے)

آنچل پھاڑنا۔ (۱) آنچل کترنا (۲) ٹوٹکا کرنا۔ جادو کرنا۔ جس عورت کے بچے نہیں جیتے یا جو بانجھ ہوتی ہے وہ اور بچے والی عورت کا آنچل کتر لیتی اور

ان

پچھہی کرو وہ اپنی آن نہ چھوڑے گی۔ (۷) مان۔ اِچھیا۔ مُراد۔ آرزُو۔ درخواست۔ خواہش۔ تمنّا۔ (۸) خاطر۔ پاس۔ مُنہ۔ خوشی۔ مرضی۔ جیسے تیری آن یا تیرے گُسیّاں کی۔ (۹) حیا۔ شرم۔ (۱۰) عزّت۔ آبرو۔

آن تان والی۔ (۱) غیرت والی۔ ناک والی۔ عزّت حرمت والی۔ اپنی بات کی پوری + ضِدّن + دماغدار۔ نخرہائی جیسے۔ وہ بڑی آن تان والی ہے۔

آن توڑنا۔ (۱) قسم توڑنا۔ عہد توڑنا۔ (۲) نہ ماننا یا پرہیز کو ترک کرنا + مرجاد کو چھوڑنا۔ قدیمی یا خاندانی ریت کو ترک کرنا (۳) ہٹ یا ضِد سے باز آنا۔

آن رکھنا۔ مان رکھنا۔ دِل رکھنا۔ مَن رکھنا۔ ناز اُٹھانا لاڈ اُٹھانا۔

آن۔ لمحہ۔ لحظہ۔ ساعت۔ منٹ۔ ثانیہ۔ دم۔ پل۔ چھِن؛ گھڑی۔ وقت۔ جیسے ایک آن میں کچھ سے کچھ ہوگیا۔

آن کی آن میں یا آن کی آن۔ (۱) دم بھر میں۔ ساعت کی ساعت میں۔ پل مارتے میں۔ دم کے دم میں کوی دم میں۔ ذراسی دیر میں۔ دم کے دم۔ آناً فاناً فوراً۔ طرفۃُ العین میں۔ عرصۂ قلیل میں۔ چٹکی بجاتے میں۔ جیسے ایک آن کی آن ٹھیر کر چلے گئے۔ ذرا آن کی آن ٹھیر جاؤ۔

آن۔ (۱) مخفف آنا یا حاصل بالمصدر (۲) آنا مصدر سے ماضی کی ایک ناتمام صورت جو دوسرے فعل کے ساتھ ملکر کام دیتی ہے۔

انا

آن پھِرنا۔ پھیرا کرنا۔ گاہے ماہے آجانا۔ آنکلنا۔ جیسے وہ بھُولکر بھی نہیں آن پھرتے

آن جھانکنا۔ دیکھو (آن پھرنا)

اَن۔ (حرفِ نفی) نا۔ نہیں۔ بے۔ بغیر۔ جیسے انمول۔ اَن پڑھ۔

ان بن۔ (۱) آپس میں نہ بننا۔ ناموافقت۔ بگاڑ۔ ناسازگاری۔ مخالفت نااتفاقی۔ رنجیدگی۔ کشیدگی۔ شکر رنجی۔ (۲) دُشمنی۔ عداوت۔ نارضامندی۔ لڑائی۔

اَنْ گِنَا بَرَسْ۔ (صحیح بکسرِ کاف فارسی)۔ آٹھواں برس۔ (چونکہ عورتیں آٹھویں مہینے کو اس باعث سے مَنحُوس خیال کرتی ہیں کہ اَٹھوانسا بچّہ نہیں جیتا۔ اِس سبب سے جب کسی بچہ کی عمر یا حمل کے مہینوں کو گنتی ہیں تو آٹھ کی بجائے اَنگنا (خارج از شمار) زبان پہ لاتی ہیں

اَنْ گِنَا مَہینا۔ آٹھ مہینے کا حمل۔

اَنْ ہُوا[1] (۱) بے اُنس۔ غیر مانُوس (۲) غیر شخص۔ اجنبی۔ ناواقف غیر مبنس۔ جیسے اس بچے پر ان ہوئی کو بھی پیار آتا ہے۔

اَنَّا۔ (اصل میں آنا بمعنی مادر تھا) ــــ دُودھ پلانے والی عورت۔ دایہ۔ دھائے۔

اناڑی کا سودا بارہ باٹ۔ (۱) ناتجربہ کار کا سودا تِتر بِتر۔ بے ڈھنگا اور بے ترتیب بے تکا ہوتا ہے (۲) ناواقف کا سودا قابلِ اعتبار و لائقِ اعتماد نہیں ہوتا۔ اناڑی کے سودے کا کیا اعتبار؟

اَناڑی کَا سُونَا بَارَہ بَانی (کہاوت) یعنی اناڑی کا مال کھرا اور

[1] اَنہوا۔ اِس لفظ کا اِملا اسطرح بھی درست ہے ۱۲

امی

خیر و عافیت۔ اطمینان ؛ خاطر جمعی۔ جیسے باغیوں کے بھاگتے ہی شہر میں امی جمی ہو گئی۔

امی جمی سے ۔ حسبِ اطمینان۔ باطمینانِ خاطر۔ اطمینانِ خاطر سے۔ حسبِ منشا۔ جیسے مبارک ہو امی جمی سے بھانجی کو رُخصت کر دیا۔

امی جمی ہونا ۔ اِطمینان ہونا۔ امن چین ہونا۔ امن و امان ہونا۔ جیسے سرکشوں کے مارے جانسے امی جمی ہو گئی۔

اُمِّید ۔ (بہ یائے معروف و مجہول بہ تشدیدِ میم و بلا تشدیدِ میم ہر طرح درست) (۱) آس۔ بھروسا۔ آرزو۔ تمنّا۔ خواہش۔ (۲) گربھ۔ حمل۔ پیٹ۔

اُمّید سے ہونا ۔ پیٹ سے ہونا۔ حاملہ ہونا جیسے اللہ رکھو ابتو خانم جان کی بہو بھی امید سے ہے۔

آمین ۔ اِجابتِ دعا کا کلمہ (۱) یوں ہی ہو۔ اسی طرح ہو۔ قبولیت کے درجہ کو پہنچے۔ باعثِ اجابت ہو۔ (۲) خُدا وہ دن کرے۔ خدا وہ دن دکھائے۔

آمین اَللہ ۔ (۱) خدا یُونہی کرے۔ خدا قبول کرے۔ (۲) خدا امن میں رکھے۔ خدا بچائے۔ خدا کی پناہ۔ دُور پار خدا نکرے۔ نوج۔ نعُوذ باللہ۔ عیاذاً باللہ۔ جیسے آمین اللہ تم نے میرے بچے کو کیسا مُنہ بھر کر کوس لیا۔ ؎ کو سا اُس دشمن جان نے جو سب مجھے ؛ دوست کہنے لگے آمین اللہ (ظفر)

ان

آمین آمین ہونا (۱) امن چین ہو جانا۔ راحت پہنچنا ؛ خوشیاں منانا ؛ مراد بر آنا۔ جیسے مینہہ برستے ہی آمین آمین ہو گئی (۲) امی جمی ہونا پریشانی دُور ہونا۔

آن ۔ (۱)۔ شان۔ ادا۔ اَنُوٹ۔ دل میں گُھبنے والی ادا۔ انداز+ ناز و انداز۔ آن بان (۲) طور۔ طرح۔ طرز۔ وضع ڈھنگ۔ ڈھب۔ ہڈ۔ جیسے وہ کسی آن نہیں مانتا کسی آن کل نہیں پڑتی۔ (۳) نخوت۔ غرُور۔ تمکنت۔ تبختُر۔ گھمنڈ۔ خود بینی۔ جیسے وہ اپنی آن ہی میں مری جاتی ہے۔ جان جائے آن نجائے

آن بان ۔ (۱) شان و شوکت۔ (۲) آن انداز۔ ادا و انداز سج دھج۔ ٹھاٹ باٹ (۳) خود بینی۔ خود نمائی۔ اکڑ۔ تمکنت۔ مڑک۔ (۴)۔ عادت۔ خصلت۔ بان ڈھنگ۔ وضع۔ طریقہ ؛ کیفیت۔ حالت۔

آن بان سے رہنا ۔ ٹھاٹ باٹ سے رہنا۔ شان و شوکت سے رہنا۔ جیسے اب بھی وہ بڑی آن بان سے رہتی ہے۔

آن (۱) عہد۔ سوگند ؛ عذر۔ پرہیز ؛ اِحتراز۔ جیسے تمہیں کیا میرے گھر آنیکی آن ہے۔ (۲) مرجاد۔ بڑوں کی رسم (۳) مانتا (۴) ممانعت۔ مناہی۔ جیسے اُنکے ہاں ہری چُوڑیوں کی آن ہے۔ (۵) اڑ۔ ضد۔ ہٹ۔ مڑک ہٹیلا پن۔ جیسے جانے کیا اُسے آن پڑ گئی ہے کہ منائے نہیں منتی۔ (۶) عادت۔ خصلت۔ بان۔ جیسے تم

اما

والے کے بازو پر اُس کے عزیز و اقارب باندھ دیتے ہیں۔ اور وہ منزلِ مقصود پر پہنچ کر کسی سیّد کو لِلّٰہ دیدیتا ہے اِس کی وجہ تسمیہ لفظِ امام ضامن میں دیکھو۔

اِمَام بَانْدی۔ اکثر اہل تشیعہ عقیدۃً عورتوں کے یہ نام رکھ دیتی ہیں

اِمَامَن۔ اکثر نیچ قوم یا لونڈی باندیوں کے نام ہوتے ہیں گویا امامین کی مِنّت سے پیدا شدہ ہے۔

اِمَامی بیگم۔ اہلِ سنّت بھی از رُوے عقیدت عورتوں کے یہ نام رکھتے ہیں۔ علیٰ ہٰذا امامی خانم۔

اَمَان۔ (۱) حفاظت۔ سَرَن۔ پناہ۔ بچاؤ۔ اَمن۔ (۲) آسایش آرام۔ تسکین۔

اَمَانت خَانی زَرْدَہ۔ ایک قسم کا کھانیکا تمباکو۔ (اِس کے کھانے کارواج دینے والا کوئی امیر امانت خان نامی تھا)

آمد برآمد کے دِن۔ رُت پھرنے کے دن۔ رُت پلٹنے کے دن۔ موسم پلٹنے کا وقت ÷ تبدیلِ موسم۔ جیسے آمد برآمد کے دنوں میں ہی تو اکثر کھانسی اور زکام کی شکایت ہوتی ہے۔

آمد والا۔ پیدا والا۔ دولتمند۔ وہ شخص جسکو بڑی یافت ہو۔

اِمرت۔ (صحیح اَمرِت (۱) آبِ حیات۔ (۲) شہد۔ تریاق

اِمَرتی۔ ایک قسم کی جلیبی جو اُڑد کی پیٹھی اور میدے کے خمیرے سے تلی جاتی اور شیرے میں ڈبو کر تیار کی جاتی ہے۔

اَمَریاں۔ آموں کے درختوں کا جھنڈ۔ آم کے درخت

امی

آم کا باغ۔ جیسے جھولا کن ڈالا رے امریاں۔

اَمَکا ڈَھمَکا۔ دیکھو (امک ڈھمک)

اَمَک دَھمَک۔ (۱) یہ وہ۔ اَیرا غیرا۔ حقارت سے فلاں کی جگہ بولتی ہیں۔ (۲) ناچیز۔ نکمّی شے ÷ ہیچ۔ بیقدر آدمی (۳) وغیرہ۔ علاوہ۔

اَمَلنا (ہندو) (۱) کُند ہونا۔ تُرش ہونا۔ جیسے دانت امل گئے (۲) پیٹ کے پٹھوں کا کھچنا۔ تشنّجِ اعصاب ہونا۔

اَمَن چَین۔ زلزلہ۔ بھونچال۔

اُمَنڈنا۔ کثرت سے ہجوم ہونا۔ اُبل پڑنا۔ ٹوٹ پڑنا۔ جیسے خلقت ہے کہ اُمڈی چلی آتی ہے

اُمَنگ۔ (۱) ولولہ۔ جوش۔ لہر۔ موج۔ جوانی کی ترنگ دل کی اُپج۔ دِلی جوش و خروش ÷ دلی شوق ÷ نہایت خوشی۔

آمنے سَامنے کَا بیَاہ یَا رِشتَہ۔ برابر کا بیاہ۔ جس گھر کی بیٹی لینی اُسی گھر میں اپنی بیٹی دینی۔ اولا بدلی کا رشتہ۔ تاکہ ایک دوسرے کا خیال اور دباؤ رہے یعنی ایک دوسرے کی بیٹی کو نہ ستائے مثلاً محمود کی بیٹی حامد کے بیٹے احمد کو بیاہی گئی تو احمد کی بہن محمود کے بیٹے محمد احمد سے منسوب ہوئی۔ آمنے سامنے کا رشتہ۔

اَمّی۔ بچّے ماں کو پیار سے اُمّی کہتے ہیں یعنی امّاں پیاری جیسے امّی تو بہت منع کرتی رہیں مگر بھائی جان نہ مانے۔

اَمّی جمی[1] (مخففِ امن و جمعیت) امن چین۔ امن و امان ÷

[1] امی دراصل امن سے بنایا گیا ہے اور جمی جمعیت سے پس یہ دونو لفظ مل کر معانی مذکورہ پر اطلاق ہونے لگا۔

اما

کا تکیہ کلام بھی ہے جو خطاب کرتے وقت مخاطب سے کہتی ہیں۔ جیسے اماں اپنوں کا عیب بھی ہنر ہو جاتا ہے۔ بڑی بوڑھی عورت کو بھی اماں کر کے بولتے ہیں (۳) بیٹا بیٹی کے واسطے بھی اور خرد سال عزیز و اقارب کے لئے بھی نام کی بجائے پیار سے لفظ اماں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے لفظ واری۔ دیکھ اماں باہر نہ جا فقیر کھڑا ہے۔ اماں تم بُرا مانو یا بھلا قصور تمہارا ہے بیوی کا نہیں ہے۔

اِمامِ ضامِن۔ (یہ حضرت سیدنا علی رضا ابن موسیٰ کاظم علیہ السلام کا جو آٹھویں امام ہیں عرف ہے۔ چنانچہ اسی وجہ سے آپکو امامِ ثامن بھی کہتے ہیں۔ آپ ایکسو اڑتالیس ہجری میں بمقامِ مدینۂ منورہ پیدا ہوے۔ آپ کی کُنیّت ابُوالحسن ہے اور القاب رضا۔ صابر زکی و ولی ہے۔ آپ خلفائے عباسیہ میں سے خلیفہ مامُون ابنِ ہارُون رشید کے زمانے میں موجود تھے۔ خلیفۂ مذکور نے اپنی ایک خاص منّت پُوری ہو جانے کے سبب اپنا خلیفہ قرار دیکر اپنی بیٹی مسماۃ اُمِ حبیب سے ۲۰۲ھ میں نکاح کر دیا تھا چونکہ اُسی زمانے میں خلیفۂ وقت نے کربلائے معلیٰ جانے کی سخت پابندیاں بمنزلِ ممانعت کر دی تھیں پس آپ وہاں جانے والوں کے ضامن و کفیل

اما

ہو جایا کرتے تھے تاکہ زائرین ثواب زیارت سے محروم نہ رہیں پس اسوجہ سے آپکو امام ضامن کہنے لگے تاریخُ الائمہ ایک امامیہ مذہب کی کتاب میں درج ہے کہ آپ جس طرح خلقُ اللہ کی بخشش کے ضامن ہیں اسیطرح حیوانات کے بھی۔ بعض اوقات صیّاد سے ضامن ہو گئے ہیں۔ چنانچہ کتاب مذکور میں آہُو و صیّاد وغیرہ کا قصہ لکھکر اِس امر کی تصدیق کی ہے لہذا اُبوجُوہ بالا مستُوراتِ اہلِ اسلام کا یہ عقیدہ ہو گیا ہے کہ جب کوئی سفر کو سدھارے یا کہیں بیاہ خواہ منگنی ٹھیرائی جائے اور امام صاحب کے نام کا روپیہ پیسہ خواہ اشرفی۔ یا کوئی سکہ بازو پر باندھا جائے تو آپ مراد پر پہنچانے کے ضامن ہو جاتے ہیں جس وقت مسافر منزلِ مقصُود پر پہنچا یا وہ کام ہو جاتا ہے تو اُس رقم کو سیّدوں کو بانٹ دیتے ہیں۔ غرض آپ ۵۵ برس زندہ رہے۔ اور ۱۷ صفر ۲۰۳ھ میں زہریلے انگور از جانب خلیفہ کھلائے جانے سے رحلت فرمائے عالمِ قدس ہوے۔ اِس موت کی آپنے پہلے سے پیشین گوئی کر دی تھی آپکا مزارِ پُرانوار شہر طوس واقع خراسان متّصل قبرِ ہارُون رشید واقع ہے۔

اِمامِ ضامِن کا رُوپیہ۔ (حضرت علی رضا ابن موسیٰ کاظم علیہ السّلام کی نیاز کا روپیہ جو سفر کرنے

الل

حسین اور خوبصورت کی نسبت آتا ہے (۳) مسلمان فقیروں کے سوال کرنے کا جملہ - (۴) سبحان اللہ کیا کہنا ہے۔

اَللّے تللّے کرنا - (۱) بخوبی خرچ کرکے مزا اُڑانا۔ خوب روپیہ اُٹھانا۔ بیدریغ صرف کرنا۔ عیش وعشرت منانا چین کرنا۔ موجیں مارنا۔ جیسے چار ہی دن کے اَللّے تللّوں میں باپ کا روپیہ اُڑا دیا۔ مُفت کے اَللّے تللّے کِسکو بُرے معلوم ہوتے ہیں۔ (۲) فضول خرچی۔ اسراف۔ بیموقع خرچ۔ جیسے مجھے تمہارے یہ اَللّے تللّے پسند نہیں سو روپے کی آمدنی ڈھائی سو کا خرچ

اَلَم نَشرَح ہونا - ظاہر ہونا۔ صریح ہونا۔ اظہر من الشمس ہونا۔ مشہور ہونا۔ مشتہر ہونا۔ (اصل میں یہ محاورہ سورۂ انشراح کی پہلی آیت اَلَم نَشرَح لَکَ صَدرَکَ سے جو رسولِ مقبول کی شان میں نازل ہوئی تھی لیا گیا ہے۔ اس کے معنی ہیں کیا ہمنے تیرے سینہ کو تیرے واسطے نہیں کھولدیا؟ یعنی کیا تیرے دل پر ساری باتیں روشن نہیں کردیں)۔

اُلّن (۱) اُلّو کی تانیث - بیوقوف اور جاہل عورت (۲) اُلّو کی خاصیت رکھنے والی عورت۔

اُلّو کا گوشت کھلانا - احمق بنانا - (عورتوں کا خیال ہے کہ اُلّو کا گوشت کھلانے سے آدمی بیوقوف اور

اما

گُنگ صم ہوجاتا ہے) جیسے اُس کی بیوی نے اُلّو کا گوشت کھلاکر اُسے احمق بنادیا ہے۔

اَلّھڑ یا اَلّرھ - (۱) نوعمر۔ کمسن۔ نوجوان۔ نوخیز۔ ناداں۔ سادہ۔ اناڑی۔ (۲) بے پروا۔ وہ نوجوان جس کے مزاج میں لااُبالی پن ہو۔

اِلٰہی - (ندا) (۱) ربِّ من۔ میرے خدا (۲) خدا کرے جیسے الٰہی ایک یہ ہزار جوڑے اور نصیب ہوں

اِلٰہی خرچ - (۱) شاہانہ خرچ۔ بڑا بھاری خرچ (۲) خرچِ بے ترتیب یا غیر منتظم۔ خرچِ کثیر۔ عالمگیری اخراجات (۳) اسراف فضول خرچی۔

اِلٰہی رات - شب بیداری۔ یعنی رتجگا جسمیں عورتیں رات بھر کڑھائی تلکر نیاز دلواتی ہیں۔

اِلٰہی کرے - خدا کرے - (تمنّا اور اجابتِ دعا کیواسطے یہ کلمہ آتا ہے)

اِلٰہی مُہر (۱) لغوی معنی ودیعتِ خداوندی۔ امانت (۲) جوں کی توں۔ صحیح سالم (۳) مجازاً قرض۔ واجب۔

آم کھانے سے کام یا پیڑ گننے سے - } اپنے مطلب سے کام رکھو بیفائدہ حجت سے کیا حاصل

آم کھانے یا پیڑ گننے } کام دولہا سے رکھو رشتہ داروں سے کیا واسطہ۔

اَمّا یا امّاں - (۱) ماں۔ مادر۔ والدہ۔ ماتا۔ مہتاری۔ (۲) عورتوں

اللہ

تو اُسکے نام سے پہلے یہ لفظ کہہ لیتی ہیں تاکہ نظرِ بد نہ لگے
(۲) تکیہ کلام بطورِ دعا۔ جیسے اللہ رکھے خدا کا دیا سب کچھ ہے
اللہ ری (کلمۂ تعجب) غضبِ خدا جیسے اللہ ری فتنی تیرا تیہا۔
اللہ رے۔ (ندا)۔ کلمۂ تعجب۔ اوہو۔ آہا۔ بلے۔ واہ رے
جیسے اللہ رے لڑکے تُو تو بڑا غضبی نکلا۔
اللہ کا نام۔ یعنی خدا کے نام کے سوا کچھ نہیں۔
اللہ کا نام لو (۱) خدا خدا کرو۔ (۲) جھوٹ نہ بولو (۳)
اب صبر کرو۔
اللہ کا نور۔ (۱) خدا کی تجلّی (۲) نہایت حسین۔ حُور صفت
(۳) متبرک شکل کا آدمی۔ فرشتہ صورت۔ وہ شخص
جس کے چہرہ پر عبادت کرتے کرتے نُور آجائے
(۴) ڈاڑھی۔ ریش۔ (۵) طنزاً نہایت بدشکل اور شریر
اللہ کرے (کلمۂ تمنّا) کاش کہ۔ کاش۔
اللہ کی جان۔ بندۂ خدا۔ مسکین۔ قابلِ رحم۔
اللہ کی چوری نہیں (کہاوت) یعنی جب خدا کا خوف
تو بندہ کی کیا چوری } نہیں تو بندہ کا کیا خوف؟
اللہ کے گھر سے پھرنا۔ مرمر کے بچنا۔ صدمہ اُٹھا کر
زندہ رہنا۔ پھر سے جنم لینا۔ نئے جنم سے پیدا ہونا
اللہ کے لوگ یا اللہ لوگ۔ وہ شخص جو دُنیا و
مافیہا سے بے خبر ہو۔ بھولے بھالے۔ فرشتہ سیرت
سیدھے سادے۔ سادہ لوح۔

اللہ

اللہ مارا۔ (۱) خدائی خوار۔ بدبخت۔ مصیبت زدہ۔ دئی مارا
راندۂ درگاہ۔ (۲) کلمۂ تنفّر بجائے نگوڑا
اللہ میاں۔ خدائے بزرگ۔ خدا تعالےٰ۔ (غایتِ
محبت اور نہایت تعظیم سے خدا کی طرف خطاب
کرتے ہیں تو اِسطرح کہتے ہیں)
اللہ میاں کی بھینس۔ ایک کالے رنگ کے کیڑے کا نام
اللہ نگہبان۔ دیکھو اللہ حافظ۔ خدا حافظ۔ جیسے
تمہارا اللہ نگہبان۔ اللہ بیلی۔
اللہ والا۔ (۱) شُہدوں کا لقب (۲) فقیر۔ دریوزہ گر۔
منگتا + درویش۔
اللہ والی۔ فقیرنی۔ درویشنی۔ بھیک مانگنے والی۔
گداگری کرنے والی۔
اللہ ہماری طرف دیکھے۔ خدا تعالےٰ ہمارے منہ کا
کہنا کرے۔ خدا تعالےٰ ہماری طرف توجّہ فرمائے۔
خدا ہماری دُعا قبول کرے۔ خدا ہم پر اپنی رحم کی نظر ڈالے
مہربانی کی نظر رکھے۔ جیسے بُوا تمہاری بیماری کا حال
سُنکر سخت رنج ہوا خدا ہماری طرف دیکھلے اور تمکو
تندرست کردے۔
اللہ ہی اللہ ہے۔ (۱) خدا ہی خدا ہے۔ خدا کی ذات
کے سوا سب فانی ہے۔ خدا ہی موجود ہے۔ اُسکے
سوا کسی کی ہستی نہیں (۲) کلمۂ تعریف جو نہایت

الف

اُلفتہ۔ (صحیح فارسی اَلفتہ از اَلفتن بمعنی پریشان شدن)
(۱) لغوی معنی رند مشرب بیباک۔ آزادطبع خراباتی (۲) پریشان۔
پریشان حال مفلس۔ قلّاش۔ ننگ دھڑنگ۔ مفلس بیگ
(۳) غیر بیگانہ۔ اجنبی۔ غیر مستحق۔ ایرا غیرا۔ جیسے
آئے اُلفتے کھا گئے۔ گھر والوں کو تو خاک میسّر
نہیں باہر کے اُلفتے کھا کھا جاتے ہیں۔

الف سے بے نکرنا ذرا بُری بھلی بات زبان
سے نہ نکالنا۔ کچھ شکوہ و شکایت نکرنا

الف کے نام بے نہ جاننا۔ بالکل جاہل اجہل ہونا۔ ان پڑھ

اللہ (۱) خدا۔ پرمیشر۔ داتا۔ سائیں۔ معبود۔ پیدا کرنے والا۔
(خدا تعالےٰ کے اور سب نام تو صفاتی ہیں مگر یہ عربی میں
اسم ذات ہے) (۲) بحالتِ ندا۔ اے خدا۔ الٰہی۔
اے میرے پروردگار (۳) کلمۂ تعجب و حیرت و
افسوس۔ واہ۔ آہا۔ اوہ۔ آہ۔ جیسے اللہ! کیسی ڈرپوک
لڑکی ہے سوتے سوتے چونک پڑتی ہے۔ اللہ!
ہم اس قابل بھی نہیں کہ کسی کی شادی لیکر بیٹھیں۔
اللہ! بی رحمت تم تو بڑی بے مُروّت نکلیں مہینوں
میں آج صورت دکھائی ہے۔

اللہ اللہ۔ (ندا) واہ وا۔ محلِ استعجاب و تحسین و تحیّر
پر اسکا استعمال ہوتا ہے۔

اللہ اللہ کرنا۔ (۱) خدا کا نام لینا۔ سُمرن پھیرنا۔ مالا جپنا۔
تسبیح پڑھنا۔ (۲) صبر و توکّل کرنا (۳) جھوٹ نہ بولنا۔
جیسے اللہ اللہ کرو کیوں کسی کا صبر سمیٹتی ہو۔

اللہ اللہ کرو۔ (۱) خدا خدا کرو۔ خدا کا نام لو۔ (۲) جھوٹ نہ بولو

اللہ آمین۔ (ندا) (۱) خدا یونہیں کرے۔ یا اللہ ایسا ہی
ہو۔ (۲) خدا حفاظت میں رکھے۔

اللہ آمین سے پالنا۔ دعائیں مانگ مانگ کر پرورش
کرنا۔ کمال محنت۔ محبّت اور مشقّت سے پالنا۔
نازپروردہ کی نسبت مسلمان عورتیں بولتی ہیں۔

اللہ آمین کا۔ نازپروردہ۔ ناک رگڑے کا۔ اللہ پیر
منائے کا بچہ

اللہ بی۔ کلمۂ تعجب و طنز جیسے اللہ بی راحت زمانی یہ
مسلمانی اور آنا کانی۔

اللہ بیلی۔ (۱) اللہ نگہبان۔ خدا حافظ۔ پنجابی میں داتا
ویلی۔ (۲) مددِ خدا۔

اللہ حافظ۔ (دعا) خدا نگہبان۔ اللہ بیلی۔ خدا حافظ

اللہ دے اللہ دلائے } دینے دلانے والا تو خدا
بندہ دے مُراد پائے } ہی ہے بندہ مُفت میں
ثواب اور مُراد حاصل کر لیتا ہے۔

اللہ رکھّو یا رکھّے۔ (ندا) (۱) سلامتی سے۔ بخیر۔ زندہ
رہے۔ سلامت رہے۔ ماشاءاللہ چشم بد دور۔ نامِ خدا
(جب عورتیں اپنے کسی عزیز یا بچّے کا ذکر کرتی ہیں

الج	الب

الب

گرم اور تیسری میں خشک وتر سری دوم درجہ میں گرم و خشک اور نہایت
خوشبودار ہوتی ہے یہ اصل میں جزائر کے درختوں کا ایک
مشہور پھل ہے جو وہیں سے جوش دیکر بھیجا جاتا ہے
(۲) سہیلی۔ بنائی ہوئی دوست۔ گوئیاں۔ آلی۔
(بیگمات قلعہ جب کسی عورت سے بہنا پا کرکے الائچی
کے دانے باہم کھاتی تھیں تو اُسے الائچی یا الاچی
بہن کہا کرتی تھیں) چنانچہ مشہور ہے کہ بیگمات قلعہ
میں سے مرزا فخرو ولیعہد کی والدہ[1] صاحبہ نے ایک
نواب زادی **سکینہ بیگم** زوجۂ نواب **محمد علیخاں** مرحوم کو
الائچی بہن بنایا اور اس امر کی خوشی میں انہیں ایک گاؤں عطا فرمایا
جو اُس دن سے آجتک الائچی پور کے نام سے مشہور اور ضلع میرٹھ
تحصیل غازی آباد پرگنہ لونی میں واقع ہے۔

الائچی بہن۔ (بیگمات قلعہ) دیکھو الائچی نمبر (۲)

الائچی دانہ (۱) ایک قسم کی مٹھائی ہے جس کے اندر الائچی کے
دانے ڈالکر کھانڈ سے اُسے غلافتے ہیں (۲) بازاری
آدمی کسی معشوق کے حق میں بھی کہتے ہیں (۳) دہلی
کے ایک بھانڈ کا نام تھا۔ ابتک بھنڈیلے اُسی کے
نام سے زچہ خانہ کا نیگ لیجاتے ہیں۔

البیلی (۱) بانکی۔ وضعدار عورت۔ انوکھی عورت (۲) بے پروا اور
آزاد طبع عورت (۳) زندہ دل خوش طبع اور الڑھ عورت (۴)
بھولی بھالی عورت۔

الج

آلتی پالتی۔ ایک قسم کی بیٹھک جسے چارزانو بیٹھنا کہتے ہیں

آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔ چارزانو بیٹھنا۔ پینتھی پورنا۔
مربع بیٹھنا۔ پالتی مار کر بیٹھنا۔ امیروں کی بیٹھک بیٹھنا +
پھیلکر بیٹھنا۔ جیسے آلتی پالتی مار کر نہ بیٹھو۔ اور بھی کسی
کو بیٹھنے دو۔

الٹا توا۔ نہایت کالا۔ کالا کوئلہ۔ حبشی۔ کالا کلوٹا۔ تمباکو کا بھنڈ

الٹا لیا جائے نہ سیدھا۔ کسی طرح قابو میں نہیں
آتا۔ کسی ڈھب بس میں نہیں آتا + کسی بات کو نہیں مانتا

الٹ پلٹ کرنا۔ تلے اوپر کرنا۔ درہم برہم کرنا۔
بے ترتیب کرنا۔ گڈمڈ کرنا۔

الٹ پلٹ ہونا۔ گھال میل ہونا۔ بے ترتیب ہونا
گڈمڈ ہونا۔ رل مل جانا۔ اوپر تلے ہونا۔

الٹے پاؤں پھرنا۔ جن قدموں جانا انہیں قدموں آنا
جلد لوٹنا۔ جلد واپس پھرنا۔ رجعت قہقری کرنا۔
فوراً الٹا پھر آنا۔

الٹی پٹی پڑھانا۔ غلط سبق پڑھانا۔ بہکانا۔ ورغلانا
افروختہ کرنا۔ دل پھیر دینا۔ برگشتہ کر دینا۔ دلوں میں
فرق ڈلوانا۔ کسی بات کو برعکس ذہن نشین کرنا۔

الجھن۔ گھبراہٹ۔ کش مکش۔ بکھیڑا۔ پیچیدگی۔ انقباض
خفقان۔ بے چینی۔ تفکر۔ پریشانی۔

الجھیڑا۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ کش مکش۔ فتنہ و فساد۔ تکلیف۔ مصیبت

[1] رحیم النساء بیگم عرف رحیم بخش بائی۔ مدفونہ چونسٹھ کھمبہ متصل درگاہ شاہ نظام الدین ؒ

آلا

پچھاڑی جیسے آگے ناتھ نہ پیچھے پگا سب سے بھلا
کمہار کا گدھا۔ (۲) لنگوڑا ناٹھا۔ لاوارسا۔ بے بہرا
اکیلا دم۔ تنہا۔ جیسے اُس کے تو آگے ناتھ نہ پیچھے پگا
اپنے دم سے آپ ہی ہے۔

آگے نِکالنا۔ مطالعہ کرنا۔ کتاب آگے دیکھنا بے پڑھے
سبق کو پڑھ لینا۔ جیسے بوا اب تو یہ لڑکی بھی آگے
سبق نکال لیتی ہے۔

آگے ہاٹ پیچھے پاٹ۔ غریب ومفلس کے حق
میں بولتے ہیں یعنی اس قدر تنگ ہے کہ تن پر
کپڑا بھی نہیں ایک ہاتھ آگے ایک ہاتھ پیچھے رکھو
پھرتا ہے۔ یعنی مفلس ستر پوشی کا کام دونوں
ہاتھوں سے لیتا ہے۔ تن ڈھانکنے تک کو میسر نہیں

آگے ہی۔ پہلے ہی۔ اوّل ہی۔ اوّل ہی سے۔
ابتدا ہی سے۔

آلا۔ دیوار میں چراغ یا کسی چیز کے رکھنے کی جگہ۔ طاق

آلا دے نِوالا۔ (کہتے ہیں کسی بادشاہ نے ایک فقیر
کی خوب صورت لڑکی سے شادی کر لی تھی اُسے
جو مانگنے کا مزا پڑا ہوا تھا تو اُس نے محل میں
بھی یہ ترکیب نکالی کہ علیحدہ کوٹھری میں جاکر ایک
طاق میں روٹی رکھتی اور کہتی "آلا دے نوالا" چنانچہ
اب یہ مثل اُس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اعلےٰ

الا

درجہ کو پہنچکر کمینہ پن دکھاتا ہے)

آلا بالا۔ (۱) ٹال مٹول۔ ٹالم ٹول۔ لیت ولعل۔ دم دلاسا
بہانہ۔ ٹالا بالا (۲) چال۔ فریب۔ دم۔ (۳) سستی۔ کاہلی
جیسے دن کھویا آلے بالے کاتن بیٹھی دیا بالے۔

الا بلا۔ بُری بھلی چیز۔ بُرا بھلا سودا۔ جیسے یہ کیا الا بلا خرید لائے
(خراب اور نکمی چیز کے حق میں بولتے ہیں)

الاراسی۔ بے پروا۔ لاابالی۔ آزادانہ مزاج من موجی
موجی جیوڑا۔

الاراسی جیوڑا یا / الاراسی مزاج } لاابالی مزاج۔ من موجی۔ موجی جیوڑا۔ آزادانہ مزاج۔

الامان۔ پناہ۔ خدا بچائے۔ خدا محفوظ رکھے۔

اُلانگنا۔ (۱) پھلانگنا۔ لانگنا۔ کسی چیز کے اوپر سے اِس طرح جانا
کہ اُس پر پاؤں نہ پڑے۔ جیسے پٹاری کو اُلانگ کر نہ جاؤ
گلا دُکھنے آجائیگا۔

آل اولاد۔ بال بچے۔ بیٹا بیٹی۔ نواسا نواسی۔ کنواسا۔
کنواسی۔ کونڈا کالشی لال تماشے۔

اُلاہنا۔ (۱) گلہ۔ شکوہ۔ (۲) بدنامی۔ برائی۔ دُوش۔

اُلاہنا دینا۔ گلہ کرنا۔ شکوہ کرنا + الزام دینا۔ بُرائی دینا۔

الائچی یا الاچی (۱) ہیل۔ قاقلہ ایک پھل کا نام جسکے دانے اکثر خوشبو کیلئے کھاتے
یا گرم مصالحہ اور پان وغیرہ میں ڈالتے ہیں اسکی دو قسمیں ہیں ایک کو
بڑی الائچی اور دوسری کو چھوٹی الائچی کہتے بڑی مزاجاً اول درجہ میں

آگے	آگے

آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا۔

آگے آنا۔ (۱) پاس آنا۔ نزدیک آنا۔ قریب آنا۔ ورے آنا بڑھنا۔ جیسے ذرا تو آگے آؤ۔ آگے آؤ اور ے جاؤ (۲) آڑے آنا۔ پُشت پناہ ہونا۔ سپر ہونا۔ ڈھال ہونا مُحافظ ہونا۔ کام آنا۔ جیسے کچھ دیا لیا ہی آگے آگیا (۳) وارد ہونا۔ صادِر ہونا۔ گزرنا۔ آپڑنا۔ واقع ہونا + پرگھٹ ہونا۔ کُھلنا۔ ظاہر ہونا۔ جیسے "شامابولی بن سُنا یا خالہ جان کا کہنا آگے آیا" "نائی نائی بال کتنے؟ جَجمان جی آگے ہی آتے ہیں"۔ بڑا بول آگے اگر رہتا ہے۔ (۴) جیسا کرنا ویسا بھرنا۔ پاداش پانا۔ بھوگنا۔ کِیا بُھگتنا۔ سزا پانا۔ سہنا۔ اُٹھانا۔ بھرنا مُکافات کو پہنچنا۔ جیسے باپ کرے باپ کے آگے آئے۔ بیٹا کرے بیٹے کے آگے آئے۔ الٰہی بچے تیرا کیا تیرے آگے آئے

آگے پانا۔ سزا پانا۔ تکلیف اُٹھانا۔ مکافات بُھگتنا دُکھ بھرنا۔ رنج اُٹھانا۔ صدمہ پانا۔ جیسے اپنی آنکھوں کے آگے پائے۔ ویدوں گُھٹنوں کے آگے پائے۔

آگے پیچھے۔ غیر حاضری میں۔ میرے نہ ہوتے۔ میرے بعد۔ جیسے آگے پیچھے مکان پر ست آیا کرو۔ آگے پیچھے کوئی بات ہو تو خبر رکھنا۔

آگے خُدا کا نام یا نام خُدا کا۔ خدا کے نام کے سوا اور کچھ نہیں۔ اب خاتمہ ہے۔ اس کے سوا کچھ نہیں۔ اور کچھ نہیں۔ بس۔ فقط۔ (جب اولاد یا کسی چیز کا انحصار جتانا منظور ہوتا ہے تو یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں) جیسے میرے تو یہی ایک پھونسڑا ہے۔ آگے خدا کا نام۔

آگے دِیکھے۔ (۱) سامنے کرکے۔ آگے لاکے۔ مُنہ پر رکھکے۔ پیش کرکے + رُوبرُو۔ سامنے۔ جیسے آگے دیکھے لٹوادیا۔ (۲) جان بوجھ کے۔ دیدہ و دانستہ۔ جاگر جیسے تم بھی آگے دیکھے پھنسواتی ہو۔

آگے ڈالنا۔ بیوہ عورت کی اُس کے گُزارہ کے واسطے روپیہ سے مدد کرنا۔ (ہندو) (یہ روپیہ اُٹھاونی یا تیرھویں کے دن تمام قریب کے رشتہ دار بیوہ عورت کے آگے ڈالتے ہیں تاکہ اس روپیہ سے یہ اپنا کاروبار چلاکر گزراوقات کرے)

آگے ڈولنا۔ (۱) سامنے پھرنا۔ (۲) سامنے کھیلنا آگے کھیلنا۔ بچّوں کا کھیلتے کودتے پھرنا + بال بچّے ہونا۔ صاحبِ اولاد ہونا۔ جیسے دس پانچ میرے آگے ڈولتے ہوتے تو ایک تجھے بھی دیدیتی (ہندو)

آگے کو کان ہوئے۔ آئندہ کو ہدایت ہوئی۔ آئندہ کو ہوش آیا۔ پچھلی عقل آئی۔ آئندہ کو متنبّہ ہوئی۔

آگے ناتھ نہ پیچھے پگا۔ (۱) ناک میں ناتھ نہ پاؤں میں

اَگھُوَانَا۔ پٹوانا۔ بُرا بھلا کہلوانا۔ بکھان کرانا۔ طعنہ مہنہ سُنوانا

اَگَرئی۔ (۱) ایک قسم کا سیاہی مائل صندلی رنگ جو خوشبودار چیزوں یعنی چھیل چھبیلا ناگرموتھا وغیرہ ڈالکر بنایا جاتا اور اُسکو رنگے ہوئے کپڑے کو اگر کی دھونی سی بسایا جاتا ہے

اَگلَا۔ (۱) پچھلے کے خلاف۔ آگے کا۔ (۲) آئندہ۔ مستقبل آنے والا۔ اب سے دوسرا (۳) پہلا۔ مُقدّم۔ اوّل کا گُزشتہ۔ پہلے کا۔ اوّلیں۔ پیشینہ۔ پیشیں۔ پُرانا۔ عتیق۔ قدیم (۴) پہلا آدمی۔ (۵) دوسرا آدمی (۶) بُرکھا۔ بزرگ۔ (۷) خاوند۔ خصم۔ میاں۔ جیسے میں تو آج بیاہ رچاؤں مگر اگلا نہیں مانتا۔ (۸) رمضان میں اوّل وقت کے طعام کو اگلا اور اخیر وقت کے کھانے کو سحری یا پچھلا کہتے ہیں۔

آگُو۔ (۱۔ عوام) پہلے۔ پیشتر۔ جیسے مینے آگو ہی کہا تھا۔ (۲) سامنے۔ رُوبرُو۔ جیسے آگو سے ہٹ جا۔ (۳) آئندہ استقبال۔ آنے والا زمانہ۔ (۴) ہاتھ کے نیچے۔ پاس قریب۔ جیسے میرے آگو پتیلی نہیں جو پہلے تجھے سالن دیدوں (آج کل یہ متروک ہے اِسکی بجائے آگے بولا جاتا ہے۔)

اَگوَاڑَا۔ (۱) آگے کا حصّہ۔ اگلا۔ (۲) انگنائی۔ آنگن۔ صحن (۳) سامنے کا رُخ۔ آگے کا حصّہ۔ سامنا پچھواڑے کا نقیض۔

آگے۔ (۱) پیچھے کی ضد۔ اُگاڑی۔ آگو۔ (۲) سامنے۔ رُوبرُو سنمکھ۔ آنکھوں کے سامنے۔ موجودگی میں۔ جیسے مت کر ساس بُرائی تیرے آگے بھی جائی۔ اپنی چیز اپنے آگے بھلی۔ جو کچھ ہے تمہارے آگے ہے۔ (۳) حین حیات جیتے جی۔ اپنی زندگی میں۔ موجودگی میں۔ اپنے عہد میں۔ وہ اپنے آگے ہی اِسے مالک کر گئے تھے (۴) بڑھنا۔ سبقت لیجانا۔ زیادہ ہوجانا۔ ترقّی کرنا جیسے سبق میں آگے ہوجانا۔ (۵) آئندہ۔ بعد ازیں اس کے بعد۔ اب۔ اِس کے پیچھے۔ اِس وقت سے۔ بعد اِس کے۔ جیسے آگے تمہیں اختیار ہے۔ آگے تمہاری سمجھ رہی۔ (۶) پھر۔ دوبارہ۔ دُسرا کر۔ جیسے آگے ایسی بات نہ کرنا۔ آگے تم جانو اور تمہارا کام (۷) زیادہ۔ سِوا۔ علاوہ۔ پرے۔ جیسے اِس سے آگے ایک کوڑی نہیں ملنے کی۔ اُن کا گھر اِن سے کہیں آگے ہے۔ (۸) پہلے۔ پیشتر۔ سابق میں۔ قبل۔ گزشتہ زمانہ میں۔ اگلے زمانہ میں۔ اس سے پہلے۔

آگے آگے۔ (۱) پیچھے پیچھے کا نقیض۔ آگو آگو۔ اگاڑی اگاڑی۔ اگاڑو اگاڑو۔ جیسے آگے آگے چلو۔ (۲) کل کو۔ ائندہ کو۔ آگے کو۔ زمانہ مستقبل میں۔ تھوڑے دنوں بعد۔ رفتہ رفتہ۔ چندروز میں جیسے ابھی آگے آگے دیکھنا۔ ع

آفت میں مبتلا کردینا۔ دوزخ میں جھونک دینا (۴) کسی لڑکی کو ایسے گھر بیاہ دینا جہاں اسکو ہر گھڑی اور ہر وقت تکلیف کا سامنا ہے۔ ع (قلق)

آپ نے اچھے گھر دیا مجکو + خوب ڈھونڈ کر دیا مجکو
پہلے دریافت خوب کر نہ لیا + آگ میں مجھکو لیکے جھونک دیا

آگ میں کسی کی پڑنا یا کسی کی آگ میں پڑنا } کسی کی مصیبت یا آفت میں پڑنا۔ دوسرے کی بلا اپنے سر لینا۔ (کسی کی آگ میں پڑنا زیادہ بولتے ہیں)

آگ میں لوٹنا۔ (۱) آگ میں جلنا۔ (۲) تڑپنا۔ بیقرار رہنا تلملانا۔ مضطرب ہونا۔ (۳) رشک کرنا۔ حسد کرنا۔ جیسے میرے بچوں کو دیکھکر آگ میں لوٹتی ہے

آگ ہو جانا۔ (۱) گرم ہو جانا۔ بھبکنا۔ جل اٹھنا۔ جیسے دھوپ میں دھرا دھرا لوٹا آگ ہو گیا۔ (۲) لال پیلا ہونا۔ جھلا اٹھنا۔ غضبناک ہونا۔ افروختہ ہو جانا۔ خشمگیں ہونا۔ جیسے ایسا تیہا بھی کچھ نہیں ذرا سی بات پر آگ ہو گئے۔

آگ ہونا (۱) گرم ہونا۔ جلنا۔ لال ہونا۔ (۲) غصہ ہونا غضبناک ہونا۔ غصہ میں سرخ ہو جانا۔ غصہ کے مارے بیتاب ہونا + غُرّش کرنا۔ گھنسانا۔ غُرّانا

آگا پیچھا۔ (۱) بدن کا اگلا اور پچھلا حصہ + سینہ اور پیٹھ جیسے اس چدریا سے تو آگا پیچھا بھی ڈھکتا نظر نہیں آتا (۲) پہننے کے کپڑے کا آگا پیچھا۔ بدن کے اگلے اور پچھلے رخ کا کپڑا۔ (۳) پس و پیش۔ اول آخر۔ (۴) موجودہ و آئندہ حالت۔ انجام کار۔ آغاز وانجام۔ جیسے جو کچھ کرو پہلے آگا پیچھا سوچ لو۔

آگا پیچھا سوچنا۔ پس و پیش سوچنا۔ دور اندیشی کرنا۔ دل سے رائے لینا۔ سوچ سمجھکر کام کرنا۔ دل سے صلاح و مشورہ لینا + تامل کرنا۔ فکر کرنا۔ اندیشہ کرنا۔ خوض کرنا۔ جیسے جو کچھ کرو آگا پیچھا سوچ کے کرو۔ بھائی نگوڑا اپنا بھی آگا پیچھا سوچے یا تمہیں کو بھرے جائے۔

اگاڑی۔ (۱) آگے کا حصہ یا دھڑ۔ (۲) آگے۔ روبرو۔ سامنے موجودگی میں۔ (ہندو) (۲) انگرکھے یا کرتے کے سامنے کا حصہ

اُگال۔ فضلۂ دہن۔ پان کا تھوک یا ثُفل جو پھینکا جائے

اُگالدان۔ وہ برتن جسمیں پان کا ثفل یا پیک تھوکتے ہیں۔ پیک دان۔ تُفل دان۔

اُگٹنا یا اُکٹنا۔ (۱) اپنا پہلا احسان یا سلوک جتانا۔ کم ظرفی سے کسی بھلائی کو منہ پر رکھدینا۔ (۲) بکھانتا۔ پنا۔ بیان کرنا۔ برا بھلا کہنا۔ طعنہ مہنہ دینا۔ جو بات نہیں کہنے کی ہے اسے دوہرانا۔ جیسے ٹانگ برابر چھوکری اور ہماری غریبی اُگٹے۔ (اس کو ہندو عورتیں اُگھٹا ٹگھٹی بھی بولتی ہیں)۔

آگ

میں پڑنا۔ چولھے میں جانا ÷ غائب ہونا۔ کھویا جانا۔ جاتا رہنا ÷ ملیامیٹ ہونا۔ معدوم ہونا۔ ناپید ہونا۔ جیسے اُسکی آمدنی کو تو آج کئی کئی مہینہ سے آگ لگ گئی (۴) نہایت بھوک لگنا۔ کھُدّیا ہونا۔ حد سے زیادہ اِشتہا ہونا۔ آتش معدہ کا بھڑکنا۔ جیسے پیٹ میں آگ لگنا۔ (۵) بیکل ہونا۔ بے چین ہونا۔ مضطرب ہونا تلاملی ہونا۔ بیقرار ہونا۔ تڑپنا۔ بیاکُل ہونا۔ جیسے اِنکو کی ایسی ہی آگ لگتی ہے کہ بلبلاتے پھرتے ہیں (۶) رشک ہونا۔ حسد ہونا۔ کُھنسانا۔ جلنا۔ جیسے آپ سے کھاتا پیتا دیکھ کے سوکن کے آگ لگتی ہے۔ سوتیلی بیٹی کا گہنا پاتا دیکھکر اُسکے آگ لگ گئی۔ (۷) ناگوار گزرنا۔ بُرا لگنا۔ بُرا معلوم ہونا۔ خار گزرنا۔ جیسے اُسکے نام سے آگ لگتی ہے۔ (۸) غُصّہ آنا طیش آنا۔ دل جلنا۔ طبیعت بگڑنا طبیعت میں جوش آنا۔ غُصّہ بھڑکنا۔ غضبناک ہونا۔ جیسے اُس کی صورت دیکھے آگ لگتی ہے۔ تیری اِنہیں باتوں سے تو آگ لگتی ہے۔ (۹) سوزش ہونا۔ جلن ہونا۔ مرچیں لگنا۔ تیزی معلوم ہونا۔ چرپراہٹ معلوم ہونا جھلّا جانا۔ جھال ہونا۔ جیسے یہ مرہم لگائیے اِس سے خُدا چاہی تو زخم میں آگ نہیں لگنے کی ٹھنڈک پڑجائیگی (۱۰) گراں ہونا۔ مہنگا ہونا۔ قحط پڑنا۔ قیمت کا بڑھ جانا ÷ توڑا ہونا۔ کمی ہونا۔ جیسے آجکل تو ہر ایک سودے پر آگ لگ رہی ہے۔ (۱۱) جانا۔ رخصت ہونا۔ باہر نکلنا۔ دفع ہونا۔ دور ہونا۔ (ناز سے عورتیں بولتی ہیں) جیسے تمہیں بھی کبھی گھر سے آگ لگیگی۔

آگ لگنتی جھونپڑی جو نکلے سو لاہھ (کہاوت) یعنی جاتے ہوئے مال سے جو کچھ بچ جائے وہی غنیمت ہے

آگ لگو یا آگ لگے ۔ (دُعائے بد) (۱) غارت ہو اُجڑ جائے۔ جلجائے۔ مرجائے۔ از غیبی مار پڑے۔ اُڑ جائے ناپید ہو۔ ملیامیٹ ہو۔ جیسے آگ لگے ایسے پیار کو (۲) (تنفرانہ تکیہ کلام) خواہ حقیقت میں خواہ ناز سے جیسے اگ لگو میں کیوں آئی تھی۔ اگ لگے میں نوج بولی ہوتی اگ لگے میں اِس بلا بوغا کو لیکر کیا کروں (۳) خدا نکرے۔

آگ لینے آنا ۔ (۱) آگ مانگنے آنا۔ (۲) جلدی سے آکر چلا جانا۔ اُلٹے پاؤں چلا جانا۔ تھوڑی دیر کے واسطے آنا۔ کھڑی کھڑی ہو کر چلا جانا۔ ہوا کے گھوڑے پر سوار آنا۔ کھڑی سواری یا پادر رکاب آنا۔ جب کوئی عورت ملاقات کو آئے اور دم بھر نہ ٹھیرے تو اُس سے طنزاً یہ کلمہ کہتی ہیں۔ یعنی تم ایسی بیگانہ وار آئیں جیسے کوئی اگ مانگنے آتا ہے اور کھڑے کھڑے لیکر چلا جاتا ہے۔

آگ میں جھونک دینا ۔ (۱) دیدہ و دانستہ بلا میں پھنسا دینا۔ جان بوجھ کر عذاب میں پھنسا دینا۔

آگ

لغوی معنی تلوؤں سے جلن کا پیدا ہونا۔ اصطلاحی۔ نہایت غُصّہ ہونا۔ برافروختہ ہونا۔ غضبناک ہونا (اصل میں تلوؤں سے لگنا اور سر میں جاکر بجھنا تھا یعنی اوّل سے آخر تک جلنا)۔

آگ جوڑنا۔ آگ سُلگانا۔ اُپلے لگانا۔ اُپلے جوڑنا آگ بالنا۔ آنچ کرنا۔ اُچھینا لگانا۔

آگ سُلگانا۔ آگ روشن کرنا۔ آگ جلانا۔ سہج سہج جلانا۔ اُپلے یا لکڑیوں میں آگ دینا۔ آگ بالنا۔ دھواں نکالنا۔ جیسے لڑکی چولھے میں آگ سُلگا دے۔

آگ کھائیگا سو انگارے ہگیگا (کہاوت) یعنی جو برائی کریگا اُسکا نتیجہ بھی بُرا ہی دیکھے گا۔ بدی کا نتیجہ بدی

آگ کے مول۔ (محاورہ)۔ نہایت گراں۔ مہنگا تیز جیسے اس شہر میں جو چیز خرید و آگ کے مول ہے۔ وہ تو آگ کے مول بیچتا ہے۔

آگ لگانا۔ (۱) غُصّہ دلانا۔ افروختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ خفا کرنا۔ جھوتجل دلانا۔ (۲) لڑائی کرانا۔ جھگڑا اُٹھانا۔ دشمنی پھیلانا۔ فساد ڈالنا۔ جیسے یہی تُو گیا آگ لگاتی پھرتی ہے۔ (۳) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ تیاگنا۔ لعنت بھیجنا۔ برطرف کرنا۔ موقوف کرنا۔ معزول کرنا۔ نکال دینا۔ جیسے سسرال کو آگ لگا میکا بسایا (۴)۔ طنزاً و حقارتاً) خوب دھوم دھام کرنا۔ بڑے بڑے کاج کرنا جیسے

آگ

تمہارے بڑوں نے شادی میں کونسی آگ لگائی تھی جو تم لگاؤ گے۔

آگ لگاؤں۔ (۱) نفرت ظاہر کرنے کیواسطے عورتیں اس لفظ کو زبان پہ لاتی ہیں اور نیز ایک تکیہ کلام بھی ہے۔ جیسے اس ماتا کو آگ لگاؤں اس نے تباہ کر رکھا ہے۔ آگ لگاؤں ایک نہ ایک جھگڑا روز ہے آتا ہے۔ (۲) کیا کروں۔ چولھے میں ڈالوں۔ جیسے جب وہ ہی نہیں تو اُسکی چیز لیکے کیا آگ لگاؤں

آگ لگائے پانی کو دَوڑے (کہاوت) یعنی خود ہی فتنہ اُٹھانے اور بظاہر خود ہی اُسکی مٹانیوالی بنے۔

آگ لگ جائے یا لگ جائیو (دعائے بد) (۱) یہ ایک کوسنا ہے جسکے معنی ہیں جلجائے۔ اُجڑ جائے غارت ہو۔ مرجای (۲) آفت پڑے۔ ملیامیٹ ہو۔ ناپید ہو۔ مٹ جائے (۳) عورتوں کا یہ تکیہ کلام بھی ہے۔ اور ناز نخرہ سے بھی ہر بات کے ساتھ اکثر کہا کرتی ہیں۔ جیسے آگ لگجائے! مجھے اب نہ ستاؤ۔ آگ لگ جائے کیا سینے بیٹھی تھی اور کیا سینے لگی۔

آگ لگنا۔ (۱) جلنا۔ جل اُٹھنا۔ پُھکنا۔ مشتعل ہونا۔ جل جانا۔ بھڑکنا۔ آگ کا کسی شے میں اثر کرنا۔ (۲)۔ جُھلسنا۔ لُو کا لگنا۔ جیسے چل ترے مُنہ کو آگ لگے مجھ سے نہ بول۔ (۳) اُجڑنا۔ غارت ہونا۔ اُٹھنا چولھے

اگن۔ آتش۔ نار+ بَیسُندر۔ جیسے میرے ہی سے آگ لائی اور نام رکھا بَیسُندر۔(۲) لاٹ۔ شعلہ لَو۔ لپٹ(۳) گرمی۔ تپش۔ حِدّت۔ حرارت+تمازت جیسے آگ پڑ رہی ہے۔ آگ برس رہی ہے۔(۴) سوزش۔ جلن۔ تیزی۔ چرپراہٹ۔ جھال۔ جیسے مرچ کھاتے ہی۔ آگ لگ گئی۔(۵) دَوں تشنگی پیاس۔ عطش۔ آتشِ پنہاں (۶) رشک۔ حسد۔ تپن۔ تپش۔ جیسے بی تمہیں تو ساری میرے دم کی آگ ہے۔(۷) لاگ۔ دشمنی۔ بَیر۔ لاگ ڈانٹ جیسے بوا میری طرف سے تو اُسکے کلیجے میں آگ پڑ گئی ہے۔(۸) لڑائی جھگڑا۔ فتنہ فساد (کہاوت) آگ لگائے تماشہ دیکھے۔ آگ لگا کر الگ ٹہل گئی۔ دبی آگ نہ اُکھاڑو (۹۔ صفت) تتّا۔ بھبکتا ہوا۔ کھولتا ہُوا۔ تپاں۔ گرم۔ جلتا ہُوا۔(۱۰) مزاجاً گرم۔ گرم مزاج۔ آتشی۔ جیسے اُسکا مزاج تو آگ ہے، مچھلی تو گرم آگ ہوتی ہے۔(۱۱) نہایت گراں۔ مہنگا۔ آگ کے مول۔ چڑھا ہُوا۔ جیسے کنا گت کیا آئے کہ سب چیز پہ آگ پڑ گئی۔

آگ بَرَسنا۔ (۱) گرمی پڑنا۔ دُھوپ تیز ہونا۔ شدّت سے گرمی پڑنا۔ لُو چلنا۔

آگ بَگُولَا۔ یا آگ بَبُولا۔ (۱) دہکتا ہُوا گولہ (۲) تُند مزاج

تیز مزاج۔ غضبناک۔ آفت۔ آتش کا پرکالہ۔ قہرناک خشمناک۔ پُرغضب۔ غضبی۔ افروختہ۔(۳) لال۔ سُرخ۔ تمتماتا ہوا۔ جیسے مجھے دیکھتے ہی آگ بگولہ ہو گئے (۴) بھبُوکا۔ گوراچِٹّا۔ خوبصورت۔ پری یا۔ پری پیکر۔ چاند کا ٹکڑا۔ خورشید لقا۔

آگ بَگُولا بَنجانا۔ غُصّے میں لال ہو جانا۔ غصّہ میں بھر آنا خشم آلودہ ہونا۔ افروختہ ہونا۔ نہایت غضبناک ہونا یا خشمناک ہونا۔ جیسے میں نے کیا خطا کی جو آپ دفعتہً آگ بگولا بن گئے۔

آگ بَگُولا ہُوجَانا۔ دیکھو (آگ بگولا بنجانا نمبر۱) جیسے اِتنا سنتے ہی آگ بگولا ہو گئے۔ بیجاپور کا بادشاہ یہہ ہتھکنڈے دیکھ کر اگ بگولا ہو گیا۔

آگ بَگُولا ہُونا۔ تیز ہونا۔ جھلّانا۔ بھبکنا۔ دیکھو (آگ بگولا بنجانا)۔

آگ پانی میں لگانا یا پانی میں آگ لگانا (محاورہ)(۱) جہاں لڑائی نہ ہوتی ہو وہاں لڑائی کرا دینا۔ متحمّل مزاج کو افروختہ کر دینا (۲) عیّاری کرنا چالاکی کرنا۔ عیّاری و چالاکی میں کمال دکھانا (۳) ناممکن بات کرنا۔ اعجاز دِکھانا۔

آگ تلوُوں سے لَگنا۔ دیکھو (تلووں سے آگ لگنا) (تلووں سے آگ لگنا۔ زیادہ بولتے ہیں)

آگ	اکا

کلمۂ خطاب بطرفِ احباب۔

آکا بھائی۔ (۱) ادب سے بڑے بھائی کو کہتے ہیں اِس کا رواج مُغلوں میں زیادہ ہے۔ (۲) لڑاکا۔ شہزور۔ بانڈی باز۔ لَفَنگ۔ دبنگ۔ (۳) مردانہ کلمۂ خطاب

اَکارَت۔ (۱) ضائع۔ بیکار۔ (۲) بیفائدہ۔ نرپھل۔ لاحاصل۔ بےسُود۔ (۳) ناکارہ۔ نکمّا۔ برباد۔

اَکارَت جَانا۔ ضائع ہونا۔ برباد جانا۔ بیفائدہ گزرنا جیسے عمر کا اکارت جانا۔

اَکڑوڑا یا اِکڑوڑا۔ وہ کسیلی دوائیں مثلاً چھالیہ۔ کیکر کی پھلی وغیرہ جنکو جوش کرکے اُسکے پانی سے زچہ کو آبدست لواتیں

اُکسانا۔ (۱) اُوپر اُٹھانا چراغ کی بتی کو آگے بڑھانا۔ (۲) بہکانا کسی بات پر آمادہ کرنا۔ ترغیب دلانا۔ اُبھارنا۔ برافروختہ کرنا۔ اشتعالک دینا۔ فساد پر آمادہ کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ عورت کو اغوا کرنا۔ پھسلانا۔ بھگانا۔

اَکل کُھرا۔ (۱) لغوی معنی تنہا خور۔ (۲) اصطلاحی۔ خودغرض غیرمانوس خُشک۔ رُوکھا۔ وہ شخص جو ملنسار نہ ہو۔ الگڑ۔ بےفیض۔ وہ شخص جو منفعت بخش و نفع رساں نہو۔ (۳) بدمزاج۔ تندخو۔ جلاتن۔ ناآشنا (۴) حاسد۔ حسد رکھنے والا۔ رشک کرنے والا۔ جیسے اَکل کُھرا جگ سے بُرا۔

اِکلوتا۔ اکیلا۔ اپنی ماں کا ایک ہی بیٹا۔ بن بھائی بہن کا۔

اِکَونا۔ ایک ایک کرکے چُنا ہُوا۔ صاف اور چُنا ہوا اناج پھٹکا پھٹکایا۔ چناچنایا۔

اُکھاڑ پچھاڑ۔ (۱) تغیّر و تبدّل۔ درہمی برہمی (۲) اسباب کا اِدھر اُدھر رکھکر ترتیب سے لگانا۔ ایک طرف سے اٹھاکر دوسری طرف رکھنا۔ جیسے مکان بدلنے کی اُکھاڑ پچھاڑ نے ڈھنگ سے بیٹھنے نہ دیا (۳) کسی کی موقوفی یا بدگوئی سے بدظنی پھیلانا۔ موقوفی بحالی کا موقع بنانا۔ (۴) لگائی لتری۔ غیبت۔ بُرائی۔ بدی افترا پردازی۔ بُہتان بندی۔ چغلی۔ جڑ کاٹنا۔

اَکھّو مَکھّو کرنا۔ چراغ کی لَو تک ہاتھ لیجاکر بچّہ کے مُنہ پر پھیرنا۔ (عورتیں شب کے وقت بچّوں کو اس فقرہ سے بہلایا کرتی ہیں یہ رسم ہندوؤں سے لیگئی ہے چنانچہ ہندو عورتیں اِس طرح سے بچّے کو بہلاتی ہیں۔ آکھو ماکھو کانڑی بیٹا کو۔ جو کوئی میری چھوہی کو نظر لگادے اُنکی آنکھوں میں تالکو (اللّو) (مسلمان عورتیں) اکھّو مکھّو۔ میری بیوی کو اللہ رکھو۔)

آگ (چونکہ خانہ داری میں عورتوں کو آگ سے اکثر کام پڑتا ہے۔ اِس وجہ سے اِس لفظ کی مفرد و مُرکّب بہت سی اصطلاحیں بن گئی ہیں۔ جنسے اُنکے توہّمات۔ عقائد اور دِلی خیالات کا پتہ لگتا ہے)

(۱) اربعہ عناصر میں سے ایک عنصر کا نام۔ آنچ۔ اگنی

آفت

ہیں۔ (۴) کلمۂ تعریف مثل غضب۔ قیامت۔ ظالم۔ بیڈھب طرّار۔ شریر۔ شوخ۔ چالاک۔ ترتریا۔ فتنہ انگیز۔ شوخ چشم۔ تیز۔

آفت پڑنا۔ (۱) غضب ٹوٹنا۔ قہر نازل ہونا۔ بلا آنا۔ (۲) ستیاناس ہونا۔ (۳) مصیبت پڑنا۔ بپتا پڑنا۔ قہر الٰہی نازل ہونا۔ غضب الٰہی سے کسی مصیبت مثل وبا ہیضہ۔ کال۔ وغیرہ میں گرفتار ہونا۔ (۴) حادثہ پیش آنا۔ صدمہ پہنچنا۔ (۵) مشکل پڑنا۔ دشوار ہونا۔ وقت ہونا۔

آفت توڑنا۔ غصّے ہونا۔ خفا ہونا۔ شور کرنا۔ ستم کرنا۔ ظلم کرنا۔ غضب ڈھانا۔ حشر برپا کرنا۔ قیامت مچانا۔ جیسے انھوں نے دو دن سے سارے گھر پر آفت توڑ رکھی ہے۔ انکی چیز نہ چھیڑو ورنہ آکر آفت توڑیں گے۔

آفت ٹوٹنا۔ (۱) مصیبت پڑنا۔ کوئی صدمہ یا بلا نازل ہونا۔ غضب پڑنا۔ ستم ٹوٹنا۔ جیسے یہ آفت تو دلّی ہی پہ لوٹ پڑی ہے۔ کہ کوئی مسلمان کو نوکر نہیں رکھتا۔ (۲) خفگی ہونا۔ شور ہونا۔ حشر ہونا جھگڑا ہونا۔ جیسے ابھی میں دو گھڑی کو جاؤں تو جانے کیا آفت ٹوٹے۔

آفت کا پرکالہ۔ (۱) آفت کا ٹکڑا۔ آفت کا بنا ہوا۔ غضب کا پتلا (۲) شوخ و شنگ۔ طرار فرار۔ شریر فتنہ انگیز اور فتنہ پرداز۔ عیار۔ بدذات۔ جیسے اس

اکا

آفت کے پرکالہ کو کس نے چھیڑ دیا۔ (۳) غضب کا بنا ہوا۔ ستمگار۔ جیسے وہ ایک آفت کا پرکالہ ہے (۴) ذہین۔ ذکی۔ تیز طبع

آفت مچانا۔ (۱) غل مچانا۔ شور مچانا۔ غضب ڈھانا حشر توڑنا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ دھوم مچانا۔ دھوکٹ دھیا کرنا۔ جیسے تمہارے بچہ نے تو ایک آفت مچا رکھی ہے (۲) دنگا کرنا۔ شرارت کرنا۔ جیسے اب تو بچلا بیٹھ تھوڑی ہی آفت مچا چکا ہے۔

آفتاب بیگم۔ بیگمات کے نام۔

افسانہ۔ (۱) حکایت بے اصل۔ قصہ۔ کہانی۔ من گھڑت کہانی۔ گھڑا ہوا قصہ۔ جھوٹی بات۔ (۲) سرگزشت۔ حال۔ ماجرا۔ ذکر۔ (۳) افسوس۔ حسرت۔ پچھتاوا۔ ملولا (اطرف عورتیں بولتی ہیں) (۴) مشہور۔ شہرت یافتہ۔

افسانہ آنا۔ افسوس آنا۔ حسرت آنا۔

افضل۔ زیادہ فضیلت رکھنے والا۔ سب سے بہتر سب سے تحفہ۔ نہایت عمدہ۔

(**افضل بیگم۔ افضل خانم**) شریف زادیوں کے نام

اقبال نرمائی۔ بیگمات کے نام۔ اقبال دلہن۔ خطابی نام جو سسرال کی طرف سے دلہن کو دیا جائے۔

آکا۔ (۱) بھائی۔ برادر۔ (۲) بڑا بھائی۔ برادر کلاں۔ جیسے آکا بھائی آئینگے تو بہت سی چیز لائیں گے۔ (۳) مرد

اپنے ذہن میں خلاف قاعدہ عیش اِس کا ماخذ بھی قرار دے لیا۔ حالانکہ اِس عشعش کے معنی گھونسلے کے آئے ہیں۔ اُن کو چاہیئے ذرا عربی کی بڑی بڑی لُغات کو بھی ملاحظہ فرمالیں

اشرفی ۔ (۱) مُہر۔ وہ سونے کا سکہ جس کی قیمت عموماً سولہ سے چوبیس روپے تک ہوتی ہے (۲) ایک قسم کا گول زرد پھول ۔ گول گوٹی

اُشغلا اُٹھانا یا چھوڑنا ۔ طوفان اُٹھانا۔ بہتان لگانا۔ فتنہ برپا کرنا۔ شگوفہ چھوڑنا۔ انوکھی بات کرنا۔ چٹکلا چھوڑنا۔ کوئی بات بناکر دو آدمیوں کو لڑوا دینا۔

اُشلک لگانا ۔ یہ لفظ ترکی میں اُشلق تھا تہمت لگانا۔ بہتان لگانا۔

اَصلاً خبر نہیں ۔ ذرا خبر نہیں۔ بالکُل خبر نہیں۔ محض ناواقف ہوں۔ مطلقاً خبر نہیں۔ یہاں اَصلاً کی تنوین اُڑا کر اصلا کر لیا ہے۔

اَصل خیر سے ۔ خیریت سے۔ بخیر۔ سلامتی سے (یہ مسلمان عورتوں کا تکیہ کلام ہے جسے فالِ نیک سمجھ کر کسی ذکر کے شروع کرنے سے پہلے زبان پر لاتی ہیں)

اَصلُوں ۔ اصلاً۔ بالکل۔ مطلق۔ جیسے اصلوں خبر نہیں

اَصِیل ۔ (۱) اچھی نسل والا۔ (۲) نیکذات۔ غریب۔ (۳) نجیب۔ شریف۔ (۴) (بحالتِ اسم) ماما۔ خادمہ۔ روٹی پکانے والی عورت۔ لونڈی۔ باندی۔

آغا مینا ۔ (بیگماتِ قلعہ) (۱) بنگالی مینا (چونکہ اُسے آغا آغا کہنا

سِکھاتے ہیں۔ اور اُسکی زبان سے یہ لفظ بہت صاف نکلتا ہے۔ اِس سبب سے اِس مَینا کو آغا مینا کہنے لگے) (۲) وہ لڑکی جو پیاری پیاری باتیں کرے۔ خوش گفتار لڑکی مجازاً طوطی خوش الحان۔ خوش آواز۔ خوش گلو۔ جس کی آواز بھلی لگے۔

اِغماض ۔ (۱) روگردانی۔ چشم پوشی۔ درگزر۔ (۲) بے پروائی (۳) اِترانا۔ غرور کرنا۔ تمکنت۔ تبختر۔ گھمنڈ۔

اُف ۔ (۱) آہ۔ اُوہ (۲) افسوس (۳) کسی ہریلے جانور کے کاٹ لینے یا دفعتہً تکلیف کی آواز

اُف کر دینا ۔ (۱) جلا کر خاکستر کر دینا۔ (۲) چرا کر صفایا کر دینا تنکا تک نہ چھوڑنا۔

اُف نہ کرنا یا اُف نہ نکالنا ۔ (۱) سانس نہ نکالنا۔ باوجود صدمہ مُنہ سے بھاپ نہ نکالنا۔ آہ نہ کرنا۔ صدمہ کو پی جانا۔ (۲) شکایت زبان پر نہ لانا۔ کچھ نہ بولنا۔ صدمہ انگیز نا۔ ہُوں نہ کرنا۔ جیسے بادشاہی تخت پر تو بیٹھی نہ تھی کہ لُٹائی جاتی اور اُف نہ کرتی۔

اُف ہو جانا ۔ خاک اُڑ جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔ بالکُل صرف ہو جانا۔ صفایا ہو جانا۔ جلکر راکھ ہو جانا۔ مٹ جانا۔ فنا ہو جانا

آفت ۔ (۱) بلا۔ آسیب۔ (۲) صدمہ۔ دُکھ۔ تکلیف۔ مصیبت۔ بپتا۔ بپتا۔ جیسے میری جان کو تو ایک نہ ایک آفت روز ہے۔ (۳) غضب۔ قہر۔ ظلم۔ ستم۔ جیسے مدد اس پر خُدا نے ایک آفت بھیج رکھی ہے دیا ہی ہزاروں آدمی روز مر رہے

اسب

اِس بھوُل کا خُدا حافِظ (کہاوت) یعنی ایسا بھولکڑ ہونا بھی اچھا نہیں۔ تمہاری بھول سے خدا بچائے۔

اِسقاط (۱) گرنا۔ (۲) پیٹ گرنا۔ گربھ پات (۳) لوہنا۔ بھینس توڑنی

اِس کان سُنا اُس کان اُڑانا۔ سنی ان سنی کرنا۔ کسی بات کو خیال میں نہ لانا۔ ذرا توجہ نکرنا۔

آسمان۔ فلک۔ سپہر۔ چرخ۔ سما۔ آکاس۔

آسمان ٹوٹ پڑنا (۱) آسمان گر پڑنا۔ آسمان آن پڑنا۔ (۲) کسی بلائے ناگہانی یا آفتِ آسمانی کا دفعتہً نازل ہونا۔ سخت آفت آنا۔ سخت مصیبت پڑنا۔ بپتا پڑنا۔ غضبِ الٰہی نازل ہونا۔ مصیبتوں میں پھنسنا۔ کوپ یا قہر ہونا۔ (بد دُعا کیواسطے بھی آتا ہے)۔

آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا (کہاوت) یعنی اگر عالمِ بالا سے کام بنا تو عالمِ سفلی میں اٹکا۔ اگر حاکم نے کچھ بخشا تو اُسکے کارکنوں نے دیر لگائی۔

آسمان کا تھوکا مُنہ پر آتا ہے۔ (کہاوت) بھلے آدمی کو بُرا کہنے سے آپ ہی خفت اُٹھانی پڑتی ہے

آسمان کے تارے توڑنا۔ ناممکن اور دشوار کام کرنا نہایت سخت اور مشکل بات میں کامیاب ہونا۔ عیاری کرنا۔

آسمان میں تھگلی لگانا۔ (۱) آسمان میں پیوند لگانا جہاں کوئی نہ پہنچے وہاں پہنچنا (۲) عیاری کرنا۔ چالاکی کرنا۔ کمال فریبی ہونا۔ کٹنیوں کے سے کام کرنا۔ کٹنا پا کرنا۔ جیسے وہ عورت تو آسمان میں تھگلی لگاتی ہے (۳) دیکھو آسمان کے تارے توڑنا۔ (آسمان میں چھید کرنا بھی اسی موقع پر بولتے ہیں)

اشا

آسمانی دھکّا۔ (کوشنا) صدمۂ غیب۔ بلائے ناگہاں از غیبی دھکا۔ جیسے الٰہی تجھے آسمانی دھکا لگے

آسیب۔ (۱) جن۔ بھوت۔ پری۔ دیو۔ پریت۔ سایا (۲) بھوت کا اثر۔ سایۂ پری یا جن۔ پری کا خلل۔ جن کا جھپیٹا۔ جن کا اثر۔ جنون۔ دیوانگی۔ (۳) دماغی خلل۔

آسیب اُتارنا۔ جن کو اُتارنا۔ بھوت بھگانا۔ منتر یا علم و عمل کے زور سے جن کو دفع کرنا۔ جیسے کوئی سیانا آئے تو آسیب اُتار دے۔

آسیب کا خلل۔ جن کی بیماری۔ بھوت کا اثر۔ پری کا سایہ۔

اِسے چھپاؤ اُسے دکھاؤ یا نکالو (کہاوت) یعنی دونوں یکساں ہیں۔ سرِ مو فرق نہیں۔

اَش اَش کرنا۔ (۱) نہایت خوش ہونا۔ واہ واہ کرنا۔ خوشی کے مارے وجد کرنا۔ (۲) تحسین و آفریں کرنا۔ (یہ لفظ عربی میں اشاش تھا جس کے معنی خوشی منانے کے آتے ہیں۔ اُردو والوں نے اُسے بگاڑ کر اش اش کرلیا اور یہاں تک ہاتھ صاف کیا کہ عین سے عش عش لکھنے لگے اور

جیسے اِسوقت تیری ذات کے سوا کوئی نہیں جو آڑے آئے

آزاد کرنا ۔ (۱) رِہا کرنا ۔ چھوڑنا ۔ چھوڑ دینا ۔ چھٹکارا دینا ✽ مُطلق العِنان کرنا ۔ مقیّد یا پابند نہ رکھنا (۲) حدِّ غلامی سے باہر کرنا خطِ آزادی دینا (۳) نجات دینا ۔ خلاصی دینا ۔ جیسے ہمارے بڑے ۔ پرائے بردے آزاد کرتے تھے ۔ (۴) جواب دینا ۔ موقُوف کرنا ۔ خارج کرنا ۔ معزُول کرنا ۔ رُخصت کرنا ۔ نکال دینا ۔ (۵) تُوڑنا ۔ جُدا کرنا ۔ جیسے چوڑی آزاد کردی ۔ بچّہ نے کھلونے کی گردن آزاد کردی (۶) عاق کرنا

آزار ۔ (۱) رُوگ ۔ دُکھ ۔ درد ۔ بیماری ۔ مرض ۔ (۲) عذاب تکلیف ۔ سختی ۔ مصیبت ۔ کُلفت ۔ بپتا ۔ جنجال ✽ بکھیڑا ۔ جیسے ایک نہ ایک آزار لگا رہتا ہے ۔ (۳) آسیب ۔ اسرار ۔ بھوت پری کا اثر ۔ سایۂ جن و پری (جب بڑا آزار یا وہ آزار کہتی ہیں تو دق سے مراد ہوتی ہے مگر اِس معنی میں صرف عورتیں بولتی ہیں)

اِزار ۔ پیجامہ ۔ سُتھن ۔ سُتھنا ✽ شلوار ✽ تنّبان ✽ تہ پوشی ۔

اِزار بند ۔ ناڑا ۔ شلوار بند ۔ بندِ تنّبان ۔ کمر بند ۔

اِزار میں ڈالکر پہن لینا ۔ ڈر نہ ماننا ۔ خیال میں نہ لانا ۔ بے پروائی برتنا ۔ اپنا مغلوب بنانا ۔ خطرے میں نہ لانا ۔

اَزغَیبی (۱) پوشیدہ ۔ نامعلوم ۔ گُپت ۔ (۲) خدا کی طرف سے عالمِ غیب سے ۔ غیب سے ✽ آسمانی ۔

اَزغَیبی دھکّا یا گولہ یا مار ۔ آسمانی بلا ۔ حادثۂ غیبی ۔

آفتِ سماوی ۔ ناگہانی آفت ۔ عالمِ غیب سے صدمہ پہنچنے کی نسبت بولتے ہیں ۔

آس ۔ (۱) توقع ۔ امید ۔ ترصُّد ۔ آسرا ۔ آسا ✽ بھروسہ ۔ برتا اِعتماد ۔ اعتبار ۔ جیسے باسی پھولوں میں باس نہیں پردیسی بالم تیری آس نہیں ۔ پرائی آس چولہے پاس باسی پھولوں میں باس کیا دُور گئے کی آس کیا ۔ (۲) آل ۔ اولاد ۔ لڑکا بالا ۔ (۳) مدد ۔ تقویت ۔ آسرا سہارا ۔ جیسے ہمیں تو انہیں کے دم کی آس ہے

آس اَولاد ۔ بال بچے ۔ بیٹا بیٹی ۔ جیسے اپنی آس اولاد کی قسم کھا جا ۔ اپنی آس اولاد کے آگے پائے ۔

آس اَولاد والی ۔ صاحبِ اولاد ۔ بامراد عورت ۔ دولت اور فرزند والی ۔ صاحب نصیب ۔ جیسے آس اولاد والی ہو کر جھوٹ نہ بولو ۔

آس بندھنا ۔ اُمید بندھنا ۔ توقع ہونا ۔ جیسے کل سے پھر آس بندھ گئی ۔

آس مُراد (۱) آل اولاد (۲) دھن دولت ۔ (دیکھو آس اولاد نمبر)

آس مُراد والی ۔ آل اولاد والی ✽ صاحب نصیب ✽ دھن دولت والی ۔ دیکھو (آس اولاد والی)

اِس پر تتّے پر تتّا پانی ۔ (کہاوت) یعنی ذرا سے مقدور پر غرور ۔ ناہوت میں ہوت کا دعویٰ ۔ کمزوری میں زور آوری کا دعویٰ ✽ کم حوصلگی پر بیجا دعویٰ ۔

اُسکی رُوح ستانے نہ آئے ۔

اَرْواح بھٹکنا ۔(۱) روح کا ڈانوا ڈول پھرنا۔ کسی چیز کی تلاش میں جان بیکل رہنا۔ مُردہ کی روح کا اپنے عزیز کی یاد میں پھرنا۔

اَرْواح بھَرنا ۔ نیّت بھرنا۔ سیر ہونا۔ جی بھرنا۔

اَرْواح پھرنا ۔ جی بیزار ہونا۔ رغبت نہ رہنا۔

اَرْواح نہ شرمائے ۔ جب کسی مُردہ کی بُرائی بیان کرتی ہیں تو یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں۔

اُریبْواں ۔ آڑا۔ ترچھا۔ محرّف۔ کج۔

اَڑا کر لینا ۔ دھرنا دیکر لینا۔ زبردستی لینا۔ زور دیکر لینا بے وصول کیئے نہ چھوڑنا۔ سب کام بند کروا کے وصول کرنا۔ فوراً لینا۔ کھڑے کھڑے لینا۔ پکڑ کر لینا۔ تھام کر لینا۔ آنے جانے سے روک کر لینا۔

اُڑانا ۔(۱) پتنگ یا کبوتر وغیرہ کو ہوا پر رواں کرنا۔ (۲) ٹالنا۔ سُنی اَن سُنی کرنا۔ بھلا وا دینا۔ جیسے وہ بات ہی اڑادی (۳) فضول خرچی کرنا۔ بیجا اُٹھانا۔ روپیہ برباد کرنا۔ (۴) مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ چرچا پھیلانا۔ (۵) حک کرنا۔ چھیلنا۔ غلطی چھیلکر بنانا۔ جیسے حرف اُڑانا۔

اَڑتلا ۔ مرکّب از (اڑ+تلا) (۱) زیرِ سایہ۔ پناہ۔ سرن۔ پشتی آسرا۔ سہارا۔ (۲) حیلہ۔ بہانہ۔ عُذر۔

اَڑتلا پکڑنا یا لینا ۔(۱) زیرِ سایہ آنا۔ پناہ لینا۔ ظلِّ حمایت

میں آنا۔ سہارا لینا۔ (۲) بہانہ کرنا۔ بہانہ ڈھونڈھنا۔ سہارا تکنا

اُڑ جائے ۔ (دعائے بد) مِٹ جائے۔ غارت ہو جائے۔ ناپید ہو۔

اُڑد پر سفیدی ۔ ذرا سا۔ ذرہ بھر۔ بمقدارِ قلیل۔ برائے نام نام گنانے کو۔ اُڑد کے تِل کے برابر۔ جیسے اُنکو کسیکا اتنا خیال بھی نہیں جتنی اُڑد پر سفیدی۔

اُڑ گیا ۔ اُجڑا۔ خانہ خراب۔ غارت شدہ۔ مُوا۔ غارتی۔

اُڑن کھٹولا یا اُڑن کھٹولنا ۔ ہوائی تخت۔ ہوا پر اُڑنے اور پرواز کرنے والا کھٹولا۔ ہوائی جہاز ہوان۔ بیلون۔ غبّارہ۔

اَڑھائی ۔ دو اور آدھا۔ ۲½۔ ڈھائی۔ دو و نیم۔

اَڑھائی چُلّو لہو پینا ۔ مار ڈالنا۔ یہ کلمہ عورتیں نہایت غصّے کی حالت میں زبان پر لاتی ہیں۔ شاید دِل یا گردن کا لہو جو مقدار میں قلیل ہوتا ہے۔ پی جانے سے غرض ہو۔ (ڈھائی چلّو بھی بولتی ہیں۔)

آڑے آجانا ۔(۱) سامنے آجانا۔ پناہ ہو جانا۔ حائل ہو جانا ٹٹّی بن جانا۔ سپر بن جانا (۲) مدد گار ہونا۔ فریاد کو پہنچنا کام آنا۔ پناہ دینا۔ بچانا۔ جیسے کچھ دیا لیا ہی آڑے آگیا

آڑے آنا ۔(۱) درمیان آنا۔ بیچ میں پڑنا۔ سامنے آنا۔ حایل ہونا۔ پردہ کرنا۔ چھپانا۔ سپر ہونا۔ ڈھال ہونا۔ روک ہونا۔ ٹٹّی بننا۔ جیسے ہاتھ کا دیا آڑے آتا ہے (۲) پُشت پناہ ہونا۔ کام آنا۔ بچانا۔ حمایت لینا۔ مددگار ہونا۔ حفاظت کرنا۔ فریاد کو پہنچنا۔ پناہ دینا۔

ارس

آرسی مُصحَف دِکھانا۔ جلوے کیوقت دُولہا اور دُولہن کو آئینہ اور قُرآن دِکھانا۔ (ہندوستان کی مُسلمان عورتوں میں دستُور ہے کہ نکاح کے بعد نوشہ کو گھر کے اندر جہاں تمام کُنبہ رشتہ کی عورتیں جمع ہوتی ہیں۔ بُلواتی ہیں۔ اوّل مُرَوّج[۱] یعنی کچھ خوشبُوئیں مثل صندل۔ بالچھڑ۔ چھَیل چھبیلا۔ ناگرموتھا۔ وغیرہ دُولہا سے پسواتی اور اُسے دُلہن کی مانگ میں لگواتی ہیں۔ پھر دُولہا دلہن کو آمنے سامنے سر سے سر ملاکر اور ایک سُرخ دوپٹہ اُڑھاکر بٹھادیتی ہیں اور اُن دونوں کے بیچ میں ایک آئینہ اور قرآن شریف میں سے سورۂ اخلاص خاص دُولہا سے نکلواکر رکھ دیتی ہیں تاکہ اوّل ایکساتھ سورۂ اخلاص پہ نظر پڑے۔ اور پھر ایکساتھ آئینہ میں دونو ایک دوسرے کی شکل دیکھ لیں۔ اسوقت دولہا کو ہر طرح سے مجبور کرتی اور عجز کے کلمے کہلواتی ہیں۔ وہ ناچار ہوکر اپنی خلاصی کے لئے کہتا ہے بیوی آنکھیں کھولو میں تمہارا غلام تمہارے باپ دادا کا غلام بلکہ کُنبہ کا غلام اور جتنے تمہارے کمین ہیں اُن سب کا غلام۔ (جو ذرا چالاک ہوتے ہیں وہ اِن کلموں کو ایک خوبصورتی کے ساتھ اُلٹ بھی دیتے ہیں) ہر چند یہ عجز آمیز کلمے کہتا ہے مگر وہاں ذرا بھی شنوائی نہیں ہوتی۔ آخر کار دُولہن کی ماں اور کُنبے والے

اردو

کوشش کرتے ہیں جب وہ ذراسی آنکھیں ٹمٹمادیتی ہے۔ اُسوقت دولہا میاں خوش ہوکر بول اُٹھتے ہیں کہ کھولدیں کھولدیں اس کے بعد اور رسمیں اداہوتی ہیں جو لفظِ رِیت رسم میں لکھی جائیں گی اِس رسم کو آرسی مُصحف دکھانا کہتے ہیں۔ آرسی اِس لحاظ سے بیچ میں رکھی جاتی ہے کہ دلہن کو دولہا سے حجاب نہ آئے اور وہ اِس پردہ میں اپنے خاوند کا مکھڑا دیکھکر جی خوش کرے۔ اور سُورۂ اِخلاص سے یہ غرض ہے کہ میاں بیوی میں ہمیشہ اخلاص بنا رہے)

آرسی مُصحَف دیکھنا۔ (۱) قرآن اور آئینہ دیکھنا۔ (دیکھو آرسی مُصحف دکھانا)۔ (۲) رسومِ جلوہ کا ادا ہونا۔ بیاہ ہونا

اَرمَان۔ (۱) تمنّا۔ آرزو۔ حسرت۔ چاہ۔ خواہش۔ (۲) شوق۔ اشتیاق۔ (۳) افسوس۔ تاسُّف۔ دریغ۔

ارمان بھری۔ پُرارمان۔ شوق میں چُور۔ حسرتناک۔

ارمان رہجانا یا رہنا۔ حسرت رہجانا۔ جی کی جی میں رہنا

ارمان نکالنا۔ حسرت نکالنا۔ شوق پورا کرنا۔

اَرواح۔ (روح کی جمع مگر اردو میں عوام اور بالخصوص مستورات بجائے مفرد استعمال کرتی ہیں۔ آتما۔ جان۔ بولتا۔ (۲) نیت اندرونی خواہش۔

ارواح اُدھڑی رہے۔ جب عورتیں کسی مرے ہوے شخص کا ذکر کرتی ہیں تو پہلے یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں تاکہ

[۱] سہاگ پڑے کی چیزیں ۱۲۔

نہ اُدھر کا۔ بے سہارے چھوڑ دینا۔ نامکمل رکھنا+ دغا دینا۔

اِدھر کی دُنیا اُدھر ہونا۔ اِنقلابِ عظیم ہونا۔ دُنیا پلٹ جانا۔ (جب کسی کام کے نکرنے کی ضد آن پڑتی ہے تو یہ محاورہ زبان پر لاتی ہیں)

آدھی۔ نِصف۔ آدھا۔

آدھی بات نہ سُننا۔ ذرا خلاف بات نہ سُننا۔ کوئی لفظ نہ سُننا۔ کچھ نہ سُننا۔ ذرا نہ سُننا

آدھی رات اِدھر آدھی رات اُدھر۔ (کہانیوں میں) نِکھنڈ آدھی رات۔ ٹھیک آدھی رات۔

اُدھیڑ بُن۔ (۱) لغوی معنی اُدھیڑنا اور بُننا۔ اصطلاحی معنی عالمِ تنہائی میں مختلف تخیلات کا خطور کرنا۔ ایک کام کا منصوبہ باندھنا۔ اور پھر توڑنا۔ (۲) سوچ بچار۔ اندیشہ فکر۔ سانسا۔ (۳) تدبیر۔

اُڈو اُڈو کرنا۔ نکّو بنانا۔ کسی کو قابلِ نفرت خیال کرنا۔ رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ عیب لگانا۔ صحبت کے قابل نہ سمجھنا۔ نظروں سے گرانا۔

اُڈو اُڈو ہونا۔ رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ انگشت نما ہونا۔ نکّو بننا۔ نظروں سے گرنا۔

آرام۔ (۱) قرار و تسکین۔ اطمینان۔ ٹھیراؤ۔ سکون۔ (۲) چین سُکھ۔ راحت۔ آسائش۔ بے فکری۔ (۳) استراحت نیند۔ خواب + سُکھ نیند۔ خوابِ راحت۔ (۴) عافیت شفا۔ تندرستی۔ (۵) تخفیفِ مرض۔ اِفاقہ + سُپیتا سوفتہ۔ سہارا۔

آرام پائی۔ ایک قسم کی جوتی اہلِ لکھنؤ کی ایجاد کی ہوئی

آرام تکیہ۔ پہلو میں رکھنے کا تکیہ۔ پہلو تکیہ۔

آرام دان۔ چھوٹی سی پٹاری۔ حُسن دان۔ مقابہ جیسے آرام دان اُٹھا دو تو پان بنا دوں۔

آرام کرنا۔ (۱) ٹھیرنا۔ سکون کرنا۔ قرار پکڑنا + چُپ رہنا خاموش رہنا۔ چپکا بیٹھنا۔ (۲) ستانا۔ دم لینا۔ سہارا لینا۔ (۳) سونا۔ استراحت کرنا۔ سُکھ فرمانا۔

اُردا بیگنی۔ وہ مردانہ لباس کی ہتیار بند عورت جو شاہی محلوں میں پہرا چوکی دیتی اور حکم احکام پہنچاتی ہے۔ سپاہی عورت۔ شاہی محلوں میں اہتمام کرنیوالی ترکنی (جس طرح ترکنیں۔ قلماقنیاں۔ حبشنیں۔ تیموریہ خانداں میں اہلِ خدمت ہوتی تھیں۔ اسی طرح اردا بیگنیاں بھی تھیں ان عورتوں کے نام بھی مردوں کے سے ہوتے تھے) (اسکی اصل اُردُو بیگنی یعنی لشکر والی ہے)

آرسی۔ (۱) آئینہ۔ مُنہ دیکھنے کا شیشہ۔ درپن۔ (۲) ایک طرح کی آئینہ دار انگوٹھی کا نام۔ جسے عورتیں ہاتھ کے انگوٹھے میں مُنہ دیکھنے کیواسطے پہنتی ہیں۔ جیسے ہاتھ کنگن کو آرسی کیا؟

ہے۔ اُستانی جی آداب۔ پھپھی اماں سے آداب کہہ دینا
(۳) شکر ہے۔ عنایت ہے۔ مہربانی ہے۔ کسی کی دی
ہوئی یا اُٹھائی ہوئی چیز کے عوض میں شکریہ ادا کرنا۔
کسی کی عنایت یا مہربانی کا مُقر ہو کر سلام کرنا۔ (۴)
طور وطریقہ۔ رسم۔ ڈھنگ۔ دستور وغیرہ ادا کرنا۔
(۵) شکریہ ادا کرنا۔ احسان ماننا۔ گُن گانا۔ کسی کی دی
ہوئی یا اُٹھائی یا بنائی ہوئی چیز کو دیکھ کر احسانمندی
ظاہر کرنا۔ جیسے اسے لیجیے اور آداب بجا لائیے۔
(۶) رخصت کی اجازت چاہنی۔ اجازت مانگنا۔ اجازت
طلب کرنا۔ رخصت ہونا۔ جیسے لیجیے میں آداب بجا
لاتی ہوں۔ (۷) ماننا۔ قبول کرنا۔ قایل ہونا۔ ہار ماننا۔
دوسرے کی بڑائی کا مقر ہونا۔ جیسے یہ بات ہو جائے
تو آداب بجالاؤں۔ اگر آپ اس کام کو کر دیں تو ہم
آداب بجا لائیں (آداب۔ ادب کی جمع ہے کرنے اور بجا لانے کے ساتھ بولا جاتا ہے)

آداب والقاب۔ (۱) خط وکتابت میں لقب اور خطاب
کا لحاظ۔ مکتوب الیہ کا نام اور وصف۔ (۲) سرنامہ۔ پتہ
جیسے اُبا جان۔ تم پھوپھی اماں کو کیا آداب و القاب لکھا
کرتی ہو۔

اُداسی۔ ویرانی۔ پریشانی۔ غمگینی۔ بے رونقی۔

اُداسی برسنا۔ غمگینی یا پریشانی ظاہر ہونا۔ بے رونقی نمایاں ہونا

اَدَب۔ (۱) قاعدہ۔ ضابطہ + روشِ پسندیدہ۔ نگہداشتِ
مرتبہ۔ رُتبہ شناسی۔ (۲) حیا۔ شرم۔ لحاظ۔ لاج۔
(۳) اُردو میں کُتّے کے دھتکارنے کو بھی ادب کہتے
ہیں۔ دُھوت۔ دُور ہو۔ چلا جا۔ پرے ہٹ۔ جیسے
ادب کُتّے ادب۔

اَدْبَدا کر۔ (۱) اکثر۔ اکثر کر کے (۲) ضرور۔ بالضرور (۳) از روئے تجربہ

آدَر۔ عزت۔ آؤ بھگت۔ تعظیم وتکریم۔ خاطر و مدارات۔

اُدْماد۔ (۱) اُمنگ۔ اُچنگ۔ شوق (۲) جوش۔ جذبہ + لہر۔ جوشش
موج۔ (۳) چاو۔ ارمان + مستی۔ نفس پرستی + شوخی۔ شرارت

آدْمی۔ (۱) آدم زاد۔ آدمی کی اولاد (۲) نوکر۔ چاکر۔ ملازم۔ خادم
خدمتگار + ملازم خاص (۳) قاصد۔ پیغامبر + پیک۔ دُوت ایلچی

آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر (کہاوت) یعنی سب آدمی
یکساں نہیں ہوتے۔ کوئی اچھا ہوتا ہے کوئی بُرا۔

آدمی اناج کا کیڑا ہے۔ (کہاوت) یعنی آدمی کی اناج پر
زندگی ہے۔ آدمی اَنْ سے جیتا ہے۔

آدمی نے آخر کچا دودھ پیا ہے۔ (کہاوت) یعنی
آدمی کی سرشت میں خامی اور قصور ازل سے موجود ہے
آدمی کی گھٹی میں خطا و قصور پڑا ہوا ہے۔ آدمی سہو سے خالی نہیں

اَدھر[1]۔ (۱) معلق وہ چیز جو کسی پر ٹکی ہوئی نہ ہو۔ زمین سے الگ تھلگ
بے سہارے۔ (۲) ناتمام۔ نامکمل۔ جیسے ادھر میں کام چھوڑ دیا

اُدھر چلنا۔ اتر اکر چلنا۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا۔ پنجوں کے بل چلنا۔

اَدھر میں چھوڑنا۔ (۱) ادھ بیچ میں چھوڑنا۔ ادھر کا رکھنا

[1] بفتحِ دال صحیح و بسکونِ دال مستعمل۔

رکھنے والی۔ (۳) بہتر۔ بھلی۔ جیسے دادی سے تو نانی اچھی (۴) خوبصورت۔ دلپسند۔ دلنشین۔ بُرے کا نقیض جیسے اچھی صورت۔ اچھی چھینٹ (۵) کلمۂ طنز جیسے تم تو اچھی آئیں:

اَچھّے۔ پیارے عزیز۔ جیسے اچھّے میرے بھائی مجھے اُردو کی پہلی کتاب لادے۔

اَحَدی۔ نہایت سُست۔ کاہل۔ مجہول۔

اَحَدی بَیل۔ ٹھس۔ مٹھّا۔ سُستوں کا سُست۔ کاہلوں کا کاہل۔ نہایت کاہل وجود ✤ جسم۔ جگہ سے نہ ٹلنے والا۔

اَختر۔ (۱) تارا۔ ستارا۔ سیارہ (۲) عورتوں کا نام۔ جیسے اختر جہاں اختر زمانی۔ نیز مردوں کے نام جیسے اختر مرزا وغیرہ

آخری چَہار شنبہ۔ آخری بُدھ۔ صفر کے مہینے کا آخری بدھ۔ (چونکہ اس روز مسلمانوں کے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے بڑی سخت بیماری سے افاقہ حاصل کرکے غُسلِ صحت فرمایا تھا۔ اور ذرا چلے پھرے تھے اِس سبب سے اِس دن بڑی خوشی منائی جاتی ہے۔ اور مسلمان آج کے دن سبزہ روندنا اور باغوں میں پھرنا نہایت مبارک سمجھتے ہیں۔ اُستاد بچّوں کو عیدیاں دیتے اور اُن سے اِس خوشی کا حق لیتے ہیں) کل مُسلمان دستکار اور حرفت پیشہ آدمی اس تہوار کو اپنا کام چھوڑ دیتے اور چھٹّی مناتے ہیں

آخری دِیدار۔ جاں کنی کے وقت دیکھنے یا مرتے دم کے دیدار سے مُراد ہے۔ جیسے ہمیں تو داداجان کا آخری دیدار بھی نصیب نہ ہوا۔ نزع کے وقت جو مریض کو دیکھنے آتے ہیں تو اُس وقت کے دیکھنے کو اِس لفظ سے تعبیر کرکے دیگر عزیز واقارب سے کہتے ہیں کہ اِس کو آکر دیکھلو ورنہ پھر دیکھنا میسّر نہ ہوگا۔ جیسے آخری دیدار ہے چلکر دیکھلو۔

اِخلاص۔ (۱) خلوص۔ خالص۔ پاک صاف۔ (۲) دوستی مُحبّت۔ پیار۔ سہاگ۔ (۳) میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ ارتباط۔ (۴) لاڈ۔ ناز۔

اِخلاص بڑھانا۔ ربط زیادہ کرنا۔ محبّت بڑھانا۔

اِخلاص جُوڑنا۔ دوستی کرنا۔ بہناپا کرنا۔ ربط پیدا کرنا۔ دوستانہ گانٹھنا۔ دوستدار بننا۔

آداب۔ (۱) پاسِ مراتب۔ حفظِ مراتب۔ نگاہ داشت علیٰ ہر چیز۔ ہر چیز کی حد کو نگاہ رکھنا۔ حجاب۔ لحاظ۔ تعظیم وتکریم۔ عزّت وتوقیر۔ آدر۔ آدر مان۔ وہ طریقے جن سے بڑوں کی بڑائی اور چھوٹوں کی چھٹائی ثابت ہو۔ (۲) سلام۔ کورنش۔ تسلیم۔ بندگی۔ سلام ونیاز۔ نہایت تعظیم سے جُھک کر سلام کرنا۔ وہ سلام جو بزرگوں کو تعظیماً کیا کرتے ہیں نیز وہ سلام جو خطوط میں القاب کے بعد لکھا جاتا ہے۔ جیسے حضرت آداب۔ آداب عرض

منحوس یا کنجوس کی شکل دیکھ لیگا تو اُسکا اثر اسپر ضرور ہوگا چنانچہ جب کوئی کام بگڑ جاتا ہے تو لوگ جانتے ہیں کہ آج کسی بڑے کمبخت کا مُنہ دیکھا تھا)۔

آج کو۔(۱) اب ۔ جیسے آج کو یہ بات تھی کل کو کوئی اور ہوئی (۲) ایسے موقع پر۔ جیسے آج کو وہ نہ ہوئی۔ آج کو میں اُس جگہ پر ہوتی تو بتادیتی۔

آج کے تھپے آج ہی نہیں جلتے (کہاوت) یعنی ہر بات کا نتیجہ ترت ہی نہیں ملتا۔

آج موئے کل دُوسرا دِن (کہاوت) یعنی مُردی کی یاد دیر تک نہیں رہتی۔ مرنے ہی پر زمانہ گزرنا شروع ہو جاتا ہے

اُجاڑُو(۱) برباد کرنے والا۔ کھاؤ لٹاؤ۔ فضول خرچ۔ تباہ کن + (۲) بوم خصلت ۔

اُجڑا۔ (۱) ویران ۔ (۲) بیگمات کی اصطلاح میں لفظِ حقارت بمعنے خانہ خراب ۔ نگھرا۔ مُوا۔ اجل رسیدہ وغیرہ

اُجلی۔ (۱) دُھلی چٹّی۔ سفید۔ صاف + نرمل (۲) دُھوبن۔ بریٹھن چونکہ مسلمان عورتیں رات کے وقت دُھوبن کا نام لینا بُرا جانتی ہیں اسلئے شب کو اِس نام سے اُسکا ذکر کرتی ہیں۔

اُجھگڑ۔ جھگڑالو۔ تکراری۔ حُجّتی + ڑاک۔ جھکّی + بات بات پہ تکرار کرنیوالا۔

آجا۔ لغوی معنی (۱) باپ ۔ دادا نانا (۲) اصطلاحی ۔ محترم ملازم (۳) ماما۔ اصیل۔ خادمہ۔ دائی۔ آپا ۔ قدیمی ماما۔ (بیگماتِ قلعہ)

اچّھا۔ (۱) کلمۂ خطاب ۔ بھلا۔ خیر + سنو۔ دیکھو ۔ توجّہ کرو جیسے اچّھا بی بشیر آپا۔ کیا یاد کروگی میں ہی تمہاری پہیلی بُوجھ دیتی ہوں (۲) تندرست ۔ توانا۔ بھلا چنگا۔

اچّھا بِچّھا۔ تندرست ۔ تِن تندرست ۔ بھلا چنگا۔

اُچھال چھکّا۔ عیّارہ + چھنال ۔ حرآفہ ۔ ہوائی دیدہ۔

اَچھوانی (اصل میں اجوانی تھا)۔ ایک قسم کا شیرہ ہے جو زچہ کو دیا جاتا ہے اِس کا یہ قاعدہ ہے کہ اجواین کے شیرہ کو کھانڈ ملاکر کڑکڑاتے گھی میں چھوڑدیتے ہیں۔ جب وہ پک جاتا ہے تو سونٹھ ڈالکر زچہ کو پلاتے ہیں ۔ مگر اب مسلمانوں میں اَجواین کی بجائے عنّاب کا شیرہ پکاکر اچھوانی بنانے لگے ہیں۔

اَچھُوتا۔ (۱) غیر مُستعمل۔ بغیر برتا ہوا۔ صرف میں نہ آیا ہوا۔ کورا ۔ (۲) نیاز نذر کا۔ دیوی دیوتا کے نام کا۔ پاک سُتھرا بغیر جھوٹا کیا ہوا۔ (نوٹ۔ بقول علّامی فہامی مولوی سیّد علی بلگرامی یہ لفظ سنسکرت ہی اور دیوتاؤں کی نذر یا بھیٹ کے معنی میں آیا ہی۔

اَچھُوتی کوکھ۔ وہ عورت جسکا کوئی بچّہ نہ مرا ہو۔ وہ کوکھ جسے اولاد کا صدمہ نہ پہنچا ہو۔

اچھّی۔ (۱) ایک خوشامد اور پیار کا لفظ ہے جو اپنے بزرگوں یا برابر والیوں سے خطاب کرتے وقت لڑکیاں زبان پر لاتی ہیں۔ جیسے اَچھّی امّاں ۔ کبھی ناز اور لاڈ کے موقع پر بھی بولتی ہیں۔ (۲) پیاری ۔ ناز بردارہ ماں

بھی نہیں اُٹھتا؟ (۴) اَچار کا ترشی پر آجانا۔ کھٹا ہو جانا۔ (جب خمیر کی نسبت بولتے ہیں تو پھولنے اور خمیر اُٹھنے کے معنی ہو جاتے ہیں۔

آٹھوں پَہر۔ (اگرچہ یہ معنی لفظِ آٹھ پَہر میں لکھ دئے گئے ہیں مگر چونکہ یہ لفظ بھی بول چال میں زیادہ آتا ہے اس لئے یہاں بھی کسیقدر لکھے جاتے ہیں) (۱) رات دِن۔ دن رات۔ شب و روز (۲) ہر وقت۔ ہر آن۔ ہر لحظہ۔ (۳) سدا۔ ہمیشہ۔ مُدام۔

آٹے کا چراغ گھر رکھوں تو چوہا کھائے باہر رکھوں تو کوّا لیجائے (کہاوت) یعنی کار آمد چیز کو کوئی نہیں چھوڑتا۔ ہر طرح مشکل ہے نہ کئے بنتی ہے نہ بن کئے

آٹے کی آپا (ظرافتاً) (۱) بلّی۔ وہ عورت جسے بات کرنے تک کا سلیقہ نہو۔ جو بولنا اور بات کرنا نہ جانے۔ بھولی بیوقوف۔ اَگلے زمانے کی۔ احمق عورت۔ اللہ میاں کی (جس موقع پر مردوں میں گوبر گنیش کا لفظ مستعمل ہوتا ہے ایسے ہی موقع پر عورتیں اس لفظ کا استعمال کرتی ہیں

آٹے کیساتھ گھن بھی پِس گیا۔ (کہاوت) یعنی قصوروار کے ساتھ بے قصور بھی مارا گیا۔

آثار (اَثر پڑھ بغیر مد کے بولتے ہیں) (اگرچہ یہ لفظ جمع ہے مگر اُردو والے اِسے بحالتِ مفرد زیادہ استعمال کرتے ہیں) (۱) نشانیاں۔ علامتیں۔ (۲) افعال۔ لچھن۔ کوتک۔

ڈھنگ۔ چال ڈھال۔ چال چلن۔

آج۔ (۱) روزِ موجود۔ امروز۔ اِس دن۔ (۲) اِسوقت۔ اِسدم

آج برش کے پھر نہ برسوں (کثرتِ بارش کے حق میں کہتے ہیں یعنی مینہ کہتا تھا کہ تمام سال کی کسر آج ہی نکال دوں) نہایت شدت کی بارش۔ موسلادھار بارش۔ چھاجوں مینہ برسنا۔

آج کِدھر چاند نِکلا یا آج کِدھر سی چاند نِکلا یا آج کِدھر کا چاند نِکلا (محاورہ) ایں آج تم کیونکر آگئے۔ یہ چاند کِدھر سے نکل آیا۔ آج کیونکر آنیکا اِتّفاق ہوگیا (کسی دوست کے مدّت بعد دفعتاً سامنے آجانے کے موقع پر بولتے ہیں)

آج کِس کا مُنہ دیکھا تھا یا آج کِس کا مُنہ دیکھکر اُٹھے تھے (محاورہ) (۱) آج کونسی منحوس شکل ہم نے دیکھی تھی۔ (۲) آج صبح ہی صبح کس کی صورت بد پر نظر پڑی تھی۔ (۳) آج کونسے بخیل سے دوچار ہوئے کہ شام تک روٹی نہیں ملی۔ جیسے آج کس کا مُنہ دیکھا تھا کہ جہاں گئے وہیں جھگڑا ہوا۔ (جب صبح اُٹھکر کسی شخص کی صورت پر نظر پڑتی ہے اور اُس روز کسی طرح کا رنج و غم اُٹھانا یا بھوکا مرنا پڑتا ہے تو اِس کلام کو زبان پر لاتے ہیں۔ اہلِ ہند کا اعتقاد ہے کہ آدمی سویرے اُٹھ کر کسی اچھے نصیبے والے کی صورت دیکھے یا کسی

اٹک

ہیں تو بھونسی کا فرضی دودھ بد لو اکر جھوٹے موٹ کی کھیر پکاتے ہیں اور آپس میں بانٹ کر کھا لیتے ہیں تقسیم کی حالت میں بعض لڑکے کو چھوڑ دیتے ہیں وہ شکایت کرتا ہے تو جواب میں کہتے ہیں تمہارا حصہ رکھا تھا کتا پا دگیا۔ بلّی سونگھ گئی۔ یعنی اپنے ہاتھ چاٹو اور اسی کو کھیر سمجھو۔

اَٹکھیلی یا اُٹھکھیلی (۱) خرام ناز۔ شوخی۔ طراری (۲) اچپلاہٹ چنچل پن۔ الّڑھ پن۔

اَٹکھیلیاں یا اُٹھکھیلیاں (اٹھکھیلی کی جمع) (۱) شوخیاں طرّاریاں۔ چولانیاں (۲) کھلاڑیاں۔ کلیلیں ÷ خرام ناز

اٹکھیلیاں کرنا۔ کھیلنا۔ کودنا۔ ناز نخرہ کرنا۔ الّڑھ پن کی حرکتیں کرنا۔ خرام ناز۔ خراماں خراماں چلنا۔

اُٹنگا (۱) اُوچھا یا قد یا جسم سے چھوٹا۔ (۲) بدقطع۔ ٹخنوں سے اُونچا گھٹنوں سے نیچا۔ جیسے اُٹنگا پجامہ۔ یا اٹنگی ازار۔

اَٹوَاٹی کھٹوَاٹی (۱) کھاٹ کھٹولا۔ (۲) اَستر بستر۔ اُوڑھنا بچھونا۔ بدھنا بوریا۔ (یہاں اٹواٹی تابع مہمل مقدّم ہے)

اٹواٹی کھٹواٹی لیکر پڑنا۔ سوگواروں کی طرح پڑنا۔ غصّے یا غم کے باعث الگ پڑ رہنا۔ کسی فکر کے سبب تنہائی اختیار کرنا۔ ناراض و متنفّر ہو کر الگ چارپائی پر جا پڑتا۔ جیسے جہاں میاں کے آنے کا وقت ہوا لڑکی اٹواٹی کھٹواٹی لیکر پڑی۔

آٹھ۔ ہشت۔ ثمن۔ چار و چار کا مجموعہ۔

اٹھ

آٹھ آٹھ آنسو رُلانا یا رُلوانا۔ زار و قطار رلانا۔ نہایت رُلانا۔ از حد رُلانا۔ زار زار رُلانا۔ کثرت سے رُلانا۔ بہت رُلانا۔ از حد ستانا۔ آزار پہنچانا۔ حیران کرنا۔

آٹھ آٹھ آنسو رُونا۔ زار زار رُونا۔ نہایت رونا۔ کثرت سے رونا۔ از حد رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔

آٹھ پہر سُولی ہے۔ (۱) ہر وقت موت کا سامنا ہے۔ ہر وقت آفت موجود ہے۔ ہر دم ہلاکت سامنے کھڑی ہے تکلیف ہی تکلیف ہے۔ مصیبت ہی مصیبت ہے رات دن کا دُکھ ÷ رات دن کا طعنہ تشنہ۔ (۲) ہر گھڑی خوف کا سامنا ہے۔

اُٹھان۔ (۱) بالیدگی (۲) اُنگلیٹ (۳) ابتدار۔ آغاز و شروع جیسے اِس بچّے کی اُٹھان ہونہاری کی نشانی ہے۔

اُٹھاؤ چولھا۔ (۱) وہ چولھا جسے ہر جگہ لیجا سکیں (۲) وہ آدمی جو ایک جگہ جم کر نہ رہے ÷ خانہ بدوش۔

اُٹھتے بیٹھتے۔ سہارا لے کر۔ دم لے لے کر۔ رفتہ رفتہ۔ ٹھیر ٹھیر کر۔

اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات (محاورہ) نہایت ذلّت سے رکھنا۔ موقع بے موقع زد و کوب سے پیش آنا۔ ہر وقت کی تنبیہہ اور مار پیٹ۔

اُٹھنا (۱) جاگنا۔ بیدار ہونا۔ (۲) نشو و نما پانا۔ پھبکنا (۳) پڑھنے میں آنا۔ پڑھا جانا۔ جیسے تجھ سے ایک حرف

تو یہ جملہ زبان پہ لاتے ہیں یعنی اختیار ہے چاہے آؤ
چاہے جاؤ۔ ہمیں کچھ پروا نہیں۔

آٹا۔ (۱) چون۔ پسا ہوا غلہ۔ آرد۔ پسان۔ جیسے آٹا نبڑا کو چا
سٹکا۔ آٹے کا چراغ گھر رکھوں تو چوہا کھائے باہر رکھوں تو
کوا لے جائے (۲) بُرادہ۔ چورا۔ سفوف۔ باریک پسا ہوا
سائیدہ۔ میدہ سا۔ بکنی۔ جیسے اِسے پیسکر آٹا کر دو۔
(۳) بوسیدہ۔ فرسودہ۔ گلا ہوا۔ سڑا ہوا۔ گھسا ہوا جیسے
تم کیسا کپڑا اُٹھا لائے (چٹکی سی ملکر) ایلو یہ تو آٹا ہے
(۴) باریک پسا ہوا۔ سرمہ سا۔

آٹا آٹا کرنا۔ (اظہارِ کثرت کیواسطے دو بار آٹا کہا گیا) نہایت
باریک کرنا۔ میدہ بنا دینا۔ خوب پیسنا؛ چورن کرنا۔ سفوف
کرنا۔ برادہ کرنا۔ چورا چورا کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ بُور بُور کرنا۔ سرمہ
سا کر دینا۔ جیسے مجھے دوا ابھی پیسکر آٹا آٹا کر دوں۔

آٹا آٹا ہونا۔ (۱) نہایت باریک ہونا۔ برادہ ہونا۔ خاک ہونا۔
جیسے دور گرڈوں میں مسالہ آٹا آٹا ہوگیا۔ (۲) بوسیدہ
ہونا۔ گلنا۔ گھسنا۔ جیسے ساری کپڑی گل کر آٹا آٹا ہوگئی۔

آٹا نبڑا کو چا سٹکا (کہاوت) یعنی غرض مند غرض نکالتے
ہی کھسک جاتا ہے (خود غرض کی نسبت بولتے ہیں

اٹکل (۱) اندازہ۔ قیاس۔ تخمینہ۔ (۲) آنک۔ جانچ۔ کونت
(۳) پرکھ۔ شناخت۔

اٹکلنا پہچاننا۔ اندازہ کرنا۔ شناخت کرنا۔ پرکھنا۔ آنکنا۔ جانچنا۔
اندازہ لگانا۔ قیاس سے جانچنا۔

اٹکن بٹکن۔ ایک کھیل ہے جسے چھوٹے بچے اِس
طرح کھیلتے ہیں کہ کئی بچے اپنے اپنے ہاتھوں کی اُنگلیاں
کھڑی کر کے زمین پر ٹکا دیتے ہیں اُنہیں سے ایک بچہ الفاظِ
ذیل کہتا جاتا اور ہر ایک کے ہاتھوں پر کلمے کی انگلی باری
باری سے رکھتا جاتا ہے۔ جس بچے کے جس ہاتھ
پر وہ عبارت تمام ہوتی ہے اُس سے پوچھتا ہے کہ
"کھنڈا (کھانڈا) ماروں یا چھری"؟ اگر اُس نے کھنڈا کہا تو
کہیگا کہ "تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا"۔ اوّل تو چھری کوئی
کہتا ہی نہیں۔ اور جو کسی نے کہدیا تو جواب دیگا کہ "تیری
ماں بُری"۔ وہ عبارت یہ ہے:- (اٹکن بٹکن دہی چٹکین
اگلا جھولے بگلا جھولے۔ ساون ماس کریلا پھولے
پھول پھول کی بالیاں۔ با وا گئے گنگا لائے سات
پیالیاں۔ ایک پیالی پھوٹ گئی۔ نیولے کی ٹانگ ٹوٹ
گئی۔ کھنڈا ماروں یا چھری؟ جس جس کے ہاتھ پر
یہ عبارت ختم ہوتی جاتی ہے اُس اُسکا ہاتھ اُٹھا کر اُسکے
سینے پر رکھتا جاتا ہے۔ جب سب کے ہاتھ رکھوا چکتا ہے
تو سب ملکر جھونٹ موٹ کی چکی پیستے ہیں اور
کہتے جاتے ہیں۔ چکی گھمر گھمر اِس کے بعد دونوں ہاتھوں
کی چھبنی بنا کر آٹا چھانتے اور یوں زبان پر لاتے ہیں
کہ آٹا یاں رکھو۔ بھونسی یاں رکھو۔ جب آٹا چھان لیتے

اتر

(۳) تراشنا۔ موتڈنا (۴) پوشاک بدلنا (۶) وارنا (۷) جدا کرنا (۸) فروکش کرانا (۹) چاک کرنا (۱۰) نقل کرنا (۱۱) ادا کرنا۔ (۱۲) ہٹانا (۱۳) نگلنا۔ (۱۴) نازل کرنا۔

اِتْرانا۔ (۱) گھمنڈ کرنا۔ تبختر کرنا۔ غرور کرنا۔ بڑھکر چلنا۔ تھوڑی دولت پر آپے سے باہر ہو جانا۔ (۲) خوشی منانا۔ خودنمائی کرنا۔ (۳) ناز کرنا۔ نخرہ کرنا۔ تعلّی کرنا۔ تعلّی کی لینا۔

اُترتا چاند۔ آخر ماہ۔ زوالِ ماہ۔ بدی۔ اندھیرا پاکھ۔

اُتر گئی لوئی تو کیا کریگا کوئی۔ (کہاوت) یعنی جب بیحیائی اختیار کرلی تو کوئی کیا کریگا۔ بیحیا کا کوئی کچھ نہیں کرسکتا۔ بے عزت کو کچھ شرم نہیں آتی۔

اُترن۔ اُترے ہوئے کپڑے۔ وہ پہنے ہوئے کپڑے جو کسی کو دیدیں۔

اُترن پُترن۔ (ازروئے حقارت) اُترے اُترائے کپڑے۔ پہنے پہنائے کپڑے۔ مستعمل پوشاک۔ ناقابلِ استعمال پوشاک۔

اُترنا۔ (۱) اوپر سے نیچے آنا۔ تہ پر آنا ٭ نازل ہونا ٭ زمین پر آنا۔ (۲) تہ میں جانا۔ جیسے کنوئیں میں اُترنا۔ کھڈ میں اُترنا۔ (۳) فروکش ہونا۔ کسی جگہ ٹھیرنا۔ مقام کرنا۔ جیسے سرائے میں اُترنا۔ (۴) گھٹنا۔ کم ہونا ٭ بھاؤ کم ہونا جیسے اناج اُترنا (۵) ڈھلنا۔ پہلی حالت سے گزرنا۔ عمر سے اُترنا (۶) پار ہونا۔ عبور کرنا (۷) سڑنا۔ اُبسنا۔ بگڑنا۔ مزے سے اُتر جانا۔ جیسے سالن اُترنا۔ (۸) بیباق ہونا۔ ادا ہونا۔ چکنا۔ جیسے قرضہ اُترنا وغیرہ (۹) کسی عضو یا کسی جوڑ کا جگہ سے بیجگہ ہونا۔ ٹلنا (۱۰) بچے کا مرنا (۱۱) آنا۔ بھر آنا جیسے دودھ اُترنا (۱۲) گرنا۔ جھڑنا۔ جیسے سر کے بال اُترے جاتے ہیں۔

آتی

(۱۳) مونڈن ہونا۔ بچّے کے بال مونڈے جانا۔ جیسے منّت کے بال اترنا۔ (۱۴) بیٹھنا۔ پیٹھنا۔ داخل ہونا جیسے دل میں اُترنا۔

اَت گَت۔ ازحد۔ بے نہایت۔ حد سے زیادہ۔

آتما۔ (۱) روح۔ دم۔ نفس۔ پران۔ من۔ جان۔ جیو۔ (۲) دل۔ زہرہ۔ ہیلہ خاطر۔ اندرونہ (۳) پیٹ۔ شکم۔ اوجھ۔ اودر۔

آتما ٹھنڈی ہونا۔ (۱) جی خوش ہونا۔ جیوڑا خوش ہونا محظوظ ہونا۔ فرحت ہونا۔ (۲) تسکین پانا۔ تسلّی ہونا۔ تشفّی ہونا۔ روح تازہ ہونا۔ (۳) پیٹ بھرنا۔ بھوک کی آگ بجھنا۔ پیٹ میں اَن پڑنا۔ (ہندو)۔

آتما ستانا۔ یا آتما کلپانا۔ دِل دُکھا۔ دل توڑنا۔ دِل موہنا۔ جان کو تکلیف پہنچانا ٭ تکلیف دینا۔

اِتنی سی جان گز بھر کی زبان۔ (کہاوت) چھوٹی سی عمر اور یہ کچھ زباں درازی۔ اپنی بساط سے باہر زبان کرنا

آتو۔ (صحیح آتون) (۱)۔ اُستانی۔ معلّمہ۔ وہ عورت جو لڑکیوں کو لکھنا پڑھنا سکھاتی ہے۔ (۲) مغلانی۔ درزن۔ کشیدہ کاڑھنے اور پھول پتی کا کام سکھانے والی۔

اُتھل پُتھل ہونا۔ اُلٹ پلٹ ہونا۔ بکھرنا۔ تتر بتر ہونا نیچے اوپر ہونا۔ تہ و بالا ہونا۔

آتے آؤ جاتے جاؤ۔ (کلمۂ استغنا) جب کسی کو بلانے کی نسبت بے پروائی بے غرضی ظاہر کی جاتی ہے

اپن

اپنوں کا عیب ظاہر کرنا خود شرمندہ ہونا ہے۔

اپنی کھال میں مست ہونا۔ اپنے حال میں خوش رہنا غریبی میں مگن رہنا۔

اپنی گڑیا سنوار دینا۔ اپنے مقدور کے موافق بیٹی کا بیاہ کر دینا۔ (کلمۂ انکسار)

اپنی ناک کٹی تو کٹی پرائی بدشگونی تو ہوگی (کہاوت) یعنی پرائی بدشگونی کے لئے آپ بدنامی مول لینا۔

اپنی نیند سونا اپنی نیند اٹھنا۔ جب چاہنا سونا۔ جب چاہنا اٹھنا۔ بے غل وغش اور آزادی سے بسر کرنا بیفکر رہنا۔ موج سے رہنا۔ من موجی رہنا۔ کھلے بندوں رہنا۔ خود مختار رہنا۔ آزادانہ زندگی بسر کرنا۔

اپنی والیوں پر آنا یا اپنی والی پر آنا۔ اپنی ضد اور ہٹ پر آنا۔ اپنے قول پر اڑنا۔ اپنی سی کرنا۔ جیسے تمہاری بیوی اپنی والی پر آئیں گی تو اس ہٹ کا مزہ چکھا دینگی

اپنی ہائی اوروں پہ چھائی۔ (کہاوت) اپنی سبکی و خفت دوسرے پر ڈالی۔ اپنا عیب دوسروں کے تھوپا۔ اپنا ساجانا۔

اپنے (۱) ضمیر متکلم۔ میرے۔ (۲) ذاتی۔ نج کے۔ خاص نجکی (۳) مملوکۂ خود۔ مقبوضۂ خود (۴) رشتے کے۔ سگے۔ (۵) خاص۔ آپ۔ خود۔ (۶) اپنی ذات کے۔ اپنے دم کے + اپنے تعلق کے۔ اپنے متعلق۔

اپنے بھاویں۔ اپنے نزدیک۔ اپنے حساب۔ اپنی لیکھے

اتا

اپنی طرف سے۔ اپنے بھاویں کچھ ہی ہوا کرے۔

اپنے حق میں کانٹے بونا یا زہر کرنا۔ اپنے لئے آپ برا کرنا۔ وہ کام کرنا جو اپنے کو نقصان پہنچائے۔ اپنے واسطے کنواں کھودنا۔ اپنا برا چاہنا۔ اپنے پاؤں میں آپ کلہاڑی مارنا

اپنے دنوں کو پورا کرنا۔ مصیبت سے عمر گزارنا۔ تنگی و ترشی سے اوقات بسر کرنا۔ مصیبت اور غریبی میں دن کاٹنا۔ بمشکل عمر بسر کرنا۔

اپنے دنوں کو رونا۔ اپنی قسمت اور مصیبت پر افسوس کرنا۔ زمانہ موافق کے گزر جانے کا ماتم کرنا۔ اپنی بدنصیبی کا بیان کرنا۔

اپنے کئے کے پاس بیٹھنا۔ اپنے کئے کی سزا پانا مکافات عمل میں گرفتار ہونا۔ اپنی کرنی بھوگنا۔ جیسا کرنا ویسا بھرنا۔

اپنے گریبان میں منہ ڈالنا۔ اپنا عیب دیکھ کر شرمانا قایل ہونا۔ اپنے کئے سے پچھتا کر گردن نیچی کر لینا۔ جیسے بوا! اپنے گریبان میں منہ ڈالو کیا کہا تھا اور کیا ہوا

اپنے نین گنوائے کے در در مانگے بھیک (کہاوت) اپنا پیسہ کھوکر مفلس بن بیٹھنا۔ اپنی آنکھیں کھوکر دوسرے کا محتاج

اپنے ہاتھوں۔ از خود۔ آپ سے۔ از دست خود۔ خود۔

اُتارا۔ صدقہ۔ سِلّا۔

اُتارنا۔ (۱) کسی چیز کو اوپر سے نیچے لانا۔ (۲) دریا سے پار کرنا۔

اپن

اپنا اُوٹ پرایا ڈھینگڑا - (کہاوت) یعنی اپنی چیز سبکو اچھّی معلوم ہوتی ہے -

اپنا پیسہ کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوش (کہاوت) یعنی جب اپنی اولاد لایق نہیں تو دوسرے کی کیا خطا -

اپنا ٹینٹ تو دیکھو پیچھے ہی دوسرے کی پھلّی نہارنا (کہاوت) پہلے اپنا عیب دیکھو پیچھے دوسرے میں عیب نکالو - اپنا بڑا عیب تو دیکھا نہیں جاتا دوسرے کے چھوٹے سے عیب کو انگشت نما کیا جاتا ہے -

اپنا دے لڑائی مول لے - (کہاوت) یعنی قرض دینا اور لڑائی مول لینا برابر ہے -

اپنا سا مُنہ لیکر رہجانا (۱) سوال پورا نہو نیکی وجہ سے دم بخود یا چپ رہجانا - (۲) جس بات کا دعویٰ ہو اُس کے پورا نہ کرنے سے خجالت اٹھانا - غرور ڈھینا - شیخی نکلنا - جیسے مُغلانی کو پھول پتّی بنانے کا بڑا دعویٰ تھا - اپنا سا مُنہ لیکر رہ گئی نا -

اپنا گھٹنا کھولیے اور آپ ہی لاجوں مرئیے (کہاوت) یعنی اپنا عیب کھولیے اور آپ ہی شرمندگی اُٹھائیے - (گھٹنے کی بجائے اپنی ٹانگ بھی بولتے ہیں)

اپن

اپنی - (۱) ضمیر متکلّم - میری - (۲) ذاتی - نج کی - خاص نج کی - (۳) مملوکہ خود - مقبوضۂ خود (۴) رشتہ کی (۵) سگی - جیسے وہ لڑکی غیر نہیں ہے اپنی ہی ہے -

اپنی اپنی پڑنا - (۱) نفسی نفسی ہونا - اپنی اپنی مصیبت میں گرفتار ہونا - اپنی اپنی فکر اور اپنے اپنے کام میں مصروف رہنا - اپنا ہی اپنا خیال ہونا - (۲) آپا دھاپی ہونا

اپنی ایڑی دیکھو - نظر نہ لگاؤ ٹوکو نہیں - ٹونسو مت (عورتوں کا خیال ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کی تعریف کرکے کسی بہانے سے اپنی ایڑی دیکھ لے تو اُسکی نظر بد کا اثر نہیں ہوتا - جیسے دیکھو تمہاری ایڑی میں کیا لگا ہوا ہے

اپنی بات پر آنا - اپنی ضد پر آنا - اپنے قول کی پچ کرنا جو کچھ کہنا کر دکھانا -

اپنی چھاتی پر ہاتھ دھرنا یا دھر کے دیکھنا - اپنا سا حال دوسرے کا جاننا - اپنے دل کا حال دیکھو - جب کوئی عورت کسی غیر کے بچّے کو کوستی ہے تو اُس سے کہتے ہیں کہ تو اپنی چھاتی پر ہاتھ دھر کر دیکھ اگر تیرے بچے کو کوسیں گے تو تیرے دلکو بھی بُرا لگے گا یا نہیں ؟ -

اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹّا نہیں کہتا - (کہاوت) اپنی چیز کو کوئی بُرا نہیں بتاتا -

اپنی ران کھولیئے آپ ہی لاجوں مرئیے (کہاوت)

آپ بیتی یا اپنی بیتی۔ ذاتی سرگزشت - اپنے اوپر گزری ہوئی۔ اپنی رام کہانی۔ اپنی دراز مصیبت ؛

آپ خورادی آپ مُرادی۔ تنہا خور۔ اکل کھرا۔ جو اپنے گُٹم میں مل بانٹ کر نہ کھائے۔ خود غرض خود مطلبیا۔ تن پرور ؛

آپ کاج۔ اپنا کام۔ ذاتی کام۔ نج کا کام۔

آپ کاج مہا کاج۔ (کہاوت) یعنی اپنا کام اپنے ہی سے خوب ہوتا ہے۔

آپ میاں صوبہ دار گھر میں بیوی جھونکی بھاڑ۔ (کہاوت) یعنی میاں کا امیرانہ ٹھاٹ اور بیوی کا غریبانہ حال

آپ ہی میاں منگتے باہر کھڑے درویش۔ (کہاوت) یعنی مفلس مفلس کی مدد نہیں کرسکتا۔ جب ہم ہی مفلس ہیں تمہیں کیا دیں۔

آپ ہی ناک چوٹی گرفتار ہیں۔ (۱) بڑی عزت والے ہیں۔ حیا دار ہیں۔ نہایت غیرت مند ہیں اپنی عزت پر مٹے بیٹھے ہیں۔ اپنی اور اپنے خاندان کی عزت کو تھامے بیٹھے ہیں جیسے وہ ایسے ویسے نہیں آپ ہی ناک چوٹی گرفتار ہیں

آپا۔ (۱) بہن۔ ہمشیرہ۔ خواہر۔ بھینا (۲) بڑی بہن۔ ہمشیرۂ کلاں۔ (۳) چھوٹی عمر کی ماں جسکے چہرہ پر اولاد والی یا لڑکوری ہونا نہ پایا جائے۔ بالی عمر کی صاحبِ اولاد۔ (۴) باہمی گفتگو میں بروقتِ خطاب ایک دوسرے کو آپا یا بُوا کہتی ہے

آپا اماں۔ (۱) بڑی بہن۔ بڑی ہمشیرہ (۲) چھوٹی عمر کی ماں۔ جسکے چہرے پر صاحبِ اولاد ہونا موزوں نہو۔ یعنی اُسکی عمر اور چہرے سے یہ نہ پایا جائے کہ یہ بچے والی ہے

آپا بی۔ آپا بیوی۔ آپا جان۔ تعظیماً آپا جان۔ بڑی بہن۔ جان کے برابر بہن۔ نہایت عزیز اور پیاری بہن۔

آپا بیگم۔ برابر کی بہن جسکی عمر میں بہت فرق نہو۔ تعظیماً و محبتاً بولتی ہیں۔

آپا۔ (۱) اپنی ذات۔ اپنا وجود۔ خود آپ۔ جیسے اپنا ہی آپا بُرا ہے اِس میں دوسرے کا کچھہ دوش نہیں (دوس)

آپا دھاپی۔ تنہا خوری۔ خود غرضی۔ اپنی ہی اپنی فکر۔ نفسا نفسی۔ جیسے وہاں تو آپا دھاپی ہے۔ جو ہے اپنا ہی منہ جھلستا ہے۔

آپا دھاپی پڑنا۔ اپنی اپنی تدبیر اور اپنی اپنی فکر میں مشغول ہونا۔ ہر ایک کو اپنی فکر پڑنا۔ نفسی نفسی ہونا (فقرہ) ایسی کیا آپا دھاپی پڑی ہے کہ دوسرے کی خبر تک نہیں لیجاتی۔

آپڑوسن گھر کا بھی لیجا۔ (کہاوت) نفع کی بجائے نقصان پہنچانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

آپڑوسن مجھ سی ہو۔ (کہاوت) یعنی از روئے حسد میری نحوست میں شامل ہو۔ جیسے میں بدنصیب ہوں ایسی ہی تو بھی ہو جا۔

البس

آبرو خاک میں ملانا۔ (۱) آبرو بالکل برباد کردینا۔ بالکل بے حرمت کرنا۔ دوکوڑی کی بات کردینا۔ بے وقر کرنا۔ (۲) بات کھونا۔ وقعت ضایع کرنا۔ جیسے اِس اولاد نے تو میری آبرو خاک میں ملادی۔

آبرو کا لاگو ہونا۔ عزت کے پیچھے پڑنا۔ تذلیل کے درپے ہونا۔ بے عزتی کا خواہاں ہونا۔ جیسے میں نے کیا چھری ماری تھی جو تم میری آبرو کے لاگو ہوگئے۔

آبرو لینا۔ (۱) عزت اُتارنا۔ بیعزت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ رُسوا کرنا۔ خوار کرنا۔ (۲) عصمت دری کرنا۔

اُبس جانا یا بُس جانا۔ سڑ جانا۔ کھٹا ہوجانا۔ چل جانا اصلی ذائقہ میں فرق آجانا۔ مزہ بگڑ جانا۔ بدمزہ ہوجانا

ابلا بیری۔ نازک اندام۔ خوبصورت عورت (طنزاً بولتی ہیں)

آبلا گلے پڑ نہیں پڑتی تو بھی پڑ۔ لڑاکا اور جھگڑالو عورت کی نسبت بولتے ہیں جو خواہ مخواہ سر ہوتی اور لڑائی مول لیتی پھرتی ہے۔

ابلنا۔ (۱) جوش ہونا۔ (۲) بباعث افزونی گنجایش سے زیادہ ہوجانا۔ پھٹ پڑنا۔ (۳) دولت یا اولاد پر مغرور ہونا۔ آپے سے باہر ہوجانا (۴) وافر ہونا۔ بہتاتسی ہونا۔ (اظہار کثرت کیواسطے بولتی ہیں۔ تیز غرور کے باعث اپنے آپے سے باہر ہوجانیکی نسبت بھی زبان پر لاتی ہیں۔)

ابھی۔ اسیوقت ÷ ابتک ÷ ایسی جلدی۔

ابھی ابھی۔ اسی دم۔ فی الفور۔ تُرت۔ بہت ہی جلد۔ آناً فاناً میں۔

آپ

ابھی پانی کے کچے گھڑے بھرنے ہیں (کہاوت) یعنی ابھی بہت مصیبت جھیلنی ہے۔

آبی۔ ہلکا نیلا۔ آسمانی۔ جیسے برسات میں آبی دوپٹے کی بہار ہے۔

آبے لونڈی جابے لونڈی کرنا۔ (۱) اصل میں اِسکے معنی لڑکے کو حیران کرنا۔ پھرانا۔ دوڑانا۔ ہیرا پھیری کروانا۔ ٹہلہ نویسی کرانا۔ ذرا سے کام کیواسطے بار بار بھیجنا۔ فضول کام لینا۔ ناحق تھکانا۔ اصطلاحی معنی وقت گزاری کرنا۔ ٹالے بالے میں دن گنوانا۔ ٹالنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ بے فائدہ وقت گزارنا۔ (۲) خالی پھرنا۔ بیکار پھرنا۔ کچھ بھی کام نہ کرنا۔ فضول پھرنا۔ پڑے پھرنا۔ جیسے وہ تو آبے لونڈے جابے لونڈے کرتی پھرتی ہے۔ خود کچھ بھی کام نہیں کرتی۔

آپ۔ (۱) خود۔ اپنے آپ۔ بذاتِ خاص۔ اپنی ذات سے۔ اپنے دم سے (۲) حضور۔ حضرت۔ جناب۔ (۳) سُدھ۔ ہوش۔ سُرت۔

آپ آپ کو (۱) جُدا جُدا۔ الگ الگ۔ اپنے اپنے نفس کو۔ اپنی اپنی ذات سے۔ ایک ایک۔ سب آپ آپ کو بھاگ گئیں (۲) آپس میں۔ ایک دوسری کے باہم۔ آپ آپ کو لڑ مری ہیں:۔

آبادی -(۱) معموری - پُری (۲) بستی - آبادانی - (۳) رونق
رونقِ خانہ - جیسے یہ لڑکی میرے گھر کی آبادی ہے
مسلمان عورتوں کے نام بھی اِس طرح کے ہوتے ہیں
جیسے آبادی بیگم - آبادی خانم - آبادی جان وغیرہ -

اُبالا -(۱) اُبالا ہوا - جوش دیا ہوا - اُسنا ہوا - (۲) بن گھی کا
سالن ؛ بن بھونے مسالے کا سالن - سوُندا ہوا -
اُبالا سُبالا - بن گھی کا - رُوکھا سوکھا - بے مزہ - فقیرانہ
یا غریبانہ کھانا -

اُبٹنا - جَو اور ہلدی کو بھاڑ میں بُھنوا کر - گرم گرم میں چھیل
چھبیلا - ناگرموتھا - بال چھڑ وغیرہ - خوشبو کی چیزیں
دبا کر رکھ دیتے ہیں - اور پھر سبکو تھوڑی دیر کے بعد
چکّی میں پِس لیتے ہیں مَلتے وقت خوشبو کا تیل اور پانی
ملا کر استعمال کرتے ہیں اِس سے جسم خوشبودار اور ملایم
ہو جاتا ہے - بعض لوگ رنگترے کے چھلکوں کا
بھی بناتے ہیں - اُبٹنا بیاہ شادی میں اکثر دولھا دُلھن
کے ملا جاتا ہے - تاکہ چہرہ صاف چمکتا - نرم نرم اور
رونق دار ہو جائے - امیر لوگ بھی ہاتھ مُنہ دھونے
کیواسطے بنا رکھتے ہیں -

اُبٹنا کھیلنا - جس طرح ہندوؤں میں ہولی کھیلتے ہیں
اِسی طرح مسلمانوں میں جب کسی کی شادی ہوتی ہے

تو مائیوں بیٹھنے کے دن سے ساچق تک قریب کے
رشتے دار ایک دوسرے کے اُبٹنا ملتے ہیں - یہ رسم
ہولی کھیلنے سے بہت مشابہ ہے -

آبرو -(۱) عزّت - حُرمت - شرف - بزرگی - پت - حیثیتِ
عرفی - تعظیم کے مستحق ہونے کا خیال ؛ قدر - قدر و منزلت
جیسے ساری آبرو پیسے کی ہے - (۲) نام - ناموری
(۳) لاج - حیا (۴) دھن دولت - سرمایہ - جیسے وہ اَب بھی
لاکھ روپے کی آبرو رکھتا ہے (۵) ساکھ - اعتبار ؛

آبرو اُتارنا -(۱) آبروریزی کرنا - بےعزت کرنا - حُرمت اُتارنا
عزّت برباد کرنا - عزّت لینا - ذلیل و خوار کرنا (۲) گالی
دینا - بگاڑ کر نام لینا - (۳) عصمت بگاڑنا -

آبرو بنانا -(۱) عزّت بنانا - ٹھاٹھ بنانا (۲) رُتبہ قایم کرنا - رُتبہ
بڑھانا - (۳) گہنا پاتا بنانا ؛ جائداد پیدا کرنا -

آبرو پیدا کرنا -(۱) نام پیدا کرنا - ناموری حاصل کرنا - عزّت
بنانا (۲) توقیر بڑھانا - وقعت بڑھانا - (۳) صاحبِ ثروت
بنّا - دَولت پیدا کرنا -

آبرو جانا -(۱) بات جانا - بے عزت و بے حُرمت ہونا - بے توقیر ہونا
عزّت اُترنا - پت نہ رہنا - وَقر جانا (۲) ساکھ جاتی رہنا
پت جانا - (۳) بے عصمت ہونا - (۴) دو کوڑی
کی بات ہو جانا -

اب | ابا

(ا)

اَب (۱) اس وقت ÷ زمانۂ موجودہ میں - فی الحال بالفعل (۲) فی الفور - فوراً - ترت - ابھی جیسے "ذرا صبر کرو اب آئی جاتی ہیں" اَب اَب کر کے - تھوڑے دنوں سے - زمانہ حال سے بالفعل - آجکل - چند روز سے - حال میں ÷ ان دنوں میں - فی زمانہ جیسے اَب اکبرکے اُسکی عادت درست ہوئی ہے - اَب اَب کرکے اناج سستا ہوا ہے"۔

اَب تو پتھر تلے ہاتھ دَب گیا (کہاوت) یعنی اب تو سخت مشکل میں پھنس گئے - لاچار اِس مصیبت کو بُھگتنا پڑے گا۔

اَب سے دُور - جب کسی کی بیماری کا ذکر دوہرانا ہوتا ہے - تو پہلے یہ کلمہ زبان پر لاکر اُسکا ذکر کیا جاتا ہے یعنی زمانۂ حال سے محفوظ رہکر - اب سے دور پہلے تو اکثر اسکے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوجایا کرتے تھے اب وہ بات جاتی رہی

اَبّا [۱] - (۱) باپ - پدر - والد - باوا - پتا - قبلہ گاہ - (۲) اصطلاح میں بمعنی چچا - دیگر بزرگانِ خاندان - نیز بجائے حضرت جناب مثلاً چچا ابا - خالو ابا - بڑے ابا - ابا جان بجائے نانا دادا وغیرہ

اَبّا جان - پیارے ابا - اباجی - اباّمیاں - تعظیماً جناب والد صاحب - حضرت قبلہ گاہ

آباد - (۱) ضدِ ویران - بھرا ہوا - گنجان - پُر - آدمیوں سے معمور ÷ مزیّن (۲) خوش - خوش وخرّم ÷ پھلا پھولا - بھرا پُرا - ہرا بھرا - (۳) تروتازہ - سرسبز - شاداب -

آباد رہے - (دعا) (۱) بسا رہے - قایم رہے - بنا رہے - سلامت رہے - خوش رہے - برقرار رہے - آرام سے رہے - عیش میں رہے - سرسبز و شاداب رہے -

[۱] دراصل عربی لفظ اَب سے ابا بنایا گیا ہے ۱۲ مجازاً خسر ۱۲ - ربرٹ

رُمُوزِ لُغاتُ النّساء

لُغات اور اُنکے مشتقات میں رمُوزِ ذیل کا بالالتزام لحاظ رکھّا گیا ہے :-

۱- جہاں کہیں زیر پیش یا جزم نہو وہاں زبر سمجھنا چاہیئے۔

۲- درمیانی یائے معروف کی ماقبل کھڑا زیر دیا گیا- جیسے تیں + مجہول کے نیچے معمولی زیر ہو

۳- پوری یائے معروف گول اور مجہول آڑی یا آدھی بے نقط لکھی گئی + جیسے چنفی + آگے پیچھے

۴- واؤ معروف کے ماقبل الٹا اور واؤ مجہول کے ماقبل سیدھا پیش دیا گیا- جیسے تُو + گولہ

۵- واؤ معدولہ کے نیچے ایک سیدھی لکیر کھینچ دی گئی- جیسے- خود + خویش

۶- ہائے مخلوط دوچشمی لکھی گئی- جیسے بھید-

۷- درمیانی نون غُنّہ پر الٹا جزم اور پورے نون غُنّہ مین نُقطہ نہیں دیا گیا- جیسے کھینچ + ہاں-

۸- ہر ایک لُغت جو اوّل میں آئے- فصیح سمجھنا چاہیئے- جیسے کُھجانا + کُھجلانا

۹- ہر لُغت میں اوّل لغوی معنی اور بعد ازاں اصطلاحی معنی لکھّے گئے-

۱۰- اگر معانی کے بیچ میں یہ پھول (+) آئے تو وہاں سے معانی کا فرق خیال کیا جائے اور اخیر یہ علامتِ ختم۔

سے بے بہرہ اور محروم رکھنا ہے۔ ہم نے جو کچھ اِس لغات میں لکھّا ہے وہ بیگماتوں۔ شریف زادیوں۔ نیز اکثر تعلیم یافتہ خاتونوں کی زبان سے بگوشِ خود شنیدہ یا عمر رسیدہ مستورات یا تصنیفاتِ معتبر سے لکھّا ہے۔ جس کی صحت میں کلام نہیں۔ موجودہ روزمرّہ بھی خود اِس کی شہادت دینے کو موجود ہے کہ بیشک یہ شریفانہ لُغاتُ النِّساء ہے۔ عامیانہ الفاظ سے مُبّرا۔ جاہلانہ گُفتگُو سے پاک بلکہ توہمات کو جتا کر دور کرنے والی محقّقانہ لُغات ہے۔ اس لغات میں اِسوقت قلمبند تین ہزار نو سو (۳۹۰۰) لغات و محاورات وغیرہ موجود ہیں۔ طبع ثانی تک بہت کچھ بڑھ جانے کی اُمّید لگی ہوئی ہے۔ بشرطیکہ اِس کا مدوّن اُسوقت تک زندہ و سلامت رہے یہ لغات اِس قابل ہے کہ ہرایک شریف گھر۔ ہرایک زنانہ اسکول ہرایک کتب خانہ میں رکھی جائے۔ بعض موقعوں پر تاریخی ثبوت بھی اِس کے اندر موجود ہے۔ کہیں کہیں فلسفانہ مسائل سے بھی کام لیا ہے۔ غرض جو کچھ کیا ہے اپنی بساط سے باہر کیا ہے۔ اِس کتاب کی سعت۔ یہ خریداری کا سہرہ اوّل حضور لامعُ النّور نظامؒ خلّد اللّٰہ مُلکہٗ کے سرِ مبارک پر بندھا۔ اور اُنکے بعد ہی تمغۂ قبولیت سرکار عالیہ رئیسۂ دارالاقبال بھوپال جناب نواب سلطان جہاں بیگم صاحبہ دام اقبالہا کی طرف سے مع انعام دوصد روپیہ و خریداری یک صد جلد مرحمت فرمایا گیا۔ جس نے خاتونانِ ہند۔ و محققان و دلدادگانِ زبانِ اُردُو کو ممنون و مرہونِ منّت بنایا۔ اگر یہ دونوں ریاستیں دستگیری و قدردانی نہ فرماتیں۔ تو لُغاتُ النِّساء کو مضغۂ معدوم الحس کیطرح گوشۂ خمول میں فنافی الجہل بنا کر دفن کردینا پڑتا۔ عطّار پُڑیاں باندھتے۔ سوداگر، حلوائی، میوہ فروش اِسکے دونے بناتے۔ ہم اپنی محنت کو زندہ رہتے تو رُو پیٹ کر بیٹھ رہتے اور جو مر جاتے تو ہماری ارواح (روح) ناقدردانوں کو اِسکا براتی بناتی۔ اور رات دن دُعا دیتی کہ الٰہی تو نے آج تک کسی قوم کسی زبان کو بالکل ملیامیٹ نہیں کیا اِسے بھی قایم و برقرار رکھ۔ جو لوگ اپنی زبان سے نابلد ہیں اُنہیں شوق زبان اور تحقیق لسان کا مادّہ عطا فرما۔ خدا تعالےٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ریاستِ حیدرآباد دکن نیز ریاستِ بھوپال نے اِس نیمجان بُڈھیا تحقیق کی پُڑیا کی دستگیری فرما کر اِس میں جان ڈالدی۔ خدا تعالےٰ ایسی علم دوست ریاستوں کو تا قیامت سلامت رکھے۔ آمین یا ربّ العالمین ؁

سیّد احمد دہلوی (خاں صاحب) مؤلّفِ فرہنگ آصفیہ وغیرہ وغیرہ ممبر ٹکسٹ بک

کمیٹی پنجاب سپرنٹنڈنٹ ایتھنوگریفی سروے۔ علاقہ دہلی۔ گورنمنٹ پنشنر

وظیفہ خوار و دُعاگوئے حضورِ نظام عالیمقام دام حشمتہٗ وعمّ نوالہٗ

محررہٗ ۱۰ ستمبر ۱۹۱۶ء از دہلی گلی شاہ تارا

کوچہ پنڈت دفترِ

فرہنگِ آصفیہ

سید احمد خاں صاحب ... گلی شاہ تارا

مقام اشاعت تصنیف کردہ ...

۱۵ ار اگست ۱۹۱۵ء کو حضور نظام سے درخواست کی گئی جسکی منظوری ۲۰ ستمبر ۱۹۱۶ء کو صادر ہوئی ۱۲ ۵۲ سرکارِ عالیہ بھوپال کی خدمت میں حسب طلب ۶ ستمبر ۱۹۱۶ء کو کتاب بھیجی گئی جسکی منظوری ۴ جنوری ۱۹۱۷ء کو مع انعام مرحمت ہوئی۔

صبر و شکر سے یارانہ گانٹھا۔ اور بقول خود ؎ جب کوئی بھی رلا نہ ہمیں اپنا دردمند: ہم آپ ہی سوگوار بنے اپنے واسطے۔ اسپر عمل کیا۔ سارے صدمہ کو بھلا دیا مگر جب دیکھا کہ تعلیم نسواں کی طرف تمام باشندگانِ ملک کا رُجحان ہو گیا ہے اور اس تعلیم نے ایک عملی صورت پیدا کرنی شروع کر دی ہے تو ایسے موقع پر لغات النساء کا تیار نہ کرنا گویا اپنی قوم کی سب سے افضل سب سے زیادہ دلچسپ۔ معنی خیز۔ معنی آفریں۔ پُر اثر۔ دل آویز۔ سلیس۔ فصیح۔ لوچدار۔ نرم و ملایم بیگماتی زبان کو زندہ درگور و دفن کر دینا ہے۔ ان کے واسطے جو تعلیمی کتابیں ہوتی ہیں وہ مردانہ زبان اور مردانہ لہجے میں لکھی جاتی ہیں جسکی وجہ مُصنّفوں کی اس زبان سے ناواقفیت اور خود غرضانہ کار روائی کے سوا اور کوئی بات نظر نہیں آتی۔ ایک آدھ لغت ناآشنا انشاء پرداز نے ہماری تصانیف سے اقتباس کر کے کچھ لکھا۔ بہت سی باتیں بنائیں۔ مگر یہ نہ جانا کہ علم انشاء اور چیز ہے اور فنِ لُغت اور۔ ہماری کتابوں کا حوالہ بھی دیا مگر لُغت اور اصطلاحات و محاورات خاص الخاص کو سمجھے اُنکی بلا۔ دیہات و قصبات میں پرورش پائی۔ دلّی کی ہوا تک نہ کھائی۔ مگر دہلی اور لکھنؤ کی زبان کا اپنے آپ کو ماہرِ کامل و اُستادِ یگانہ سمجھنے لگے۔ اس مشکل کام پر ہاتھ ڈالکر نظیروں میں۔ بول چال میں زنانہ تحقیقِ لُغات و محاورات میں وہ ٹھوکریں کھائیں کہ اندھا تو ٹھوکر کھا کر سنبھل بھی جاتا ہے مگر یہ ایسے اوندھے مُنہ گرے کہ پھر سنبھل ہی نہ سکے۔ غلطیاں بھی کیں تو فاش۔ اور مثالیں بھی گھڑیں تو بے جوڑ۔ بے موقع جس سے اصل لُغت کا مطلب تک فوت ہو گیا۔ یہ وہ غلطیاں ہیں جو دھری جائیں نہ اُٹھائی جائیں۔ تذکیر و تانیث (بے تکی) کا اختلاف تو ایک معمولی بات ہے۔ مگر خاص خاص محاورات اور مخصوص لُغات نہ تو آجتک اُن کے کانوں میں پہنچے اور نہ اُنہیں لکھ سکے بلکہ اکثر ایسے فحش الفاظ ان کتابوں میں ہماری نظر سے گزرے کہ ہمیں اُن کا بیان کرتے اور پتا دیتے ہوئے بھی شرم آتی ہے۔ تہذیب و شائستگی کی بجائے بدتہذیبی کا نمونہ پیش کر دیا۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ سب کے سب الفاظ اور لُغات ایسے ہی ہیں کیونکہ جہاں جہاں اُنہوں نے صرف نقل سے کام لیا ہے اور اپنی عقل کو تکلیف نہیں دی ہے وہاں گھوڑے سے نہیں گرے ہیں۔ لیکن کتاب کو اس قابل نہ رکھا کہ وہ خاتونانِ ہند کے پاک۔ عصمت مآب۔ شایستہ و مہذّب ہاتھوں میں دیکھی جائے۔ زنانہ اور مردانہ الفاظ کو گڈمڈ کر کے زنانہ لُغات کو۔ خ۔ ن۔ ش۔ ۔ ۔ بنا دیا ہے۔ کہیں پوربی بھاکا سے کام لیا ہے۔ کہیں گنواری دیہاتی زبان کو دخل دیا ہے۔ پس بوجوہ بالا ہمیں ایک جُداگانہ۔ صحیح۔ واجبُ التّسلیم۔ معاونِ تعلیم۔ لغات النساء کا مدوّن کرنا لازم و واجب ہوا۔ کیونکہ ہماری عمر اب حد کو پہنچ چکی ہے۔ ہمارے بعد اس مذاق۔ اس خیال۔ اس توجّہ۔ اس واقفیت کا آدمی ملنا دشوار ہو گا۔ ہماری ساری عمر اسی کام میں ختم ہوئی۔ اس کام کو ادھورا چھوڑ جانا گویا آیندہ نسلوں کو اس معلومات

لائے فرہنگ کے بعض اجزا ملاحظہ فرما کر نہایت خوش ہوئے۔ اور اپنی ہندوستانی انگریزی ڈکشنری تیار کرانے کے واسطے مسٹر لگ صاحب بہادر انسپکٹر حلقۂ مدارسِ انبالہ سے جن کے ہم ماتحت تھے اجازت دلاکر ہمیں مقامِ دانا پور بلا گئے۔ ہم نے فرہنگ کے ساتھ ساتھ لغات النساء کا کام بھی شروع کر رکھا تھا چنانچہ یہ لغات النساء ۱۸۷۴ء میں مکمل ہوگئی تھی * جب فرہنگِ آصفیہ کی تکمیل کی طرف زیادہ توغّل ہوا اور اِدھر ڈاکٹر فیلن صاحب کے کام نے فرصت نہ دی تو ہمنے اس لغات النساء کے بہت سے محاورے فرہنگِ آصفیہ میں جس کا نام پہلے ارمغانِ دہلی یا ہندوستانی اُردو لغات تھا۔ شامل کر دیئے تھے۔ اور اس لغات کا جداگانہ صورت میں چھاپنا کسی اور وقت پر موقوف رکھا تھا۔ بدیں وجہ کہ ابھی تک تعلیمِ نسواں کی طرف لوگوں کی کامل توجہ نہیں ہوئی تھی۔ گو بعض زنانہ تعلیمی کتابیں گورنمنٹ ممالکِ مغربی و شمالی کے اشتہاری انعام کے سبب تیار ہو کر انعام سے فائز المرام ہوئی تھیں۔ مثلاً مرأۃ العروس۔ توبۃ النصوح وغیرہ اس اشتہار کی بدولت ہمیں بھی دو کتابوں پر ۱۸۶۹ء و ۱۸۷۰ء میں انعام مرحمت ہوا تھا۔ اوّل کنز الفوائد یعنی مناظرۂ تقدیر و تدبیر پر دو سَو روپے نقد اور احباب کے لئے متعدد جلدیں عطا ہوئی تھیں۔ پہلی دفعہ سرکار کی طرف سے کانپور کے مطبعِ نظامی میں طبع ہوئی۔ پھر حسبِ اجازت ہم نے خود بار بار چھاپنا اور چھپوانا شروع کر دیا۔ وقائع دُرّانیہ یعنی دُرّانیوں کی تاریخ پر مبلغ ڈیڑھ سو روپے عنایت ہوئے۔ یہ کتاب ایک معزز دوست مالکِ مطبع و اخبار چھاپنے کے واسطے لے گئے۔ اور اُنھوں نے آسمانِ بالا پر پہنچا دی ہمارے پاس مسوّدہ تک نہ رہا جو چھاپنے کا انتظام کیا جاتا۔

۱۰ رفروری سنہ ۱۹۱۲ء کو ہمارے گھر۔ ہمارے اثاث البیت ہمارے کتب خانے اور ایک ۹ سالہ صاحبِ نصیب بچّی کے ساتھ یہ کتاب بھی جل گئی۔ جو کچھ ہمارے دل۔ ہمارے دماغ۔ ہمارے سینہ میں تھا وہ۔ یا جو کچھ ہم فرہنگِ آصفیہ میں شامل کر چکے تھے وہ مٹیریل ہمارے پاس رہا۔ اِسکے دوبارہ لکھنے کا حوصلہ نہ پڑا۔ ہمّت ٹوٹ گئی۔ دل چھوٹ گیا ایک یہ کیا کہ قلبند تین ہزار فرہنگِ آصفیہ کے قابلِ فروخت نسخے بھی جن کی آمدنی سے میں ایک بڑا سلسلۂ تصنیف تمام عمر کے واسطے جاری رکھ سکتا تھا۔ نیز جدید تصانیف کے مسوّدے جن کا ذکر مع نام۔ فرہنگ کے اخیر سرورق پر اب تک موجود ہے۔ سب کے سب اگنی دیوتا کی نذر چڑھے ۔

دل میں شوقِ دید و یادِ دوست تک باقی نہیں * آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا جل گیا۔

دل بہلانے کو کتابیں۔ دانت کریدنے کو تنکا تک نہ رہا ہم نے۔ فِعْلُ الْحَکِیْمِ لَا یَخْلُوْ عَنِ الْحِکْمَۃِ کو اپنا رہبر بنا کر

وکمال سنجیدگی بذریعۂ مراسلۂ گرامی نمبری ۱۵۱۴ مورخہ ۲۷ اگست ۱۹۱۶ء ارشاد فرمایا کہ بغیر معائنۂ لغات النساء عطائے امداد کی بابت کچھ فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ اس خیال سے اطمینانِ زبان و لغاتِ مہذب و کارآمد کے بین ثبوت کے واسطے یہ طویل بحث لکھی گئی۔ دیباچہ ابھی تک نہیں لکھا گیا تھا۔ مگر اس فرمانِ ذی شان نے اس طرف توجہ دلائی۔ چنانچہ ۱۶ ستمبر ۱۹۱۶ء کو لغات النساء سرکارِ عالیہ میں بھیجی گئی اور وہاں ساڑھے تین مہینے زیرِ ملاحظہ رہکر حسبِ مراسلۂ نمبری ۹ مورخہ یکم جنوری ۱۹۱۷ء یہ خوشخبری لیکر آئی کہ سرکارِ عالیہ نے ازراہِ مراحم خسروانہ مبلغ دوسو روپئے کا انعام اور سو جلدونکی خریداری منظور فرمائی۔ اس سے کچھ دنوں پیشتر کانِ سخاوت جانِ افادت عالیمقام حضورِ نظام خلد اللہ ملکہ نے دیگر کتب کی امداد کے علاوہ لغات النساء کی بھی ڈھائی سو جلدیں خرید لینے کا فخر بخشا جو ہماری ایکسال قبل کی درخواست اور رئیسۂ بھوپال دام اقبالہا کے اسمِ گرامی کی برکت کا نتیجہ تھا جس نے ہمیں اسکے چھپوا دینے کی از سرِ نو جرأت دلائی لہٰذا۔ اس لغات کو ہر طرح سے مکمل کر کے معنون کرنیکا ارادہ ہوا۔ منظوری[1] و نامنظوری بیگماتِ ہند کی تقدیر پر موقوف ہے۔ جن کی تقدیر حضورِ عالیہ کی بدولت چمک رہی ہے۔ اور تا قیامت دِن دونی رات چوگنی ترقی پر ترقی کرتی رہیگی۔ کیونکہ حضورِ عالیہ نے مستورات کی تعلیم۔ ان کے سلیقے۔ اور حصولِ فنون کے واسطے ریختے کی بنیاد ڈال دی ہے۔ یہ بنیاد چاندی اور سونے کے گارے سے ڈالی گئی ہے۔ یعنی لاکھوں روپیہ اس پر صرف کیا گیا اور ہو رہا ہے۔ اگر ہمیں معقول مدد ملی تو ہم اور بھی وضاحت[2] کو کام میں لائیں گے۔ خدا تعالےٰ سرکارِ عالیہ کی اور ہماری عمر میں ایسے رفاہِ عام کاموں کے لئے اُمید ہے کہ ضرور برکت دے گا۔

اب ابتدا سے انتہا تک تدوین لغات النساء کے متعلق ایک تھوڑی سی ہسٹری بھی بطورِ دیباچہ درجِ ذیل کی جاتی ہے تاکہ ناظرین کو اس سے بھی کچھ واقفیت پیدا ہو جائے۔

جس زمانے میں ہم **فرہنگِ آصفیہ** کی نظرِ ثانی کرنے اور اُسے تکمیل پر پہنچانے میں مصروف تھے۔ اُسی موقع پر جناب الیس ڈبلیو ڈاکٹر فیلن صاحب بہادر انسپکٹر مدارس صوبۂ بہار۔ ہماری ڈکشنری کا شہرہ سنکر دہلی تشریف

[1] خریداری و انعام کی منظوری آگئی جسکا ذکر اوپر کر دیا گیا۔ [2] خدا کی عنایت سے قبل از منظوری ہی ہمیں لغات وغیرہ کی وضاحت و افزونی کر دی گئی۔

وغیرہ میں بھی درج ہوئے۔ اِس اخبار کی اسقدر قدر افزائی ہوئی کہ بند ہو جانے پر اُس کا فائل دُگنی چوگنی قیمت پر لوگوں نے خریدا۔ بہت سے رسالوں نے اُسکے اخلاقی مضمونوں کو بار بار چھاپا۔ ہندوستان میں بیگماتی زبان کا یہ سب سے پہلا اخبار تھا جس نے لڑکیوں میں۔ اُنکی ماؤں میں۔ دادیوں میں جوان اور گھر بار والی عورتوں میں وہ شوق پیدا کیا کہ دن دُونی رات چوگنی ترقی ہونے لگی۔ در اصل اِسی اخبار نے سب سے پہلے عورتوں میں علمی روح پھونکی۔ سنہ ۱۹۱۰ء میں رسومِ دہلی چھاپی گئی۔ اِس کا انگریزی ترجمہ بھی کرایا گیا اور مجکو بہ ماتحتی ایچ۔ اے رُوز صاحب بہادر حال ڈویزنل جج سیالکوٹ سپرنٹنڈنٹ اِتھنوگریفی سروے ؛ حسبِ منشاءِ گورنمنٹ چِٹھی نمبری ۱۸۹ مورخہ ۱۴ فروری سنہ ۱۹۰۱ء آنریری سپرنٹنڈنٹ بنا کر گورنمنٹ نے بہت سی اقوام اور خاصکر رسومِ دہلی کا انتخاب کرنے کے واسطے سرکاری طور پر مقرر کر دیا۔ چنانچہ صاحب موصوف نے جو کچھ میں نے لکھا تھا میرے نام کے حوالہ کے ساتھ سرکاری کتاب میں ازراہِ مہربانی درج فرما دیا۔ سنہ ۱۹۰۱ء میں رسالہ ساجن مُوہنی جس کے اندر میاں بیوی میں سلوک رہنے پر ایک بسیط مضمون مع فرہنگ و دیگر امورِ مفیدہ درج ہے۔ طبع ہوئی۔ اسپر سر ڈبلیو ڈین صاحب بہادر لفٹنٹ گورنر پنجاب نے دو سَو روپے کا انعام مرحمت فرمایا اور لکھا کہ میں نے خود سبقاً سبقاً نہایت دلچسپی سے یہ رسالہ پڑھا۔ خدا تمہارے ارادے میں مدد کرے۔ خواجہ الطاف حسین صاحب حالؔی مرحوم نے تحریر فرمایا کہ تم نے اپنی قوم پر بہت بڑا احسان کیا۔ یہ رسالہ ہر ایک گھر میں رہنا چاہیے۔ جہاں تمنے اتنا بڑا قومی کام کیا ہے وہاں قیمت میں بھی تخفیف کر دو تو از حد شکریہ کا باعث ہو۔ چنانچہ قبل از آتشزدگی اسپر عمل کیا گیا تھا۔

اِس کتاب ساجن موہنی کو دیگر اقوام نے بھی پسند فرما کر خریدا بلکہ ایک ہندو صاحب کی آریا گرل اسکول میرٹھ سے درخواست آئی کہ اگر آپ ناگری میں چھاپ لینے کی اجازت دیں تو ہم رفاہِ عام کی غرض سے چھاپ لیں۔ اب حال میں مرقّع زبان و بیانِ دہلی میں بھی بیگماتی زبان پر کچھ رائے اور اپنی واقفیت ظاہر کی جسکی حضورِ عالیہ نے ازراہِ مرحمتِ شاہی ستّر جلدیں خرید فرمائیں۔ گورنمنٹِ پنجاب نے ۲۸۹۔ حضورِ نظام خلّد اللّٰہ مُلکہٗ نے بھی خریداری کی اجازت دی۔ تعداد زیرِ تجویز ہے (ناظمِ تعلیم حیدر آباد دکن کی تحریر مورخہ ۲۶ اسفندار سنہ ۱۳۲۶ ف سے معلوم ہوا کہ ہمنے حسبِ ضرورت ۴۰ جلدوں کی خریداری کیواسطے منظوری طلب کی ہے)

اب لُغات النِّساء تیار ہو گئی ہے جو اشاعت کے واسطے محتاجِ سرمایہ ہے۔ چونکہ ہماری مادرِ مہربان سرکارِ عالیہ۔ رئیسۂ ریاستِ بھوپال زمانۂ حال کے واسطے باعثِ فخر و ناز ہیں۔ جنہیں دریا دلی میں زبیدہ خاتون اور حق پسندی میں رابعہ بصری کہا جائے تو کچھ بیجا نہیں۔ اُنسے اِسکی امداد کے واسطے درخواست کی گئی تو حضور عالیہ نے ازراہِ دور اندیشی

(۷) اَوَدھ اخبار مطبوعہ ۲۲ر اگست ۱۸۷۵ء چکیدۂ قلمِ صداقت رقم مولوی غلام محمد خان صاحب طپش دہلوی
جب تک ہمنے ہادی النسّاء کو نہیں دیکھا تھا ہمکو خیال تھا کہ کوئی ایسی ویسی کتاب ہوگی۔ مگر اب جو ہم نے اُس کتاب کو
معائنہ کیا تو معلوم ہوا کہ یہ خیال ہمارا کسی قدر غلط تھا کہ کتاب بسطور عمدہ نہ ہوگی۔ بے شک کتاب نہایت خوب و
مرغوب ہے.............. اس کے مصنّف نے زبانِ دہلی کی پابندی کی ہے اور عورتوں کے پسندیدہ
محاورات اور روزمرّے اُس میں اس کثرت سے جمع کئے ہیں کہ آجتک کسی مصنّف کو نصیب نہیں ہوے ہم
جانتے ہیں کہ اگر کوئی کتاب زبانِ دہلی وہ بھی عورتوں کے روزمرّے میں تصنیف کی جائے گی تو گو وہ مضمون کے اعتبار
سے کیسی ہی عمدہ اور دلچسپ ہو مگر اُسکے مؤلّف کو اس کتاب سے خوشہ چینی کئے بغیر چارہ نہ ہوگا۔ بلکہ اُس شخص کو
ایک نہایت عمدہ ماخذ ہاتھ آئیگا۔ پس اس صورت میں ناانصافی کی بات ہے اگر ہم اسکو بُرا کہیں اور دُوسروں کی زبان
سے اسکو بُرا کہتے ہوئے سنیں یا اس کے مصنّف پر کوئی حقارت کی نگاہ پڑنے دیں۔ ایمان کی بات ہے کہ انشاءِ
ہادی النسّا اپنی خوبیوں میں بڑھی ہوئی ہے۔ (اس رائے کو دیکھکر صاحبانِ لکھنؤ چونکے اور مولینا طپش کے مخالف ہوگئے)
ہمنے ۱۸۸۴ء میں پہلے پہل بیگماتِ دہلی و قلعہ کی زبان میں ایک اخبار نکالا جس کا نام اخبار النسّاء رکھا۔ اس اخبار نے
دو برس میں ازحد ترقّی کی۔ عورتوں کو پڑھنے لکھنے کا چسکہ ڈالا۔ قصّے۔ کہانیوں۔ داستانوں کی بجائے یہ اخبار گھر گھر
پڑھا اور سنا جانے لگا۔ بعض قدر دانوں نے بلا معاوضہ سَو سَو روپئے سے اس کی مدد کی۔ اُردو نامی اخبارات نے
زنانہ زبانِ دہلی و اہلِ زبان نے اس پر زوردار ریویو لکھے۔ کوئی زبان پر معترض نہ ہوا۔ اس کی دلچسپی نے مشکل اخلاقی
مضامین کو بھی پانی کردیا۔ اگرچہ اُس زمانے میں ہماری شملے پر تبدیلی ہوگئی مگر اخبار کی وہی کیفیت قائم رہی۔ شملے سے
مضامین آتے اور ہمارے مطبع ارمغانِ دہلی میں چھپکر اشاعت پاتے رہے۔ چونکہ کھیتی خصم سیتی ایک مشہور اور
امتحان شدہ ضرب المثل ہے۔ مینیجر نے بے پروائی سے معمولی وقت پر نکالنے کی پابندی اُڑادی اور ایک معقول رقم بھی
ہضم کر گیا۔ پس ہم نے غصّے میں آکر اُسے روک دیا۔ پھر ایک جگہ ٹھہرنے کا موقع نہ ملا۔ ہمنے اس اخبار النسّا کی
بجائے دیگر اخبارات میں زنانہ تعلیم کے متعلّق مضامین دینے شروع کر دیئے۔ جن سے بدستور ملک کو فائدہ پہنچتا رہا
اس اخبار کو حضورِ عالیہ نواب سلطان جہاں بیگم صاحبہ بالقابہا فرمانروائے دارالاقبال ریاستِ بھوپال
کی نظرِ اقدس سے گزرنے کا بھی ۱۸۸۵ء میں شرف حاصل ہوتا رہا۔ اسکے اکثر مضامین اس کے فائل میں سے رسالۂ خاتون

نہ خانوں میں بند کر رکھا تھا اب انکا اچھی طرح سے ظہور ہوا.......... (۳) ہماری انجمن اس بات کی بھی تصدیق کرتی ہے کہ اس کتاب کی بول چال خاص دہلی کی مستورات بلکہ بیگمات کے روز مرّے کے مطابق ٹھیک ٹھیک اور بہت درست ہے۔

(۶) پٹیالہ اخبار مطبوعۂ ۱۲ جولائی ۱۸۷۵ء۔ اس کتاب کی تصنیف سے مصنّف کے ظاہرا تین مقصد ہیں۔ اوّل یہ کہ عورتوں کو اپنے دل کا حال۔ اپنا مطلب۔ اپنے خیالات۔ اپنی رسوم۔ اپنے روزمرہ کی باتیں۔ خاص اپنی ہی بول چال میں ٹھیک ٹھیک اُس رنگ ڈھنگ پر لکھنی آجائیں جو اُن کی فطرت و عادت کا مقتضا ہے۔ دُوسرے یہ کہ دیکھنے والوں کو معلوم ہو کہ ہندوستان کے قدیم دارالسلطنت کی شریف عورتوں کا روزمرہ اور محاورہ۔ اُنکی طبیعت کا ڈھنگ۔ اُن کے مزاج کی کیفیت۔ اُن کی زندگانی کا طریق۔ اُن کی معاشرت کا رنگ کیا ہے۔ تیسرے یہ کہ جو لڑکیاں اِس کتاب کو پڑھیں اُن کو اس میں ایسی بہت سی باتیں ملیں جو اُن کے دل کی خواہش۔ اُن کے سن کے مقتضا اُن کی مجلس کی رونق میں داخل ہیں.......... یہی باتیں لڑکیوں میں علمی شوق پیدا کرنے کی بنیاد ہیں۔

اصلی محاورہ وہ ہے کہ جس مقام پر جس طرح سے جو بات بے اختیار زبان سے نکلتی ہے اُسی طرح ہو بہو قلم سے نکل جائے اور یہ مرتبہ اُردو زبان کے شاعروں میں یا میر پر ختم ہو گیا یا آتش۔ ذوق۔ حسن۔ انیس۔ صبا۔ رند کے کلام میں کچھ اس کا پتا ملتا ہے۔ دیکھو ناسخ اُردو زبان کا بڑا محقق اور مصلح گزرا ہے اور جیسا اُس کا کلام لفظی غلطیوں سے پاک ہے ایسا اُردو زبان کے شاعروں میں سے کسی کا کلام نہیں ہے۔ لیکن میر کے کلام سے ذرا ناسخ کے کلام کا مقابلہ کرو تو پھر خود بخود معلوم ہو جائے گا کہ درحقیقت محاورہ کیا چیز ہے۔ اب غالباً اس کا سمجھنا آسان ہو گیا کہ مصنّفِ انشائے ہادی النّساء محاورہ میں پورا اُترا ہے.......... اِس کتاب کی شہرت اور مقبولیت کا اثر ہماری طبیعت پر ایسا غالب نہیں ہے کہ ہم انصاف کو اُٹھا کر طاق پر رکھدیں۔ اگر تمام ہندوستان ایک طرف ہو جائے تو ہم یہی کہیں گے کہ اگر محاورہ وہی چیز ہے جسکی تعریف ہم اُوپر لکھ آئے ہیں تو انشاء ہادی النّسا کو محاورہ میں مرأۃ العروس پر ترجیح ہے..........

خطا معاف۔ جو عورتوں کی بول چال سے متنفر ہیں۔ وہ اس کتاب کا منشا نہیں سمجھتے نہ اس نکتے پر پہنچے ہیں کہ انہیں روزمرّہ کی باتوں کا ہو بہو قلم سے ادا کر دینا کیسا مشکل کام ہے۔ زبان کے آگے خندق ہے ورنہ روزمرّہ کی باتوں کا ٹھیک ٹھیک لکھنے والا ابھی تک تو ہندوستان میں پیدا نہیں ہوا۔ اخیر میں ہم منشی سید احمد صاحب کی تحقیق زبان اور کمال انشا کی دل سے داد دیتے ہیں.... اور ہندوستانیوں سے متوقع ہیں کہ وہ نفسانیت کو دخل نہ دینگے اور انصاف کی رُو سے اس کارنامۂ اُردو کو دیکھیں گے

(۳) اخبار انجمن پنجاب مطبوعہ ۷ مئی ۱۸۷۵ء۔ "یہ کتاب خاص دہلی کی بیگمات اور پردہ نشین مسلمان عورتوں کے روزمرہ محاورات اور بول چال کے مطابق ہے۔ عورات دہلی کی مادری بول چال اور اُن کی نفیس اور لطیف گفتگو اِس سے بخوبی تمام معلوم ہوتی ہے .... جسقدر اصلی محاوراتِ روزمرہ۔ اہلِ دہلی کی مادری زبان کے اِس سے معلوم ہوتے ہیں ہمارے قیاس میں اور کسی کتاب سے جو ابتک تصنیف ہوئی معلوم نہیں ہوتے۔"

(۴) پنجابی اخبار لاہور مطبوعہ ۲۲ مئی ۱۸۷۵ء "یہ مسلمان عورتوں خصوصاً بیگماتِ دہلی کی بول چال اور روزمرہ محاورے کے موافق خطوط اِس کتاب میں لکھے گئے ہیں۔ سیدھی سادی اور بے تکلف بول چال ہے۔ ....

(۵)۔ از رسالہ انجمن علیگڈھ (؟) ۱۹ جولائی ۱۸۷۵ء (۱) ہم مصنّف کی اِس مؤثّر تحریر کو ایسا سراہتے ہیں جیسے کوئی کسی ہاتھ کے سچے مصوّر کی تصویر دیکھ کر اُسکا مداح ہوتا ہے۔ واقع میں اِس شخص نے وہ طور برتا ہے جو کسی خواندہ اور متعصّب آدمی سے ہرگز ممکن نہ تھا۔ کیونکہ عالِم اور متعصّب لوگ کبھی تصرّف اور اصلاح سے باز نہیں آتے۔ اور اِس حالت میں اُس کی اصلی خوبی جاتی رہتی ہے۔ غلطُ العام الفاظ کا ترک نہ کرنا اور اُنکا حاشیے پر درست کر دینا مصنّف کو خطائے لفظی سے بری کرتا ہے۔ (۲) ہماری انجمن مصنّف کی اِس رائے سے کمال خوش ہوئی کہ اُس نے عورتوں کے خیالات کو اور لوگوں کی طرح اپنے ڈھنگ پر نہیں ڈھالا۔ اُن کی شبانہ روز کی اوقات گزاری اور بے شغلی کے خیالات کا بہت ٹھیک اور درست نقشہ کھینچ دیا جو کسی بھائی سے ممکن نہ تھا کس لئے کہ ہم لوگوں میں یہ جبلّی خاصیت ہو گئی ہے کہ اپنی بُری بات کو اچھے پیرایہ میں ظاہر کرتے ہیں جس سے غیر ملک کے لوگ مطلق واقف نہیں ہو سکتے اور اکثر معاملات میں دھوکا کھاتے ہیں۔ یہ کتاب مستورات کی طبیعتوں اور اُن کے خیالات سے ایسی مناسبت رکھتی ہے جیسے بچّوں کی طبیعت کھیل تماشوں سے۔ عورتوں کو جو ابھی تک کچھ لکھنے کی جرأت نہیں ہوئی اُسکا بڑا سبب یہی ہے کہ وہ ہمیشہ غلط اور صحیح الفاظ کے تمیز کرنے میں غلطاں و پیچاں رہتی ہیں۔ بلکہ ہمیشہ یہی خیال کرتی ہیں کہ ہمیں مردانہ بولی اور مولویوں کی سی عبارت کیونکر آئے گی اور ہم لوگ کسطرح بہت سی کتابیں پڑھے بغیر اِس بات پر قادر ہونگے کہ اپنا مطلب ایک دوسرے پر بخوبی ظاہر کر سکیں۔ یہ انشا اُنہیں اپنا دلی مطلب ہر طور پر بے روک ٹوک لکھنے کی ہدایت کرتی ہے اور اُنکی طبیعتوں کی اُمنگ نیز آمد کو کسی طرح روکنا نہیں چاہتی۔ ہم مصنّف کے کمال شکرگزار ہیں کہ اُس نے اُن اچھے اچھّے محاوروں اور لفظوں کو ظاہر کیا ہے جن پر لوگ مٹی ڈالنی چاہتے تھے اور خودغرض لوگوں نے ابھی تک اُنہیں دہلی کے

کچھ تعریف لکھی۔ اور جتایا کہ لڑکیوں کے خطوط میں لڑکپن۔ جان جوان صاحبزادیوں کے رقعوں میں اُنکے مزاج کی سی چُہل۔ برابر والیوں کے خطوط سے آپس کا شوق اور جوشِ محبت ظاہر ہوتا ہے۔ عمر رسیدہ کے خطوں میں متانت اور سنجیدگی نمایاں ہے۔ بڑی بوڑھیوں کے خطوط۔ ماما اصیلوں کی عرضیاں اُنہیں کی بول چال میں لکھی گئیں۔

راحت زمانی کا سارا قصہ اسی زبان میں تحریر ہوا۔ اوّل اخبار النسا میں درج ہوا۔ بعد ازاں جُداگانہ کئی بار چھپا۔ لڑکیوں کا قاعدہ۔ لڑکیوں کی پہلی کتاب بھی اسی زبان میں تصنیف و تالیف ہوئی۔ اخلاقُ النسا۔ تحریرُ النسا۔ بچوں کا رکھ رکھاؤ۔ طبیعی تعلیم۔ رسومِ دہلی۔ اور ساجن موہنی۔ جس پر ۱۹۱۲ء میں دو سَو روپے کا انعام پنجاب گورنمنٹ سے ملا۔ یہ سب کتابیں عورتوں ہی کی پیاری اور شیریں زبان میں تصنیف ہوئیں۔ اس زبان کے متعلق جو کچھ مختلف اخبارات میں چھپا تھا یا مستند عُلمار نے تحریر فرمایا تھا اُس کا لُبِّ لباب تو آگیا۔ اب اُن میں سے بعض تقریظیں بطور اقتباس درج ذیل کی جاتی ہیں۔ مفصل اصل ریویوز اخبار میں دیکھنے چاہئیں ؛

فقراتِ تقاریظ بطورِ اقتباس

(۱) ترجمہ از تقریظ جناب ایس ڈبلیو ڈاکٹر فیلن صاحب بہادر مصنفِ ہندوستانی انگریزی و قانونی ڈکشنری وغیرہ۔

"یہ اشعار علی الخصوص مسلمان عورتوں کے متعلق اور خاصکر اُنہیں کی زبان میں ہندوستانی علم ادب کی کتابوں میں ایک نہایت اچھی اور عمدہ کتاب بڑھی"۔ فقط۔

(۲) جناب نواب ضیاءُ الدین احمد خاں بہادر رئیس اعظم دہلی۔ جاگیردارِ لوہارو۔

"میں نے اس کتاب کو .... جستہ جستہ دیکھا ہے مگر جو کچھ دیکھا ہے اُسکو موافق بول چال مستوراتِ اہلِ دہلی اور مطابقِ روزمرۂ بیگمات و اوساطُ النّاس شہر کے بہت ٹھیک اور درست پایا۔ علی الخصوص بابت بیان رسومِ زنانِ اہلِ اسلام ہندوستان جامع و کامل ہے کہ جس سے مؤلف اُس کا قابلِ صدگونہ تحسین و آفریں ہے۔ فی الواقع مدارس زنانہ و مردانہ کے لئے اس کا پڑھنا بہت مفید ہوگا۔ اور بلحاظِ اجرائے سلسلۂ خط و کتابتِ زنانہ میں خُرد و کلاں و زن و شوئے و قرابتیان کے مُصنف اُس کا رتبہ موجدی کا رکھتا ہے۔

طَلَبُ العِلمِ فَرِیضَۃٌ عَلیٰ کُلِّ مُسلِمٍ وَّ مُسلِمَۃٍ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

لُغاتُ النِّسَاء

سبب تدوین

ہمیں اس موقع پر اس امر کی ضرورت نہیں کہ ہم لغاتُ النّساء کے متعلق کسی قسم کی شہادت یا تصدیقِ صحت پیش کریں کیونکہ ہم اس زبان پر ایک عرصۂ دراز سے حاوی اور بیگماتی بول چال پر بخوبی قادر ہیں۔ سب سے اوّل بیگماتی زبان میں ہماری انشاءِ ہادی النّساء شائع ہوئی جس نے اسقدر مقبولیت کا درجہ حاصل کیا کہ ۱۸۷۵ء سے لیکر ابتک اُس کے ایڈیشن پر ایڈیشن طبع ہو رہے ہیں۔ سب سے پہلے۔ ایس ڈبلیو ڈاکٹر فیلن صاحب مصنّفِ ہندوستانی انگریزی ڈکشنریوں نے۔ ان کے بعد نواب ضیاءُ الدّین احمد خاں بہادر رئیس اعظم دہلی و جاگیردارِ لُہارو نے جنکی تاریخی معلومات واجب التسلیم تھی اور بہت بڑے عالم و فاضل تھے۔ اِس کتاب کی زبان اور خاص بیگماتی بول چال پر ریویو کیا۔ ان کے بعد اخبارات کا سلسلہ شروع ہوا۔ جن میں سے بعض کے نام اور تقاریظ کا نہایت مختصر اقتباس و انتخاب حوالۂ قلم کیا جاتا ہے۔ اِس انشاء پر پنجابی نامی اخبار لاہور نے جس کے اڈیٹر ایک بہت بڑے دہلوی اہل زبان تھے۔ دو بار بڑا زوردار ریویو لکھا۔ یہاں تک کہ اُس کے خطوں کی بھی نقل کی مولوی رونق علی صاحب فاضلِ اجل اڈیٹر پٹیالہ اخبار نے ۱۲ جولائی ۱۸۷۵ء کے پرچہ میں جو کچھ تحریر فرمایا قابلِ ملاحظہ ہے۔ چنانچہ اپنے اپنے موقع پر بجنسہٖ نقل کی جائیگی۔ اخبارِ انجمن پنجاب۔ اکمل الاخبار۔ اودھ اخبار وغیرہ وغیرہ بہت سے پرچوں نے اس کی بیگماتی زبان۔ اس کی سلاست۔ اس کی دلچسپی اور ٹھیٹ روزمرّہ کی بہت

لُغَاتُ النِّسَاء

جس میں

دہلی کی بیگموں ۔ قلعۂ معلّیٰ کی شہزادیوں ۔ عام شریف خاتونوں ۔ متوسط النّاس مستورات ۔ ہندو لیڈیوں کُتُبِ تعلیمات زنانہ کے جدید و قدیم لُغات ۔ محاورات ۔ اصطلاحات ۔ خاص خاص رمز و کنایات و ضرب الامثال کا گنجینہ ۔ تاریخی معلومات زبان کا دفینہ قابلِ اصلاح زنانہ توہمات و عقاید نسوان کا جزو و کل مجموعہ تعدادی قلمبند چار ہزار (۴۰۰۰) سے اکثر الفاظ و مصطلحات کا خزانہ و ذخیرہ موجود ہے

جسے

لسانِ اُردو کے اہلِ زبان و اہلِ قلم مروّجہ زبان ہند کے ماہر و محقق مسلّم جناب فیض انتساب مولوی سیّد احمد صاحب دہلوی المخاطب بہ خان صاحب ممبر ٹکسٹ بک کمیٹی نیز ممتحن امتحاناتِ پنجاب یونیورسٹی مؤلّفِ فرہنگِ آصفیہ و دیگر کُتُبِ متعدّدہ نے اگست سنہ ۱۹۱۵ء میں ترتیب و تدوین کر کے اوّل اوّل مبدءِ امداد

اعلیٰ حضرت والا شوکت حضورِ نظام خلّد اللہ مُلکہٗ و سلطنتہٗ

کی

خدمتِ بابرکت میں جنہیں مستورات کی تعلیم سے دِلی ہمدردی و خلقی دلچسپی ہے ۔ خریداری کے متعلّق التجا کی ۔ چنانچہ حضور ممدوح نے ازراہِ قدردانی ۔ ۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو معِ دو مبسوط کُتُب دیگر ڈھائی سَو جلدوں کی خریداری سے شاہانہ و فیّاضانہ اعانت فرمائی ۔

اس منظوری کے تین چار ماہ بعد

ہر ہائینس سرکارِ عالیہ جناب نوّاب سُلطان جہاں بیگم صاحبہ بالقابہا فرمانروائے دار الاقبال بھوپال

نے مؤلّف کی درخواست پر توجّہ فرما کر

ازراہِ مرحمتِ سُلطانی یکم جنوری سنہ ۱۹۱۷ء کو بعد از ملاحظۂ کامل مبلغ دو سَو (۲۰۰) روپیہ کا انعام اور سَو جلدوں کی خریداری کا افتخار و اعزاز بخشا

چنانچہ اب

سنہ ۱۹۱۷ء

میں ترمیم و نظرِ ثانی نیز اضافہ ہو کر

کاشی رام پریس سابقہ نول کشور پریس لاہور میں چھپ کر دفتر فرہنگِ آصفیہ دہلی سے شایع ہوئی

طبع اوّل ایک ہزار جلد

محصول وغیرہ بذمہ خریدار

غرقِ دریا میشود اشکے کہ می باریم ما
رزقِ قاروں میشود تخمے کہ می کاریم ما

کاغذ کی گرانی۔ ہماری زیرباری اور پریشانی

گو آج سے تقریباً دو سال پیشتر جو ہم نے اِس لُغات کی قیمت کا تخمینہ لگایا تھا وہ ساڑھے تین رُوپیہ فی جلد تھا۔ اور اَب جو کاغذ کی گرانی نے آنکھیں دِکھائیں تو ہماری سٹی گُم ہوگئی۔ مگر ہم نے اِس کی قیمت بڑھانی تھی نہ بڑھائی اور اپنی زیرباری کی مُطلق پروا نہ رکھی۔ اِس میں شُبہ نہیں کہ آگے کو یہ ہماری ناعاقبت اندیشی رنگ لائے اور ناکوں چنے چبوائے بغیر نہ چھوڑیگی لیکن خدا تعالیٰ کا فضل شاملِ حال چاہیئے وہ آڑے آئے پر آئے۔ اگر خدانخواستہ گورنمنٹِ انگلشیہ کا دَوْر دَوْرا نہ ہوتا اور اِس عالمگیر جنگ سے دیگر ممالک پر جیسی مُصیبت ٹوٹ رہی ہے۔ ہمارے اُوپر بھی ویسی ہی پریشانی۔ بے اطمینانی اور سرگردانی سوار رہتی تو کبھی اِس کے تیار کرنے۔ چھپنے اور اشاعت پذیر ہونے کی نوبت نہ آتی۔ جانوں کے لالے پڑجاتے۔ بھاگڑ مچ جاتی۔ مارے مارے پھرتے۔ کیسی تصنیف اور کہاں کا سامانِ تصنیف سب کا سب دھرا رہتا۔ خدا سلامت رکھے ہمارے قیصرِ ہند شہنشاہِ معظّم حضُور **جارج پنجم** کے عہدِ معدلت مہد کو کہ اِن کی بدولت ہمارے سارے کام بدستور جاری رہے اور ہیں۔ کانوں کان یہ بھی نہ جانا کہ دُنیا اور خلق اللہ پر کیا گزر رہی ہے۔ اگرچہ ہمارا ارادہ قیمت میں کسی قدر اِضافہ کردینے کا تھا۔ مگر جن فیّاض ریاستوں پر ہم اِس کی پہلی قیمت ظاہر کرچکے ہیں وہ ہمارے مُعاہدے۔ ہماری زبان۔ ہمارے مُعاملے کو دِگرگُوں ہونا کب پسند کرسکتی ہیں اور ہمارا دِل کیونکر گوارا کرسکتا ہے کہ ہم اپنی بات میں فرق آنے دیں۔ لہذا ہم وہی سابقہ مجوّزہ قیمت برقرار رکھتے ہیں۔ اگر اُن کی فیّاضانہ خریداری ہماری ہمّت نہ بڑھاتی تو یہ بھی گوشۂ خمول میں پڑی رہتی۔ پس ہم کو ممنُون ہونا چاہیئے ہزہائینس حضُورِ **نظام** خسروِ دکن خلّد اللہ ملکہ و سرکارِ عالیہ ہزہائینس **بیگم** صاحبہ **بھوپال** دام اقبالہا کا جنھوں نے اُمید پُوری کی اور ہماری مراد قبولیت کے درجے کو پُہنچائی۔ باوجودیکہ نظرِ ثانی میں بہت سے لغات مصطلحات و محاورات [illegible] مسودہ میں اضافہ کرکے قلمبند ۳۹۰ الفاظ کا مجموعہ بنادیا۔ مگر اس پر بھی اپنے پیارے وقت اور زائد اخراجات کو بنظرِ رفاہ عام پبلک کی بھینٹ چڑھادیا۔

سیّد احمد دھلوی "خان صاحب"

لُغاتُ النِّساء

یعنی

ہلی کی بیگموں۔ قلعۂ معلّٰی کی شہزادیوں۔ شریف مسلمان اور ہندو خاتونوں۔ زنانہ درسی کتابوں
۱۷۰۴ لُغات۔ مُحاورات۔ اِصطِلاحات و ضربُ الامثال کا بے نظیر مجموعہ

مُؤلّفۂ

ان صاحب جناب مولوی سیّد احمد دہلوی مُؤلّفِ فرہنگِ آصفیہ وغیرہ وغیرہ مُحقّقِ زبانِ اُردو

بہ دستگیری و اِمدادِ

لیٰ حضرت والاشوکت ہز ہائینس حضور نظام میر عثمان علیخان بہادر خلّد اللہ مُلکہٗ و سلطنتہٗ تاجدارِ دکن

و

ہائینس جناب نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ دام اقبالہا فرمانروائے ریاستِ بھوپال

سنہ ۱۹۱۷ء

کاشی رام پریس (سابق خورشید پریس) لاہور میں لالہ کاشی رام کے اہتمام سے چھپی اور
دفتر فرہنگِ آصفیہ دہلی سے شائع ہوئی
یکہزار جلد — قیمت فی جلد